UNIVERSAL
LIBRARY
OU_226149
UNIVERSAL
LIBRARY

وکیل سیرنر

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ

میرے ان بندون کو خوشخبری دو جو باتین سب سنتے ہین مگر پیروی انہین کی کرتے ہین جو بہتر کلام کی کرتے ہین

۲۹۷۶۲
۲۹۷-۶۲

دین ودانش

جس مین

حکیمانہ اصول سے اسلامی تعلیمات کا سائنس سے

موازنہ کیا گیا ہے

از

مولوی محمود علی صاحب پروفیسر کیو تھلہ کالج

۱۳۲۹ھ
۱۹۱۱ء

مطبوعہ مدرسہ دارالسلام سٹیم پریس امرتسر

شیخ عبدالعزیز پرنٹر

تعداد چھاپہ ۲۰۰۰

فہرست کتب

جو روز بازار پریس امرت سر سے مل سکتی ہین اور ہندوستان کے بہترین دل و دماغ علمی تیار کیے ہین

نام کتاب	تعداد صفحہ	نام مصنف	قیمت
اساس الاخلاق	۷۴۳	خان بہادر مرزا سلطان احمد خان	عہ
ماحصر فی ردالطعن علے خیر البشر ..	۶۰	مولانا مولوی محمود علی پروفیسر کیورتھلہ کالج	۳
سوانح مولانا روم	۲۰۰	شمس العلما مولانا شبلی	عہ
اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر ..	۱۳۷	″ ″ ″	۸
حیات خسرو امیر خسرو علیہ الرحمہ کی مفصل سوانح	۱۷۷	منشی سعید احمد مارہروی	۱۲
سیاحت ہند معہ چالیس تصاویر ..	۴۴۸	حافظ عبدالرحمن مرحوم	عہ
تاریخ عرب قدیم	۱۰۸	مولانا عمادی	۸
حیات صالح - نواب سعد اللہ خان مرحوم وزیر شاہجہان بادشاہ کی مکمل سوانح	۸۴	منشی سعید احمد مارہروی	۴
رسالہ علم الغیب	۱۶	مولوی امام الدین	۱
مائدہ محمدیہ	۱۵	مولانا حسام الدین احمد	۲
تفسیر غایۃ البرہان (ہر سہ جلد)	۱۶۴۱	حکیم سید محمد حسن مرحوم	۴
ارشاد القرآن	۱۷۶	مولانا فتح محمد خان	۸
نفائس القصص والحکایات	۱۱۸	″ ″	۶
اسرار نماز	۱۲۰	امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ	۰۴
آداب واخلاق	۰	″ ″	۲
کتاب الزکات	۶۴	مولانا عمادی	۲
تذکرۃ المصطفے	۲۰۲	مولانا سید نواب علی	

صحت نامہ کتاب دین و دانش

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۲	۱۰	ذریعہ سے	ذریعہ ہے
″	۱۱	۱۰ محسوس	نہ محسوس
″	۱۴	پایا نہین	پایا نہین جاتا
۳	۲۱	منحصر تھا	منحصر ہوتا
۵	۶	تب تک اس	اور اس
۱۲	۱۸	اور معلق	اور مطلق
۱۴	۱۴	انکو مناسبتے	انکو سناسبتے
۱۵	۱۵	تجسس	متجسس
۱۶	۱۰	کس قدر	جس قدر
″	۱۸	بھی چیزین	یہی چیزین
۱۸	۱	کا لکہ	کا طہ
۲۳	۱۷	کچہ تہذیب	کچہ عرصہ تہذیب
۲۴	۳	اور الربیت	اور تربیت
۳۱	۱۲	عیاشیون	عیاشون
۳۲	۱۰	او گون	لوگون
۳۴	۱۶	مناسب بہی	مناسب یہی
۳۵	۱۷	اوصاف کو	ان اوصاف کو
″	۲۰	استثنار	استثناء
۳۶	۳	پیدائش	پیدائشی
۴۱	۱۸	اب فضول	ایسا فضول
۴۲	۱۹	حاصل کرتا	حاصل کرنا
″	۲۰	دور ہوتا	دور ہونا
۴۴	۱۸	بڑے بڑے زور	بڑے زور

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۴۶	۱	حامی ہی ہین	حامی رہے ہین
۵۶	۱۰	سفید جانور	مفید جانور
۶۱	۱۱	مجبور بتانا	مجبور بناتا
۶۳	۱۲	دندہ انصاف	وہ انصاف
۷۸	۵	بدلائل عقلی	دلائل عقلی
″	۱۹	اسی طرف	اسی کی طرف
۹۱	۲۱	وحی ہو	وحی نہ ہو
۹۸	۶	کیسی	کسی
۱۰۳	۳	محل کا قاعدہ	عمل کا قاعدہ
″	۴	سیونگئے	سیونگئے
۱۰۵	۱۶	شامل ہونا	شامل کرنا
۱۱۰	۳	اسی طرح اپنی	اسی طرح ذرہ اپنی
۱۱۱	۱۹	بادی النظر	بادی نظر مین
۱۱۵	۲	خاک ایک ذرہ	خاک کے ایک ذرے
۱۱۶	۱۵	اپنے درجات	انہی درجات
۱۱۷	۱	کر سکتے ہین گر	کر سکتے ہین - پس گناہ گار اور بار سا دو ہو گروہون مین سے ایک مین بہشت کے قرب مین گے
۱۲۰	۱۱	کر کچہ کہا	کہ جو کچہ کہا
۱۳۶	حاشیہ	جسم ارادی	جسم مین ارادی
۱۳۹	۳	ڈائیلٹیکل	ڈائلیکٹیکل
۱۴۴	۱	کس طرح وجد	کسی طرح کے وجد
″	۱۵	کیون چسپان	کیونکر چسپان

گلشن ایر ایجنسی حیدرآباد دکن رائیشن

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۱۴۹	۱۸	کہ اب بھی	کہ اب ہے
۱۶۵	۱	شک سے	شک ہے
″	۱۱	زیبا ہوگا	زیبا نہ ہوگا
۱۶۶	۲	داخل نہ دیا	دخل نہ دیا
۱۶۸	۲	نباتات مین	نباتات سے
۱۷۰	۹	ودیعانی مصنون	دریعانی اسباب
۱۷۵	۱۵	ان مین نہایت	اس مین نہایت
۱۷۶	۴	تجربہ ہی	تجربہ بھی
۱۸۱	۶	ہوسکتی ہے	ہلاسکتی ہین
۱۸۶	۳	انسان کی	حیوان کی
۱۸۸	۳	لہ انسان	کہ انسان
۲۰۱	۳	باعلی ہمتی	یہ عالی ہمتی
۲۰۲	۴	کام اعلے ہمتی	کام عالی ہمتی
″	۱۶	اسی قسم کی	اس قسم کی
۲۰۴	۴	اسی لیئے مذہبی	اسلیئے مذہبی
″	۷	اس لئے	پس
۲۰۵	۵	قاعدے کہی	قاعدے سے کبھی
۲۰۷	۱	یہ حلقے بھی	یہ حلقے ہی
۲۰۸	۵	امریکہ مین تمام	امریکہ مین بلکہ تمام
″	۱۳	اور آخر سانس کو یہ سوال ہوگا	×
۲۱۰	۱۵	تجربہ بھی دیکھتا	تجربہ سے دیکھتا
۲۱۲	۵	یا انسانون	یا بعض انسانون
″	۱۷	عقل انسان	عقل انسانی
۲۱۵	۵	ہوتی کہ	ہوتی ہے کہ

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۲۱۶	۲	سے موجودہ	مین موجودہ
۲۱۷	۵	ہے جنہون نے	ہین جنہون نے
″	۱۰	اوراسی طرح	اور اس طرح
۲۲۱	۲۰	ان لی بقا	انکی بقا
۲۲۲	۵	بڑے کوہ تک	بڑے کرۂ تک
۲۲۵	۱	اسی تک	اسی حد تک
۲۲۸	۵	اوہی اوصاف	وہی اوصاف
۲۲۹	۱	مین انقلاب	مین انقلاب
″	۳	سے مست	سے ہیبت ہونا
″	۵	چیزون کو	چیزون کو دیکھا
″	۶	بڑے بڑے	بڑے بڑے عقلا
۲۳۳	۱۸	خاکی بیداری	خاکی جسم بیداری
۲۳۵	۱۸	مین یعنی عالم	مین عالم
۲۳۸	۱۱	قدیم ہے ہر زمانہ	قدیم سے ہر زمانہ
۲۴۲	۱۶	اتا کہ سکون قاضی	آتا کہ قاضی
۲۴۳	۴	عکس سایہ	عکس اور سایہ
۲۴۴	۳	اضداد یا ہمدگر	اضداد کے باہمدگر
″	۷	حال اُن کا	حال مین اُنکا
۲۵۱	۱۵	مگر فضا	مگر یہ فضا
۲۵۲	۷	آپنے آگے	اپنے آگے
۲۵۳	۱۱	اور تبعدیت	اور بعدیت
″	۱۷	کے ہم معدوم	کے معدوم
″	۲۰	کا فرض تصور	کا تصور
۲۵۵	۸	مین اسوقت قابل	مین قابل

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۲۵۷	۴	وجود ٹھہرایا	وجود پر ٹھہرایا
۲۶۵	۱۱	اس غیر محدود	اُسکا غیر محدود
۲۷۸	۱۹	وہی خداوندی	وہی ذات خداوندی
۲۸۷	۱۳	نکل جانیوالے	نکلے جانے والے
۲۹۰	۲۱	اگر نور	اگرچہ نور
۲۹۱	۱۴	جہالت اگر برائی	جہالت برائی
۲۹۲	۱۹	مین عود ذات	مین خود ذات
۲۹۳	۱۰	معدوم کردیا	جاری کردیا
۳۰۲	۱۰	خط پر نہ آیا	خط پر کیون نہ آیا
۳۰۵	۴	ہمارا یہی فرض	ہمارا یہی فرض
۳۰۷	۱۱	کافر اور	کافرہین اور
۳۰۹	۱۱	جس پیز کی	جس چیز کی
۳۱۱	۲۱	کفر ہی کی	کفر کی
۳۱۲	۲۰	ان پر باتین	ان سے باتین
۳۱۳	۸	نہین اور	نہین ہوتا اور
۳۲۵	۱۵	توجہ پیدا ہونے کو توجہ کرنیکو	توجہ پیدا ہونے کو
۳۲۷	۱۲	برابر جو	برابر ہے جو
۳۲۹	۱۴	اس سے	اس مین سے
۳۳۳	۴	اپنی محبت	اپنی حجت
″	۱۰	محبت کامل	حجت کامل
۳۳۶	۲۱	کا دیرپڑ ہے	کا دائرہ ہے
۳۳۹	۳	ایسا ہونا ضرور	ایسا ہوتا ضرور
۳۴۵	۵	وسیعت	وسعت
″	۱۷	اور رات کی	اور رات کی

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۳۴۷	۱۷	بالکل اور	اور بالکل
۳۵۱	۲	کاش مین مین	کاش مین
۳۵۴	۵	عمل سے نفرت کے	نفرت کے عمل سے
۳۵۵	۱۶	یا تو یہ	یا توبہ
۳۵۷	۶	صداقت ہو قریب	صداقت سو قریب
″	۱۵	اور اپنے	اور اپنے
۳۸۰	۱	سے بے سود	سے اُسے بے سود
″	۱۴	گیا تھا اگر	گیا تھا تو ظلم ہوتا اگر
۳۹۷	۷	اور چونکہ	وہ چونکہ
۴۰۵	۸	یہی ماہتاب	یہی کہ ماہتاب
″	۲۱	اور پائدار	اور زیادہ پائدار
۴۰۷	۷	شہادت کے نہ ہونے	شہادت نہ ہونے
″	۲۱	مین بھی ہندلال	مین یہی ہندلال
۴۰۹	۷	لطف اُٹھائے	لطف اُٹھائے
۴۱۵	۱	لوازم صحبت	لوازم صحت
۴۲۴	۲۳	اڈورڈ کلاٹکی	اڈورڈ کلاڈکی
۴۲۵	۴	اپنی دونو	انہی دونو
″	۱۸	خوراک و شکل	خوراک کی شکل
۴۲۶	۱۲	سائنس اپنا	سائنس نے اپنا
۴۳۱	۳	جانے قوت	جانے والی قوت
۴۳۳	۱۹	ایذا و تنزل	ایزاد تنزل
۴۳۵	۱۱	زمانے زیادہ	زمانے مین زیادہ
۴۳۹	۴	مادی کی طرف	مادی ترقی کیطرف
۴۴۰	۸	سمجھتا ہے	سمجھا جاتا ہے

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۴۴۰	۱۴	تو سے اور	قوی اور
۴۴۳	۴	ایک مکمل	ایک نامکمل
۴۴۴	۱۱	عِنْ قَرْمَ آئِہٖ	وَمِنْ دَّرَ آئِہٖ
۴۵۱	۵	ماننے والے .	ماننے والون
۴۵۴	۱۵	اعتراض جو	اعتراض ہے جو
۴۵۶	۱۵	کے لئے ہی کہین	کے لیے بہی کہین
״	۲۱	کوئی اور اعلے	کسی اور اعلے
۴۵۷	۸	بہت کم زور	بہت کچہہ زور
۴۵۸	۱۱	حادث کی	حادث ہونیکی
۴۵۹	۶	انسان مین ابتداء	انسان بہی ابتداء
״	۱۹	اجسام رکھی	اجسام مین رکھی
۴۶۴	۱۷	اگر دیکھنے	اگرچہ دیکھنے
۴۶۵	۱۴	کہماتا ہے	تہما اٹھتا ہے
۴۶۸	۲۱	ثبوت کا تناسخ	ثبوت تناسخ
״	״	علاوہ ان جن	علاوہ اور جن
۴۶۹	۱۱	چاہیے اُن کا	چاہیے اُس کا
۴۷۲	۱۱	روح بہی وہ	روح بہی وہی
۴۷۳	۱۹	حواس وگرفت	حواس کی گرفت
۴۷۸	۶	ہر وقت	بروقت
۴۷۸	۶	بڑی برتری	بڑی بدتری
״	۱۰	حالات قوانین پر	حالات پر قوانین
۴۷۹	۱۳	اٹما سفیر	اتما سفیر
״	۲۰	ٹھیک دہان	ٹھیک وزن
۴۸۰	۱۱	جاندار ہین	جاندار مین
۴۸۱	۵	کرنے لگتی ہے	کرنے لگتی ہین
״	۸	متفرقہ خارجی	متفرقہ پر خارجی
۴۸۲	۱	انکی حرارت	انکی حرکت
۴۸۶	۱۲	معرفت بانی	معرفت ربانی
۴۹۰	۹	مال ومذہب	مال مذہب
۴۹۱	۲۰	حسن وسلوک	حسن سلوک
۴۹۷	۳	مین نہین سکتا	بن نہین سکتا
״	۱۶	اس خیال اس	اس خیال سے اُس
״	۱۸	حاصل کرنے	حاصل کرنا

فقط

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
باب اول	
مذہب اور فطرت	۱
مذہبی احساس کی قوت	۱
مذہب کو نابود کرنیکی کوشش اور اسکا انجام	۴
مذہب کو پیدا کرنیکے اسباب بھی فطری ہین -	۵
کیا مذہب استدلال سے پیدا ہوا ہے -	۶
مذہب کے خلاف کوئی دلیل موجود نہین	۸
عقلی ترقی سے مذہب روشن ہوتا گیا ہے	۱۰
سائنس مذہب کی کیا خدمت بجالاتی ہے	۱۱
مذہب اور مقتضایان قوم	۱۳
مذہب کا معبود ہمیشہ ایک نہین رہا	۱۴
ایک معبود نہ ہونے کی وجہ	۱۵
بعض قومین مذہب سے معرا ہین	۲۱
اکثر اشخاص لامذہب ہوتے ہین	۲۳
تربیت کا اثر اور نیز استثنا بھی قانون قدرت ہے	۲۴
لامذہب بھی اکثر کسی نہ کسی طرح کا مذہب رکھتے ہین	۲۴
مذہب کی تعریف	۲۵
ایک دہریہ کے قول مین مذہبی نشان	۲۷
دہریہ مذہبی کشش کے چند اور نمونے	۲۸
مذہب فطرت مین ہی درجہ رکھتا ہے جو عقل و ترقی	
وغیرہ صفات کو حاصل ہے	۳۲
باب دوئم	
تحقیق مذکور کے نتائج	۳۳
مذہب کی اصلاح و ترقی انسان کا اولین فرض ہے	۳۴
کیا کوئی جذبہ فطرت کے تباہ کرنے کے قابل ہے؟	۳۵
جانبات فطری کے امراض	۳۵
غلطی فائدہ سے محروم رکھتی ہے	۳۹
غلطی سے نقصان پہنچتا ہے	۴۰
اخلاقی افعال پر بھی یہی قانون حاوی ہے	۴۰
مذہبی صحت و غلطی کے بارہ مین کیا قانون ہونا چاہئے	۴۲
تمام مذاہب کو یکسان سمجھنے کی وجہ	۴۵
مذہب کے بغیر اخلاق کا وجود ناممکن ہے	۴۶
مہذب ممالک کے اخلاق	۴۷
مل کی تدبیر اور اسکا نقص	۴۸
مذہب عین اخلاق نہین	۵۰
پابندی اخلاق مذہبی ترقی کا ذریعہ ہے	۵۱
مختلف مذاہب ایک دوسرے سے بہتر ہین	۵۱
مذہب کی تدریجی ترقی	۵۳

مضمون	صفحہ
بعثت انبیا	۵۷
باب سوئم	
.. .. وحی	۵۹
کیا وحی انسان کا اپنا فعل ہے؟	۵۹
مسٹر پارکر کا خیال	۶۰
روحانی حواس	۶۱
کشف کی چند مثالین	۶۲
یقین حاصل ہونیکی عقلی اور قلبی صورتین ..	۷۱
خدا کو ماننے کے دو طریق	۷۵
جاذبۂ فطرت اور استدلال کی آمیزش	۷۵
استدلالی یقین انسان کی اپنی ترقی ہے	۷۶
عقل مذہب کو پیدا نہین کر سکتی	۷۷
مذہب کے تین خادم ہین	۷۸
تجربہ مین قوی عامل ہوتا ہے اور ضعیف معمول ..	۷۹
وحی مین خدا عامل ہوتا ہی اور انسان معمول ..	۸۲
نبی اگرچہ بہت ہین مگر تمام انسان نبی نہین ہو سکتے	۸۴
استعداد مین تفاوت درجات کا ہی یا نوع کا؟	۸۵
تفاوت حالات	۸۷
انبیا کی ضرورت	۸۸
الہامی کتابون کی ضرورت	۹۰

مضمون	صفحہ
نسخ شرائع	۹۲
احکام شریعت کے فائدے حقیقت مین تجربہ سے	
معلوم ہو سکتے ہین	۹۳
تعلیم کے علاوہ نبی کا امت مین کچھ عرصہ تک موجود	
رہنا ضرور ہے	۹۶
سلسلۂ ارشاد و ہدایت کی ضرورت	۹۸
وحی اور الفاظ	۹۹
باب چہارم	
× ملائکہ - معراج - معجزہ	۱۰۳
×ملائکہ	۱۰۳
روحانی مناظر	۱۰۴
روحانی مناظر کا قاعدہ	۱۰۶
قوائے قدرت کے عمل کا قاعدہ -	۱۰۸
واقعات عالم کا عام قاعدہ - ..	۱۰۸
نتیجہ -	۱۰۹
ارواح مجردہ کی نسبت مسٹر مائرس کی رائے ..	۱۱۱
مسیو فلگیئے کا استدلال - .. .. -	۱۱۳
جنات اور شیطانی وحی -	۱۱۵
×معراج کے متعلق تمہید -	۱۱۹
دل ابدال رہیت -	۱۲۰

مضمون	صفحہ
قلبی رابطہ سے کسی واقعہ کا علم حاصل ہونے پر روح اپنی تین	
وہاں موجود سمجھتی ہے ۔	۱۲۳
روح کے لئے فاصلہ کوئی چیز نہیں	۱۲۵
معراج کی ایک توجیہ	۱۲۷
معراج کے متعلق ابھی کچھ اور بھی پتہ چلتا ہے	۱۲۸
روح کا اثر جسم پر	۱۲۸
روحانی اثر سے جسم میں تغیر پیدا کرنا ۔	۱۲۹
روحانی اثر سے مردہ جیسا بجس کیا جاسکتا ہے	۱۳۰
روحانی اثر سے جسم میں ارادی حرکت پیدا کرنا	۱۳۱
روحانی اثر سے جسم کا بے ارادہ حرکت کرنا ۔	۱۳۴
اس طاقت کا انکار اور اسکی وجہ	۱۳۵
مینڈک کی حرکتیں ۔	۱۳۸
انسان کی حرکت اور آگ کا تجربہ ۔	۱۴۰
سر ولیم کروکس کے تجربے ۔	۱۴۲
ڈاکٹر سپیئر کے تجربے مسٹر موسز کے متعلق ۔	۱۴۳
روحانی عمل کیلئے تاریکی مناسب ہے ۔	۱۴۶
روحانی اثر سے جسم کی حرکت ناقابل انکار ہے ۔	۱۴۷
روحانی اثر سے حرکت پیدا ہونیکی وجہ معلوم نہیں ہوسکتی	۱۴۷
ارادہ سے حرکت پیدا ہونیکی علت بھی نامعلوم ہے	۱۴۷
جسم کا جسم کو حرکت دینا بھی ایک راز ہے ۔	۱۴۸
روحانی اثر اس زمانہ میں کمتر نظر آتے ہیں ۔	۱۴۸
معجزہ ۔	۱۵۰
یقین کے لئے کسی واقعہ کا ثبوت ضرور ہے نہ کہ	
سبب کا دریافت ہونا ۔	۱۵۲
روحانی طاقتیں مہاتما بدھ کی زبان سے	۱۵۳
معراج جسمانی ۔	۱۵۵
روحانی عمل کے لیئے قاعدوں کی تعلیم ضروری نہیں	۱۵۵
باب پنجم	
معراج اور معجزہ کے متعلق مزید توضیح و معجزہ کا فائدہ	۱۵۷
معجزہ سلسلہ علت و معلول کے ماتحت ہے ..	۱۵۷
اسلام اور قانون قدرت	۱۵۹
معجزہ خدا کی طرف کیوں منسوب ہوتا ہے ..	۱۶۰
مذہب کیطرف سے اسباب و علل کی تفصیل ہونے پر	
ہدایت کی غرض فوت ہوجاتی ہے ..	۱۶۲
تمام واقعات کے اسباب معلوم نہیں ہوسکتے	۱۶۳
سبب معلوم نہ ہونے پر عقل کیا عمل کرتی ہے	۱۶۳
مذہب کا عمل کیا ہے ؟	۱۶۴
معراج کے متعلق کیسا یقین ہونا چاہیئے	۱۶۵
بالعموم معجزہ کے متعلق یہی یقین کافی ہے	۱۶۵
معجزہ کو دعوی نبوت سے کیا تعلق ہے	۱۶۶

مضمون	صفحہ
معجزہ خاص حالات مین مفید ہوتا ہے	۱۶۷
بنی اسرائیل کی کمزوری اور اسکی وجہ	۱۶۹
دائمی مذہب کیلئے معجزہ کے سوا کوئی اور ثبوت ہونا چاہئے	۱۷۲
عقلی ثبوت پر اعتراض اور اسکا جواب	۱۷۴
عقل مختلف مذاہب کی نزاع مین فیصلہ دیسکتی ہے	۱۷۷
عقلی ترقی سے مذہب کو استحکام ہوتا ہے	۱۸۰
باب ششم	
ختم نبوت	۱۸۳
جلوہ ہاے معرفت کی دو قسمین ہین	۱۸۳
بظاہر ختم نبوت ممکن نہین	۱۸۴
فیضان وحی بلا واسطہ اور بواسطہ	۱۸۴
اگر ترقی کرنیوالے اپنی حد امکان تک پہنچ گئے ہین تو	
آیندہ قانون ارتقا کا بند ہو جانا ضرور ہے	۱۸۵
انسانی علم صرف تعلقات تک رہتا ہے	۱۸۸
مذہب بھی محض خالق و مخلوق کے تعلقات بتانے کا	
مدعی ہے	۱۸۹
مذہبی ترقی کثافت سے لطافت کیجانب ہے ..	۱۹۱
ختم نبوت اور سپنسر	۱۹۴
ختم نبوت اور پارکر	۱۹۶
اعلیٰ اخلاق کیا ہو سکتے ہین؟	۱۹۹

مضمون	صفحہ
باب ہفتم	
مختلف مذاہب پر نظر	۲۰۳
دنیا کی موجودہ صورت	۲۰۴
کیا یہ صورت ہمیشہ سے ہے	۲۰۵
مادہ کی ابتدائی شکل	۲۰۷
وہ خیال جو ہمارا تجربہ کیطرف منسوب ہے ..	۲۰۹
ہیریسن اور سپنسر کی بحث	۲۱۰
مادہ کا خود بخود عمل کرنا	۲۱۲
وحدت وجود مادی	۲۱۳
ایک سے زیادہ چیزون کا قدیم ہونا ..	۲۱۷
وحدت وجود روحانی	۲۲۰
عالم کا ہر ایک ذرہ کسی مصلحت پر مبنی ہے ..	۲۲۱
پاک ناپاک کیون ہوا	۲۲۲
مطلق علیت کے سلسلہ مین نہین	۲۲۳
علم بغیر نظیر کے پیدا نہین ہو سکتا	۲۲۳
وحدت وجود کیلئے کیا تشبیہین ہو سکتی ہین ..	۲۲۶
باب ہشتم	
پیدائش	۲۲۸
فنا ہستی ہونا	۲۲۸
کیا ہستی سے ہستی ہونیکی کوئی نظیر موجود نہین؟	۲۲۸

مضمون	صفحہ
نظیر کی تلاش مین کوتاہی ہوئی ہے	۲۲۹
خیالی مخلوق نظر آسکتی ہے	۲۲۹
خیالی مخلوق قابل لمس اور وزنمار ہوتی ہے	۲۲۹
خیالی مخلوق دوسرون کو بھی محسوس ہوتی ہے	۲۳۰
نیست ہوکر ست کرنیوالے مین شعور کی صفت ہونی چاہئے	۲۳۳
خیال کی پیدائش وہی اوصاف رکھتی ہے جو اوصاف مخلوق مین ہین	۲۳۵
معلول حادث اور علت قدیم	۲۳۶
وحدت شہود	۲۴۱
علم کیلئے کوئی معلوم ہونا چاہئے	۲۴۴
علم کس کس چیز کا ہوسکتا ہے	۲۴۵
خدا کا علم کیونکر خیال مین آسکتا ہے	۲۴۶
خدا کی ہمیشگی اور زمانہ و فضا کی نسبت اعتراض اور اسکی تحقیق	۲۴۷
خاص سے عام کیطرف جانا قانون قدرت ہے ..	۲۵۵
خدا کو ماننے سے انسان ذلیل ہوجاتا ہے ..	۲۵۷
مسٹر برٹلا کا اعتراض کہ دنیا مین ایسی چیز کبھی پیدا ہوتی نہین دیکھی	۲۶۱
ثبوت باریتعالی کو ضعیف کرنیکے اسباب	۲۶۳
لامحدودیت	۲۶۵
باب ہفتم	
پیدائش کے متعلق مذہبی شہادتین ..	۲۶۹
ویدکی شہادت	//
بائبل کی شہادت	۲۷۱
قرآن کی شہادت - اول - دوم - سوم - چہارم پنجم و ششم	۲۷۲ تا ۲۷۷
وحدت وجود کا نقلی استدلال	۲۷۹
انسانی افعال کا خدائی افعال ہونا	۲۸۰
خدا کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا	۲۸۲
باب وہم	
خیر و شر اور تقدیر	۲۸۳
خیر و شر کے متعلق مختلف رائین	۲۸۵
شر مادہ یا روح کیطرف سے ہے	۲۸۵
شر خواہش وجود سے پیدا ہوتی ہے	۲۸۵
بدی کی اصلیت عدم ہے	۲۸۶
نیچر کی بعض برائیان اور انکی اصلیت	//
نیچر کی برائیان	۲۸۷
بدی مادہ کی ترقی سے درجہ بدرجہ کم ہوتی جاتی ہے	۲۸۹
صفر سے صفر کیطرف آنے مین ترقی بتدریج ہوتی ہے	۲۹۰
عدم سے وجود مین آنیکی رفتار بھی اسی طرح تدریجی ہے اور ہر حال مین عدم کا اثر یعنی بدی نمایان رہتی ہے	۲۹۲
بدی پہلی جون کا پھل ہے یا بدی حقیر ہے	۲۹۴

مضمون	صفحہ
ان خیالات مین سے بعض کو بعض پر ترجیح ہی	۲۹۵
تدریجی ترقی کے سوا عقل کوئی اور صورت پیش نہین کرسکتی	۲۹۷
یہی سوال حل نہین ہوا	۲۹۸
کیون کا جواب	۳۰۰
ایک موقعہ پر کیون کا جواب دینا ضرور ہوتا ہے	〃
ایک اور موقع پر کیون کا جواب دیا نہین جاسکتا	۳۰۲
ایک اور موقع پر خاص حد تک کیون کا جواب ہوسکتا ہی	۳۰۳
خیر و شر کی وجہ نہ معلوم ہونیسے وجود باری کا یقین زائل نہین ہوتا	۳۰۴
سب کچھ مشیت ربانی سے ہوتا ہے ..	۳۰۵
خدا نے نیک اور بد و نور سے بنائے ہین ..	۳۰۷
اسی مین حکمت ہے	〃
خدا نے ہر کیفیت مین ترقی کی قابلیت کہی ہے .	۳۱۹
جس کیفیت کے اسباب موجود ہون اسکا خلاف نہیں ہوسکتا	۳۱۷
خدا نے سوسائٹی کو توجہ پیدا کرنیکا ایک سبب قرار دیا ہے	۳۲۰
خدا نے سوسائٹی کو نیک اور بد و نور تقسیمون کا باعث گردانا ہے	۳۲۲
ہدایت اور ضلالت خدا کیطرف سے ہے ..	۳۲۴
خدا کے علم مین سب کچھ ہے	۳۲۸
خدا نے انسان کو قوت فیصلہ عطا کی ہی	۳۳۰
انسان نہ مجبور محض ہے اور نہ مختار کامل	۳۳۱
انسان کو مختار کامل اور مجبور محض سمجھنا دو خیال غلط ہین مگر پہلے خیال مین غلطی بہت ہی اور دوسرے خیال مین نقصان زیادہ ہے	۳۳۴
جبر و اختیار کی نسبت مزید غور	۳۳۷
رحم اور غضب	۳۳۹
خدا کا غصہ	۳۴۵
رحم کی تعریف	۳۴۵
باب یازدہم	
توبہ۔ استغفار۔ دعا۔ شفاعت وغیرہ	۲۰۹
حرکت بازگشت	〃
گناہ اور ثواب کی حقیقت اور توبہ کی وجہ	۳۵۲
حقوق اللہ اور حقوق العباد	۳۵۴
ایمان اور گناہ کفر اور نیکی کا اجتماع	۳۵۵
اصولی اسباب اور معاون اسباب	۳۵۶
عذاب و ثواب کے اصولی اور معاون اسباب ..	۳۵۷
ایمان اور نیکی	۳۶۰
است غفار	۳۶۰
آرزوے رحمت	۳۶۱
محبت صلحاء	۳۶۲
دعا	۳۶۵

مضمون	صفحہ
شفاعت	۳۷۱
ترغیب کا فائدہ	۳۷۳
معیت کا فائدہ	//
محبت کا فائدہ	۳۷۴
دعا کا فائدہ	۳۷۶
کبھی شفاعت سے غرور پیدا ہوتا ہے ..	۳۷۸
کبھی شفاعت سے کوشش کا میلان ہوتا ہے ..	۳۷۹
باب دوازدہم	
جزا و سزا کا دوام	۳۸۲
ترقی دائمی قانون ہے	//
اپنی عزم اور جیسے مزم	۳۸۴
تناسخ کی صورت میں بھی یہاں کا اثر مدال نہیں سکتا ..	۳۸۵
عالم برزخ	۳۸۶
روحانی صفات	//
غور و فکر روح کی صفت نہیں	۳۸۹
بدھ اور مسیح کی مثال	۳۹۱
کمال تک پہونچنے کی سبیل	۳۹۲
خدا کی قدرت سے بھی انکار نہیں ہو سکتا ..	۳۹۴
باب سیزدہم	
قیامت	۳۹۶

مضمون	صفحہ
جو ازلی نہیں وہ ابدی بھی نہیں، اسکی تحقیق	۳۹۶
ہر انقلاب پر ترقی ہوتی آئی ہے	۳۹۸
منجمد ہو جانے پر ترقی کی سبیل	۴۰۱
تشکلوں کی عمر فور کی قوت و ضعف پر منحصر ہے	۴۰۳
تشخص قائم رہنے کی وجہ اور روح کا وجود	۴۰۶
تمام دنیوی اجسام بعینہ زندہ نہیں رہینگے	۴۱۰
حیوانات جزا و سزا نہ پائینگے	۴۱۲
ترقی کا اثر راحت و تکلیف پر	۴۱۴
ترقی کرنیوالوں نے دوسروں کو کیا فائدہ پہنچایا ..	۴۱۷
تدابیر صحت کا فائدہ	//
اصلاح حکومت کا فائدہ	۴۱۹
سہولت نقل و حرکت کا فائدہ	//
وسائل نامہ و پیام کا فائدہ	۴۲۰
راحت و مسرت کی آرزو بر آنیکا بھی کوئی موقع ہونا چاہیے	//
راحت و غم مکمل کیونکر ہوگا	۴۲۲
آیندہ ترقی کے وسائل	۴۲۴
فورس اور انرجی کے مختلف مظاہر	//
سائنس کے مسلمات سے استدلالی رفتار نہ تک جا سکتی ہے	۴۲۶
ترقی کے مختلف درجات میں فورس اور انرجی کی شکل بدلتی جاتی ہے	۴۲۸

مضمون	صفحہ
آیندہ انقلاب مین ترقی اور ہی اعلیٰ ہونی چاہیئے	۴۲۹
آیندہ ترقی معرفت مین ہوگی	۴۳۰
آیندہ ترقی کیلئے جو سامان ہونا چاہیئے وہ اسی عالم مین مہیا کردیا گیا ہے	۴۳۲
آئندہ ترقی غیب محدود ہوگی	۴۳۴
روح صرف جسم مین رہکر ترقی کرسکتی ہے ..	۴۳۵
ارتقا کیلئے مادہ کی کمی نہین	۴۳۷
آیندہ ترقی مین اجسام کی حالت	۴۳۹
حشر کے متعلق اسلامی تعلیم	۴۴۱
آسمانی تربیت سے این جہانی خصائل بدل نہین سکتے	۴۴۴
باب چہار دہم	
حشر روحانی اور تناسخ	۴۴۹
حشر روحانی	″
بہشت اور اسکا سامان	۴۵۱
بہشتی عورتین	۴۵۲
تناسخ	۴۵۶
اختلاف حالات اور تناسخ	۴۵۷
کوئی درجہ اختلاف سے خالی نہین ہوسکتا	″
روح جسم سے پہلے موجود نہین ہوتی	۴۵۹
بعض پیدائشی میلان مختلف ہوتے ہین ..	۴۶۳
اثر پیدا ہونیکی صورتین	۴۶۳
عام طور پر اثر کا تفاوت	″

مضمون	صفحہ
انسانی خیالات کا اثر چڑھاؤ	۴۶۴
جذبات کا اثر جسم پر	۴۶۵
جذبات کا اثر نسل پر	۴۶۵
دو نطفون کے اختلاف کیلئے ضرورتی اسباب ہوسکتے ہین	″
خدا کی خالقیت اور روح کی قدامت وغیرہ مسلمات سے تناسخ کا تعلق	۴۶۸
چاند سورج اور مادہ کے بار بار آنیسے تناسخ کا ثبوت	۴۷۰
سقراط کی تین دلیلین تناسخ پر	۴۷۳
تیسری دلیل سے تناسخ کو تعلق نہین	۴۷۴
دوسری دلیل دو طرح سے ناقص ہے	″
ضد سے ضد کا پیدا ہونا عام قاعدہ نہین	۴۷۵
ضد کا ضد کیطرف آنا زندگی و ترقی پر جاری نہین ہوسکتا	۴۷۸
اعمال مین دوبارہ روح کا جسم مین آنا خلاف عقل ہے	۴۸۰
درجات کی ترقی سے اثر مین ترقی ہوتی جاتی ہے	۴۸۴
تنزلی ترقی کا اثر نیچے کے درجات سے فایق ہونا چاہیئے	۴۸۶
عبادت کا مفید طریق	۴۸۷
دنیوی بے اعتدالی کو مذہب بھی عقل کیطرح برا کہتا ہے اسلئے کہ یہان کے کاروبار تنزلی ترقی کے وسایل ہین	۴۹۰
مذہب کی خاص اپنی ترقی نیوی تنگ اطراری ہوا لا ہے	۴۹۱
مذہب کی خاص اپنی ترقی کا اثر بھی مگر ترقیون سے بالاتر ہوگا	۴۹۲
مرنے کے بعد قیامت کا انتظار ماعث تکلیف نہین ہوسکتا	۴۹۴
اختتام	
کفارہ اور نجات کی ضرورت	۴۹۵
خدا تک پہونچنے کیلئے پاکیزگی کی ضرورت ہے ..	۴۹۷
پاکیزگی دل کی ہونی چاہیئے	۴۹۸
توبہ سے دل صاف ہونے مین شک نہین	۴۹۹
گناہ کی لذت کو ترک کرکے اور پارسائی کی تکلیف اٹھاکر کفارہ ہوتا ہے	۵۰۰
دوسرے کی تکلیف سے دل صاف نہین ہوسکتا	۵۰۰
خدا خود کہنچنا چاہے تو اسے کفارہ بغیر تکلیف اٹھانیکی ہی ضرورت نہین	۵۵۱
دنیا مین مادی کی ضرورت ہے ..	″
مرد بیشک باہر سے ارادہ پیدا کرتی ہے مگر مقامی استعداد کے اختلاف سے اس کے ظہور مختلف ہوتے ہین ..	۵۰۲
اختلافون کو دیکھنے کا نتیجہ	۵۰۳
نتیجہ کے حصول کا فرض	۵۰۴

۲۹۷۴۲
۷ ۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی ھدینا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدینا اللہ ۵ لقد جاءت رسل ربنا بالحق ۵ ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ۵ والسابقون الاولون من المھاجرین والانصار والذین اتبعوھم باحسان رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ ۵

فی زمانہ قوم مین ایک طرف ایسے لوگ موجود مین جو مذہبی بحث و تکرار کو غیر ضروری تصور کرتے ہین تو دوسری جانب ایک گروہ نہ صرف اصول مذہب مین بلکہ اسکے فروعی مسائل مین بھی رد و قدح کا حد سے زیادہ اہتمام کرتا ہے۔ اور ایک اور فرقہ فرعی بحث کو غیر ضروری جانتا ہے مگر ضرورت محسوس کرتا ہے کہ جس طرح ایک زمانہ مین فلسفی علوم کی اشاعت پر حمایت مذہب مین علم کلام ایجاد ہوا تھا اب جدید طرز استدلال اور تازہ علمی انکشافون کے اثر سے جو غلط فہمی مسلمات مذہب مین پیدا ہو رہی ہے اس کا تدارک کرنے کیلئے جدید علم کلام مرتب ہونا چاہیئے ۔

میرے دل پر پہلے فریق کا خیال اثر نہین کرتا اور اسکی پہلی وجہ شاید یہ ہے کہ مین مذہب کو ایسا ضروری سمجھتا ہون کہ اس پر کاربند ہونا نوع انسانی کیلئے سب فائدون سے بڑھ کر مفید ہے

اوراسکو ترک کرنا سب مضرتون سے زیادہ مضر اور اس لیئے میرے نزدیک مذہب کو ایسا ضروری سمجھنے والون کا اخلاقی فرض ہے یا بالفاظ دیگر وہ مجبور ہین کہ ایسے حتمی فائدے اور ایسے ضروری نقصان سے جو لوگ چشم پوشی کرتے ہین انہین کسی نہ کسی طرح آگاہ کرین اور ان لوگون کی پاس خاطر سے جو اس گفتگو کو لاطائل سمجھتے ہین اپنی یقین کی آنکھون سے لوگون کو کنوئین مین گرتے دیکھ کر خاموش نہ رہین ٭

بلکہ اس بارہ مین میرے نزدیک اصول و فروع کی بھی حدبندی نہین ہوسکتی کیونکہ جو مسئلہ ایک کے نزدیک فروع مین داخل ہے اور زیادہ مہتم بالشان نہین ممکن ہے کہ دوسرے کے نزدیک وہی اصل الاصول ہو یا کوئی شخص اُسے فرعی سمجھکر کبھی ایسا مہتم بالشان سمجھتا ہو کہ اُس کو ترک کرنے سے اصول قائم نہین رہ سکتے اور انجام ہلاکت پر ہوتا ہے چنانچہ اگر کوئی شخص بالفرض یقین رکھتا ہو کہ روزانہ صبح کو غسل نہ کرنے سے انسان کافر اور دائمی عذاب کا مستحق ٹھیرتا ہے تو خواہ واقع مین ایسا اصرار غلط ہو مگر وہ شخص صدق دل سے ایسا عقیدہ رکھنے کے سبب مجبور ہے کہ اپنے بھائیون کو اُنکی غلطی پر متنبہ کرے - اور وہ اِس عقیدہ کو مناسب طرز پر پیش کرے تو کسی کو حق نہین کہ اُس پر چیں بہ جبین ہو +

یہ تو وہ وجہ ہے جس سے مین مذہبی بحث و تکرار کو ضروری سمجھتا ہون لیکن اگر ایک لحظے کیلئے اپنے اور اپنے ہمخیالون کے خیال سے قطع نظر کرون تب بھی اِس واقعہ کو تو کسی طرح آنکھون کے سامنے سے دور نہین کرسکتا کہ مذہب کے بارہ مین دُنیا کے اہل الرائے کا اختلاف موجود ہے - پس ایک طرف سے اُسکے فضول ہونے اور دوسری طرف سے ضروری ہونیکا اصرار دیکھکر جو شخص اپنے خیال سے قطع نظر کرسکتا ہے وہ صرف مذبذب ہونیکی ڈگری پاسکتا ہے اور اب اسے دیکھنا چاہئے کہ اس مذبذب کو دور کرنے کیلئے دُنیا کے اور اختلافون مین کیا تدبیر مفید ہوتی ہے - دنیا مین علمی اور ملکی اور تمدنی معاملات مین بے انتہا اختلاف موجود ہین اور ہوتے رہتے ہین اور اگر ان سب مین بحث و تکرار کو بند کر دیا جائے اور کوئی شخص کسی خیال کو بہتر سمجھکر ظاہر کرنیکا

مرتکب نہ ہو تو کسی رائے کی غلطی اور کسی اور رائے کی صحت بھی معلوم نہ ہوگی اور دنیا جس حالت میں ہے اس سے ترقی نہ کریگی۔ مگر یہ نتیجہ بقیناً کسی عاقل کو گوارا نہ ہوگا اور بیشک سب کے نزدیک یہی مناسب ہوگا کہ ہر شخص کی رائے مع اسکی دلائل کے دیکھی جائے اور باہمی مقابلہ و تطبیق سے سقم و صحت کا فیصلہ ہو۔ اور مقابلہ و تطبیق کی غرض اسی طرح پوری ہوسکتی ہے کہ جو خیالات فی الواقع صحیح ہیں انکے ساتھ وہ خیالات بھی معرض بحث میں آئیں جن کو بعد میں غلط ہونیکا فتوی دیا جائیگا۔ اس لیئے سقم و صحت کا فیصلہ کرنے اور انسان کو ترقی کی راہ پر لانیکے لیئے جو کام صحیح خیالات سے نکلتا ہے وہی خدمت غلط خیالات اپنی بحث و تکرار سے بجالاتے ہیں اور دنیا کے تمام معاملات غلطی اور صحت کی اسی جد و جہد سے صفائی کے قریب آتے ہیں۔ اور جب یہ صورت ہو تو مذہبی اختلاف میں جو فی الواقع دنیا میں موجود ہے مذہبی بحث و تکرار ان لوگوں کیطرف سے جو مذہب کو ضروری سمجھتے ہیں یا انکی طرف سے جو مذہب کو مٹانا چاہتے ہیں اگر انکا خیال غلط ہو تب بھی غیر ضروری نہیں ہوسکتا۔ بلکہ انسان کی مختلف ترقیوں میں سے ایک ترقی کا رستہ صاف کرنے کی خدمت ادا کرتا ہے اور اسلئے مفید ہے۔

غرض میرے نزدیک اہل مذہب کا اپنے خیالات کو شائع کرنا اور جن امور پر وہ سب سے بڑے سود و زیان کو مرتب سمجھتے ہیں اُن کو بنی نوع کے کانوں تک پہنچانے کی کوشش میں مصروف رہنا کسی طرح غیر مفید اور قابل تحقیر نہیں۔ البتہ میں دیکھتا ہوں کہ دنیا کی کسی کوشش میں حد مناسب سے تجاوز کرنا اور بداخلاقی و فتنہ انگیزی سے کام لینا مفید نہیں ہوتا۔ بلکہ اکثر اوقات کسی صحیح مسئلہ پر نامناسب زور دینے سے اُلٹا اثر ہوتا ہے اور اس فعل سے مخالف کو جو رنج و غصہ پیدا ہوتا ہے وہ اسکو صداقت کے قریب نہیں آنے دیتا اور غلطی پر اور اصرار کرنے کا محرک ہوتا ہے۔ بعض لوگ ملکی صنعت کو رواج دینا چاہتے ہیں جو واقع میں شریف خیال ہے مگر لوگوں سے منوانے کیلئے غیر ملکی چیز جسکے پاس دیکھتے ہیں چھین کے جلا دیتے ہیں اور خریدنے والیکو ایذا پہنچاتے ہیں یا بعض لوگ حکام سے ملکی حقوق منوانے چاہتے ہیں اور اس غرض

کیلئے حاکم کے کارندون اور دیگر ہمنوا ہون کو تیر و تفنگ اور دشنام و لعنت کا نشانہ بناتے ہین
ان افعال سے دعوی کی صداقت کو کوئی تعلق نہین اور جو لوگ اس دعوی کو نہین مانتے اگر
وہ غلطی پر ہون تو انکی غلطی ثابت نہین ہوسکتی - بلکہ تکلیف اور فساد سے متاثر ہوکر مخالفون کو تدبیر کے
ساتھ تدبیر پیدا کرنے والے خیال کو اور زیادہ غلط سمجھنے کی ترغیب ہوتی ہے اور جو لوگ قوت رکھتے
ہین وہ اس خیال کو دبانے کی پہلے سے زیادہ کوشش کرنے لگتے ہین اور وہ فساد پھیلتا ہے
جس کا انجام ضعف و قوت کی لڑائی مین خواہ کسی فریق کے موافق ہو مگر غلط رائے کی غلطی اور صحیح
کی صحت ثابت ہونیکا نتیجہ ایسی کوشش پر کبھی مرتب نہین ہوتا اور اگر کسی خیال کو مقبول بنانا ہو
تو اسکی صرف یہی سبیل ہے کہ متانت اور تہذیب کے ساتھ رائے اور اسکے دلائل پیش کیجائین ۔

یہی کیفیت مذہبی بحث و تکرار کی ہے - آہین جبر و تشدد اور مار پیٹ کا دور اب سے
بہت دور رہگیا ہے اور ترقی تہذیب نے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ کا سبق لوگون کو یاد کروادیا ہے
مگر تہذیب و متانت کے استعمال مین ابھی بہت زیادہ اہتمام درکار ہے - اگر ہم غیر مذہب کے مقتدا اون
کا ذکر بے ادبی سے کرین - مخالف کا نام ذلت سے لین - اصل مسئلہ پر روشنی ڈالنے کی بجائے شخصی
عیوب کو فخر سے دہرائین - کتاب کا نام ایسا تجویز کرین جس سے نفرت و عداوت کا اظہار ہو بلکہ اگر
مخالف کے خیال کو حماقت اور جہالت وغیرہ غضب انگیز نامون سے یاد کرین تو ظاہر ہے کہ ان تمام
افعال سے نفرت اور ملال بلکہ غصہ اور عداوت کو تحریک ہوگی اور جس وقت قلب کی یہ کیفیت ہو راست
پسندی اور نصفت شعاری کی صفت دور ہوجاتی ہے اسلئے وہ صداقت جسے ہمنے غیر مہذب
کلام مین مخالف کے سامنے پیش کیا ہے اسکو قریب لانے کی بجائے اور زیادہ دور کرنیکا باعث ہوگی
اور اسلئے ایسی مذہبی بحث و تکرار جسمین تہذیب سے چشم پوشی کیگئی ہے کسی طرح مفید نہین اور انسانی ترقی
کیلئے وہی بحث و تکرار ضروری اور مفید ہے جسمین ملال انگیز طرز ادا سے بالکل اجتناب کیا جائے اور
نہایت مہذب طریق سے محض نفس مطلب کو ظاہر کرنے پر اکتفا ہو - چنانچہ اسلام اسی قسم کی مذہبی غیب
کو فرض گردانتا ہے بلکہ جو لوگ بدی سے پیش آئین انکو بھی تہذیب کے ساتھ جواب دینے کی ہدایت

کرتا ہے اور اسکا نتیجہ یہ بتاتا ہے کہ جو تمہارے دشمن ہین وہ بھی دوست ہو جائینگے ۔ ارشاد ہے

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (نحل پ ۱۴ ع ۱۶)	اپنے خدا کے رستہ کیطرف دانائی اور نیک نصیحت سے بلاؤ اور وہ بحث کرو جو بہتر ہو۔
فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی (ط پارہ ۱۶ ع ۲)	پس تم دونو (موسیٰ و ہارون) اُسے نرم بات کہو شاید وہ نصیحت قبول کرے یا ڈرے ۔
اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ (مومنون پ ۱۸ ع ۴)	بدی کا ایسی تدبیر سے مقابلہ کرو جو نیک ہو۔
وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (عنکبوت پ ۲۱ ع ۵)	اہل کتاب سے جھگڑا مت کرو مگر جو نیک ہو۔
وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ (حم سجدہ پ ۲۴ ع ۵)	نیکی اور بدی مساوی نہین تم نیکی کے ساتھ مقابلہ کرو۔ اس طرح جو تمہارا دشمن ہوگا وہ بھی دیکھو گے کہ دلی دوست ہو گیا۔

تہذیب و متانت کے علاوہ مذہبی بحث و تکرار کیلئے یہ بھی ضرور ہے کہ جو مسئلہ زیر بحث ہو اسکے موافق اور مخالف تمام پہلو پورے طور پر ذہن نشین ہون اور بالخصوص جبکہ فرامین مذہبی کو عقلی پہلو سے دیکھنا ہو اور مروجہ علوم عقلیہ سے مقابلہ کرنا ہو تو اُس وقت ایک طرف مذہبی واقفیت مکمل ہونی چاہیئے اور دوسری جانب علوم عقلیہ مین کامل مہارت کی ضرورت ہے اور اس طرح پر اصولی بحث کے لئے سائنس و فلسفہ اور احکام مذہب کی مختلف شاخون کیلئے قانون ۔ اخلاق ۔ پولیٹکل اکانمی ۔ تاریخ اور سائیکالوجی وغیرہ علوم عقلیہ کے تمام جدید انکشافون سے آگاہ ہونا ضرور ہے اور علامہ شبلی بجا فرماتے ہین کہ " جبتک قوم مین فارابی نہ پیدا ہو غزالی کا وجود مین آنا ممکن نہین " اور میرے خیال مین مذہبی واقفیت کی ضرورت دیکھتے ہوئے اس کلیہ مین اس قدر اور زیادہ ہونا چاہیئے کہ جبتک فارابی کے ساتھ مالک و بوحنیفہ کا اثر نہ ہو صرف فارابی سے بوعلی پیدا ہو سکتا ہے اور غزالی بننے کی تحریک نہین ہوتی ۔ اور یہان یہ کیفیت ہے کہ ایک طرف

مالک و بوحنیفہ کا کا اثر یعنے مذہبی اقفیت کا شیوع اور جوش یورپ فیوڈل روبہ تنزل ہے اور دوسری طرف فارابیت پیدا ہونے مین بہت دیر معلوم ہوتی ہے اور تمام ملک مین علوم عقلیہ ابھی تک آبادی کے بہت مختصر حصہ مین اور وہ بھی بالعموم محض تقلید کی شکل مین داخل ہوئے ہین اور تمام قوی اور ضعیف علمی مسائل پر اسلئے یقین کیا جاتا ہی کہ وہ مسلم الثبوت استادون کی طرف سے پیش ہوئے ہین ورنہ یقین کو ظن سے اور تصور کو کنفیکٹ سے تمیز کرنے کی مہارت شاذ و نادر ہی موجود ہوگی چہ جائیکہ خود موجد یا محقق ہونیکا درجہ حاصل ہو یا اہل علم کی کثرت سے بیشتر آبادی عام علمی اصطلاحون اور واضح اصول سے آشنا ہونیکا فخر کر سکے۔ اور جبتک مذہب اور عقلی علوم کی واقفیت اس درجہ پر ہے کچھ شک نہین کہ علوم عقلیہ کے مقابلہ مین مذہبی حمایت کا دعوی نہین ہو سکتا لیکن اس عجز کا یہ اثر ہو کہ نامعلوم عرصہ کے لئے مذہبی بحث و تکرار کو ترک کر دیا جائے اور اس خرمن کا انتظار کیا جاوے جسکی تخم ریزی کیلئے علیگڈھ اور لکھنؤ کی زمین ہموار ہو رہی ہے تو ایسی موسم آنے سے پہلے فاقہ کش تباہ ہو چکینگے اور کیا عجب ہے کہ فارابی زراعت مخالف قوت کو بالکل نابود رکھنے سے ایسا پھل لائے جو مذہبی جذبہ کیلئے زہر کا اثر رکھے یا اگر اس وقت تک دونو طاقتین پوری نشو و نما پا جائین جب بھی۔ گر از پس من کن فیکون شہ شہ باشد۔ اسوقت کی ارزانی سے کوئی انسل فائدہ اٹھائیگی نہ ہم لوگ۔ اسلئے گو مرض سخت ہی اور معالج ناپید مگر جب تک مناسب علاج نہ ہو سکے تیماردار اپنی ہمت کے موافق بیمار کی خبر گیری سے دریغ نہین کرتے اور جو کوششین اس بارہ مین موجودہ وسائل کو حتے الوسع کام مین لاکر ہو سکتی ہین انکو دہریت کی عقلی وبا نہ کہا جائے تب بھی وہ مذہبی غذا کو کسی حد تک صاف اور خوشگوار کرنے مین ضرور مدد دیتی ہین اور اسلئے فائدہ سے خالی نہین اور کیا عجب ہے کہ یہی تدبیر ترقی کرتی ہوئی ایک وقت پر لاعلاج مرض کے لیے تیر بہدف ہو۔ شاید کہ ہمین بہ از مے بر آرد پروپال۔ عنقا گردد۔

علاج بیشک ڈاکٹر ہی کر سکتے ہین مگر تیمارداروں مین وہ شخص بھی شامل ہے جو صاف کرنے کے لئے پانی کو جوش دے چنانچہ ایسی ہی خدمت کی آرزو مجھے بھی ہے اور آج

کل کے مخالفانہ خیالات مین سے جو میرے دلکو پریشان کرتے رہے ہین اگرچہ اُن کے لائق سامان میری دسترس مین نہین مگر ایک عرصہ تک غور و تامل مین مصروف رہنے پر جن وجوہ سے مجھے تسکین ہوئی ہے انہین پیش کرنے کی جرأت کرتا ہون - مین نہین کہ سکتا کہ یہ تحریر اُن لوگون کو ہنوانیکا کام دیگی جنہون نے ان مسائل مین غور کیا ہے اور مخالف راے قائم کر چکے ہین اور یہ بھی دعوے نہین ہو سکتا کہ وہ لوگ تسلیم کرینگے جو مذبذب ہین مگر میلان دوسری طرف رکھتے ہین البتہ جو لوگ مذبذب ہین - اور کسیقدر میلان بھی میرے موافق رکھتے ہین - اُنہین سے بعض ممکن ہے کہ انہی وجوہ سے تسکین پائین جو مجھے مطمئن کرتی ہین - اور مین سمجھتا ہون کہ ایسے لوگون کے لئے (اگر کوئی ہون) میری تحریر مفید ہوگی - یا جو لوگ پہلے سے میرے ہمخیال ہین اور میری جیسی طبیعت رکھنے کے سبب میرے دلائل کو پسند کر سکتے ہین انہین ایک ہمخیال کی آواز بلند ہونے سے مسرت ہوگی اور مخالف خیالات کے قابو مین نہ آنے کیلئے پہلے سے زیادہ مستعد ہو جائینگے یا اگر کوئی شخص میری تمام تحریر سے متفق نہ ہو لیکن اسکے بعض مقامات سے اپنے بعض خیالات مین ترمیم کی ضرورت محسوس کرے تو یہ بھی ایک فایدہ ہوگا - اور یہ سب فائدے ضرورت کے لحاظ سے اگرچہ کم ہین لیکن اگر حاصل ہون تو نہ ہونے سے بہتر ہین اور اگر نہ ہون تو بھی اُنکی آرزو مین اپنے نقطۂ خیال سے ایک مناسب آرزو اور اُس کیلئے کوشش انسانی فرض سمجھتا ہون

مجھے مفصل معلوم نہین کہ خاص ان مضامین مین قوم کے قابل تہون نے کس قدر کام کیا ہے اگر کوئی تحریر انہی عنوانون پر شائع ہو چکی ہے مگر نتائج اور پیدا کئے گئے ہین تو میری کوشش جداگانہ نتائج پیش کرنیکے سبب ضرور توجہ کی مستحق ہوگی - اور اگر انہی نتائج کو ثابت کیا جا چکا ہے تو بھی ایک مضمون کی دو تحریرین طرز بیان مین ضرور مختلف ہونگی - اور اگر کوئی مضمون توجہ کے قابل ہو تو اُسکا مختلف طرزون سے پیش ہونا بہر حال مفید ہے اور مین اس مضمون کو توجہ کے قابل سمجھتا ہون اس لئے ایسی کوشش کو اس صورت مین بھی فضول نہین سمجھ سکتا -

اِس تحریر مین جو نقص ہونگے وہ دیکھنے والون کو نظر آئینگے۔ البتہ مجھے اِس کی طوالت اور پیچیدگی کی نسبت خیال ہے کہ شاید عیب معلوم ہو لیکن اول تو یہ گذارش ہے کہ میرے دعاوی اگرچہ دیرینہ ہین مگر اُن کو ثابت کرنیکا طرز (کم از کم میرے خیال مین) ضرور نیا ہے اور مین سمجھتا ہون کہ جن رستون مین ہوکر مین منزل مقصود تک پہنچنا چاہتا ہون اُردو دان پبلک کو انہین دیکھنے کا کم اتفاق ہوا ہوگا۔ بلکہ اکثر اوقات مجھے اُن مضامین کو اُردو لباس پہنانے مین دقت پیش آئی ہے اِسلئے میری توجہ تمامتر اِسی جانب مصروف رہی ہے کہ کسی طرح اُن مضامین کو ادا کرسکون اور کسی مقدمہ کو جس قدر الفاظ سے مین اپنے ذہن مین قائم کرسکا ہون جب لکھنے کے وقت انہین واضح نہین پایا تو اور طول دینا پڑا ہے اور اس وجہ سے عجب نہین کہ کہین ناگوار طول۔ کہین تکرار اور کہین سلجھانے کی کوشش مین اور پیچیدگی پیدا ہوگئی ہو۔ اور دوسرے مجھے اپنے قصور کا اعتراف ہے کہ مین کسی مضمون کو منشیانہ قابلیت سے ادا نہین کرسکتا۔ لیکن نقص اگر ہے تو اس کا الزام ایک شخص واحد پر ہوگا اور بالانصاف ناظرین سے یہ توقع بیجا نہین کہ نفس مضمون کی صحت و سقم کو پرکھین۔ اور اگر صداقت نظر آئے تو غیر فصیح کلام کے سبب گرد آلود چہرہ کی ذاتی خوبی دیکھنے مین توجہ سے دریغ نہ فرمائین۔

اس تحریر مین جس قدر مطالب دیگر اہل الرائے سے اخذ کئے گئے ہین اُن کو ظاہر کرنیکا حتی الوسع اہتمام کیا ہے۔ لیکن اگر کسی اور کا مضمون اس طرز پر ادا ہوا ہو کہ بظاہر مصنف کا طبعزاد سمجھا جائے تو یہ سہو انسانیت ہوگا ورنہ مجھے اعتراف ہے کہ میرا طبعی کارنامہ کچھ بھی نہین اور جو کچھ ہے وہ اہل علم کی خوشہ چینی کا ثمر ہے۔ اور بعض اوقات کسی مصنف یا مبصر کا خیال اس طرح ذہن مین در آتا ہے کہ اُس کا فیضان محسوس نہین ہوتا لیکن متفکرہ پر اثر کرتا ہے اور جب انسان ذہنی عمل سے اسی نتیجہ پر پہونچتا ہے تو سمجھتا ہے کہ یہ خود اس کا فعل ہے حالانکہ حقیقت مین خارجی ترغیب کا اثر ہوتا ہے اور اس طرح پر ممکن ہے کہ میرے اکثر بلکہ تمام مضامین کی لہر اسی قسم کے شبنمی قطرون سے مرکب ہو۔

مجھے اکثر جگہ آیات قرآنیہ کا حوالہ دینے کی ضرورت پیش آئی ہے اور ہم مسلمانوں کے نقطۂ خیال سے قرآن پاک کا ہر حرف اور ہر حرکت بیشمار لطائف و نکات سے معمور ہے اس لیے اس کا ترجمہ جس قدر دشوار ہے محتاج بیان نہیں اور میں نے جو ترجمہ لکھا ہے وہ آیت کے تمام مطالب پر نہ حاوی ہو سکتا تھا اور نہ ایسی کوشش کی گئی ہے بلکہ صرف اس مدعا کو ظاہر کرنا مدنظر رہا ہے جس کے لئے کسی آیت سے استناد کیا گیا ہے۔ والسلام۔ تحریر ۱ صفر ۱۳۲۸ھ

راقم

محمود علی عفی اللہ عنہ

کپورتھلہ

زیب عنوان

تصنیف کو کسی قابل تعظیم بزرگ کے نام سے مزین کرنا اہل تصنیف کا عام دستور ہے جس سے کتاب کو کیسی ذاتی عظمت ہو معزز کرنا یا کتاب کی پائیداری سے کسی محسن کی یادگار قائم کرنا مقصود ہوتا ہے اور میرے خیال میں کتاب سے خود مصنف کی بقا اسی لیے متصور ہے کہ اسکی کوشش نے کتاب کو موجود کیا۔ اس لیے مصنف کے علاوہ اور جو لوگ کتاب کی ہستی کا باعث ہوں وہی سب سے زیادہ کتاب کے ساتھ قایم رہنے کیلئے شایان ہیں اور انہی کے نام سے کتاب کو زینت ہونی چاہیئے۔ مجھے اس تحریر کی توفیق اسی لئے ہوئی کہ ایک عرصہ تک بعض اہل علم کی کفش برداری کا شرف حاصل کیا ہے سب سے پہلے اور بہت عرصہ تک جس مکتب سے فیضیاب ہوا ہوں وہ یادش بخیر آغوش پدر تھی۔ اور نہ صرف اسی قدر بلکہ وہ روحانی تعلق جس کے بغیر انسان کو انسان کہنا شیر قالین کو شیر نیستان کا خطاب دینا ہے اور جس کا فی زمانہ بہت کم اور محض رسمی

لحاظ رکھا جاتا ہے مجھے وہ تعلق بھی جیسا کچھ ہے اُسی جناب سے ہے جس کا توسط جسمانی وجود کا باعث ہوا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح فخر کرتے ہین کہ اُن کے والد بھی ہین اُستاد بھی ہین اور پیر بھی ہین۔ اس اعزاز سے فائدہ اُٹھانا خوش نصیبون کا حصہ ہے مگر السحر بعد کہ فخر مجھے بھی حاصل ہے۔ تہیدستی شامل احوال ہے ورنہ میرا عقیدہ ہے کہ جس جناب سے مجھے یہ تینون تعلق ہین اُنکی ذات سے ہر طرح کی دولت حاصل ہو سکتی تھی ؛

پدری تربیت کی اثنا مین اور اُسکے بعد اکثر بزرگوارون کی آستان بوسی باعث افتخار ہوئی اور آخر مین بخت بیدار شمس العلما مفتی محمد عبداللہ صاحب ٹونکی پروفیسر اورینٹل کالج کی خدمت مین لیگیا اور مجھے بجا فخر ہے کہ جس مایۂ فضیلت سے سب کے بعد جیب و دامن بھر نیکا موقع ملا وہ اپنے کمال مین گذشتہ اسلامی فہم و فراست کی بمنظر یادگار ہے اور اسی خوان نعمت کی ریزہ چینی کا اثر ہے کہ باوجود بیسامانی میدان تصنیف مین قدم رکھنے کی جرأت ہوئی۔

پس مین اس ناچیز تحریر کو اپنے والد بزرگوار میر سید علی دہلوی مرحوم اور مفتی صاحب قبلہ کے اسمائے گرامی سے مزین کرتا ہون۔ والد ماجد جہان فانی کو طے کر چکے ہین اسلئے اُن کی خدمت مین عرض کرنے کی صرف یہی شکل ہے کہ نامحسوس قلبی صدا فضائے خیال سے عالم روحانی تک پہنچاؤن اور اپنی آرزو کیلئے غائبانہ شرف قبول کی التجا کرون البتہ مولانا مدظلہ کی خدمت مین یہ ناچیز ہدیہ پیش کرنیکے بعد اجازت کی درخواست کر سکتا تھا جو نہین کر سکا۔ کیونکہ میرے خیال مین جس طرح اپنے محسن کی یاد کا دل مین موجود رہنا ایک فطری کشش ہے اور اس موقع پر اجازت کا ذکر ایک بے اختیاری فعل پر داد کی طلب ہے اور جس طرح اپنے محسن کا ذکر زبان پر لانا اخلاقی فرض ہے اور اسکے ساتھ اجازت کا تذکرہ زیبا نہین اسی طرح اپنے محسن کا نام نامی تحریر مین لانا تحریر کرنیوالے کا اپنا فخر ہے اور اس لئے یہان بھی اجازت کو دخل دینا فرض واجب الادا کو احسان کے لباس مین جلوہ گر کرنا ہے۔ اور اُدھر گرانبار ی احسان اصرار کرتی ہے کہ جب مصنف کا نام جو حقیقت مین کچھ نہین

کتاب کے ساتھ وابستہ ہے تو جس سرچشمہ سے یہ نم پیدا ہوئی ہو اُس کا ذکر نہ کرنا کفرانِ نعمت ہے۔ بیشک جو نتائج مینے پیدا کئے ہین وہ غلط ہون تو الزام مجھ پر ہوگا اور شاگردی تعلق سے اساتذہ جواب دہ نہین ہو سکتے مگر تمنا ہے کہ جو قابل یادگار ہین اُن کے اسماء گرامی ہمیشہ صفحۂ ہستی پر ثبت رہین۔ یہ عاجز نہ رہیگا لیکن جو فیضان اِسے متحرک کرتا ہے وہ قائم رہے تو اور موجدین اس سے بہتر و برتر پیدا ہو سکتی ہین ٭

در چمن خندۂ گل از اثر بادِ صباست
گل نماند مگر این باد بہاری ماند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

باب اول

مذہب اور فطرت

مذہبی احساس کی قوت - مذہب کو نابود کرنے کی کوشش اور اُس کا انجام - مذہب کو پیدا کرنیکے اسباب بھی فطری ہین - کیا مذہب استدلال سے پیدا ہوا ہے - مذہب کے خلاف کوئی دلیل موجو نہیں عقلی ترقی سے مذہب روشن ہوتا گیا ہے - سائنس مذہب کی کیا خدمت کرتی ہے - مذہب اور معتقدایان قوم - مذہب کا معبود ہمیشہ ایک نہیں رہا - ایک معبود منہونے کی وجہ - بعض قومین مذہب سے معرا ہین اکثر اشخاص لامذہب ہوتے ہین - تربیت کا اثر اور نیز استثنا بھی قانون قدرت ہے - لامذہب بھی اکثر کسی نہ کسیطرح کا مذہب رکھتے ہین - مذہب کی تعریف - ایک دہریہ کے قول مین مذہبی نشان - درپردہ مذہبی کشش کے چند اور نمونے - مذہب فطرت مین وہی درجہ رکھتا ہے جو عقل و ترقی وغیرہ صفات کو حاصل ہے

انسان کسی چیز کو دیکھتا ہے - اُسکی شکل صورت اور قطع وضع سے رغبت یا نفرت کا خیال دل مین پیدا ہوتا ہے - اگر عقل خدادادیاری کرتی ہے تو اُس کے متعلق تحقیق و تفتیش مین مصروف ہوتا ہے - حواس ظاہری کو حتی الوسع پورے طور پر کام مین لاتا ہے پھر فکر و تخیل سے مدد لیتا ہے

استقرار و قیاس تمثیل و ترجیح کے قاعدے استعمال کرتا ہے اور کسی نتیجہ پر پہنچ کر اسے ہاتھ میں لانے یا اس سے اجتناب کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اگر تہذیب و تربیت سے بے بہرہ ہوتا ہے تو محض حسِ ظاہری یا خیالِ باطل سے متاثر ہو کر فوراً اسکی طرف جھپٹتا ہے یا خوف زدہ ہو کر بے تحاشا بھاگ جاتا ہے۔ غرض تمام مظاہرِ عالم اور تمام مناظرِ قدرت کے پیشِ نظر ہونے پر عالم و جاہل اپنے اپنے مدارجِ علم و جہل کے مطابق اسی روش پر کاربند ہوتے ہیں اور اسکے برخلاف جس چیز تک نظر یا دیگر حواس کی رسائی نہیں ہوتی نہ اس سے محبت یا نفرت پیدا ہوتی ہے اور نہ اُس کی نسبت فہم و ادراک مصروفِ کار ہوتے ہیں اور نہ اس کے متعلق حصولِ یا دفعت کی کوشش ظہور میں آتی ہے۔ اگر اس کو قوتِ مدرکہ کا ایک کلیہ قاعدہ مان لیا جائے جیسا کہ بظاہر انسانی دل و دماغ کے تمام حرکات اور اعمال سے ثابت ہوتا ہے تو بیشک بعض کہنے والوں کے ساتھ ملکر کہنا پڑے گا کہ محض حسِ ظاہری اور عقل ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ اور نتائج کے بعد توجہ یا گریز کا اثر مرتب ہوتا ہے اور جو چیز نہ محسوس ہو اور نہ عقل اُسے استنباط کر سکے وہ نہ چیز کہلانے کی مستحق ہے اور نہ اُسکی نسبت کسی قسم کا علم و یقین پیدا ہو سکتا ہے۔ اور فی الحقیقت قوتِ مدرکہ اور طبیعتِ انسانی کی یہ خاصیت ایسی عام اور وسیع ہے کہ جہاں تک عام طور پر تلاش و تجسس کی حد ہے اس کے خلاف پایا نہیں جاتا اور اسلیئے اس کو قاعدہ کلیہ ماننے میں تامل نہ ہونا چاہیئے۔

لیکن جس طرح دُنیا کے اکثر کلیہ قاعدوں میں استثنا ہوا کرتا ہے اسی طرح استثنا سے یہ قاعدہ بھی بری نہیں ہے۔ بیشک ہم کسی چیز سے بغیر دیکھے نہ ڈرتے ہیں اور نہ اس کیطرف رغبت کرتے ہیں مگر یہ بھی قریباً ساری دُنیا اور غالباً تمام بنی نوع انسان کا متفقہ میلان ہے کہ کم از کم ایک نادیدہ ہستی کی طرف انکی رغبت ہے اور رغبت بھی ایسی کہ اور تمام رغبتوں سے فائق اور اُسی ایک نادیدہ ہستی سے خوف ہے اور خوف بھی ایسا کہ دُنیا کی بڑی سے بڑی چیز بھی ایسی خوفناک نہیں۔ وہ اُسے دیکھ نہیں سکتے لیکن جو کچھ بھی دیکھتے ہیں اُس میں اُسی کا

جلوہ نظر آتا ہے۔ اور جس کو دیکھتے ہین اُسکے وجود مین شک کرین تو کرین لیکن جس کا نُور آنکھون مین سما رہا ہے اُس پر بے دیکھے ایسا یقین ہے کہ اُسکے خلاف ہزار حجتین پیش ہون لاکھ دلیلین بیان کی جائین اور انسان عقلی طور پر جواب دینے سے عاجز آجائے بلکہ کسی وقت مخالف کی مخالفت سے مغلوب ہو کر اُس یقین کو چھوڑنا چاہے غرض کیسی ہی دوڑ کر اور بحث و تکرار ہو دل جسمین یقین گھر کیئے ہوئے ہے وہ فنا ہو جائے تو ہو جائے مگر یقین فنا نہین ہوتا اور اعتقاد زوال نہیں پاتا۔ وہ اسے سمجھ نہین سکتے اور عقل جو ہر میدان مین جولانیان دکھا دکھا کر لوگون کو حیران و ششدر کر رہی ہے اُس کے سراپردۂ جلال پر جا کر خود حیران و ششدر رہجاتی ہے مگر جن عقدون کو سمجھنے کا دعوے کیا جاتا ہے اُن مین سے ہر ایک اُس ناقابل فہم ہستی کو زبان بے زبانی سے ایسا سمجھا رہا ہے کہ سمجھی ہوئی باتین غلط ہون تو ہون مگر اُس برتر از خیال و قیاس ہستی کا جو قبضہ خیال و قیاس پر ہے خود خیال و قیاس کے فنا ہونے پر بھی دور نہیں ہوتا اور چونکہ یہ اعتقاد جاہل و عالم عامی و عارف ہر شخص کے دل پر کم و بیش قبضہ کیئے ہوئے ہے اور دُنیا کا کوئی حصّہ اور زمانہ کا کوئی عرصہ ایسا متحقق نہین ہوتا جس مین لوگ اِس یقین سے قطعاً بے بہرہ ہون اس لیئے کہا جا سکتا ہے کہ یہ یقین عقل و استدلال سے پیدا نہین ہوا۔ کیونکہ اِس یقین کے دلائل عقلیہ جہان تک پیدا ہو سکے ہین ایسے دقیق اور پیچیدہ ہین کہ جب کبھی ہستی باری تعالی کے ثبوت کو محض ان دلایل پر منحصر سمجھ کر بحث و تکرار کیا گیا ہے تو بڑے بڑے عقلا کو اِس ثبوت مین طرح طرح کے شکوک اور فیصلہ کے وقت اُن مے گوناگون مذاہب پیدا ہوتے رہے ہین جس سے ثابت ہوتا ہے کہ محض عقل ایسے جوہر کا پیدا کرنے کے قابل نہین اور اگر ہے تو بھی نہایت ہی باریک بین اور نکتہ رس عقول کا کام ہے کہ محض استدلالی طریق سے اُس ہستی کا پتہ لگائین اور چونکہ عقل کو روشنی اور جلا کا یہ درجہ تعلیم و تہذیب کے اعلےٰ پایہ پر پہونچ کر حاصل ہو سکتا ہے اِس لیئے ضرور تھا کہ ہستی باری تعالیٰ کا یقین اگر محض استدلال پر منحصر تھا تو جاہل قومون مین پایا نہ جاتا بلکہ تہذیب کے ابتدائی مراتب

میں بھی اِسکا وجود نہ ہوتا حالانکہ واقعیت اِس کے خلاف ہے اور جہلا کے دلون مین جس وثوق اور اطمینان کے ساتھ یہ یقین موجود رہتا ہے وہ بسا اوقات علماء کے لئے قابل رشک ہوتا ہے اس لیئے خیال ہوتا ہے کہ اگر وجود باری تعالی کا یقین عقل و استدلال پر موقوف نہین اور باوجود اِس کے ہر زمانہ اور ہر ملک مین اس عموم کے ساتھ پایا جاتا ہے تو ضرور ہے کہ فطرت انسانی مین دیگر فطری خواہشون کیطرح یہ یقین بھی ازل سے ودیعت ہوگا ٭

مذہب کو نابود کرنے کی کوشش اور اسکا انجام

اگرچہ یہ ضرور ہے کہ کم از کم تاریخی زمانہ کے ہر عرصہ مین ایسے چند اشخاص بھی موجود رہے ہین جو اس یقین سے بالکل معرا ہون - بلکہ وہ لوگ اپنی طاقت کے موافق اِس امر کی کوشش بھی کرتے رہے ہین کہ اس خیال کو لوگون کے دل سے مٹائین اور چونکہ بندشین انسان کے خیالات اور اعمال پر خدا کے یقین سے لازمی طور پر عاید ہوتی ہین اُن کو زایل کرین اور چونکہ خود انسان کی فطرت مین بندشون سے رہائی پانے کی خواہش نہایت قوت کے ساتھ موجود ہے اور ضرور ہے زندگی کو مہیا کرنے اور نفسانی خواہشون کو برلانے کیلئے وہ چاہتا ہے کہ ہر طرح کی آزادی سے بہرہ یاب ہو اور لذایذ جسمانی کے حصول مین کوئی مزاحمت سد راہ نہ ہو اس لیئے چاہئے تھا کہ خدا کے یقین کو زائل کرنے کی کوشش اس کے اپنی دنیوی خواہشون کی مدد سے نہایت آسانی کے ساتھ کامیاب ہوتی - اور دوسرے بسا اوقات دنیوی تہذیب کی ترقی سے تعلیم و تربیت بھی ایسی رائج ہوجاتی ہے جسمین منہمک دیکھ کر کچھ عرصہ کیلئے اندیشہ پیدا ہوجاتا ہے کہ مذہبی قیود اور خدا کا یقین ایسی نسل یا ایسے ملک سے بالکل زائل ہوجائے گا جسمین محض مادی تعلیم و تربیت پر مدار کار رہ گیا ہے - مگر زمانہ چکر کھاتا ہوا چلا جاتا ہے - مادی علوم و فنون اپنی ترقی و تنزل کے آثار چڑھاؤ سے اپنی اپنی نوبت مین ہر ملک اور قوم کو کمال و زوال کی چاشنی چکھاتے ہوئے جارہے ہین اور ایسے لبھانے والے دلکش ترانون اور فرحت بخش نغمون سے عوام الناس کو اپنی طرف کھینچنے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کرتے اور کسی کسی وقت انکی کامیابی کا گمان بھی ہوجاتا ہے لیکن پھر بھی ایسی خوشگوار آزادی کو پسند کرنیوالون اور مذہب سے بیزار ہوکر اُن لوگون کے

ساتھ سر ملانے والون کی تعداد کو اُن لوگون کی تعداد سے مقابلہ کیا جاوے جو باوجود آزادی کی خواہش اور اُن لوگون کی کوشش کے مذہبی دائرہ سے قدم باہر نہین نکالتے یا نہین نکال سکتے تو عاجز آکر ان آزاد خیال بزرگوارون کی اپنے خلاف سنے انتہا کثرت دیکھ کر اس کی وجہ تلاش کرتے ہوئے بے اختیار کہنا پڑتا ہے کہ:-

"جب تک انسانی زندگی انسانی تمناؤن کو برلانے کے ناقابل ہے تب تک یہان کی کامیابیون سے بالاتر لذائذ کا اشتیاق قایم رہیگا تب تک اس اشتیاق کو صریح تسکین مذہب سے حاصل ہوگی جب تک دنیوی زیست تکالیف سے معمور ہے تسلی کی ضرورت رہیگی جو خود غرضون کو بہشت کی امید سے اور پارسا لوگون کو خدا کی محبت سے حاصل ہوگی" [1]

مطلب یہ کہ واقع مین مذہب یا ایمان مین کوئی خوبی نہین بلکہ انسان مبتلا ہی ایسی حالت مین ہوا ہے جس میں ہاتھ پاؤن مارتے ہوئے عاجز آتا ہے تو روحانی اور مابعد الموت فوائد پر بھروسہ کرکے اپنے دل کو اطمینان دیتا ہے +

مذہب کو پیدا کرنے کے اسباب پہلی فصل مین -

لیکن مذہب ضروری اور مفید ہو یا نہ ہو سر دست دیکھنا یہ ہے کہ جس خیال کو وہ اپنے زعم مین بالکل غلط اور بے سر و پا سمجھتے ہین اسمین غور کرتے ہوئے وہ خود کس نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔ وہ مذہب کو یا خدا کے یقین کو انسانی فطرت مین داخل نہین سمجھتے مگر نوع انسانی کو پابند مذہب دیکھ کر اسکی وجہ تلاش کرتے ہین اور اس جستجو مین مذہب کو پیدا کرنے والے اسباب وہ نظر آتے ہین جو خود قدرت نے اپنے ہاتھ سے پیدا کئے ہین اور انسانی اختیارات و تصرف کو اُن مین دخل نہین۔ انسان کا اپنی تمناؤن کو برلانے کے ناقابل ہونا یہان کی کامیابیون سے بالاتر لذائذ کا اشتیاق قائم رکھنا اور انسانی زندگی کا تکالیف سے خالی نہ رہنا یہ تمام اسباب فطری ہین پس جو نتیجہ ان فطری اسباب سے بقول پر مرتب ہوتا ہے یعنی مذہب اگر وہ فطری نہ ہو اس لیئے کہ اس کے اسباب ان حکمہ کا ضعف معلوم ہو گئے ہین تو انسان کے دیگر فطری خواص بھی اسی دلیل سے غیر فطری ہو جو نکہ یہ استدلال بھی مثلاً بھوک و پیاس انسان و حیوان کی سب سے مقدم فطری خواہش

[1] مسٹر جان سٹوارٹ مل۔ ایسے ۳ ۱۸۷۳ء صفحہ

کوئی سبب موجود نہین یا معلوم نہین ہوا؟ اور کیا اسکو غیر فطری ثابت کرنے کیلئے نہیں کہہ سکتے کہ جبتک حرکت حرارت وغیرہ اسباب انسان کے جسم کو تحلیل کرتے رہتے ہین اور جب تک معدہ اور دیگر اعضائے غذائیہ اپنے موجودہ ذخیرہ کو بدل ما یتحلل مین خرچ کرکے اپنے سکڑنے اور کشش پیدا کرنے سے ایک طرح کی تکلیف پیدا کرتے رہتے ہین انسان وحیوان کو بھوک پیاس کی تکلیف مضطرب کرتی رہے گی پس اگر اس دلیل سے بھوک پیاس کا فطری نہ ہونا تسلیم کیا جاسکتا ہی تو بیشک مذہبی احساس بھی چونکہ دنیوی تکالیف سے پیدا ہوتا ہے فطری نہ ہوگا۔ بلکہ ترقی جو انسان کی سب سے ممتاز اور اسے دیگر حیوانات سے برتر ثابت کرنے والی خاصیت ہے بذرہ خود انسان کی ناحاصل شدہ تمناؤن اور موجودہ تکالیف کے سبب سے پیدا ہوتی ہے اور اسکی نسبت بعینہٖ مسٹر مل کے الفاظ مین استدلال کیا جاسکتا ہے اور کہا جاسکتا ہے کہ۔

"جب تک انسانی زندگی انسانی تمناؤن کو برلانے کے ناقابل ہے تب تک" موجودہ حالت سے برتر حالت" کا اشتیاق باقی رہیگا اور اس اشتیاق کو صریح تسکین "ترقی" سے حاصل ہوگی۔ جب تک دنیوی زیست تکالیف سے معمور ہے تسلی کی ضرورت رہیگی جو محض "ترقی" سے حاصل ہوگی"

لیکن یہ ایک دھوکا ہے جو ان لوگون کو مذہبی احساس کے کچھ اسباب معلوم ہوجانیسے لگا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس عالم اسباب مین ہر چیز کے لیئے اسباب وعلل ہوا کرتے ہین چنانچہ خواص فطرت بھی اس سے مستثنیٰ نہین ہین لیکن چونکہ ان کے اسباب خود فطری اور انسانی کارروائیسے بالاتر ہین اس لیئے اس بنا پر بھوک پیاس ہو یا مذہب اور ترقی کسی کے فطری چڑھاؤ سے انکار نہین ہوسکتا +

ہین اور اسلیئے گلیڈ اسٹون صاحب اسی بحث کو یون پیش کرتے ہین † کہ انسان اپنی جہالت ووحشت

---

† کتاب "فری تھنکرس ٹکسٹ بک" مین ایک صاحب کو پابند مذہب ظاہر کرکے لیکن پھر بھی ایسی خوشگوار آزاد مذہب مین نقل کیا ہی یہان اسکے ایک مقام کا خلاصہ لکھا گیا ہی ۱۲ صفحہ

کے زمانہ مین اکثر چیزون سے خوف کھاتا ہے اور بعض مناظر کو دیکھ کر پسند کرتا ہے۔ کبھی کسی بلا مین مبتلا ہو کر یاس و نا امیدی کا شکار ہوتا ہے کبھی بے انتہا لذت پاتا ہے اور فرط مسرت سے بے اختیار ہو جاتا ہے مگر اپنی نادانی کے سبب ان مناظر کے مادی اسباب و علل معلوم نہیں کر سکتا اور قوانین قدرت کو نہ جاننے اور نیچر کے بے انتہا وسائل کو نہ سمجھنے کے سبب اپنے دل کو تسکین نہین دیسکتا۔ فرط حیرت سے اُن کو کسی مخفی کارکن اور غیر محسوس طاقت کی طرف منسوب کر دیتا ہے اور روح، دیوتا، خدا وغیرہ مبہم الفاظ سے اپنی دانست مین قدرت کارانہ دریافت کرنیکا دعوے کرنے لگتا ہے اور یہی خیال باپ سے بیٹے تک متوارث چلا آتا ہے اور پھر ایسے لوگون میں سے بڑی سمجھ بوجھ کے لوگ یا حکام اور مذہبی پیشوا لوگون کو اپنی اطاعت مین رکھنے اور اُن سے ذاتی مفاد حاصل کرنے کیلئے اس خیال کو قوی کرتے رہتے ہین۔ اپنے معبودون کے عبادت کے قاعدے قانون بناتے رہتے ہین اور یون لوگون کے غلط خیال اور بیجا خوف سے اُن کی جہالت کے سبب یہ لازمی نتیجہ یعنی مذہب پیدا ہوتا اور بڑھتا رہتا ہے ۔

اُن کے نزدیک جو فطری اسباب مذہب پیدا کرنے کے ہین مثلاً عجائبات اور باعث تکلیف اشیا کا دیکھنا اور اُن کو جہالت کے سبب حل کرنے کے ناقابل ہونا اُن کے بعد مذہب کو پیدا کرنے مین استدلال کو بھی دخل ہے اور انسان غور و فکر کرنے کے بعد اپنی نادانی سے خدا اور دیوتا کے وجود کا غلط نتیجہ نکال لیتا ہے۔ لیکن اگر مذہب استدلال سے پیدا ہوا ہے اور استدلال جس سے وہ پیدا ہوا ہے اُن کے نزدیک حقیقت مین غلط ہے تو جیسا کہ دیگر غلط استدلالون کی حالت ہے تمدن و تہذیب سے اُس کی غلطی معلوم ہونے لگتی اور جون جون بقول ان کے قوانین قدرت اور نیچر کے بے انتہا وسایل کا علم ہوتا جاتا اس استدلال کا ضعف معلوم ہوتا رہتا اور بتدریج مذہبی احساس کم ہوتے ہوتے بالکل فنا ہو جاتا اور چونکہ یہ استدلال بھی ان کے خیال کے مطابق نوع انسان کی محض ابتدائی حالت مین پیدا کیا گیا تھا اس لیئے تمام

زمانہ سے بھی بہت عرصہ پہلے سے اُسکی نسبت شکوک پیدا ہونے لگتے اور پھر وہ شکوک علم و شعور کی ترقی سے اعتراض اور اعتراض سے مذہب کے خلاف قوی دلایل مین تبدیل ہوجاتے اور ہوتے ہوتے مذہب اِس وقت تک کبھی کا صفحہ ہستی سے یا کم از کم مُہذّب قومون سے نابود ہوجاتا۔ جیسا کہ انسانی قربانی، ستی ہونے کی رسم اور عورتون کو مردون کی غلام اور اُن سے بہت کم درجہ کی مخلوق سمجھنے کے خیالات اور اِن کے سوا اور وحشیانہ رسوم و عقاید جنکا وجود مذہبی احساس پیدا ہونے سے یقیناً بعد ہے اور دُنیا کی اکثر قومون مین نہایت کثرت سے رائج رہے ہین غلط استدلال پر مبنی ہونیکے سبب عموماً مہذّب بلکہ نیم مہذّب ممالک سے بھی حرف غلط کیطرح مٹ چکے ہین یا جیسا کہ عرصہ دراز تک قوم کا سردار یا ملک کا بادشاہ بالکل خود مختار اور مطلق العنان اور رعایا کی جان مال اور آبرو کا بے شرکت غیرے مالک و مختار مانا جاتا تھا اور اس کے ہر فعل کو خواہ کیسا ہی خلاف انصاف اور خلاف انسانیت ہو حکم آسمانی اور ناقابل اعتراض سمجھا جاتا تھا اور اب اِس کے بالکل برعکس حاکم وقت کو رعایا کا خادم اور پبلک کی عام رائے کے ماتحت ثابت کیا جاتا ہے اور جان و آبرو ایک طرف اس کو لوگون کی ذرا سی چیز کو بے وجہ صرف کرنیکا مجاز نہین سمجھا جاتا اور اِسی بارہ مین پہلے لوگون کے غلط استدلال اور غلط نتائج غبار بن کر ایسے اُڑ گئے ہین کہ اب خیال مین بھی نہیں آسکتا کہ ان لوگون نے کیون کر اپنے ایک ہمجنس کو ایسے خدائی اختیارات دے رکھے تھے اور ان تمام غلط نتائج کے برخلاف مذہبی احساس کی یہ کیفیت ہے کہ۔

مذہب کے خلاف کوئی دلیل موجود نہین

اوّل تو اس کے خلاف تلاش کرنیوالون کو بھی آج تک کوئی قوی دلیل دستیاب نہین ہوئی جس سے وجود ربانی ناممکن ثابت ہوسکے مسٹر بریڈلا جو انکار خدا مین بہت سرگرم ہیں لکھتے ہین کہ

"منکر خدا نہین کہتا کہ خدا نہین ہے بلکہ یون کہتا ہے کہ مین نہین جانتا لفظ خدا سے تمہارا مطلب کیا ہے۔ میرے دماغ مین خدا کا خیال موجود نہین اور لفظ خدا میرے نزدیک ایسی آواز ہے جس کا صاف اور ممتاز مطلب ہو مین خدا کا انکار نہین کرتا کیونکہ جو چیز میرے تصور مین نہین اور جس کا قصد یا ماننے والون کے دماغ میں بھی ایسا ناممکن ہے کہ وہ اسکی تعریف و تحدید نہین کرسکتے مین بھی چیز کا انکار کیونکر کرسکتا ہون۔"†

† فری تھنکرز بک ص ۸۳ و ۸۴۔

اِس کے آگے مسٹر ولیم آر گریگ کا قول نقل کرتے ہین کہ۔

"ایک دائمی قدیم اور شخص خدا کا تصوّر مجھے بہت دشوار معلوم ہوتا ہے اور ایسے شخص خالق کے بغیر پیدایش اور ترقی کا تصوّر بھی ایسا ہی دشوار ہے کہ اُس پر غالب نہیں آسکتے۔"

مسٹر جان ایس مل جو آزاد خیالی کے ساتھ علم و فضل اور معقول پسندی میں بھی ممتاز ہین تحقیق مذہب کے بعد اپنی ہیجارہ تقریر مین یہ نتیجہ نکالتے ہین کہ۔

"ایمان کے ثبوت کا اور ایمان کو تسلیم کرنے کے بعد اس کے متعلق وحی والہام کے ثبوت کا امتحان کرنیکے بعد یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مذہب خواہ الہامی ہو یا فطری دونو مین جس قدر ماوراء العادات کا تعلق ہے اُسکی نسبت ایک ذی شعور قلب کا عقلی میلان انکار کی جانب ہے۔ لیکن یہ انکار جیسا کہ ایک طرف خدا کے اقرار سے جدا ہونا چاہئے ویسا ہی دوسری جانب انکار خدا سے بھی علیحدہ ہونا ضرور ہے اور یہ انکار خدا مین سے ہم اپنے انکار کو جدا رکھنا چاہتے ہین یہ بھی سلبی اور ایجابی دو قسم کا ہے لیذا ہمکو اس خیال سے بھی علیحدہ رہنا چاہئے کہ "خدا نہین ہے" اور اس خیال سے بھی الگ رہنا چاہئے کہ "خدا کے ثبوت کی کوئی دلیل نہین ہے"۔ کیونکہ عملاً اس آخری انکار کا بھی وہی نتیجہ ہے جو وجود خدا کو ناممکن ماننے کا ہوگا پس اپنی گذشتہ تحقیق مین جن نتائج تک ہم پہونچے ہین اگر وہ صحیح ہون تو معلوم ہوتا ہے کہ وجود خدا کی شہادت موجود ہے مگر اسکو ثابت کرنے کیلئے ناکافی ہے البتہ ایک کم درجہ کا گمان غالب پیدا کرتی ہے"۔ ‡

اِس زمانے کے مشہور فلاسفر ڈاکٹر ہربرٹ سپنسر لکھتے ہین

"اگر کچھ ایسے لوگ ہین جنھون نے قابل نفرت خیالات مذہب مین ملا کر اسکی اصلی خوبی کو جو سب مذاہب مین مشترک ہے نابود کر دیا ہے تو ایسی جماعت بھی ضرور ہے جو سائنس دان کہلا کر مذہبی عقاید پر ایسی نکتہ چینی کے مرتکب ہوتے ہین جس سے اُن کو نفس علم کی نسبت سخت تعصب پیدا ہو جاتا ہے حالانکہ اُنکی اِس نفرت کے لیئے کوئی دلیل بھی اُن کے پاس نہین۔ وہ صرف اُن ناشایستہ صدمون (اعتراضون) سے واقف ہین جو سائنس نے ان کے بعض عقاید پر پہنچائے ہین

‡ کتاب تھری ایسیز آن ریلیجین ۱۸۷۴ء صفحہ ۲۴۲

اور اس سے گمان کر بیٹھے ہین کہ شاید سائنس ان کے تمام مذہبی خیالات کا استیصال کردیگی اور اس طرح ایک جہل خوف مین مبتلا ہوگئے ہین" †

عقلی ترقی سے مذہب روشن ہوتا گیا ہے

دوسرے جس چیز کو وحشیانہ خوف اور تعجب کی پیدائش مانا گیا تھا اسمین بجائے ضعف اور شک پیدا ہونے کے اور بجائے آہستہ آہستہ فنا ہوجانے کے جیسا کہ دیگر غلط استدلالون کی حالت دیکھی گئی ہے تمدن و تہذیب کی ترقی سے اور جلا آتی گئی ہے اور قوانین قدرت اور نیچر کے بے انتہا وسائل کی شناسائی ہوتے جانے سے اعتقاد و ایمان کا رستہ زیادہ صاف ہوتا گیا ہے۔ پہلے زمانے کے جہلا کسی خوب صورت اور عجیب درخت پتھر یا حیوان کو دیکھ کر اپنے مذہبی میلان کو اسی مین صرف کردیتے تھے اور خدا مانکر اسکی پرستش کرنے لگتے تھے آگے چل کر جب کثرت مشاہدہ اور عقل و شعور کی ترقی سے ان چیزون کے خواص دریافت ہونے شروع ہوئے اور دیکھا گیا کہ یہ عدم سے وجود مین آتی ہین اور کچھ مدت کے بعد فنا ہوجاتی ہین اور نیز اُن کے پیدا اور فنا ہونے کے اسباب کا پتہ لگنے لگا تو جن طاقتون کا علم حاصل ہوتا گیا اور جو نسبتاً ان سے زیادہ روحانی اور حسبانیت سے بعید تھین خدا کو ڈھونڈنے والے هٰذَا رَبِّیْ (میرا خدا یہ ہے) کہہ کر اُن کیطرف جھکتے گئے اور بجائے محسوسات کے اُن ارواح اور طاقتون کو خدا ماننے لگے جن کا اثر وہ اپنے حواس سے محسوس کرتے تھے اور اس طرح بارش کا دیوتا اور ہوا کا دیوتا وغیرہ فرض کیئے گئے۔ اِس سے قدم آگے بڑھا اور ان طاقتون کو بھی ان سے بالائی طاقتون کا محکوم اور ہستی نیست کی زنجیر مین پابند پایا تو اپنے شاہد مقصود کو ان ابتدائی منزلون سے دور نسبتاً زیادہ مجرد فضا مین دیکھنے لگے اور سمجھے کہ اگرچہ یہ طاقتین یا بالفاظ دیگر یہ دیوتا بھی اس کے مظہر اور جلوہ گاہ ہین لیکن حقیقت مین وہ ان سے بالاتر اور ان سب کا حاکم و فرمان روا ہے اور پھر جب تمام عقل و شعور مین آنے والی ہستیون کے کمال عجز اور بے بسی کا یقین ہوا تو لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ (مین زائل ہونیوالون کو پسند نہین کرتا) کہہ کر اور تمام مظاہر قدرت سے منہ پھیر کر اس ایک ہستی کی طرف متوجہ ہوئے جسکی شان ہے لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ

† کتاب فرسٹ پرنسپلز باب اول خلاصہ صفحہ ۷ و ۸ ایڈیشن ۱۸۸۸ء

فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۔ یعنے نظر اُسے پا نہیں سکتی کوئی علم اُس تک پہنچ نہین سکتا اور کوئی مثال اسے واضح نہین کر سکتی ۔

سائنس مذہب کی کیا خدمت بجالاتی ہے

ڈاکٹر ہربرٹ سپنسر اپنے نقطۂ خیال سے اِس مضمون کو خوب ادا کرتے ہین چنانچہ فرماتے ہین

" مذہب کا اصلی مدعا یعنی ایک ناقابل فہم ہستی کا اعتقاد اس کو مذہب کی مختلف شاخین چھیاتی آئی ہین اور ہر ایک مذہب اپنے اپنے دائرہ مین اُسکو کسی نہ کسی قدر قابل فہم مانتا آیا ہے مگر یہ مذہب پر سائنس کا احسان ہے کہ وہ اس مسئلہ کو صاف کرتی جاتی ہے اور ہر ایک محدود علت کے اوپر اس سے عام تر علت ثابت کرتے کرتے وہ آخر اُس اعم العوام علۃ العلل تک پہنچانے کا رستہ صاف کرتی آتی ہے "

چنانچہ اسکی مثال یون دیتے ہین کہ ۔

" آفتاب کو پُرانے زمانے مین دیوتا کی گاڑی سمجھا جاتا تھا اور یون اُسکی حرکت کا ایک ایسا ہی سبب مقرر کر کے جیسا کہ عام طور پر دُنیا مین پایا جاتا ہے اسکی علت کو قابل فہم بنایا ہوا تھا کئی صدیون کے بعد کیپلر نے ثابت کیا کہ تمام سیارے آفتاب کے گرد پھرتے ہین اور ہر ایک کے لیئے خاص دائرہ ہے اور اس کے بعد اُس نے مانا کہ ہر ایک سیارہ مین روح ہے جو اُسکو حرکت دیتی ہے ۔ اِس طرح اس وقت کی پہری سائنس نے ذریعۂ حرکت ایسا ہی ثابت کیا جو بُت پرستون کے نقطۂ خیال سے مِلتا جُلتا تھا مگر اسے نامحدود اور کسی قدر کم سمجھ مین آنیوالا مانا ۔ بعد کے زمانے مین تمام حرکات کو کشش ثقل کا اثر مانا گیا اور کیپلر کی ارواح کو غلط ٹھیرایا تو اب خیال مین آسکنے والی علت کی بجائے ایک خیال مین نہ آسکنے والی علت قایم ہوئی کیونکہ کشش ثقل اگرچہ ہمارے ذہن کی گرفت کے اندر ہے مگر پھر بھی اِس کو خیال مین بالکل مشخص و معین کر لینا ناممکن ہے اور خود نیوٹن نے مانا ہے کہ کشش ثقل ناقابل فہم ہوتی اگر وہ بیچ مین ایتھر کا واسطہ نہ ہوتا " مگر ہم دکھا چکے ہین کہ ایتھر کے واسطہ کو ماننے سے بھی یہ عقدہ حل نہین ہوتا اور کشش ثقل کا اثر سمجھ مین نہین آتا ۔ غرض سائنس کی ترقی سے عام در عام ذرایع اور علل دریافت ہوتے جاتے

ہین اور یہ علل جو زیادہ سے زیادہ نامشخص ہوتے جاتے ہین ضرور ہے کہ ان کو سمجھنے کی قابلیت بھی درجہ بدرجہ کم ہوتی جاتی ہے۔"

آگے چل کر فرماتے ہین۔

"سائنس نے بھی اپنا فرض پورے طور پر ادا نہین کیا۔ پہلے قدم پر سائنس نے مظاہر کا باہمی مسلسل تعلق معلوم کیا اور یون مختلف ارواح کو ذریعہ کاروبار ٹھہرانے سے انکار کیا تو خود بھی ایسے ہی اسباب تسلیم کئے جو پرسنل (شخص) تو نہین تھے تاہم کانکریٹ (جدا شدہ) ضرور تھے اور اس طرح واقعات کو تشریح کرنیکا ایسا طریق اختیار کیا گیا جو اگرچہ موجودہ مذاہب کے طریق سے مختلف تھا مگر پھر بھی انہین مختلف علل کو مانا گیا تھا اور اس طرح نامعلوم کو معلوم سمجھ لیا گیا تھا یعنے ان ملکوتی علل کو چھوڑ کر سائنس نے برق، حرارت، کشش ثقل و اتصال وغیرہ مختلف علتین تسلیم کین۔ اور آزادانہ طور پر دیکھا جائے تو سائنس کا یہ طریق غیر فلسفیانہ ہے جیسا کہ مذہب کا طریق مروجہ (بہت سے دیوتاؤن کو ماننا) غیر مذہبی ہے کیونکہ دونو ناقابل فہمید کو قابل فہمید بنانے کی کوشش کرتے ہین۔ مگر تاہم حال مین بعض سائنس کے اعلیٰ درجہ کے ماہر حرارت، روشنی، مقناطیس وغیرہ طاقتون کو چھوڑ کر جن کو جدا جدا علتین مانا جاتا ہے اب یہ کہنے لگ گئے ہین کہ یہ سب طاقتین کسی ایک اور محیط کل طاقت کے مختلف مظاہر ہین اور اس طرح یہ لوگ اس طاقت کو قابل فہمید سمجھنے سے باز آنے لگے ہین۔"

پھر کہتے ہین۔

"جب سائنس یہ مان لیگی کہ اس کے دعاوی بہت ہی قریب کی چیزون اور صرف تعلقات تک محدود ہین اور مذہب یہ مان لیگا کہ جس راز کو وہ مانتا ہے وہ انتہائی اور مطلق ہے (یعنی جب سائنس حقیقت اشیاء کو جاننے کا دعویٰ چھوڑ دیگی اور جب مذہب کو جاننے کا دعویٰ ترک کر دیگا) تو دونو بالکل متحد ہو جائینگے"†

غرض یہ شان ہے اس احساس کی جس کو غلط استدلال پر مبنی مانا گیا تھا کہ بجائے کم ہونیکے سائنس و فلسفہ کی ترقی سے وہ اور بھی قوی اور قریب بصحت ہوتا گیا اور جو امور انسانی استدلال

† کتاب فرسٹ پرنسپلز خلاصہ باب پنجم صفحہ ۱۰۲-۱۰۳-۱۰۴-۱۰۷-۱۰۸ ۔

مذہب میں ملتا رہا ہے مثلاً خدا کا درخت پتھر وغیرہ میں محدود کرنا یا اس کے بعد محسوسات میں ظاہر ہونیوالی طاقتوں میں منحصر سمجھنا یا آگے چلکر ان سے زیادہ مخفی قوتوں کو اپنا معبود ٹھیرانا ان امور پر عقل و شعور اور تہذیب و تعلیم کا اثر پڑا اور نور تہذیب نے ان تاریک خیالات کو بتدریج فنا کر دیا اور ایسا ہی ہونا بھی چاہئے تھا کیونکہ یہ امور انسان کے اپنے پیدا کردہ اور غلط استدلال پر مبنی تھے۔ پس بریڈلا کی تقریر میں اگر کوئی بات ہے تو وہی جو مسٹر مل نے کہی تھی کہ جب تک انسانی زندگی تکالیف سے معمور ہے مذہب انسان کیلئے باعث تسکین رہیگا۔ مطلب یہ کہ جبتک زمانے میں انقلاب و تغیر موجود ہے (اور یہ ہمیشہ رہیگا) تب تک انسان ان سے اپنے معبود کی طرف توجہ کرنیکا سامان پائیگا اور چونکہ یہ سامان خود بخود کا پیدا کردہ ہے اس لیئے جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے مذہبی احساس کے فطری ہونے میں اس سے کوئی شبہ واقع نہیں ہوتا۔

مذہب اور مقتدایان قوم

شائد اس اعتراض میں یہی نقص تھا جسکی وجہ سے مسٹر بریڈلا اور اُن کے ہمخیالوں کو عجائبات عالم کو مذہب کا محرک ماننے کے بعد مقتدایان قوم کی تعلیم و تربیت کا بہانہ بھی تلاش کرنا پڑا لیکن یہ عذر بھی کچھ وقیع معلوم نہیں ہوتا کیونکہ جب مقتدایان قوم کے بنائے ہوئے دیوتا اور اُن کی تعلیم کردہ رسوم تمدنی اور عبادات مذہبی جن پر اپنے اپنے وقت میں نہایت سختی سے عمل ہوتا رہا ہے تہذیب و تعلیم سے ایک ایک کرکے نابود ہوتی گئیں اور اُن بزرگوں کا اثر اس سے مانع نہ ہو سکا بلکہ ترقی نے خود بزرگوں اور سب سے بڑھکر بادشاہوں تک کی بالاتری اور خود مختاری کو دلوں سے مٹا دیا اور صرف ایک قدر مشترک یعنی مذہب صرف نابود ہونے سے محفوظ رہا بلکہ اور ترقی ہوتا گیا تو ضرور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مذہب جسطرح غلط استدلال سے پیدا نہیں ہوا اسی طرح مقتدایان قوم کا پیدا کردہ بھی نہیں۔ ڈاکٹر سپنسر لکھتے ہیں :-

"شہادت ثابت کرتی ہے کہ مذہب کو مقتدایان مذہب کا پھیلایا ہوا کہنا غلط ہے اور یہ خیال

کہ نوع انسان کے ایک جگہ سے منتشر ہونے سے پہلے ہی مذہبی خیال معتدبایان مذہب نے پھیلا دیا تھا فلالوجی (علم السان) کے خلاف ہے کیونکہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان مذہب کو ظاہر کرنے کے لایق زبان حاصل کرنے سے پہلے ہی پھیل گئے تھے" ‡

مذہب کا ہمیشہ ایک نہیں رہا

مذہب یا اعتقاد کے فطری ہونے پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ مہذب اور وحشی قومون کا خدا ایک نہین ہے۔ چنانچہ مسٹر جے ایبس مل کہتے ہین

"وحشیون کا مذہبی یقین مذہب عقلی کے خدا کا یقین نہین ہے کیونکہ وہ لوگ تمام قدرتی طاقتون کو جن کا اخذ جان نہین سکتے اور جن کے عمل کو سمجھ نہین سکتے زندگی شعور اور ارادہ سے منسوب کر دیتے ہین اور ان طاقتون کو جو نامکمل سی تعمیم ان کے سمجھ مین آتی ہے اپنی جانب مین اسکی اصلاح کر کے خدا کہنے لگتے ہین اور جتنی یہ طاقتین ہین ... اتنی ہی تعداد اُن کے خداؤن کی ہے۔ ان کے نزدیک ہر ایک دریا چشمہ اور درخت کا خدا جدا گانہ ہے۔ پس ابتدائی جہالت کی اس غلطی کو دیکھ کر یہ سمجھنا کہ اُس بالاتر ہستی یعنے خدا نے اپنی مخلوقات کی فطرت مین اپنی ہستی کا علم ودیعت رکھا ہے خدا کی تعریف نہین بلکہ تحقیر ہے۔ وحشیون کا مذہب نہایت ہی بھدی قسم کی محسوس پرستی ہے۔ وہ جس کو دیکھتے ہین اسے ذی حیات ذی ارادہ مان لیتے ہین اور پھر بھجن اور چڑھاوون سے اُنکو منانے رہتے ہین ..... پھر جب مشاہدہ ترقی کرتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اکثر محسوس چیزون کی بڑی بڑی خاصیتین اُس قسم یا نوع کے تمام افراد مین یکسان موجود ہین اور خاص خاص حالتون مین جو اثر ان سے ظاہر ہوتا ہے وہ اس حالت کے پیدا ہونے پر ہمیشہ یکسان رہتا ہے اور یون محسوسات کو معبود سمجھنے کے بجائے غیر محسوس معبود مانے جاتے ہین جن کی نسبت فرض کیا جاتا ہے کہ وہ تمام نوع پر حکمران ہین اور خاص سے عام کی طرف جانیکا یہ قدم نہایت آہستگی تامل اور خوف کے ساتھ اُٹھایا جاتا ہے جیسا کہ اب بھی جاہل لوگون مین دیکھا جاتا ہے کہ تجربہ کس دشواری سے اُنکو اپنے کسی خاص بُت کی ہیبت ناکی رضامندی اور فوق الفطرت طاقت کے اعتقاد سے ہٹا کر راہ راست پر لاتا ہے اور وحشی لوگون کا یہ مذہبی

‡ فرسٹ پرنسپلز باب اول خلاصہ صفحہ ۱۳ مشمولہ ۱۸۸۰ء۔

خیال اگرچہ کچھ کچھ اصلاح پذیر ہوتا جاتا ہے مگر پھر بھی زیادہ تر اسی خوف کی وجہ سے مدتوں قایم رہتا ہے حتی کہ مہذب دماغون کا مذہب ان کی جگہ لے لیتا ہے۔ اور جس کو مہذب لوگون کا مذہب کہا جاتا ہے وہ یا تو ان دلایل کا نتیجہ ہوتا ہے جسکو براہین عقلیہ کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے اور یا مظاہر قدرت کا۔" †

ایک معبود نہونیکی وجہ

جہان تک واقعات کا تعلق ہے مسٹر میل کا بیان بالکل بجا اور درست ہے اور واقعی مہذب اور وحشی لوگون کے معبودون مین زمین آسمان کا فرق ہے اور جب ان کے معبود ایک نہین ہین تو بظاہر یہی نتیجہ درست ہوگا کہ وہ سب تلاش بھی ایک چیز کو نہین کرتے اور اس لیئے احساس بھی ان سب کا ایک نہین ہے پس مذہب اور ایک مذہب یعنی خدا کا یقین سب کی فطرت مین داخل نہ ہوا۔ مگر اس نتیجہ پر یقین کرنے سے پہلے گردوپیش کے اور حالات کو دیکھنا بھی ضرور ہے مثلاً ابتدا مین جب انسان زمین پر آباد ہوا ہوگا تو اسکو خیال بھی نہوگا کہ یہ زمین جس پر وہ چلتا پھرتا ہے کیا چیز ہے کیونکر بنی ہے؟ کس شکل کی ہے؟ کس چیز پر قایم ہے؟ اور انسان کا اس وقت ان خیالات سے معرا ہونا بالکل یقینی ہے کیونکہ آج اس قدر زمانہ گذر جانے کے بعد کروڑون جاہل افراد اور اقوام موجود ہین جن کے دماغ ان فکرون سے پاک ہین۔ اچھا تو پھر کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد اور اپنی آس پاس کی بہت سی چیزون کی قطع وضع اور ترکیب وتحلیل کے مناظر دیکھنے اور کچھ کچھ واقفیت پیدا کرنے کے بعد جس تختہ پر اُن کی بود و باش کا سامان آراستہ کیا گیا ہے اسکی نسبت انکی تجسس نگاہین دوڑنی شروع ہوئی ہونگی اور یہ پہلا قدم ہوگا جو زمین کے متعلق تلاش وتفتیش کا اُٹھایا گیا۔ اس کے بعد نہ معلوم کس کس زمانے مین کیا کیا خیالات زمین کے متعلق قایم ہوئے ہون گے کیونکہ انسانی تاریخ اس مبہم کی تفاصیل ظاہر کرنے سے قاصر ہے مگر اتنا یقین کرنے کے وجوہ موجود ہین کہ انہون نے پہلے پہل یا چند خیالات کو قایم کرنے اور پھر غلط ہونے کے بعد یہ خیال قایم کیا ہوگا کہ زمین مسطح اور ہموار فرش ہے کیونکہ اس خیال کا پتہ اب بھی جاہل قومون مین مل سکتا ہے اور اس سے آگے بڑھکر کسی وقت وہ خیال قایم ہوا ہوگا جو اب تک ضرب المثلون اور شعرون مین ظاہر کیا جاتا ہے کہ زمین ایک گائے یا سانپ کے سر پر قایم ہے اور گمان ہوتا ہے

† تھری ایسیز آن ریلیجن صفحہ ۲۴۷ و ۲۴۸۔

کہ یہ خیال انسان کے بہت ہی ترقی کرنے کے بعد اُس وقت پیدا ہوا ہوگا جب وہ اِن دلایل کو سمجھنے کے قابل ہوا کہ ہر چیز کسی دوسری چیز پر قایم ہوا کرتی ہے اور بغیر کسی جا کے قیام کے معلق رہنا ممکن نہین۔ پھر اس خیال کے بعد جس خیال کا ہمین علم ہے وہ ہے جو ابھی ابھی علمی دُنیا سے فنا ہوا ہے یعنی یہ کہ زمین گول ہے اور وہ کسی اور چیز پر قایم نہین بلکہ تمام موجودات کے عین وسط مین ہے اور پیاز کے چھلکون کی طرح اس پر ہوا اور آگ اور متعدد آسمانون کی تہین چڑھی ہوئی ہین اور سورج چاند اور تمام سیارے اِس کے گرد گھومتے ہین۔ اِس کے بعد ہمارے زمانے کا دَور ہے جسمین آگ کا غلاف اور آسمانون کی تہین عنبار بن کر ایسی اُڑی ہین کہ کہین دکھائی نہین دیتین اور اب آفتاب دیوتا کی مانند وسط مین اور زمین اور دیگر ستارے راجہ اندر کی پریون کیطرح ہوا مین معلق اِس کے گرد طواف کرتے مانے گئے ہین۔ آگے آگے خدا جانے کیا کیا گُل کھلین گے اور کس راجا کا راج ہوگا مگر اب تک جس قدر انسانی عقل کی ہمت ہے اِس خیال کو یقینی اور ہر طرح سے قابل تسلیم مانا جاتا ہے۔

اِسی طرح انسان ابتدائی حالت مین جس پھل کو دیکھتا ہوگا بھوک سے لاچار ہو کر مُنہ میں ڈال لیتا ہوگا جیسا کہ اب بھی اکثر گنوار سیب ناسپاتی اور کھیرے ککڑی کو بے چھیلے اور صاف کئے اُڑا جاتے ہین پھر ذرا تمیز پیدا ہوئی ہوگی اور خربوزہ تربوز وغیرہ کا چھلکا کھانے کے بعد اُس کے مغز کا ذایقہ چھلکے سے بہتر اور خوشگوار معلوم ہوا ہوگا تو پھل کا پوست اُتار کر کھانے کا رواج پڑا ہوگا اور یہ پہلا قدم ہوگا جو اشیا کی تحلیل اور اجزا کی شناخت کی طرف اُٹھایا گیا ہوگا۔ پھر جب ذرا اور غور و فکر کی عادت پڑی ہوگی تو سمجھنے لگے ہون گے کہ پھل کے عناصر چھلکا مغز اور اُس کے اندر کی گٹھلی اور بیج بھی چیزین ہین اِس کے بعد جب تجربہ بڑھا ہوگا تو بعض چیزون کو پگھلتے اور پانی بنتے اور بعض کو بخار بن کر اُڑتے اور بعض کو خاک ہوتے دیکھا ہوگا اور سمجھے ہونگے کہ چھلکا اور مغز وغیرہ عناصر نہین ہین بلکہ پانی اور ہوا وغیرہ اصلی اجزا ہین جن سے کوئی چیز بنتی ہے اور یون رفتہ رفتہ وہ خیال قایم ہوا ہوگا جس کا جنازہ موجودہ زمانے والون نے پڑھا ہے اور جسکی گور کے نشان اب بھی موجود ہین

کہ اربعہ عناصر ہر چیز کا اصل ہین اور آگے ان کی تحلیل نہیں ہوسکتی - بگر زمانے کو ایک بات پر چین کہان ڈھونڈنیوالے ڈھونڈتے رہے اور کھودنیوالے کھودتے رہے حتی کہ مٹی کو پیسا اور پانی کو چھانا - اتنہونی بات کر دکھائی اور چار کی جگہ ساٹھ سے زیادہ عناصر نکال کر رکھ دیئے - اکائیون سے دہائیون کے آخر تک پہنچ گئے اب سینکڑون اور ہزارون کا نمبر باقی رہا - البتہ پچھلون کی غلطی سے فایدہ اٹھاکر ان لوگون نے یہ عقلمندی کی کہ عنصر کی تعریف کو بدل دیا پہلے عنصر کو نا ممکن التحلیل کہتے تھے اب عنصر اسے کہتے ہین جو موجودہ ذرایع اور وسائل سے تحلیل نہ ہوسکے - گو آئندہ ترقی کرنے اور کسی اور طرح کے وسایل بہم پہنچانے پر وہ بھی صاحب اجزا ثابت ہون اور اس طرح پانی کو عنصر کہنے والے جھوٹے پڑے مگر ہیڈروجن اور آکسیجن کے اجزا معلوم ہونے پر اُن کو عنصر ماننے والے جھوٹے نہ ہون گے کیونکہ موجودہ وسائل سے تحلیل انہی پر ختم ہوتی ہے اور آیندہ جو عناصر ثابت ہون گے وہ بھی وہی ہون گے جن تک اُس زمانہ کے موجودہ وسایل پہنچائین گے -

غرض یہ ہے انسانی عقل اور عقلی ترقی کی حالت کہ وہ پیدا ہوئی تو ہزارون ٹھوکرین کھا کر اور ہزارون غلطیان کرکے یہان تک پہنچی ہے اور مسٹر مل جو کچھ کہتے ہین اس سے انسانی مذہب کی حالت بھی یہی ثابت ہوتی ہے - انسان نے زمین اور پھل کو دیکھا اسمین غور کیا یہ اسکی عقلی خوبی تھی اسی طرح کسی عجیب درخت اور پتھر کو دیکھا اسمین سے قابل تعظیم ہستی کی قدرت کو تلاش کیا یہ مذہبی خوبی ہے - زمین کو دیکھ کر مسطح مانا اور پھل کو دیکھ کر چھلکے اور گودے کو عنصر سمجھا یہ انسانی کمزوری تھی اسی طرح درخت اور پتھر کو خدا جانا یہ بھی سہو انسانیت تھا - آگے چلکر عقل اور مذہب دونونے انسانی کمزوری اور سہو کو محسوس کیا زمین کو گول چھلکے کو قابل تحلیل اور خدا کو محسوسات سے بالاتر مانا مگر کمزوری نے پیچھا نہ چھوڑا اور ایک اور ٹھوکر کھائی کہ عناصر کو چار زمین کو ساکن اور خدا کو قوائے عالمہ مین منحصر مانا - رفتہ رفتہ عقل اور مذہب زور پکڑتے گئے انسانی کمزوری کم ہوتی گئی عقل نے اپنی حالت کو پہچانا عجز کا اعتراف کیا اور کہا کہ واقعیت میری گرفت سے باہر ہے البتہ وسایل تجربہ جس حد تک مدد کرتے ہین اسی قدر یقین کرنے کا حکم نافذ کرتی ہون - اسی طرح مذہب نے اعلان

کیا کہ میرا معبود احاطہ فہم و ادراک سے بالا ہے مگر ذرائع کشف و شہود جس درجہ تک اسکی صفات کاملہ ظاہر کرتے ہین اُسی حد تک ایمان لانیکا فتوے دیتا ہون۔ پس اگر مذہب فطرت مین داخل نہین ہے اس لیئے کہ وحشیون کا مذہب اور چیز کو خدا سمجھتا تہا اور تربیت یافتہ لوگون کا اعتقاد اور خدا کی پرستش کرتا ہے اور اس لیئے دونو کا مذہبی احساس ایک نہین ہے تو عقل بھی انسان کی فطرت مین داخل نہوگی اسلیئے کہ وحشیون کی عقل اور چیز کو امر واقع سمجھتی تہی اور تربیت یافتہ دماغ اور سمجھتے ہین اور اسلیئے دونو کا عقلی میلان ایک نہین ہے۔ مگر نہین عقل کے داخل فطرت ہونے سے انکار نہین ہوسکتا اسلیئے کہ تلاش واقعیت عقل کو ہمیشہ رہی ہے اسی بنا پر مذہب کے داخل فطرت ہونیسے بھی انکار نہ ہونا چاہیئے کیونکہ تلاش خدا مذہب کا دائمی خاصہ رہا ہے ۔

شاید دہوکا یہ ہوا ہے کہ اس اعتراض کے پیش کرنیوالون نے جذبہ فطرت اُس خاصہ کو سمجھا ہے جو شروع سے مکمل اور ناقابل ترقی ہو مثلاً کھانے پینے کی خواہش یا نشو و نما پانے کی طاقت کہ ایسے خواص جس طرح ابتدائے آفرینش مین کام کرتے تھے اسی طرح ہر زمانے مین کرتے آئے ہین اور ایسا نہین ہوسکتا کہ ابتدا مین خوراک کی خواہش کم ہو اور بعد مین اُس کے اندر ترقی ہوئی ہو پس وہ سمجھتے ہین کہ جذبہ فطری وہی ہوتا ہے جو اس طرح ابتدا سے آخر تک ایک حالت پر رہے اور چونکہ مذہب کی یہ صورت نہین ہے اسلیئے وہ اسکو جذبۂ فطرت ماننے سے انکار کرتے ہین مگر یہ ایک غلطی ہے جو حیوانی یا نباتی خواص فطرت اور انسانی جذبات فطرت مین تمیز نہ کرنے سے پیدا ہوئی ہے۔ حالانکہ جس قدر جذبات فطرت شروع سے مکمل اور ناقابل ترقی ہین وہ یا نباتی ہین مثلاً قوت نشو و نما اور یا حیوانی مثلاً بھوک پیاس کا احساس اور اجسام حادثہ چونکہ نباتی اور حیوانی درجہ سے ترقی کرتے ہوئے انسان تک پہنچے ہین اس لیئے انسان بھی جسم نامی اور حیوان کی قسم سے شمار کیا جاتا ہے اور وہ تمام نباتی اور حیوانی جذبات رکھتا ہے جو اسکی ترقی یافتہ حالت کے منافی نہ تھے اور ایسے جذبات بیشک اس کے اندر مکمل حالت مین ہین مگر جو جذبات فطرت انسانی نے پیدا کئے ہین یا جن نباتی اور حیوانی جذبات کو فطرت انسانی نے ترمیم و اصلاح کے ساتھ قایم رکھا ہے ان مین سے غالباً کوئی بھی شروع سے

مکمل اور ناقابل ترقی نہین ہے مثلاً نشو و نما ایک نباتی خاصہ ہے اور اپنے سادہ طریق پر انسان کے اندر شروع سے مکمل ہے لیکن اِس کے واسطے اسباب و وسائل کا تلاش کرنا انسانی خاصہ ہے یا یون کہا جائے کہ جذبہ نباتی مین انسانی فوقیت کی جانب سے ایک اصلاح ہے کیونکہ نبات پر اسباب و وسائل کی تلاش فرض نہین کیگئی بلکہ قدرت خود ہی اِسکا انتظام کرتی ہے اور انسان کے لیئے جو ایک کارکن مخلوق تھا یہ رعایت روا نہ رکھی گئی اور فرض گردانا گیا کہ وہ خود اسباب و وسائل کو مہیا کرے اور یہی فرض حیوانات کی گردن پر بھی رکھا گیا تھا مگر فرق تکمیل اور عدم تکمیل کا ہے کہ حیوانات کی تلاش اول سے ابتک یکسان ہے اور انسان نے اسباب مین ابتدائی نسل کی نسبت آجتک بہت ترقی کر لی ہے - ابتدائے آفرینش کے انسان محض حیوانون کیطرح نشو و نما پاتے تھے اور قدرت کے دسترخوان پر جو الوان نعمت اس غرض کے لیئے چُنے گئے تھے بے سمجھے بوجھے ان سے کام لیتے تھے مگر آجکا انسان بہت سے قواعد حصول معیشت، حفظ صحت، افزائش نسل اور ترقی نمو کے دریافت کر چکا ہے اور بڑی حد تک سمجھ گیا ہے کہ کیونکر نشو نما مین ترقی ہو سکتی ہے اور کن اسباب سے اس مین نقص پیدا ہوتا ہے اور اسی طرح بھوک پیاس اگرچہ مکمل خاصہ ہے مگر انسان نے اپنی ترقی سے بہت کچھ بھوک پیاس بڑھانے کے وسائل اور کم ہونیکے اسباب دریافت کر لئے ہین ۔

یہ تو ان جذبات فطرت کی حالت تھی جو انسان مین نباتیت اور حیوانیت کے درجہ سے منتقل ہو کر آئے ہین اب اُن جذبات کو دیکھا جائے جو فطرت نے خاص انسان کیلیئے پیدا کئے ہین تو معلوم ہوگا کہ یہ تمام جذبات نہایت ہی ضعیف اور نامحسوس حالت مین پیدا کئے گئے ہین اور کمال سب کا آہستہ آہستہ اور بہت سی غلطیون کے بعد ہوا ہے مثلاً صداقت، شجاعت، عدالت، رحم، ہمدردی، نفاست اور خود عقل اور ترقی سب فطری خواص ہین مگر ابتدا سے ابتک انمین سینکڑون تغیر اور ان کے مفہوم مین کئی طرح کے اختلاف پیدا ہوتے آئے ہین - وحشت کے زمانے مین اپنے دشمن کو پامال کرتے ہوئے ضعیفون، اپاہجون، عورتون اور بچون تک کو بیدریغ تہ تیغ کیا جاتا تھا اور بیکسون کی فریاد و زاری اور آہ و بکا پر ترس نہ کھانے کی تعریف

ہوتی تھی اور اس وصف کو شجاعت اور بسالت کے خطاب سے مخاطب کیا جاتا تھا اور کوئی شخص کیسا ہی ظلم و ستم کرنے کا عادی ہو لیکن جب کسی بڑے آدمی کے پاس آکر ذلت کے ساتھ پناہ مانگے تو حمایت کو فرض سمجھا جاتا تھا اور اگر اتفاق سے وہ شخص پناہ دینے والے کے دشمنوں پر کوئی مصیبت ڈال کر آیا ہے تو اسکی طرفداری اور بھی امر لازم اور فرض اتم مانی جاتی تھی اور ایسے پناہ مانگنے والے کی حمایت کو ہمدردی و رحم سے تعبیر کیا جاتا تھا۔ یا ایک زمانے میں دشمن سے مغلوب ہو جانے پر اپنے ہاتھ سے اپنی عزیز اولاد اور وفادار عورتوں کو قتل اور جانوروں کو نابینا کر دیا جاتا تھا اور مال و اسباب کو جلا دیتے تھے اور پھر دشمن پر ٹوٹ پڑتے تھے اور اس فعل کو مقتضائے شرافت و غیرت اور دشمن سے ایک طرح کا انتقام سمجھا جاتا تھا۔ علیٰ ہذا جھوٹ اور فریب سے احتراز محض اپنے دوستوں کیساتھ ضرور تھا اور دشمنوں سے اس قسم کا سلوک جایز بلکہ بعض اوقات واجب سمجھا جاتا تھا۔ غرض یہ اور اس قسم کی ہزارہا غلطیاں تہیں جو ان اوصاف حسنہ کی حقیقت سمجھنے میں کی جاتی تہیں اور بتدریج اور زمانے کا نامعلوم عرصہ گذرنے کے بعد اخلاق حسنہ کی وہ تعریف و تحدید ہوئی ہے جو آجکل بالعموم تسلیم کیجاتی ہے ۔

مسٹر مل ایک موقع پر صداقت و ہمدردی وغیرہ چند اوصاف کا ذکر کرتے ہیں اور دعوے کرتے ہیں کہ ان کا کمال بہت کچھ تربیت پر منحصر ہے اور آگے چل کر تسلیم کرتے ہیں کہ ان اوصاف کا تخم انسان کی فطرت میں موجود ہے۔ اس اظہار سے اس مقام پر جو نتیجہ وہ نکالتے ہیں وہ درست ہو یا غلط مگر یہ ضرور کہنا پڑتا ہے کہ وہی مل جو مذہب کو داخل فطرت ماننے سے انکار کرتا ہے اس بنا پر کہ وہ شروع سے مکمل نہیں بلکہ بہت سی غلطیوں کے بعد اس حالت تک آیا ہے وہ بہت سے دیگر خواص کو تربیت کا محتاج اور باایں ہمہ فطری تسلیم کرتا ہے اور جب بعینہ یہی حال مذہب کا ہے کہ اس کا کمال اگرچہ تربیت سے ہوا مگر نامکمل حالت میں موجود وحشیوں میں بھی تھا اور نیز بعینہ یہی کل عقل اور خاصۂ ترقی کی ہے پس عقل ترقی اور دیگر تمام خواص کے تخم داخل فطرت انسانی ماننے کے بعد اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ مذہب کا تخم بھی اسی طرح داخل فطرت ہو۔

ایسے ۱ صفحہ ۵۳ ۱۸۷۴ء۔

بعض قومین مذہب سے معرا ہین۔

اسی مضمون پر مسٹر مل† مسٹر بریڈلا‡ اور مشہور فلاسفر ڈارون‡‡ چند وحشی اقوام کو پیش کرتے ہین جو مذہب سے بالکل معرا ہین اور دعوی کرتے ہین کہ مذہب فطرت انسانی مین داخل نہین ورنہ یہ قومین انسان ہوکر اس سے خالی نہ ہوتین۔ مگر ایک تو مسٹر تھیوڈور پارکر اس کے جواب مین بجا کہتے ہین کہ :-

"ایسے سیاح (جو لامذہب اقوام کا پتہ دیتے ہین) اکثر غلطی کرتے ہین۔ وہ جس قوم کا ذکر کرتے ہین اُس کے اطوار و رسوم سے کما حقہ واقف نہین ہوتے اور سرسری معاینہ سے حکم لگا دیتے ہین اور اس کے سوا انکا تعصب بھی اکثر اندھا کر دیتا ہے وہ باقاعدہ عبادت، مذہبی اصول و فروع، مذہبی مقتدا، عبادت خانے اور مذہبی رسوم و قواعد تلاش کرتے ہین حالانکہ مذہبی احساس کا ایک درجہ ایسا بھی ہے جسمین یہ علامات بالکل نہین ہوتین اور تاہم مذہب موجود ہوتا ہے۔ سیاح لوگ عبادت کے مروجہ قاعدے نہین دیکھتے تو سرے سے عبادت کے وجود کا ہی انکار کر دیتے ہین اور اس سے بڑھ کر اُس قوم مین مذہبی احساس کو بھی معدوم مان لیتے ہین لیکن اگر کوئی شخص ایسی قوم کو دیکھے جسمین کھانا پکانے کی کوئی علامت اور اس قسم کا سامان موجود نہ ہو تو اس سلبی ثبوت سے کیا یہ نتیجہ نکالنا عقلمندی ہوگا؟ کہ وہ لوگ سرے سے کھاتے پیتے ہی نہین اسی قسم کی شہادت سے بت پرست قدیم عیسائیون کو لامذہب کہدیا کرتے تھے اور بعد مین عیسائی بت پرستون کو کہنے لگے۔" §

اور دوسرے ایسی شہادت کو نامکمل اور ایسی اقوام کا وجود تسلیم کرنے کے بعد جو مذہب سے بالکل معرا ہین دیکھنا یہ ہے کہ آیا کوئی اور فطری خاصہ ایسا نہین ہے جس سے کوئی قوم معرا ہو اور کیا ترقی اور عقل انسان کا فطری خاصہ نہین ہے؟ کیونکہ آجتک جبکہ دنیا کی اکثر قومون نے بے انتہا ترقی کی لی

† ایسے ۳ صفحہ ۱۵۷ سنہ ۱۸۷۴ء

‡ فری تھنکرز ٹکسٹ بک صفحہ ۹۹ سنہ ۱۸۸۲ء

‡‡ ڈیسینٹ آف مین باب سوم۔

§ کتاب مے ڈسکورس آف میٹرز پرٹینینگ ٹو ریلیجن باب سوم صفحہ ۱۷۱ سنہ ۱۸۸۱ء۔

ہے اور جیکہ بعض قومین ترقی کی ایک حد تک پہنچ کر پھر اس دائرہ کے دوسری قوس یعنی تنزل کے راستہ پر بھی ہولی ہین اسی مختصر زمین کے آباد حصہ مین اکثر قومین موجود ہین جنہون نے حیوانیت سے ایک انچ بھر بھی ترقی نہین کی۔ وہی جنگل کی خودرو گھاس پات پر گذارہ ہے اور وہی صحرائی جھاڑیون مین بسیرا ہے اور اسی لیے انکا نام وحش یعنی جھاڑیون مین رہنے والے انسان رکھا جاتا ہے۔ پس جبکہ مذہب فطری نہین ہے اس لیئے کہ وہ بعض قومون مین پایا نہین جاتا تو ترقی اور عقل بھی انسانی فطرت مین داخل ہوگی کیونکہ یہ بھی اکثر قومون مین آجتک معدوم ہے۔ مگر ترقی کو غیر فطری ماننے سے تو یہان تک گریز ہے کہ جب مسٹر ڈارون پر اعتراض ہوا کہ انسان ترقی کرنیوالی مخلوق ہے اور حیوانات ترقی نہین کرتے اور نیز انسان پابند مذہب ہے اور حیوانات نہین ہین اس لیئے انکا دعوے کہ دونو ایک نسل سے ہین غلط ہوگا تو انہون نے مذہب کو انسانی فطرت سے نہایت کشادہ پیشانی کے ساتھ رخصت کر دیا مگر ترقی سے اُسے محروم نہ کر سکے بلکہ نہایت رکیک تاویلون سے حیوانات کو بھی قابل ترقی ثابت کرنے مین مصروف ہو گئے † اور حق یہ ہے کہ بعض قومون مین ترقی

† مثلاً وہ کہتے ہین کہ کسی جنگل مین زیادہ شکار کیا جائے تو ان کے جانور دوسرون کی نسبت زیادہ ہوشیار ہو جاتے ہین۔ حالانکہ یہ دلیل اگر ثابت کرتی ہے تو صرف اس قدر کہ انہین قوت استدلال ہے اور ترقی اگر ہوتی تو اسکی صورت یہ ہونی چاہئے تھی کہ ایک نسل کسیقدر ہوشیار ہوتی تو دوسری نسل اس سے ترقی کر کے گریز کی کوئی اور سبیل ایجاد کرتی اور بسیری نسل بجائے گریز کے مقاومت کی سبیل نکالتی۔ حالانکہ یہان یہ کیفیت نہین بلکہ مصیبت کے وقت جس قسم کی ہوشیاری وہ ظاہر کیا کرتے ہین اس کی نوعیت قرنہین اور صدیان گذر جانے پر آج تک وہی ایک ہے۔ یا مثلاً وہ کہتے ہین کہ کتے جو بھیڑیا اور گیدڑ کی ترقی یافتہ نسل ہے اس نے گیدڑ اور بھیڑیئے سے چستی اور شک اور مکر مین کمی کر لی ہے اور محبت اعتماد اور ملنساری مین بڑھ گیا ہے۔ مگر یہ دلیل بعینہ اپنے دعوے کو ثبوت مین پیش کر دینا ہے کیونکہ ترقی کی یہ مثال اسی شخص کو مسلم ہوگی جو پہلے ان کے دعوے پر یقین کر لے کہ حیوانات ایک دوسرے سے بنے ہین حالانکہ یہ بھی ایک احتمال ہے ملاحظہ ہو ڈی سنٹ آف مین باب سوم ۔

اور عقل نہ ہونے سے یا مذہب کا نشان نہ ملنے سے ان اوصاف کو خارج فطرت نہیں کہہ سکتے اور ڈاکٹر سپنسر کا فیصلہ اس بارہ میں بہت مناسب ہے کہ:-

"بعض قوموں کا مذہب نہ رکھنا خلاف فطرت ہونیکو ثابت نہیں کرتا کیونکہ ایک خاص وجہ ذہانت کا مطلوب ہے جس کے بعد مذہب پیدا ہوا کرتا ہے ..... مذہب یا تو براہ راست خدا نے پیدا کیا ہے یا اوصاف انسانی کیطرح خاص حالت انسانی میں پیدا ہوکر بتدریج بڑھتا گیا ہے اور ہر طرح قابل تعظیم ہے۔"*

اکثر اشخاص لامذہب ہوتے ہیں۔

منکرین خدا تردید مذہب کے لئے اپنے وجود کو بھی ایک دلیل گردانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ لاکھوں انسان لامذہب اور دہریہ موجود ہیں پس اگر یہ چیز فطری ہوتی تو اس قدر ناآشنا موجود نہ ہوتے لیکن اس عذر کا فیصلہ بھی اسی طریق سے ہوسکتا ہے جس سے مذکورہ بالا اعتراضوں کو حل کیا گیا ہے یعنے دیگر خواص فطرت کا مطالعہ۔ مثلاً ہم دیکھتے ہیں کہ کسی قوم پر عرصۂ دراز تک بیرونی اور جابر حاکموں کا تسلط رہنے اور مدت تک ان کے خلاف جد وجہد کرنے پر ناکامی اٹھانے سے اور ان کے ظلموں کو برداشت کرتے کرتے اس حالت کے خوگر ہوجانے سے اس قوم کی شرافت صداقت اور بہت سے اوصاف حسنہ تباہ ہوجاتے ہیں اور انکی جگہ کمینہ پن، مکر و فریب، دروغگوئی اور دیگر رذائل طبیعت ثانیہ بن کر اس قوم کی قومیت کو برباد کر دیتے ہیں یا کوئی قوم کچھ مدت دولت و اقبال سے بہرہ ور اور برتری اور حکومت کے نشہ میں سرشار رہنے سے اور بیرونی دشمنوں کے ساتھ جنگ و مقابلہ کا موقع پیش نہ آنے سے محنت کشی اور شجاعت کے جوہر سے تہیدست اور بزدلی اور آرام طلبی کی عادی ہوجاتی ہے یا کچھ عرصہ تک مذہب و تربیت سے بے بہرہ رہنے پر عدالت اور رحم بلکہ عقل اور ترقی سے بھی ناآشنا ہوجاتی ہے اور ظلم ناخدا ترسی اور جہالت کو اپنا شعار بنا لیتی ہے اور ایسی حالتوں میں وہ لوگ ان اوصاف حسنہ سے ایسے بیگانہ ہوجاتے ہیں کہ جب اس قوم کی خوش قسمتی سے پھر کچھ اسباب ان کو تنبیہ دینے والے پیدا ہوتے ہیں اور کچھ لوگ عقل و شعور اور دیگر کمالات کیطرف توجہ دلاتے ہیں تو شروع شروع میں بلکہ بعض اوقات بہت عرصہ تک وہ لوگ اپنے رہنماؤں اور ناصحوں کو دشمن اور انکی ہدایتوں کو اپنے

* کتب فروشی کی تاریخ کے متعلق ایک مضمون صفحہ ۱۸۸

† فرسٹ پرنسپلز باب اول خلاصہ صفحہ ۱۴ و ۱۶ ایڈیشن ۱۸۸۸ء ‡ کتب فروشی تھنکرز ٹیکسٹ بک صفحہ ۱۸

حق یہ ہے کہ جہان انسان کے اندر اور بہت سی خواص فطرت و دیعت ہیں وہاں ایک خاصہ اثر صحبت اور تربیت پذیری بھی ہے اور نیز خواص فطرت جہان اکثر میں پائی جاتے ہیں وہاں بعض میں سرے سے موجود ہی نہیں ہوتے اور اس قسم کا استثنا شخصی اور قومی ہر طرح کے خواص میں پایا جاتا ہے۔ قوت رجولیت اور گویائی وغیرہ فطری قوتیں ہیں مگر بعض انسان مادرزاد نامرد اور گونگے پیدا ہوتے ہیں اسی طرح مہذب اور علم قوموں میں بعض اشخاص محض کودن اور ناقابل تعلیم نکل آتے ہیں اور بعض قومیں سب کی سب کسی خاص جذبہ فطری سے محروم پائی جاتی ہیں۔ بعض وحشی قوتوں سے عاری ہوتی ہیں تو بعض قلبی ملکات سے حصہ نہیں رکھتیں پس یہی تربیت اور استثنا کا عام قانون مذہب پر بھی حاوی ہے اور جس طرح بعض اشخاص نامرد یا بعض قومیں ناقابل ترقی نکل آتی ہیں اسی طرح بعض لوگ مذہبی احساس سے بے بہرہ پائے جاتے ہیں اور جس طرح گرد و پیش کے حالات سے بعض آدمی اپنی رجولیت اور دیگر قوے کو زائل کر دیتے ہیں یا بعض قومیں ترقی سے تنزل کی طرف آجاتی ہیں اسی طرح کسی زمانہ میں محض جسمانی اور مادی تعلیم کا زور رہنے اور روحانی تاریکی اور جہالت پیدا ہو جانے سے مذہبی جذبہ بمردہ ہو کر تمام فضا میں دہریت کی ہوا پھیل جاتی ہے مگر جب عقل و ترقی کے زائل ہونے پر اس کے داخل فطرت ہونے سے انکار نہیں کیا جاتا تو انصاف کے رو سے مذہب کو خارج فطرت یا اکتسابی کہنا بھی روا نہ ہوگا۔

تربیت کا اثر اور نیز استثنا بھی قانون قدرت ہے۔

اور دوسرے اگرچہ محض مادی تعلیم اور دنیوی توغل کے سبب بلاشبہ مذہبی جذبہ بہت کچھ دب جاتا ہے اور لوگ کثرت سے مادہ پرست اور دہریہ ہو جاتے ہیں لیکن اگر غور سے دیکھا جائے

لامذہب بھی اکثر کسی نہ کسی طرح کا مذہب رکھتے ہیں۔

تو جہالت کی اشاعت سے جس قدر عقل اور ترقی پر زوال آتا ہے مادیت کی تعلیم سے مذہب کو اس قدر نقصان نہیں پہنچا اور جس مبالغہ سے لامذہبوں کی تعداد بیان کیجاتی ہے حقیقت مین اُن کے اعداد و شمار اس سے بہت کم ہین مذہب کی تعریف جو مسٹر پارکر نے کی ہے یعنے

مذہب کی تعریف

"مذہب خدا کے اُن اندرونی اور بیرونی قوانین کی اطاعت کا نام ہے جو اس نے ہماری فطرت مین رکھے ہین اور جو مختلف طریقون سے عقل حیوانی، عقل انسانی، ضمیر اور مذہبی جذبہ کی وساطت سے ظاہر ہوتے ہین" *

یہ تعریف تو ایسی عام ہے کہ غالباً دنیا کا ہر ایک کام اس کے رو سے مذہب میں داخل ہو جاتا ہے مگر جو تعریفین اس سے خاص اور مذہب کو نمایان طور پر تصویر کرنے والی بیان کیگئی ہین مثلاً رفیج کا کا قول ہے کہ "مذہب دُنیا کی اخلاقی سلطنت پر اعتقاد رکھنا ہے" † یا فلاطون کی رائے ہین "مذہب اپنی استطاعت کے موافق خدا کے ساتھ مناسبت پیدا کرنیکا نام ہے" ‡ یا پروفیسر ولیم جیمس ایل ایل ڈی اپنی بے نظیر کتاب مین لکھتے ہین کہ "اگر مذہب کے کوئی ایسے خواص پوچھے جائین جو سب مین پائے جاتے ہون تو جواب یہ ہے کہ مذہب ایک نادیدہ نظام کا یقین دلاتا ہے اور انسان کی سب سے فایق بھلائی اپنے تئین اسکے ساتھ ہم آہنگ کرنے کو بتاتا ہے پس یہی یقین اور یہی ہم آہنگی ہے جو روح کے اندر مذہبی عنصر ہے" ‡ اِن تعریفون سے جس مذہب کا پتہ لگتا ہے اِس سے ناآشنائی محض دُنیا مین بہت ہی کم ہون گے یا کم از کم عقل و ترقی سے محروم رہنے والون کی تعداد ضرور ایسے لوگون سے زیادہ ہوگی کیونکہ اخلاقی گورنمنٹ یا نادیدہ نظام کا یقین اور اِس سے مناسبت پیدا کرنے کی کوشش کی ایک تو یہ صورت ہے کہ کسی خاص ہستی کو معبود ٹھیرا کر اُسکی خوشنودی حاصل کرنیکی کوشش کرین اور اس حالت کو علانیہ مذہب کے نام سے پکارین اور دوسری صورت یہ

---

* اے ڈسکورس آف میٹرز پرٹینینگ ٹو ریلیجین باب چہارم صفحہ ۲۲۱ سنہ ۱۸۸۱ء۔

† ایضاً صفحہ ۲۵۔

‡ کتاب وارائٹیز آف دی ریلیجیس ایکسپیرینس لیکچر نمبر ۳ صفحہ ۵۳ سنہ ۱۹۰۲ء

بھی ہے کہ کسی قسم کے اسباب سے معبود خدا اور مذہب کے نام سے چڑین اور مذہب کا اقرار کرنے والون کے مقرر کردہ اطوار سے جسکو عبادت کہا جاتا ہے نفرت کرین مگر دوسرے نام اور دوسرے طریقون سے کسی خاص مدعا کو اسی عظمت اور اہتمام شان کا خدا بنائین جو پابندان مذہب معبود کیلئے قرار دیتے ہین اور اس تک پہنچنے کی اور اسکو اشاعت دینے کی ویسی ہی کوشش کرین جیسی مذہب والے اپنے اعتقاد کیلئے کرتے ہین کہ اس صورت مین بھی وہی ناویدہ نظام کی کشش ہے جو کسی خاص تربیت کے سبب دوسری شکل مین جلوہ گر ہوئی ہے اور ایسے لوگ جو ان دونو صورتون سے بے بہرہ ہون بہت کم ہون گے۔ وہ لوگ جو ٹیمپرینس سوسائیٹی (فریق مانع مسکرات) یا ویجیٹیرین سوسائیٹی (فریق نبات خوار) وغیرہ ناموں سے اپنا ایک خاص مدعا قرار دیتے ہین اور اس کو سب سے زیادہ اچھا اور مفید جان کر رات دن اسی خیال مین محو رہتے ہین اور اسکی اشاعت کے لیے جنگل اور پہاڑ کاٹ کر ملکون ملکون چکر لگاتے ہین، اسکی منادی کرتے ہین، اسکی تعریف و توصیف کے لکچر دیتے ہین اور بھجن گاتے ہین اگرچہ وہ مذہب کا نام اپنے لیئے گوارا نہین کرتے مگر مذہب نہ سہی سوسائٹی سہی اور اگرچہ کسیکو اپنا معبود نہین کہتے مگر معبود نہ سہی نصب العین سہی ایک اشتیاق ہے جو ان کے دل کو بیقرار کیئے ہوئے ہے اور ایک کشش ہے جو ان کے قلب و جگر کو اپنی طرف کھینچ رہی ہے کسی نے قابل تعظیم ہستی کو تلاش کیا اور درخت پتھر مین اس کا جلوہ دیکھ کر سجدہ مین گر پڑا لوگون نے کہا مذہبی دیوانہ ہے تو کسی اور نے اس سب سے اچھے کو ڈھونڈ اترک مسکرات مین خوبی نظر آئی اسکے پیچھے سرگرداں پھرنے لگا اسے مذہبی دیوانہ نہ کہو سوسائیٹی کا دل دادہ کہو مگر دونو مین فرق کچھ نہین۔ کھانے کی خواہش فطری ہے مگر تندرست کو وہی خواہش الوان نعمت اور لذیذ غذاؤن کیطرف کھینچتی ہے اور ایک قسم کے بیمار مین وہی خواہش مٹی کھانے کی ترغیب دیتی ہے ایسا ہی مرض یہان کام کر رہا ہے کہ فطری جذبہ مطلوب کیطرف کھینچتا ہے لیکن یہ دیوانے اس تک پہنچ نہین سکتے اور اینٹ پتھر یا وہم و خیال کے پیچھے پھرنے لگتے ہین مٹی کھانیوالا اور پتھر یا خیال کو پوجنے والا قابل رحم دونو ہین مگر فطری جذبہ سے محروم نہین ہین۔

ایک دہریہ کے قول میں تضاد کی نشان

اور تو اور وہ خدا کا بندہ جس نے پروفیسر سٹاربک کی گشتی چھٹی کے جواب میں نہایت بیباکانگی ظاہر کی ہے اور اس سوال کے جواب میں کہ "تمھارے نزدیک مذہب کا کیا مطلب ہے" لکھا ہے کہ

"میرے نزدیک مذہب کا کچھ بھی مطلب نہیں اور جہان تک میں خیال کرتا ہوں یہ اَوروں کے لیئے بھی بیسود ہے۔ میری عمر ستر ستھ سال کی ہے اور میں مقام اکس میں پچاس سال رہا ہوں اور پینتالیس سال کاروبار کیا ہے۔ اِس لیئے مجھے مردوں کی اور کسیقدر عورتوں کی زندگی کا تھوڑا بہت تجربہ حاصل ہے اور میں جانتا ہوں کہ جب سے بڑے پابند مذہب اور سب سے بڑے پارسا لوگ راستی اور اخلاق میں سب سے زیادہ ناقص ہوتے ہیں اور وہ لوگ جو عبادتخانوں میں نہیں جاتے اور مذہبی میلان نہیں رکھتے سب سے بہتر ہوتے ہیں عبادت، حمد سرائی اور مذہبی رسوم منحوس کام ہے یہ باتیں سکھاتی ہیں کہ کسی فوق الفطرت طاقت پر بھروسہ کرو حالانکہ ہمکو خود اپنے اوپر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ مَیں خدا کا بالکل منکر ہوں۔ خدا کا خیال جہالت خوف اور توہمات فطرت کی عام ناواقفی سے پیدا ہوا ہے۔ اگر میں اس وقت مرجاؤں مگر جس قدر میری عمر کے لحاظ سے ہوسکتا ہے میں قلبی اور جسمانی طور پر تندرست ہوں تو میں مرنے کے کیفیت ایسا ہی خوش ہونگا جیسا کہ اب ہوں بلکہ راگ رنگ شکار یا اور ایسے ہی عاقلانہ تفریحوں سے لطف اُٹھاتا ہوا جان دیدوں گا جس طرح ایک ٹائم پیس ٹھیر جاتا ہے ہم مرجاتے ہیں اور دونو کے لیئے کوئی بقا بعد الموت نہیں ہے"۔[1]

افسوس ہے کہ مجھے اس شخص کا نام معلوم ہونے کی بھی عزت حاصل نہیں حالانکہ دل میں اشتیاق اسکی زیارت کا ہے کیونکہ باوجود اس ناآشنائی کے جو وہ اپنی طرف سے نہایت زور کے ساتھ ظاہر کرتا ہے مجھ مجیب ازل کا قبضہ اُسکے دل پر بھی نظر آتا ہے وہ مذہب اور مذہب والوں ہی کیوں نفور ہے؟ اِس لیئے کہ راستی اور اخلاق جسکو وہ سب سے اچھی چیز سمجھتا ہے اِس کو اُن لوگوں میں نہیں پاتا۔ وہ خدا کا کیوں انکار کرتا ہے؟ اس لیئے کہ اسکو جہالت اور ناواقفی پر ترجیح سمجھتا ہے اور ان ذمایم سے اُسے نفرت ہی پس کون کہہ سکتا ہے کہ اسکو مکمل خوبی اور مکمل علم کی تلاش نہیں

[1] ورائٹیز آف ریلیجیس ایکسپیریئنس لکچر نمبر ۲ و ۳ صفحہ ۹۲ سنہ ۱۹۰۲ء۔

مگر افسوس ہے کہ بیچارہ بیمار ہے مکمل ہستی کا اشتیاق اسکو اپنی طرف کھینچتا ہے لیکن نظر مین ضعف ہے کھینچنے والے کو نہین دیکھتا اور اس دُنیوی خوبی اور دنیوی علم کو جو حقیقت مین کھینچنے والے کی رسیان اور خدا تک پہنچنے کا ذریعہ ہین بعینہ کھینچنے والا سمجھ لیتا ہے اور اسلئے جو لوگ ان رسیون سے پرے کسی اور کو دیکھ رہے ہین ان پر خفا ہوتا ہے اور ان کے خیال سے نفرت کرتا ہے۔ بچہ بیماری مین کسی ایسی چیز کیلئے ضد کرتا ہے جو طبیب اُس کیواسطے مضر بتاتا ہے۔ سرپرست بجائے اُس چیز کے کوئی مفید اور صحت بخش غذا کھلانے لگتے ہین بچہ غصہ مین آکر لات مارتا ہے اور مفید چیز کو ضایع کر دیتا ہے یہی کیفیت اس غریب کی ہے صرف حسن اخلاق اور دُنیوی علوم کو معراج کمال سمجھتا تھا اور مذہب اس سے گذر کر اور مدعا کیطرف بھی لیجانا چاہتا تھا بچون کیطرح غصہ آگیا اور حقیقی مدعا سے نفرت ظاہر کرنے لگا لیکن جس طرح بچہ حقیقی صحت کی خواہش رکھتا ہے گو اسے نہین سمجھتا اور صحت بخش چیز کو نہین پہچانتا اسی طرح اُسکے دل مین کامل خوبی حاصل کرنے کی خواہش ہے مگر بیماری کے سبب کامل خوبی تک پہنچانے والے مذہب سے بیزار ہوتا ہے۔

پروفیسر جیمیس اس شخص کا قول نقل کرتے ہوئے بجا فرماتے ہین کہ

"اس آدم کی دلی حالت کو بکثرت دہریانی مذہب کہا جاسکتا ہے کیونکہ وہ تمام اشیا کی فطرت کی طرف رجوع کرتا ہے اور اس مین باقاعدگی اور میلان ہے اور اپنے تئین وفاداری کے ساتھ ایک قلبی نصب العین سے وابستہ کرتا ہے"۔

دہریہ وہ مذہبی کہلاتے ہین جو خدا کے منکر ہوتے ہین۔

ہمارے دارستان دہریت کے ہیرو مسٹر ہیڈلے مذہب کے بڑے بھاری مخالف ہین اور اسکو اپنے خیال مین گویا بڑی بُری قسم کا جنون سمجھتے ہین جسمین دُنیا کا بڑا حصہ مبتلا ہے اور ایک دہ یا "ایک ارب تیس کروڑ انسانون مین سے صرف چند ملین" ان کے ہمخیال اس مرض سے بری اور تندرست ہین۔ مگر مجھے وہ بھی اسی مرض مین مبتلا نظر آتے ہین۔ بظاہر یہ ایک عجیب خیال ہے مگر ان کا وہ جوش جو ان کو تردید مذہب مین محو کیئے ہوئے ہے اور وہ تصانیف اور مباحثون کا سلسلہ جو پابند ان مذہب کے خلاف نہایت کوشش سے جاری

رکھا گیا ہے † یہ خود ایک مدعا ہے جس کو وہ سب سے زیادہ پاک اور سب سے زیادہ لائق اشاعت اور قابل اعتقاد سمجھتے ہین - خدا یا کوئی دیوتا اِن کا معبود نہین مگر مذہب کی تردید بجائے خود ایک معبود بنکر اِن کے دل پر قبضہ کیئے ہوئے ہے - وہ معبود کے آگے سجدہ نہین کرتے منتین نہین مانتے مگر اسکی خدمت مین انکی تمام عمر صرف ہوئی ہے - پس مذہبی جذبہ دل مین قائم ہونے کے لحاظ سے ان کو مریض کہنا انکے اپنی خیال کو ظاہر کرنا ہے وہ اِس لحاظ سے میرے نزدیک تندرست ہین البتہ دوسری حیثیت سے وہ بیشک بیمار بلکہ مہلک مرض مین گرفتار ہین کیونکہ تلاش مین تھے نوشدارو کے اور دھوکہ مین کھا گئے زہر ہلاہل اور وہی دوسرون کو نوشدارو سمجھ کر کھلانا چاہتے ہین -

میدان آزاد خیالی کے دوسرے شہسوار مسٹر مِل مذہب کے داخل فطرت ہونے سے کانون پر ہاتھ دھرتے ہین بلکہ اِس طریق پر خدا کا ثبوت دینے کو اُن سائنٹیفک یعنی غیر عالم بتاتے ہین مگر معلوم ہوتا ہے کہ اِس فطری کشش نے اُن کے دل و دماغ دونو پر قبضہ کیا ہوا ہے

† تردید مذہب مین مفصلۂ ذیل مصنفین پر مسٹر بریڈلا کی تصانیف اور مباحثات ہین "آزاد خیالی انکار قصہ آدم و انکار خدا' مذہب عیسوی کیا سکھاتا ہے' خدا انسان اور بائبل' الحاد کے اخلاق اور فائدے' خدا کا خالق اور اخلاقی حاکم ہونا' ہماری انجیلین کب لکھی گئین' کیا انسان مین روح ہے' انکار خدا اور اعتقاد خدا کے ساتھ عیسائیت کا تعلق' کیا خدا کی عبادت کرنا عقلمندی ہے'۔

مین یہ فری تھاٹ پبلشنگ کمپنی کی فہرست کتب سے نقل کرتا ہون ورنہ مجھے اُن کی صرف پہلی کتاب دیکھنے کی عزت حاصل ہوئی ہے اور اسی ایک مین انہون نے اپنے نزدیک مذہب کا تسمہ لگا نہین چھوڑا اور معلوم ہوتا ہے کہ اِس مضمون سے انھین کامل عشق ہے لیکن جس دلیل سے مسٹر بریڈلا کو پابند مذہب کہتا ہون اُسی دلیل سے اس فری تھاٹ پبلشنگ کمپنی یعنی آزاد خیالی کی اشاعت کرنیوالی جماعت کو بھی مذہب کے دائرہ مین متبع سمجھتا ہون کیونکہ وہ بھی ایک حاکم اعلیٰ نافی فرض سمجھ کر اپنی کتابون اور اخبارون کی وساطت سے اسکی اشاعت مین سرگرم ہے -

دماغ پر اس خیال کا قبضہ یون ثابت ہوتا ہے کہ مروجہ مذہب کی تین کوششون یعنی ان کے تین لکچرون مین سے ایک لکچر محض فطرت اور اُس کے آثار و احکام کی تحقیق سے مخصوص ہے جس سے جہان تک مین سمجھ سکا ہون یہ مطلب ہے کہ انسان کو عقل دیکر فطرت پر حاکم اور اپنی ضرورتون کے مطابق اس سے کام لینے والا بنایا گیا ہے پس جو فطرت کا قانون یا جذبہ معلوم ہو اُسکا اثر یہ نہیں ہونا چاہئے کہ ہمیشہ اُسکی اطاعت کیجائے بلکہ کبھی ترمیم اور کبھی تنسیخ کا عمل جاری کر کے ہمیشہ اپنا مطلب نکالنا چاہئے۔ یہ تمام کوشش اسی لیئے ہے کہ مذہب کے فطری ہونے کو وہ کچھ نہ کچھ زوردار سمجھتے ہین اور اس لیئے یہ حجت پیدا کرنی چاہتے ہین کہ مذہب اگر فطرت مین ہو تب بھی ضرور نہین کہ اسکی پابندی کیجائے۔ اور ان کے دل پر اثر ہونے کی یہ کیفیت ہے کہ خود ایک مذہب کا بانی بننا چاہتے ہین اور ریلیجیان آف ہیومینٹی یعنی مذہب انسانیت کے نام سے† ایک نیا پنتھ بنانے کی ترغیب دیتے ہین جسمین بجائے خدا کو ماننے کے نوع انسان کی ہمدردی کو مقصد اعلیٰ قرار دیا جائے۔ بات وہی ہے کہ سب سے اعلیٰ ہستی اور سب سے اعلیٰ فائدے کی تلاش دل مین موجود ہے مگر نظر دنیا تک محدود ہے یہین کی اعلیٰ ہستی یعنی انسان کو معبود گردانتے ہین اور یہین کے اعلیٰ فائدون یعنے اخلاق حسنہ کو معراج کمال سمجھتے ہین اور یہ وہی مرض ہے جس سے بنی اسرائیل کی اشتہا من و سلویٰ کو چھوڑ کر جنگلی گھاس پات اور لہسن پیاز کی طرف مبذول ہوگئی تھی یا کوئی بیمار مفید غذا کو چھوڑ کر مٹی پھانکنے لگتا ہے۔

مسٹر مِل لکھتے ہین کہ "رومۃ الکبریٰ کا ملک کئی نسلون تک اہل ملک کے لیئے مذہب بنا رہا تھا بعینہ جیسا کہ یہوواہ (خدا) یہودیون کے لیئے۔ نہین بلکہ اس سے بھی زیادہ کیونکہ وہ کبھی اپنے ملک کی پرستش سے نہین اکتائے جیسے یہودی اپنے خدا کی عبادت سے سرتابی کرتے رہے ہین" ‡ اس واقعہ سے جو نتیجہ وہ نکالتے ہین (یعنی توحیدی فرایض کی پابندی خدا پر ایمان لانے کے بغیر بھی ملک یا نوع انسانی کو مدعائے اعلیٰ بنانے سے ہوسکتی ہے اس لیئے خدا کی ضرورت نہین) اسکو ماننے کیلئے اگرچہ مین آمادہ نہین ہون کیونکہ اس نتیجہ پر پہنچنے کیلئے

† ایسے ۲ سے ۱۲ عدد صفحہ ۱۰۵ ‡ ایسے ۲ صفحہ ۱۰۴ سے ۱۰۵

پہلے یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ خدا کو ماننے کی اگر ضرورت ہے تو صرف دُنیا مین اخلاق و عادات کی اصلاح اور انتظام عالم کی بہتری کیواسطے ہے حالانکہ جیسا اپنے موقع پر بیان ہوگا حقیقی ضرورت کچھ اور ہے اور دنیوی انتظام اسکا دوسرے درجہ کا نتیجہ ہے اور وہ بھی جیسا کچھ ہونا چاہیے خدا کو ماننے کے بغیر نہین ہوسکتا مگر اس بحث کو اپنے موقع مناسب کیلئے ملتوی چھوڑکر سردست جو استحقاق کسی واقعہ سے ہر ایک شخص کو نتیجہ نکالنے کا ہے اُسے ہاتھہ مین لیکر و منہ الکبریٰ کے اس واقعہ سے ہم یہ نتیجہ ضرور نکال سکتے ہین اور مسٹر مل کو دکھا سکتے ہین کہ جس فطرت کا آپ انکار کرتے ہین یہی کا جلوہ ہے اور وہی کشش جو صاحب کشف کو نادیدہ خدائے لایزال کیطرف اور وحشی کو اینٹ پتھر کی طرف کھینچتی ہے وہ عقل و خرد کے دعویداروں سے جو محض دنیوی مفاد کو معراج کمال سمجھتے ہین ملک یا اپنی نوع کے آگے سجدہ کروارہی ہے اور چاہے کسی رنگ مین ہو پھر ہرگز کسی کا نہین چھوڑتی -

غرض مذہب سے محض بیگانہ وہی لوگ رہتے ہین جن کو ابتدا سے دُنیوی تعلیم اور جسمانی خیالات مین منہمک رکھا گیا ہو اور تمام عمر اسی قسم کے کاروبار مین سرتاپا مغرق رہین † اور یہ لوگ جیسا کہ

† اور ایسے لوگون کے دنیوی انہماک کو یا عیاشون اور بدمعاشون کی عیش پرستی اور سیہ کاری کے توغل کو جو دین مذہب کے معزز خطاب سے ممتاز نہین کرسکتا حالانکہ وہ بھی ایک دھن مین لگے رہتے ہین تو اسلئے کہ مذہب کا بھی ایک خاصہ ہے کہ اسکا ہونے والے دل سے چاہتے ہین کہ اور لوگ انکے ہمخیال ہوجائین اور اس لئے وہ اپنے خیال کی اشاعت مین حتی الوسع مصروف رہتے ہین اور اسکی بھلائیان اور اُسکو ترک کرنیکی برائیان لوگون پر ظاہر کرتے رہتے ہین اور نہ مذہب کو اور نہ مذہب کی اشاعت کو سب سے اعلےٰ خوبی سمجھتے ہین اور یہ وصف عیاشون اور بدمعاشون مین نہین ہوتا بلکہ انصاف کے رو سے وہ عموماً اپنی طرز و روش کو قبیح جانتے ہین اور اسکی بجاآوری کو اپنی ضرورت کے سبب بمجبوری جائز سمجھتے ہین - اور دنیوی کاروبار مین منہمک رہنے والے اگر حیات روشن خیالی کے دیباچہ نہ ہون تو وہ گو اپنے فعل کو جائز یا واجب سمجھین مگر اسکو سب سے بڑی خوبی نہین جانتے اور پابندان مذہب کے برسرغلط ہونیکا یقین نہین رکھتے بلکہ اس بارہ مین نیوٹرل یعنے اقرار و انکار دونو سے بیگانہ ہوتے ہین اور اگر بالفرض ان مین سے کوئی شخص اپنے کام کی نسبت ایسا ہی خیال رکھتا ہو جیسا مذہب کا خاصہ بیان کیا گیا ہے یعنے وہ اپنے کام کو سب سے بہتر اور اُس کے خلاف اور روش اختیار کرنیوالون کو گمراہ جانتا ہو تو پھر اس شخص کو بھی پابند مذہب کہنے مین تامل نہ ہوگا کیونکہ اب اُس کا معبود بھی اُس کا کام ہے -

اوپر ذکر ہو چکا ہے اسی قاعدہ استثنا کے ماتحت اور اسی فیض صحبت سے متاثر ہین جس کے رو سے بعض لوگ مادرزاد نابینا یا دیوانہ پیدا ہو جاتے ہین یا محض جاہل اور وحشی سوسائٹی مین پرورش پانے کے سبب جذبۂ ترقی سے کام نہین لے سکتے۔ ورنہ دہریت کی منادی کرنیوالون اور دیگر روشن خیالون کا حال دیکھ کر یہ مذہبی احساس کا معجزہ معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ اس مین غور کرتے ہین وہ اگر فطرت سلیم نہین رکھتے تب بھی ضرور کسی نہ کسی شکل مین کسی نہ کسی معبود کو بطور معبود کے تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتے ہین۔ پروفیسر ولیم جیمس لکھتے ہین

"بہت سے ایسے فرقے جو خدا کو نہین مانتے مگر اخلاق کے حامی ہین اور اخلاقی سوسائٹیون کے نام سے آجکل تمام دنیا مین پھیلے ہوئے ہین ان مین ہم دیکھتے ہین کہ ایک امر انتزاعی کو معبود ٹھہرایا جاتا ہے اور قانون اخلاق کے نام سے اسکو مقصد اعلےٰ فرض کیا جاتا ہے۔ اور بہت سے لوگون کے نزدیک آجکل سائنس نے مذہب کی جگہ لے لی ہے اور ایسے سائنس دان تو اپنی فطرت کی معبود کے طور پر تعظیم کرتے ہین" *

مذکورہ بالا تحقیق سے جس مدعا تک ہم پہنچ سکے ہین وہ یہ ہے کہ جذبہ فطری اگر اس کشش کو کہتے ہین جس کا تخم انسان کی فطرت مین موجود ہو اور باستثنائے واقعات نادرہ ہر ایک شخص مین اس کشش کا اثر نظر آئے مگر انسان کی عقل اور تجربہ کے تفاوت سے وہ اثر مختلف شکلون مین ظاہر ہو تو مذہب بیشک ایک جذبہ فطری ہے۔ لیکن اگر اس تعریف کو غلط مانا جائے اور جذبۂ فطرت کسی اور چیز کا نام ہو تو اس صورت مین مذہب کو شاید جذبۂ فطرت نہ کہہ سکین لیکن اتنا پھر بھی یقیناً تسلیم کرنا پڑیگا کہ مذہب انسان کا اسی قسم کا خاصہ ہے جس قسم کا خاصہ عقل، ترقی، عدالت، شجاعت وغیرہ امور کو مانا جاتا ہے کیونکہ جس طرح ابتدائی حالت کے وحشیون مین مذہب نہین اسیطرح ان مین عقل و ترقی بھی نہین اور جس طرح کسی قدر تربیت کے بعد مذہب غلط شکلون مین نمودار ہوتا ہے اسی طرح عقل و ترقی بھی بہت سے غلط راستے دکھاتی ہے اور جس طرح مذہبی احساس کے ظہور کے واسطے وہمی مصائب و آلام ایک ظاہری سبب ہین اسی طرح عقل و ترقی کے ظہور کے واسطے

فطرت مین وہی اثر جو کہنا ہے عقل و ترقی دیگر صفات کو حاصل ہے

* ورائٹیز آف ریلیجس ایکسپیریئنس لکچر ۲

بھی یہی اسباب کام دیتے ہیں اور جسطرح کسی خاص تربیت کی اشاعت سے مذہب پر ضعف یا عدم طاری ہوتا ہے اسی طرح کسی خاص تربیت سے عقل و ترقی بھی معدوم ہو جاتی ہے اور جس طرح مذہب کے عدم میں بعض بعض استثنا پائے جاتے ہیں اسی طرح عقل و ترقی سے بھی بعض لوگ فطرۃً محروم ہوتے ہیں بلکہ دیکھا جا چکا ہے کہ عقل و ترقی سے محروم رہنے والے زیادہ اور مذہب سے بالکل بیگانہ نسبتہً کم ہیں۔

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ط (اعراف پ ۹ ع ۲۲)

اور جب لیا تیرے پروردگار نے بنی آدم یعنی ان کی پشتوں سے انکی اولاد کو اور گواہ بنایا انکو خود ان کے اوپر (اور سوال ہوا کہ) کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں تو سب نے کہا کہ بیشک تو پروردگار ہے اور ہم اس پر شاہد ہیں (اور یہ اس لئے کیا) کہ تم قیامت کے دن نہ کہو کہ ہم اس سے بیخبر تھے۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ط فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ط (روم پ ۲۱ ع ۳)

پس قایم کر اپنے تئیں دین کیلئے طرف سمت مذہب کی خدا کی فطرت ہے جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا۔ خدا کی پیدائش میں تغیر نہیں ہوتا۔ یہ سیدھا رستہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

باب دوم
تحقیق مذکور کے نتائج

مذہب کی اصلاح و ترقی انسان کا اولین فرض ہے۔ کیا کوئی چیز فطرت تباہ کرنے کے قابل ہے۔ جذبات فطری کے امراض غلطی فائدے سے محروم رکھتی ہے غلطی سے نقصان

پہنچتا ہے۔ اخلاقی افعال پر بھی یہی قانون حاوی ہے مذہبی صحت وغلطی کے بارہ مین کیا قانون ہونا چاہیئے؟۔ تمام مذاہب کو یکسان سمجھنے کی وجہ۔ مذہب کے بغیر اخلاق کا وجود ناممکن ہے۔ مہذب ممالک کے اخلاق۔ مل کی تدبیر اور اُسکا نقص۔ مذہب عین اخلاق نہین۔ پابندی اخلاق مذہبی ترقی کا ذریعہ ہے۔ مختلف مذاہب ایک دوسرے سے بہتر ہین مذہب کی تدریجی ترقی۔ بعثت انبیاء۔

جذبۂ فطری کی تعریف کو جو ابھی ذکر ہوئی ہے صحیح مانکر مذہب کو داخل فطرت انسانی سمجھ جائے یا کوئی اور فرضی تعریف تسلیم کرکے اُسکو عقل و ترقی کا ہم پلہ مانا جائے۔ دونو صورتون مین مذہب کی اِس خصوصیت پر چند نتائج مرتب ہوتے ہین۔

مذہب کی اصلاح و ترقی انسان ہی کا اولین فرض ہے

اول۔ جس طرح سے عقل ترقی عدالت، شجاعت وغیرہ صفات کو اگر کوئی انسان صفحۂ ہستی سے مٹانے کی کوشش کرے تو ایسی کوشش کے لیئے ناکامی کے سوا کوئی ثمرہ نہ ہوگا اور جس طرح عقل کا مقتضا ان اوصاف کے بارہ مین یہ سمجھا جاتا ہے کہ حتی الوسع ان اوصاف کو حد کمال تک پہنچایا جائے اور جو غلط خیالات عقل کو اور جو نازیبا آمیزش عدالت شجاعت وغیرہ کو عیب لگانے والے ہین اُن کو مٹاکر ان اوصاف کا حقیقی جوہر ظاہر کیا جائے یہی استحقاق عقل و ترقی کے ہم پلہ اور برابر کے حصہ دار یعنی مذہب کو بھی حاصل ہے۔ یعنی وہ بھی ایسی خصوصیت ہے کہ نوع انسانی کو اِس سے پاک کرنا اور صفحۂ ہستی سے اس کا نام مٹانا ناممکن ہے اور انسان کو اِس بارہ مین مناسب یہی ہے کہ اس خاصہ کو اس کے معراج کمال تک ترقی دے اور انسانی جہالت اور تربیت کے اثر سے جو غلطیان اور قباحتین اس خاصہ کو مکدر اور ناشایستہ بنانے والی ہین ان کو دور کرے۔ پس جو لوگ تعلیم و تربیت اور عقل و شعور حاصل کرنے اور بزعم خود فرائض انسانی ادا کرنے کے بعد محض دنیوی کاروبار اور لذائذ جسمانی مین مصروف و منہمک رہنا شرافت انسانی کا اعلیٰ مقتضا سمجھتے ہین اور مذہبی ضرورت کو محسوس نہین کرتے بلکہ پابند ان مذہب اور اسکی اشاعت اور اصلاح کرنیوالون کو عقل سے بیگانہ سمجھکر ان پر تمسخر کرتے ہین نہ معلوم وہ خود کہان تک دعویٰ

عقل و خرد مین صادق ہین اور کیا مذہب کے سوا کسی اور جذبۂ فطرت کا نشان دی سکتے ہین جسکو اِس طرح بیکار چھوڑنا اور اسکی اصلاح و ترقی کی کوشش نہ کرنا داخل انسانیت اور مقتضائے دانشمندی ہو؟

کیا کوئی جذبۂ فطرت تباہ کرنے کے قابل ہے؟

مسٹر مل کی مضمون آفرینی اور بلند پروازی قابل تعریف ہو کہ وہ جب جذبۂ مذہبی کو کشتنی و گردن زدنی ثابت کرنا چاہتے ہین تو فتوے موت کیوقت اپنے فیصلہ مین اُس کی نظیرین درج کرتے ہین اور فرماتے ہین کہ گو اکثر خواص فطرت کے بارہ مین یہی ضرور ہے کہ انکی اصلاح کیجائے اور معدوم نہ کیا جاوے مگر سب خواص فطرت کا یہ حال نہین بلکہ بعض قابل انعدام بھی ہین اور قابل انعدام جذبات فطرت مین تباہ کرنیکی خواہش، خود مختار یا غالب رہنے کی خواہش اور ظلم کرنے کی خواہش کا ذکر کرتے ہین اور فرماتے ہین کہ بعض لوگون مین یہ خواہشین فطری ہوتی ہین مگر باوجود فطری ہونے کے اُنکو تباہ کرنا ضرور ہے نہ کہ ان کو بڑہانا اور پرورش کرنا †

لیکن اول تو وہ خود تسلیم کرتے ہین کہ یہ خواہشین بعض اشخاص کی فطرت مین ہوتی ہین پس اُن کو عام نوع انسانی یا کسی خاص قوم کی فطرت سے بھی تعلق نہین اور ایسی عادت کو جو کبھی شاذ و نادر کسی شخص مین دکھائی دیتی ہے جذبۂ فطری کا خطاب اور وہ بھی ایسے فلاسفر کی طرف سے حاصل ہو جو مذہب جیسی عام اور عالمگیر صفت کو بعض انسانون مین نہ پائے جانیکے سبب فطرت سے خارج کرتا ہے نہایت تعجب ہے۔

جذبات فطری کے امراض

اور دوسرے اوصاف کو مستقل جذبات فطرت کہنا اس لئے بھی غلط ہے کہ فی الحقیقت جو جذبات فطرت نوع انسان مین ودیعت ہین اُن پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک کے ساتھ مختلف امراض بھی ہوتے ہین جو کامل تربیت نہ ہونیکی حالت مین زور پکڑتے ہین یا بعض اوقات کسی شخص مین استثنا کے طور پر ایسے امراض پیدائشی ہوتے ہین مثلاً قوت نمو فطری ہے لیکن اکثر نقص تربیت کے سبب اسمین کئی طرح کے نقص پیدا ہو جاتے ہین یا بعض

† ایسے نبر الصفحہ ۵۶ و ۵۷ سطر ۳۰ و ۱

اوقات بعض انسان پیدائشی پست قامت اور بالشتے ہوتے ہین یا بعض انسان پیدائش
مین عام انسانی یا قومی مقدار نمو سے زیادہ بلند بالا اور بدنما طویل القامت نکل آتے ہین مگر کسی
شخص کی پیدائش ٹھنگنا یا لم ڈھینگ ہونے پر یا نقص تربیت سے اس قسم کا نقص پیدا ہونے پر
نہین کہا جاتا کہ پست قد یا طویل القامت ہونا انسان کا فطری خاصہ ہے۔ علیٰ ہذا اپنی ضروریات
اور خواہش کے مطابق اپنے مال کو صرف کرنا انسانی جوہر ہے مگر یہ بھی ترقی مین اسراف تک اور
کبھی تنزل مین بخل تک پہنچ جاتا ہے۔ اور بعض شخص پائے جاتے ہین جو فطرۃً مسرف یا بخیل
ہوتے ہین لیکن ایسے شخصون کے وجود سے اسراف یا بخل کو فطرت انسانی کہنا غلط ہوگا
اسی طرح ایک قوت انتقام انسان مین فطرۃً ودیعت ہے اور وہ چاہتا ہے کہ جس شخص یا جس چیز
سے اسے نقصان یا تکلیف پہنچتی ہے اُسکو حتی الامکان دور کرے اب اس جذبہ کی صحیح اور
تندرست حالت یہ ہے کہ جس شخص یا جس چیز سے واقعی نقصان یا تکلیف پہنچے اُسکو اسی حد تک
نقصان یا تکلیف پہنچانے کی کوشش کرے جس حد تک فی الواقع اُس کا حرج ہوا ہے اور اس
معیار کے دونو جانب مرض کے بیشمار درجات ہو سکتے ہین بعض اشخاص یا بعض قومین انتقام
کے موقعون کو سستی بزدلی یا کسی اور سبب سے ضائع کرتے کرتے ذلت اور کمینہ پن تک
پہنچ جاتے ہین اور ایسا ہی دوسری جانب بعض اشخاص واقعی نقصان اور تکلیف سے بڑھ کر خیالی
بلکہ وہمی نقصان و تکلیف پر بھی انتقام لینے کیلئے آمادہ ہو جاتے ہین اور نیز انتقام کی کیفیت
مین حد سے بڑھ کر ایسی تکلیف پہنچانے لگتے ہین جو انہین خود برداشت کرنی نہ پڑی ہوتی
کہ یہ مرض ترقی کرتا ہوا بعض اشخاص مین اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ جو چیز ان کو بدنما معلوم ہوا
جس شخص کے اطوار و عادات انکو مکروہ نظر آئین ایسے شخص یا ایسی چیز کا ان کے سامنے آنا یا ذکر
انکو ایک تکلیف مالا یطاق معلوم ہوتا ہے اور پھر اس وہمی تکلیف سے متاثر ہو کر وہ انتقام کی کیفیت
مین بھی انصاف کو روا نہین رکھتے اور چاہتے ہین کہ وہ مکروہ اور بدنما منظر صفحہ ہستی سے معدوم
ہو جائے اور اس بدت اگر وحشت و جہالت کے مرض مین بھی مبتلا ہون اور نیز زور اور غلبہ رکھتے

ہون تو وہ حالت پیدا ہوتی ہے جس کو ڈاکٹر مل تباہ کرنے کی خواہش کہتے ہین یعنی وہ شخص اپنی حالت جنون مین ہر بد تمیز کو توڑنے اور ہر مکروہ شخص کو مارنیکا عادی ہوجاتا ہے اور اس وقت جس فعل کو ڈاکٹر صاحب جذبۂ فطری کا معدوم کرنا سمجھتے ہین اور جایز جانتے ہین حقیقت مین وہ جذبۂ فطری کا معدوم کرنا نہین بلکہ ایک جذبۂ فطری کی اصلاح کرنا اور اُس کے مرض کو معدوم کرنا ہے یعنی ایسی تباہ کرنیکی خواہش کو دبانا یا دوسری جانب پست ہمت لوگون کو انتقام کیلئے اُبھارنا حقیقت مین یہ دو نو فعل جذبۂ انتقام کو اصلی حالت پر لانے اور ترقی دینے کیلئے ہین۔ علی ہذا القیاس جسکو وہ ظلم کی خواہش کہتے ہین وہ بھی درحقیقت کہین شجاعت اور جوانمردی کی صفت کا اور کہین جذبۂ انتقام کا ایک مرض ہے جو کسی شخص مین اسی طرح پیدا ہوجاتا ہے جس طرح کوئی شخص بالشتی یا لمڈھینگ بن جاتا ہے پس اس مرض کا ازالہ بھی حقیقت مین ایک اور جذبۂ فطری کی اصلاح و ترقی ہے نہ کسی جذبۂ فطری کی ملالت و انعدام

البتہ ایک تیسرا وصف جو ڈاکٹر مل نے قابل اندام مانا ہے یعنی خود مختار یا غالب رہنے کی خواہش اس کو ہم بیشک عام نوع انسانی کا جذبہ فطری ماننے مین تامل نہین کرتے مگر جس شکل مین یہ انسانی جذبہ فطرت مانا جاسکتا ہے اس شکل مین اسکو قابل اندام کہنا فاش غلطی ہوگی کیونکہ اگر خود مختار یا غالب رہنے کی خواہش انسان مین نہ ہوگی اور وہ کسی اور کے بس مین اور کسی اور کا مغلوب بن کر خوش رہ سکتا تو وہ انسان کی ابتدائی وحشیانہ حالت جسمین اُسکو خوراک بہم پہنچانا موسمی خودرو ساگ پات اور پھل پھول کے بس مین، پانی دینا بارانی چشمون کے اختیار مین گرمی دینا آفتاب کے قبضہ مین اور سردی پہنچانا رات کی ٹھنڈی ہوا کے تصرف مین تھا انسان اسی بے بسی کی حالت مین آجتک رہتا اور یہ بے انتہا ذرایع حصول اسباب معیشت جن پر نوع انسانی کو بجا فخر ہے کبھی عدم سے وجود مین نہ آتے لہذا انسان کے خود مختار رہنے کی خواہش ہی تھی جس نے اوسکو خودرو پھلون کی بجائے اپنے اختیار سے کاشت کرنیکا رستہ دکھایا نالون کی جگہ کوئین اور نہرین کھدوائین گرمی اور سردی کے واسطے طرح طرح کی غذائین قسم قسم کے لباس اور

دیگر ذرائع مہیا کرتے کرتے اب بٹیم اور بجلی سے بھی یہ کام لینے کا ڈھنگ بتایا - اور نیز اگر دوسرے کی مرضی پر منحصر رہنے کی خاصیت ہوتی اور اپنے اختیار پر تننے کی خواہش نہ ہوتی تو دیگر جذبات فطرت میں جو امراض پیدا ہوتے ہیں ان سے نوع انسانی نقصان اُٹھا اُٹھا کر چند روز میں فنا ہو جاتی مثلاً کسی شخص کے جذبہ شجاعت میں مرض نمودار ہونے سے وہ ظالم ہو جاتا یا کوئی حصول معاش کے جذبہ میں مرض پیدا ہونے سے حریص اور مکار بن جاتا تو دوسرے لوگ چونکہ دوسروں کی مرضی پر خوش رہنے والے ہوتے اس لئے کسی کی ظلم اور مکاری کا سدباب نہ کرتے اور اس طرح سرقہ رہزنی اور قتل و غارت بے مزاحمت ہوتے ہوتے یہ نوع تھوڑے عرصہ میں نابود ہو جاتی پس یہ خود مختار رہنے کی خواہش ہے جس نے حکومت و سلطنت کی بنیاد ڈالی اور دُنیا کے انتظام کو قایم رکھا اور پھر یہ خود مختار رہنے کی خواہش ہے جس نے بادشاہوں اور حاکموں کی جانب سے ظلم و زیادتی ہوتے دیکھ کر اُنکی مزاحمت کی اور اس طرح حاکم و محکوم کے فرایض اور شاہ و رعیت کے تعلقات معین ہو کر انسان کو وہ دستور العمل ہاتھ لگا جس سے وہ امن و آسایش کی زندگی بسر کرنے کے قابل ہو گیا ہے اور آیندہ اس دستور العمل کو اور ترقی دینے سے اور زیادہ راحت و آرام سے بہرہ ور ہوگا -

پس خود مختار اور غالب رہنے کی خواہش بیشک فطری اور اسلئے بیشک قابل اصلاح و ترقی ہے - اس کو قابل انعدام کہنا نہیں معلوم کس وجہ سے کسی دماغ میں جاگزین ہوا ہے ہاں بیشک دیگر خواص فطرت کیطرح اسمیں بھی مرض اور نقص ہوتے ہیں مثلاً کسی شخص کو خود مختار رہنے کی یہاں تک خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے اوپر نہ صرف کسی انسان کی بلکہ قوانین قدرت کی حکومت بھی پسند نہیں کرتا پس اس نقص کو دور کر کے خواہش غلبہ و اختیار کو اسکی حد مناسب پر لانا اور اختیارات انسانی سے شخصی اور نوعی فواید اور راحت و آرام کا کام لینا اس فطرت کو نور اور جلا بخشنا ہے نہ تباہ و برباد کرنا -

غرض کوئی جذبہ فطرت نہیں پایا جاتا جس کو صفحہ ہستی سے معدوم کرنا قرین مصلحت ہو

یا اسکی اصلاح و ترقی باعث بہبود عالم اور انسان کے لیئے فرض و واجب نہ ہو پس جو لوگ مذہب کی طرف سے بے پروا اور اسکی اصلاح و ترقی کیجانب سے غافل رہتے ہین اور اس بارہ مین غور و تامل کرنے کو لغو اور جاہلانہ فعل سمجھتے ہین وہ یقیناً انسانیت کے ایک بڑے فرض کو ترک کرنے کے مجرم اور نوع انسانی پر ایک سخت ظلم روا رکھنے کے مرتکب ہین۔

غلطی فاسد سے محروم رکھتی ہے

دوم عقل و ترقی اور شرافت و عدالت وغیرہ صفات انسانی کا یہ ایک عام اور کلیہ قاعدہ ہے کہ نوع انسانی کو ان مین سے کسی صفت کا سچا فائدہ محض اسی حالت مین پہنچتا ہے کہ انسان اسکے حقیقی اور واقعی مفہوم تک پہنچ جائے اور جبتک یہ کیفیت حاصل نہ ہو اور انسان غلطی سے کسی وصف کے اصلی مطلب تک نہ پہنچے اس صورت مین خواہ وہ کیسا ہی نیک نیتی اور صدق دل سے کام لے غلطی سے ہرگز منزل مقصود تک نہین پہنچتا۔ عقل انسانی نے اپنی طرف سے نہایت خلوص کے ساتھ غور کیا اور اپنی طاقت کے موافق زور لگایا مگر جب تک زمین کو ایک مسطح فرش اور گائے کے سینگ پر ٹھیرے ہوئے سمجھا اسکو وہ فائدے ہرگز حاصل نہ ہوئے جو زمین کو گول اور چار دن طرف سے فضا مین محصور رہونے کے علم سے حاصل ہونیکو تھے۔ اس وقت تک وہ دنیا کے گرد چکر لگاتا اور نہ ان ویرانہ و آباد ممالک کو پاسکا جو اسکی جائے سکونت سے دوسری جانب واقع تھے اور اس طرح ان تمام فوائد سے محروم رہا جو زمین کی اصلی حالت دریافت ہونے پر مترتب تھے اسی طرح اس نے حتی الوسع غور کیا اور مرکبات کو تحلیل کرنیکے بعد چار چیزون کو بسیط اور ناقابل تجزی سمجھا اس وقت تک قدرت نے اسکو ان تمام نعمتون سے بے بہرہ رکھا جو ان مفروضہ عناصر کو تحلیل کرنے اور آئندہ بہت سے عناصر دریافت ہونے پر منحصر تھین۔ قدرت کے رازون کو فاش کرنیکی کوشش ہمیشہ رہی اور اپنے اپنے وقت پر اکثر عقلا نے علم و ہنر مین انا ولا غیری کا دعوی کیا مگر خشکی و تری مین قطع مسافت کے حیرت انگیز کارنامے انہی کی قسمت مین تھے جن کو سٹیم کی طاقت دریافت ہوئی صنعت و حرفت کے بیشمار وسائل انھی کو حاصل ہوئے جنھون نے میکینکل قوانین معلوم کئے اور نامہ و پیام کے معجز نما کرشمے انہی کے حصے مین آئے

جنہون نے برقی طاقت پر قابو پایا۔

غلطی سے نقصان پہنچتا ہے۔

اور نہ صرف یہی کہ مفید چیز تک رسائی نہ ہونے سے اُس کے فوائد سے محروم رہنا پڑتا ہے بلکہ ہمیشہ جس چیز کو غلطی سے مفید مان لیا گیا ہے اُسکے نقصان بھی ضرور ہی برداشت کرنے پڑتے ہین۔ تلاش ہوتی ہے قیام صحت اور درازی عمر کی اور اُس کے لیئے مناسب غذا خوشگوار آب و ہوا اور دیگر وسایل کی جستجو رہتی ہے مگر جو شخص اِن مبارک تلاش مین غلطی سے مضر غذا، بدآب و ہوا یا دیگر منافی صحت وسایل کو مناسب سمجھ کر اختیار کر لیتا ہے وہ نہایت اشتیاق سے اپنی طاقتون مین افزایش کا منتظر ہوتا ہے مگر دفعتہً امید کے خلاف خوفناک امراض اور سخت تکالیف مین مبتلا ہو جاتا ہے پھر اپنی طاقت کے موافق پوری کوشش سے ازالہ مرض کی تدبیر کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ تیر بہدف دواؤن اور حتی تدبیرون سے اپنی گذشتہ صحت کو واپس لائے مگر اس حق بجانب دوڑ دھوپ مین جہان اپنی غلطی یا دیگر نادان معالجون کی کوتاہی سے کسی مخالف دوا یا بیموقع عمل سے کام لیتا ہے تو اپنی آرزو کے خلاف غلطی کے نقصان کا شکار ہو جاتا ہے اور بجائے صحت کے موت کا لقمہ بنتا ہے۔

اخلاقی افعال پر بھی ہر ی قانون حاوی ہے

اور فائدے کو تلاش کرتے ہوئے غلطی سے نقصان اُٹھانا نہ صرف افعال جسمانی تک محدود ہے بلکہ یہ قانون افعال اخلاقی پر بھی اسیطرح حاوی ہے اور انسان جب کبھی کسی بدعادت کو اپنے خیال مین نیک اور باعث برتری سمجھ کر اختیار کرتا ہے تو اُس کا نیک سمجھنا اس عادت کی فطرت کو بدل نہین سکتا اور جو فائدہ وہ سمجھے ہوئے ہوتا ہے وہ حاصل نہین ہوتا اور جو نقصان اُس عادت مین ودیعت ہوتا ہے وہ نہین ٹلتا۔ انسان نے جبتک دشمن کے زن و بچہ کو بیدریغ نہ تیغ کرنا اور بیکسون کی فریاد و زاری پر ترس نہ کھانا زیور شجاعت سمجھا پناہ مانگنے والے ظالم کو بیجا حمایت کو شرافت مانا وہ شجاعت و شرافت کے اصلی جوہر سے قطعاً محروم اور انسانیت کے مفہوم سے بالکل بے بہرہ رہا۔ جس شخص نے جھوٹ کو فعل مذموم نہ جانا اور حیا نہ سمجھ کر اسکا مرتکب ہوتا رہا یا بہتر نی اور قتل کو ظلم اور بے رحمی نہ سمجھا اور اپنے خیال مین امر مباح سمجھ کر اس فعل سے معاش

حاصل کرتا رہا جو مکر و فریب کی عادت جھوٹ سے پیدا ہوا کرتی ہے اور جو قساوت اور سخت دلی قتل و غارت کا نتیجہ ہوتی ہے وہ نادان اس اثر سے ہرگز بری نہیں رہا اور قدرت نے جس قدر دل کی سیاہی ایسے فعل کی سزا مقرر کی ہوتی ہے اس سے کبھی معاف نہیں رکھا اور اس کی نادانی پر ترس نہیں کھایا۔ بھیل قوم کا بچہ جو ویران جنگل مین پیدا ہوا ہے اور ایسے لوگون مین پرورش پاتا رہا ہے جو رات دن قتل و غارت اور لوٹ مار کے سوا کوئی کام نہیں کرتے اور جو اپنے بچون کو ہوش سنبھالتے ہی اس کام کی تعلیم دینے لگتے ہین اور رحم یا انصاف کی آواز کبھی کان تک نہیں آنے دیتے وہ بچہ بڑا ہوکر اس تعلیم و تربیت کے اثر سے ضرور صدق دل سے اس فعل کو جائز اور اپنی بہبود کیلئے ضروری سمجھتا ہے لیکن باینہمہ اس فعل کی این ہمانی سزا سے بری نہین رہتا اور ضرور سخت دل سیہ کار اور قسی القلب ہوجاتا ہے +

+ ڈاکٹر پال ڈوائسن (کتاب ایلیمنٹس آف میٹافزکس حصہ دوم باب پنجم صفحہ ۱۳۱ سنہ ۱۸۹۴ء) لکھتے ہین کہ جب انسان کی اصلی قدر و قیمت یعنی اخلاقی اوصاف کا سوال ہو تو واقعی صحت اور غلطی کو نہین دیکھا جاتا بلکہ اس اثر کیلئے جو تہ سے پرے تک جاتا ہوا مانا جاتا ہے انسان کے فعل کو اور صرف فعل کو اس حیثیت سے دیکھا جاتا ہے کہ وہ اسکی صفت خواہش کا ظہور ہے (یعنی یہ کہ اسکی نیت کیسی ہے) اس دلیل سے وہ ثابت کرنا چاہتے ہین (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو باب ۱۲ کتاب ہذا) کہ انسان کی اصلی یعنی روحانی صفت خواہش ہے نہ علم۔ خیال اس حد تک سچ درست ہے کہ بسیط اور دائمی روح کی صفت دائمی ہونی چاہئے اور علم چونکہ جسم کی ضعف و قوت سے گھٹتا بڑھتا رہتا ہے اس لئے وہ روح کی صفت نہ ہوگا اور ان کے اس خیال کو مانکر کہ روح نے جسم کی ساطت سے علم کی صفت حاصل کی ہے پھر بھی یہ کہنا پڑتا ہے کہ انسان کو جو نعمت عقل و شعور کی دیگئی ہے یہی ایک صفت ہے جس سے انسان کی روح حیوان کی روح سے افضل مانی جاتی ہے اس لئے اسکو اب فضول سمجھکر اسکی غلطی و صحت کو انسانی قدر و قیمت مین کچھ دخل ہی نہین یہ بھی بڑی زبردستی ہے اور جیسا کہ ہماری پیش کردہ مثالون سے ظاہر ہوتا ہے انسان کے غلط اعتقاد کا اثر نہ صرف جسم تک ہی محدود ہے بلکہ اسکی روحانی حالت مین سختی یا نرمی پیدا کرنے مین بھی ویسا ہی دخیل ہے۔ (باقی بصفحہ ۴۲)

غرض فطری اور کسبی روحانی اور جسمانی ہر قسم کے تمام افعال کا یہ کلیہ قاعدہ ہے کہ جو اثر کسی فعل مین ودیعت ہو اُسکا بجالانے والا اُس اثر سے بے بہرہ نہین رہتا اور جس چیز کو غلطی سے اپنا مدعا و مقصود سمجھا جاتا ہے وہ کبھی مدعا و مقصود کا کام نہین دیتی اور عقل انسانی یا جذبۂ اخلاقی کو جہان دھوکا ہوتا ہے وہین ضرور نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔ اب اِس قانون فطرت کو ملحوظ رکھکر مذہب کو دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس نے جس چیز کو تلاش کیا ہے اُسکے حصول کے لیے بہت سی چیزون کیطرف متوجہ ہوا ہے کبھی اینٹ پتھر وغیرہ کو خدا سمجھ لیا ہے اور کبھی بارش اور ہوا کی طاقتون کو سجدہ کرکے متعدد معبودون کا معتقد ہو گیا ہے اور کبھی اُسے واحد سمجھا ہے تو بہت سی جسمانی خواص اسمین تسلیم کرنے لگا ہے۔ کبھی ممتاز انسانون کے جسم مین اُسکے حلول کا قایل ہوا ہے اور اُسکو جسمانی ضروریات مین مبتلا مانکر بجائے نادیدہ اور پاک خدا کے خاکی انسان کی پرستش مین محو ہو گیا ہے اور کبھی دیگر انسانی ضروریات سے پاک مانا ہے تو باپ بیٹے کا رشتہ فرض کرکے ایک انسان کو خدائی طاقتون مین اُسکا شریک ٹھیرایا ہے اور کبھی نظام عالم اور کُنہ خالقیت کو سمجھنے کے بہانہ سے اسکی صفات کو ناقص اور مفروضہ چند اشیا کو اُسکے ساتھ قدامت وغیرہ مین شریک گردان لیا ہے اور اگرچہ اسکی نسبت عقل و قیاس سے بالاتر اور اوس کے کارخانہ قدرت کے ناقابل فہمید ہونیکی آواز بھی انسان کے منہ سے نکلی ہے مگر پھر دیگر انسانی خیالات کی آمیزش سے حلول اور نقص خالقیت وغیرہ عیوب نے اس خیال کو مٹا دیا ہے اور اس طرح کے بہت سے انقلابون کے بعد صاف لفظون

ہر مذہب کی غلطی کے دفعیہ کیا قانون ہونا چاہیئے؟

اور مدد سے قبر سے پرے تک جانیوالے اثر یعنے عذاب و ثواب کا اصول جیسا کہ اپنے موقع پر ظاہر ہوگا یہ نہین کہ خدا کسیکی نیک نیت کو دیکھکر اُسکو دنیوی بادشاہونکی طرح کوئی جاگیر بخش دیتا ہے بلکہ عذاب ثواب کا اصول حقیقت مین صداقت کو پیدا کرنیسے اُس بڑی صداقت یعنی خدا سے قرب حاصل کرنا ہے اور صداقت سے دور ہونیکی صورت مین اس حقیقی صداقت سے دور ہوتا ہے اور جب یہ کیفیت ہے تو جس مذہب مین کسی شخص نے قبل از موت کے ثواب کا کام سمجھنے کا خلاف واقع اعتقاد کیا ہے اُسکو اس مین اس دماغی غلطی کیوجہ سے کبھی صداقت پیدا نہین ہوئی اس لیئے اسکو اصل صداقت سے قرب حاصل ہونا بھی خیال محال ہے غرض یہ جہان ہو یا وہ جہان انسان ہو کر عقل کی وساطت کے بغیر کمال حاصل کرنیکی ایسے کھٹنائی روح کو [illegible]

مین اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط اور وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖ کی آواز نے اسکی کامل توحید و تنزیہ اور انسانی عقل کی کوتاہی کا اظہار کیا ہے ۔

پس جبکہ فطرت کے ان تمام اختلافات اور معبود کی نسبت اِن متضاد خیالات مین سے جو اعتقاد درست اور واقع کے مطابق ہوگا مذکورۂ بالا قانون عام کو دیکھ کر یقینًا کہنا پڑتا ہے کہ مذہب کا حقیقی فایدہ اس اعتقاد پر مرتب ہوگا اور اس کے علاوہ دیگر تمام قسم کے عقاید چونکہ غلط ہین اِس لئے حسب قاعدہ وہ ضرور مضر ہون گے یا کم از کم اُن سے کچھ فائدہ نہو گا مثلاً اگر معبود واقعی تمام کمالات سے متصف اور تمام عیوب سے بری اور تمام احتیاجون سے پاک ہے تو جس نے اُسے درخت سمجھا ہے اس پر وہی اثر ہوگا جو غذا کی تلاش مین زہر کھانے والے پر ہوتا ہے ۔ دودھ پینے کیلئے پیالہ کٹورا گلاس وغیرہ مختلف وسائل ہین لیکن انمین دودھ ڈالکر پینے کی بجائے اگر کوئی خالی برتنون کو کوٹ کر پھانک جائے تو اس فعل سے دودھ کا فائدہ ایک طرف اُلٹا معدہ تباہ ہو جائیگا اسی طرح آگ پانی وغیرہ مختلف طاقتون کو جو نادیدہ ہستی کے اظہار قدرت کا نشان ہین دیوتا اور خدا مان کر پرستش کرنے سے خدا کی معرفت ہرگز حاصل نہ ہوگی بلکہ جہالت کی تاریکی اور بڑھ جائیگی ۔ طبیب صحت کی تدبیر اور مرض کی دوا بتانے والا ہے لیکن اگر کوئی بیمار طبیب کی بتائی ہوئی دوا استعمال کرنے کی بجائے طبیب ہی کو مجسم صحت سمجھ کر اُسکی آستان بوسی پر اکتفا کرے تو مرض ہرگز دور نہ ہوگا اسی طرح جو لوگ کسی برگزیدہ بندے کو خدا کا اوتار سمجھ کر عبادت کرین وہ گمراہی سے نجات نہ پائین گے ۔ ہوا کے بغیر انسان زندہ نہین رہ سکتا لیکن اگر کوئی شخص ہوا کی اس خاصیت کا معترف ہو مگر سمجھتا ہو کہ بالے پاکیزہ ہوا کے بدبودار اور متعفن ہوا کی ضرورت ہے اور اسی کی تلاش مین سرگرم رہے وہ صحت بخش ہوا کے فائدون سے محروم اور مختلف امراض مین مبتلا رہیگا اسی طرح جو لوگ معرفت خدا کو باعث نجات سمجھتے ہین مگر شرک ولدیت اور دیگر عیوب اور جسمانی خواص سے اسکو متصف مانتے ہین اور اسی طرح کے خدا کا اعتقاد رکھتے ہین وہ سچے خدا کی معرفت سے بیگانہ اور نور ربانی سے

ناآشنا ہین گے۔ کاربن (ایک عنصر کا نام ہے) ایک چیز ہے مگر جب آنکھین روشنی کی صفت ہوتی ہے تو ہیرا بنجاتا ہے اور یہ صفت نہ ہو تو وہی کاربن محض ایک کوئلا ہوتی ہے پس جو شخص ہیرے کو تلاش کرتا ہو مگر روشنی کی صفت سے ناآشنا ہو وہ لبڑی مین ہیرا بناتا ہوا کوئلے سے ہاتھ کالے کریگا۔ اسی طرح اگر خدا ایک واحد ہستی ہے جو تمام صفات کمال رکھتی ہے تو اسکو تلاش کرنیوالا جب کسی صفت مثلاً خالقیت یا قدامت یا نظیر و مثیل سے لاشریک اور یگانہ ہونا اسکی ذات سے منفک سمجھے تو وہ کامل خدا کا ایسا ہی عارف ہوگا جیسا روشنی کے بغیر ہیرے کو تلاش کرنیوالا۔

غرض جس طرح عقل کا حقیقی مدعا یعنی سچا علم اور اس کا فائدہ ہیوقت حاصل ہوتا ہے جب تلاش مین کسی قسم کی کوتاہی اور تدبیر مین کسی طرح کی غلطی نہ ہو اسی طرح مذہب کا اعلیٰ مقصد یعنی وصال ربانی اور عرفان الٰہی بھی جبھی پیدا ہوگا کہ اسکی نسبت کوئی غلط فہمی اور کوتہ اندیشی واقع نہ ہونے پائے اور جس طرح سے خیچر عقل کو اسکی غلطی پر ضرور سزا دیتی ہے خواہ غلطی کرنیوالا کیسا ہی نیک نیت اور طالب صادق ہو اسی طرح عقل جیسا دوسرا جذبہ فطری یعنی مذہب بھی غلطی کرنے سے مستوجب سزا ہوگا اور اس لیئے عقل اور مذہب دونو مین بے سوچے سمجھے دوسرون کی کورانہ تقلید سے قدم اٹھانا باعث ہلاکت اور پوری تحقیق و تدقیق اور کامل سعی و کوشش سے واقعیت کو تلاش کرنا فرض اتم اور لازم مانا گیا ہے۔ پس جو لوگ مذہب کی ضرورت کو تسلیم کرتے ہین مگر کہتے ہین کہ مذہب ہر شکل و صورت مین اور ہر علمائے مذہب یعنی معبود کی پرستش ہر طریق اور کیفیت سے باعث نجات ہے اور اس خیال کو اپنے زعم مین فلسفیانہ مذہب اور سلامتی کا رستہ سمجھتے ہین اور اس کے خلاف کسی ایک روش کو مدار نجات سمجھنے والا ان کے نزدیک تنگ خیال اور متعصب ٹھیرتا ہے ان کا یہ خیال ان کے نزدیک چاہے کیسا ہی شریف اور اعلیٰ ہو مگر نیچر کا مطالعہ اور قوانین قدرت کے تمام مناظر اس خیال کی بڑے بڑے زور سے تکذیب کرتے ہین۔ اگر کاڈلوآیل کا کام مٹی کے تیل سے اور شیرہ کا فائدہ سنکھیا سے حاصل ہو سکتا ہو تو بیشک نادیدہ خدا کا وصال پتھر کی پوجا سے میسر آئیگا۔ اور اگر یہ کہنے والا کہ لوگ مختلف کتابون مین مبتلا رہتے ہین اور صفائی کا خیال نہین رکھتے اس لئے طاعون

کا شکار ہوتے ہیں یا سکرات کو استعمال کرتے ہیں اسلئے اعصابی اور دماغی طاقت زائل سے محروم رہتے ہیں" تنگ خیال اور متعصب ہے تو بیشک مختلف ناقص مہموں کو باعث ہلاکت کہنے والا اور ایک کامل خدا کے اعتقاد پر اصرار کرنے والا ہی اسی خطاب کا مستحق ہوگا۔ پس ہمیں معلوم ہو لوگ لعل اور کنکر کو برابر سمجھتے ہیں وہ اپنے خیال کو فلسفیانہ اور سائنٹفک کہتے ہیں یا وہ لوگ جو کہتے ہیں :-

هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ (انعام پارہ ۷ ع ۵)

کیا اندھا اور بینا برابر ہیں کیا تم فکر نہیں کرتے ؟

لَا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ (مائدہ پارہ ۷ ع ۱۲)

ناپاک اور پاک برابر نہیں خواہ تم کو ناپاک کی کثرت سے دھوکا ہو۔

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ (فاطر پارہ ۲۲ ع ۳)

اندھا اور بینا برابر نہیں اور نہ روشنی اور تاریکی برابر ہے اور نہ دھوپ اور چھاؤں برابر ہے اور نہ زندہ اور مردہ برابر ہیں۔

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ (زمر پارہ ۲۳ ع ۱)

کیا برابر ہیں وہ لوگ جو جانتے ہیں اور وہ لوگ جو نہیں جانتے۔ بیشک نصیحت عقلمند ہی حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام اہل یکیسان سمجھنے کی وجہ۔

آفتاب کی روشن شعاعیں اور اس کا چمکتا ہوا چہرہ آنکھوں کو خیرہ کر دیتا ہے اور لوگ اسکی گرمی اور نور کے لطف میں محو ہو کر اسکی حقیقت کو دریافت کرنے سے غافل ہو جاتے ہیں اور بہت کم روشن دماغ ہوتے ہیں جو آفتاب کی ماہیت کو تلاش کرنے کی تکلیف گوارا کرتے ہیں یہی کیفیت مذہب کی ہے کہ اسکی چہرہ پر جو اخلاق کا گلگونہ نظر آتا ہے اکثر دیکھنے والے اسی کے نظارہ میں غرق ہو جاتے ہیں اور چونکہ اخلاق کا اثر اور فائدہ نمایاں اور محسوس ہے اور اسی لیئے مذہب

کی نہایت ابتدائی اور بدنما شکلون مین بھی اس وقت کے لوگ اخلاق کے بہت کچھ حامی ہی ہین لہذا اکثر غور کرنیوالے دھوکا کھا جاتے ہین اور سمجھتے ہین کہ مذہب مین جو کچھ فائدہ ہے وہ یہی حسن اخلاق کی اشاعت ہے پس انہین سے جو لوگ مذہب کی دوسری تسلیم یعنی خدا پر ایمان لانے سے چڑتے ہین وہ کوشش کرنے لگتے ہین کہ کسی طرح اخلاق کی اشاعت مذہب کے بغیر ممکن ثابت کرین اور جو لوگ خدا کے اعتقاد کو ایسا خوفناک دیو نہین سمجھتے مگر اسکی ضرورت اور سچے عرفان کے لطف سے بھی چنداں آشنا نہین ہوتے وہ محض اخلاق کو اپنا منتہا سے نظر ٹھیرا کر چونکہ اخلاق کا جلوہ کم و بیش ہر مذہب مین دیکھتے ہین اسلئے یہ دعوے کرنے لگتے ہین کہ ہر ایک مذہب اپنے واحد مقصود کو پورا کر رہا ہے اور اس لیئے سب کی پیروی باعث نجات ہی مگر حقیقت مین یہ دونو فریق غلطی پر ہین - نہ اخلاق کی اشاعت مذہب کے بغیر ممکن ہے اور نہ مذہب مین اخلاق اور نہ مذہب کا فایدہ محض حسن معاشرت -

مذہب کے بغیر اخلاق کا وجود ناممکن ہے

انسان کی فطرت ایسی واقع ہوئی ہے کہ وہ اپنے فائدہ سے اسی صورت مین دست بردار ہوتا ہے جب اس سے بہتر کسی اور فائدہ کی توقع ہو یا کسی بڑی نقصان کا اندیشہ ہو - طالبعلم جو اپنے مطالعہ مین رات کی میٹھی نیند کے فائدے سے دستکش ہتے تو محض اسلیئے کہ اس فائدے کو چھوڑ کر علم کے بے بہا منافع سے بہرہ اندوز ہوگا اور کاشتکار جو گرمیون کی دوپہر مین ہل چلانے مین مصروف ہے اور ٹھنڈی ہوا اور سایہ کے فائدہ سے محترز ہے تو محض اسی لیئے کہ ہوا کھانے سے سال بھر تک بھوکا مرنا پڑیگا اور اگر یہ خیال نہ ہو تو صرف دوسرون کے نقصان کا خیال کبھی فائدہ حاصل کرنے سے روک نہین سکتا - انسان تمام دنیا کی جڑی بوٹی اور چرند کو اپنی غذا بناتا ہے اور تمام جاندار اور بے جان چیزون کو اپنے صرف مین لاتا ہے حالانکہ یہ تمام چیزین دوسری مخلوق کو بیشمار نقصان پہنچا کر حاصل ہوتے ہین مگر چونکہ اپنا کوئی اور بڑا فائدہ ہاتھ سے جاتا یا کوئی بڑا نقصان اپنے اوپر عاید ہوتا نہین نظر آتا اس لئے اورون کے نقصان کی ذرا پروا نہین کرتا اور نہ صرف یہ کہ انسان غیر انسان مخلوق کے نقصان کی پروا نہ کرتا ہو بلکہ اپنے بنی نوع کی بھی پروا نہین

کرتا اور جتنی چیزوں کی عام بنی نوع کو ضرورت ہی اُن کو مہنگے داموں خرید کر اپنے صرف مین لاتا ہے اور جو لوگ اس قدر قیمت نہین دیسکتے اور اس لیئے تکلیف اُٹھاتے ہین اُن کی رعایت نہین کرتا اور جب یہ صورت دُنیا کے ہر ایک کام مین دیکھی جاتی ہے تو اگر ایک لحظہ کے لیئے مذہب کو مٹانے کی کوشش بارور مان لیجائے اور خدا کا وجود اور اُسکے جزا و سزا کی طاقتون کو معدوم فرض کر لیا جائے اُس وقت جو لوگ دوسرون کا مال چھیننے اور جان و آبرو لینے مین اپنا فائدہ تصور کرتے ہون اور نیز دُنیوی حکومت کے دائرہ اثر سے باہر یا خود برسر حکومت ہونے کے سبب سے طاقتور ہون یا مخفی پیشہ دایانہ سے کامیاب ہو سکتے ہون وہ اپنی انسانی اگر بعض فطرت کے ہاتھون کیا کچھ طوفان برپا کرینگے اور دُنیا پر کیا بلا نہ لائینگے اور اُس وقت کونسی طاقت ہوگی جو ان لوگون کو حسن اخلاق پر مجبور کرے گی اور دُنیا مین امن و امان قایم رکھیگی؟

ہند ممالک کے اخلاق

کہا جاتا ہے کہ آجکل مہذب ممالک مین اکثر لوگ مذہب کو چھوڑ چکے ہین اور باوجود اس کے وہ حسن اخلاق کا اعلیٰ نمونہ ہیں اور مواخذت کرتے ہیں کہ مذہب سے کوئی نقصان نہین پہنچا مگر اول تو دیگر کمزور اقوام کے ساتھ انکا برتاؤ بہت کچھ انکی اخلاقی حسن و خوبی پر روشنی ڈالتا ہے اور ثابت کرتا ہے کہ نیک برتاؤ محض اُنہی کے ساتھ ہے جو برابر کے طاقتور اور کلہ بکلہ جواب دینے والے ہین مگر اس گفتگو کو طول دینے کے بغیر دوسری بات یہ ہے کہ مذہب کا ہزارہا سال کا طولانی اثر چند صدیون مین ہی زایل نہین ہو سکتا چہ جائیکہ چند نسلون کی ناری تعلیم اس کو بالکل فنا کر دے یہ تعلیم کہ برائی کا اثر روح کو تاریک کرنیوالا اور اب اور آیندہ ہزارہا جسمانی اور روحانی نقصان پہنچانے والا ہے اور کوئی ایسا قانون یا قانون کا بنانے والا ہے جو عالم کے ذرہ ذرہ پر حکومت کرتا ہے اور اسکی نظر کبھی اور کسی وقت خطا نہین کرتی غرض یہ خیال مذہب کی برکت سے اب تک تمام دُنیا کی فضا مین پھیلا ہوا ہے اور اسی کی کشش ہے جو اب تک عقلا اور جہلا کے دلون کو پورے طور پر جس قابلیت کی طرف متوجہ نہین ہونے دیتی اور یہی کشش ہے جو ڈکٹر میل کے قول پر [illegible]

پس مذہب کے بغیر اخلاقی ترقی کی نظیر اس وقت پیش ہو سکے گی جب یہ آدمی تسلیم اور خدا کا انکار بھی مذہب کے عمر کے برابر طول کھینچے اور تمام زن و مرد پر مذہب کیطرح قابض ہو اور پھر اُس وقت کے لوگ اخلاق مین نمونہ بن سکین ۔ اور حقیقت مین اگر خدا نخواستہ کبھی ایسا زمانہ آئے کہ تمام عالم خدا سے منکر ہو تو وہ وقت نہایت منحوس ہوگا اور یہ انسانی مخلوق اگر اس وقت بھی انسان ہی رہے اور فرشتہ نہ بن جائے تو نہ ملکی حکومت و قانون کی پیش جائیگی اور نہ کھوکھلی اخلاقی تعلیم کے بنائے کچھ بنیگا اور جو لوگ فائدہ حاصل کر سکتے ہونگے وہ وہ قیامت برپا کرین گے کہ عالم تہ و بالا ہو جائیگا مگر یقین ہے کہ بفضل خدا ایسا دن نہین آئیگا اور جبتک مذہب انسانی فطرت مین داخل ہے، ان مشتے چند دراولیا کرنے والون کی کوشش مذہب کو نابود کرنے مین کامیاب نہ ہوگی کیونکہ فطرت کو بدلنا انسانی طاقت سے باہر ہے ۔

ملک کی مدبیر اور اس کا نقص

ایسی کوشش کرنیوالے اب بھی اگرچہ چاہتے ہین مگر مذہب سے بے نیاز نہین ہو سکتے رومہ والون نے ملک کو دیوتا مانا تو اب ڈاکٹر میل اخلاق کو بحال رکھنے کیلئے انسانی زندگی کو معبود بنانا چاہتے ہین اور کہتے ہین :

کہ " بجائے ناویدہ طاقت کے اِس زمینی زندگی کو خدا مانکر ہم اعلےٰ اخلاقی خیالات کی اشاعت کر سکتے ہین " یعنی خدا کے لئے بلکہ اپنی انسانی زندگی کیلئے ہم ناجایز فائدون سے دستبردار ہو سکتے ہین تو اس پر اعتراض ہوتا ہے کہ

" یہ چھوٹا سا حصہ اور یہ تھوڑی سی بے حقیقت عمر اگر دنیا کے پرے تک دراز نہ مانی جائے تو ایسے چھوٹے سے بہانہ پر اعلےٰ خیالات کی بنیاد رکھنی ناممکن ہے اور ایسی چھوٹی عمر کا یقین کر لینے کے بعد تو وہی یونانی فلاسفر اپیکیورس کا عقیدہ اشاعت پا سکتا ہے کہ کھالو اور پی لو کل تو مرنا ہی ہے "

اِس کے جواب مین وہ فرماتے ہین کہ

" اگرچہ انسانی کی زندگی اگرچہ حقیر ہے مگر نوع انسان کی زندگی خاصی طویل اور بے انتہا ہے

اور جب انہین سے خاص خاص لوگون کی زندگی خدا بن سکتی ہے چنانچہ رومہ والون نے ایسا کر دکھایا تو عام نوع انسان کی زندگی سے یہ اثر کیون نہ پیدا ہو سکیگا"

چنانچہ ایسا اثر پیدا ہونیکی تدبیر بتاتے ہوئے لکھتے ہین کہ

"یہ اعلیٰ اخلاق اپنے عروج کیلئے کسی معاوضہ کی امید پر منحصر نہ ہوگا بلکہ اسکا ایسا معاوضہ ہوگا جو دیکھا جا سکے اور جو تکلیف کے وقت تسلی اور کمزوری کے وقت سہارے کا کام دے اور وہ معاوضہ اگلے جہان کی مشتبہ زندگی نہین بلکہ اسی زندگی مین ان لوگون کی خوشنودی ہے جنکی ہم عزت کرتے ہین اور خیالی طور پر ان تمام مُردہ اور زندہ لوگون کی پسندیدگی ہے جنکی تعریف و تعظیم کے ہم معترف ہین کیونکہ یہ خیال کہ ہمارے مردہ آبا و اجداد ہمارے اطوار کو پسند کرتے ہون گے ایسا ہی طاقتور ہے جیسا یہ خیال کہ زندہ لوگ پسند کرتے ہین اور یہ تصور کہ سقراط، ہاورڈ، واشنگٹن، انٹانی نس یا مسیح ہمارے ساتھ ہمدردی رکھتے ہونگے یا یہ کہ ہم بھی اسی نیت سے کام کرتے ہین جس نیت سے وہ کرتے تھے بہت سے نیک دلون کے لئے اعلےٰ خیالات کیواسطے قوی محرک ہوا ہے"

ڈاکٹر موصوف اِس تدبیر سے نیک اخلاق پیدا کرنیکے لیئے خدا کو چھوڑ کر کوئی محسوس محرک پیدا کرنا چاہتے ہین مگر جہان آکر ٹھیرے ہین دیکھا گیا تو تکیہ اسی غیر محسوس طاقت پر ہے یعنی خدا نہ سہی اپنے آبا و اجداد اور بزرگون کے ارواح کو حاضر ناظر مان کر انکی خوشنودی کا فائدہ مدنظر رکھنا پڑا اگر انکی زوردار تقریر کے ساتھ جسمین بزرگون کو شفیع بنایا گیا ہے وہ فلسفیانہ خیال بھی لکھ دیا جاتا کہ روح کوئی چیز نہین اور مرنے کے بعد جسمانی اجزا اپنے اپنے عناصر مین مل جاتے ہین اور غبار بن کر اُڑ جاتے ہین تو پھر دیکھتے کہ یہ مُردہ اور زندہ لوگون کی خوشنودی کیونکر ہم سے ہمارے مفاد کو چھڑوا سکتی کیونکہ جب وہ مر کر کچھ رہے ہی نہین تو اب خوشنودی مٹی اور ہوا کی کیا تسکین دیگی! غرض ناممکن ہے کہ کوئی طاقت جو خوشنودی ہو نیوالی اور جزا و سزا دینے والی ماننے کے بغیر انسان نیک اطوار پر مجبور ہو سکے۔ پس فطرت انسانی مین داخل ہونے کے سبب اگر مذہب کی اصلاح

وترقی انسانی فرض ہے تو مدار اخلاق ہونیکے باعث اُسکی تلقین واشاعت اخلاقی فرض ہے۔

مذہب عین اخلاق نہین

ان لوگون نے مذہب کی ضرورت کو محسوس نہین کیا اور اس لیئے مذہب کو چھوڑکر اخلاق پیدا کرنا چاہتے ہین مگر معلوم ہوتا ہے کہ مذہب کی ماہیت سے ناآشنا نہین ہین اور جانتے ہین کہ مذہب خدا پر ایمان لانیکا نام ہے لیکن جو لوگ تمام مذاہب کو باعث نجات اِس لئے مانتے ہین کہ سب مین اخلاقی تعلیم موجود ہے وہ لوگ مذہب کی ضرورت کو تسلیم کرنے کے باوجود مذہب کی حقیقت سے چشم پوشی کرتے ہین اور نہین دیکھتے کہ اسکی اصلی خواہش خدا کا اعتقاد اور اسکی ذات وصفات کی معرفت ہے اسلئے کہ شروع سے لیکر آج تک مذہب کی تمام شکلون مین اور مذہبی ترقی کے تمام مدارج مین ایک بالاتر ہستی کا یقین کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ تعلق پیدا کرنے کو اعلیٰ مقصد اور منتہائے نظر مانا جاتا ہے اور جب مذہب کا یہ مطلب ہے تو لامحالہ ماننا پڑے گا کہ یہ اور چیز ہے اور رحم وانصاف شرافت وشجاعت وغیرہ جداگانہ اوصاف ہین پس جس طرح شجاعت اور دلیری کی مشق کرنے سے صنعت وحرفت یا نجوم کی مہارت سے نجاری ومعماری کا علم حاصل نہین ہوسکتا سچائی اور ہمدردی کا وصف پیدا کرنے سے علم وحکمت کا وقوف پیدا نہین ہوتا اسی طرح انسان نیک برتاؤ اور حسن معاشرت مین لاکھ امتیاز پیدا کرے معرفت وشہود سے بہرہ یاب نہ ہوسکیگا۔ پس جو لوگ محض اخلاق سے خدا تک پہنچنا چاہتے ہین وہ زمین پر چلنے سے آسمان پر چڑھنے کی امید رکھتے ہین۔ غرض اگر دنیا مین علت ومعلول کا قانون ناقابل تنسیخ ہے اور اگر ہر ایک مدعا کیلئے اس کے مناسب حال اسباب ضرور ہوا کرتے ہین تو یا تو خدا کا عرفان حاصل کرنیکے لیئے مذہب کی اُس حد تک پہنچنا ضرور ہوگا جسمین خدا کی سچی معرفت کی تلقین ہو اور خدا کو انہی اوصاف وخواص سے ماننا ہوگا جو واقعیت رکھتے ہون اور اگر نہین یعنے اگر خدا کی حقیقی معرفت پیدا کرنے کی ضرورت نہ ہو تو پھر یہ کہنا چاہئے کہ مذہب کی اصلی کشش انسان کے اندر ایک غیر ضروری عنصر ہے اور اس طرح نتیجہ وہی ہوگا جو مذہب سے انکار کرنیوالے مانتے ہین فرق صرف اس قدر ہوگا کہ وہ لوگ مذہب کے علانیہ دشمن ہین

اور یہ بظاہر اسکی ضرورت کا دعوی کرتے ہین اور در پردہ بیگانی چاہتے ہین اور انکی جانب سے جو حمایت ہوتی ہے وہ درحقیقت ایک اور جذبۂ فطرت یعنی اخلاق کی ہوتی ہے۔

پابندی اخلاق مذہبی ترقی کا ذریعہ ہے۔

اسمین شک نہین کہ خدا کی معرفت پیدا ہونیکے بعد خواہ وہ کسی درجہ کی ہو اسکے ساتھ مناسبت اور تعلق پیدا کرنے کی خواہش ہوتی ہے اور اس کے واسطے ایک طریق وہ غور و فکر کی شکلین ہین جن کو عبادت کہا جاتا ہے اور دوسرا طریق یہ ہے کہ جس قسم کے اوصاف اور خواص خدا کے معلوم ہوتے ہین اسی قسم کے اوصاف اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کیجائے مثلاً خدا رحم انصاف انتقام وغیرہ قوانین سے دنیا کو قایم رکھتا ہے اس لئے انسان بھی اپنی طاقت کے موافق ان اوصاف کو حاصل کرے اور مخلوق خدا کے ساتھ وہی سلوک روا رکھے جو اپنے ذہن مین خدا کی طرف منسوب کرتا ہے اِس لیئے اخلاق بہت بڑی حد تک مناسبت اور تعلق مین مدد دینے والے ہین اور نہ صرف دنیوی حیثیت سے بلکہ مذہبی حیثیت سے بھی نہایت ضروری اور مفید ہین اور اس لیئے مذہب اعتقاد کے بعد اخلاق کی بھی ویسی ہی تاکید کرتا ہے جیسی غور و فکر یعنی عبادت کی۔ مگر یہ بھی یاد رہے کہ اخلاق اور عبادت سے جو مناسبت اور تعلق خدا کی ذات سے پیدا ہوگا وہ قدر و کیفیت مین اسی درجہ پر ہوگا جس درجہ تک خدا کی معرفت حاصل ہو چکی ہے مثلاً اگر کوئی شخص خدا کو مجسم اور مکان اور زمانہ مین محصور سمجھتا ہے اور پھر عبادت اور اخلاق سے اُس کے ساتھ تعلق پیدا کرتا ہے تو اس کا تعلق ایک مجسم چیز سے ہوگا اور اسی کی معرفت کا نقش دل پر گہرا ہوتا جائیگا اور یہ نہ ہوسکیگا کہ مجسم سمجھ کر عبادت کرتا ہو اور اس عبادت سے اُس کا جسم سے پاک ہونا دل مین بیٹھ جائے۔ پس اخلاق کو تعلق اور مناسبت کیلئے ضروری اور مفید تسلیم کرنے کے بعد بھی مذہب کا مدار معرفت ہی پر رہتا ہے اور کسیطرح ثابت نہین ہوتا کہ ناقص معرفت کے وقت اخلاق حسنہ حاصل کرنے سے انسان عارف کامل بن سکیگا اور محض حسن معاشرت سے سچے خدا تک پہنچ سکے گا۔

مخالف مذاہب ایک دوسرے پر [illegible]

اور علاوہ اسمین بھی شک نہین کہ ہر مذہب کی مختلف شکلون مین سے بعض مین بعض

کی نسبت خدا کی واقعی معرفت تک پہنچنے کی قابلیت زیادہ ہے اور اس لحاظ سے ناقص مذاہب
مین سے بعض کو بعض سے اچھا کہہ سکتے ہین مثلاً اگر درخت یا پتھر کو خدا سمجھا جاتا ہے تو چونکہ
پتھر اور خدا مین بہت بڑا تفاوت ہی ایک محسوس ہے تو دوسرا غیر محسوس ایک مادی ہے اور
دوسرا غیر مادی ایک محدود ہے اور دوسرا غیر محدود اسلئے یہ خیال خدا کی معرفت سے بہت دور
بلکہ اس سے متناقض ہے اور اگر خدا کو درخت اور پتھر سے بالاتر سمجھا جاتا ہے مگر اعتقاد کیا جاتا ہے
کہ انسان کو متوجہ کرنے کیلئے اس نے درخت مین ظہور اور حلول کیا ہے تو یہ خیال پہلے خیال کی
نسبت معرفت سے کم بُعد رکھتا ہے مگر اس وجہ سے کہ وہ شخص خدا کو جسم مین آنے اور محتاج مبنی
کے لائق سمجھتا ہے سچے عرفان سے بیگانہ ہے اور اگر خدا کو جسم مین در آنے سے بھی پاک سمجھا
جاتا ہے مگر ولدیت وغیرہ بعض جسمانی صفات سے متصف مانا جاتا ہے یا اسکی صفات کمال
مین سے کسی صفت سے عاری مانا جاتا ہے تو بعینہٖ خدا کے حلول کرنیکی نسبت یہ خیال شریف اور
برتر ہوگا مگر ایک گونہ ناقص سمجھنے کے باعث سچی معرفت سے اسمین بھی ناآشنائی ہے اور جس طرح
بچہ پیدا ہونے کے بعد بالغ ہونے تک اپنی نشوونما کے مدارج مین رفتہ رفتہ جوانی سے قریب ہوتا
جاتا ہے اور بلوغ کی استعداد مین ترقی کرتا جاتا ہے لیکن اگر بالغ ہونے کیوقت سے ایک دن پیشتر
ہی مرجائے تو خواہ اُسے ایک شیرخوار کی نسبت بہت زیادہ لذتین اور فائدے حاصل ہوگئے
ہون گے مگر بلوغ اور جوانی کی نعمت سے ضرور محروم جائیگا اسی طرح معرفت کامل کی استعداد خواہ
کیسی قوی پیدا ہوچکی ہو لیکن اُس تک پہنچنے سے پہلے جس درجہ پر انسان ٹھہر جائیگا اگرچہ اپنے
سے پست تر خیالات کی نسبت فائدے مین رہیگا مگر اس بالاتر نعمت سے ضرور ناآشنا رہیگا۔
اور جس طرح قریب البلوغ لڑکا کبھی بے اعتنائی سے ایسا مریض ہوسکتا ہے کہ شیرخوار بچے جیسی راحت
اور لذت کو بھی کھودے اسیطرح خدا کی نسبت کوئی سے اعلیٰ خیالات رکھنے والا ممکن ہے کہ شرک
اور نقص کے اعتقاد کو اعلےٰ خیالات سے ملاکر معرفت سے ایسا دور جا پڑے کہ مجمل طور پر بالاتر
ہستی کو ماننے والا اُس سے بہتر ہو۔

غرض دُنیا کا نظام قدرت اور نیچر کے تمام کاروبار بالاتفاق اور بلا استثنا شہادت دیتے ہین کہ مذہب کا سچا فائدہ اسی صورت مین حاصل ہوگا جبکہ مذہب سچا ہو اور جھوٹے مذہب سے سچے فائدے کی امید رکھنا سراب سے دریا کو پانا اور شیر قالین سے شبیز نیستان کا کام لینا ہے یعنی ہیچ -

مذہب کی تدریجی ترقی

سوئم - عقل کی ترقی اور دیگر جذبات فطرت کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ ان کا تخم انسان کی فطرت مین موجود ہے مگر ہر ایک کی ترقی اور اُس کا کمال عموماً تربیت اور دوسرون کی رہنمائی پر منحصر ہے اور جب انسان کو ایک حالت مین رہتے ہوئے کچھ عرصہ گذرتا ہے اور جدت پسندی کی برکت سے اور ایک حالت مستمرہ سے ملول ہو جانیکے باعث کہ یہ بھی انسان کی فطرت مین ودیعت ہے اُسمین اپنی حالت کو بدلکر اُس سے بہتر حالت مین جانیکی استعداد پیدا ہوتی ہے تو اُس وقت اپنی حالت پر متعجبانہ نگاہ ڈالتے رہنے سے اور گاہ کسی اور قوم کی بہتر حالت پر مطلع ہونے سے ان مین سے کسیکو کوئی نیا خیال سوجھتا ہے اور اکثر مہتم بالشان اور باریک نکات کو دریافت کرنے کیلئے دیکھا گیا ہے کہ کبھی تمام قوم نے دفعتہً ترقی نہین کی بلکہ عموماً اپنے زمانہ مین کسی ایک یا چند اشخاص کو اختراع و ایجاد کی عزت حاصل ہوتی ہے اور پھر اُس ایک یا چند افراد کی کوشش سے اور نیز اپنی موجودہ حالت کی ملالت سے ملک اور قوم اس جانب توجہ کرتی ہے اور اگرچہ عموماً ایسے لوگ بھی اسوقت موجود ہوتے ہین جو نئے نکات کو نفرت کی نظر سے دیکھتے ہین اور اس سے اختلاف ظاہر کرتے ہین لیکن اگر نیا خیال واقعی ترجیح اور برتری رکھتا ہو تو ایجاد کی کوشش بار ور ہو جاتی ہے اور بتدریج پرانے اوہام نے خیال کیلئے جگہ خالی کر دیتے ہین - زمین کے مسطح ہونیکے بعد حرکت کرنیکا، اشیاء کے میلان طبعی کی بعد کشش ثقل کا، عام وسایل نقل و حرکت کے بعد بخار کی طاقت سے کام لینے کا، نامہ و پیام کیلئے اور دیگر تدابیر علاج کیلئے عام ذرایع کے بعد برقی طاقت کو استعمال کرنے کا اور اس کے بعد بے تار ٹیلیگرافی کا خیال اسی طرح پیدا ہوا ہے کہ ایک مدت دراز تک ایک خیال پر قایم رہنے اور اس سے کام لینے کے بعد انسان مین یہ قابلیت

ہوئی کہ اور طرف توجہ کرے اور پھر اُس وقت کسی بندۂ خدا کو نیا خیال سوجھا اور رفتہ رفتہ اُس کا رواج ہوا۔ ڈاکٹر ایچ آرمل ازجی یعنی طاقت کے ذکر مین لکھتے ہین کہ:-

"طاقت دُنیا مین مادہ کے علاوہ ایک اور حقیقی وجود ہے جو ہمارے حواس پر ایسا براہ راست اثر نہین کرتا جیسے مادہ کرتا ہے اور پچاس سال گزرے کہ اس ہستی کا کسیکو علم نہ تھا اور استدلال کا ایک سلسلہ ضروری تھا جس کے بعد اس کے موجدون کو اس کے وجود اور اس کی حقیقت کا یقین آیا" †

اور زمین کے گول ہونیکا خیال تو خیر بہت پُرانا ہے مگر ان دوسرے خیالون کی ایجاد کا وقت زمانہ کو یاد ہے اور وہ بتاتا ہے کہ اُس وقت تمام دُنیا مین سے ایک ہی مرد ایسا نکلا ہے جس نے خلاف معمول ایک انوکھی بات معمولی واقعات مین سے نکال لی سیب کا درخت پر سے گرنا کس نے نہیں دیکھا اور دیگچی پر سے پوش کی حرکت سے یا اور طرح پر بخار کی طاقت کو کون نہ جانتا تھا مگر نیوٹن اور جیمس واٹ ہی وہ خوش قسمت تھے جن کو ایسے معمولی واقعات نے کشش ثقل اور سٹیم انجن جیسے گرانمایہ اور مہتم بالشان نتائج تک پہنچایا۔ انسان کو بیرحمی سے پکڑنا اور اینٹ پتھر کیطرح اُن سے سلوک کرنا کس کی آنکھون سے پوشیدہ تھا مگر کسی نے ترس نہ کھایا اور جو ترس کہاتے تھے اُن کا کہنا زمانہ نے نہ سُنا اور گرینول شارپ ہی وہ باقبال نکلا جسکی باریک نظر نے اِس اخلاقی نقص کو دور کرنے کی تدبیر نکالی اور انسان کو غلامی مین وہ کام کر گیا جسکو آج زمانہ فخر سے یاد کرتا ہے۔ اور دوسری طرف یہ قاعدہ بھی اِن تمام قسم کی ترقیون مین دیکھا جاتا ہے کہ جہالت کی تاریکی مین جب کسی ترقی کا شرارہ چمکتا ہے تو اگرچہ فی ذاتہ وہ شرارہ پاک اور بے عیب ہوتا ہے مگر اکثر اوقات گردوپیش کی تاریکی اُس نور مین کئی طرح کی آمیزش کر دیتی ہے اور وہ خیال باوجود پاک اور اعلیٰ ہونے کے دوسرے خیالون مین ملکر ناپاک اور پست ہو جاتا ہے۔ بجائے مسطح ہونیکے زمین کے گول ہونیکا خیال ایک واقعی اور سچا خیال تھا مگر اس کے ساتھ دوسرے مسلمات مل گئے اور گول مانکر اس کو عالم کے وسط مین ساکن تسلیم

† کتاب سپیلج آف نیچر باب دوم صفحہ ۱۸۳ سنہ ۱۸۸۳ء

کیا گیا اور عالم کا مرکز ٹھیرا کر تمام موجودات کو اُسکے گرد حرکت کرنیوالا اور اس طرح اس چھوٹے سے کرہ کو تمام ستارون اور سیارون کی پیدائش کا مقصد سمجھ لیا گیا۔ غرض دوسری خیالات کی آمیزش سے زمین کی نسبت جو یقین قایم ہوا وہ رستی سے بہت دور ہو گیا علیٰ ہذا جب سیارون کو آفتاب کے گرد چکر لگاتے ہوئے مانا گیا تو اس خیال کے ساتھ جسکی واقعیت آجتک مسلم ہے یہ آمیزش ہو گئی کہ ہر ایک سیارہ مین ایک روح مانی گئی جو اس سے آفتاب کے گرد طواف کرواتی ہے کیونکہ اس سے پہلے جو آسمانون کی چند تہین مانی ہوئی تہین انہین بھی روح اور حرکت ارادی کا وجود مانا جاتا تھا پس اسی تاریک خیال کے بعد جب یہ روشن خیال کیپلر نے پیدا کیا تو وہ ان آسمانون کی بجائے سیارون مین فرض کر لی گئین اور بہیئت مجموعی سیارون کے بارہ مین واقعی علم حاصل نہ ہوا۔

غرض اس غور و فکر سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ان جذبات فطری مین ترقی درجہ بدرجہ ہوتی ہے اور تربیت پر منحصر ہے اور ہر ایک ترقی کو پانیوالے ابتدا مین چند افراد ہوتے ہین اور ترقی کے درمیانی درجون مین ایجاد کرنیوالون کی تعلیم گرد و پیش کے تاریک خیالون سے مل کر مکدر ہو جاتی ہے اور پھر کچھ عرصہ کے بعد کوئی اور روشن خیال پیدا ہوتا ہے جو اپنی حیثیت کے موافق تاریکی کے کسی حصہ کو دور کر کے کسی اور موجد کیلئے جگہ خالی کر جاتا ہے۔ یہی صورت مذہب مین دیکھی جاتی ہے کہ اُس کا تخم فطرت مین موجود ہے اور انسان اپنی جبلی کشش کے سبب سے اسکی تلاش شروع کرتا ہے مگر نقص بشریت اور کوتاہی نظر کے باعث غلطیون مین مبتلا ہو جاتا ہے اور طرح طرح کے ناپاک خیالات اور افعال کو اُس پاک کشش کے ساتھ ملا لیتا ہے مگر کچھ مدت یہ حالت قائم رہنے کے بعد حسب قاعدہ ضلالت اور ناپسندیدگی کا میلان پیدا ہوتا ہے اور کسی نور کو قبول کرنے کی استعداد حاصل ہوتی ہے اس وقت کوئی خدا کا بندہ پیدا ہوتا ہے جو اس زمانہ اور حالت کے موافق مذہب کے متعلق کوئی روشن خیال پیش کرتا ہے اور اگرچہ ابتدا مین اُس کے جدت اور انوکھے پن سے اختلاف پیدا ہوتا ہے مگر آخر وہ استعداد جو قوم مین

پیدا ہو چکی ہوتی ہے غالب آتی ہے اور اس خیال کو تسلیم کرنیوالے پیدا ہونے لگتے ہین
اور کچھ عرصہ اُس روشنی کا فروغ رہنے کے بعد پھر گرد و پیش کے تاریک خیالات غلبہ پاکر
اسکی خوبی کو ڈھک لیتے ہین اور نیک و بد خیالات مل کر بہیئت مجموعی واقعیت سے دور رہجاتے
ہین اور پھر اسی قسم کا کچھ عرصہ گزرنے کے بعد کوئی اور شخص پہلے شخص کی تعلیم کے ساتھ دیگر تاریکیون
کے متعلق اپنے چند اور روشن تجربے لیکر پیدا ہوتا ہے اور حسب دستور پھر باقیماندہ تاریکیون کے
سبب سے کوئی اور شکل پیدا ہو جاتی ہے اور اس طرح کا ایک سلسلہ جاری رہتا ہے۔ مثلاً زمانہ
جہالت و وحشت مین جب فطری کشش نے مجبور کیا اور یہ پاک خیال پیدا ہوا کہ کوئی ہستی
ہم سے برتر اور ہماری مالک اور پرستش کے لایق ہے تو چونکہ اِن لوگون کی نظر صرف محسوسات
قریبہ تک محدود تھی اس لیئے کسی نے کسی خوب صورت پتھر کو کسی نے کسی عجیب درخت کو
اور کسی نے کسی سفید جانور کو محسوسات مین سب سے برتر سمجھکر اسکی پرستش شروع کی اور یہ وہ پہلا
اختلاف ہوگا جو اس کے ماقبل کے متحدہ خیال کے بعد پیدا ہوا اور پھر اس حالت مین رہنے
کے بعد جب ترقی کرنے کی صلاحیت پیدا ہوئی تو کوئی شخص اُٹھا جس نے درخت پتھر وغیرہ
کو بیقدر اور ناقابل عبادت بتایا اور اُن کے خیال کو ان محسوسات سے بالاتر لیجانا چاہا مگر چونکہ
انکی نظر وسیع نہ تھی اس لیئے جو طاقتین اِن چیزون سے دوسرے درجہ پر تھین صرف انہی
کیطرف متوجہ ہو سکے جس سے وہ اس کوشش مین تو کامیاب ہو گیا کہ یہ درخت پتھر ہی سب سے
بالاتر نہین ہین بلکہ اِن کے اوپر بارش اور ہوا آفتاب اور ماہتاب وغیرہ کی طاقتین ہین
جو محسوسات پر حکمران ہین اور واقع مین یہان تک جو نتیجہ نکالا گیا ہے وہ بالکل بجا اور درست
ہے اور اس لیئے اس مسئلہ کو صرف اسی درجہ تک ماننے والے اور اینٹ پتھر کو معبودیت سے
اس بنا پر برطرف کرنیوالے کہ اِن سے بالاتر اور بھی کوئی ہستی ہے اس بارہ خاص مین برسر
حق ہین مگر پھر اس خیال مین دیگر تاریک خیالات کی آمیزش کا موقعہ آیا اور ہر چیز کو بے سمجھ
بوجھے خدا مان لینے کی جو عادت تھی اُس نے درخت پتھر کو چھوڑ کر آفتاب و ماہتاب وغیرہ

دیوتاؤن کو سجدہ کروایا اور درخت پتھر کی ناقابل عبادت ہونیکا پاک خیال ہوا اور آگ کی خدائی کے ساتھ ملکر حقانیت سے دور جا پڑا۔ اس کے بعد آگے بڑھنے کی استعداد پیدا ہونے پر اسی طرح کے روشن خیالون کی تعلیم سے ترقی کرتے کرتے اُس درجہ پر آئے کہ کسی نے سب سے بالاتر اور حواس سے پرے کسی ہستی کا نشان بتایا اور اس عالم کی محسوس اور نامحسوس تمام اشیا کا تغیر اور انقلاب دکھا کر اس معبود کا پتہ دیا جو ہمیشہ یکسان رہتا ہے اور اس خیال کو تسلیم کرنے کے بعد انسان کی دنیا پر نظر نے ایک اور شکل مین اپنی تاریکی کو ظاہر کیا کہ کبھی اپنے جیسے تعلقات اور رشتے مان کر اور کبھی اس خیال سے کہ جب وہ ہماری گرفت سے باہر ہے تو ہماری دستگیری اور مدد کے لیئے کسی نہ کسی شکل مین ظہور کرتا ہوگا اُس کے لئے اولاد اور اوتار تسلیم کئے اس طرح باوجود ناوید خدا کو ماننے کے اپنی تمام توجہ دیدنی اشیا مین صرف کرنے لگے اور کبھی دنیوی اشیا کو باعظمت اور برتر ماننے کی جو عادت راسخ ہوچکی تھی اُس کے سبب یک لخت سب چیزون کو اُس کا مخلوق اور محکوم ماننے پر رضامند نہ ہوئے اور اگرچہ اپنے تئین اس سے بے تبازنہ مان سکے مگر یہان کی بعض چیزون کو جو سب سے بڑی نظر آئین مثلاً مادہ یا روح اور اُن کے خواص کو اسکی خالقیت سے مستغنی اور اسکی طرح قدامت اور عظمت سے بہرہ ور سمجھنے کا نقص اُس پاک تعلیم مین ملاکر ایسی تاریکی پیدا کی جس سے شاہد ازل کا چہرہ اپنے واقعی حسن کے ساتھ اُنکی کوتاہ نظرون مین جلوہ گر نہ ہوسکا۔

غرض عقل اور مذہب کے یکسان داخل فطرت ہونے اور ایک دوسرے کے مشابہ ہونے سے نتیجہ پیدا ہوتا ہے کہ ابتدا مین سب بنی آدم محض فطری حالت مین ہون گے اور مذہب کی نسبت یکسان کیفیت رکھتے ہون گے جیسے کہ اُس وقت عقل کی نسبت ابتدائی اور یکسان حالت مین تھے مگر مدعائے مذہب یعنی خدا کی تلاش مین مصروف ہوکر جو کوشش اُن کو قدرت کی جانب سے دی گئی تھی اُسمین اپنی خواہشون کو ملاکر اُسکے متعلق مختلف رستے اختیار کئے ہونگے جیسے مدعائے عقل یعنی فلاسفی یا واقعیت کی تلاش مین واقعیت کو بہت سے غیر واقع خیالات سے

بقیہ ۱۰

ملاکر مختلف روشنین اختیار کر رہے ہین پھر مذہبی تجربہ کار وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے رہے ہونگے جو مناسب حال کوئی خاص تعلیم دیتے ہونگے اور لوگون کے مختلف عقائد کا فیصلہ کرتے ہونگے جیسے عقلی تجربہ کار اپنے اپنے وقت مین نئے فلسفیانہ نکات کی تعلیم دیکر اختلافات عقلی کا فیصلہ کرتے رہے ہین۔ پس جن لوگون مین طلب صادق اور شوق حقانیت موجود ہوتا ہوگا وہ ان ہادیون کے فیصلہ پر کاربند ہوکر اپنے مدعا مین کامیاب ہوتے ہونگے جیسے طالبان وانجیت اور شائقین فلسفہ عقلا کی رہنمائی سے علم و ہنر کا لطف اُٹھاتے ہین اِس طرح ایک طرف عقلی فرقے اور سکول ہوتے گئے اور دوسری جانب مذہبی گروہ اور شاخین نکلتی آئین ایک اپنے رہنماؤن کو موجد کہتے ہین اور دوسرے اپنے ہادیون کو پیغمبر۔ ایک طرف ڈیوی، جیمز، ایڈیسن، واٹسن، ھرٹز اور مارکونی ایسے رہنما تبکر عقلی فضا مین قابل تعظیم و تسلیم قرار پائے تو دوسری طرف کرشن اور زردشت بدھا اور کنفیوشس۔ موسیٰ اور مسیح مذہبی دنیا مین لائق عقیدت اور مدار ایمان ٹھیرے

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (بقرہ پارہ ۲ ع ۲۶)

(پہلے) لوگ ایک فرقہ تھے پھر خدا نے انبیاء خوشخبری دینے والے اور اللہ سے ڈرانے والے بھیجے اور اُن کے ساتھ احکام ربانی نازل فرمائے تاکہ لوگون کے مابین اُنکے اختلافون کا فیصلہ کرین اور اختلاف اُنہی لوگون نے کیا جنکو وہ حکم ربانی پہنچا گیا تھا اور اختلاف ایسے وقت کیا جبکہ اُن کے پاس روشن دلیلین آچکی تھین اور اختلاف اپنی خواہشون کے سبب کیا پس خدا نے اپنے حکم سے اس اختلاف کے بارہ مین ان لوگون کو ہدایت کی جو ایمان لائے اور خدا جسے چاہتا ہے سیدھے رستہ کیطرف ہدایت کرتا ہے

۱؎ معدن کا چراغ بنانیوالا۔ ۲؎ علاج کیلئے ٹیکا لگانیکا موجد۔ ۳؎ فوٹوگراف کا موجد۔ ۴؎ تاربرقی کا موجد۔
۵؎ برقی لہرون کو ثابت کرکے بے تار پیام رسانی کا خیال پیدا کرنیوالا۔ ۶؎ ایکس رے فوٹوگرافی کا موجد جس سے زندہ انسان کی ہڈیون کا عکس لیا جاسکتا ہے۔

باب سوئم

وحی

کیا وحی انسان کا اپنا فعل ہے؟ - مسٹر پارکر کا خیال - روحانی حواس - کشف کی چند مثالین - یقین حاصل ہونیکی عقلی اور قلبی صورتین - خدا کو ماننے کے دو طریق - جذبہ فطرت اور استدلال کی آمیزش - استدلالی یقین انسان کی اپنی ترقی ہے - عقل مذہب کو پیدا نہین کر سکتی - مذہب کے تین خادم ہین تجربہ مین قوی عامل ہوتا ہے اور ضعیف معمول - وحی مین خدا عامل ہوتا ہے اور انسان معمول - نبی اگرچہ بہت ہین مگر تمام انسان نبی نہین ہو سکتے - استعداد مین تفاوت درجات کا ہے یا نوع کا؟ تفاوت حالات - انبیاء کی ضرورت - الہامی کتابون کی ضرورت - نسخ شرائع - احکام شریعت کے فائدے حقیقت مین تجربے سے معلوم ہو سکتے ہین تعلیم کے علاوہ نبی کا اُمت مین کچھ عرصہ تک رہنا بھی ضرور ہے سلسلہ ارشاد و ہدایت کی ضرورت - وحی اور الفاظ -

کیا وحی انسان کا اپنا فعل ہے

جس طرح سے عقلی موجدون پر فلسفہ کے نئے نکات کا ظاہر ہونا خلاف عقل نہین اسی طرح مذہبی مصلحون پر معرفت کے تازہ دقایق کا انکشاف قدرت کے عام قانون کے مخالف نہین مگر اب سوال یہ ہے کہ آیا جس طرح سے عقلی موجد غور و فکر اور استدلال و استقراء سے کسی نکتہ کو دریافت کرتے ہین اور انکی اپنی طبیعت کا میلان اور محض ذاتی کوشش اُن کو کسی ایجاد تک پہنچا دیتی ہے اسی طرح انبیاء بھی اپنی ذاتی قابلیت اور فطری استعداد سے اس نعمت کو پا لیتے ہین یا اُن کے انکشاف مین جس کو وحی و الہام کہتے ہین کسی بالائی طاقت کا بھی دخل ہوتا ہے - پس جو لوگ فلسفیانہ نظر سے مذہبی خوبیون کا اعتراف کرتے ہین وہ عموماً پہلے خیال کے حامی ہین چنانچہ مسٹر تھیوڈور پارکر اس مضمون کو نہایت قابلیت سے لکھتے ہین اور "مذہب کا فطری نظارہ یا سپر چوئلزم" کا عنوان قایم کر کے فرماتے ہین کہ:-

مسٹر پاکو کا خیال

"اِس عقیدہ کی یہ تعلیم ہے کہ جس طرح جسمانی خواہشون کیلئے فطرت نے اُن کے سامان مہیا کئے ہین اسی طرح روحانی خواہشون کیواسطے بھی مہیا کئے گئے ہین اور یہ کہ جیسی روشنی اور آنکھ آواز اور کان۔ خوراک اور ذائقہ۔ راستی اور ذہن۔ حُسن اور تخیل مین باہم تعلق ہے اسی طرح خدا اور روح مین بھی تعلق ہے اور یہ کہ جیسے طبعی میلان کی پیروی اور جسمانی قوانین کی اطاعت کرنے پر جسم کی خواہشون کیلئے نیچر کیطرف سے سامان مہیا پاتے ہین اور صحت اور قوت حاصل کرتے ہین اور ویسے قلبی قوانین کی پابندی کرنے پر قلبی ضرورتون کا سامان مہیا پاتے ہین اور دانائی یا قابلیت کو جو قلبی صحت ہی حاصل کرتے ہین اسیطرح اگر ہم ایک اور طبعی میلان کی پیروی کرین اور خاصہ اخلاقی و مذہبی کو ملحوظ رکھین تو انکی ضرورتون کیلئے بھی سامان مہیا پائینگے اور سب سے برتر اخلاقی صحت یعنی اخلاقی اور مذہبی راستی اور روحانی امن شعور اور راحت حاصل کرینگے۔ اِس عقیدہ کی یہ تعلیم ہے کہ خدا اور روح مین جو قرب ہے دُنیا اور جسم کا قرب اِس سے زیادہ نہین کیونکہ ہم خدا ہی مین زندہ ہین اور اسی مین چلتے پھرتے ہین اور اسی مین ہمکو وجود حاصل ہوتا ہے اور ویسے مادہ پر قبضہ پانے کیلئے اور جسمانی ضروریات مہیا کرنے کیلئے ہم جسمانی حواس رکھتے ہین جن سے فطری طور پر تمام مادی اشیا کو جو ضروری ہون حاصل کرتے ہین اسی طرح خدا تک پہنچنے کیلئے اور روحانی ضروریات مہیا کرنے کیلئے ہم روحانی حواس رکھتے ہین جن سے تمام روحانی اشیا کو جو ضروری ہون حاصل کرتے ہین۔ جب ہم جسمانی حالات کا لحاظ رکھتے ہین تو فطرت کو اپنے پہلو مین پاتے ہین اور جب روحانی قوانین کا لحاظ رکھتے ہین تو خدا کو اپنے پہلو مین پاتے ہین اور جو لوگ ان حالات کو مدنظر رکھین وہ ان سب کو صداقت بخشتا ہے۔ ہم عقل ضمیر اور جذبہ مذہبی کی وساطت سے اسکی بارگاہ مین دخل پا سکتے ہین جیسے آنکھ کان اور ہاتھ کی وساطت سے براہ راست نیچر تک پہنچ سکتے ہین پس انہی راستون مین سے اور ایک کشش ثقل جیسے یقینی باقاعدہ اور عام قانون کے ذریعہ سے خدا انسان پر وحی کرتا ہے اور اس پر راستی کا الہام کرتا ہے

اور کیون نہ ہو کیا ہستی خدا کا ویسا ہی خاصہ نہین جیسے حرکت مادہ کا خاصہ ہے؟ اس لیئے اگر خدا ہر جگہ حاضر وناظر اور ہمیشہ کیلئے فاعل ہے تو وحی کوئی معجزہ نہین بلکہ ذی شعور روح پر خدا کے اثر کرنیکا ایک باترتیب قاعدہ ہے جیسے کشش ثقل بے شعور مادہ پر اثر کرنے کا قاعدہ ہے پس وحی کو گاہ گاہ خدا کا تنزل نہین سمجھنا چاہئے بلکہ انسان کا دائمی عروج - اور فرائض کا علم حاصل کرنیکے لیئے انسان کو اسکی اپنی ذات سے پرے پرانی دستاویزون (الہامی کتابون) کیطرف نہین بھیجا جاتا کیونکہ اعتقاد اور عمل کا واحد قاعدہ یعنی کلمۃ اللہ انسان سے بہت ہی قریب اور خود اس کے دل مین موجود ہے اور اسی کلمہ کے ساتھ وہ تمام دستاویزون کی خواہ کوئی بھی ہون پڑتال کرسکتا ہے۔ خدا کے حضور مطلق کیطرح وحی اُن چند مصنفین پر محدود نہین جن کو یہودی عیسائی یا مسلمان مانتے ہین بلکہ اسکی وسعت اسی قدر ہے جس قدر نسل انسانی وسیع ہے۔ خدا تمام فضا مین ہے اسی طرح تمام روحون مین ہے اور جس طرح وہ بے شعور اور مجبور مادہ پر اثر کرتا اور اسکو مجبور بناتا ہے اسی طرح آزاد اور ذی شعور انسان پر وحی کرتا ہے اور اُسکا مددگار رہتا ہے"

روحانی حواس

جس صفت کو مسٹر پارکر مذہبی خاصہ اور روحانی حواس کہتے ہین اور جس کے قوانین کا لحاظ رکھنے سے اُن کے نزدیک کشف والہام پیدا ہوتا ہے اُسکو پروفیسر جیمس ایل ایل ڈی انسانی وجود کا نہ صرف مذہبی بلکہ ایک عام حاسہ مانتے اور اپنے لیکچر مین جو انھون نے "ماورائے ہستی کے تحقق" کا عنوان قایم کرکے دیا مرمختلف واقعات اور تجربون کے بنا پر اسکو ثابت کرتے ہین اور فرماتے ہین کہ †

"ہماری مثالون کے تمام سلسلہ سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انسانی شعور کے اندر دیگر حواس کے علاوہ اور ان سے زیادہ پر زور اور عام ایک اور حاسہ ایسا موجود ہے جو (بغیر چشم وگوش کی وساطت کے) کسی چیز کے تحقق اور وجود خارجی کا حکم دیتا ہے اور وہ ایسا تصور ہے جسکی بنا پر انسان کہا اُٹھتا ہے کہ "وہ دیکھو وہ چیز موجود ہے" اور جسکی نسبت موجودہ سائی کالوجی (علم النفس) کا فیصلہ

† کتاب دی وریٹیز آف دی ریلیجیس ایکسپیریئنس لکچر ۲ صفحہ ۵۸ سنہ ۱۹۰۲ء

ہے کہ ہر قسم کی واقعیت کا یقین اسی حاسہ سے پیدا ہوتا ہے"

لیکن خواہ مذہبی خاصہ جداگانہ موجود ہو یا پروفیسر جیمس کا یہی حاسہ تحقق ہو مذہبی کشف پیدا کرنے کیلئے اس خاصہ کا ظہور جس وضاحت سے پروفیسر مذکور نے بیان کیا موجودہ طرز بیان مین وہ انہی کا حصہ ہے اور میرے نزدیک اس مضمون سے بہت کچھ تعلق رکھتا ہے کیونکہ میری تحریر مین اب تک مذہب کا ذکر اسی حیثیت سے ہوا ہے کہ وہ اکثر حالات مین جذبہ عقلی سے مشابہت رکھتا ہے اور جو خصوصیتین مذہب کو ممتاز کرتی ہین اور جس طرز سے مذہبی تجربہ یعنی کشف والہام کا ظہور ہوتا ہے اسکا ابھی ذکر نہین ہوا پس مسٹر پیارکر کے خیالات پر رائے قایم کرنے سے پہلے ان کے لکچر کا کچھ حصہ نقل کرنا ضرور ہے تاکہ کشف کی صورت سے کسیقدر شناسائی حاصل ہو جائے اور فیصلہ کرنے مین تمام پہلوؤن کا لحاظ رکھنا آسان ہو اور اس مضمون کی عظمت کے لحاظ سے اس اقتباس کی طوالت مین خیال کرتا ہون کہ قابل معافی ہوگی - پروفیسر مذکور مذکورہ بالا نتیجہ کو چند اور نظایر سے ثابت کرنے کے بعد لکھتے ہین کہ †

کشف کی چند مثالین

"ایک ہم یقینی طور پر اس دعوے کو پیش کرتے ہین کہ خالص تجربہ ہائے مذہبی کے عالم مین ایسے بہت سے اشخاص ہین اگرچہ ہم بتا نہین سکتے کہ ان کی تعداد کس قدر ہوگی جو اپنے معتقد علیہ اور اپنے ایمانیات کو نہ صرف اسی قدر سمجھے ہوئے ہین جس قدر ان کا ذہن تصور کر سکے بلکہ شخصی ہستی کے طور پر براہ راست آشنا ہوتے ہین اور چونکہ کشفی مشاہدہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے اس لیے ایسے ایمانیات کے اعتقاد مین بھی قبض و بسط کی موجین پیدا ہوتی رہتی ہین اور کلیات کے طور پر اس قاعدہ کو بیان کرنے کی نسبت مثالون سے واضح کرنا زیادہ مفید ہوگا اس لیئے مین چند حوالجات پیش کرتا ہون اور پہلے ایسی نظیر کا ذکر کرتا ہون جسمین ایسے کشف کے زوال کا ذکر ہے اور یہ میرے ایک دوست کی مذہبی زندگی کا نقشہ ہے وہ ایک سائنٹیفک مین یعنی اہل علم ہے اور اسکا تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ ایسا کشف ذہنی تخیل کی نسبت احساس سے زیادہ مشابہ ہے - وہ کہتا ہے کہ :-

† کتاب دی ورائٹیز آف دی ریلیجیس ایکسپیریئنس لکچر نمبر ۱۲ صفحہ ۶۴

"بیس و تیس سال کے اندر مین رفتہ رفتہ لاادریہ اور لامذہب ہوتا گیا لیکن پھر بھی مین نہین کہہ سکتا کہ مینے کبھی اس ناقابل تحدید لفظیت کو بالکل کھو دیا ہو جس کو ھربرٹ سپنسر اظہار کے پیچھے چھپی ہوئی مکمل ہستی" کے نام سے نامزد کرتا ہے بلکہ سپنسر تو اسکو تعقل مین نہ آنیوالی ہستی کہتا ہے مگر میرے لیئے وہ ایسی بالکل ناقابل فہم بھی نہ تھی کیونکہ اگرچہ مینے خدا کی طفلانہ عبارت چھوڑی ہوئی تھی اور کبھی دستور کے موافق نماز کی پابندی اور نہین کرتا تھا مگر موجودہ تجربہ یہ کاشفہ ثابت کرتا ہے کہ میرا اس کے ساتھ ویسا ہی عملی تعلق تھا جیسا عبادت مین ہوا کرتا ہے۔ جب کبھی مجھے کوئی تکلیف ہوئی اور خصوصاً جب کبھی امور خیریہ داری یا کاروبار منصبی مین کوئی جھگڑا پیش آیا یا فکر لاحق ہوا۔ مین اب سمجھتا ہون کہ ان دنون ایسی حالت کے اندر مین مدد کیواسطے اسی کیطرف جھکتا تھا جسکو "وہ" کے لفظ سے تعبیر کرتا ہون۔ غرض ایسی تکالیف کے وقت مین وہ میرے پہلو مین ہوتا تھا یا مین اس کے پہلو مین کچھ ہی سمجھو مگر تعلق ضرور ہوتا تھا جو مجھے پشتی دیتا تھا اور ایسی بے پایان پائیداری بخشتا تھا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ حاضر ہے اور حمایت کر رہا ہے اور حقیقت مین وہ انصاف صداقت اور قوت کا نہ غائب ہونیوالا سرچشمہ تھا جسکی طرف مین اپنی کمزوری کی حالت مین علانیہ جھکتا تھا اور وہ ہمیشہ مجھ کو اس حال سے نجات بخشتا تھا۔ مجھے اب معلوم ہوا کہ میرا اس کے ساتھ نمایان اور مشخص تعلق تھا کیونکہ گذشتہ سالون سے مجھے اس رابطہ و پیام کی قوت نے چھوڑ دیا ہے اور مین جانتا ہون کہ مجھے ایک کامل اور نمایان نقصان پہنچا ہے۔ اُن دنون جب کبھی مین اسکی طرف جھکا اس کو پانے مین ناکام نہین رہا لیکن پھر چند سال ایسے آئے کہ کبھی تو مین اسے پا لیتا تھا اور کبھی بالکل نہین پا سکتا تھا۔ مجھے بہت سے ایسے موقعے یاد ہین کہ تمام رات اس بیخ مین نیند نہین آئی اور مین تاریکی مین کروٹین بدلتا رہا ہون کہ اپنے اس اعلےٰ اور بہ نزدیک شناسا کا دامن پکڑ سکون جو پہلے ہر وقت ساتھ رہتا تھا اور حمایت کرتا تھا مگر اب اسکی برتی رو کہین کھو گئی ہے اور بجائے اسکے میرے سامنے ایک ہوکا میدان ہے جسمین کچھ نہین ملتا اور اب قریبًا پچاس سال کی عمر مین اس کشفی طاقت نے مجھے

بالکل ہی چھوڑ دیا ہے اور مجھے اقرار کرنا پڑتا ہے کہ ایک بہت بڑی مدد سے محروم ہو گیا ہون بلکہ میری زندگی موت سے بدل گئی ہے، اور اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے اور اب مجھے معلوم ہوا کہ میرے وہ گذشتہ تجربے اور خوش اعتقاد لوگون کی نماز یکسان تھی اگرچہ مینے اسکو کبھی نماز نہین کہا اور (اب معلوم ہوا کہ) جس کو وہ کے لفظ سے تعبیر کرتا ہون وہ میرے لئے سپنسر کی "ناقابل فہم ہستی" نہ تھی بلکہ میرا اپنا معین و مشخص خدا تھا جس پر مین حمایت کیلئے پورا توکل کرتا تھا اور جس کو مینے اب کہین کھو دیا ہے"

مذہبی تاریخ مین اس سے زیادہ کثیر الوقوع واقعہ کوئی نہ ہوگا کہ ایمانداروں کا ایمان اور اعتقاد قبض و بسط یا قوت و ضعف مین ہمیشہ بدلتا رہتا ہے اور غالبًا ہر مذہبی آدمی کو کوئی خاص وقت ایسا ضرور یاد ہوگا جبکہ صداقت کا بے واسطہ مشاہدہ اور زندہ خدا کی ہستی کا براہ راست تخیل اگر اس کے اعتقاد کے ضعف اور سستی کو فنا کر دیتا ہو جیمس (سل لا ول) کا تجربہ اسی قسم کا ہے وہ اپنے ایک خط مین لکھتے ہین"

"مجھے گذشتہ جمعہ کی شام کو ایک الہام ہوا۔ مین مقام میری مین تھا اور اپنے احباب کے ساتھ حاضرات ارواح کے بارہ مین گفتگو کر رہا تھا جنکی نسبت مینے کہا کہ بہت کم شناسا ہون مسٹر ٹیٹ نام روحانی حالات پر بحث کرنے لگے اور اثنائے گفتگو مین مینے دیکھا کہ گویا تمام عالم میرے سامنے ایک دھندلی سی چیز کی طرح گہراؤ سے نکل کر آ کھڑا ہوا ہے اور اس سے پہلے مینے کبھی ایسی صفائی کے ساتھ خدا کی ہستی کو اپنے اندر اور اپنے ارد گرد محسوس نہین کیا تھا۔ تمام کمرہ میرے نزدیک خدا سے گھرا ہوا تھا اور تمام ہوا ایک ایسی چیز کے وجود کے ساتھ لہرا رہی تھی جسکو مین نہین جانتا کہ یہ کیا ہے اور مین اس وقت ایسی صفائی اور اطمینان سے بول رہا تھا جیسے پیغمبر بولتے ہین۔ مین نہین بتا سکتا کہ وہ الہام کیا تھا مینے اس وقت تک اسکا تجربہ نہین کیا تھا لیکن مین کیدن اس کو مکمل کر لون گا اور اس وقت تم سنو گے اور اسکی عظمت کا اعتراف کرو گے"

ایک اور طویل اور زیادہ مکمل تجربہ ایک پادری کا ہے جو مین سٹار بک کے قلمی مسودہ سے نقل کرتا ہون

وہ کہتے ہین :-

"مجھے وہ رات بھی یاد رہے گی اور قلہ کوہ کی وہ جگہ بھی یاد رہیگی جہان میری روح کھل کر ایک غیر محدود ہستی کیطرف گئی تھی اور جہان اُسوقت ظاہری اور باطنی دونوں جہان ایک جا جمع ہو گئے تھے - وہ ایک عمیق ہستی کا دوسری عمیق ہستی کیطرف جانا تھا یعنی ایک عمیق ہستی میرے اندر سے ظاہر ہوئی تھی اور ایک دوسری عمیق ہستی تک پہنچ گئی تھی جو بے تھاہ تھی اور ستارون سے بھی پرے تک پھیلی ہوئی تھی - مین تنہا اس ایک کے ساتھ کھڑا تھا جس نے مجھے بنایا ہے اور دنیا کی خوبی، محبت اور غم وغیرہ تمام حالتون کو پیدا کیا ہے - مینے اُسے تلاش نہین کیا تھا مگر پھر بھی میری روح کا اُس کے ساتھ کامل اتحاد محسوس ہوتا تھا اور دیگر گردونواح کی اشیا کا معمولی احساس اُسوقت میری آنکھون سے پوشیدہ ہو گیا تھا - اس لحظہ کیلئے سب چیزین سوا ایک ناقابل بیان مسرت اور جوش کے نابود ہو گئی تھین - اِس نظارہ کو مفصل بیان کرنا ناممکن ہے، اسکی مثال صرف یہ ہو سکتی ہے کہ گویا بجلی کی ایک رو چوکی بج رہی ہے جسمین تمام مختلف سُر ملنے کے بعد ایک ہم آہنگی اور ایک آواز پیدا ہو رہی ہے اور جسمین سننے والا اور کچھ محسوس نہین کرتا سوا اس کے کہ اسکی روح اوپر کو اچھل رہی ہے اور اپنے جوش مین پھوٹ پھوٹ کر نکل رہی ہے، رات کے سکون مین ایک دم سے بھی زیادہ سنجیدہ خاموشی کے اثر سے تھرتھری پیدا ہو رہی تھی اور تاریکی مین ایک ایسا وجود پیدا تھا جس کو مین معلوم کرتا تھا مگر دیکھ نہ سکتا تھا اور مجھے اپنے وجود کی نسبت شک ہوتو ہو لیکن اُس کے وجود کی نسبت کوئی شک نہین تھا اور فی الحقیقت اس وقت میری اپنی ہستی اسکی ہستی سے کم تھی - خدا کی نسبت نہایت اعلیٰ ایمان اور یقین کا نہایت ہی سچا تصور میرے دل مین اُسوقت پیدا ہوا ہے - مین اس وقت گویا کوہ طور پر کھڑا تھا اور اس سرمدی ہستی کو اپنے اِرد گرد دیکھ رہا تھا اور دلی جوش اُس وقت جیسا پھر کبھی پیدا نہین ہوا - مین اُس وقت بالکل خدا کے سامنے کھڑا تھا اور اُسکی روح نے مجھ نئی زندگی بخشی ہوئی تھی - یہ میں مانتا ہون کہ اُس وقت میرے خیال یا اعتقاد مین کوئی نیا تغیر پیدا نہین ہوا تھا سوا اس کے کہ وہ پیدا اعتقاد جو ایک

بھدا سا عقیدہ تھا اُس وقت شگفتہ ہوکر پھول بنگیا تھا۔ اس وقت میرا پہلا عقیدہ تباہ نہین ہوگیا تہا بلکہ نہایت تیزی سے اور نہایت عجیب طور پر اُسکی نہ کھل گئی تھی اُسوقت سے کوئی بحث جو خدا کی ہستی کے خلاف ہو میرے عقیدے کو متزلزل نہین کرسکی اور ایک بار خدا کی حضوری محسوس کرنے کے بعد مینے آجتک اُسے گم نہین کیا بلکہ اسکی ہستی کی یقینی شہادت میرے دل مین اسی وقت سے مستحکم ہوئی ہے اور مطالعہ اور غور و تامل سے معلوم ہوا ہے کہ ایسا ہی اعلیٰ تجربہ اور لوگون کو بھی ہوا ہے جنہون نے خدا کو پالیا ہے اور مین جانتا ہون کہ بجا طور پر اسے معرفت کہہ سکتے ہین مین اسقدر فلسفہ نہین پڑہا ہون جو اس تجربہ پر واقع ہونیوالے اعتراضون کو دفع کرسکے اور نہ لکھنے مین اُس کو واضح کرسکا ہون بلکہ میرے الفاظ نے اُس کے اصلی رنگ پر کسی قدر پردہ ڈال دیا ہے مگر جیسا کچھ بھی وہ ہے مینے اسکو اپنی طاقت کے موافق بیان کردیا ہے۔"

اور ایک اور اس سے زیادہ واضح تجربہ ہے جو ایک سوئٹزرلینڈ کے باشندے کو پیش آیا ہے اور مین اُسے فرانسیسی بان سے ترجمہ کرتا ہون۔ وہ لکھتا ہے:۔

"مین بالکل تندرست تہا ہم لوگون کے سفر کا چھٹا دن تھا اور سب انتظام عمدہ تہا۔ ہم ایک دن پہلے مقام سکسٹ سے ٹرینٹ کو جانے کیلئے روانہ ہوئے تھے۔ مین نہ تھکا ہوا تہا اور نہ بھوکا پیاسا تھا اور میرا قلب بالکل سکون مین تھا اور مقام فارلز پر ہمکو گھر کی خیر و عافیت ہی معلوم ہوگئی تہی اور مجھے کوئی فکر و اندیشہ نہ تہا اور ہمارا راہبر بھی واقف کار تہا اور جس راستہ پر ہمکو جانا تہا اسکی نسبت بھی کسی غلطی کا گمان دل مین نہ تہا۔ غرض میری حالت بالکل اطمینان اور تسکین کی تہی ایسی حالت مین ناگہان مجھے ایک شے کی حضوری ہوئی جو میرے اوپر چھاگئی۔ مختصر یہ کہ مین نے جانا کہ مین خدا کے حضور مین ہون اور معلوم ہوا کہ اسکی نیکی اور اسکی طاقت میرے باطن مین در آئی اور اُس جوش کا جھکا ایسا سخت تہا کہ مینے رفیقون کو کہا کہ تم چلو اور میرا انتظار نہ کرو اور مین کھڑا نہ رہ سکا اور ایک پتھر پر بیٹھ گیا اور آنکھون سے آنسو جاری ہوگئے۔ مین نے خدا کا شکر کیا کہ اُس نے مجھے اس زندگی مین اپنی معرفت دی اور مجھ جیسے ناچیز اور گنہگار پر عنایت کی اور مینے نہایت خضوع و خشوع سے

دعا کی کہ میری زندگی اُس کے کامون کیلئے مخصوص ہو۔ مجھے کسی طرف سے جواب ملا وہ یہ تہا کہ مجھے ہمیشہ اسکی خوشنودی کے کام کرنے چاہئین۔ اور اپنے تمام کاروبار کا فیصلہ اسی پر چھوڑنا چاہئے۔ پھر آہستہ آہستہ اس حالت وجد نے میرے دل کو چھوڑنا شروع کیا یعنی مینے معلوم کیا کہ خدا نے جو تعلق میرے ساتھ کیا تہا وہ ختم ہوگیا ہے لیکن اب بھی اندرونی شورش کا ایسا اثر تہا کہ مین چلنے کے قابل تو ہوگیا مگر آہستہ آہستہ اور چونکہ مین زار زار رویا تھا میری آنکھین سُرخ تہین اور مین نہین چاہتا تہا کہ میرے رفقا میری اس حالت کو دیکھین۔۔۔۔۔ وجد کی حالت چار یا پانچ منٹ رہی ہوگی مگر مجھے اُس کا عرصہ طویل معلوم ہوتا تہا۔ میرے رفیقون نے مقام بیون کے گذر پر میرا دس منٹ انتظار کیا لیکن مین ان سے کوئی پچیس یا تیس منٹ مین مل سکا۔ وہ نقشہ میرے دل پر ایسا گہرا تھا کہ مین پہاڑ پر چڑھتا ہوا خیال کرتا تہا کہ کیا حضرت موسیٰ نے طور سینا پر اس سے زیادہ خدائی جلوہ دیکھا ہوگا؟ اتنی بات اور سُن لو کہ میرے اِس وجد مین خدا کی نہ کوئی شکل تہی نہ رنگ تہا نہ بو نہ مزہ اور نہ اُس کا جلوہ کسی خاص سمت کو تہا بس ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میرے وجود کو اُس روح الارواح نے بدل دیا ہے اور جس قدر مین کوشش کرتا ہون کہ لفظون مین اس حالت کا نقشہ کھینچون اسی قدر مجھے یہ کوشش ناممکن ثابت ہوتی ہے اور زیادہ سے زیادہ جو مین کہہ سکتا ہون یہ ہے کہ خدا حاضر تہا گو دکہائی نہ دیتا تہا اور نہ کسی اور حاسہ کے تحت مین آسکتا تہا تاہم میری قوت فہم نے اُسے پہچانا۔"

(دو نظیرین کو چھوڑکر) یہ نوگاہ گاہ خدا کی حضوری کی مثالین نہین مگر خدا کی حضوری کا خیال دخل عادت ہوتا اس تجربے مین نظر آتا ہے جو مین پروفیسر سٹاربک کے قلمی مسودہ سے نقل کرتا ہون اور غالباً ہزارون بے تصنع عیسائی اس قسم کے تجربے بیان کرسکتے ہین۔ یہ ایک پچاس سالہ شخص کا تجربہ ہے وہ کہتا ہے کہ"

خدا میرے لیئے تمام خیالات تمام اشیا اور تمام اشخاص سے زیادہ ثابت اور متحقق ہے۔ مین اسکی حضوری کو صریح طور پر محسوس کرتا ہون بلکہ اس سے بھی زیادہ کیونکہ مین بالکل اسکے قوانین کے

مطابق زندگی بسر کرتا ہون جو میرے جسم اور میرے دل مین لکھے ہوئی ہین۔ میں اس کو دھوپ مین اور بارش مین ہر جگہ محسوس کرتا ہون اور مین اپنی اس کیفیت کو صرف یون بیان کرسکتا ہون کہ وہ خوف اور ایک لذیذ اطمینان کا مجموعہ ہے۔ مین اس سے دعا اور حمد مین اس طور پر باتین کرتا ہون گویا اپنے کسی رفیق سے گفتگو کر رہا ہون اور ہماری گفتگو بہت ہی مسرت بخش ہوتی ہے وہ مجھ ہر بار جواب دیتا ہے اور بعض وقت تو جواب الفاظ مین اور ایسا صاف ہوتا ہے کہ مین خیال کرتا ہون کہ میرے جسمانی کان اسے سنتے ہین مگر عموماً وہ جواب ایک مضبوط قلبی نقش ہوتا ہے اور اکثر بائبل کی کوئی آیت ہوتی ہے جس سے اسکا کوئی بنیادی نظارہ اور اس کے رحم اور اسکی حمایت کا منظر پیش نظر ہوتا ہے اور طالبعلمی کے حالات اور خانگی کاروبار اور مالی مشکلات کی بابت اسکی مدد اور حمایت کی سینکڑون مثالین پیش کرسکتا ہون جنمین مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ میرا ہے اور مین اسکا ہون وہ مجھے کبھی نہیں چھوڑتا اور اسکی وجہ سے میرے اندر ایک پائدار مسرت موجود رہتی ہے۔ اس کے بغیر زندگی ایک تلخ و دقیق میدان اور بے پایان و بے نشان صحرا سے مشابہ ہے۔"

چند مثالین اور مختلف العمر ذکور و اناث کی ذکر کرتا ہون۔ یہ سب پروفیسر سٹاربک کے قلمی نسخہ سے لی ہین اور ایسی مثالین بیشمار مہیا ہوسکتی ہین۔ یہ تجربہ ایک ستائیس سالہ شخص کا ہے وہ کہتا ہے کہ:-

"خدا میرے لیئے بالکل متحقق ہستی ہے مین اس سے باتین کرتا ہون اور اکثر جواب پاتا ہون اور جب کبھی خدا سے ہدایت کی درخواست کرتا ہون تو ایسے خیالات میرے دل مین پیدا ہوتے ہین جو دفعتہً آتے ہین اور تمام ان خیالات سے جدا اور ممتاز ہوتے ہین جو میرے دل مین اور ذرائع سے موجود ہون۔ ایک سال کا عرصہ گذرا ہے کہ مجھے چند ہفتہ تک ایک بڑی تشویش رہی تھی۔ جب پہلے پہلے وہ تشویش پیدا ہوئی ہے تو مین ششدر رہگیا تھا مگر تھوڑی ہی دیر مین یعنی دو یا تین گھنٹہ مین مینے صریح طور پر بائبل کا ایک فقرہ سنا کہ 'میری عظمت تیرے لیئے کافی ہے' اور پھر جب مجھے اس تشویش کا خیال آیا مینے وہی فقرہ سنا۔ مجھے یاد نہین کہ مینے کبھی خدا کے وجود کی نسبت شک کیا ہو یا اس کا یقین میرے دل سے نکل گیا ہو۔ اور اکثر خدا نے نمایان طور پر میرے کاروبار مین دخل دیا ہے اور مین محسوس کرتا

ہون کہ اُس نے ہمیشہ مجھے مختصر تفاصیل سے آگاہ کیا ہے اور دو یا تین دفعہ ایسا اتفاق ہوا ہے کہ اُس نے مجھکو ایسی تدبیر کی ہدایت کی ہے جو میرے میلان اور میری تجویز کے بالکل خلاف تھی"

ایک اور ستر سالہ شخص کا تجربہ ہے جو اگرچہ ایک بچے کا ہے مگر سائیکالوجی (علم النفس) کے رد سے کچھ کم نتیجہ خیز نہین ہے۔ وہ کہتا ہے۔

"مین بعض اوقات گرجا مین جاتا ہون وہان بیٹھتا ہون اور فریضہ ادا کرتا ہون مگر باہر آنے سے پیشتر مین محسوس کرتا ہون کہ گویا خدا میرے ساتھ ہے میری دائین جانب ہے اور میرے ساتھ زبور پڑھتا ہے اور بھجن گاتا ہے اور پھر مین محسوس کرتا ہون کہ گویا مین اُس کے پاس بیٹھ سکتا ہون اپنا ہاتھ اُس کے کولی بھر سکتا ہون اور اُسے بوسہ دے سکتا ہون اور جب مین قربان گاہ کے پاس مناجات کرتا ہون تو اُسکو پانے کی کوشش کرتا ہون اور اکثر اُسکی حضوری محسوس کرتا ہون"

مختلف مقامات سے چند اور مثالین لکھتا ہون۔ ایک کہتا ہے:

"خدا مجھے ایسا محیط ہے جیسا کوئی جسمانی کرہ۔ وہ میرے لیئے میرے اپنے سانس سے زیادہ قریب ہے۔ مین حقیقی طور پر اُسمین رہتا ہون اسی مین حرکت کرتا ہون اور اسی مین میرا تمام وجود ہے"

ایک اور کہتا ہے

"بسا اوقات مجھے معلوم ہوتا ہے کہ مین خدا کے حضور مین کھڑا ہون اور اس سے باتین کرتا ہون اور میری مناجات کے جواب مجھکو ملتے ہین اور بعض اوقات وہ جواب بالکل بے اختیار ہوتے ہین اور الہامی اثر سے اُسکی حضوری اور اسکی قدرت کو ظاہر کرتے ہین۔ کچھ وقت ایسا بھی ہوتا ہے کہ خدا مجھ سے بہت دور معلوم ہوتا ہے مگر یہ ہمیشہ میرا اپنا ہی قصور ہوتا ہے"

ایک اور کہتا ہے۔

"مین ایک حضوری کا احساس رکھتا ہون جو قوی ہوتی ہے اور ساتھ ہی اطمینان بخش ہوتی ہے اور وہ میرے اوپر منڈلاتی رہتی ہے اور کبھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنی بازوؤن سے مجھے تھامے ہوئے ہے"

‡ اس قسم کے تجربے اور کشف ہر ملک اور ہر قوم مین پائے جاتے ہین اور ہر طالبان خدا ہر زمانہ مین اپنی اپنی استعداد

"یہ ہے اُس وجودِ مطلق کا خیال جو انسان کے دل پر نقش ہوتا ہے اور یہ ہے وہ اعتقاد جو اس سے پیدا ہوتا ہے۔ بے شکل ہستی پیش نظر ہوتی ہے اور ایسے نمایان طور پر جیسے خلل دماغ کے وقت میں خیالی تصویریں۔ اور ہمارے اوضاع و اطوار پر اُن کا ایسا پختہ اثر ہوتا ہے جیسا کہ عاشق کے دل پر اُس کے محبوب کے خیال سے یعنی عاشق کے اندر خصوصیت کے ساتھ ایسا احساس ہوتا ہے کہ خواہ وہ کسی چیز

کے موافق اس شربت کا مزا چکھتے رہے ہیں۔ یہ قومی اقبال و ادبار کا اثر ہے کہ جو عالی ہمت ہیں وہ آج تک دیگر ہر طرح کی خوبیوں کے ساتھ اس قسم کے تجربوں کو بھی نقل و تحریر سے زندہ رکھنے کی کوشش میں سرگرم ہیں اور دوسری طرف جو قومیں غفلت و جہالت کا شکار ہو چکی ہیں وہ جیسے اپنے دنیوی ہنر وروں کی قدر نہیں کرتیں اسی طرح ان باطنی اہل کمال کے انکشافوں کو قایم رکھنے کی بھی آرزو نہیں رکھتیں ان کے پاس اگر کچھ سرمایہ ہے تو وہ چند خفتگان لحد کی سرگذشتیں ہیں جو گذشتہ قدر دانوں کی برکت سے فرسودہ اوراق میں کہیں کہیں نظر آجاتی ہیں چنانچہ میں خواجہ عطار رح کی کتاب سے درجہا اسی قسم کے حوالے نقل کرتا ہوں۔

خواجہ بایزید بسطامی سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کو یہ رتبہ کیونکر حاصل ہوا انہوں نے فرمایا کہ "لڑکپن میں ایک دفعہ رات کو میں شہر سے باہر نکل گیا۔ چاندنی رات تھی اور جہان سکون میں تھا۔ مجھے ایک حضوری ہوئی کہ یہ اٹھارہ ہزار عالم اس کے سامنے ایک ذرہ معلوم ہوتے تھے۔ میرے دل سے ایک شور اُٹھا اور عجیب حالت طاری ہوئی۔ میں نے عرض کی یا الٰہی ایسی بڑی بارگاہ اور ایسی خالی ایسا کارخانہ اور اس طرح پوشیدہ۔ آواز آئی کہ بارگاہ اسلئے خالی نہیں کہ کوئی آتا نہیں بلکہ اس لئے خالی ہے کہ ہر اشتہ رو یعنی ہر ناپاک اور نالائق کو اس بارگاہ میں دخل نہیں ہر ایک موقع پر فرماتے ہیں۔" میں نے یقین کی آنکھوں سے خدا کو دیکھا اُس نے مجھے تمام موجودات سے مستغنی کر دیا اور اپنے نور کا جلوہ مجھ پر ظاہر کیا اور اپنے اسرار نمایاں فرمائے اور اپنی عظمت اور اپنی ذات مجھ کو دکھائی میں نے اُس وقت اپنی ذات اور اپنی صفات کا خیال کیا میرا نور خدا کے نور کے سامنے تاریکی تھا اور میری عظمت خدا کی عظمت کے سامنے حقارت تھی اُس طرف ہمہ تن صفائی تھی اور اس طرف سر تا پا کدورت پھر جو دیکھتا ہوں تو اپنے تئیں اُس کے نور میں پاتا ہوں اور مجھ پر منکشف ہوا کہ میں جو کچھ کرتا ہوں اسی کی قدرت سے کر سکتا ہوں اُسکا نور میرے جسم میں چمکا اور حقیقت

کی طرف متوجہ ہو اُس کا اپنا مطلوب ہر وقت اُس کے سامنے رہتا ہے اُس کے حافظہ سے کبھی غائب نہیں ہوتا اور ہمیشہ اس پر اپنا اثر کرتا رہتا ہے"۔

یقین حاصل ہونیکی عقلی اور قلبی صورتیں

"ایسی حضوری کے احساس سے جو خیال پیدا ہوتا ہے مجھے اسکی نسبت اور بھی کچھ کہنا ہے ایسی حضوری جس کو حاصل ہوسکا اعتقاد ایسا ہی پختہ ہوتا ہے جیسا کسی ظاہری حواس کے تجربہ کا ہوا

یہ ظاہر ہوئی کہ عبادت جو میں کرتا تھا وہ بھی میری طرف سے نہ تھی بلکہ اسکی طرف سے تھی اور میں یہی سمجھتا رہا کہ میں عبادت کرتا ہوں۔ میں نے عرض کی خداوندا یہ کیا معاملہ ہے جواب ملا کہ سب کچھ میں ہی ہوں کوئی اور نہیں یعنی کام کا ارتکاب تیری طرف سے ہے مگر اسکی طاقت اور توفیق میری جانب سے ہے۔ جبتک میں توفیق نہ دوں تجھ سے عبادت یا اور کوئی کام نہیں ہوسکتا غرض اس وقت مجھ معلوم ہوتا تھا کہ نہ میری آنکھیں ہیں نہ میرے کان ہیں اور نہ میری ہستی ہے وجود سب اسی کا ہے اور اس وجود نے باوجود میرے موجود نہ ہونے کے مجھے اپنی ہستی سے آگاہ کیا ہے پس میں خدا کو خدا سے دیکھتا تھا اور نہایت سکون اور اطمینان کا عالم تھا میرے کان سنتے نہیں تھے زبان بولتی نہیں تھی اور تمام کسبی علوم فراموش ہو گئے تھے۔ میں نے اس بے سامانی کیحالت میں بہت مدت بسر کی۔ پس خدا نے مجھ پر عنایت کی اور مجھ کو ازلی علم بخشا اور اپنے نور سے مجھے آنکھیں عنایت کیں۔ پس میں نے اُسی کے نور سے اُسکو دیکھا اور اُسکی وساطت سے تمام موجودات کو دیکھا اُدھر سے القا ہوا کہ کیوں بایزید تو کیسا ہے ہمہ اوراہمہ اور بے آلہ اور باآلہ ہے میں نے عرض کی خدایا میں اس شرف پر مغرور نہیں ہوتا اور اپنی ہستی کیلئے تجھ سے مستغنی نہیں ہوں۔ میں نہ ہوں اور تو میرا ہو تو اس سے بہتر ہے کہ تو میرا نہ ہو اور میں ہوں اور میں تجھ ہی باقی کروں اس سے بہتر ہے کہ تیرے بغیر اپنے نفس سے گفتگو کروں حکم ہوا کہ شریعت کا خیال کر اور امر و نہی کی حد سے پاؤں باہر نہ نکال تا تیری کوشش مشکور ہو" اس کشفی حالت کے بہت سی مکالمہ کے بعد فرماتے ہیں کہ "اس کشفی ترقی میں میں وحدانیت کے درجہ پر پہنچا اور وہ پہلی دفعہ تھی کہ میں نے توحید کو دیکھا کئی سال تک میں اس وادی میں دوڑتا رہا۔ پھر معلوم ہوا کہ میں پرندہ بن گیا ہوں جو اسکی صفات کے فضا میں اڑتا ہوں اور میں نے دل میں خیال کیا کہ میں خدا تک پہنچ گیا مگر آگے الوہیت کا میدان تھا پس مجھے معلوم ہوا کہ گویا میں تیس ہزار سال وحدانیت کے

کرتا ہے اور یہ اعتقاد اُن نتائج سے یقیناً زیادہ ہوتا ہے جو منطقی استدلال سے پیدا ہون - یہ ممکن ہے کہ بہت لوگون مین ایسا احساس ہی نہ ہو لیکن جس کسی مین پیدا ہوا ہو اور ہو بھی مستحکم طور پر تو وہ اپنے عقیدہ کو ایسا حق اور صدق جانیگا کہ گو سخت سے سخت دلیل اسکے خلاف پیش کیجائے اور گو وہ خود اُسکی تردید کے قابل نہ بھی ہو مگر اُس کے اعتقاد مین کبھی تنزل

فضا مین اور تیس ہزار سال لاہوت کی فضا مین اور پھر تیس ہزار سال فردانیت کی فضا مین اُڑتا رہا۔ اور مجھے معلوم ہوا کہ مینے اس طرح کی چار ہزار وادیان قطع کی ہین مگر نگاہ کی تو اپنے تئین درجہ انبیاء کے آغاز مین پایا پھر مینے اس لیے نہایت فضا مین اس قدر سفر کیا کہ مین سمجھا اِس سے اوپر اور کوئی قرب کا درجہ نہ ہوگا مگر دیکھا تو اپنا سر انبیاء کے پاؤن پر پایا اور معلوم ہوا کہ اولیاء کی انتہا انبیاء کی ابتدا ہے"۔

خواجہ ابوالحسین نوری فرماتے ہین" چالیس سال گذرے ہین کہ مجھ مین اور میرے دل مین جدائی ہوگئی ہے اس عرصہ مین نہ مجھے کوئی آرزو پیدا ہوئی اور نہ کسی شہوت نے ستایا اور نہ کوئی خیال دل مین گذرا اور یہ سبب سے ہے کہ مینے خدا کو پہچانا اور وہ اس طرح ہوا کہ مینے ایک چمک دیکھی جو محسوسات سے پرے غیب تک پھیلی ہوئی تھی اور مین اُسے دیکھتا رہا یہان تک کہ مین خود اُس نور مین گم ہوگیا"

ایک دفعہ شیخ جنید بغدادی خواجہ ابوالحسین نوری کے پاس آئے نوری نے فریاد کی کہ" یا سید الطائفہ مین ایک سخت مصیبت مین مبتلا ہون اور طاقت سلب ہوچکی ہے اور وہ مصیبت یہ ہے کہ تیس سال ہوئے جب خدا جلوہ کرتا ہے مین گم ہوجاتا ہون اور جب مین ظاہر ہوتا ہون وہ غائب ہوجاتا ہے غرض اسکی حضوری ہمیشہ میری غیبت مین ہوتی ہے مین ہر چند زاری کرتا ہون مگر اُدھر سے جواب ملتا ہے کہ یا تو رہیگا اور یا مین" جنید نے کہا" اے نوری ایسا ہونا چاہیئے کہ تو تو نہ ہو اور جو کچھ ہو وہی ہو"

حضرت رابعہ عدویہ سے لوگون نے پوچھا کہ آپ جو اس قدر عبادت مین مصروف ہین کبھی آپنے خدا کو دیکھا بھی ہے اُنھون نے فرمایا کہ اگر مین اُسکو نہ دیکھتی تو کبھی عبادت نہ کرتی" چنانچہ ان کا قول ہے کہ" اے بنی آدم خدا کیطرف نہ آنکھون کو راہ ہے اور نہ زبان کو کان اسکے بارہ مین کچھ سُن نہین سکتے اور پاؤن حیرت کے مارے

دہ آئیگا۔ فلسفہ مین جو رائے معرفت الٰہی کے خلاف ہو اُس کو استدلال عقلی سے تعبیر کیا جاتا ہے اِس استدلال عقلی کا زور اس بات پر ہے کہ اعتقاد کی بنیاد واضح ثبوت پر ہونی چاہئے اور ایسے ثبوت مین چار باتون کا لحاظ رکھنا ضرور ہے (۱) اصول کلیہ بصراحت بیان ہوسکین (۲) حسی واقعات صریح اور نمایان ہون (۳) ان واقعات سے جو خیال قایم کیا جاوے وہ مشخص و معین ہو۔ (۴) حوالجات منطقی اصول کے موافق واضح ہون۔ مبہم اور ناقابل توضیح خیالات کا استدلال عقلی مین کوئی دخل نہین اور یہ فی الحقیقت قوائے ذہنیہ کا ایک عظیم الشان تقاضا ہے اور ہمارا تمام فلسفہ اور تمام علوم ظاہری اسیکا ثمرہ ہین"۔

لیکن اگر ہم انسان کی قلبی حالت کو دیکھین اور اُسکی اس زندگی کا مطالعہ کرین جو علم و ہنر سے قطع نظر کرکے وہ کہتا ہے اور جس کا اندرونی اور ذاتی طور پر وہ اتباع کرتا ہے تو ہمکو اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ اس حالت اور اس زندگی کا وہ حصہ جس کو استدلال عقلی مہتم بالشان ظاہر کرتا ہے (یعنی واضح اور مفصل دلایل کے سوا کسی امر پر یقین نہ کرنا) بہ نسبتہً ایک سرسری اور مصنوعی حصہ ہے آہین

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) چل نہین سکتے۔ یہ کام دل کا ہے کوشش کرو کہ دل بیدار حاصل ہو کہ جب دل بیدار ہوگا تو پھر اسکو کسی مرد گار کی ضرورت نہین کیونکہ بیدار دل ہی وہ ہے جو خدا مین گم ہو جائے اور جو اسمین گم ہوا اُسکو مرد گار کی کیا ضرورت موسم بہار مین ایک دفعہ حضرت اقدس حجرہ مین در آئین اور مدت تک باہر نہ نکلین خادمہ نے عرض کی کہ باہر آئیے اور خدا کی صنعت کو دیکھیئے۔ اُنہون نے فرمایا کہ تو اندر آ اور صانع کو دیکھ۔ مجھے صانع کے دیدار نے ایسا محو کیا ہے کہ صنعت کو دیکھنے کی ضرورت نہین۔

اہل تصوف کے احوال مین اِس قسم کے کشفی اظہار کثرت سے مل سکتے ہین مگر یہ ضرور ہے کہ وہ لوگ جو کچھ ظاہر کرتے ہین یا تو جذبہ شوقین بے اختیار زبان سے نکل جاتا ہے اور یا کسی الہام مین انکی رفتار کو تیز کرنیکے سوا کچھ اور علمی فایدہ بھی ہوتے ہین جن کے واسطے اس کیفیت کو ظاہر کرنا ضرور ہوتا ہے جیسا کہ خواجہ بایزید کے کشف مین دیکھا گیا ورنہ اِن دو نو صنفون کے سوا عام طور پر اہل تصوف اپنے کشف کو پوشیدہ رکھنا ضروری سمجھتے ہین تاکہ غرور کی آمیزش نہ ہو چنانچہ شیخ ذوالنون مصری فرماتے ہین کہ دیکھنا ہر گز معرفت کا دعوی نکرنا کیونکہ اگر یہ دعوی سچا بھی ہو تو اپنی تعریف ہوگی اور صدیق اپنی تعریف نہین کیا چنانچہ شیخ ذوالنون کا مقولہ ہے کہ میرے سب سے بڑا گناہ

(علمی معرفت کا دعوی کرنا)

تو شک نہین کہ زندگی کا یہ حصہ ایک خاص رعب و داب رکھتا ہے کیونکہ اسمین بکواس زیادہ ہوتی ہے اور ثبوت مانگ۔ کر اور کج بحثی کر کے زبان بند کر دیا کرتے ہے لیکن اگر تمھارا وجدان اور قلبی میلان اس کے نتائج کے خلاف ہو تو دل کو پھیر لینے اور اپنی بات پر یقین دلوانے مین یہ بالکل ناکام رہتا ہے اگر تمہارے اندر وجدان ہے تو تمہاری فطرت مین اس کا مرکز استدلال عقلی کے مرکز سے زیادہ عمیق ہے۔ تمہارا وجدانی علم، تمہاری قلبی تحریک، تمہارا اعتقاد اور تمہاری ضروریات یہ سب ملکر ایسے مقدمات بناتی ہین جن سے تمہارا دل ایک نتیجہ تک پہنچ جاتا ہے اور تمہارے اندر کوئی دانا جانتے ہے جو جان لیتا ہے کہ نتیجہ ان نتائج سے زیادہ سچا ہے جو عقلی کج بحثی سے پیدا ہوتے ہین خواہ وہ کیسی ہی قوت سے مقابلہ کر رہے ہون اور یہ استدلال عقلی کا درجہ مین کمتر ہونا خواہ وہ مذہب کی تائید مین پیش کیا جائے یا اسکی تردید مین ہر جگہ نمایان ہے وہ بڑے بڑے فقرے جن مین نظام کائنات سے خدا کو ثابت کیا جاتا تھا اور جو ایک صدی پہلے قطعی اور یقینی سمجھے جاتے تھے آج وہ سب ایسے حقیر ہو گئے ہین کہ کتب خانون مین انکی بجائے خاک بھردی جائے تو مضائقہ نہین اس تغیر خیال کی صرف یہ وجہ ہے کہ موجودہ نسل نے ایسے خدا کو ماننا چھوڑ دیا ہے جس کو وہ دلایل ثابت کرتی تھین۔ آج ہمارا اعتقاد ہے کہ خدا کیسا بھی ہو مگر وہ خدا نہین ہے جس نے اس دنیا کو اپنا جلال ظاہر کرنیکے لئے پیدا کیا ہے۔ لیکن ہمارا یہ عقیدہ کیون پیدا ہوا ہے اسکو تقریر مین ہم بیان نہین کر سکتے۔ نہ دوسرون کو تسلی دینے کے قابل اور نہ اپنی تسلی کے قابل۔ آج جو خیال پیدا ہو رہا ہے کہ خالق اگر کوئی ہے تو وہ رحیم قدیر خدا نہین بلکہ ایک جبار اور محدود ہستی ہے مین اس کے خلاف بھی ایسی ہی بحث کر سکتا ہون جیسی خدا کے ثبوت کے خلاف ہو سکتی ہے"۔

حقیقت یہ ہے کہ الٰہیات اور مذہب کے دائرہ مین عقلی دلایل جبھی تک مفید ہوتی ہین جبکہ خود ہماری وجدانی فطرت اس نتیجہ کو مانتی ہو۔ اس حالت مین بیشک ہماری ضمیر اور ہماری عقل ملکر کام کرتی ہین اور اس سے ایک دنیا پر حکومت کرنیوالا عقائد جیسے بدھ یا رومن کیتھلک مذہب ہین پیدا ہو سکتے ہین۔ اس وقت ہمارا میلان طبعی اعتقاد کا اصلی عنصر ہوتا ہے اور عقلی استدلال صرف

اسکو ترجمہ کرکے کلیہ قاعدہ بنانیکا کام دیتا ہے۔ پس بے دلیل اور فوری یقین ہماری فطرت مین تہ نشین ہوتا ہے اور ثبوت عقلی سطح پر تیرنے والا بلبلہ ضمیر رہتا ہے اور نہ ہین پیرو۔ اگر کسی شخص کو خدا کی ہستی کا ایسا ہی یقین ہے جیسا ہمنے گذشتہ حوالجات مین بیان کیا ہی تو تمہارے اعتراضی دلایل اس کے اعتقاد کو بدلنے کی جو کوشش کرین گے محض بیسود ہوگی۔"

مین یہ نہین کہتا کہ خلاف عقل اور بے ثبوت باتون کو مذہب مین حیثیت دینی چاہئے اور عقل سے بالکل آنکھ بند کرلینی چاہئے بلکہ صرف یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ واقع مین دنیا کرتی یونہی ہے۔"

خدا کو ماننے کے دو طریق۔

فاضل پروفیسر نے جہان تک مین خیال کرتا ہون بجا فرمایا ہے اور ثابت کیا ہے کہ مذہب کی بنیاد وجدان پر ہے اور مذہبی جذبہ کسی فطرت مین موجود ہونے کے بعد دو رستے پیش آتے ہین ایک تو وہ تجربہ اور کشف کا رستہ ہے جسکی چند مثالین انہون نے لکھی ہین اور جو بقول انکے مذہبی دنیا مین بیشمار موجود ہین اور دوسرا رستہ استدلال عقلی کا ہے جو بعض لوگون نے وجدان کی رہنمائی کے بدلے اختیار کیا ہے یعنی انکی رغبت مذہب کی تلاش اور مدعاے مذہب کی جستجو مین پیدا وجدان اور جذبہ فطری سے ہوئی ہے مگر اس پر یقین اور اعتقاد کرنے کیلئے ویسا تجربہ اور کشف حاصل نہین ہوا اور بجاے اُس کے عقلی غور وفکر اور قیاس و استدلال سے کام لینا پڑا ہے۔ اسکی عمدہ مثال موجودہ فلسفہ ہاے مذہبی مین مشہور جرمن فلاسفر امینوئل کانٹ کے مسلک مین ملتی ہے جس کے عقیدہ کو ڈاکٹر موصوف یون بیان کرتے ہین:-

جذبہ فطرت اور استدلال کی آمیزش

"امینوئل کانٹ خدا کی نسبت، پیش مینی کے ساتھ پیدا کرنیکی نسبت، روح اور روح کی آزادی اور حیات بعد الموت غرض ایسے عقاید کی نسبت بیحد مذہب کہتے ہین۔ وہ کہتے ہین کہ یہ چیزین علم کا معمول نہین ہوسکتین (یعنی انکا علم نہین ہوسکتا) کیونکہ ہمارے تصورات ہمیشہ چاہتے ہین کہ کوئی محسوس چیز موجود ہو جس پر وہ عمل کرین اور چونکہ لفظ خدا، روح اور سرمدیت، کے مقابل مین کوئی محسوس معنی موجود نہین اسلئے استدلالی طور پر تو ہم کہہ سکتے ہین کہ یہ الفاظ کوئی اصلیت نہین رکھتے مگر یہ عجیب بات ہے کہ عملی طور پر ہم اُن کے معین معنی مراد لیتے ہین۔ ہم اس طرح پر کاروبار کرتے ہین گویا کوئی خدا کہتے ہین

† ورائٹیز آف دی ریلیجس ایکسپیرینس لکچر ۳ صفحہ ۵۲ صفحہ ۱۹۰

ایسے طور پر غور و فکر کرتے ہین گویا ہم آزاد ہین۔ نظام فطرت کو ایسے طور پر دیکھتے ہین گویا وہ خاص پیش بینی کے ساتھ بنایا گیا ہے۔ تدبیر کرتے ہین گویا ہم غیر فانی ہین اور پھر ہم پاتے ہین کہ یہ الفاظ ہماری اخلاقی زندگی مین ایک واقعی اختلاف پیدا کرتے ہیں۔ پس ہمارا یہ اعتقاد کہ یہ محسوس اشیا موجود ہین اس بنا پر ویسا ہی اعتقاد ہے جیسا اس صورت مین ہوتا جبکہ ہم اس کو حقیقت مین تصور کر سکتے پس ہماری ذہن کا یہ ایک عجیب نظارہ ہے کہ ہم ایسی چند اشیاء کے حقیقی وجود کے قایل ہین جن کا تصور ہم کسی طرح بھی نہین کر سکتے۔

اگرچہ کانت نے اپنی اعتقاد کو محض جذبہ فطرت پر بنا کیا ہے اور دیگر عقلی دلایل سے کام نہین لیا بلکہ انکو ناکافی مانا ہے مگر چونکہ جذبہ فطرت کو علت ٹھہرا کر اس سے نتیجہ نکالا گیا ہے اس لیئے اُن کا مسلک بھی استدلال عقلی مین ہی داخل ہوگا اور معرفت کے اُن تجربون سے جدا گانہ ہوگا جنمین خدا کی براہ راست حضوری اعتقاد کو مستحکم کر دیتی ہے پس غالبًا مین غلطی نہین کرتا ہون جبکہ کہتا ہون کہ فطری کشش کے بعد دو مسلک ہو جاتے ہین ایک مین جذبۂ فطری کی شہادت پر جیسا کہ کانت کا خیال ہے یا کسی اور عقلی شہادت پر خدا کو ثابت کیا جاتا ہے اور ایک دوسرا مسلک ہے جسمین اپنے عینی مشاہدے اور اپنے کشف و الہام کو ہمارا ایمان ٹھیرایا جاتا ہے اور خدا کو اس لیئے مانا جاتا ہے کہ اسکو دیکھا ہے۔ پس وجدانی کشش کے بعد جو عقلی طریقے خدا کو ثابت کرنے اور اس پر ایمان لانے کے ہر زمانے مین مختلف عقلاء نے ایجاد کئے ہین اگر انکی اس کوشش کو بھی وحی و الہام کے نام سے ملقب کیا جائے تو ایسی وحی کی نسبت مسٹر پارکر کا خیال بیشک درست ہوگا کہ اس مین کسی بالائی طاقت کو دخل نہین اور صرف وہی جذبۂ فطرت اور عاقلانہ غور و تامل کی طاقت ہے جس نے ان عقلاء کے ذہن مین خدا کو ثابت کرنے کی دلائل پیدا کین اور جذبہ فطرت اور عقل و ہوش کا نشان سب انسانون مین پایا جاتا ہے اس لیئے عقل و خرد کی وحی کو اگر وحی کہا جائے تو بقول ان کے یہ ایسی ہی وسیع ہے جیسی وسعت نسل انسانی کو حاصل ہے۔ مگر واقع یہ ہے کہ محض عقلی استدلال نہ وحی کے لقب سے ملقب ہے اور نہ کبھی مذہب کی بنیاد اس پر رکھی گئی ہے بلکہ جذبۂ

علم الیقین انسانی اپنی ترقی تھا ہے۔

فطرت سے مذہب کی تلاش پیدا ہونے کے بعد اُس کا وجود اور اُسکی اشاعت اُنہی لوگون کے توسل سے ہوئی ہے جو براہ راست خدا سے تعلق رکھنے کا اور اُس کے جلوے دیکھنے کا دعوے کرتے ہین اور پھر جب مذہب کے مخالف اسکا انکار کرتے ہین تو اُن کی دہان بندی کیواسطے مذہب کیجانب سے اپنے اپنے حال اور زمانے کے مناسب عقلی دلایل پیدا کی جاتی ہین۔ پروفیسر جیمس ایک اور لکچر مین فرماتے ہین †

"معرفت کے مضمون نے ہمین اس سوال تک پہنچایا ہے کہ آیا وجود باری تعالیٰ کا احساس کیا ایسا احساس ہے جس کو ظاہر مین نظر بھی صحیح مان سکے۔ اس سوال کو پہلے تصوف کے آگے پیش کیا تو اگرچہ تصوف نے بڑے زور سے اس کے ثبوت کا دعوی کیا مگر اس کے تجربے ایسے مخفی اور غیر باہر گر مختلف ہین کہ اس کا فیصلہ عام طور پر قابل تسلیم نہین ہوتا البتہ فلسفہ دعوے کرتا ہے کہ جو فیصلہ اسکی بارگاہ سے صادر ہو وہ عام اہل الرائے کے نزدیک قابل تسلیم ہوتا ہے اس لیئے یہی سوال فلسفہ کے آگے پیش کیا جاتا ہے..... (آگے فلسفہ کے رُو سے جو فیصلہ انکے ذہن نے کیا ہے اسکو یون بیان کرتے ہین) میرا اعتقاد ہے کہ مذہب کا اصلی حشیمہ ضمیر یا وجدان ہے اور فلسفیانہ اور عالمانہ دلایل جو اُسکی تائید مین پیش کی جاتی ہین وہ دوسرے درجہ پر ہین اور ضمیر کے فیصلہ کو ان سے وہی نسبت ہے جو کسی مضمون کو اس کے دوسری زبان کے ترجمہ سے ہوتی ہے مگر صرف اتنا کہنے سے غلط فہمی واقع ہوتی ہے اس لیئے مین بیان کرتا ہون کہ میرا مطلب کیا ہے"

عقل مذہب کو پیدا نہین کرسکتی۔

جب مین عالمانہ دلایل کو دوسرے درجہ پر کہتا ہون تو اس سے میرا یہ مطلب ہے کہ اگر کوئی دنیا ایسی ہو جسمین مذہبی احساس پیدا ہی نہ ہوا ہو تو مین یقین نہین کرتا کہ ایسی دنیا مین محض عقل کی رہنمائی سے مذہب پیدا ہو جائے اور مین یقین نہین کرتا کہ ایسی دنیا جسمین ایکطرف تکالیف اور تکالیف کے ساتھ اُن سے نجات پانے کی تلاش اور دوسری طرف عارفانہ الہام نہ ہوتے تو ایسی دنیا مین صرف خشک عقلی غور و فکر ایسا مذہبی فلسفہ پیدا کرسکتا جیسا کہ آج ہمارے پاس موجود ہے اُس

† دی اینیٹی آف ریلیجیس ایکسپیرینس لکچر ۱۸ صفحہ ۴۳ سنہ ۱۹۰۲ء

دنیا مین صرف مظاہر قدرت کی عالمانہ چھان بین ہوتی اور یہی دنیوی علوم مرتب ہوتے جو آجکل موجود ہین یا سائنس اور علوم کے ساتھ کسیقدر روحانی مناظر کی تلاش کیجاتی جیسا کہ اب بعد مین اسکی طرف میلان ہوا ہے لیکن وہ بلند پرواز یان جو خود ساختہ اور خیالی دلائل مذہبی کی صورت مین کیجاتی ہین اسکی طرف اس دنیا کے لوگون کا میلان ہرگز نہ ہوتا کیونکہ ان کو خدا کے ساتھ راہ و رسم پیدا کرنیکی کوئی ضرورت محسوس نہ ہوتی۔ پس بدلائل عقلی میرے نزدیک عقاید ثانوی اور بیرونی عارضین ہین جن کو عقل نے ضمیر کی ہدایت اور وجدان کا اشارہ پاکر بنا لیا ہے" اسی لکچر کے آخر مین لکھتے ہین

" مذہب جو کچھ اظہار کرتا ہے وہ حقیقت مین ذاتی تجربہ کی چیز ہے۔ وہ خدا کو واقع مین حاضر ناظر جانتا ہے اور بندہ اور خدا مین تعلقات و ادو ستد کو واقعی سمجھتا ہے پس اگر اس عقیدے مین اپنے پیل پر کھڑا ہونے کی طاقت نہ ہو اور استدلال عقلی سے مدد لینے کی ضرورت ہو تو استدلال اسے اتنا بڑا سہارا دینے سے قاصر ہوگا جسکی اسے ضرورت ہے۔ استدلال بیشک واقعات کی تقسیم تعریف اور توضیح کرسکتا ہے لیکن انکو پیدا نہین کرسکتا اور نہ ان کو شخص معین کرسکتا ہے اور مذہب مین یہان تک ... ماتا ہے کہ گویا خدا وہ سامنے موجود ہے پس اسے صرف وجدان ہی ثابت کرسکتا ہے۔ فلسفہ اس فضا مین دوسرے درجہ کی قوت ہے اور عقیدے کی صداقت کو ثابت نہین کرسکتا پس تاسف آمیز متانت کے ساتھ ہمکو یہ نتیجہ نکالنا پڑتا ہے کہ تجارب مذہبی کی صداقت کو محض ذہنی عمل (عقل) سے ثابت کرنا بالکل خلاف امید ہے"۔

مذہب کے تین خادم ہین

غرض معلوم ہوا کہ مذہب کے تین خادم ہین۔ جذبۂ فطرت، تجربہ یعنی کشف اور استدلال۔ ان مین سے جذبۂ فطرت اصل الاصول ہے اور جیسا کہ ذکر ہوا کم و بیش تمام انسانون مین موجود ہے اور اسکی نسبت یہ سوال بے محل ہے کہ آیا ہر کسی بالائی طاقت کو دخل ہے یا خود بخود موجود ہے کیونکہ انسان اور فطرت انسانی کا جو خالق مانا جائیگا اسی طرف فطرت اور خواص فطرت بھی منسوب ہونگے اور استدلال چونکہ عقل کی ایجاد ہے اسلئے جہان عقل کا وجود ہوگا وہان اس کا وجود بھی ممکن ہے پس براہ راست بالائی طاقت کا دخل صرف انہی حالات کی نسبت دیکھنا باقی رہا جن مین

بیواسطہ خدا کی حضوری ہوتی ہے سو اسکی نسبت غور کرنے سے پہلے یہ دیکھنا ہے کہ تجربہ کیلئے نیچر مین کیا قانون مقرر ہے کیونکہ جو قاعدہ عام طور پر تجربہ کیواسطے مقرر ہوگا ضرور ہے کہ الٰہیات کے تجربے پر بھی وہی نافذ ہوسکیگا۔

تجربہ مین قوی عالم ہے اور ضعیف معدوم

موجودات عالم مین سب سے کم درجہ جمادات کا ہے اوس کے اوپر ترتیب نباتات حیوانات اور انسان کا درجہ ہے اور ان سب کا ایک دوسرے پر اثر ہوتا ہے اور علیٰ ہذا طاقتون مین قوت کیمیائی، قوت نمو، قوت حیوٰۃ، قوت فعل، اور قوت ارواح ایک دوسرے سے افضل و برتر ہین اور ایک دوسرے پر موثر۔ جمادات کو نباتات اپنی نسون اور مسامون سے جذب کرتی ہین وہ ان کے بدن مین پہنچکر ان کو نشو و نما بخشتی ہین اور کبھی بعض جمادات اپنے اثر سے ان کے نشو و نما کو زایل کردیتی ہین حیوان جمادات اور نباتات دونو سے خوراک حاصل کرتا اور اس سے بڑھتا پھولتا ہے مگر کبھی وہی خوراک اپنے اثر سے اسکی ہلاکت کا باعث ہوتی ہے۔ انسان (۱) سب کو اپنی ضرورتون مین صرف کرتا ہے اور کبھی فائدہ اٹھاتا ہے کبھی نقصان۔ اسی طرح کیمیائی طاقتین جب اپنی اصلی حالت مین ہون کسی غیر چیز کے درآنے پر اگر وہ ٹھوس ہو مثلاً لوہا زمین مین دفن کردیا جائے تو تحلیل کردیتی ہین اور اپنی موجودہ شکل مین لے آتی ہین اور اگر متحلل ہو مثلاً روئی زمین مین دبا دی جائے تو اسکے اجزا کو خاک بناکر پیوستہ کردیتی ہین اور اپنی ترکیب کے قانون کو ظاہر کرتی ہین۔ لیکن قوت نمو اپنے اثر سے کیمیائی ترکیب سے فائدہ اٹھاتی ہے اور تحلیل کو باطل کرتی ہے یعنی درخت کی جڑین جو زمین مین دفن ہوتی ہین بجائے تحلیل ہوکر مٹی ہوجانیکے زمین کے ذرون کو جذب کرکے اپنے جسم کو بڑھاتی ہین۔ قوت حیوٰۃ ان دونو سے فائدہ اٹھاتی ہے اور کبھی کسی چیز کو تحلیل کرکے کام مین لاتی ہے اور کبھی ترکیب سے اپنا مطلب نکالتی ہے۔ قوت فعل جو ان سب پر فائق ہے سب سے خدمت لیتی ہے وہ ان سب کے کیمیائی خواص سے ترکیب و تحلیل کا کام لیتی ہے اور غذا و دوا کا استعمال کرکے جسمانی اجزا کو پیوستہ کرتی اور غیر مفید مواد کو تحلیل کرتی رہتی ہے نباتات کی قوت نمو سے فائدہ اٹھاکر غذا اور دوا کے سامان فراہم کرتی ہے اور حیوان کی قوت حیوٰۃ سے مستفید ہوکر اسکو انسانی

ضرور تون کیلئے مطیع و منقاد بناتی ہے اور اس طرح سب قسم کے اجسام اور ہر طرح کی طاقتین ایک دوسرے پر اثر کرتی دکھائی دیتی ہین - مگر غور سے دیکھا جائے تو ایک فریق اثر کرنیوالا ہے اور دوسرا اثر قبول کرنیوالا ایک فاعل ہے اور دوسرا منفعل - جمادات سب سے نیچے ہین اسلیئے سب کا اثر قبول کرتے ہین اور جو اثران کا نباتات وغیرہ پر دیکھا جاتا ہے اسمین فاعل و حقیقت اور پر والے ہوتے ہین یعنی نباتات اپنی جڑون کی کشش سے کہاد کو اور تہنہ اور پتون کی کشش سے نم اور ہوا کو جذب کرتی ہین انکی فاعلیت سے جو اجزا جسم مین درآتے ہین ان پر نباتات کی قوت محللہ اپنی فاعلیت کا اثر ظاہر کرتی ہے اور تحلیل کرکے جزو بدن بنالیتی ہے یا اگر نبات کسی ایسی زمین یا ہوا مین پیدا ہوئی ہے جس کو لوگ نشو و نما کیلئے مضر کہا کرتے ہین تو وہان بھی فاعلیت اس زمین یا ہوا کی طرف منسوب ہونے کی بجائے حقیقت مین نبات ہی کو حاصل ہے یعنی اسکی قوت کشش یا تو نامناسب غذا کو کشش ہی نہین کرتی اس لیئے اسکی جسمانی ترقی یا بالفاظ دیگر اسکی نباتیت زایل ہو جاتی ہے اور یا اسکو کشش کرنیکے بعد جب قوت محللہ ان ذرات کو جزو بدن بناتی ہے تو چونکہ وہ ذرات نباتی غذا کے منافی ہوتے ہین اُن سے جو جسم بنتا ہے وہ نبات نہین رہتا - غرض ہر حال مین جمادات کا اثر نباتات پر نباتات کی اپنی کشش اور فاعلیت پر موقوف ہے - اور اسی طرح جمادات اور نباتات دونو کا اثر حیوان پر اُس کے اپنے منہ سے نکلنے یا تنفس و مسام سے کشش کرنے پر یعنی اسکی اپنی فاعلیت پر منحصر ہے اور علیٰ ہذا القیاس انسان جو کچھ مفاد ان اشیاء سے اُٹھاتا ہے اسمین بھی وہی فاعل ہے اور دیگر تمام اشیا منفعل - اسکی طبعی کشش خوراک کو جزو بدن بناتی ہے اور ارادی حرکت نباتات اور حیوانات سے کام لیتی ہے اگر وہ درخت کو اُگانا اُگے ہوئے کو توڑنا یا ٹوٹے ہوئے کو اُٹھانا نہ چاہے تو قوت نمو کا کوئی اثر اس تک نہ پہنچیگا اور اگر جانور کو اپنے ساتھ ملانا اور مطیع کرنا نہ چاہے تو قوت حیات اُس پر کوئی عمل نکریگی - غرض ہر ایک عمل مین اعلیٰ اور قوی فاعل ہوتا ہے اور ادنیٰ اور ضعیف منفعل - اب اس عمل سے اور عمل کا اثر ظاہر ہونے سے جو واقفیت اور شناسائی فریقین کو ایکدوسرے سے ہوتی ہے اگر اس کا نام تجربہ رکھین (اور درحقیقت تجربہ اسکو کہتے ہین)

تو بیشک انسان کو حیوان کا تجربہ ہے اور حیوان کو انسان کا مگر اس تجربہ مین حیوان کی اپنی کوشش کو چندان دخل نہین - بیشک کتے مین یہ خاصیت ہو کہ وہ انسان سے مانوس ہو کر اس پر اپنی جان فدا کرے اور اسکی عادات وخصایل سے آگاہ ہو کر اس کے اشارہ پر چلے لیکن جبتک انسان کتے کو مانوس نہ کرنا چاہے کتا انسان کا تجربہ ہرگز حاصل نہین کرسکتا اور اسی طرح اگر نباتات مین شعور فرض کرلیا جائے اور جو حالت اُسکی نخلبندی یا کھانے کے وقت ہوتی ہے اس کے احساس کا نام تجربہ رکھا جائے تو جو تجربہ نبات کو حیوان یا انسان کی نسبت ہے وہ اوسکو ہرگز حاصل نہ ہو اگر انسان اور حیوان خود اسکی طرف توجہ نہ کرین - علی ہذا لکڑی کو آگ کا اور لوہے کو مقناطیس کا تجربہ ہرگز نہ ہو اگر آگ اور مقناطیس اُن کو یہ تجربہ کروانا نہ چاہین مین شاید اس مضمون کو جس طرح پر میرے دل مین ہے ابتک ادا نہین کرسکا اور اس لیئے شاید کوئی یون کہہ سکے کہ خوراک انسان اور حیوان مین جاتی ہے گو اسکو تحلیل کرکے جزو بدن بنانے والی طاقتین انسان وحیوان مین ہوتی ہین - مگر اس کے بعد خوراک کے اجزاء کا اثر بھی کھانیوالے پر ہوتا ہے جس سے وہ کبھی توانا ہوجاتا ہے اور کبھی مختلف امراض کا شکار بنتا ہے اور اس اثر مین فاعل خوراک ہے اور اسکے علاوہ شیر جو انسان کو پھاڑتا ہے اور یون اُسکا تجربہ حاصل کرتا ہے انمین انسان کے اپنے فعل کو کچھ بھی دخل نہین اور خود شیر فاعل ہے اور انسان منفعل ہے - مگر نہین، یہان شیر کو انسان کا جس قدر تجربہ ہے وہ یہی ہے کہ اس شکل کی چیز گوشت دار ہوتی ہے جو میری غذا ہے اور کھانے کے بعد اُس ذائقہ سے آشنا ہوتا ہے جو انسان کے گوشت مین ہوگا مگر انسان کی شکل اور گوشت کا ذائقہ عام جسمانی صفات ہین جن کا اسے تجربہ ہو اور نہ انسان بحیثیت انسان ہونے کے جو صفات رکھتا ہے انکا تجربہ شیر کو اسی وقت ہوتا ہے جبکہ بہادر انسان شجاعت کے زور سے اور سر کی ایکسٹر عقلی تدبیرون سے اسکو زیر کرلیتا ہے اور اس وقت اس تجربہ مین فاعلیت ظاہر ہے کہ انسان کی جانب سے ہے اور اسی طرح اگر خوراک کے ذرات مین شعور ہو اور ان کے اثر کا نام تجربہ

رکھا جاوے تو خوراک کو جو تجربہ کھانیوالے کا اپنا اثر کرنیکے وقت ہوتا ہے وہ اسکی عام جسمانی صفت کا ہوتا ہے ورنہ خاص حیوانی یا انسانی صفات کا تجربہ خوراک کو اسی وقت ہوتا ہے جبکہ وہ ارادی حرکتون سے اسکی طرف جھپٹتا ہے عقلی تدابیر سے اسکو مہیا کرنے کا اہتمام کرتا ہے اور طبعی کشش سے اسکو جذب کرتا اور جزو بدن بناتا ہے اور ان صورتون مین وہ خود فاعل ہوتا ہے اور خوراک منفعل ۔

غرض تجربہ کا عام قانون یہ ثابت ہوا کہ اعلیٰ کی فاعلیت کے بغیر ادنیٰ کو اوس کا تجربہ نہین ہوسکتا بیشک انسان کو بہت بڑا تجربہ ہے وہ اپنی عقل سے زمین کی تہ تک پہنچ گیا ہے اور آسمان کی چوٹی تک اور جو حالات اجسام سفلی اور اجرام علوی کے اُس پر منکشف ہوئے ہین اُن کے گھمنڈ مین وہ اپنی عقل کو غیر محدود اور ہر چیز کو اپنی گرفت کے اندر سمجھنے لگا ہے مگر وہ آفتاب کو ماپ رہا ہو یا زمین کو تول رہا ہو اسکی اپنی کوشش سے جس قدر تجربہ حاصل ہوا ہے وہ محض کم درجہ کی مخلوقات کا ہے۔ اس نے چاند کے پہاڑون کو دیکھ لیا تو اور آفتاب کے داغون کو جانچ لیا تو محض روشنی اور روشنی کے مختلف رنگون کو دیکھا ہے جو ایک کیفیت ہے اور اُن کے ماپ تول اور عناصر کی نسبت قیاس دوڑائے ہین جو جمادی جسم اور اُن کے خواص ہین۔ اپنے سے کسی بالاتر ہستی کا تجربہ ایک طرف وہ خود اپنا اور اپنے برابر والون کا تجربہ بھی نہین کرسکا۔ انسان کی نسبت اُس کے معلومات کیا ہین؟ محض جسمانی ساخت جسمانی عناصر اور جسمانی خواص غرض وہی باتین جو کم و بیش اس سے کم رتبہ یعنی حیوان اور نباتات مین بھی پائی جاتی ہین مگر جس چیز کے سبب سے انسان انسان بنا ہے اور جو اسے دیگر موجودات سے برتری دیتی ہے اس کا انکشاف نہ آجتک ہوا ہے اور نہ غالبًا آگے کبھی ہو۔

پس جب یہ کیفیت ہے اور ادنےٰ اعلےٰ کو بلکہ برابر والے کو بلکہ خود اپنے تئین بھی نہین دیکھ سکتا تو کس بنا پر کہا جاتا ہے کہ اُس بالاتر سے بالاتر ہستی کا جلوہ اور اسکی ذات و صفات کے متعلق انکشاف انسان خود اپنی کوشش سے حاصل کرسکتا ہے اور جب یہ صورت ہے تو وحی

جو ایک اعلیٰ درجہ کا تجربہ ہے اور جسمین نہ صرف جلوہ ربانی پر اکتفا ہوتا ہے بلکہ انسان پر ایسے تجربون سے خدا کی معرفت حاصل کرنے اور خلق اللہ کو ایسے عرفان تک پہنچانے کے وسایل بھی جن کو عبادت کہا جاتا ہے منکشف ہو جاتے ہین اسکی نسبت کیونکر دعوے ہو سکتا ہے کہ ایسا بڑا انکشاف خود انسان کا اپنا دائمی عروج ہے" اور اسکی اپنی کوشش سے حاصل ہوتا ہے اور خدا کی فاعلیت کا اسمین کوئی دخل نہین -

مسٹر یارکس ہمکو "وحی کوئی معجزہ نہین" کہہ کر ڈراتے ہین اور بیشک معجزہ کا لفظ آجکل کسی چیز سے نفرت دلوانے اور خوفزدہ کرنیکے لیئے کافی ہے لیکن اگر معجزہ کے معنی خلاف قانون قدرت کے ہین تو ادنی کا محض اپنی کوشش سے اعلےٰ تک پہنچ جانا بیشک معجزہ ہے اور اس جرم کے مرتکب مسٹر یارکس ہین کہ وحی کو خلاف قانون تجربہ مان کر آجکل کے فلاسفرون سے معجزہ منوانا چاہتے ہین مگر جو لوگ خدا کی فاعلانہ حرکت سے ایسے جلوون کا نظر آنا مانتے ہین وہ بالکل کلاف نیچر یعنے فطرۃ اللہ المستمرہ کے موافق اعتقاد رکھتے ہین اور معجزہ ماننے کے گنہ گار نہین ہین - ہر کس کا گھوڑا خواہ کیسا ہی اصیل ہو اگر مالک تعلیم نہ دے گھوڑا اپنے آپ اسکے اشارون کو نہ سمجھیگا اور ہاتھہ اٹھانے پر بیدم ہو کر نہ لیٹ جائیگا اسی طرح انسان خواہ کیسا ہی نجیب و شریف ہو جبتک خود خدا اپنی حضوری نہ دے محض اپنی کوشش سے اسکی معرفت کا عین الیقین حاصل نہ کریگا اور اس کے نور سے روح کو منور نہ کر سکیگا - یہ ضرور ہے کہ مٹی اور ہوا سے نبات انہی اجزا کو جذب کرتی ہے جن مین نبات بننے کی قابلیت ہے - نبات مین سے حیوان انہی پتون اور پھلون کو کہاتا ہے جو اس کو گوارا ہین نبات و حیوانات وغیرہ مین سے انسان انہی کو استعمال کرتا ہے جو کام کے لایق ہین اسی طرح خدا انہی بندون پر وحی کرتا ہے جنکی فطرت اس بار گرانمایہ کی صلاحیت رکھتی ہے اور اس بنا پر ہم کہہ سکتے ہین کہ انسان کی اپنی قابلیت کو بھی اس منصب مین دخل ہے اور اس لیئے انبیاء کو حسب فطرت دیگر بنی نوع سے فایق اور افضل مانا جاتا ہے مگر نبات کی کشش کو خوراک جذب کرنے مین حیوان

کی خواہش کو نبات کے نگلنے مین انسان کے ارادہ کو مخلوقات سے کام لینے مین جس قدر دخل ہے بس اسی قدر دخل خدا کو وحی بھیجنے مین سمجھا جاسکتا ہے یعنی اسکی طرف سے فعل اور انسان کیطرف سے انفعال۔ پس اگر نبات حیوان اور انسان کی فاعلیت معجزہ اور خلاف قانون نہین ہے تو خدا کی فاعلیت بھی معجزہ نہ ہوگی -

نبی اگرچہ بہت ہین مگر تمام انسان نبی نہین ہو سکتے۔

مسٹر پارکر یہود و نصاریٰ اور اہل اسلام کو الزام دیتے ہین کہ وہ چند مصنفین پر وحی کو محدود سمجھتے ہین اور خدا کے حاضر ناظر اور سرمدی فاعل ہونیکا واسطہ دیکر تمام انسانون کو وحی کا شرف دلوانا چاہتے ہین مگر نہین معلوم یہود و نصاریٰ پر یہ الزام کہان تک درست ہے البتہ اسلام کے بارہ مین کہا جاسکتا ہے کہ وہ بہتان کے مرتکب ہوئے ہین - اسلام ہر قوم مین رسول بھیجنے کا مدعی ہے وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ (فاطر پ۲۲ ع ۳) اور خدا کی رحمت کو انسان ایک طرف تمام اشیا پر وسیع مانتا ہے وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف پ۹ ع ۱۹) مگر اس بارہ مین وہی عمل کا قانون پیش نظر رکھنا ہوگا - انسان جو جانور خریدنا ہے چاہتا ہے کہ اس کے اشارون پر کام کرے اور اس غرض کیلئے سب پر حتی الوسع جان کھپاتا ہے مگر تمام عمر کے عمل مین چند یا ایک آدھ جانور ہی ایسا نکلتا ہے جو اسکی آرزو کو پورے طور پر برلاتا ہو۔ کتے سب یکسان ہین مگر شکار کی مہارت اور آقا پر جان قربان کرنے کی صفت سب مین موجود نہین اور جن مین موجود ہے ان مین سے بھی وہ بہت ہی نادر ہین جنکی خدمت اور وفاداری کے گیت گائے جائین اسی طرح باریک ذرات والے جمادات اور سبز پتون والے درخت سب ہین مگر ان مین وہ بہت کم ہین جو نباتات کو تر و تازہ اور جانورون کو فربہ کرنے کی خاصیت رکھتی ہین۔ غرض ان سب حالات مین کام لینے والون کیطرف سے بخل نہین ہوتا مگر کام آنیوالے کی استعداد کے سبب اثر مین ہزارون کوس کا فرق نظر آتا ہے یہی کیفیت اس فعل کی ہے جو خدا کی طرف سے روحانی صفائی کے لیئے کیا جاتا ہے۔ مبدا فیاض کیجانب سے بخل نہین مگر مادہ قابلیت چند انسانون مین پایا جاتا ہے اور وہی اس برکت سے بھی مستفید

ہوتے ہین۔ آفتاب کی روشنی (جو سات رنگون سے مرکب مانی جاتی ہے) جب کسی شفاف چیز پر پڑتی ہے تو اپنا پورا جلوہ دکھاتی ہے لیکن رنگ شیشہ اپنی ہمرنگ شعاعون کے سوا روشنی کے باقی تمام رنگون کو جذب کرلیتا ہے اور اس لیئے روشنی شیشے کے ہمرنگ ہوجاتی ہے سیاہ چونکہ (حسب تحقیق جدید) تمام رنگون سے محروم ہے اس لیئے وہ روشنی کو بالکل جذب کرلیتا ہے اور روشن دان کو سیاہ کردینے سے کمرہ تاریک ہوجاتا ہے مگر اس طرح تاریکی پھیلنے یا مختلف رنگون کی روشنی پیدا ہونے سے آفتاب پر کوئی الزام عاید نہین ہوتا اور اُس کے فیض عام سے کسیکو انکار نہین اسی طرح وحی ربانی اپنے کامل اوصاف سے انہی با اقبال پر نازل ہوتی ہے جس کا قلب رذایل کے تمام الوان سے پاک اور نور معرفت کو اخذ کرنیکے قابل ہوا اور چونکہ ایسے نفوس قدسیہ کم ہین اسلئے منصب نبوت بھی انہی نسبت سے عطا ہوتا ہے۔

استعداد مین تفاوت درجات کا بھی یا نوع کا؟

مسٹر پارکر اس اختلاف حالات سے انکار نہین کرتے مگر اسے تسلیم کرنے مین اپنے امانا کو بھی نہین بدلتے چنانچہ فرماتے ہین [1]

چونکہ خدا نے فطرۃً کسی نسل اور کسی انسان کو عقل، ضمیر، محبت اور روح سے محروم نہین کیا اسی طرح کسی کو وحی سے بھی محروم نہین رکھا۔ یہی ہماری تمام ہستی کیلیئے روشنی ہے اور تمام انسانی قابلیتون کیلیئے بنیاد ہے اور یہی واحد ذریعہ ہے جس سے ہم اس نادیدہ ہستی کا علم، تمام محسوس علوم کی منطقی شرطین اور روحانی دنیا کا راستہ پاتے ہین جیسا انسان ہوا کے بغیر نہین رہ سکتا ویسا ہی خدا کے بغیر نہین رہ سکتا پس نظر کی طرح وحی بھی اپنی نوع مین سب جگہ یکسان ہوگی۔ البتہ درجات کے لحاظ سے ایک قوم کی نسبت دوسری قوم مین اور ایک انسان کی نسبت دوسرے انسان مین تفاوت ہوگی۔ کیونکہ وحی کا دارومدار دو چیزون پر منحصر ہوگا ایک تو فطری قابلیت اور خاص خاص ذہنی انفعالاتی اور مذہبی جذبات پر جو ہر شخص کو خدا کی طرف سے دیئے گئے ہین اور دوسرے اس طریق استعمال پر جو انسان ان عطیون کی نسبت اختیار کرے۔ مختصر یہ کہ درجات کا فرق انسانی فطرت کی مقدار اور اطاعت کی مقدار پر موقوف ہے اور چونکہ انسان اپنے فطری عطیون

[1] اے ڈسکورس آف میٹافزکس پریفیس ٹو ولیم جیمس جلد دوم باب ہشتم صفحہ ۱۳۱ ۱۳۲

ہین اور اس سے بہت زیادہ ان عطیون کے استعمال مین باہمدگر مختلف ہین اس لیئے ان مین نہایت حقیر درجہ کے گنہگار سے لیکر اعلیٰ درجہ کے پارسا تک وحی کے درجات بھی مختلف ہون گے"

یہان "خدا کے بغیر نہ رہ سکنے" سے تمام انسانون کے لیئے وحی کو عام ماننا تو ایسا ہی ہے جیسے آفتاب کے فیض عام سے شیشہ کو منور سمجھنا البتہ وحی کے درجات کا مختلف ہونا وہ بجا فرماتے ہین کہ انسان کی اپنی استعداد اور اس کے استعمال پر منحصر ہے لیکن یہ بات کہ وحی ہوتی سب کو ہے اور صرف درجات کا تفاوت ہے اسمین بہت کچھ کلام ہے۔ حقیر درجہ کے گنہگار پیغمبر جس وحی کا آنا وہ تسلیم کرتے ہین اگر اس سے مراد وہ تجلی ربانی ہے جس سے انسانی روح اسکی ذات وصفات کا تجربہ حاصل کرکے صاف اور منور ہوجاتی ہے اور نہ صرف نور اور صفائی حاصل کرتی ہے بلکہ اپنی روشنی سے دیگر جویندگان راہ کو شعل دکھاکر منزل مقصود تک پہنچا دیتی ہے تو گنہ گار پیغمبر ایسی وحی اور ایسی تجلی کا ہونا بالکل خلاف قانون اور خلاف واقع ہے اور خود مسٹر پیارکر تسلیم کرتے ہین کہ "بیوقوف کو دانائی کی بدکار کو نیکی کی اور رند کو مذہب کی وحی نہین ہوسکتی" پس اس بنا پر صرف درجات کا فرق نہین ثابت ہوتا بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک پر وحی ہوتی ہے اور دوسرا اس سے بالکل محروم رہتا ہے۔ اور اگر ان کا مقصد اس جذبہ فطرت سے ہو جو انسان کو بالائی ہستی کیطرف کھینچتا ہے اور جس کو جذبہ مذہبی کہتے ہین یا جو جذبہ نیکی کی رغبت پیدا کرتا ہے اور جذبہ اخلاقی کے نام سے موسوم ہے تو بیشک یہ دونو جذبے کافر و مومن اور فاسق اور پارسا سب مین موجود ہین۔

اِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ط (دہر پارہ ۲۹ ع ۱)	ہمنے اس کو رستہ دکھا دیا ہے اب چاہے شکر کرنیوالا بنے یا ناشکری
اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ط (بلد پارہ ۳۰)	کیا ہمنے اسکو دو آنکھین زبان اور دو لب نہین دئے اور کیا اسکو دو نو رستے نہین بتائے
فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ط (شمس پارہ ۳۰)	(خدا نے) بتائی اسکو اسکی بدکاری اور نیکو کاری

تفاوت حالات

یہ دونو جذبے یعنی مذہبی اور اخلاقی چونکہ خدا کی طرف سے ہین اس لیئے مجازاً ان کو وحی کہا جائے تو مضایقہ نہین مگر حقیقت مین یہ وحی نہین ہین البتہ ان کے وجود سے وحی کا رستہ صاف ہوتا ہے اور انسان مین ترقی کی خواہش پیدا ہوکر وہ اپنی طرف سے ایسی کوشش بجالاتا ہے جس سے نور سرمدی کو اخذ کرنے کی قابلیت ہو اور پھر کوشش کا تفاوت نتایج مین اختلاف پیدا کرتا ہے مثلاً اگر شیشۂ دل مادی کدورتون اور جسمانی ناجایز خواہشون سے بالکل صاف ہوگیا ہے تو آفتاب وحدت کی روشنی براہ راست اس پر جلوہ کرتی ہے اور وہ اس آئینہ کی طرح منور ہوجاتا ہے جو آفتاب کے سامنے رکھا ہو اور یہی لوگ ہین جن کو رسول یا پیغمبر کہا جاتا ہے اور اگر پاکیزگی کے اس درجہ تک نہین پہنچتا اور نور بے کیف کو بے واسطہ اخذ کرنے کے قابل نہین ہوتا تو منور ہونے کیلئے کسی اور قلب مصفا کی وساطت تلاش کرتا ہے جیسے آفتاب کے سامنے رکھے ہوئے آئینہ کی شعاع بازگشت دوسری چیزون کو انکی حیثیت کے موافق روشن کردیتی ہے وہ شخص قلب صافی کے جلوہ سے حسب طاقت نور حاصل کرتا ہے اور ایسے لوگ پیغمبر کی امت اور اس کے پیرو مشہور ہوتے ہین لیکن اگر کوئی شخص جسمانی خواہشون اور دنیوی آلایشون سے مغلوب ہوکر مذہبی جذبہ کو ضایع کردیتا ہے تو وہ اس سیاہ تختہ جیسا ہے جو آفتاب کی تمام شعاعون کو رایگان چھوڑتا ہے اور مطلق روشن نہین ہوتا۔ ایسے لوگ بلا واسطہ منور ہوسکتے ہین اور نہ کسی درمیانی واسطہ یعنی نبی کی ہدایت سے مستفید ہوتے ہین اور باوجود یکہ دنیا مین انبیا کی آواز کا ہر طرف غلغلہ ہے مگر وہ لوگ سوائے تاریکی اور گمراہی کے کچھ نہین پاتے۔ اور اسی لیئے ارشاد ہے کہ انبیا کی ہدایت انہی لوگون کو مفید ہے جو جذبۂ مذہبی کے سبب بے دیکھے خدا کی طرف متوجہ ہین ورنہ جس طرح بہت لوگ اس سے راہ راست پاتے ہین اسی طرح اکثر اشخاص گمراہ بھی ہوتے ہین اور وہ وہی ہین جنہون نے اپنے ازلی عہد کو توڑ دیا ہے یعنی جذبہ مذہبی ضایع کردیا ہے

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ (بقرہ ع ۱)	یہ کامل کتاب ہے۔ اس مین کوئی شبہ نہین۔ یہ ہدایت ہے پرہیزگارون کیلئے جو ایمان لاتے ہین غیب پر۔

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ (بقرہ پارہ ۱ ع ۳)

وہ اس سے اکثر کو گمراہ کرتا ہے اور اکثر کو ہدایت دیتا ہے اور گمراہ انہی کو کرتا ہے جو فاسق ہین اور جو خدا کے پیمان کو (ازل مین) مضبوط کرنے کے بعد توڑتے ہین -

انبیا کی ضرورت

غرض مذہبی جذبہ جو سب مین موجود ہے وہ اور چیز ہے اور صرف انسان کو استعداد پیدا کرنیکا کام دیتا ہے اور وہ جلوہ ربانی جس کو وحی کہتے ہین اور چیز ہے جو بالاتر ہستی کی اپنی توجہ اور فاعلیت سے حاصل ہوتا ہے - مسٹر پارکر کی نظر صرف جذبۂ مذہبی تک محدود ہے اور اسی کو وحی سمجھتے ہین - اسی لیئے اسکو تمام انسانون کے لیئے عام مانتے ہین اور وہ اور اُن کے دیگر ہمخیال جو انبیا کی ضرورت کو تسلیم نہین کرتے اور کہتے ہین کہ انسان محض خدا کو ماننے سے نجات پاسکتا ہے اور کلمۃ اللہ خود اس کے اندر موجود ہے وہ اس امر کو بالکل نظر انداز کر دیتے ہین کہ مذہب جیسا کہ ذکر ہو چکا تجربہ کی چیز ہے اور تجربہ بھی ایسی ہستی کا جو از روئے فطرت انسانی ہستی سے بالاتر ہے پس اسکی معرفت اور اسکی ذات وصفات کے تجربہ کیلیئے خود اُس ذات کی توجہ درکار ہے - یہ لوگ مذہب اور عقل اور نیز مذہب اور اخلاق مین تمیز نہین کرتے اور اس لیئے اپنی عقل کے گھمنڈ مین سمجھتے ہین کہ جس طرح وہ جسمانیات کی تحقیق کرسکتی ہے اسی طرح الٰہیات مین بھی اس سے کام نکل سکتا ہے - اور مذہب کا ثمرہ محض اخلاق کو سمجھ کر کہنے لگتے ہین کہ اخلاق حسنہ کو حاصل کرنے پر مذہب سکھانیوالون کی ضرورت نہین رہتی حالانکہ دونو اصول غلط ہین عقل محض جسمانیات پر حاکم ہے اور اپنی ہم پلہ یعنے روح اور اپنے سے برتر یعنے خدا کی نسبت وہ کوئی تجربہ نہین کرسکتی - اور اخلاق مذہب کا واحد ثمرہ بلکہ مہتم بالشان ثمرہ بھی نہین - اخلاقی جذبہ بیشک نجیب وشریف کشش ہے مگر مذہب کا یہ نہایت پیش افتادہ نتیجہ ہے مذہبی جذبہ خدا کی تلاش کراتا ہے پس اسکا حقیقی ثمرہ خدا کی معرفت ہے البتہ خدا کی معرفت حاصل ہونے پر اور یہ معلوم کرنے پر کہ تمام موجودات اُسی کی مخلوق ہے

خدا کی محبت پیدا ہو کر قانون محبت سے اپنے محبوب کے ساتھ محبوب کی تمام چیزون سے اُلفت پیدا ہو جاتی ہے اور بمقتضائے اُلفت سے جو افعال سرزد ہوتے ہین وہی اعلےٰ اخلاق ہین۔ لیکن چونکہ اخلاق کا فائدہ محسوس اور نمایان ہے اور انسان کو دوسرون سے نیک برتاؤ کرنے پر اپنی ذات کیلئے بھی بہت راحت و آرام ملتا ہے اس لیئے انسانی عقل اگر کامل ہو تو اخلاق کا تجربہ کر سکتی ہے اور عقلا ہر زمانہ مذہب سے یک سو ہو کر بھی اسکی ضرورت کو محسوس کرتے ہین پس اگر نجات اسی کا نام ہے کہ انسان اس دنیوی زیست مین لوگون سے نیک سلوک رکھے اور اُس کے عوض مین اُن کیطرف سے عمدہ برتاؤ کا لطف اُٹھائے تو پھر بھی اگرچہ مذہب سے بے پروا ہو کر تمام لوگ اخلاق پر قایم نہین رہ سکتے مگر شاید بعض دانا اور دور اندیش محض عقل کی رہنمائی سے نجات پاسکین گے اور اس صورت مین ان کے لیئے نہ صرف مذہب سکھانیوالون یعنے پیغمبرون کی بلکہ مدعائے مذہب یعنی خدا کو ماننے کی بھی ضرورت نہین لیکن اگر نجات محض دنیوی راحت و آرام کا نام نہین بلکہ اس تجلّی ربانی اور معرفت الٰہی کو کہتے ہین جو اس دُنیا مین اور اس سے پرے ابدالآباد تک انسانی روح کو منور اور ریشاش رکھتی ہے اور کشف و شہود کے وہ تجربے کرواتی ہے جو جسمانی آنکھ اور جسمانی دماغ کی دسترس سے باہر ہین اور جسکی تشنگی ابتدائے آفرینش سے اب تک انسانی فطرت کے کسی نامعلوم گوشہ مین شعلہ زن ہو کر اِس سے ہزارون کنوئین جھنکواتی رہی ہے تو ایسی نجات کا حاصل کرنا یقینًا عقل کی گرفت سے باہر ہے اور محض جسمانی بلند پروازیون سے اِس تک پہنچنا ویسا ہی موہوم ہے جیسے نور آفتاب کی حرکت کے بغیر تہ خانہ کے روشندان کا منور ہو جانا یا انسانی کوشش کے بغیر جنگلی گھوڑے کا باجے کی آواز پر ناچنا یہ اپنے وقت کے فلاسفر اور فیلسوف مادیات کو شوق سے دیکھین بھالین اور نہ صرف زمین بلکہ مریخ و مشتری کے چپہ چپہ سے واقف ہو جائین لیکن اپنی حد سے قدم نہ بڑھائین کشش ثقل سے تحت الثرے مین جا پہنچین مگر جسمانی غبارون سے اس مالا مال ہستی کیطرف نہ اڑین اُس تک پہنچنا ہے تو جسمانی آلایشون سے ایسے پاک ہون کہ نور وحدت بیواسطہ اُن پر چمکے یعنی

خود پیغمبر بنجائین اور یہ نہین ہوسکتا تو خود پسندی چھوڑکر اپنے صفحۂ دل کو کسی اور قلب صافی کے مقابل کہین اور بالواسطہ آفتاب وحدت کے نور سے منور ہون یعنی کسی نبی کی اُمت بن کر اُسکی وساطت سے معرفت حاصل کرین۔ کیا کہا ہے

نگنجد نور خورشید ازل در ظرف ہر دیدہ — بآب دیدۂ مردان نگر تا عکس آن بینی
تو خفاشی ز نور مہ قیاس نور خور مکن — ترا سودا این بود۔ گر نور خور بینی زیان بینی

ہمارے مخالفون کی غرض

یہ لوگ اپنے مطلب کے وقت اور دوسرون کو ساکت کرنیکے لئے قانون قدرت اور لاآف نیچر کو ایک مہلک حربہ اور ہتھیار سمجھا کرتے ہین مگر افسوس ہے کہ مذہب کے بارہ مین خود قانون قدرت کا حفظ کیا ہوا سبق بالکل بھول جاتے ہین اور نہین سمجھتے کہ جس چیز کا تجربہ وہ خود نہین کرسکتے اسکا علم تجربہ کارون کی شاگردی کے بغیر کیونکر حاصل ہوسکتا ہے۔ مسٹر پارکر پرانی دستاویزون (الہامی کتابون) کو تقویم پارینہ سمجھتے ہین اور خود "کلمۃ الحق" سے واقف ہونیکا دعوے کرتے ہین۔ حالانکہ ان جسمانی تجربون مین بھی وہ پرانی دستاویزون سے مستغنی نہین ہین جو سائنس کے تجربے نئی تحقیق کے موافق سالہا سال سے ہوتے آئے ہین اور جنکی دستاویزین دفتر کے دفتر تیار ہوچکی ہین اگر اُن سب کو دریابُرد کردیا جاوے اور آجکل کا ایک طالب علم یہ دعوی کرے کہ کلمۃ العلم "خود" اسکے دل مین موجود ہے اس لیئے ان دستاویزون کی ضرورت نہین وہ اپنی واحد کوشش سے اُن تمام قوانین کو کیونکر دریافت کرلیگا جو نیوٹن کے وقت سے آجتک بتدریج معلوم ہوتے آئے ہین اور وہ صنعتین کیونکر ایجاد کرسکیگا جن سے ان بزرگون کی برکت سے ہم آج بہرہ ور ہین۔ اسی طرح اگر کوئی شخص نیوٹن کو سائنس کا امام نہ مانے اور اسکی اس تھیوری پر اعتقاد نہ رکھے کہ روشنی چند رنگون سے مرکب ہے وہ سہ گوشہ بلور کو روشن مان کے سامنے رکھکر نیوٹن کیطرح آفتاب کی شعاعون کا تجربہ کرنا ضروری نہ سمجھیگا اور روشنی کے متعلق وہ علم حاصل کرسکیگا جسکی ترکیب اس فلاسفر نے ہمکو بتائی ہے۔

اہل چین نے جب پہلی دفعہ دخانی جہاز کو دیکھا جو یورپ سے آکر اُن کے کسی بندر پر لنگر انداز

ہوا تھا تو چونکہ وہ اپنی پرانی صنعت و حرفت پر نہایت غرہ تھے اس نئی اور مفید ایجاد کو دیکھ کر متوجہ نہ ہوئے اور وہی بات کہی جو مسٹر پاد کہتے ہین کہ "ہمارے پاس سب کچھ موجود ہے" دوسرون کے تجربون سے فایدہ نہ لینے کی یہ ایسی غلطی اُن سے سرزد ہوئی جس کے وبال مین آج تک تمام ملک چین مبتلا ہے اور اُس کو اب تک ترقی کی اس راہ پر چلنا نصیب نہین ہوا جس کو دوسرے لوگ بڑی حد تک طے کر چکے ہین۔

پس اگرچہ مادی علم کی استعداد ہماری اندر موجود ہے مگر اس سے کام اسی طرح لے سکتے ہین کہ جو لوگ پہلے اس کوشش مین سرگرم رہے ہین انکی عالمانہ قابلیت کو تسلیم کرین اور جو تدبیر علم تک پہنچنے کی اُنہون نے ایجاد کی ہین اُن کو عمل مین لائین اور یون مدارج ترقی پر فایز ہون اور دوسری اگر ہم اُن کو بالکل نظر انداز کر دین اور خود ابتدا سے ہر بات کو اپنی رائے سے دریافت کرنا شروع کرین تو اگرچہ بہت ہی کم مگر کسی نہ کسیقدر علم سے آشنا ہو جائین گے لیکن یہ فائدہ جو ہمکو حاصل ہوگا تو اس لیئے کہ یہ تجربے ہم مادیات پر کرتے ہین اور مادیات ہم سے کمتر اور خود ہماری فاعلیت کے زیر اثر ہین اور جو چیز خود ہم پر فاعلانہ اثر کرنیوالی ہے اسکی نسبت ہماری جو کچھ کوشش ہو سکتی ہے وہ محض استعداد پیدا کرنے کی اور اُن لوگون کے بتائے ہوئے وسایل عمل مین لانے کی ہے جو ہم سے پہلے اس میدان مین قدم رکھ چکے ہین ورنہ اُن لوگون کی تمام باتون کو بھول کر اور خود اپنی قوت پر بھروسہ کر کے ہم اس کوشش مین اتنا بھی کامیاب نہین ہو سکتے جس قدر مادیات کے تجربے مین ہونا ممکن ہے۔ اور اگر مسٹر پاد ری کے کہنے پر نوع انسانی کو محض اپنے دل کے کلمۃ الحق پر چھوڑ دیا جاوے تو پھر وہین سے چلنا ہوگا جہان سے ابتدائی تلاش کرنے والے چلے تھے یعنی کبھی چوہے کو خدا مانین گے اور کبھی مینڈک کو یا آجکل کی ایجاد دیکھ کر کبھی مشین کو سجدہ کرینگے اور کبھی بیٹری کو۔ اور یہی وجہ ہے کہ مذہب مین نہ صرف عوام الناس کو بلکہ خود صاحب مذہب یعنی پیغمبر کو بھی گذشتہ پیغمبرون پر ایمان لانا اور جس امر مین خود اُسکو وحی ہوئی اُسکی شریعت پر عمل کرنا فرض ٹھہرایا گیا ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ (انعام پارہ ع ۱۰)	(یہ پیغمبر) وہ لوگ ہین جن کو خدا نے ہدایت دی ہے پس تو اُن کی ہدایت کی پیروی کر۔

شرائع اور اس طرح پیغمبر قدیم شریعتون سے اور اُن الہامون سے جو خود اُسکو ہوتے ہین ایسا دستور العمل تیار کرتا ہے جس پر عمل کرنے سے معرفت الٰہی کے عقدے حل ہوسکین اور ہر شخص حسب حیثیت نور ہدایت سے منور ہو۔

یہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ بجز اس امر کے کہ معرفت مین بالاتر ہستی کا تجربہ ہے اور جسمانی علوم مین اپنے سے کمتر چیزون کا اور طرح پر جسمانی علوم اور معرفت کی تحصیل مین بہت کچھ مشابہت ہے۔ ایک طالب علم عرصہ تک کسی علم کے مقررہ اصول کے موافق عمل کرنیسے اکثر اس قابل ہوجاتا ہے کہ گذشتہ تجربہ کرنیوالون کی بعض کوتاہیون سے واقف ہوجائے اور خود مصلح اور مجدد بن کر اُس علم کو اصلاح و ترمیم سے ترقی دے مگر بعض اوقات جب کوئی علم یا علم کی کوئی شاخ یا مسئلہ پورے طور پر حل ہوچکا ہو تو اُس مین آیندہ آنے والے طلبا کو اصلاح و ترمیم کی گنجائش نہین رہتی اور اس صورت مین اُن کا کام محض یہی رہ جاتا ہے کہ گذشتہ اُستادون کے اصول کو سیکھین اور اُن کے موافق عمل کرنیسے فائدہ اُٹھائین مثلاً علم ہندسہ یعنی تحریر اقلیدس ایک ایسا فن ہے جو بظاہر اپنے کمال کو پہنچ چکا ہے اب اس کے اصول و قواعد مین غلطی نکالنا جہل مرکب کے سوا کوئی معنی نہین رکھتا اِس لئے اسمین جو کچھ ہوسکتا ہے یا ہورہا ہے وہ اسی قدر ہے کہ اُن قاعدون کو حکمی اور یقینی مان کر اپنی اپنی استعداد کے موافق ان سے نتائج نکالتے رہین یا آجکل کے عالمون نے اِس فن مین پریکٹیکل جیومیٹری کے نام سے جو ترقی کی ہے اسمین اور کچھ نہین کرسکے سوا اِس کے کہ جن عقلی دلایل سے اقلیدس اپنے دعوون کو ثابت کرتا ہے اُنکی جگہ پیمائش کے آلات استعمال کرنے لگے ہین اور دو خطون یا مثلثون وغیرہ کو برابر یا متشابہ ثابت کرنے کیلئے قواعد کلیہ کو کام مین لانے کے بجائے زیادہ تر آلات سے پیمائش کرکے دکھا دیتے ہین مگر اس تبدیلی سے اصول علم مین کوئی ترقی نہین ہوئی بلکہ کہنا چاہئے کہ عقلی غور و تامل کی جو

مشق پہلی صورت مین ہوتی تہی آلات کے استعمال سے وہ فائدہ معدوم ہوگیا۔ یا اگر علمی مشق کو ایک فایدہ کہا جائے تو یون کہنا پڑیگا کہ ایک فائدہ کو چھوڑکر اسی جیسا ایک اور فائدہ پیدا کیا گیا ہے۔ مطلب یہ کہ علم اگر نامکمل ہے تو آیندہ آنیوالے اسمین بہتر انقلاب پیدا کرسکتے ہین اور مکمل ہے تو آیندہ یا تو کوئی جدید فائدہ حاصل نہین ہوتا۔ یا ہوتا ہے تو پہلے فائدہ کی مانند۔ یہی کیفیت یہان ہے کہ معرفت اور حصول معرفت کے قواعد وضوابط (شریعت) خدا کی طرف سے قلوب مصفا پر القا ہوتے ہین مگر جب تک یہ سب قاعدے یا ان مین سے بعض انبیاء کی قلت استعداد کے سبب ناقص شکل مین القا ہوتے رہتے ہین آیندہ آنیوالے انبیاء پر انکی غلطیان واضح ہوتی رہتی ہین اور اس صورت مین پہلی وحی کی بجائے دوسری وحی بہتر ہوتی ہے مگر جب تمام قاعدے یا ان مین سے بعض اپنی حقیقی صورت مین منکشف ہوتے ہین تو آیندہ بہتر انقلاب کی گنجائش نہین رہتی اور اُس وقت یا تو جدید انکشاف ہوتا ہی نہین یا حسب ضرورت کچھ القا ہوتا ہی ہے تو اسکا فائدہ پہلے انکشاف کی مانند ہوتا ہے۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بقرہ پارہ ۱ ع ۱۳)

ہم کسی نشان کو منسوخ یا فراموش اسی صورت مین کرتے ہین کہ اس سے بہتر یا اسی جیسا اور نشان پیدا کردیتے ہین۔ کیا تم نہین جانتے کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

احکام شریعت قابل حقیقت ہین تجربہ سے معلوم ہوسکتے ہین۔

تجربہ کا عام قاعدہ ہے کہ اس مین استدلال عقلی کو بہت ہی کم دخل ہوتا ہے یعنی کسی چیز یا کسی فعل سے جو اثر مرتب ہوتا ہے اسکی نسبت بتایا نہین جاسکتا کہ کیون ایسا ہوا۔ حرکت سے حرارت پیدا ہوتی ہے اور حرارت سے خاص خاص حالات مین کبھی پھیلاؤ، کبھی حرکت، کبھی برق ظاہر ہوتی ہے۔ کونین سے بخار اُتر جاتا ہے۔ کلوروفارم سے حس باطل ہوجاتی ہے سنکھیا سے انسان مرجاتا ہے اور خاص طریقون سے اسکا استعمال بہت سے امراض کو دور کرتا ہے مقناطیسی سوئی کے دو کنارون مین سے ایک معین سرا ہمیشہ شمال کیجانب رہتا ہے اور دوسرا ہمیشہ جنوب کیطرف اسیطرح کے لاکھون اثر پیدا ہوتے ہین جنکی کوئی عقلی وجہ بتائی نہین جاتی اور ایسا

کیون ہوا ؟ اسکا جواب نہین ہوسکتا مگر اثر کو دیکھ کر یقین کرنا پڑتا ہے کہ ایسا ہوتا ضرور ہے۔
اسی طرح جو تجربے حاملان شریعت پیش کرتے ہین اُنکی نسبت ہر جگہ کیون اور کس لیئے کا سوال ہی بے معنی ہے وہ لوگ تجربے سے دیکھتے ہین کہ وہ مختلف قسم کے اعمال جن کو عبادت اور کار ثواب کہا جاتا ہے اُنکو مقررہ شرطون کے ساتھ پورے طور پر بجالانے سے روح کو جلا اور نور حاصل ہوتا ہے اور معرفت ربانی کے وہ کرشمے نظر آتے ہین جن کو دل محسوس کرتا ہے مگر زبان ادا کرنے سے قاصر ہے اور اس کے خلاف کرنیسے اور ان اعمال کے ارتکاب سے جن کو گناہ کہتے ہین روح مین ظلمت اور کثافت پیدا ہوکر لذائذ روحانی سے بیگانگی ہو جاتی ہے غرض عبادت اور گناہ کے ان اثرون کو جسانی عقل اگرچہ چل نہ کرسکے مگر تجربہ کرنیوالے اس پر یقین کرنے مین ایسے ہی مجبور ہین جیسے سائنسدان اور ڈاکٹر قوائے قدرت اور دواؤن پر یقین کرتے ہین ۔

لیکن جس طرح تجربہ کے ان ابتدائی اصول اور ان کے اثرون کو مانکر دوسرے درجہ پر جو اثر پیدا ہوتے ہین اُنکی نسبت استدلال کا سلسلہ پیدا ہوسکتا ہے مثلاً بھاگنے کے بعد دفعتہً ٹھیر جانے پر جو پسینہ آجاتا ہے اسکی وجہ بیان ہوسکتی ہے کہ چونکہ بھاگنے سے حرکت پیدا ہوئی ہے اور حرکت کے دفعتہً بند ہوجانے سے وہی طاقت حرارت مین تبدیل ہوگئی ہے اور حرارت سے جسانی رطوبتون مین سیلان اور مسام مین پھیلاؤ پیدا ہوگیا ہے اس لیئے بھاگنے والیکو پسینہ آگیا ہے۔ اسی طرح عبادت کی اُن مختلف صورتون کی نسبت جو وقتاً فوقتاً انبیاء علیہم السلام تلقین کرتے رہے ہین کچھ کچھ توجیہ بیان ہوسکتی ہے مثلاً جو پیغمبر کسی ایسی قوم کیطرف مبعوث ہوا ہے جو ہر وقت معصیت اور گناہ کی مرتکب رہتی ہو یا کسی اور وجہ سے روحانیت سے بالکل بیگانہ اور اپنی حالت پر مغرور ہو ایسا نبی ان لوگون کو معرفت تک پہنچانے کیلیئے ہدایت کرے کہ اپنے اہل و عیال اور مال و دولت کو چھوڑکر جنگلون اور پہاڑون مین بسر کرین اور کسی وقت دہیان اور گیان کے سوا دنیا کیطرف متوجہ نہ ہون اور اس طرح سخت مرض کیلیئے سب سے زیادہ تلخ دوا تجویز کرے اور اس کے خلاف جس قوم مین اُنکی فطری استعداد یا گذشتہ انبیا کی تعلیم کا اثر باقی ہونے کے سبب حق کے خلاف حد سے زیادہ تکبر اور

اصرار نہو اُس قوم کا پیغمبر بجائے ہر وقت سخت عبادت مین مصروف رکھنے کے ہفتہ مین ایک دفعہ خدا کا خیال کرنے اور عبادت بجالانے کو معرفت کیلئے کافی قرار دے اور ان دونو کے خلاف کوئی ایسا نبی جو ہر قوم اور ہر زمانے کی تعلیم کیواسطے مبعوث ہوا ہو اور عالم و جاہل شقی و سعید سب کے لئے دستور العمل قایم کرنیکے واسطے آیا ہو وہ ایک طرف کئی کئی دن غفلت مین گذارنے کو ممنوع قرار دے تو دوسری طرف ہر وقت خدا کی طرف دھیان لگانا بھی فرض نہ ٹھیرائے اور اس طرح دن مین چند بار عبادت بجالانا ذریعہ حصول معرفت گردانے۔ غرض کہا جاسکتا ہے کہ ایسے یا اسی قسم کے اور اسباب کی بنا پر جو خدا سے قریب یا دور کرتے ہین انبیا اپنے اپنے وقت پر وحی و الہام سے یا بالفاظ دیگر اس بالاتر ہستی کے تجربہ سے عبادت کی مختلف صورتین اور مختلف اوقات قرار دیتے ہون گے۔ مگر اس سے انکار نہین ہو سکتا کہ جس شخص نے انبیاء کے احکام کو بجالاکر ان کے اثر کا ذاتی تجربہ نہین کیا اسکی طرف سے عبادت کی ان گوناگون شکلون مین سے کسی کو کسی پر فایق سمجھنا اور ترجیح دینے کے لئے یا عام طور پر احکام کی علت بیان کرنے کے لیئے مذکورہ بالا توجیہ یا اور دلائل کو پیش کرنا محض تخمین اور ظن ہے اور حقیقی انکشاف کا مدار خود عمل کرنے اور اُسکے اثر کو دیکھنے پر ہے †

† بلکہ دیکھا جاتا ہے کہ بعض اوقات کسی مذہبی حکم کی کوئی علت تلاش کرنے اور اس پر یقین کر لینے سے اس حکم مین وہ کشش نہین رہتی جو محض مذہبی حکم ماننے کی صورت مین نظر آتی ہے جس سے گمان ہوتا ہے کہ ایسی صورت مین وہ فائدہ قریبًا باطل ہو گیا ہوگا جو مذہب کا اصلی مدعا تھا۔ مثلاً ہندون کے مذہب مین صبح کو نہانا اور خاص اوقات پر صندل اور گھی وغیرہ ملاکر ہون کرنا نہایت تاکیدی فرض ہے۔ اور پرانے خیال کے ہندو اس فرض کو نہایت عقیدت سے اسکی وجہ کا سوال کرنیکے بغیر بجالاتے ہین مگر حال مین جو مذہب کی ہر ایک مخفی سے مخفی حکم کا عقلی سانچے مین ڈھالنا اور اسکی علت کو دریافت کرنا ایک عام پسند فیشن ہو گیا ہے تو اس مذہب کے روشن خیال پیرو کہنے لگ گئے ہین کہ غسل اور ہون بدن اور مکان کی صفائی کے واسطے فرض ہوا ہے اور اسمین شک نہین کہ غسل سے صفائی کا فائدہ بھی حاصل ہوتا ہے اور شاید ہون سے بھی ایسا ہوتا ہو لیکن اگر ان دونو فعلون سے صرف یہی غرض ہو تو

تعلیم کے علاوہ بنی کی بہت
مین کچھ عرصہ تک موجود
رہنا بھی ضرور ہے۔

اور پھر عمل کرنے اور اثر کو دیکھنے مین یہ بھی بڑی دقت ہے کہ انسانی طبائع کے اختلاف سے ایک ہی فعل کا نتیجہ مختلف اشخاص مین مختلف شکلون مین ظاہر ہوتا ہے۔ وہی نماز ایک شخص کے لیئے ایک دن مین عرفان کا دروازہ کھول دیتی ہے اور دوسرے شخص کو سالہا سال مین ایک جلوہ نظر نہین آتا یا کچھ معلوم ہوتا ہے تو اُسکے ساتھ کوئی آلودگی بھی موجود ہوتی ہے اور بعض اوقات

نفع کا حاصل ہونا۔ انکی ضرورت اسی قدر رد جاتی ہے جس قدر کپڑے دھونے اور مکان مین سفیدی کرنے اور جھاڑو دینے کی ہے۔ اور اگرچہ ایسے روشن خیال پرانے اثر کے سبب سے ابھی تک ان دو نو فعلون کا صفائی کے دیگر لوازمات کی نسبت زیادہ اہتمام کرتے ہین لیکن اگر غسل اور وضو سے محض یہی مطلب ہو اور یہ شایع ہو کر دلون مین راسخ بھی ہو جائے تو ظاہر ہے کہ ان افعال کی وہ عظمت شان نہ رہیگی جو حکم خدا ماننے کی صورت مین لوگون کو اپنی طرف کھینچ رہی ہے اور جس طرح جھاڑو دینا خدا تک پہنچنے کا ذریعہ نہین مانا جاتا یہ فعل بھی اس سطح پر آجائینگے۔ اگرچہ ہم نہین کہہ سکتے کہ انکا حقیقی فایدہ کیا ہے مگر اس قدر تو ظاہر ہے کہ مذہب اور مذہبی احکام محض دل سے تعلق رکھتے ہین اس لیئے نہانا اور جھاڑو دینا یکسان قرار پاکر جو خیال خدا کا اور جو وصیان اسکی ذات کی طرف اب ان افعال کو بجالانے کے وقت ہوتا ہے وہ اس صورت مین کافور ہو جائیگا جبکہ اسکو محض ظاہری صفائی کی نیت سے کیا جائیگا اور جو نور خدا کے وصیان سے روح کو حاصل ہوتا ہے وہ اس وقت میسر نہ آئیگا۔ اسی طرح اسلام مین حج بیت اللہ چار بڑے فرضون مین سے ایک ہے اور مسلمان ہر سال دنیا کے ہر گوشہ سے نہایت شوق کے ساتھ یہ سعادت حاصل کرنیکے لئے جاتے ہین (اللہم ارزقنا) مگر جو روشن خیالی آجکل تمام دنیا مین پھیلی ہوئی ہے اسکی مسلمانون مین بھی کمی نہین چنانچہ ایسے لوگ کہتے ہین کہ تمام عالم کے مسلمانون کو سال مین ایک دفعہ کسی مرکز پر جمع کرکے تبادلہ خیالات کرنے کیلئے یہ فرض قرار پایا ہے اور بیشک یہ فایدہ بھی حج سے متصور ہے لیکن محض یہی فایدہ قرار دینے سے حج کی اتنی ہی عظمت رہ جاتی ہے جو چھوٹے پیمانہ پر سالانہ کانفرنسون اور کانگرسون کی ہے اور جیسا کہ آجکل جنبل دوڑایا جاتا ہے اگر کبھی واقع مین تمام دنیا کے مسلمانون کی ایک کانفرنس قرار پائے تو وہ بنی بنائی حج کی قایم مقام بلکہ نعم البدل ہوگی اور اگرچہ کانفرنسون والے ان جلسون کو مقدس اور معظم ثابت کرنے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کرتے

اِس آلودگی کو عین معرفت سمجھ لینے سے اور اپنے تئین خدا رسیدہ جاننے سے ایسی معکوسیت ہوتی ہے کہ وہی خدا کا بندہ کسی وقت بالکل شیطان کا بندہ بن جاتا ہے اِس لئے علاوہ اُس دستور العمل کے جس کو شریعت کہتے ہین اور علاوہ اُن دلائل کے جو اسکی ترجیح اور فوقیت کے لیئے پیش کیجاتین کسی ایسے شخص کا موجود ہونا بھی ضرور ہے جو ذاتی طور پر ان کیفیتون سے واقف ہو اور ہر حالت کو اور اسکی صفائی یا آلودگی کو پہچان سکے اِس وجہ سے نبی کا شریعت کی تعلیم دینے کے علاوہ کچھ مدت تک اُن لوگون مین موجود رہنا بھی ضرور ہے تا ان اعمال کی بجاآوری سے جو حالات پیش آئین اور جو نقص یا خوبیان مختلف طبیعتون مین پیدا ہون وہ انکی نسبت اپنے تجربے سے ہدایات دیتا رہے۔ اِسی طرح پر اس دستور العمل کے علم سے اور اس پر عمل کرنے سے اور اپنے رہنما کی صحبت کا فیض لینے سے اس کے متبعین کا ایک ایسا گروہ تیار ہوجاتا ہے جن کے دل صاف ہوکر تجلیات ربانی سے معمور ہون اور پھر آئندہ کیلئے وہ لوگ نبی کے قائم مقام ہوکر دوسرون کو اپنے تجربون سے فیضیاب کرتے رہین۔

نقطہ ۲۰ مگر ظاہر ہے کہ ان مین شامل ہوکر خدا کی طرف وہ عاجزانہ توجہ نہین ہوتی جو اعمال مذہبی مین ہوا کرتی ہے وہان قدم رکھا جاتا ہے تو سو ادب سے اور اُٹھایا جاتا ہے تو ہزار احتیاط سے اور دل مین خیال ہوتا ہے کہ اِن کا مومنین قید مونکی بجائے آنکھون سے اور جسم کی بجائے جان سے کام لیا جاتا ہے تو یہی کم ہے اور یہان قومی جلسون مین جو بات ہوتی ہے۔ لقلقہ سے اور جو کام ہوتا ہے۔ طنطنہ سے۔ پس اگر جمع کو اُسکے اپنے درجہ سے گرا کر محض پان مسلم لیگ یا عام اسلامی انجمن قرار دیا جائے تو اس خیال کو دل مین جاکر اسکو بجالانے کے وقت خدا کی عظمت و جبروت کا وہ نقش نہ ہوگا جو محض حکم ربانی ماننے کی صورت مین بقول شخصے سادہ لوح مسلمانون کے دل پر ہتھوڑے سے۔ پس اگرچہ مذہبی احکام کی وجہ تلاش کرنا بعض اوقات اپنی اطمینان کیلئے اور اکثر اوقات دوسرون کو ترغیب دینے کیلئے بڑی حد تک مفید ہے اور اس لہو و شیخیال بزرگوارون کی ایسی کوشش قابل شکر ہے مگر اسمین اتنی ترمیم ضرور ہونی چاہئے کہ جو وجہ تلاش کیجائے مذہبی حکم کو محض اسی پر منحصر نہ سمجھا جائے بلکہ یون ظاہر کیا جائے کہ منجملہ اُن فائدون کے جو خدا کے اس حکم مین روحانی صفائی اور حصول معرفت کے متعلق ہین ایک فائدہ یا بعض اوقات ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے"۔

سلسلۂ ارشاد و ہدایت کی ضرورت

لیکن چونکہ نبی کا دل دنیوی آلودگیوں سے بالکل صاف اور تجلیات الٰہی سے کامل طور پر بہرہ یاب ہوتا ہے اس لیے جو کام وہ تنہا کر سکتا ہے اُس کو اس کے متبعین باہم تقسیم کر کے پورا کر سکتے ہیں چنانچہ اُن میں سے بعض احکام شریعت کی تفصیل اور تشریح اور انکی تعلیم میں مصروف رہتے ہیں اور علمائے دین کا لقب پاتے ہیں اور بعض کشف و مراقبہ میں منہمک ہو کر اپنی صحبت سے طالبان حق کے عرفانی عقدوں کو حل کرتے رہتے ہیں اور اہل تصوف کے نام سے مشہور ہوتے ہیں اور انکی وساطت سے علم عمل اور صحبت کا ایک سلسلہ قایم ہو جاتا ہے اور آفتاب وحدت کا نور کبھی آئینۂ قلب کی وساطت سے دیکھنے کی علمی صورت پیدا ہوتی ہے اس لیئے مذہب میں جس طرح ان روحانی تجربوں کو جن کو عبادت کہتے ہیں نور معرفت حاصل کرنیکا وسیلہ مانا جاتا ہے۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ ط (بقر پارہ ۱ ع ۵)	اور صبر اور نماز سے مدد لو۔ اور یہ بہت ناگوار ہوتی ہے مگر خدا سے ڈرنیوالوں کو ناگوار نہیں۔

اسی طرح ان تجربہ کرنیوالے رہنماؤں کو بھی واسطہ گردان کر اُن کا دامن پکڑنیکا حکم دیا جاتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ط (مائدہ پارہ ۶ ع ۶)	اے ایمان والو پرہیزگاری اختیار کرو اور خدا کی طرف آنیکے لئے وسیلہ پکڑو اور اس کے رستہ میں کوشش سے کام لو تاکہ تم فلاح پاؤ

اور ان کی ہر اُستون کو جن کو مسٹر پامر کر پرانی دستاویزیں کہتے ہیں تسلیم کرنے کے بغیر کمال معرفت سے ناامید قرار دیا جاتا ہے۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ (انعام پارہ ۷ ع)	انہوں نے جیسا چاہئے خدا کو نہیں پہچانا جو کہتے ہیں کہ خدا نے کسی انسان پر کوئی کتاب نازل نہیں کی۔

مگر آہ انسان! اکثر حالات میں خود پسندی اور تکبر سے ایسا مغلوب ہو جاتا ہے کہ وہ کسی کو اپنے سے برتر سمجھنا گوارا نہیں کرتا جن میں یہ مرض نہایت شدت سے موجود ہے وہ اپنی شان کے آگے خدا کی خدائی کو بھی پسند نہیں کرتے اور جو بجبوری خدا کا اقرار کرتے ہیں وہ چونکہ اسکی طرف سے

فیضان نور کے اہل نہین ہوتے نہین برداشت کرتے کہ کوئی اور اس نعمت سے متمتع ہو اور یون وجود انبیاء سے منکر ہوجاتے ہین اور اگر کسی وجہ سے ایسے لوگون کا لوہا مان لیتے ہین تب بھی اپنی عقل و تدبیر پر ایسے فریفتہ ہوتے ہین کہ جہلا کے لئے انکی ضرورت ہو تو ہو مگر اپنے جیسے فلاسفرون کو ان سے بے نیاز مانتے ہین اور جو اپنے تئین ان سے بے نیاز نہین مان سکتے وہ ایک اور صورت سے اپنی خود پسندی کا اظہار کرتے ہین کہ نبی کے اقوال کو واجب العمل گردانتے ہین مگر اس کے وجود کا فیض تسلیم نہین کرتے اور انوار صحبت کو بے اصل ٹھیرا کر مقر معرفت سے نا آشنا رہجاتے ہین اور جو اس وادی مین بھی قدم رکھتے ہین اور قلوب مصفا سے انعکاس حاصل کرنے کے بغیر چارہ نہین دیکھتے وہ بھی بالطبع اپنی عظمت پر گرویدہ اور قلادہ اطاعت کو اتارنے کے مشتاق رہتے ہین اسلئے چند ابتدائی جلدون بلکہ چند ابتدائی اصولون سے واقف ہوکر جن مین انکی اپنی نفسانی آلایشون کا بھی بہت کچھ دخل ہوتا ہے اپنے تئین بحر معرفت کا شناور سمجھکر عین دریا مین خشک لب رہ جاتے ہین اور سب سے زیادہ حسرت و ناکامی کا شکار بنتے ہین۔ غرض نہایت افسوس سے اقرار کرنا پڑتا ہے کہ جو گوہر شب چراغ روز میثاق سے انسان کی جیب تمنا مین رکھا گیا تھا اسکی سچی روشنی سے بہت کم حوصلہ مندون نے فائدہ لیا ہے اور بہت کم سلیم المزاج ہین جنہون نے اورون کے فضل و کمال کو اپنے لئے ثابت کرنیکا بے استحقاق دعوی نہ کیا ہو۔ سچ ہے۔

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَاۗءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰي بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ (ص پارہ ۲۳ ع ۲)

اور بیشک بہت سے ہم نوا ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہین مگر جو ایماندار اور نیکوکار ہین وہ ایسے نہون گے لیکن وہ بہت ہی کم ہین

وحی اور القاء

غرض گذشتہ تحریر مین یہ ثابت کرنیکی کوشش کی گئی ہے کہ وحی ایک بالاتر ہستی کا تجربہ ہے جسمین فاعلیت اور حرکت کا آغاز اس ہستی کی جانب سے ہے اور انفعال اور قبول اثر انسان کیطرف سے اور اس تجربے سے اسکو وہ قاعدے معلوم ہوتے ہین جن پر عمل کرنے سے

اور لوگ معرفت الٰہی حاصل کرسکین اور اسمین تعلق چونکہ محض روح انسانی اور خدا کا ہے
اس لیے انسانی جسم اور جسمانی حواس کو اس انکشاف مین دخل نہین ہوتا یعنی کوئی زبان
سے بولنے والا اور دوسرا جسمانی کانون سے سُننے والا نہین ہوتا مگر اس وجہ سے کہ جسم
اور جسمانی حواس کا اس مین کوئی دخل نہین ہوتا مسٹر پارکر کا یہ نتیجہ پھر بھی غلط ہے کہ وحی
مین الفاظ نہین ہوتے۔ وہ وجہ یہ بیان کرتے ہین کہ "الفاظ وحی مفرد خیالات کو جیسے
خدا، انصاف، محبت، مذہب وغیرہ ہین ظاہر نہین کرسکتے اور الفاظ سے ان خیالات کو
ادا کرنا ویسا ہی ہے جیسے کسی لفظ سے ایک بہرے آدمی کو آواز کا خیال دلوانا" لیکن اگرچہ اس
مین شک نہین کہ خدا کی ذات وصفات اور اسکی صفات کا ظہور انسانی عقل سے بالاتر ہے اس لیے
معرفت الٰہی کے متعلق جو وحی خدا کی طرف سے انسان کے قلب پر ہوتی ہے اسکی حقیقت اور
کیفیت کو وہ لوگ ہرگز نہین سمجھ سکتے جو اس سعادت سے بے بہرہ ہون مگر جب عقلی دائرہ مین
محدود ہوکر اس مسئلہ کے متعلق غور کیا جائیگا تو لامحالہ انسانی فطرت اور اُس کے خواص کو پیش
نظر رکھ کر فیصلہ کرنا ہوگا اور جب تک چاشنی معرفت حاصل نہ ہو اسی تحقیق پر اکتفا کرنا ہوگا اور
جب انسانی فطرت کو دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ جبتک روح کو جسم سے تعلق ہے انسانی
فطرت کا یہ ایک عجیب تقاضا ہے کہ جو خیالات ذہن مین گذرتے ہین خواہ وہ بیرونی دلائل اور تجربون
کی بنا پر ہون یا مذہبی طور پر دفعتہً پیدا ہون انسان کے دماغ مین انکا ظہور بعینہٖ اسی صورت پر
ہوتا ہے جس طرح ان کو بیان کرنے کے وقت زبان پر یعنی وہ معانی الفاظ کا لباس پہنے ہوئے
ظاہر ہوتے ہین اور انسان اپنے دل سے اسی طرح باتین کیا کرتا ہے گویا کسی غیر سے ہم کلام ہے
اور اگر کوئی شخص ایسی سوسائٹی مین پرورش پائے جسمین مختلف زبانون کے لوگ موجود ہون اور
اور اس وجہ سے اُسکو اپنے رفقا کی تمام زبانون مین گفتگو کرنے کی قدرت حاصل ہو تو اُس وقت یہ معلوم
کرنیکے لیے کہ اس شخص کی مادری زبان کونسی ہے یہی ایک ذریعہ ہے کہ اپنے دل سے باتین کرنیکے وقت
جس زبان کو وہ استعمال کرتا ہو یا تنہائی مین خدا سے مناجات کرنے کے وقت جو الفاظ اس کی زبان

پر آتے ہون اُنہی کو اُسکی مادری زبان قرار دیا جائے۔ مسٹر آر وہائیٹ لکھتے ہین کہ

"یہ نہ خیال کرو کہ مین الفاظ کو محض خیالات کی گاڑی یا صرف آواز سمجھتا ہون اور اس سے زیادہ کچھ نہین بلکہ مین یہ خیال کرتا ہون کہ دماغی نظم و نسق مین الفاظ اس سے بھی زیادہ مہتم بالشان خدمت ادا کرتے ہین۔ جب ایک طالب علم کو جسکا نام نہ لیا جائیگا (اس سے غالباً انکی اپنی ذات مراد ہے) کالج کے پرنسپل نے پوچھا کہ بہ خود دانستہ کس بولی مین خیال کیا کرتے ہو تو اُسکے کو یہ سوال ایک معما معلوم ہوا اور وہ حیران رہ گیا۔ کیونکہ اس وقت تک وہ بولی کو محض اس چھوٹے سے عضو یعنی زبان سے تعلق سمجھتا تھا اور مین یقین کرتا ہون کہ یہ اس کو اسی وقت معلوم ہوا کہ بولی اور خیال مین بھی تعلق ہوا کرتا ہے۔ بیشک ہم سب چھوٹے بچے سے لیکر بوڑھے آدمی تک کسی نہ کسی بولی مین خیال کیا کرتے ہین اور فی الحقیقت خیال کرنا کم و بیش بے خبری مین اپنے آپسے گفتگو کرنا ہے۔ اس سوال کا فیصلہ کرنے کے بغیر کہ شیر خوار بچے اور کم درجہ کے حیوانات خیال کرتے ہین یا نہین اور یہ کہ ہماری دلی گفتگو خیالات کی پیرو ہے یا اُن کے ساتھ ساتھ چلنے والی موجودہ مدعا کے لیئے ہم سمجھتے ہین کہ بولی خیال کیلئے قریبًا دائمی ہمرکاب اور اسکی زندگی اور روح ہے اور وہی ایک ذریعہ ہے جس سے خیال نکل پڑتا ہے اور پختہ اور مشخص ہوتا ہے۔ الفاظ زبان سے بولے جائین یا نہ بولے جائین وہ خیال کی تحدید کرتے ہین اور الفاظ کے بغیر اسر الٹر بے سنڈ کہتے ہین کہ، غیر معین آرزوئین دھندلے تصورات اور ابتدائی امیدین دماغ کے سامنے آتی ہین اور اس طرح گم ہو جاتی ہین جیسے صبح کے وقت شبنم اور پیچھے کوئی نشان باقی نہین رہتا۔"

پس خدا اور محبت وغیرہ اگرچہ سادہ اور مفرد خیالات ہین لیکن انسان اپنی فطرت کے رو سے مجبور ہے اور یہ خیالات اُس کے ذہن مین الفاظ کے بغیر آ ہی نہین سکتے اور غالباً یہ بھی ایک سبب ہے جس سے خدا کا خیال مختلف اوقات مین مختلف الفاظ مین ظاہر کیا گیا ہوگا کیونکہ الفاظ اور زبان بھی انسانی ترقی کے ساتھ ساتھ ترقی کرتی ہے پس جس وقت یا جس قوم مین ہر قسم کا مدعا ظاہر کرنے کیلئے الفاظ نہ ہون گے اس وقت کے لوگ بھی چونکہ الفاظ کے بغیر اس ہستی کا خیال

ف دیباچہ نیو ورلڈ ڈکشنری صفحہ ۲ ۱۹۰۵ء

نہ کرسکتے تھے اس لئے کبھی کسی بڑے عجیب درخت پتھر یا جانور کے نام سے اور کبھی کسی قابل تعظیم انسان کے نام سے اور کبھی سب سے زیادہ قابل عظمت رشتہ یعنی باپ کے لفظ سے یہ تصور ذہن مین قایم ہوا ہوگا اور بعد مین غلط فہمی سے اس نام کا درخت یا انسان معبود گردانا گیا یا خدا کے ساتھہ باپ کہہ کر پکارنیوالیکو بھی بیٹا بناکر خدائی منصب مین شریک سمجھا گیا ہوگا۔ غرض انسانی فطرت کو دیکھتے ہوئے کسی طرح ممکن نہین کہ قلب پر وحی کا نزول ہو اور اس کے ساتھہ الفاظ نہ ہون مگر بعد مین وحی کی اشاعت کرنیوالون کیطرف سے یہ کوتاہی اکثر ہوئی ہے کہ الفاظ وحی کو محفوظ نہین رکھا گیا بعض اوقات اون کو بالکل بھلادیا گیا ہے اور کبھی اپنی غلط یا دداشت سے اسمین کمی بیشی کردیگئی ہے یا کبھی ترجمہ در ترجمہ ہوتے ہوتے اصلی الفاظ گم ہوجانے پر مضمون کچھ کا کچھ ہوگیا ہے اور یہ سعادت بہت کم خوش نصیبون کو حاصل ہے کہ الفاظ وحی کو من وعن بے کم وکاست یقینی طور پر محفوظ رکھین۔

باب چہارم

ملائکہ - معراج - معجزہ

ملایکہ - روحانی مناظر - روحانی مناظر کا قاعدہ - قوائے قدرت کے محل کا قاعدہ - واقعات عالم کا عام قاعدہ - نتیجہ - ارواح مجردہ کی نسبت مسٹر مائرس کی رائے سیونگئے کا استدلال - جنات اور شیطانی وحی - معراج کے متعلق تمہید - دل رابدل ہیت قلبی کا ربط سے کسی واقعہ کا علم ہونے پر روح اپنے تئین وہان موجود سمجھتی ہے - رسم کیلئے فاصلہ کوئی چیز نہین - معراج کی ایک توجیہ - معراج کے متعلق ابھی کچھ اور بھی پتہ چلتا ہے - روح کا اثر جسم پر - روحانی اثر سے جسم مین تغیر پیدا کرنا - روحانی اثر سے مردہ جیسا بھیس کیا جا سکتا ہے - روحانی اثر سے جسم مین ارادی حرکت پیدا کرنا - روحانی اثر سے جسم کا بلا ارادہ حرکت کرنا - اس طاقت کا انکار اور اسکی وجہ - میز کی حرکتین - انسان کی حرکت اور آگ کا تجربہ - سر ولیم کروکس کے تجربے - ڈاکٹر سپیڈر کے تجربے مسٹر موسز کے متعلق - روحانی عمل کیلئے تاریکی مناسب ہے - روحانی اثر سے جسم کی حرکت ناقابل انکار ہے - روحانی اثر سے حرکت پیدا ہونیکی وجہ معلوم نہین ہو سکتی - ارادہ سے حرکت پیدا ہونیکی علت بھی نامعلوم ہے - جسم کا جسم کو حرکت دینا بھی ایک راز ہے - روحانی اثر اس زمانہ مین کمتر نظر آتے ہین - معجزہ - یقین کیلئے کسی واقعہ کا ثبوت ضرور ہے نہ کہ سبب کا دریافت ہونا - روحانی طاقتین مہاتما بدھ کی زبان سے - معراج جسمانی روحانی عمل کیلئے قاعدون کی تعلیم ضروری نہین -

ملایکہ

اکثر الہامی مذاہب وحی کیلئے اور دنیا کے دیگر کاروبار کے لیئے علاوہ اُن طاقتون کے جن کو عقل اور حواس دریافت کر سکتے ہین اور مخفی طاقتین بھی مانتے ہین جو خدا مین اور محسوسات مین بطور واسطہ کے کام کرتی ہین اور فرشتہ یا ملایک یا دیوتا کے نام سے نامزد ہین وہ کہتے ہین کہ مثلاً بارش کیلئے اور تقسیم رزاق کیلئے خدا کی طرف سے ایک فرشتہ مقرر ہے - موت کیلئے علیحدہ فرشتہ

متعین ہے انبیا کو پیغام الٰہی پہنچانے کیلئے ایک اور فرشتہ مامور ہے اور اسی طرح عذاب و ثواب اور دیگر کاروبار کیلئے جداگانہ فرشتے مانے جاتے ہین لیکن چونکہ یہ طاقتین احساس کی گرفت سے باہر ہین اسلئے اہل عقل کو انکی نسبت شک ہونا لازمی امر ہے چنانچہ اکثر عقلا ان کے وجود سے بالکل منکر ہین اور ایسے اعتقاد کو جاہلانہ ضعیف الاعتقادی سمجھ کر انسان کے دامن عقل پر اسکو ایک بدنما داغ جانتے ہین اور بعض جو مذہب کے پابند ہین اپنی عاقلانہ نفرت کے سبب سے اسکو ماننے کیلئے تیار نہین ہین اس لئے اپنی اپنی استطاعت کے موافق ان اقوال مذہب کی جنمین فرشتون کا ذکر ہے تاویل کرتے ہین اور ان اقوال سے محسوس مطلب نکالنے کی کوشش کرتے ہین۔ غرض فی زمانہ علمی دنیا کا یہ عام میلان ہو رہا ہے کہ فرشتون کے معنی امر ہون تو ہون مگر کوئی علیحدہ نامحسوس مخلوق ہرگز موجود نہین ہے چنانچہ مسٹر پارکر نے جو مسئلہ وحی و نبوت کو حل کرنیکی کوشش کی ہے اسمین ایسی مخلوق کی ضرورت نہ رہنے پر فخر کیا ہے اور فرمایا ہے کہ خدا اور بندہ کے مابین کوئی واسطہ اور فرشتہ معاملہ نہین ہے کیونکہ بندہ بذات خود عرض کر سکتا ہے اور خدا بذات خود سن سکتا ہے جو شخص یہ مقام التجا کرنیکی ضرورت نہین رکھتا اسکو نوع انسان کی وکالت کرنیکے لئے کسی اور وکیل کی ضرورت نہین"۔ اس وقت جو دلیل مسٹر پارکر نے پیش کی ہے وہ میرے خیال مین دعوی پر چسپان نہین کیونکہ وحی جیسا کہ مینے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے انسانکی محض اپنی کوشش کا نتیجہ نہین ہے جس کو التجا اور عرض کرنے سے تشبیہ دیجاوے بلکہ وہ خدا کی طرف سے فاعلانہ توجہ ہے اور انسان اپنی استعداد کے موافق اسکا معمول اور متاثر ہوتا ہے پس اسوقت دیکھنا یہ ہے کہ کوئی بالاتر لطیف اور قوی ہستی کمتر کثیف اور ضعیف ہستی پر فاعلانہ اثر کیون کر کرتی ہے۔ اس طرح پر غور کرنے سے جو قانون قدرت دریافت ہوگا عقلی دائرہ مین محدود ہوکر وہی قانون خدا کے اس فاعلی اثر یعنی وحی کے لئے بھی ماننا پڑیگا۔

روحانی مناظر

وہ روحانی منظر جو قدیم الایام سے لیکر آجتک بھوت، پریت، ہمزاد، روح، خیال واہمہ وغیرہ نامون سے مشہور چلے آتے ہین انکی اصلیت چاہے کچھ ہو مگر ان کا لوگون کو ہر ملک اور ہر زمانہ مین گاہ گاہ نظر آنا اور لوگون کا اپنی اپنی سمجھ کے موافق انکی وجہ قرار دینا اس کثرت سے

مروی ہے کہ ایسے واقعات سے انکار نہین ہو سکتا اور محض اس بنا پر کہ کسی زمانہ مین ایسی مناظر کو قطعاً بے اصل اور خیالی مان لیا گیا ہے اُن واقعات کی نسبت غور کرنیوالے انکی وجہ دریافت کرنے اور ان سے کوئی مفید سبق لینے سے باز نہین رہ سکتے - چنانچہ علاوہ اُن ملکون کے جہان ایسی مناظر کو جنات فرض کرکے حاضرات وغیرہ عملون سے اپنے خیال کے مطابق اُن سے علاج معالجہ کا کام لیا جاتا ہے - مہذب ممالک مین عالمانِ مسمرزم - تھیوسافیکل سوسائیٹی اور سوسائیٹی فار سائیکیکل ریسرچ وغیرہ بہت سے گروہ پیدا ہوتے رہے ہین جنہون نے اِن واقعات پر تھوڑی بہت روشنی ڈالی ہے اور اگرچہ یہ کام تکمیل کو نہین پہنچا اور نیز اگرچہ ابھی تک اِن فرقون مین باہم بہت کچھ اختلاف ہے مگر تلاش و تحقیق سے یہ نتیجہ یقینی پیدا ہوا ہے کہ ایسے واقعات غلط افواہ اور جھوٹ نہین ہین اور دوسرے یہ کہ انسان کے اندر بہت سی مخفی طاقتین ہین جو خاص خاص حالات مین عجیب اثر پیدا کرتی ہین مسٹر لیڈ بیٹر لارڈ ٹلٹن کی کتاب سائیکیک سٹڈی سے نقل کرتے ہین کہ [1]

اس کتاب کو دیکھنے والے تھوڑے ہون یا بہت اِن مین سے نسبتہً بہت زیادہ ایسے ہونگے جنہون نے کم از کم تمام عمر مین ایک دفعہ ضرور کوئی ایسا واقعہ دیکھا ہوگا جس نے انکی عقل کو متحیر کر دیا ہو اور جو ضرور اس قسم کے خیالات تک لیگیا ہو جن کو سوپر سٹیشن یا ضعیف الاعتقادی کہتے ہین - ممکن ہے کہ یہ کوئی خواب ہی ہو جسمین کوئی اطلاع یا پیشین گوئی ہو اور جو نصرف عجائبات ہی مین شمار ہو سکے بلکہ اسکو ثبوت جنات یا روحانیات مین شامل ہونا پڑے - مجھے یقین ہے کہ لوگ خواہ کیسے ہی تعلیمیافتہ ہون کیسے ہی مہذب ملک اور روحانیات سے انکار کرنیوالے زمانہ مین ہون انکی بیشتر تعداد نے ایسے مناظر ضرور دیکھے ہون گے یا بالکل قابل اعتماد شہادت سے سُنے ہونگے جن کو نہ تسخر مین اُڑا سکتے ہون گے اور نہ عقل اور فلاسفی سے ان کو حل کر سکتے ہون گے اور ایسی مناظر کا شمار اس تعداد سے بہت زیادہ ہے جسکی روایتین بیان کیجاتی ہین اور نہی مین اُڑائی جاتی ہین کیونکہ جو لوگ انکو دیکھتے ہین ان مین سے بہت کم ایسے ہونگے جو انکی طرف توجہ کرین اور سننے والے

[1] کتاب آور سائڈ آف دی تھنگ باب ۱۲ صفحہ ۱۶۴ سنہ ۱۹۰۲ء

بھی خواہ وہ کیسے ہی قابل یقین ذریعے سے سنین اس پر یقین کرنے سے بدیہ گریز کرتے ہین
کہ وہ عوام الناس مین شکی مزاج قرار پائینگے کیونکہ عام خیال ایسے مناظر کے برخلاف علم کی حد تک پہنچا
ہوا ہے لیکن جو شخص مجھ سے اس اصرار کو اپنے کمرہ مین تنہا بیٹھ کر پڑھیگا وہ غور کریگا اور اپنے حافظہ کو ٹٹولیگا
تو غالباً اُس کے کسی نہ کسی گوشہ مین ایک خواب سی یا دداشت ضرور پائیگا جو اُسکے نزدیک یا وہ اور بیہودہ
نہ ہوگی اور جو میرے بیان کو درست ثابت کریگی "

(آگے مسٹر لیڈ بیٹر کہتے ہین کہ) ہمارے زمانے مین تھیوسافیکل سوسائٹی اور سوسائٹی فار سائیکیکل
ریسرچ کی بدولت ان مضامین کو کالرڈ لاٹن کے وقت کی نسبت زیادہ قرین عقل سمجھا جاتا ہے
اور ہم انکی نسبت زیادہ عمدگی اور توجیہ کے ساتھ بیان کرنیکے قابل ہین مگر جو کچھ کالرڈلاٹن نے لکھا ہے
وہ ان کے زمانے مین جس قدر صحیح تھا اسی قدر اب بھی ہے "

مسز کرو ایسے واقعات کی بڑی تعداد جمع کرنیکے بعد اپنی کتاب کے آخر مین نتیجہ نکالتی ہوئی لکھتی ہین †
میرا یہ بھی خیال ہے کہ اگر لوگون کو یہ معلوم ہوجائے کہ وہ روح ہین اور اُن کو یہ خیال کرنے کی عادت ہوجائے کہ جسم
سے علیحدہ بھی انکا کوئی تشخص ہے تو نہ صرف آئندہ زندگی کو سمجھنے کی بہتر قابلیت پیدا کرلینگے بلکہ انکو
یہ سمجھ لینا بھی کچھ مشکل نہ معلوم ہوگا کہ جس طرح وہ ایک طرف اوی دُنیا سے تعلق رکھتی ہین بالکل اسی طرح
کا تعلق انکو دوسری طرف روحانی عالم سے ہے اور اس لیئے وہ عجیب قابلیتین جو بعض ارواح کیطرف سے
بعض موقعون پر اور خاص حالات مین وہ ظاہر ہوتی دیکھتے ہین بالکل قرین قیاس ہے کہ وہ بھی سی شعاعین
ان خواص کی ہون جو روح مین ودیعت ہین اور جو عادتی طور پر جسمانی تعلق کے سبب پوشیدہ ہوگئے ہین "

روحانی مناظر کا قاعدہ

غرض روحانی طاقتون کا تجربہ اس کثرت سے ہوا ہے کہ ان کے وجود سے انکار کرنا بقول مسٹر ہڈسن ‡ انکار

---

† کتاب نائٹ سائڈ آف نیچر باب ۱۸ صفحہ ۲۹۹ سنہ ۱۸۶۰ء

‡ مسٹر ہڈسن لکھتے ہین مین اپنے یا دوسرے تجربون سے ایسے واقعات کا پیش آنا ثابت کرنیکی کوشش مین اپنا وقت
ضائع نہ کرونگا اس کام کا وقت گذر چکا۔ مہذب دُنیا کو یہ واقعات ایسے معلوم ہین کہ ثبوت کی ضرورت نہین۔
آج جو شخص روحانی مناظر کا انکار کرے وہ منکر نہین محض جاہل ہے اور ایسے شخص کے خیال کو روشن کرنے کی
کوشش بارور ہونے کی کوئی امید نہین۔ (کالز آف سائیلک فینامنا باب ۱۲ صفحہ ۴۶ سنہ ۱۸۹۳ء)

نہین جہالت ہی اور اتفاقی واقعات کو دیکھتے دیکھتے کچھ قاعدے اور شرطین بھی دریافت ہو گئے ہین جن سے مسمریزم کرنیوالے اکثر اوقات اپنے ارادہ سے ان تماشون کو دیکھ لیتے ہین بلکہ ان سے سلب امراض وغیرہ کا تھوڑا بہت کام بھی لینے کے قابل ہو گئے ہین اور منجملہ اُن قاعدون کے جو روحانی طاقتون کو ظاہر کرنیکے لئے دریافت ہوئے ہین ایک سب سے بڑا اور ضروری قاعدہ یہ ہے کہ ایسا عمل کرنیوالے اپنے حاضرات والون کیطرح کسی کسی شخص کو اپنا معمول ٹھیرا کر اسکو اپنے روحانی اثر سے بیہوش کرتے ہین اور پھر اُسکی وساطت سے دور دور کی خبرین اور مخفی راز دریافت کرتے ہین دور دراز کی چیزین منگواتے ہین اور کئی طرح کے شعبدے دکھاتے ہین† - یا دوسرے پر عمل نہین کرتے اور براہ راست اپنی طاقت کا کرشمہ دکھاتے ہین تب بھی اُسوقت وہ پورے طور پر بیہوش و حواس مین نہین ہوتے بلکہ ضرور ہے کہ ایک طرح کی بیخودی جس کو ہپناٹزم کہتے ہین ان پر طاری ہو* وجہ یہ کہ جسم اور جسمانی تعلقات کثیف ہین اور راز چونکہ مخفی ہین اس لئے اس کثافت کے ساتھ وہ دریافت نہین ہو سکتے اس لیئے یا تو خود عامل کو بیخود ہو کر جسمانی کثافت سے قطع تعلق کرنا اور کسیقدر لطیف ہونا ضرور ہوتا ہے اور یا براہ راست اثر ڈالنے کی بجائے ایک واسطہ سے کام لینا پڑتا ہے اور وہ واسطہ بھی عموماً بچون یا عورتون کو ٹھیراتے ہین اس لیئے کہ انکی روحین جوان مردون کی نسبت کسی قدر لطیف ہونے کے سبب اور پھر بے ہوش ہو کر اور بھی رازون کی پوشیدگی سے قریب تر ہوتی ہین اور اس طرح عامل کی روح مین جو ہوش و حواس ہین اُنکے سبب کثافت رکھتی ہے اور دوسری چیزون مین جو مخفی ہونے کے سبب کثیف روح کے تصرف مین نہین آسکتین ایک واسطہ جو عامل کی نسبت لطیف تر ہے حائل کرنا پڑتا ہے غرض یہ کہ کثیف سے لطیف کیطرف جانا ہو تو لطافت کا ایک درجہ درمیان مین لانا ضرور ہے اور کثیف دفعۃً لطیف تک نہین پہنچ سکتا۔

---

† تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو کتاب لاآف سائیکک فینامنا مصنفہ مسٹر ہڈسن اور کتاب آدر سائڈ آف ڈتھ مصنفہ رابرٹ ڈیل اوین جنمین اکثر تجربے مصنفین کے چشمدید ہین۔

* تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو کتاب لاآف سائیکک فینامنا اور بالخصوص باب سیزدہم اور کتاب ہپناٹزم مصنفہ مسٹر الیف ڈیلیوز پیج مائرس۔

قوائے قدرت کے عمل کا قاعدہ

یہ تو وہ قاعدہ ہے جو انسانی روح کے اثر کے واسطے مقرر ہے اب قدرت کے دوسرے کاموں کو دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ حرارت، روشنی، کشش ثقل وغیرہ لطیف طاقتیں جو آفتاب سے یا دیگر سیاروں سے ایک دوسرے تک پہنچتی ہیں ان کا اثر بھی بغیر لطیف واسطہ کے ما نہیں جاتا* اور ایتھر جو فضا میں پھیلا ہوا ہے اُنکی حرکت کا ذریعہ تسلیم کیا جاتا ہے نیوٹن کہتا ہے کہ ان طاقتوں کا بیواسطہ جانا سمجھ میں نہیں آتا اس پر ڈاکٹر سپنسر اعتراض کرتے ہیں کہ ایتھر خود متخلخل ہے۔ پس اسکے ایک جزو سے دوسرے جزو تک جو فاصلہ ہے اُسمیں روشنی وغیرہ کی حرکت کیونکر ہوگی؟ ان کے اعتراض کا رُخ مسئلہ پر خلاف روشنی ڈالنے کی بجائے اس طرف ہے کہ ایتھر کے اجزاء کے مابین کوئی اور اس سے بھی لطیف واسطہ ہونا چاہیئے جس سے آفتاب کا اثر پہنچ سکے۔

واقعات عالم کا عام قاعدہ

اس کے بعد عام پیدائش کے قاعدوں کو دیکھا جائے تو یہ بڑے بڑے کرّے جو فضا میں دوڑتے پھرتے ہیں اور کروں کے اندر یہ بڑے بڑے پہاڑ اور دریا اور درخت اور حیوانات غرض جسقدر جسمانی اشیا نظر آتی ہیں قدرت نے اُن کو پیدا کرنا چاہا ہے تو پہلے نہایت لطیف اور نامحسوس ذروں سے کام شروع کیا ہے† اور پھر اُن کو باہم مرکب کرنے سے اور گیس اور سیال اور کئی کئی طرح کے مرتب طے کرنے سے لطافت بتدریج کم ہوتی گئی ہے اور کثافت بڑھتے بڑھتے یہ چاند سورج اور زمین جیسے اجسام پیدا ہوگئے ہیں۔ ان کے بعد فرداً فرداً ہر ایک نوع کو دیکھا جائے تو بڑے بڑے درختوں کا کام چھوٹے چھوٹے تخموں سے اور دیو ہیکل حیوانات کا کام ایک قطرہ منی سے شروع ہوتا ہے اور اس کے علاوہ یہ موسلا دھار بارشیں، ہلاک کرنیوالے اولے اور تباہ کرنیوالی برفیں سب لطیف بخارسے پیدا

---

* کتاب فرسٹ پرنسپلز مصنفہ ہربرٹ سپنسر باب ۳ صفحہ ۱۸۸ء

† یہ ذرے اس قدر چھوٹے ہیں کہ مادہ کا کوئی چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جو محسوس ہو سکے ہمیں ابتدائی ذرّے پانچ کروڑ سے زیادہ تخمینہ کئے گئے ہیں (کتاب سر ایلفرڈ نیچر باب دوم صفحہ ۲۹ سنہ ۱۸۹۳ء) اور چونکہ بعض مذاہب میں مادہ کو خدا کی پیدائش نہیں مانا جاتا اور اس کتاب میں اس وقت تک اس مسئلہ کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے اس لیئے صرف یہاں ایسا لفظ استعمال کیا گیا ہے جس سے کسی کو اختلاف نہو کیونکہ وہ ذرات مخلوق ہو یا قدیم اسمیں کلام نہیں کہ دیگر مرکبات کے بنانے میں کام انہی سے شروع ہوا ہے۔

ہوتی ہین اور ایک لطیف واسطہ یعنی حرارت آفتاب اُن مین عمل کر رہا ہے۔ غرض کثیف اور لطیف کا باہمی تعلق دیکھا جائے تو ہر جگہ یہی نظر آتا ہے کہ لطیف اور کثیف مین لطافت اور کثافت کے بین بین کوئی اور واسطہ ضرور رہتا ہے اور کثیف کی پیدائش کو دیکھا جائے تب بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُس کثیف کی نسبت لطیف زور ہی سے شروع ہو کر بتدریج مطلوبہ کثافت بہم پہنچائی جاتی ہے۔

نتیجہ

اب اگر خدا کوئی ہستی ہے اور اگر وہ ایک طرف عالم کو پیدا کر رہا ہے اور دوسری طرف بعض انسانون کو اپنی معرفت کے تجربے کرا رہا ہے تو اُس کو موجود مان کر یہ بھی ماننا پڑتا ہے کہ ایک ذرہ جیسے کرہ کی نسبت جس قدر لطافت ایک ذرہ مین ہے اس ذرہ کی نسبت ذات خداوندی کی لطافت بدرجہا زیادہ ہوگی اور اسی طرح ایک گنہگار انسان کی نسبت جس قدر لطافت ایک پاک و مقدس انسان کی روح مین ہے اس روح کی نسبت ذات خداوندی کی لطافت اس ذات کیطرح بے انتہا ہوگی اور اگرچہ بعض مذاہب مین روح انسان ذات خداوندی کا مظہر اتم ہے بلکہ روح کو عین خدا مانا جاتا ہے لیکن فرق مراتب سے کسیکو انکار نہ ہوگا اور انسان اپنے انسانی تقیدین رکھکر کتنا ہی پاکباز اور بے تعلق ہو جائے تقمص اور فنا وغیرہ جسمانی ضروریات سے ہرگز بے نیاز نہین ہوتا۔ یہ مانا کہ جسمانی خواہشون کو پاکباز انسان محبت اور شوق سے پورا نہین کرتا بلکہ محض فرض انسانی سمجھکر بجا لاتا ہے مگر ان کو چھوڑ کر جامہ انسانی کو برقرار نہین رکھ سکتا اس لیئے اس حالت مین اسکی روح وہ لطافت ہرگز نہین رکھتی جو ذات خداوندی کا خاصہ ہے البتہ تمام عمر مین ایک یا چند مرتبہ کسی بڑے سے بڑے پاکباز پر ایسی حالت طاری ہو سکتی ہے کہ اسوقت کیلئے وہ جسم اور جسمانی خواہشون سے بالکل پاک ہو پس ایک طرف ذرہ لطیف اور خدا اور دوسری طرف روح لطیف اور خدا کی لطافت کا تفاوت خیال کرنے کے بعد اور نیز دنیا مین لطیف اور کثیف کے اثر اور پیدایش کی کیفیت دیکھنے کے بعد کیا یہ نتیجہ صحیح ہوگا کہ یہ لطیف سے کثیف کیطرف آنیکی ترتیب اور قاعدہ اسی جگہ سے شروع ہوا ہے جہان سے ہمکو نظر آیا ہے اور اس سے پہلے تمام کام بے ترتیب اور بے قاعدہ ہوتا رہا ہے اور لطیف خدا سے کثیف اور دفعتہً متاثر ہو گیا ہے اور ایسا خیال فلسفیانہ اور قابل فخر ہوگا یا یہ

خیال کہ خدا نے پیدائش کا جو کام شروع کیا ہے وہ اس کثیف ذرہ سے نہین شروع ہوا بلکہ اس سے بدرجہا زیادہ لطیف ہستی سے شروع ہوا ہوگا نہ اسلئے کہ ذرہ سے شروع کرنے پر وہ قادر نہین بلکہ اس لیئے کہ جس طرح زمین جیسا بڑا کرہ براہ راست ذرہ سے پیدا ہونے کی قابلیت نہین رکھتا اسی طرح اپنی کثافت کے سبب براہ راست خدا کا معمول بننے کے لائق نہین ہے اور اسی طرح دوسری جانب وحی کے متعلق جو نتیجہ قایم کیا گیا ہے کہ لامحدود لطیف ہستی محدود اور جسمانی کثیف تعلقات مین غیر رہنے والے انسان پر بے واسطہ نور افاضہ کرتا ہے کیا اس خیال کے لوگ اپنے تئین فیلسوف کہہ سکتے ہین یا وہ لوگ جو انسان کے پرے لطیف ارواح نوریہ مانتے ہین اور اس طرح سے لطیف در لطیف کیف نور کے تدریج کثیف تک پہنچنے کے قایل ہین نہ اسلئے کہ خدا کی قدرت مین نقص ہے بلکہ اس لئے کہ روح انسان جسم مین مقید ہونیکے سبب براہ راست نور اخذ کرنے کے قابل نہین اور اسی لئے وہ لوگ جبریل کو بھی براہ راست خدا سے نور حاصل کرنیوالا نہین مانتے بلکہ اس سے اوپر لطافت کے اور درجات ان کرا ور جبریل کو کشف کی ایک حد تک محدود سمجھکر اسکی زبان سے نکلواتے ہین کہ ۔

اگر یک سر موئے برتر پرم فروغ تجلی بسوزد پرم

البتہ روح انسانی خاص اسحالت مین جبکہ وہ ایک لمحہ کیلیئے جسم اور جسمانی خیالات سے برتری حاصل کرے اور بالکل بے لوث ہو جائے اس وقت اسکی قابلیت کے موافق خدا کی طرف سے فیضان نور مین تامل نہین ہوتا اور چونکہ اس وقت وہ باوجود مجسم ہونیکے جسمانی خیال سے بالکل قطع تعلق کرتی ہے اسلئے اسکی اسوقت کی صفائی ملائکہ نوریہ کی صفائی سے اپنی اس خلاف معمول کوشش کے سبب زیادہ ہوتی ہے اور اس اعلیٰ صفائی کے سبب ان سے زیادہ نور ربانی حاصل کرنے کے قابل ہوتی ہے اور براہ راست وحی کی سعادت حاصل کرتی ہے ۔

پس ان تجربہ کرنیوالے انسانون کا یہ اظہار بالکل مطابق فطرت معلوم ہوتا ہے کہ انبیا علیہم السلام کے باہمی اختلاف مراتب اور نیز ایک ہی نبی کے مختلف روحانی انقلابون کے سبب وحی کی مختلف تمکین ہوتی ہین کبھی فرشتہ متشکل نظر آتا ہے کبھی کسی قسم کی آواز مین وحی کا القا ہوتا ہے اور کبھی نور کیف

بیواسطہ جلوہ گر ہوتا ہے مگر اسوقت بھی اگر نبی مین کسیقدر جسمانیت کا احساس موجود ہے تو آگ یا بجلی وغیرہ کی شکل مین جلوہ نظر آتا ہے اور چونکہ اس وقت فرشتہ کا واسطہ درمیان مین نہین ہوتا اُس طرف سے اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ (مین خدا ہون) کا دعوےٰ ہوتا ہے اور چونکہ نبی کا جسمانی تعلق بہمہ وجوہ محو نہین ہوا نور بے کیف کی بجائے اُس سے کثیف تر کیفیت یعنی آگ کا تصور ہوتا ہے مگر جس حالت مین احساس جسم بالکل فنا ہو جاتا ہے اُس وقت براہ راست وہ نور نظر آتا ہے جس کو آنکھ نہین دیکھتی کان نہین سنتے مگر قلب صافی اُسکا لطف اُٹھاتا ہے اور بیان نہین کر سکتا اور اس حالت کو اصطلاح مین معراج کہتے ہین۔

ارواح مجردہ کی نسبت مسٹر ہارس کی رائے

پس اگرچہ ملائکہ جسم سے پاک اور نور محض مانے جاتے ہین اور انسان کا سائنٹیفک تجربہ اسوقت تک کسی روح مجرد کا اثر دیکھ نہین سکا۔ مگر اس عقیدے سے انکار نہین ہو سکتا اس لیئے کہ نظام عالم مین کثافت و لطافت کی ترتیب اور قاعدہ اس مسئلہ پر کافی روشنی ڈالتا ہے اور نیز جن لوگون نے مظاہر روحانی کا مطالعہ کیا ہے اور عالمانہ تعصب کو چھوڑ کر اسبارہ مین تامل کرنے کے عادی ہین وہ ارواح مجردہ کے اثر کو ثابت شدہ نہین تو ممکن ماننے پر ضرور مجبور ہوئے ہین چنانچہ مسٹر فریڈرک ڈبلیو ایچ مائرس جو مشہور سوسائٹی فار سائیکیکل ریسرچ کے ممبر ہین اپنی کتاب ہیومن پرسنلٹی (دیباچہ صفحہ ۱) مین ایسے دنیوی واقعات کو حل کرتے ہوئے جو انسان کو بغیر حواس کے معلوم ہو جاتے ہین لکھتے ہین۔

"ٹیلی پیتھی اور ٹیلس تھیسیا یعنی خیالات بعیدہ اور مناظر بعیدہ کا وہ احساس جو معلومہ آلات حواس کے بغیر ہوتا ہے ایسی انسانی قابلیتون کو یا تو یون حل کیا جا سکتا ہے کہ ہماری اپنی ذہنی طاقتین بحساب وسعت رکھتی ہین باہم پر ہمسے زیادہ آزاد اور کم پابند ارواح کا اثر ہوتا ہے۔ یہ دوسرا اصول جو ارواح مجردہ کی وساطت سے تمام غیر معمولی مظاہر کی تشریح کرتا ہے ہماری نظر اس مسئلہ کو حل کر دیتا ہے اور اس اصول کو مسٹر اے آر ولیس اور دوسرے لوگون نے یہان تک وسعت دی ہے کہ اپنے روحانی طاقتون کے اصول کی جسکو وہ بے ثبوت اور گرانبار کہتے ہین کوئی ضرورت نہین چھوڑی مگر مین یقین رکھتا ہون کہ

آگے چلکر یہ بات صاف ظاہر ہو جائیگی کہ وہ روحانی طاقتین جن کو مین ثابت کرنا ہون اگر انسان کے اندر اُن کے موجود ہونے سے انکار کیا جائے تو اس صورت مین بیشک ایسی اصول کو جیسا کہ یہ ہے یعنی بیرونی ارواح کا دائمی دخل اور دائمی رہنمائی ضرور ماننا پڑیگا لیکن جو خیال مینے قایم کیا ہے یعنی انسان کے اندر ایک عظیم الشان روح کا موجود ہونا اسکو جب ان مظاہر پر منطبق کیا جائے جو بادی النظر مین مسٹر والیس کے اصول (ارواح مجردہ) کا خیال دلواتے ہین اور جن مظاہر کو مین بیرونی ارواح کو دخل دینے کے بغیر انسان کی اندرونی روح کی طاقت سے حل کرتا ہون تو ثابت ہوگا کہ میرا اصول حد سے متجاوز اور غیر ضروری نہین ہے بلکہ حد بندی کرنیوالا اور معقول اصول ہے مگر حقیقت مین مین یہ نہین کہتا کہ جو خیال مین قایم کرتا ہون وہ تمام واقعات پر منطبق ہو سکتا ہے اور ارواح مجردہ کے اصول کو بالکل خارج کر دیتا ہے بلکہ اس کے خلاف یہ دونو اصول ایک دوسرے کو قوت دیتے ہین کیونکہ مقامات بعیدہ سے رابطہ پیدا کرنیکی طاقتین بڑی حد تک موجود ہین خواہ ہم اُن کو اپنی ہی روح سے منسوب کرین اور ہم ایسے وقت مین روحانی طور پر ایک دوسرے پر جو باہم فاصلہ پر ہون اثر کر سکتے ہین۔ پس اگر ہمارے جسم مین آئی ہوئی روحین ایک وقت مین اس گوشت پوست کی وساطت سے آزاد ہو کر کام کر سکتی ہین تو یہ عقیدہ اور بھی مضبوط ہوگا کہ اور روحین بغیر جسم کے موجود ہین اور اسی طرح بغیر جسم کے ہم پر اثر کر سکتی ہین"۔ آگے چل کر دیباچہ کے خاتمہ پر لکھتے ہین صفحہ ۲۴) "ہم جانتے ہین کہ زندہ انسان کی روح اپنے اعضا پر حکومت کرتی ہے اور آگے چل کر ایسی دلائل بھی ملینگی جن سے نتیجہ نکلے کہ جسم سے آزاد روحین بھی ایک قسم کے قبضہ کے ساتھ زندہ انسانون کے اعضا پر حکومت کر سکتی ہین یعنی وہ براہ راست مادہ کے ایک حصہ پر جس کو ہم زندہ کہتے ہین یعنی دماغ پر انسان کی حالت بیخودی مین اثر کر سکتی ہین پس میرے نزدیک یہ خیال خلاف قیاس نہین ہے کہ اسی طرح روحانی کارکن بوساطت ایک قسم کی طاقت کے جو زندہ انسان سے اخذ کرتے ہون غیر زندہ مادہ پر بھی کسی قسم کا اثر پیدا کرین۔ اور مین یقین کرتا ہون کہ سر ولیم کروکس اور مرحوم ڈاکٹر سپیٹر اور اور لوگون نے ایسے اثرون کو بطور ایک واقعہ کے قابل اعتماد طور پر دیکھا اور بیان کیا ہے بالخصوص ڈی ڈی ہوم اور ڈبلیو سٹینٹن

موہنر کے حالات مین - اور اگر مین انکو اور دیگر ہمچو قسم واقعات کو غیر منتج کہون تو محض اسلیئے ہوگا کہ یہ واقعات اور بہت سی قابل اعتماد حکایات مین یعنی اس قسم کی تحقیقات کی ایک لمبی سٹری مین جسمین اکثر دہرکا اور فریب ثابت ہوا ہے دب گئے ہین اور مین خیال کرتا ہون کہ اندرین زمانہ اس قسم کی شہادت جو حقیقی قوت رکہتی ہو مصنفہ مجموعون کی نسبت متفرق تحریرون مین عمدہ طور سے موجود ہے"

مسٹر مائرس اپنے معلومات کی بنا پر ارواح مجردہ کا امکان تسلیم کرتے ہین مگر فرنچ فلاسفر مسیو لوئی فگیئے ایک لطیف استدلال سے ایسی ارواح کا وجود ثابت کرتے ہین چنانچہ لکہتے ہین کہ۔

ہماری ارد گرد کی زندہ مخلوق مین نباتات سے لیکر انسان تک دائما اوپر کو جانیوالا سلسلہ ہے جو تدریج کمال حاصل کرتا جاتا ہے - کائی اور دیگر بحری رہ عیدگیہون کو جو نظام نباتی کی ابتدائی حالت ہے نقطۂ روانگی ٹہیرا کر ہم نباتی دنیا کے تمام کمال حاصل کرنیوالے سلسلہ مین سے گذر جاتے ہین اور ابتدائی حیوانات یعنی گھونگے اور دیگر نباتات نما حیوانات تک پہنچ جاتے ہین اور وہان سے اعلےٰ ترحیوانات کے بے انتہا درجون کو طے کرتے ہوئے انسانی قالب مین آتے ہین - اس سٹیڑھی کا ہر ایک پایہ غالبًا غیر محسوس ہے اور ان تغیرات اور درجات کی ترتیب ایسی عمدہ ہے کہ اس نے روحانی ہستیون کے ایک غیر محدود سلسلہ کو گھیرا ہوا ہے جس کا ایک کنارہ کائی ہے اور دوسرا کنارہ ہماری نوع انسانی - اور باوجود اس کے ہم ممکن سمجہتے ہین کہ آیندہ ہم مین اور خدا بین درمیانی ہستی کا کوئی واسطہ حائل ہوا اور اس تدریجی ترقی کے سلسلہ مین انسان اور خدا کے مابین ایک بڑا غار خالی پڑا رہگیا ہو ! ہم ممکن سمجہتے ہین کہ تمام نیچر مین چھوٹی سی چھوٹی نبات سے لیکر نوع انسانی تک یہ کمی اور بیشمار درجات کی ترتیب ہو مگر انسان اور خدا کے درمیان صرف ایک ناپیدا کنار جنگل ہو ! بے شبہ یہ ناممکن ہے اور اگر کبھی مذہب نے یا فلسفہ نے ایسی غلطی کی حمایت کی ہو تو اسکی وجہ صرف مظاہر قدرت کی ناواقفی ہے اسمین شک کرنا ناممکن ہے کہ جس طرح نبات اور حیوان کے مابین اور حیوان اور انسان کے مابین دیکہا جاتا ہے اسی طرح انسان اور خدا کے مابین ضرور درمیانی مخلوقات کی بڑی تعداد ہے جسکی وساطت سے انسان اس خدا تک پہنچتا ہے جو اس پر اپنی غیر محدود طاقت اور جلال سے حکومت کر رہا ہے"

+ کتاب دی ڈے انڈ دی نیشنز صفحہ ۹۵۰

غرض یہ تو ہکو یقین ہے کہ ایسی درمیانی مخلوقات (یعنی جو انسان سے آگے لطافت کی تدریجی مراتب طے کرتی ہوئی خدا تک پہنچتی ہے) موجود ہے گو یہ ضرور ہے کہ وہ ہکو نظر نہین آتی لیکن اگر ہم ہر ایک ایسی چیز کے وجود سے انکار کرین جس کو ہم دیکھ نہ سکین تو نہایت آسانی سی ہماری تکذیب ہو سکتی ہے۔ فرض کرو کہ کوئی علم مادیات کا عالم کسی لاسے ایک قطرہ پانی کا لے اور ایک جاہل کو دکھا کر کہے کہ یہ قطرہ جسمین تم کچھ نہین دیکھتے ہو چھوٹے چھوٹے حیوانات اور نباتات سی بھرا ہوا ہے جو بعینہ محسوس حیوانات اور نباتات کیطرح زندہ رہتے ہین پیدا ہوتے ہین اور مرتے ہین تو وہ جاہل فوراً سر پھیر دیگا اور کہیگا والیکو دیوانہ سمجھ گیا۔ لیکن اگر اسکی آنکھون پر خوردبین رکھ دیجائے اور وہ قطرے کی تشخیص کرے تو اسکو اقرار کرنا پڑیگا کہ کہنے والا سچ کہتا تھا کیونکہ اب اسی قطرہ مین جس کو وہ صاف سمجھتا تھا اسکی آنکھ سائنس کی مدد پاکر چھوٹے پیمانہ پر تمام دنیا کو موجود پائیگی۔ غرض جہان ہم کچھ نہین دیکھتے وہان زندہ مخلوق کی بڑی تعداد موجود ہوتی ہے اور یہ محض سائنس ہی کے امکان مین ہے کہ اس بارہ مین عوام الناس کی آنکھون کو روشن کرے۔"

ہم چاہتے ہین کہ ہم بھی اسی حکیم کی حیثیت اختیار کرین۔ بیشک انسان اور خدا کے درمیان طبقہ جہلا کو اور اندھے فلسفہ کو کچھ نہین سوجھتا لیکن اگر ہم جسمانی آنکھون کی بجائے روحانی آنکھ سی کام لین یعنی عقل قیاس مساوات اور تعلیم کو استعمال کرین تو پُر اسرار مخلوق روشنی مین آجائیگی۔"

مسیو فلگی کا مذہب ہے کہ ایک ہی قسم کی روحین اپنی ہستی کو نباتات کے ابتدائی درجون سے شروع کرتی ہین اور مختلف جونون مین ہوتی ہوئی نباتات اور حیوانات کے تمام مراتب طے کرکے انسانی قالب مین آتی ہین اور یہان سے گذر کر اس سی زیادہ لطیف شکلون مین ظہور کرتی ہوئی انتہائی نقطہ کمال تک پہنچتی ہین اور اسی لیئے اسمقام پر نباتی اور حیوانی ترتیب کا ذکر انہی الفاظ مین کرتے ہین جو اس خیال کیلئے موزون ہین لیکن خواہ انکا مذہب درست ہو اور ارواح تناسخ کے طور پر بتدریج کمال حاصل کرتی ہون یا اسمقام پر ڈارون کے خیال کو پیش نظر کہا جائے جسکے مطابق انکا ہمخیال کہہ سکتا ہے کہ وہ ہم ہی ہین جو مختلف حیوانات کی شکل اختیار کرتے ہوئے انسانی صورت تک پہنچے ہین اور یا ان تمام موجودات کو مختلف

ارواح اور مختلف نسلین مانا جائے غرض سر دست ان تمام اختلافون سے یکسو ہوکر یہان تک امر واقع ہے کہ نہ صرف نباتات بلکہ خاک ایک ذرہ سے لیکر انسان تک جس قدر معدنیات نباتات اور حیوانات کی قسمین موجود ہین ان سب مین ایک ترتیب پائی جاتی ہے اور اس سلسلہ کا ہر ایک درجہ اپنے پہلے درجہ کی نسبت کسی نہ کسی نقص سے پاک اور کسی نہ کسی کمال سے متصف ہوتا ہے حتی کہ سب کے بعد انسان ہستی کے سٹیج پر آتا ہے اور ان سب سے کامل تر اور اشرف ہونیکا دعوی کرتا ہے لیکن اس کا دعوی خواہ کیسا ہی بجا اور درست ہو مگر ہر طرح سے کامل اس مخلوق کو بھی نہین کہہ سکتے بلکہ ابھی تک بہت سے نقصن بہت سی کثافتین اور بہت سی احتیاجین موجود ہین۔ اب اس دنیا کو ایک ہر طرح سے لطیف اور ہر طرح سے کامل خدا کی مخلوق ماننا یہ عقیدہ بیشک نہایت نا انصافی پر مبنی ہوگا کہ اس قادر مطلق نے جو لطافت وکمال کیطرف جانیوالا سلسلہ شروع کیا تھا وہ محض انسان پر آکر ختم ہوگیا ہے حالانکہ انسان سے اوپر بے انتہا مراتب لطافت خیال مین آسکتے ہین مگر واقع مین ایسی کوئی ہستی پیدا نہین کیگئی جو انسان سے لطیف تر ہو۔ گویا بقول مسیو تھگیئے کے ایک بلندی کیطرف جانیوالی سڑک بنائی گئی ہے جس کو دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ برتری کے انتہائی نقطہ تک پہنچیگی مگر تھوڑی دور چلکر ایک ایسی عمیق اور تاریک خندق آجاتی ہے جو بلندی کا نام ونشان نہین چھوڑتی۔ پس جب ایک سلسلہ کو کمال کیطرف لیجاکر نامکمل حالت مین چھوڑ دینا قدرت کاملہ سے بالکل بعید معلوم ہوتا ہے تو لامحالہ عقل سلیم دوسرا نتیجہ وہی نکال سکتی ہے جس کو حاملان مذہب اپنے روحانی مشاہدون کی بنا پر امر واقع کہتے ہین یعنی یہ کہ انسان سے اوپر مخلوق کے بیشمار درجات ہین جو انسان کے سے نقص اور کثافتین نہین رکھتے اور اپنی اپنی حیثیت کے موافق گوناگون لطافتون اور کمالون سے متصف ہین۔ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ (مدثر پارہ ۲۹ ع ۱) خدا کے لشکر کو اسکے سوا کوئی نہین جانتا۔

اور شیطانی

مگر آہ! دنیا والون کا عام دستور ہے کہ جس قسم کے عقاید وخیالات کو رواج عام اور فیشن کا خلعت مل جاتا ہے اُن کے خلاف کوئی نتیجہ خواہ کیسا ہی قرین قیاس ہو اسکو وحشیانہ بیرحمی کے ساتھ پامال کر دینے پر فخر کیا جاتا ہے چنانچہ ادبیت کی ترقی نے محسوسات سے بالاتر خیالات کو نہایت معیوب

سمجھ لیا ہے اور اس خیال کے رواج نے اہل علم کے دلون پر ایسا حجاب پیدا کر دیا ہے کہ وہ تجربے اوپر کی باتون کو پیش کرتے ہوئے جھجکتے ہین ورنہ گذشتہ سال کی روشنی عقل نے جس لطیف مخلوق کے نشان دریافت کیے ہین اگرچہ وہ اس کے تمام درجات اور مراتب بتا نہین سکتی کیونکہ اس عالم کی تفاصیل کیلئے انسانی دماغ مین کوئی تمثیل موجود نہین مگر دماغی رصد گاہ کی اسی غور وتعین عقل سے اس منظر کی کچھ اور کیفیت بھی نظر آتی ہے۔ یہان انسان مین منجملہ اور کثافتون کے شرارت بھی ہے پس اس سے اوپر جو مخلوق ہوگی وہ اگر محض نیک ہو اور شرارت سے بالکل پاک تو یہ امر ترتیب کے خلاف ہوگا اور ضرور ہے کہ جسطرح پر وہ مخلوق اور لطافتون مین درجہ بدرجہ ترقی کرتی ہوگی اسی طرح شرارت سے پاک ہونے مین بھی تدریجی ترقی ہو اور اس لیئے ضرور ہے کہ انسان سے اوپر کچھ درجات ایسے موجود ہون جن مین کسی نہ کسی حد تک شرارت کا وجود پایا جائے اور پھر وہ درجات شروع ہون جونکی مین ترقی کرتے جائین اور پھر وہ نور معرفت جو ذات باری کی طرف سے القا ہوتا ہے ان درجات تک اپنی حقیقی صفائی اور پاکیزگی مین جلوہ گر ہوتا ہوگا جو شرارت سے بالکل معرا ہین مگر ان سے نیچے کے درجات اپنی شرارت اور بدی کے سبب اپنی اپنی کیفیت کے موافق اس صفائی اور پاکیزگی سے محروم رہتے ہونگے۔ اب اگر انسان نے کسی طرح کی روحانی طاقتین پیدا کرنے کی کوشش کی ہے تو وہ ایسی لطیف مخلوقات سے فیضیاب ہونیکے قابل ہوجاتا ہوگا اور پھر اگر ہوا و ہوس کو چھوڑنے مین کامل طور پر کامیاب نہین ہوا بلکہ نجاست اور گناہ کی آمیزش باقی ہے تو اس کے دل کو محض انہی درجات سے مناسبت ہوگی جو کسیقدر شرارت رکھتے ہین اور وہ انہی کی مکدر روشنی کو حاصل کرتا ہوگا لیکن اگر آئینہ قلب بالکل صاف ہوگیا ہے تو محض نیک ارواح کی وساطت سے نور معرفت حاصل کرنیکے قابل ہوتا ہوگا۔ اور اگرچہ گناہ کی آمیزش کے اور پارسائی کے مراتب بھی کثرت سے باہر گر مختلف ہوسکتے ہین ایک گاہ گاہ گناہ کے چھوڑنے پر قادر ہوتا ہے اور اکثر مبتلا رہتا ہے اور دوسرا اکثر گناہ سے متنفر رہتا ہے اور کبھی مبتلا ہوتا ہے اور اسی طرح پارسائون مین سے بعض خدا کا خیال اکثر قائم رکھتے ہین اور کبھی اپنی جایز خواہشون مین مصروف ہوکر غافل بھی ہوجاتے ہین اور بعض غفلت مین

زیادہ رہتے ہین اور کبھی توجہ کو قایم کر سکتے ہین مگر بالجملہ ایسے انسانون کا پہلا گروہ ہے جن کے کشف والہام سے غلط مذاہب رواج پاتے ہون گے اور موخر الذکر فریق حسب استعداد سچی معرفت سے دنیا کو روشن کرتا ہوگا اور پہر اس دوسرے گروہ مین سے بعض انبیاء کو کسی وقت صفائی کا وہ درجہ میسر آتا ہوگا کہ انکی روح نیک ارواح مجردہ سے بھی زیادہ لطیف ہوجائے اور براہ راست ذات باری سے فیضیاب ہو۔ غرض دنیا مین کثیف اور لطیف کے باہمی تعلق کو دیکھتے ہوئے یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے اور اسکے خلاف بقول مسٹر پارکر تمام انسان اور بقول منکرین ملائکہ تمام انبیاء تمام اوقات مین براہ راست خدا سے نور حاصل کرین نیچر کی شہادت ہرگز اسکی تائید نہین کرتی اور جو کچھ نیچر کہتی ہے وہی مذہب والے اپنے روحانی تجربون کی بنا پر پیش کرتے ہین کہ کچھ لطیف مخلوقات شرارت سے متصف ہین جن کو جنات یا شیاطین کہتے ہین اور کچھ محض نیک ہین اور ملایکہ کے نام سے موسوم ہین اور نیز یہ کہ شیاطین کیطرف سے گنہ گارون پر وحی ہوتی ہے اور ملائکہ کیطرف سے پارساؤن پر اور بعض اعلیٰ درجہ کے پارسا کسی وقت براہ راست خدا سے نور اخذ کرتے ہین۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

إِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ط (انعام پارہ ۸ ع ۱۴)

بیشک شیطان وحی کرتے ہین اپنے دوستون کیطرف تاوہ تم سے (حق کے بارہ مین) نزاع کرین اور اگر تم اُن کی اطاعت کروگے تو تم مشرک ہوگے۔

يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ أَنْ أَنْذِرُوا أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاتَّقُونِ ط (نحل پارہ ۱۴ ع ۱)

خدا اُتارتا ہے فرشتون کو اپنے حکم کی وحی کے ساتھ اپنے بندون مین سے جس پر چاہتا ہے تاکہ وہ خدا کیطرف سے تبلیغ کرین کہ لائق عبادت میرے سوا کوئی نہین پس تم مجھی سے ڈرتے رہو

وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ط نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ ط ..... وَمَا تَنَزَّلَتْ

اور یہ فیضان دنیا کے پروردگار کا ہے اسکو امانتدار روح نے تیرے دل پر اُتارا ہے تاکہ تو لوگون کو خدا کے عذاب سے ڈراوے ..... اور اس کو شیطانون نے

به الشیاطین ط وما ینبغی لهم وما یستطیعون ان انهم عن السمع لمعزولون ... هل انبئکم علی من تنزل الشیاطین ط تنزل علی کل افاک اثیم ط یلقون السمع واکثرهم کاذبون ط

(شعراء پارہ ۱۹ ع ۱۱)

ان هو الا وحی یوحی علمه شدید القوی ذو مرة فاستوی وهو بالافق الاعلی ط ثم دنا فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی فاوحی الی عبده ما اوحی ما کذب الفؤاد ما رای افتمارونه علی ما یری ولقد راه نزلة اخری عند سدرة المنتهی ط

(والنجم پارہ ۲۷ ع ۱)

نہین اُتارا نہ اُن کو یہ سزاوار ہے اور نہ وہ ایسا کر سکتے ہین - وہ خدا کا حکم سُننے سے معزول ہین ..... مین تمکو بتاؤن کہ شیاطین کس پر اُترتے ہین وہ افترا کرنیوالون اور گنہ گارون پر اُترتے ہین وہ (خدا کے سچے حکمون کیطرف) کان لگاتے ہین مگر اکثر جھوٹے ہوتے ہین -

نہین ہے رسول کا فرمان مگر وحی جو خدا کیطرف سے بھیجی گئی رسول کو یہ باتین سکھائین سخت طاقت والے اور مضبوط علم والے فرشتہ نے پس وہ ٹھیرا جبکہ وہ بلند کنارہ پر تھا - پھر رسول خدا سے قریب ہوا اور اسکی طرف جھکا پس دو کمانون کے برابر ہو گیا یا اس سے بھی زیادہ قریب پس خدا نے اپنے بندہ کو جو وحی کرنی تھی کی - اسکے دل نے جو دیکھا اسمین دروغ نہین کیا تم اس بارہ مین جو اُسنے دیکھا شک کرتے ہو اور پھر رسول نے فرشتہ کو دوبارہ سدرۃ المنتہی کے پاس دیکھا *

* اس آیت کا زیر ضحاک کی روایت کے مطابق کیا گیا ہے (ملاحظہ ہو تفسیر خازن) اور جو وحی و الہام کے راز اس آیت مین بیان کئے گئے ہین اگرچہ سمجھنے والون نے انکو مختلف طرزون سے سمجھا ہے مگر جیسا کہ تفسیر لباب التاویل اور تفسیر ابن عربی سے مستفاد ہوتا ہے اس مقام پر نبی کے دو نو مراتب کا مذکور ہے یعنی ایک درجہ وہ ہے جبکہ نبی فرشتہ کی وساطت سے نور معرفت اخذ کرتا ہے اور یہ حالت اکثر رہتی ہے اور دوسرا درجہ وہ ہے جبکہ وہ بعض منتخب اوقات مین فرشتہ سے زیادہ لطیف پاکیزہ ہو جاتا ہے اور اس وقت جہان تک ترقی کر سکتا ہے فرشتہ وہان تک پہنچنے سے قاصر رہتا ہے مگر چونکہ یہ اعلیٰ لطافت انسانی قالبین مین ہمیشہ قائم نہین رہ سکتی اس لیے جب نبی اس حالت سے واپس آتا ہے تو پھر لطافت کے اس درجہ سے اُتر کر جو فرشتہ کا انتہائی مقام ہے فرشتہ کی وساطت سے وحی کا سلسلہ جاری ہو جاتا ہے چنانچہ اس آیت مین یہی بیان کیا گیا ہے کہ رسول نے فرشتہ کی وساطت سے علوم ربانی حاصل کئے جس کے بعد ایک اعلیٰ کنارہ پر

معراج کے متعلق تمہید

جلوۂ معرفت، وحی، رؤیت ملایکہ، معراج غرض روحانی ترقی کے تمام مدارج کا پورے طور پر سمجھنا ان لوگون کیلئے جو اس لذت سے ناآشنا ہین اول تو ہی لیئے ناممکن ہے کہ یہ باتین اُن کے نقطۂ خیال سے بوتر ہین - ایک جاہل محض کو اُن لطفون سے آشنا کرنا محال ہے جو ایک سائنس دان کو کوئی قانون قدرت دریافت کرنے اور مفید ایجاد تک پہنچنے مین یا ایک ریاضی کے طالب علم کو کوئی مشکل سوال حل کرنے مین حاصل ہوتے ہین اور دوسرے جب خیال کیا جاتا ہے کہ خدا سے تعلق پیدا کرنے کے تمام مدارج تجربہ پر منحصر ہین اور نیز ان مین فاعلانہ اثر اس بالاتر ہستی کی جانب سے ہوتا ہے اور انسان کیطرف سے جو کوشش ہوسکتی ہے وہ محض آئینۂ قلب کو حتی الوسع صاف کرکے انفعالی قابلیت پیدا کرنیکی ہے تو اُس وقت ماورا شناکیلئے اسکی حقیقت تک پہنچنا اور کوچہ معرفت سے بیگانہ ہونے کی صورت مین محض قوت عقل سے اسکی کُنہ کو پانا اور بھی محال ہوجاتا ہے جب دو قسم کی گیس یعنی آکسیجن اور ہیڈروجن کی ترکیب سے پانی کا پیدا ہونا یا پانی کے تحلیل سے دونو گیسون کا پیدا ہوجانا ہم کسی طرح نہین سمجھا سکتے بجز اس کے کہ اسکا تجربہ کرکے دکھا دیا جائے تو ملائکہ کو دیکھنے یا خدا سے ہمکلام ہونیکا تجربہ محض جرح وقدح سے کیونکر منکشف ہوسکتا ہے پس اسکی حقیقت کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہین جن کو یہ سعادت نصیب ہوئی ہو اور دوسرے لوگ جو کچھ کرسکتے ہین اسی قدر ہے کہ کسی طرح کی تمثیل وتشبیہ سے اُسکا مبہم سا خاکہ پیش نظر کرلین - وہ مبتدی طالب علم جو رات اور دن کے تغیر سے نتیجہ نکالنے کے ناقابل ہے اور جس کو نوکلٹ پینڈولم سے زمین کی حرکت کو سمجھنا دشوار ہے ابتدائی مدرسہ مین اس کو یہی یقین دلانے

ہ پہنچ کر فرشتہ کی رسائی ختم ہوگئی اور وہ وہین ٹھیر گیا مگر رسول خدا سے قریب ہوتا گیا اور اسکی طرف جھکتا گیا حتے کہ جس طرح دو کمانون کو ملانے سے دائرہ پیدا ہوجاتا ہے اور دائرہ مین قوسی خطون کی ابتدا اور انتہا مین بظاہر تمیز نہین رہتی اسی طرح رسول کو بھی اس وقت خدا سے کامل وصال تھا بلکہ اس تشبیہ سے بھی کچھ زیادہ اور اس وقت جو راز منکشف ہونے تھے ہوئے اور دل نے جو لطف اٹھانا تھا اٹھایا مگر پھر رسول نے اس حالت کے بعد مقام سدرۃ المنتہی یعنے فرشتہ کے انتہائی درجہ ترقی پر اسکو دوبارہ موجود پایا۔

کی کوشش کیجاتی ہے اور اس وقت اسے صرف مثال ہی سمجھا جاتا ہے کہ گیند کو چراغ کے گرد حرکت دینے سے جس طرح روشنی اور تاریکی بدلتی رہتی ہے اسی طرح آفتاب کے گرد زمین کی حرکت سے دن رات پیدا ہوتے ہین - یہی حالت ہلوگون کی نکات معرفت کے متعلق ہے اور یہان بھی گیند اور چراغ جیسی تشبیہون سے ہی کام لیا جا سکتا ہے چنانچہ معرفت کے تمام مدارج کی نسبت حتی الوسع اسی استدلال تمثیلی سے کام لیا گیا ہے - البتہ معراج کیساتھ علاوہ اس تجلی بواسطہ کے جو اور واقعات اہل تجربہ نے بیان کئے ہیں اور جنکی نسبت اکثر غلط فہمی واقع ہوتی ہے انکی نسبت کسیقدر تشریح کی ضرورت ہے، اور چونکہ ان واقعات کے بارہ مین غلط فہمی اکثر اوقات سخت اعتراضون کی شکل مین بڑے شد و مد سے ظاہر کی جاتی ہے اس لئے مین بھی اگر کلام کو طول دون تو مضمون کی عظمت کے سبب قابل درگذر ہوگا - مگر مین پہر بھی علان کہتا ہون کہ کچھ کہا جائیگا اس سے یہ مدعا ہرگز نہین کہ معراج بعینہ اسی طرح واقعہ ہوتا ہے کیونکہ سننے والون کی ناتجربہ کاری کے سبب سے خود دیکھنے والے اسے تفصیل بیان نہین کر سکتے چہ جائیکہ ایک بیگانہ اسکی حقیقت کو سمجھنے یا سمجھانے کا دعوی کرے بلکہ غرض صرف اس قدر ہے کہ تشبیہ سے قریب الفہم کیا جائے -

دلایل اثبات

منجملہ اُن روحانی طاقتون کے جو دریافت ہوئی ہین بعض اہل فن کی جانب سے غیب بینی کے ثبوت کا بھی دعوے کیا جاتا ہے اور اکثر ایسے واقعات بھی پیش کئے جاتے ہین جن میں کسی شخص کو پیش از وقت کسی حادثہ کا علم ہو گیا یا کسی شخص نے ہپناٹائزڈ یعنی حاضرات میں بیخود ہونے پر کوئی نامعلوم امر ظاہر کیا اور تحقیق پر صحیح ثابت ہوا - مگر یہ مسئلہ پورے طور پر پایہ ثبوت کو نہین پہنچا بلکہ بعض واقعات سے اس کے خلاف بھی استدلال کیا گیا ہے البتہ

† یہ تمام مضمون سر ہڈسن کی کتاب دی لا آف سائیکک فینامنا کے مختلف مقامات سے لیا گیا ہے اور عموماً وہی باتین درج کی ہین جن کو سر مائرس اور سر بلڈ مین جیسے نقادون نے بھی تسلیم کیا ہے ملاحظہ ہو کتاب ھیومین پرسنلٹی اور سٹڈیز ان سائیکیکل ریسرچ -

دل ابدل ہمیشہ کا پرانا مشہور مقولہ بڑی حد تک صحیح ثابت ہوا ہے چنانچہ ابتدا مین عاملان مسمریزم نے معمول کو دوسرون کے دلی خیالات معلوم کرنے اور اپنے خیالات دوسرون پر ظاہر کرنے کی مشق بطور ایک لازمی سبق کے کروایا کرتے تھے اور اس قسم کے تجربون پر بہت سی کتابین لکھی گئی ہین اور لنڈن کی سوسائٹی فار سائیکیکل ریسرچ یعنی اہل علم کی اس انجمن † نے جس کا مقصد مظاہر روحانی کی تحقیقات تھی بہت سے تجربون کے بعد جوان کی پروسیڈنگ کی سولہ جلدون مین اور موقت انشیوع رسالہ مین اور فینٹزمز آف دی لونگ نام ایک کتاب مین شائع کئے گئے ہین یہ فیصلہ کیا ہے کہ "انسان مین بغیر جسمانی وسائل کے اپنے دلی خیالات دوسرون پر ظاہر کرنے کی طاقت موجود ہے"۔

اس طاقت کا ادنی ظہور جو عام طور پر دیکھا جاتا ہے وہ واقعات ہین جن مین کسی شخص پر کوئی حادثہ گذرنے پر اسکے والدین یا کسی نہایت عزیز کے دل کو غائبانہ صدمہ اور رنج محسوس ہوتا ہے اور اکثر بعد مین معلوم ہوتا ہے کہ وہ صدمہ واقع مین اس حادثہ کا اثر تھا اور اس سے بڑھ کر اس طاقت کی مشق جو عام طور پر کیجا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ چند آدمی ایک حلقہ باندہ کر اور ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر بیٹھ جائین اور انمین سے ایک شخص جو نسبتہً زیادہ اثر پذیر طبیعت رکھتا ہو اسکی آنکھین باندھ دیجائین اور تاش کا ایک پتہ نکال کر سامنے رکھ لین اور سب حاضرین اس پتہ کو دیکھنا اور اپنا خیال جمانا شروع کرین اور اس عرصہ مین کسی اور پتہ کو ہرگز نہ دیکھین - تھوڑے عرصہ مین اس شخص کے ذہن مین جسکی آنکھین بند ہین اس پتہ کی شکل پیدا ہوگی جو ابتدا مین دھندلی سی نظر آئیگی اور ممکن ہے کہ شروع مین معلوم نہ بھی ہو مگر رفتہ رفتہ واضح ہوتی جائیگی اور وہ شخص بغیر دیکھنے کے محض دوسرون کے

---

† یہ انجمن ۱۸۸۲ء کے شروع مین قایم ہوئی اور تقریبًا سولہ سال تک تحقیقات جاری رہی - ان لوگون کا مدعا محض سائنٹیفک اور عالمانہ تحقیقات کرنا تھا جسمین تعصب بے وجہ انکار کرنے کو یا خوش اعتقادی اور فریب سے ثابت کرنے کو دخل نہ تھا اور اس کے پریسیڈنٹ اپنے وقت کے نہایت مقتدر اور ممتاز اہل علم ہوتے رہے ہین مثلاً پروفیسر بالفور سٹوارٹ ایف آر - ایس، مرائٹ آنریبل اے جے بالفور ایم - پی، پروفیسر ولیم جیمس، سر ولیم کروکس، پروفیسر ایچ سجوک وغیرہ -

دل کا مطالعہ کرنیسے پتہ کا رنگ اور عدد بتانے کے قابل ہو جائیگا۔ مسٹر ہڈسن لکھتے ہین کہ مینے یہ تجربہ کئی دفعہ کیا اور اُن شرطون کے موافق جن کا اُنہون نے مفصل ذکر کیا ہے اس تجربہ مین کبھی ناکامی نہین ہوئی۔

اس طاقت کا اِس سے زیادہ ظہور خاص خاص حالات مین ہوتا ہے جسکی چند مثالین مسٹر ہڈسن لنڈن سوسائیٹی کے کتاب سے نقل کرتے ہین چنانچہ مسٹر موسز کا واقعہ ہے وہ لکھتے ہین۔

"ایک شام کو مینے اپنے تئین اپنے ایک دوست زیڈ نامی کے سامنے ظاہر کرنیکا ارادہ کیا جو چند میل کے فاصلہ پر رہتا تھا چنانچہ یہ خیال قایم کرکے مین آدھی رات سے کچھ پیشتر سو گیا اور اس وقت مجھے اپنے دوست کے خاص کمرہ اور اس کے گرد و نواح کا علم نہ تھا صبح کو اُٹھا اور مجھے کچھ معلوم نہ تھا کئی دن کے بعد مسٹر زیڈ کو ملنا ہوا تو پوچھا کہ شنبہ کی شب کو تمنے کچھ دیکھا اور انہون نے کہا کہ ہان بہت کچھ دیکھا۔ مین اس وقت اپنے دوست ایچ کے ساتھ انگیٹھی کے پاس بیٹھا سگرٹ پی رہا تھا۔ ساڑھے بارہ کے قریب وہ دوست اُٹھ کر گیا مینے دروازہ تک اسکی مشایعت کی اور واپس آیا تا وہین بیٹھ کر اپنا پائپ ختم کرون۔ کیا دیکھتا ہون کہ اسکی کرسی پر تم بیٹھے ہو۔ مینے تمکو دیکھا اور پھر اخبار اُٹھایا تا یقین ہو کہ مین بیدار ہون۔ اخبار رکھ کر پھر دیکھا تو ابھی تم موجود تھے اور میرے دیکھتے ہی دیکھتے بغیر بات چیت کے تم گم ہو گئے"†

† اس قسم کے دو واقعہ مسٹر مائرس نے یقینی شہادت سے لکھے ہین (کتاب ھیومین پرسنلٹی ضمیمہ باب ششم صفحہ ۳۱۶) اور ایسے ہی دو واقعہ ایک اپنے دوست گاڈفری کے مسٹر پڈمور نے اپنی کتاب سٹڈیز ان سائیکیکل ریسرچ مین (باب ششم صفحہ ۴۴۹ سنہ ۱۸۹۷ء مین) نقل کئے ہین اور ایسے واقعات بتانے والی میڈیم مسز پاٹر کا واقعہ خاص غور پر لکھا ہے جس نے قریبًا سترہ سال تک نہایت احتیاط اور پرسینی کے موقعون پر اجنبی اشخاص کے حالات بتائے اور اس کے امتحان کرنیوالون مین پروفیسر لاج، مسٹر مائرس، ڈاکٹر والڈلیف، پروفیسر ولیم جیمس جیسے ممتاز فاضل شامل ہین جنہون نے بعد از امتحان یقین کیا ہے کہ اس کے کمرہ بالکل ہو کے سوا کچھ نہ تھے اور ایسے اشخاص کا حال بیان کرتی رہی ہے جن کا معمولی وسائل سے اسکو مطلق علم حاصل نہین ہو سکا اور مسٹر پڈمور سوسائٹی مذکور کے ممتاز ممبر سوسائٹی کے دیگر ممبرون سے کسیقدر زیادہ محتاط ہین چنانچہ سوسائٹی کی تحقیقات کا جو نتیجہ خود اُن کے نزدیک نکلا ہے اسی کے متعلق انہون نے کتاب مذکور لکھی ہے اسکے ابتدا مین لکھتے ہین کہ میرے بعض رفیقون کے نزدیک اس تحقیقات سے ثابت ہوتا ہے کہ خیال ظاہری حواس کے بغیر اور ایتھر کی لہرون کی وساطت کے بغیر دوسرے

اِس قسم کے کئی واقعات کے علاوہ مسٹر ڈسن اپنا ایک چشمدید واقعہ لکھتے ہین کہ شہر نیویارک مین پیٹنٹ آفس کے ایک اگزامینر کو ایک معمول کے سامنے جو عورت تھی پیش کیا گیا وہ معمول اِن سے بالکل ناآشنا تھی اور ہمنے امتحان کی غرض سے اگزامینر کے حالات اور نیز اس کا نام بھی اُسکو نہ بتایا اور اس سے حالات بتانے کی درخواست کی۔ تھوڑی دیر مین جب معمول پر حالت وجد طاری ہوئی تو اُس نے اگزامینر کو کہا کہ مین ایک عالیشان عمارت کو دیکھتی ہون جسمین بہت سے

کے خیال پر اثر کرسکتا ہے اور انسان کی روح جسم مین قید ہونے کی حالت مین زمانہ فضا اور دیگر جسمانی توانین قدرت کی مدد سے آزاد ہوسکتی ہے اور جسم کی موت کے بعد دوسرون کو اپنی ہستی سے واقف کرسکتی ہے مگر میرے نزدیک شہادت ایسی ناکتفی اور مشتبہ ہے کہ اس سے ایسا بڑا نتیجہ نہین نکل سکتا۔ یہ مین مانتا ہون کہ رابطۂ قلبی ثابت کرنیکے لیے جسمین جسمانی حواس کو دخل نہ ہو کافی دلائل موجود ہین۔ لیکن اِس طاقت کو فوق العادت درجہ دینے کیلئے ابھی سامان مہیا نہین (باب اول صفحہ ۳۰) غرض مسٹر سو صرف اگرچہ تمام نتائج مین دوسرے رفیقون سے اتفاق نہین کرتے مگر تاہم بہت سی روحانی طاقتون کو مانتے ہین اور بالخصوص دلی خیالات دوسرون پر ظاہر ہونیکا اور تماش کے علاوہ اور کئی طرح سے اس قسم کے تجربون کا تفصیل ذکر کرتے ہین اور رابطۂ قلبی کو بڑی حد تک تسلیم کرتے ہین۔ چنانچہ جو آسیب اور تصویرین مرنیوالے دوستون کی لوگون کو نظر آئی ہین انکے بہت سے واقعات ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہین کہ مُردہ روحون کا آنا تو ان شہادتون سے ثابت نہین ہوتا البتہ ان واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ رابطۂ قلبی کے سبب سے مرنیوالے کا خیال مجسم ہوکر نظر آجاتا ہے (باب نہم صفحہ ۲۹۳) اور اسی باب کے آخر مین لکھتے ہین کہ مسٹر گرین اور مسٹر کنگ کے واقعات کہ حواس کی مداخلت کے بغیر ایک دل کی دوسرے دل کیساتھ نامہ وپیام کرنیکی طاقت کا قوی ثبوت مانا جاسکتا ہے۔ آگے چلکر جہان بعض انسانون کے اپنے تئین بھول جانے اور کچھ اور سمجھ لینے کے واقعات کا ذکر کرتے ہین وہان لکھتے ہین کہ حالت وجد ھسٹیریا (ایک اعصابی تغیر جسکی تشریح طلب ہے نہین ہوسکی) اور بعض اور حالات مین جبکہ شعور ثانوی پیدا ہوتا ہے تو بہت سی خصوصیتین پیدا ہوجاتی ہین۔ ارادی اور غیر ارادی حرکت دینے والے اعصاب پر اور رگون پر اور اعضا متنفس پر اور عمراً نخواہ اعضا پر پورا تسلط ہوجاتا ہے۔ مختلف احساسی قابلیتین وسیع ہوجاتی ہین۔ خیالات مجسم ہوکر نظر آنے لگتے ہین اور دوسرون کے دلی خیال سے متاثر ہونیکی بڑی قابلیت پیدا ہوجاتی ہے (باب دوازدہم صفحہ ۴۰۹) غیب بینی کی شہادت لکھکر کہتے ہین کہ مس آکس نے بہت سے تجربے کئے ہین جن سے کم از کم علم حاصل کرنیکی خلاف معمول قابلیت ثابت ہوتی ہے اور اسی مضمون کی قابل ذکر شہادت مسز بائیڈ کے حاضراتی واقعات

کمرہ ہین - ان مین سے ایک مین تم کو دیکھتی ہون - تمہارے سامنے ایک بڑی میز ہے اور اُس پر بہت سے کاغذ ہین - مین دیکھتی ہون کہ بہت سے مشینون کے نقشے تمہارے آگے پھیلے ہوئے ہین اور مجھ معلوم ہوتا ہے کہ تم کو ایجاد وغیرہ کی رجسٹری کرنے سے تعلق ہے - یہانتک بالکل اظہار واقعی تھا جسکو تسلیم کیا گیا - کیونکہ تسلیم کرنیسے معمول کی روحانی قوت کو ترقی ہوتی ہے - پھر اوس نے کہا کہ مگر تمہارا صرف یہی پیشہ نہین ہین تمکو گہر پر ایک کتب خانہ مین دیکھتی ہون اور تمہارے گرد کتابین اور قلمی مسودے رکھے ہین معلوم ہوتا ہے کہ تم کوئی کتاب لکھتے ہو - پھر اس نے کتابون کی الماریون اور کمرہ کے سامان کو صحیح طور پر شمار کرکے بتایا - پھر کہا کہ مجھے وہ رستہ بھی معلوم ہوتا ہے جس سے تم اپنی کتاب کے سرورق تک پہنچے ہو اس رستہ مین بہت سا کوڑا کرکٹ ہے جسکو تمنے صاف کر دیا ہے اور تمہارے سر پر ایک روشنی ہے اور تم پورے اعتماد کے ساتھ مطلب کیطرف جا رہے ہو - اگزامینر نے سوال کیا کہ کیا وہ رستہ واقعی سیدھا ہے جس پر مین جا رہا ہون اس نے جواب دیا کہ یہ مین نہین جانتی کیونکہ مین اس مضمون سے ناآشنا ہون جس پر تم کتاب لکھ رہے ہو - البتہ تمہارے سر پر کی روشنی سے گمان ہوتا ہے کہ غالبًا صحیح رستہ ہوگا "

قلبی رابطہ سے کسی واقعہ کا علم حاصل ہونے پر روح اپنے تئین وہان موجود سمجھتی ہے -

اس واقعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسوقت معمول اپنے تئین اُن مکانون مین حاضر سمجھتا ہے جن کے واقعات وہ بیان کرتا ہے اور مسٹر پٹر مور نے بھی چند واقعات لکھے ہین † جن مین معمول پوچھنے والون کے گھرون پر جو بہت فاصلے پر واقع تھے گیا اور وہان کے تمام حالات حتی کہ گھر ان کے سامان کی تفصیل اور اُن کا موقع اور باشندگان کی کیفیت بیان کی جسکا حاضرین کو علم نہ تھا اور جو بعد مین درست ثابت ہوئی اور مسٹر ٹیمور اگرچہ ان واقعات سے انکار نہین کر سکتے مگر وہ تیار نہین ہین کہ بواسطہ علم حاصل کرنے کو تسلیم کرین اور اگرچہ تمام واقعات مین کوئی ذریعہ علم ثابت کرنے کو شکل مانتے ہین مگر کہتے ہین کہ رابطہ قلبی ہی ایک ذریعہ ہے جس سے ظاہری حواس کے بغیر علم ہو سکتا ہے اور چونکہ فراموشی محض حواس کا خاصہ ہے اور روح کا علم کبھی محو نہین ہوتا اس لیئے ممکن ہے کہ حاضرین سر دست اُن واقعات کو نہ جانتے ہون ‡

† باب سیزدہم صفحہ ۴۲۷ سے ۴۳۲ تک کتاب سٹڈیز

‡ باب سیزدہم صفحہ ۴۵۰ سے ۴۵۴ تک کتاب مذکور

لیکن پہلے کبھی وہ علم حاصل ہو چکا ہو اور معمول نے اُن کی قلبی تحریر کو پڑھ لیا ہو۔ اور مسٹر ھڈسن ایسے واقعات کہ جنمین کوئی ظاہری وسطہ علم موجود نہ ہو ایک مثال سے حل کرتے ہین کہ *

"کوئی شخص پردیس مین ڈوب کر مرجائے تو رابطۂ قلبی کی وجہ سے ضرور ہے کہ اسکی ماں کی روح کو صدمہ ہوگا اب اگر ماں کی روح مین صفائی نہین تو یہ روحانی علم شعور کے ذریعہ پر نہ آئیگا اور سجز ایک پریشانی کے اسکو اس واقعہ کی کوئی اطلاع نہ ہوگی۔ پھر اگر کسی اور عزیز کو مرنیوالے کی ماں سے دلی محبت ہو تو اس تعلق کے سبب سے اُس کے قلب پر بھی اثر ہوگا مگر عام طور پر اسکو بھی اطلاع نہ ہوگی کہ روح نے کیا تماشا دیکھا اور ممکن ہے کہ اسی رابطۂ محبت کے سلسلہ سے اور چند اشخاص بھی اس واقعہ سے متاثر ہون اور پھر کسی موقعہ پر ان مین سے کوئی کسی ایسے شخص سے ملے جس کو ہپناٹزم یعنے حالت وجد کی مشق ہے اور وہ اس حالت مین اس شخص کے دلی نقش کو پڑھ کر بیان کرنے لگے کہ مجھے ایک اس جلیہ کا انسان دریا مین ڈوبتا نظر آتا ہے اور بعد مین یہ واقعہ صحیح ثابت ہو جائے تو دیکھنے والے اسکو غیب بینی کی طاقت کہین گے کیونکہ حاضرین مین سے کسی کو اس واقعہ کا محسوس علم نہ تھا مگر حقیقت مین یہ علم ایک ذریعہ اور وسطہ سے حاصل ہوا ہے جو اگرچہ حواس سے بالاتر ہے لیکن قانون قدرت کے خلاف نہین"

اور روحانی طور سے کسی مقام پر جاکر کوئی واقعہ دیکھنے کی نسبت مسٹر ھڈسن روحانی علاج کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہین کہ †

روح کیلئے فاصلہ کوئی چیز نہین۔

"مذکورۂ بالا درج التفاصیل کے اندر ایک خاص ممتاز واقعہ یہ ہے کہ مریض کا جب علاج کیا گیا ہے تو وہ معالج سے ایکہزار میل کے فاصلہ پر تھا اور یہی چند امراض کا علاج کامیابی کے ساتھ کیا گیا ہے جن مین مریض و معالج کا ایک سو تین سو میل تک کا فاصلہ تھا۔ پس جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے حقیقت یہ ہے کہ روح کیلئے فاصلہ کوئی چیز نہین۔ ولی حالات معلوم کرنے کے تجربے اسکو پورے طور پر ثابت کرتے ہین اور اتفاقاً خیالی کے ایسے واقعات بیان ہوئے ہین جن مین معلوم کرنیوالا فاطمین کے فاصلہ پر تھا۔ برسٹر فاصلہ پر دلی خیالات معلوم کرنے مین جو رکاوٹ واقع ہوتی ہے وہ محض ہماری عادت کی وجہ سے ہے

* لا آف سائیکک فینامنا باب شانزدہم صفحہ ۲۳۵ سنہ ۱۸۹۳ء
† کتاب مذکور باب چہاردہم صفحہ ۱۹۶

یعنی ہم خوگر ہو رہے ہین کہ فاصلہ کو ایک رکاوٹ سمجھین۔ پس خیال کامیابی بطہ پیدا کرنے کو ضرور ہی روک دیتا ہے۔ ہمکو یہ تصور باندھنا بہت ہی مشکل معلوم ہوتا ہے کہ فاصلہ محض جسمانی آلا انتقال ہے اور روحانی طور پر خیالات کے انتقال مین یہ کسی طرح مانع نہین ہے۔"

اوزبسٹر مائرس لکھتے ہین †

فضا کے بارہ مین جو شہادت پیش کی جائیگی وہ ہمکو جس قدر کہ ایسے معاملات مین امید ہو سکتی ہے اس سے زیادہ صفائی کے ساتھ بیان کرنے کے قابل بنا دیگی۔ ہم یہ نتیجہ نکالتے ہین کہ روحانی زندگی جسمانی زندگی کی طرح فضا کے تصور مین مقید نہین ہے لیکن یہ آزادی کیونکر حاصل ہوتی ہے؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری ارواح کو اس حالت مین کسی قسم کا پھیلاؤ حاصل ہو جاتا ہے۔ ہم زمین پر رہکر مادی دنیا کے دو قانونون کے پابند ہین۔ ایک تو جسم اسی جگہ کام کرتا ہے جہان وہ موجود ہو دوسرے ایک وقت مین ایک۔ حصۂ فضا کے اندر ایک ہی جسم رہ سکتا ہے اور عام حالات کو دیکھتے ہوے یہ دونو قاعدے بدیہی معلوم ہوتے ہین۔ لیکن تھوڑی دیر کے لیئے اس وزندار مادے کو پرے چلے جاؤ اور تھوڑی دیر کے لیئے زندگی اور اسپر کو حرکت مین لاؤ معلوم ہوگا کہ اس حدبندی کا قایم رہنا مشکل ہے۔ ہم کہتے ہین کہ آکچار اور شاکر ہین کام کر سکتا ہے جہان وہ موجود ہے لیکن وہ موجود کہان ہے۔ اس نے کاغذ کے پرزے کی کایا پلٹ کر اس کو ایک روحانی طاقت بنا دیا ہے۔ نہیں، بلکہ اسکی یاد ہی دوسرون کے دل پر قوت کے ایک سرچشمہ کی مانند کام کرتی ہے۔ پھر ہم کہتے ہین کہ جہان لکھنے کی میز ہے وہان اس وقت کوئی اور جسم نہین آسکتا۔ مگر اتھیر کا کیا حال ہے؟ غرض جہان تک ہمنے روحانی عمل کو دیکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونو باتین ممکن ہین۔ رابطۂ قلبی غیر جسمانی روح کی پُرتاثیر حاضری کو مجید وسعت دیتا ہے۔ روحانیات کا جسمانیات مین سے عبور کر جانا ثابت کرتا ہے کہ یہ وزن دار کرہ روحانی اثر کو روکنے اور انہین مخل ہونیکے ناقابل ہے۔ ہماری شہادت کیسی ہی عجیب اور نئی ہو فضا کے بارہ مین درست اس سے زیادہ ثابت کرنے کی ضرورت نہین کہ قدما کی حدود کے زایل ہونے پر روحانی تصور بے انتہا وسیع ہو جاتا ہے۔"

† ہیومین پرسنالٹی باب اول صفحہ ۲

غرض مذکورہ بالا بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک روح اپنی معلومات دوسری روح پر خواہ وہ کتنے ہی فاصلہ پر ہو ظاہر کر سکتی ہے اور اس وقت معلوم کرنیوالی روح کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ ان واقعات کو خود دیکھ رہی ہے اور نیز جیسا کہ مسٹر مائرس بیان کرتے ہین (اقتباس من بحث ملائکہ) ارواح مجردہ بھی ممکن ہے کہ ایسا اثر ظاہر کرین کیونکہ ایسا اثر اسی وقت ظاہر ہوتا دیکھا گیا ہے† جبکہ خواب بیہوشی، وجد وغیرہ کے سبب سے حال معمول یک گونہ بیخودی کیحالت مین ہون اور جسم سے ایک طرح کا انقطاع حاصل ہوگیا ہو پس ارواح مجردہ اگر موجود ہین تو جسمانیات سے بالکل پاک ہونے کی وجہ سے وہ بطریق اولیٰ اور نہایت قوت کیساتھ ایسا اثر پیدا کر سکتی ہین۔

معراج کی ایک توجیہ

اب ہم معراج کی کیفیت کو دیکھتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ صاحب معراج (صلوات اللہ علیہ) سالہا دُنیا اور علایق دُنیا سے الگ گوشہ عزلت مین بسر کرتے رہے ہین اور ہمیشہ کئی کئی دن تک پہاڑ کی غارون مین رہکر قدرت کی نیرنگیون کو دیکھتے رہے ہین اور اس طرح روح مین صفائی اور پختگی پیدا ہونے پر وہ جلوۂ معرفت نظر آیا ہے جسکو وحی کہتے ہین اور معلوم ہوا ہے کہ دل بیخبری مین جس چیز کو تلاش کر رہا تھا وہ یہی نور ہے۔ اب وہ اس نور کے نظارہ مین منہمک ہین بات کرتے ہین تو اسی کے متعلق اور غور کرتے ہین تو اسی کی نسبت۔ اور اب موافق اور مخالف آوازون کا پیدا ہونا ایک ظاہری سبب ہوگیا ہے جو توجہ اور انہماک کو اور بھی بڑھا رہا ہے۔ اور اس طرح ایک خیال مین رہتے رہتے ایک وقت وہ محویت اور بیخودی بھی پیدا ہو جاتی ہے جسکو اہل علم روحانی انکشاف کی شرط ٹھہراتے ہین اور اس وقت نہ صرف مسجد اقصیٰ اور بیت المقدس بلکہ زمین و آسمان کا ہر ایک گوشہ اُن کے سامنے ایک آئینہ ہو جاتا ہے مگر چونکہ یہ خواب نہین ہے بلکہ ایک پاکیزہ خیال مین محو ہو جانیکا اثر ہے اس لیئے بجا طور پر کہا جاتا ہے کہ جو کچھ دیکھا بیداری مین دیکھا اور چونکہ اس حال مین جسمانی تعلقات سے کامل یکسوئی حاصل ہے اسلیئے اس حال کو ظاہر کرنے کیلیئے لفظ رویا سے موزون تر اور کوئی لفظ نہین۔

وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ ط (اسرا پارہ ۱۵ ع ۶)	جو رویا ہمنے تم کو دکھایا ہے وہ لوگون کیلیئے ایک آزمایش ہے

† لا آف سائیکک فینامنا باب سیزدہم صفحہ ۱۸۹ ۱۸۹۳ء

غرض وہ پاکیزہ روح عوالم بالا کی سیر کرتی ہے اور ملایکہ نوریہ اور ارواح انبیا سے ملاقی ہوتی ہوئی وہ اسرار و عجائبات ملاحظہ کرتی ہے جو جسمانی آنکھ اور جسمانی تعقل سے بالاتر ہین۔ پس اگر روحانی انکشاف کی حقیقت محض اسی قدر ہے جو اس وقت تک اہل علم کے تجربے مین آچکی ہے یعنی یہ کہ انسان روحانی قوت سے محض وہی معلومات حاصل کرسکتا ہے جو کسی دوسری روح کو پہلے معلوم ہون اور ان دونو روحون کے مابین کوئی تعلق ہو تو اس خیال کو یقینی قانون مانکر بھی معراج کا انکشاف قابل تعجب نہین کیونکہ جیسا پہلے بیان ہوچکا ہے ایک خاکی جسم مین قید رہنے والی روح اور غیر محدود قدوس و مظہر ذات خداوندی مین لطافت و کثافت کا تفاوت ہونے کی سبب تعلق وحی پیدا ہونے کے لئے ملایکہ کی وساطت ضروری ہے اور اس طرح سلسلۂ وحی کے شروع ہونے پر صاحب معراج کا روح الامین سے قلبی تعلق پیدا ہونا ظاہر ہے اور معراج کی کیفیت مین ہم دیکھتے ہین کہ ان تمام انکشافات مین جبرئیل امین کا رسول خدا کیساتھ رہنا بیان ہوا ہے اور انکی مفارقت اسی وقت بیان کی گئی ہے جبکہ تصور ذات باری کی محویت حد غائت کو پہنچ کر وہ نور بے کیف بے واسطہ جلوہ گر ہوا ہے پس عوالم بالا اور ارواح انبیا کا نظارہ جو رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بے وساطت حواس ظاہری حاصل ہوا ہے اگر اس کے لئے کسی اور جاننے والی روح کا تعلق ضروری ہو تو اس وقت وہ سدرۃ المنتہیٰ روح الامین کو قرار دیا جاسکتا ہے۔

معراج کے متعلق ہی کچھ اور بھی پتہ چلتا ہے

مگر انسان کیا اور انسانی تجربہ کیا؟ جسکی بنا پر معرفت کے انکشاف کو کسی قانون مین محدود کیا جائے وہ یقیناً جسمانی تعقل سے باہر اور انسانی تجربہ سے بالاتر ہے اور اس کے حقیقی قوانین اگر معلوم ہوسکتے ہین تو انہی قلوب مصفا کو جو اس میدان کے شہسوار ہین۔ مگر تاہم جسمانی تعقل سے دیکھتے ہوئے بھی ہمیں اسی سراغ اور آگے چلتا ہے۔

روح کا اثر جسم پہ

حواس کے بغیر حالات دریافت کرلینے ایک روحانی فعل ہے مگر روح کا جسم اور جسمانیات پر اثر کرنا بھی کئی طرح سے ثابت ہوا ہے اور اس کے متعلق قاعدہ یہ دریافت ہوا ہے[۱] کہ اپنے خیال کا یا غیر کے خیال کا اثر روح پر ہوتا ہے اور روح کا اثر جسم تک پہنچتا ہے اور یہ اثر تین طرح پر ظاہر ہوتا

[۱] لاآف سائیکک فینامنا باب یازدہم صفحہ ۱۵۱ سنہ ۱۸۹۱ء

معلوم ہوا ہے۔ (۱) روحانی اثر سے جسم مین کچھ تغیر پیدا ہوتا ہے (۲) روحانی اثر سے دوسرے شخص کے جسم کو ارادی حرکت دی جاتی ہے اور (۳) روحانی اثر سے اجسام بے ارادہ متحرک ہوتے ہین

روحانی اثر سے جسم مین تغیر پیدا کرنیکے لئے روحانی طاقت سے معمول مین حالت وجد پیدا کی جاتی ہے اور اس حالت مین امراض کا علاج کیا جاتا ہے اور کسی طرح کے عارضی دورے پیدا کئے جاتے ہین اور اس وقت عامل کا اثر معمول پر اس قدر ہوتا ہے کہ اگر اُسے کہا جائے کہ تجھ کو تپ ہے تو فوراً جسم گرم ہو جاتا ہے نبض تیز ہو جاتی ہے اور تھرمامیٹر لگایا جائے تو تپ کا پتہ دیتا ہے اور پھر کہا جائے کہ بخار نہین ہے تو معمول فوراً اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے۔ اور امریکا مین جو مائنڈ کیور یعنے علاج قلبی کے نام سے ایک نیا طریق معالجہ دریافت ہوا ہے پروفیسر ولیم جیمس اُسکے متعلق نہایت تفصیل سے ذکر کرتے ہین اور لکھتے ہین † کہ بہت سے امراض جو جسمانی علاج سے دور نہین ہو سکے اس علاج سے رفع ہو گئے ہین۔ اس علاج کے حامی یقین رکھتے ہین کہ تمام جسمانی عوارض انسان کے قلبی تغیر سے پیدا ہوتے ہین اور خواہ یہ خیال غلط ہو مگر اس یقین کی بدولت علاج کرنے والا اپنے دل مین خیال جماتا ہے کہ مرض موجود نہین ہے اور بعض اوقات خود مریض کو ایسا یقین کرا دیا جاتا ہے اور اس طرح معالج اور مریض کے روحانی اثر سے مرض زائل ہو جاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ بزرگون کے تبرکات سے علاج اعتقادی کے نام سے جسم و جسمانیات کو معدوم فرض کر کے کرسچین سائنس کے نام سے۔ ارواح مجردہ کا اثر مان کر سپرٹزم کے نام سے اور توجہ کے وقت ایک خاص مادّے کا معالج کے جسم سے نکلنا فرض کر کے مسمرزم کے نام سے جس قدر علاج کے طریق ایجاد ہوئے ہین ‡ اور کام مین لائے جاتے ہین ان سب مین امر مشترک وہی روحانی اثر ہے جو کسی نہ کسی عقیدہ پر مستحکم ہو کر جسم تک پہنچایا جاتا ہے۔ بلکہ خود جملہ علاجون مین یہی دیکھا جاتا ہے کہ جس دوا یا جس طبیب پر مریض کو اعتماد ہوتا ہے اس کے استعمال معالجہ سے بہ نسبت اور دواؤن یا طبیبون کے جلدی صحت ہوتی ہے اور ایسے وقت مین خاک کی چٹکی بھی

روحانی اثر سے جسم مین تغیر پیدا کرنا۔

† لا آف ریفلیکس ایکسپریشنس اب ہلتھی مائنڈ پنیس

‡ لا آف سائیکک فینامنا باب یازدہم صفحہ ۱۵۰

اکسیر کا حکم رکھتی ہے چنانچہ مسٹر ھڈسن ایک واقعہ لکھتے ہین † کہ ایک شخص کی زبان پر فالج گرا وہ ڈاکٹر کے پاس گیا جس نے اس مرض کیلئے ایک اپنا نوایجاد آلہ استعمال کرنیکا ارادہ کیا مگر اس آلہ کو استعمال کرنیسے پہلے مریض کی حرارت دریافت کرنیکے لئے اُس کے مُنہ مین تھرمامیٹر رکھا۔ مریض سمجھا کہ نوایجاد آلہ یہی ہے چنانچہ چند منٹ مین وہ چلا اُٹھا کہ میری زبان بالکل درست ہوگئی۔" بلکہ دیکھا گیا ہے کہ تیز اور یقینی دوائین مثلاً مسہلات بھی مخالف یقین پیدا ہونے پر بالکل اثر نہین کرتین یا کم کرتی ہین۔ غرض جسمانی علاج مین بھی روحانی اثر کا بہت کچھ دخل ہے۔ علیٰ ہذا اسی اثر سے عوارض پیدا کرنے کی مثالین بھی کثرت سے پائی گئی ہین مثلاً مسٹر ھڈسن لکھتے ہین * کہ ایم ایم بارو نے ایک نوجوان ملاح کو بے خود کیا اور اس حال مین اُسکو خیال دلوایا کہ آج شام کو چار بجے تم میرے دفتر مین آؤ گے۔ کرسی پر بیٹھو گے اور اپنے بازو چھاتی پر صلیبی شکل مین رکھ لوگے اور اس وقت تمہاری نکسیر پھوٹے گی چنانچہ معین وقت پر یہی واقعہ ہوا اور اس کے بائین نتھنے سے کئی قطرے خون کے نکلے اور ایک اور موقع پر اسی ڈاکٹر نے ایک مریض کے دونو بازوؤن پر کسی آلہ کے کُند سرے سے اُسکا نام لکھا اور پھر بیخود کرکے کہا کہ آج شام کو چار بجے تم سو جاؤ گے اور جو خط میرنے تمہارے بازوؤن پر کئے ہین اُن سے خون نکلیگا اور تمہارا نام خونی حرفون مین لکھا جائیگا۔ چار بجے دیکھا گیا تو وہ بے خود سوتا تھا اور اُس کے ایک بازو پر جسپر لکھے تھے اور اکثر جگہ خون کے قطرے نمایان تھے اور یہ حروف بعد مین تین مہینہ تک قایم رہے گو رفتہ رفتہ مانند پڑتے گئے۔ گر ڈاکٹر برڈھم کا یہ قول بالکل بجا معلوم ہوتا ہے کہ ایسے واقعات گاہ گاہ پیش آتے ہین اور خاص روحانی طاقت اور خیالی قوت ہی جو ایسا اثر کرسکتی ہے

روحانی اثر سے مردہ بھی کیا جی سکتا ہے۔

اور مرض ایک طرف خیال کے اثر سے جو روح پر ہوتا ہے اور روح کے عمل سے جو وہ جسم پر کرتی ہے انسان کو ایسا بے حس کیا جاسکتا ہے کہ وہ مردہ معلوم ہوتا ہے اور اگر اس اثر کو زائل نہ کیا جائے تو آخر مرجاتا ہے مسٹر ھڈسن اس مضمون پر ایک باب کا عنوان قائم کرکے اور کاملیت رہنمی کی

† لا آف سائیکک فینامنا باب یازدہم صفحہ ۱۴۸ ۱۸۹۳ء

* کتاب ہذا - باب یازدہم صفحہ ۱۵۳ -

بہت سی مثالین دیکر لکھتے ہین ؎

کیٹلیپسی یعنی انتقاذ زیست کی چار صورتین ہین جن مین مختلف اسباب اس منظر کی شرط یعنی خیالی اثر کو پیدا کرتے ہین (۱) ہپنوٹزم کے مزیکا خیال دلوانے سے (۲) متعدی انتقاذ زیست (۳) خود پیدا کردہ (۴) وہ انتقاذ زیست جو مرض یا اعصابی تشنج سے پیدا ہوتی ہے اور ان مین سے پہلی تین صورتون مین تخیل ہی انتقاذ زیست پیدا کرنیکا قوی سبب ہوا اور یہ تخیل پہلی صورت مین اُس عامل کیطرف سے آتا ہے جو تجربہ کرنے کیلئے عمداً یہ حالت پیدا کرتا ہے اور دوسری صورت مین دیگر کاملیت اشخاص کو دیکھکر انسان کا اپنا تخیل یہ اثر پیدا کرتا ہے اور ایسی حالتون مین ممکن ہے کہ انتقاذ زیست تمام آس پاس کے لوگون پر طاری ہو جائے جس طرح متعدی جنون اور حال کھیلنے کی حالت یا دیگر اعصابی تکلیفین ایک دوسرے کو دیکھکر پیدا ہو جایا کرتی ہین۔ کہا جاتا ہے کہ بچون مین یہ حالت پیدا ہونیکا سبب محض نقل کرنا یا نقل کا ارادہ کرنا ہے مگر یہ فاش غلطی ہے اور درحقیقت ان مین بھی اسکا سبب وہی تخیل کی قوت ہے یعنی وہ ڈرتے ہین کہ مبادا یہ حالت انکی نہ ہو جاوے پس یہ خوف کا خیال قوی ہوکر اُن کو بھی کر دیتا ہے اور تیسری صورت مین اپنا خیال جمانے سے یہ کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ ہندوستانی فقیرون کے تجربون مین بیان ہو چکا ہے۔ ان واقعات مین شرط وہی ہپناٹزم یعنی حالت بیخودی ہے جو محض سادہ طرز عمل سے خود بخود پیدا ہو جاتی ہے اور اُن لوگون کو اچھی طرح معلوم ہے جنہون نے اہل مشرق کے مشق کردہ حالت وجد کا غور سے مطالعہ کیا ہے"

روحانی اثر سے جسم ارادی حرکت پیدا کرنا

روح کے جسم پر اثر کرنیکی دوسری صورت یہ ہے کہ انسان خود اپنے ارادہ سے حرکت کرتا معلوم ہوتا ہے مگر حقیقت مین اسکی حرکت اثر کرنیوالے کی قوت سے ہوتی ہے مسٹر ایف ڈبلیو ایچ مائرس اپنے تجربون مین جو انہون نے ڈاکٹر اے ٹی مائرس کی رفاقت مین کئے ہین لکھتے ہین ؎

"۲۴ اپریل ۱۸۸۶ء کی شام کو ڈاکٹر گیرڈ کے ساتھ کہانا کہایا اور اُس شام کو ڈاکٹر موصوف نے

+ کتاب لا آف سائیکک فینامنا باب ۲۱ صفحہ ۳۱۵ سنہ ۱۸۹۳ء

؎ کتاب ہیومین پرسنلٹی ضمیمہ باب پنجم صفحہ ۳۸۲

ایک دفعہ اور کوشش کی کہ میڈم بی کو اُنکے اپنے گھر پر جو ڈاکٹر کے گھر سے فاصلے پر تھا بیخود کریں اور اپنے روحانی جذب سے انکو بلائیں چنانچہ آٹھ بجے کے پچپن منٹ پر ڈاکٹر موصوف اپنے مطالعہ کے کمرہ میں چلے گئے اور سٹرجنٹ اور اے ٹی مائرس وغیرہ مقام پیولن کو گئے (جہاں میڈم بی رہتی تھیں) اور مکان سے کچھ فاصلہ پر ٹھیر کر انتظار کرنا شروع کیا۔ نو بجے کے بائیس منٹ پر ڈاکٹر مائرس نے میڈم بی کو دیکھا کہ وہ باغ کے پھاٹک سے نکلیں اور پھر واپس چلی گئیں جن لوگوں نے ان کو پاس سے دیکھا وہ کہتے ہیں کہ وہ بالکل بیخودی کے عالم میں تھیں اور بھٹکتی ہوئی چلتی تھیں اور کچھ بڑبڑاتی جاتی تھیں۔ نو بجکر پچیس منٹ پر وہ پھر نکلیں اور اس وقت دور سے انکی آنکھیں بند معلوم ہوتی تھیں چنانچہ وہ چلیں اور جلدی سے پروفیسر جنٹ اور سٹر مائرس کے پاس ہو کر گذر گئیں اور اُن کو پہچانا نہیں اور ڈاکٹر گبرٹ کے گھر کا راستہ لیا۔ مگر وہ رستہ لیا جو معمولی اور سب سے قریب تھا اور بعد کو معلوم ہوا کہ انکی خادمہ نے انکو دیکھا تھا کہ وہ آٹھ بجکے پینتالیس منٹ پر اپنے کمرہ میں گئیں اور وہاں سے نو بجے کے پندرہ منٹ پر بیخودی کے عالم میں باہر نکلیں اور اس عرصہ کے مابین انکو خادمہ نے نہیں دیکھا۔ یہ اُنکا معمول تھا کہ دن کا کام ختم کر کے شام کو اپنے کمرہ میں چلی جایا کرتی تھیں) وہ لالٹین کے کھمبوں سے اور گاڑیوں وغیرہ سے بچکر نکلتی تھیں مگر سڑک کو (عرض میں) بار بار عبور کرتی تھیں۔ اس حالت میں کوئی شخص اُنکے سامنے نہیں ہوا اور نہ اُن سے بات کی۔ آٹھ یا دس منٹ کے بعد انکی رفتار میں زیادہ تذبذب پیدا ہوا اور ٹھیر گئیں۔ گویا گرنے لگی ہیں۔ ڈاکٹر مائرس نے دیکھا تو اس وقت نو بجکر پینتیس منٹ تھے اور پھر نو بجکر چالیس منٹ پر وہ پھر سنبھل گئیں اور نو بجکے پینتالیس منٹ پر اس سڑک پر آگئیں جو ڈاکٹر گبرٹ کے گھر کے سامنے ہے یہاں وہ ڈاکٹر کو بلیں مگر پہچانا نہیں اور گھر کے اندر چلی گئیں۔ جہاں پہنچکر جلدی جلدی حصہ زیریں کے کمروں میں پھرنا شروع کیا۔ جب ڈاکٹر نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا تو پہچانا اور قرار پکڑا۔"

ڈاکٹر گبرٹ نے بیان کیا کہ آٹھ بجکر پچیس منٹ سے نو بجکر پینتیس منٹ تک انہوں نے میڈم کا پورا خیال رکھا پینتیس منٹ تک کم توجہی اور پینتیس منٹ پر خیال بالکل چھوڑ دیا اور پھر دیکھنا شروع کر دیا

لیکن چند منٹ مین پہر اُنکی طرف متوجہ ہو گئے۔ پس معلوم ہوتا ہے کہ بلیٹر کہلینے کا وقت اور میڈیم کے بھٹکنے کا وقت ایک ہی تہا۔ مگر شاید وقت کا اتحاد اتفاقی ہو۔"

آگے مسٹر ماس لکھتے ہین کہ "اس قسم کے پچیس تجربون مین سے انیس مین کامیابی ہوئی اور اس قسم کے تجربے دن کے مختلف اوقات مین اور مختلف زمانون مین کئے گئے ہین تاہم یہ گمان ہو کہ ایک وہم مین لگے ہوئے تہے اسلئے ایسا نظر آیا۔"

اس واقعے مین روحانی طاقت سے انسان کو حرکت دینے سے پہلے بیخود کر لیا گیا ہے مگر ایک واقعہ مسٹر ہڈسن نے لکہا ہے جو خود اُن کے ساتھ گذرا اور جسمین معمول کو بیخود نہین کیا گیا وہ لکھتے ہین کہ

ایک دفعہ مجھنے ایک فوجی جرنیل کو ایک میڈیم لیجانے حاضرات کرنیوالی کے سامنے بٹھا کر سلیٹ کی تحریر کا تجربہ کیا اور قرار یہ پایا کہ جرنیل میڈیم سے چھپا کر چھ خط اپنے غائب دوستون کے نام لکھے اور اُن کاغذون کو لپیٹ کر میز پر اپنے سامنے رکھ لئے پہر دو سلیٹون کو دہو کر ایک دوسری کے اوپر رکھ لیا جائے اور انکے بیچ مین ایک پنسل رکھ دین اور اس بنڈل کو میز پر رکھ کر جرنیل اور میڈیم اپنا ہاتھ اسپر رکھین اور کاغذون کو اور سلیٹ کو دیکھتے رہین۔ تاکہ میڈیم کو خود دیکھنے اور دہو کے سو لکھنے کا موقع نہ ملے چنانچہ دن کی روشنی مین یہ عمل کیا گیا۔ اور جرنیل اور مسٹر ہڈسن نے سلیٹون کے اندر پنسل چلنے کی آواز سُنی اور آخر مین تین خط کہینچنے کی آواز پیغام ختم ہونے کی علامت تہی۔ چنانچہ جرنیل خود سلیٹون کو کہولکر دیکہتا رہا اور ہر دفعہ اپنے دوستون کیطرف سے جواب موجود پائے۔"

ان واقعات کی تفصیل دیکر مسٹر ہڈسن اس امر کا ثبوت یہی نکالتے ہین کہ اس وقت پیغام دینوالی اور لکھنے والی کوئی خارجی اور بے جسم روح نہین بلکہ خود میڈیم انکشاف قلبی سے جواب دیتی تہی اور روحانی طاقت سے پنسل کو حرکت دیتی تہی۔ مگر اس واقعہ میں جو امر موجودہ مضمون کے متعلق ہے وہ یہ ہے کہ جب خط لکھکر میز پر رکہے گئے تہے تو مسٹر ہڈسن کمرہ کے باہر تہے۔ میڈیم نے اُن کو بلایا اور کہا کہ ایک چھٹی اسی روح کے نام ہے جو تمہاری یہی دوست ہے اور وہ چاہتی ہے کہ اسکے جواب دینے کے وقت تم کمرہ مین موجود رہو۔ کیا تم جی نامی کسی شخص کو جانتے ہو؟ مسٹر ہڈسن لکھتے ہین کہ "مجھے اسوقت

† لائف سائیکک فینامنا باب ۱۹ صفحہ ۸۲ - ۲۷۵ - سنہ ۱۹۱۳ء

اس نام کا کوئی دوست یا رشتہ دار نہیں اس لیئے کہ یہ اس شخص کا عیسوی نام تھا اور مین اس کے صرف خاندانی نام سے واقف تھا۔ حالانکہ وہ حقیقت مین میرا دوست اور جرنیل کا بھائی تھا۔ میڈیم نے ایک پنسل دی اور کہا اس سے ان چھ کاغذون مین سے جس کو چاہو منتخب کرو اور پھر کھول کر دیکھو وہ خط جی کے نام ہوگا چنانچہ دیکھا تو مین بہت متحیر ہوا مگر ابھی تک گمان تھا کہ میرا خاص جی کے خط کو مس کرنا شائد اتفاقی ہو۔ میڈیم نے کہا کہ خطون کو پھر ملا دو اور پھر اکثل سے ایک چٹھی کو مس کرو وہ ایم کے نام ہوگی۔ چنانچہ تین دفعہ ایسا اتفاق ہوا اور ہر دفعہ میرا ہاتھ جو ظاہر مین میرے ارادہ سے حرکت کرتا تھا۔ میڈیم کے روحانی اثر سے خاص اسی خط کیطرف جاتا تھا جس کا نشان بتایا جاتا تھا۔ اور مین اس وقت پورے ہوش و حواس میں تھا اور کوئی روحانی یا جسمانی تغیر مجھے محسوس ہوتا تھا"

روحانی اثر سے جسم کا بے ارادہ حرکت کرنا

جسم پر اثر کرنے کی تیسری صورت یہ ہو کہ خود بخود حرکت کرے اور ارادہ کو دخل نہ ہو چنانچہ اسکی ادنی مثال مسٹر ہڈسن کا مذکورہ بالا واقعہ ہے جسمین انہون نے پنسلون کو اپنے سامنے حرکت کرتے ہوئے سنا اور جواب لکھے ہوئے دیکھے اور ایک دلچسپ واقعہ مسٹر مائرس نے خود دیکھنے والی عورت کے قلم سے نقل کیا ہے اور اسکے متعلق اُس گھر والون کی تحریری شہادت ثبت کی ہے چنانچہ وہ فرنسس ریڈل نام ایک عورت کا واقعہ لکھتے ہین۔ وہ بیان کرتی ہو کہ ✣

لیڈی والڈگریو کی خادمہ ھیلن الگزنڈر نامی ٹائی فائڈ بخار مین مبتلا تھی اور مین اسکی تیمارداری تھی۔ ایک دن رات کے چار بجے (۴ اکتوبر ۱۸۸۸ء) مین اسکے پاس میز پر اسکی دوائی بنا رہی تھی کہ مینے ملانے کی گھنٹی بجتی سُنی۔ جو اسی ہفتہ مین دو دفعہ پہلے بھی رات کو بجنی سُن چکی تھی۔ اور پھر مینے دیکھا کہ کمرہ کا دروازہ کھلا اور ایک عورت اندر داخل ہوئی جسکی نسبت مجھ خود بخود خیال ہوا کہ یہ مریضہ کی والدہ ہے۔ اس کے ہاتھ مین ایک پیتل کا شمعدان تھا۔ ایک شال کندھے پر پڑی تھی اور ایک فلالین کا چھوٹا کوٹ پہنے ہوئے تھی جسمین سامنے ایک سوراخ تھا۔ مینے اسے خوشی کی نظر سے دیکھا کہ اچھا ہوا تم آگئین اور اسنے ایسے انداز سے دیکھا گویا کہتی ہے کہ مجھے پہلے کیون نہ خبر کی۔ مینے مریضہ کو دوا پلائی اور پھر کر دیکھا تو کوئی نہ تھا۔ نظر آنے والی ایک پستہ قد سیاہ فام اور مضبوط عورت تھی۔ صبح چھ بجے ھیلن الگزنڈر مر گئی

✣ ھیمن پوسنلٹی ضمیمہ باب ششم صفحہ ۳۸۸

"دو دن بعد اُسکے والدین اور ہمشیرہ (جو کسی بستی میں رہتے تھے) آئے اور میں نہایت متعجب ہوئی جب میں نے دیکھا کہ اُسکی والدہ کی بعینہ وہی شکل ہے جو میری داہمہ نے دو دن پہلے دیکھی تھی۔ میں نے اسکی ہمشیرہ کو اُس رات کا واقعہ اور آنیوالی کا سامان بتایا۔ اس نے تصدیق کی کہ واقع میں والدہ کا رات کا لباس یہی ہوتا ہے اور یہ کہ ہمارے گھر میں ایک اسی قسم کا شمعدان بھی ہے۔ مرنیوالی لڑکی اور اسکی والدہ کی شکل میں کوئی شباہت نہ تھی۔"

مالکہ کان مفصل شہادت دیتی ہے کہ دیکھنے والی نے والدہ کے آنیسے پہلے یہ واقعہ بیان کیا تھا اور لکھتی ہے کہ "جو حلیہ اسنے بیان کیا تھا اس سے میں نے بھی دیکھتے ہی اُس عورت کو پہچان لیا اور یہ کہ سر ڈیل متوہم مزاج کی عورت نہیں اور اسکو اس کے سوا کوئی عجیب واقعہ پیش نہیں آیا۔"

مسٹر مائرس اسکو یوں حل کرتے ہیں کہ "والدہ نے جو بیٹی کی نسبت متفکر تھی خواب میں اُسکو دیکھا ہے مگر خواب یاد نہیں رہا۔ اسکے خیال نے جسمانی صورت اختیار کی اور اتفاق سے ایک ایسا شخص بھی بیٹی کے کمرہ میں موجود تھا جس پر خیال اثر کر سکے چنانچہ اس نے اُسے دیکھا اور ممکن ہے کہ مریضہ نے بھی خواب میں یا بیداری میں اُسکو دیکھا ہو۔ مگر اُسکے جلدی مرجانے کے سبب سے معلوم نہ ہو سکا۔"

اس واقعہ میں موجودہ مضمون کے متعلق دروازہ کھلنے کا تجربہ ہے جو خیالی طاقت سے پیدا ہوا اور اسکے علاوہ میز کو ہلانا۔ باجا بجانا۔ دور کی چیزیں لانا اور خود انسان کے جسم کو حرکت دینا اور بلند کرنا اس قسم کے واقعات کثرت سے مروی ہیں۔ مسٹر لیڈ بیٹر لکھتے ہیں† "میرے پاس کئی درخت خطمی سرطان وحدی کی درمیانی سرزمین سے لائے گئے اور باغ میں لگائے گئے اور دیر تک رہے ایک پودا بوتل میں مٹی اور پانی ڈالکر لگایا گیا جو رفتہ رفتہ بڑھا اور پھول لایا اور تین مہینہ بعد آب و ہوا کے اختلاف سے مرجھا گیا۔"

اس طاقت کا انکار اور اسکی وجہ

مگر ان مناظر کا ثبوت نامکمل رہیگا اگر ان سے انکار کرنیوالوں کی رائے اور ان کے استدلال کی قوت کو نہ دیکھا جائے۔ اور گولر کے پیٹ میں اور کرہ زمین آسمان کے وجود سے انکار کرنیوالے تو بہت ملینگے مگر حسن اتفاق سے مسٹر پڈمور ایک ایسے شخص کی تحریر دیکھنے میں آئی جو مناظر روحانی

† کتاب آدر سائڈ آف ڈتھ باب بست و نہم

کو تلاش کرنیوالی سوسائیٹی کے سرگرم ممبر ہیں اور بہت مدت تک تحقیقات کرنیکے بعد وہ اکثر نتائج مین اپنے رفیقون سے اختلاف کرتے ہین اور یہان تک محتاط مزاج رکھتے ہین کہ وہو کے کی وجہ نہین پاتے مگر وہو کے کا یقین کر لیتے ہین چنانچہ لکھتے ہین کہ ‡‡

"ہم مجبور ہین کہ کہین نہ کہین معمول سے بالاتر طاقت کا اعتراف کرین۔ مگر یہ کہنا آسان ہو کہ حاضرات کرنیوالے مین وہو کا دینے کی معمول سے زیادہ طاقت ہے بہ نسبت اس کے کہ معمول سے زیادہ روحانی طاقت کا اعتراف کرین"

پس ہم دیکھتے ہین کہ باوجود اس قدر احتیاط کے وہ کہان تک تسلیم کرتے ہین اور کس جگہ کس بنا پر انکار کرتے ہین اور اس ضمن مین تیسری قسم کے حرکت کے واقعات بھی انہی کے قلم سے بیان ہونگے پہلی قسم کا اثر یعنی روحانی طور پر جسم مین عوارض پیدا کرنیکی طاقت کو اور نیز دوسری قسم کے اثر یعنے دوسرے شخص کی جسمانی حرکت کو جو بظاہر اپنے ارادہ سے ہو اور اصل مین کسی عامل کی قوت کا اثر ہو وہ بڑی حد تک تسلیم کرتے ہین مثلاً ہپناٹزم یعنی حاضراتی اثر کی نسبت لکھتے ہین ‡

"حاضراتی بیخودی کے اندر معمول اپنے اعصابی تنفسی اور وریدی نظام پر اور بالعموم تمام جسمانی قوتون پر ایسا تصرف حاصل کر لیتا ہے جو حالت بیداری مین نہین ہوتا۔ اور جسم کے کسی خاص حصہ کی یا تمام جسم کی ہر قسم کی حس یا درد کے احساس کو بالکل معدوم کر دینا ہپناٹزم کا عام خاصہ ہے اور اسی طرح خیال کے اثر سے خوفناک امراض کو روکا جا سکتا ہے اور صحت پیدا کی جا سکتی ہے اور بہت سے فرنسیسی محققون کی شہادت سے معلوم ہوا ہے کہ اعلیٰ درجہ کے حاضراتی اثر مین اور نیز ہسٹیریا (ایک اعصابی تغیر جس کے اسباب معلوم نہین ہو سکے) کے مریضون مین قوت تخیل مصنوعی درد مصنوعی داغ اور دیگر قسم کی گہری امراضی کیفیتین پیدا کر سکتی ہے"

آگے چل کر حرکت کرنے کی نسبت لکھتے ہین †

---

‡‡ کتاب سٹنڈرڈ سائیکیکل ریسرچ باب چہاردہم صفحہ ۱۹۶ ۱۸۹۶ء

‡ کتاب ہذا باب ۱۲ صفحہ ۳۸۸ ۱۸۹۶ء

† کتاب ہذا باب ہذا صفحہ ۳۹۲

عام طور پر ایک معتاد حاضرات کو اگر بیخودی کیحالت مین کہا جاے کہ حالت بیداری مین فلان کام کیجیو تو وہ کام خواہ کیسا ہی مضحکہ خیز اور حقیر ہو وہ نہایت حیرانی سے اسکو بجا لائیگا۔ منجملہ تحقیق کرنیوالون کے مسٹر گرنی نے نہایت احتیاط سے وہ شرطین دریافت کی ہین جن سے ایسے اعمال بجا لائے جاتے ہین اور انہون نے ثابت کیا ہے کہ جس وقت معمول حاضرات اپنی معمولی حالت بیداری مین ہو وہ حکم کو بجا لاتا ہے اگرچہ نہین جانتا کہ یہ کام کرنے کی وجہ کیا ہے اور بعید مین ممکن ہے کہ اسکو اس کام کا ارتکاب یاد رہے۔ اور یہ بھی اکثر واقع ہوا ہے کہ اس کام کو بجا لانے کے وقت معمول ایک طرح کی بیخودی مین ہوتا ہے جو اگر ہپناٹزم کی حالت نہین ہے تو اس سے مشابہ ضرور ہے۔ اور یہ بھی ثابت کیا جا سکتا ہے کہ اس فاصلے کے اندر جو حکم دینے اور بعجا لا نیکی بیداری حکم بجا لانیکے درمیان ہے (اور یہ فاصلہ منٹون سے لیکر مہینون تک کا ہو سکتا ہے) اسکی قوت حافظہ مین اس کام کی یادداشت بالکل نہین ہوتی۔ البتہ اسمین ایک قسم کا تعقل ایسا ہوتا ہے جو مقرر کردہ نشان یا معین کردہ تاریخ اور وقت کا انتظار کرتا رہتا ہے مثلاً کسی معمول کو حکم دیا جائے کہ مسٹر گرنی کے چھ دفعہ کہانسنے کے بعد وہ فلان شمع کو جلا دے تو بیدار ہونیکے بعد اسکو وہ حکم بالکل یاد نہ ہوگا اور بظاہر وہ پورے طور پر اپنی معمولی حالت مین ہوگا مگر چھٹی دفعہ کہانسنے کے بعد وہ فوراً اٹھیگا اور بتی کو جلا دیگا اور اگر چار دفعہ کہانسنے کے بعد اس سے اس حکم کے متعلق کوئی سوال کیا جائے تو وہ یہ بھی نہ بتا سکیگا کہ وہ کتنی دفعہ کہانسے ہین۔ لیکن اگر بیخود کر کے یا پیامین چٹ (ایک قسم کی تپائی جو حاضراتی جواب لینے کیلئے استعمال کیجاتی ہے) کے ذریعہ سے پوچھا جائے تو وہ اس حکم کے متعلق سب کچھ بتا دیگا۔ اسیطرح اگر کہا جاوے کہ ایک ہفتہ مین ان گدرنے کے بعد فلان کام کیجیو تو اگر بیداری [illegible] بیخود کر کے پوچھا جائے تو بھیجے دن گذر چکے ہین اور چھ باقی ہین اور [illegible]

غرض روحانی قوت سے اس قدر اثر کا پیدا ہونا اور جسم کا حرکت کرنا مسٹر پڈمور کے نزدیک قابل التفات ہونیکی عزت کہتے ہین انکو اور مسٹر پڈمور کی نحتہ چینی کو دیکھا جاتا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہین +

* سنہ ۱۹۱۱ء کا فلیمل ریسرچ باب سوم صفحہ ۴۳۷ سے ۴۴۰ تک *

میز کی حرکتین

کونٹ ایم دی گاسپارن اور اُن کے دوست پروفیسر تھری نے ۱۸۵۳ء کی موسم خزان مین روحانی طاقت سے میز اور دیگر بہاری چیزون کو حرکت دینے کے تجربے کئے۔ ان مین ایک صورت تو یہ تہی کہ چند آدمی جنمین یہ دونو ہی شامل تہے میز کے گرد بیٹھے جاتے تہے اور میز پر ہاتھ رکھ کر روحانی توجہ سے اُسکو حرکت دیتے تہے۔ ان مین سے ایک موقعہ پر جو حرکت واقع ہوئی جو چار صحیح کرونومیٹری سائیس کیلوگرام کی طاقت ثابت کرتی تہی جسکو حاضرین پر تقسیم کرنے سے ہر ایک شخص کیطرف سے قریبًا ڈیڑھ پونڈ طاقت خرچ ہوئی۔ مگر چونکہ ہاتھ کا اتصال تہا اس لئے یہ تجربے ناکافی سمجھکر غیر جسمانی اتصال کے حرکت دینی چاہی اور اسمین بہی کامیابی ہوئی۔ چنانچہ ایک میز پر آٹھ شخص کرتا کسی کا ہاتھ لگے تو معلوم ہو سکے سب لوگ اسکے گرد بیٹھ گئے اور دیکھا کہ روحانی طاقت سے میز چکر کھانے لگی اور وہ میز اس قدر وزنی تہی کہ انگلی یا ہاتھ یا چھاتی کے سہارے سے گول حرکت نہین کر سکتی تہی اور پروفیسر تھری دیکھتے رہے مین کہ کوئی شخص پاؤن سے بہی اسکو حرکت نہ دے۔"

اس واقعہ مین مسٹر پیڈمور سب احتیاطون کو ناکافی یا نقص بتاتے ہین کہ پوری احتیاط نہین ہوئی اور ممکن ہے کہ کسی نے گھٹنہ سے اُسکو حرکت دی ہو۔ مگر معلوم نہین یہ احتمال کیونکر تسکین دے سکتا ہے گھٹنے سے جو حرکت پیدا کیجائے وہ ظاہر ہے کہ ہاتھ اور پاؤن کی حرکت سے زیادہ بیقاعدہ ہوگی۔ پس اگر کسی شخص نے گھٹنہ سے حرکت دی ہوتی تو بجائے چکر کہانے کے ایک آوہ جھٹکا محسوس ہوتا البتہ اگر چند آدمی اتفاق کرکے اپنے اپنے گھٹنون سے ایک ہی دفعہ خاص حرکت پیدا کرین تو ممکن ہے کہ کچھ چکر پیدا ہو جاے مگر اس طرح سب کا ایک دفعہ کوئی خاص اشارہ دیکر حرکت پیدا کرنا ممکن نہین کہ دیکھنے والون کو اور پہلوان کو جو خود سے ان حرکات کا خیال رکھتے ہین معلوم نہ ہو سکے پس ایسا احتمال پیدا کرنا خارج گھناؤنا اور نازا گنا معلوم ہوتا ہے اور اس منظر کو حل نہین کر سکتا۔

اور اسی قسم کے چند تجربے ڈاکٹر وابوٹ ہیئر پروفیسر آف کیمسٹری نے چند عالمون کے ساتھ کئے ہین جن مین سے ایک یہ ہے † ایک پانی کا بھرا ہوا پیالہ بورڈ پر اس طرح رکھ دیا گیا تہا کہ اگر ذرا سا بھی ہاتھ کا لگاؤ ہو تو پانی اچھل پڑے۔ اس پر بھی مسٹر پیڈمور نے گھٹنہ یا پاؤن کی حرکت کا احتمال پیدا

† سٹڈیز ان سائیکیکل ریسرچ باب سیوم صفحہ ۴۷ طبع ۱۸۹۶ء

کرتے ہین حالانکہ پانی کیوجہ سے یہ اور بھی مشکل ہے اور ایک عذر یہ بھی پیدا کرتے ہین کہ چونکہ ڈاکٹر سوصوف ان تجربون سے مذہبی ثبوت دینا چاہتے ہین اس لئے ان کے تجربے قابل اعتماد نہین ہین

آگے لنڈن کی ڈائیلیکٹکل سوسائیٹی کی کمیٹی کا ۱۸۳۸ء کا تجربہ ہے[†] - یہ سوسائیٹی علوم عقلیہ کی ترقی کیلئے قایم تہی اور اس نے جیسا کہ انکی طرف سے بیان ہوا ہے چند معزز و دیانت دار اشخاص کی کمیٹی روحانی مظاہر کی تحقیق کیلئے مقرر کی تہی اور یہ ایسے لوگ تھے جن کو دھوکا دیکر کوئی فائدہ حاصل کرنا مقصود نہ تہا چنانچہ اس کمیٹی نے رپورٹ کی ہے کہ انہون نے اکثر بغیر کسی اتصال کے میزون کو حرکت کرتے دیکھا - ایک دفعہ اس کمیٹی کے گیارہ ممبر ایک بہاری کہانے کی میز کے گرد بیٹھے تہے اور انہون نے چالیس منٹ تک میز کو مختلف حرکتین اور آوازین پیدا کرتے دیکہا انہون نے امتحان کیلئے کرسیون کی پشت میز کیطرف کرلی اور خود میز کیطرف منہ کرکے کرسیون پہ گھٹنون کے بل بیٹھ گئے تاکہ پاؤن کے اتصال کا گمان باقی نہ رہے اور ہر ایک کے ہاتھ میز کے اوپر قریبًا چار انچ سطح سے بلند رہے اس صورت مین جبکہ کوئی اتصال پیدا نہ تہا میز نے ایک منٹ مین چار دفعہ حرکت کی ایک دفعہ پانچ انچ ایک طرف کو ہوئی پہر بارہ انچ پیچھے کو سرکی اور اسی طرح چار انچ اور چھ انچ اوہر اوہر حرکت کی - پہر سب نے اپنے ہاتھ کرسیون کے تکیہ پر رکھ لیئے اور میز سے ایک فٹ کے قریب دور ہو گئے اور میز نے پانچ دفعہ مختلف حرکتین چار سے چھ انچ تک کین - پہر کرسیون کو میز سے بارہ انچ دور رکھ کر اور اپنے ہاتھون کو کمر کے پیچھے پکڑ کر پہلے کیطرح گھٹنون کے بل بیٹھ گئے اور اس حال مین میز نے مختلف جوانب مین چار حرکتین کین - پہر میز کو الٹ پلٹ کر اور اسکے اجزا الگ کرکے دیکھا گیا لیکن کوئی ثبوت اس نظر کا نہ پایا گیا - اور یہ تجربہ گیمبیر کی پہری روشنی مین ہوا -

اس پر مسٹر پڈمور تمام سوسائیٹی پر الزام لگاتے ہین اور کہتے ہین[‡] کہ دیکھنے والون کے نام نہین بتلائے گئے اور بیشک یہ اعتراض وزندار ہے مگر آخر یہ کمیٹی وہ ہے جس کے سامنے

† سٹڈیز ان سائیکیکل ریسرچ صفحہ ۴۹

‡ کتاب مذکور باب چہارم صفحہ ۱۱۵ ۱۸۹۷ء

ماسٹر آف لنڈ سے (ارل آف کرافورڈ ایف آر ایس) اور لارڈ اڈیٹر جیسے معززین نے اپنی شہادتین قلم بند کروائی ہین چنانچہ ماسٹر آف لنڈ سے نے مشہور عامل مسٹر ڈی ڈی ہوم کے چشمدید واقعات کی شہادت دی ہے کہ انہون نے اکثر ہوم کے قد کو ایک موقع پر گیارہ انچ اور ایک موقع پر سترہ انچ لمبا ہوتے دیکھا اور پیمانہ یوں کیا گیا تھا کہ ہوم کو دیوار کے برابر کھڑا کر کے دیوار پر نشان کر دیا گیا تھا جس کو بعد مین ناپ لیا۔ اور ان مین سے ایک موقع پر لارڈ آڈیٹر نے اپنا پاؤن ہوم کے پاؤن پر اور ایک ہاتھ انکی کمر پر رکھا ہوا تھا اور یہ منظر پوری روشنی مین دیکھا گیا۔ اور اسی طرح لارڈ ڈان ڈاس نے ہوم کو جلتے انگارے ہاتھ مین اٹھاتے اور کرتے مین رکھتے ہوئے دیکھا اور خود بھی آٹھ دفعہ اُن کے اثر سے کوئلہ ہاتھ پر رکھا اور تکلیف نہ ہوئی حالانکہ موجود کے پاس لیجانے سے سو موجود جھلس جاتا تھا۔ ایک اور موقع پر نو آدمی تھے جن مین سے سات نے گرم کوئلے اٹھائے اور دو ان کے پاس تک نہ آسکے۔ ایک اور موقع پر ۱۸۷۱ء مین جبکہ ان کے ایک ابن عم کپتان وائن اور لارڈ آڈیٹر بھی موجود تھے اور ان دونون نے جداگانہ اپنے اظہار قلمبند کروائے ہین اور ان کے بیان کو تصدیق کیا ہے۔ لارڈ لنڈسے نے دیکھا کہ مسٹر ہوم پر وجد طاری ہوا اور وہ اس حال مین بلند ہوئے اور جو کمرہ اُنکے کمرہ کے متصل تھا اُسکی کھڑکی مین سے نکل گئے اور پھر باہر سے کمرہ کی کھڑکی مین سے ہوا مین تیرتے ہوئے اندر داخل ہوئے اور ان کھڑکیون کا فاصلہ باہم قریباً سات فٹ چھ انچ تھا اور ان کے مابین کوئی پاؤن دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ وہ کہتے ہین کہ ہمنے ہوم کو اپنی کھڑکی کے باہر ہوا مین تیرتے ہوئے دیکھا جس حال مین وہ چند سکنڈ تک رہے اور جب ہماری کھڑکی مین داخل ہوئے ہین تو پاؤن آگے تھے اور سر پیچھے اور جب آکر بیٹھ گئے تو لارڈ آڈیٹر دوسرے کمرہ مین گئے اور دیکھا کہ وہ کھڑکی صرف اٹھارہ انچ طول رکھتی ہے لارڈ آڈیٹر نے تعجب ظاہر کیا کہ اتنے سے سوراخ مین کیونکر جا سکے۔ مسٹر ہوم نے جو ابھی وجد مین تھے کہا کہ مین پھر دیکھتا ہون چنانچہ وہ پیچھے کو جھکے اور گولی کی طرح کھڑکی سے باہر نکل گئے اور اس وقت پہلے سر باہر نکالا اور پھر اسی راہ سے واپس آکر بیٹھ گئے۔ اور یہ کھڑکی (باہر کی) زمین سے قریباً

انسان کی حرکت اور ادراک کا تجربہ

(باقی حاشیہ صفحہ سوم صفحہ سابق)

ستر فٹ بلند تھی۔

ان واقعات کے متعلق مسٹر ہڈسمور کے الفاظ جن کو تائید کہا جائے یا تردید حسب ذیل ہیں کہ

"جلتے ہوئے کوئلوں کو ہاتھ میں لینا یا اور عجائبات جو بہت سی شہادتوں سے ثابت ہیں یا مسٹر ہوم کا دو فٹ فضا میں بلند ہونا جو ماسٹر آف لنڈسے اور لارڈ ڈاڈیز نے ایک روشن اور بند کمرہ میں دیکھا ان واقعات کی نسبت یہ فرض کرنا مشکل ہے کہ دیکھنے میں سستی کیگئی ہے یا بیوقوفی سے ابتدائی پیش بندیوں کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔ اور میں یہ خیال کرنے کے ناقابل ہوں کہ ان حالات کے اندر جو بیان کئے گئے ہیں سادہ فریب ایسے اثر پیدا کر سکتا ہے لیکن چونکہ میں ان مناظر کو درست نہیں تسلیم کر سکتا اس لئے ان واقعات کی محض ایک تشریح خیال میں لا سکتا ہوں اور وہ بھی نمائشی (یعنی حقیقت میں قابل تسکین نہیں) اور وہ یہ ہے کہ عامل نے اپنی خیالی طاقت سے دیکھنے والوں کے واہمہ کے سامنے ایسا منظر پیدا کر دیا ہوگا"۔

مسٹر ہڈسمور خود اس توجیہ کو پلازیبل یعنے اوپرے دل کی تسکین کہتے ہیں اور واقع میں ہے بھی سراسر تکلف۔ کیونکہ جیسا کہ مسٹر ہڈسمور کہتے ہیں یہ ماننا کہ خیالی تصویر ایک وقت میں بہت سے اشخاص کو نظر آسکتی ہے جس کو وہ کالیکٹو ہیلیوسی نے شن سے نامزد کرتے ہیں۔ لیکن اگر کھڑکی میں آنے والی تصویر خیالی تھی تو ہوم کا اصلی جسم جو کمرہ میں موجود تھا وہ بھی غائب ہو گیا تھا اور اسی طرح دوسری دفعہ جب وہ باہر گئے ہیں تو اس وقت بھی اصلی جسم وہاں نظر نہیں آیا اور اس صورت میں علاوہ خیالی جسم پیدا کرنے کے ایک اور جسمانی تصرف یہ کیا گیا کہ موجود اور محسوس جسم کو نامحسوس کر دیا گیا حالانکہ جسم کو حرکت دینے کی مثالیں تو کثرت سے ہیں مگر کچھ عرصے کیلئے موجود کو معدوم کر دینے کی مثال کوئی مروی نہیں اور اگر ہوگی تو بہت کم۔ پس جسمانی تصرف کی ایک صورت کا انکار کرنے سے خود جسمانی تصرف کی دوسری صورت کو ماننا پڑتا ہے جو اس سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ اور اسی طرح مسٹر ہڈسمور کہتے ہیں کہ انہوں نے جلتے ہوئے کوئلوں کو مانع احتراق دوا لگا کر اٹھایا ہوگا مگر خود ماسٹر آف [illegible] اور فضا میں [illegible]

[illegible] سائیکیکل ریسرچ باب چہارم صفحہ [illegible]

کو ملون کو اٹھایا اور کچھ اثر نہ ہوا حالانکہ ایک دفعہ ماسٹر آف لنڈسے نے یہ خیال کر کے کہ ویکیون واقع میں یہ کرتب دکھتے ہین اپنے داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی کو ملہ کو لگائی تو سکن ہنس کے برابر چھالا پڑگیا اور ایک دفعہ ان کے علاوہ اور چھ شخصون نے کو ملون کو اٹھایا اور اثر نہ ہوا۔ غرض ان واقعات کی توجیہ جو مسٹر پڈمور کرتے ہین نہ صرف پلازیبل بلکہ بالکل ناقابل تسکین ہی۔

سر ولیم کروکس کے تجربے۔

اور نیز یہ واقعات صرف اسی روایت ہی مروی نہین ہین بلکہ سر ولیم کروکس ایک مشہور سائنسدان مسٹر مرحوم کے بہت سے واقعات کی عینی شہادت دیتے ہین اور مسٹر پڈمور کو اعتراف ہے کہ

"مسٹر کروکس کا علم کیمسٹری اور فزکس کا ماہر ہونا انکو خاص طور پر اس قسم کی تحقیقات کے قابل بناتا ہے اور جو تحقیقات انہون نے مسٹر ہوم کے متعلق کی ہے وہ ثابت ہوتا ہی کہ پوری پیش بینی کے ساتھ اور ایسے حالات مین کی گئی ہے جو دھوکے کو روکنے یا اسکو ظاہر کر دینے کیلئے خاص طور پر موزون ہین۔ تجربے مسٹر کروکس کے اپنے مکان پر کئے گئے ہین یا بعض دوستون کے مکان مین اور تمام حاضرین سے وہ ذاتی طور سے واقف ہین اور انمین سے اکثر بالالتزام حاضر ہونیوالے ہین اور کمرہ اکثر موقعون پر پورا روشن رکھا گیا ہے تاعامل کی تمام حرکات ہر وقت زیر نظر رہین۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ خود مسٹر ہوم بھی برخلاف اور عاملون کے تحقیقات کے لئے ہر طرح کا موقع دینے کو تیار رہتے"۔

غرض ان حالات مین مسٹر کروکس نے بہت سے کرشمے دیکھے۔ وزنی چیزون کو ایک خاص ترازو پر رکھ کر اُن کا وزن ہلکا کیا گیا جن مین سے ایک دفعہ دھیمی روشنی مین تو پونڈ کی طاقت معلوم ہوئی مگر روشنی تیز کر دینے پر ثابت ہوا کہ صرف دو پونڈ تھی۔ اکارڈین (ایک باجا) بغیر کسی اتصال کے بجایا گیا اور کئی موقعون پر بجتے بجتے ہوا مین معلق ہو گیا۔ ایکدفعہ دو فٹ لمبا اور ڈیڑھ انچ چوڑا لکڑی کا برگہ میز سے دس انچ اوپر ہوا مین تیرتا رہا اور مسٹر ہوم میز سے تین فٹ کے فاصلے پر بیٹھے تھے۔ ان کے ہاتھ اور دونون پکڑے ہوئے تھے اور پاؤن نظر آرہے تھے کہ ساکن ہین اور ۳ جولائی ۱۸۷۱ء کو جبکہ کمرہ تین گیس جلنے والے لمپون سے پورا روشن تھا مسٹر ہوم خود بھی ہوا مین بلند

سائنٹیفک امریکن سپلیمنٹ جلد ۱۱ نمبر ۲۸۰ صفحہ ۴۴۸۰ ۱۸۹۱ء

ہوئے اور اکارڈین بھی اُن کے ہاتھ سے چھوٹ کر ہوا مین معلق بجتا رہا۔ اور نیز ۲۱-اپریل ۱۸۷۲ء کو مسٹر ہوم ہوا مین معلق بیٹھے رہے اور ہوا مین لیٹے رہے۔ مگر اس واقعہ کے متعلق ایک امر قابل غور ہے کہ اس وقت روشنی کم کر دیگئی تھی جسکی نسبت آگے ذکر ہوگا۔

ڈاکٹر سپیئر کے تجربے مسٹر موسز کے متعلق

اسی طرح کے بہت سے تجربون کا ذکر کرکے دوسرے زبردست عامل مسٹر ایس موسز کے واقعات ڈاکٹر سپیئر کی شہادت سے لکھے گئے ہین[1]۔ چنانچہ انہون نے بھی اور نیز انکی بیوی نے مسٹر موسز کے اثر سے آوازون کا آنا۔ باجون کا بجنا۔ آگ اور روشنی کا دیکھنا۔ بند کمرون مین باہر کی چیزون کا آنا۔ اور خود مسٹر موسز کا بلند ہونا غرض ایسے واقعات کثرت سے بیان کئے ہین انمین سے مسٹر موسز کا بلند ہونیکا واقعہ ڈاکٹر سپیئر نے مختصر لکھا ہے کہ

"پہلے تو ایک بڑی گول میز کسی بڑی قوت سے کئی دفعہ ہلی۔ اور پھر مسٹر موسز دو دفعہ ہوا مین لہرائے اور ایک کرسی میز کے اوپر رکھی گئی اور مین خود جو ایک بڑی بھاری کرسی پر بیٹھا ہوا تھا نمایان طور پر اٹھایا گیا۔"

مگر معلق ہونے کے متعلق خود موسز کا ایک مفصل نوٹ ہے جو مسٹر پڈمور نقل کرتے ہین کہ۔

ایک دن ۳۰ اگست ۱۸۷۲ء کو چھوٹا باجا زور سے نیچے کمرہ کے ایک کونے مین پہنک دیا گیا اور میری کرسی میز کے پاس سے گھوم کر قریب کے ایک گوشہ مین چلی گئی اور اسکا رخ میز کی طرف سے گوشہ والان کی طرف ہوگیا۔ اس حالت مین کرسی اوپر کو اٹھتی معلوم ہوئی اور میرا خیال ہے کہ بارہ انچ کے قریب بلند ہوئی کیونکہ میرے پاؤن سکڑ ٹینگ بورڈ (تختہ جو دیوار کے ساتھ بطور حاشیہ کے لگایا جاتا ہے) سے مس ہوئے جو بارہ انچ بلند ہوگا۔ کرسی وہان چند لمحہ کیلئے ٹھہری اور پھر مین خود آہستہ آہستہ اور آسانی سے بلند ہوتا معلوم ہوا۔ مجھے کوئی بے چینی اور اندیشہ پیدا نہین ہوا اور مین پورے ہوش مین تھا اور حاضرین کو اپنے واقعات بتا رہا تھا۔ حرکت بالالتزام تھی اور بہت دیر مین ختم ہوئی۔ مین بالکل دیوار کے قریب تھا جتنے کہ مینے پنسل نکالی اور اپنی جیبانی کے مقابل دیوار پر نشان کر دیا اور اب مین جب وہ نشان ناپا گیا تو فرش سے قریباً چھ فٹ بلند تھا اور اسکے عمل قوت سے ظاہر ہے

[1] سٹڈیز ان سپرچوئلزم (دیباچہ باب سوم صفحہ ۶۲ سنہ ۱۸۹۵ء)

کہ اس وقت میرا سر کمرہ کے گوشہ مین چھت سے متصل ہوگا۔ مین نہین سمجھتا کہ مین اس وقت کس طرح وجد مین تہا۔ مین بالکل ہوشیار اور اس نظر سے پوری طور پر واقف تہا۔ میرے جسم پر کوئی دباؤ معلوم نہین ہوتا تہا۔ یہ معلوم ہوتا تہا کہ مین لفٹ (چھت پر لیجانے کی مشین) پر بیٹھا ہون اور چیزین میرے سامنے نیچے کو چلی جاتی ہین تنفس مین تہوڑی سی دقت معلوم ہوتی تہی اور سینہ کسی قدر بہرا ہوا اور یہ کہ مین فضا سے کسی قدر ہلکا ہوگیا ہون۔ پھر مین آہستہ نیچے کو لایا گیا اور کرسی پر بٹھایا گیا۔ مگر کرسی اس وقت اپنی پہلی جگہ پر (یعنے میز کے پاس) تھی۔"

ان مین سے مسٹر موسز کا بیان چونکہ زیادہ تر ان کے اپنے قلم کا ہے اور ڈاکٹر سپیئر عنوان کو دیکھنے والے ہین انکے بہت معتقد ہین اسلئے مسٹر ہڈسن کو انکی نسبت شبہ ہونا چاہئے مگر تاہم انکو دھوکے کے اصول پر فیصلہ دینا بھی مشکل معلوم ہوتا ہے اور کہتے ہین کہ

مخفی طاقت۔ عمداً دھوکا دینا۔ یا نیم بیخودی مین بے اختیاری سے دھوکا دینے والے افعال کا سرزد ہونا۔ ان تینون احتمالون مین سے مین دوسرے اور تیسرے احتمال مین مذبذب ہون اور زیادہ تر تیسرے احتمال کیطرف میلان رکھتا ہون۔"

مسٹر ہڈسن ایک دشواری کو دور کرنے کیلئے ہمیشہ ایک اور دشواری کو اختیار کر لیا کرتے ہین چنانچہ یہان بہی "نیم بیخودی کیحالت مین دھوکا دینے والے افعال کا سرزد ہونا" معلوم نہین ڈاکٹر سپیئر کے بیان پر اور مسٹر موسز کے بیان پر کیون چسپان ہو سکتا ہے۔ مگر تاہم یہ شہادت ہے اور شہادت مین گواہی دینے والے کے اعتبار پر بھروسہ ہوتا ہے اور مسٹر ہڈسن کو بھروسہ ہے نہین اس لیئے اس بارہ مین ان پر گرفت نہین ہو سکتی لیکن مسٹر ہڈسن کے دوسرے رفیق جو علم و فضل مین اور مظاہر روحانی کی تلاش مین ان سے زیادہ مشہور ہین اور جو مسٹر موسز سے زیادہ تعارف بہی رکھتے ہین اور جنہون نے مسٹر موسز کے قلمی مسودون کو غائر نظر سے دیکہا اور انکو ترتیب دیکر شایع کیا ہے یعنی مسٹر ولیو ایچ ہاریس انکی نسبت اور ڈاکٹر سپیئر کی نسبت پورا اعتماد ظاہر کرتے ہین (ملاحظہ ہو اقتباس ذکر ہا کیہ) اور ایک اور موقع پر لکھتے ہین کہ

ف سٹینڈرڈ آف سائیکیکل ریسرچ باب چہارم صفحہ ۱۱۸ تا ۱۲۹ ف ہیومن پرسنلٹی باب نہم صفحہ ۲۳-۳۲۱

"جب مینے مسٹر موسز کے انتقال کے بعد اُن کے قلمی مسودہ کو دیکھا اور پرتال کی تو میرا اعتقاد اُن کی نسبت اور بھی قوی ہوگیا"

پھر لکھتے ہین کہ اون کے مسودہ کو بہت مدت تک مطالعہ کرنے پر کوئی چیز بھی نامعقول نہین معلوم ہوتی۔ مینے خود بھی اُن کو نہایت غور سے پڑتال کیا ہے اور اپنے بہت سے دوستون کو بھی دکھایا ہے۔ کوئی بے ربطی۔ کوئی تناقض اور کوئی شک کی وجہ ہمکو معلوم نہین ہوتی اور تمام واقعات کی تفصیل اور تاریخین ایسی درستی سے درج ہین کہ ان مین سے جو واقعات اور تاریخین دیگر وسایل سے ہمکو ملین ان مین اور مسٹر موسز کے اظہار مین کوئی تفاوت نہ تھا"

مسٹر موم اور اُن کو دیکھنے والے سر ولیم کروکس کی نسبت مسٹر پڈمور حسب ذیل لکھتے ہین †

"نہ تو اس مختصر مین مسٹر کروکس کے سب تجربون پر مفصل بحث کرنی ممکن ہے اور نہ مجھے ایسا کرنا مناسب ہے مسٹر کروکس جنہون نے ریڈی اومیٹر اور سپکٹراسکوپ ‡ کی تحقیقات مین بھی ویسی ہی شہرت حاصل کی ہے جیسی مظاہر روحانی کی تلاش مین اور جن کو دو قسم کے واقعات پر پورا یقین ہے ان کی نسبت یہ خیال کرنا نادانی ہے کہ انہون نے مظاہر روحانی کی تحقیق مین نکتہ رسی کی عادت تحلیل کی طاقت اور کامل تحقیق کا ملکہ فرض اپنے تمام عمر کے رویہ کو ترک کر دیا ہو۔ اور مسٹر کروکس کی مہربانی سے مجھ کو ان سے بذات خود اس معاملہ پر گفتگو کرنیکا موقع بھی ملا ہے اور مین اعتراف کرتا ہون کہ مین اس معمے کو کسی ارزان اور آسان طریقہ سے حل نہین کر سکتا۔ تاہم یہ کہا جا سکتا ہے کہ مسٹر موم کے جلسون مین اکثر موقعون پر کسی بڑے عجیب منظر سے پہلے کمرہ کی روشنی کو کم کر دیا گیا ہے مثلاً بلند ہونے اور کوئلون کو ہاتھ مین لینے کے وقت۔ اور نیز کمرہ کے سامان وغیرہ کی حرکتین انہی منظرون سے مشابہ ہین جو دوسرے عامل و صوفی کیا کرتے معلوم ہوتے ہین۔ اور نیز چونکہ مسٹر کروکس اور دیگر حاضرین کو مسٹر موم کی دیانت پر پورا اعتماد ہے اس لیے ممکن ہے کہ کسی وقت احتیاط مین سستی کر دیگئی ہو

† سٹڈیز ان سائیکیکل ریسرچ باب چہارم پانچم صفحہ یاد نہین رہا۔

‡ ریڈی امیٹر مسٹر کروکس کی ایجاد ہے جس سے حرکت دینے والی شعاعین ثابت ہوتی ہین اور سپکٹراسکوپ غالباً مسٹر کروکس کی ایجاد نہین مگر اس کے ذریعہ سے انہون نے تھیلیم نام ایک دھات دریافت کی ہے (ملاحظہ ہو حالات ریڈی امیٹر و سپکٹراسکوپ۔ کتاب فزکس صفحہ گیتس)

اور اس سستی نے تحقیقات کو تباہ کر دیا ہو لیکن یہ دلیل جو میں کرتا ہوں اسمین دماغی تسلی پانیکا دعوی نہین کر سکتا"

معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر ڈیمور نے پہلے سے عہد کر لیا ہے کہ کیسا ہی واقعہ ہو اس سے انکار کرینگے اور جس طرح ممکن ہو انکار کی کوئی نہ کوئی وجہ پیدا کرینگے مگر معقول پسندی بھی اپنا شیوہ ہے اس لیے عادت کے موافق وجہ انکار پیدا کرتے ہین اور نور عقل کے سبب اُس کے ضعف سے آگاہ ہو جاتے ہین - چنانچہ ان کے یہہ اعتراض بھی اسی قسم کے ہین اور ان سے ایک ایسے شخص کے خلاف جس کو وہ خود بڑا محقق اور بیدار مغز مانتے ہین کوئی تسکین نہین ہوتی - مسٹر کرکس احتیاط کا ذکر قریبًا ہر واقعہ کے ساتھ کرتے ہین اور ہوم کی دیانت پر بھی یہی اتہام ثابت ہوتا ہے کہ ان کو پرے بٹھایا جاتا ہے - ہاتھ پکڑ لیے جاتے ہین - پاؤن کو دیکھتے رہتے ہین اور ایسے وقت پر دیکھتے ہین تو اثر ظاہر ہوتا رہتا ہے - مہذا اس منظر کی ظاہری شکل دھوکا دینے والون کے طریقے سے مشابہ ہوتا ہے - دھوکا کہتے ہی اُس کو ہین جسکی ظاہری شکل بالکل واقعیت کے مشابہ ہو - عدالتون مین جعلی کاغذ اور جھوٹی شہادتین ویسی ہی درستی سے پیش کی جاتی ہین جیسے اصلی تمسک اور سچی شہادتین مگر اس بنا پر شہادت اور تمسک کو محکمہ عدالت سے موقوف نہین کیا جاتا - البتہ روشنی کم دینے کا اعتراض قوی معلوم ہوتا ہے اور بے شک اس سے دھوکے کا گمان

روحانی عمل کیلیے تاریکی مناسب ہے | ہوتا ہے مگر ایک تو اس مسئلہ کو جس طرز سے مسٹر لیڈ بیٹر حل کرتے ہین کہ "روحانی قوت کا بارک عام خاصہ ہو کہ تاریکی مین اسکا اثر زیادہ ہوتا ہے" یہ نوبہ قرین قیاس ہے کیونکہ عالمون کا روشنی کو کم کر دینا تو خیر انکی بد دیانتی سمجھا جا سکتا ہے مگر مسٹر لیڈ بیٹر کی تائید اُن عام مناظر سے بھی ہوتی ہے جبکہ لوگون کو خیالی یا واقعی شکلین اور غیبی پیغام اور خبرین معلوم ہوئی ہین اور بعد مین درست ثابت ہوتی ہین اور بیشتر پریس میں بھیجنے والون کی شکلین موت کے وقت یا بعد مین انکے دوستون کو نظر آئی ہین اور ان کے عدوش کو مسٹر ریڈ مور وغیرہ تمام مظاہر روحانی کی تلاش کرنیوالے مانتے ہین - غرض یہ سب مختلف قسم کے منظر عموماً رات کو دکھائی دیتے ہین اور کبھی بہت ہی قوی روحانی اثر ہوتا ہے تو دن کو یا پوری روشنی مین نظر آیا ہو بلکہ روحانی طور پر اطلاع پانے کے اکثر واقعات خواب مین پیش آتے ہین اور روحانی علاج بھی اسی صورت مین زیادہ قوی ہوتا ہے کہ سونے سے پہلے خیال قایم کر لیا جاے اور معالج اور مریض کا سونے کا وقت ایک ہو اور اسی لئے مسٹر لیڈ بیٹر کہتے ہین کہ وہ سلیٹون کے اندر پنسل رکھ کر جو پیغام حاصل کیے جاتے ہین وہ

† اڈوانسڈ اف دتھ باب بیست و ہشتم

عموماً خطا نہین کرتے اس لیے کہ سلیٹون کے اندر ہر وقت تاریکی رہتی ہے اور اس لیے روحانی اثر بے وقت پہونچ سکتا ہے۔ اور دوسرے مسٹر کروکس اور ماسٹر اف لنڈ سے کے اکثر تجربون مین روشنی تیز بھی رکھی گئی ہے اور اثر ظاہر ہوا ہے چنانچہ بلند ہونے اور کوئلون کو پکڑنے کے دو موقعون مین سے ایک مین روشنی پوری رکھی گئی ہے۔

روحانی اثر سے جسم کی حرکت ناقابل انکار ہے

غرض روحانی اثر کی تیسری قسم یعنے اجسام کا بے ارادہ حرکت کرنا بھی اکثر روایتون سے ایسی ثقہ کے ساتھ ثابت ہوتا ہے کہ اس سے انکار کی گنجایش نہین اور ہم لوگون مین سے جن کو صوفیائے کرام کے حلقون مین حاضر ہونے کا اتفاق ہوا ہے وہ اس گئے گذرے زمانے مین بھی اپنی آنکھون سے دیکھتے ہین کہ ایک باخدا کی قلبی توجہ سے حاضرین کے دل کیسے بیتاب ہو جاتے ہین کہ وہ حلقہ توجہ مین نیم بسمل کی طرح تڑپتے نظر آتے ہین۔ اور نیز لطائف کی مشق سے کس طرح خاص خاص اعضا اور لطیفہ قلب مین تمام جسم بے ارادہ حرکت کرنے لگتا ہے اور نیز پاس انفاس یا یوگا بھیاس کرنے سے کیونکر انسان کی روح کسی خاص مقام پر مقید ہو کر تمام جسمانی اعضا اور حرکت کرنے والی شریان اور اعضائے تنفس سرد بے حس و حرکت اور مردہ ہو جاتے ہین۔

روحانی اثر سے حرکت پیدا ہونے کی وجہ معلوم نہین ہو سکتی

مگر روحانی طاقت جسم پر کیون کر اثر کرتی ہے؟ اس کا قانون دریافت نہین ہو سکا مسٹر ہیڈسن لکھتے ہین کہ ؎

"انسانی روح جسمانی حواس اور قوی پر کیونکر حکومت کرتی ہے؟ فانی انسان کبھی نہین جان سکتا اور یقین ہے کہ اس سوال کو فزی الوجی اور میڈیکل اناٹومی یعنے علم قوائے حیوانی اور علم تشریح وغیرہ حل نہین کر سکتا یہ ایک سائنٹیفک یعنی علمی واقعہ ہے جس کو اس لیے تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ وہ قابل اثبات ہے۔ نہ اس لیے کہ انتہائی اسباب بیان ہو سکتے ہین"

ارادہ سے حرکت پیدا ہونے کی وجہ بھی نامعلوم ہے

اور روح کا جسم کو حرکت دینا ایک طرف ارادہ جو جسم کو حرکت دیتا ہے اسکی وجہ بھی معلوم نہین ہے مسٹر مائرس لکھتے ہین †

"مجھے یہ بھی معلوم نہین کہ میرا ارادہ میرے بازو کو کیونکر حرکت دیتا ہے۔ لیکن میں تجربہ سے جانتا ہون کہ عموماً میرا بازو

† لائف آف سائیکک فینامنا باب ۱۰ صفحہ ۱۵۱ سنہ ۱۸۹۳ء ‡ ہیومن پرسنلٹی باب ۹ صفحہ ۳۱۲

میرے ارادہ سے متحرک ہو جاتا ہے اور پھر اُن چیزوں کو حرکت ہوتی ہے جو بازو سے متصل ہوں۔ یعنی اُن چیزوں کو جو میرے اس حصۂ جسم سے متصل ہوں جس پر میری نظام جسمانی کی زندگی منحصر ہے اور کبھی میں اُن چیزوں کو بھی حرکت دے سکتا ہوں جن کو میرے جسم سے حقیقی اتصال نہیں ہوتا مثلاً حرارت کے ساتھ یا برقی طاقت کے ساتھ جو میری انگلیوں سے نکلتی ہے بعض مادّوں کو پگھلا کر یا جلا کر حرکت دے سکتا ہوں۔ غرض اس طاقت کیلئے میں کوئی معین حد نہیں پاتا اور طاقت کی اُن تمام شکلوں کو نہیں جانتا جو مناسب تبدیلی سے میری انگلیوں سے پیدا ہو سکتی ہے۔"

جسم کا جسم کو حرکت دینا بھی ایک راز ہے۔

اور یہ تو مخفی طاقتیں ہیں جن سے حرکت پیدا ہوتی ہے اور اس لیے سمجھ میں نہیں آتا کہ کیونکر پیدا ہوتی ہے مگر اس سے بڑھ کر عجیب بات یہ ہے کہ اجسام کا اجسام کو حرکت دینا بھی کسی اصول سے حل نہیں ہو سکتا ڈاکٹر سپنسر لکھتے ہیں +

"ہم کہیں سے دیکھتے ہیں کہ متحرک ساکن کو متحرک کر دیتا ہے اس لیے تعجب نہیں کرتے ورنہ سمجھ میں نہیں آتا کہ متحرک کے دھکا دینے سے ساکن میں کیا بات پیدا ہوئی کہ پہلے تو ایک حالت میں تھا یا اب لحظہ بہ لحظہ جگہ بدلتا ہے یہ کہو کہ حرکت دوسری چیز سے اس میں داخل ہو گئی۔ کیونکر؟ وہ کیا چیز ہے میں اب آ گئی جو پہلے موجود نہ تھی۔ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ حرکت سے سکون کیونکر پیدا ہوا۔ قانون تواتر کہتا ہے کہ کوئی رفتار کسی درجہ سے کسی درجہ تک کم نہیں ہوتی جب تک درمیانی درجات کو عبور نہ کرے پس جو متحرک ساکن ہوا وہ ساکن ہونے سے پہلے متحرک تھا اور اسمیں رفتار تھی اور وہ رفتار چاہے کیسی ہی سست ہو سکون سے ہر حال میں بدرجہا زیادہ ہے پس اس سے بغیر درجات کو ختم کرنے کے دفعتہً سکون کیونکر پیدا ہو گیا۔ غرض ان تغیرات کو ہم یقیناً جانتے ہیں کہ واقع ہوتے ہیں۔ مگر سمجھ میں نہیں آتے"۔

روحانی اثر اس زمانے میں کمتر نظر آتے ہیں۔

یہ ضرور ہے کہ جیسا کہ مسٹر ڈیوڈسن جسمانی حرکات کی نسبت لکھتے ہیں جسمانی حرکات ہوں یا دیگر قلبی انکشافات تمام مظاہر روحانی اس زمانے میں پہلے زمانوں کی نسبت کمتر واقع ہوتے ہیں اور اس کیفیت کو سرسری نظر سے دیکھ کر بیشک ان طاقتوں کی نسبت کسی قدر شبہ پیدا ہوتا ہے

+ کتاب فوسٹ پرنسپلز باب سوم صفحہ ۵۶ ۱۸۸۵ء

کرہ اتفاقات کا کامل مطالعہ کرنے سے جو قاعدے روحانی عمل کے لیے دریافت ہوئے ہین اُن واقعات اور اُن قاعدون کو دیکھتے ہوئے یہ عقدہ حل ہوجاتا ہے۔ کیونکہ روحانی طاقت کے ظہور کی ایک شرط اپنی توجہ کو جسم و جسمانیات سے ہٹانا ہے اور اسی لیے جب اپنے ارادہ سے کوئی عمل کرنا مقصود ہوتا ہے تو کسی نہ کسی طریق سے حالت وجد پیدا کی جاتی ہے۔ اور ایک دوسرا قاعدہ یہ دریافت ہوا ہے کہ روح پر انسانی خیال نہایت شدت سے اثر کرتا ہے حتے کہ اگر مسمریزم کے معمول کو خیال دلوایا جائے کہ وہ مُردہ ہے تو دفعۃً تمام علامات زیست منقطع ہوجاتی ہین اور اگر اُس کو بندر یا کُتا ہونے کا یقین دلوایا جائے تو اُنہی کی سی حرکتین کرنے لگتا ہے اور اسی قاعدہ کا اثر ہے کہ اگر معمول کے سامنے کوئی منکر اپنے خیالات اُس کی روحانی طاقت کے خلاف ظاہر کرے تو جیسے وہ خیال کے اثر سے جسمانی قوتون کو کھو دیتا ہے اسی طرح سے روحانی قوتین بھی ایسے خیال سے معدوم ہوجاتی ہین۔ اور اگر منکر مضبوط خیال کا آدمی ہو تو زبان سے انکار کرنا بھی ضرور نہین بلکہ معمول اپنی روحانی طاقت سے اُس کے دلی خیال کو پڑھتا ہے اور اس خیال کے اثر سے اپنے تئین کھو بیٹھتا ہے پس اسوقت بھی روحانی اثر ہے جو ایک مخالف تموج پیدا کرکے دیگر روحانی اثرون کو زایل کررہا ہے۔ غرض یہ دونون قاعدے کلیہ اور یقینی طور پر ثابت شدہ ہین† اور جیسے خاص خاص اشخاص پر صادق آتے ہین خاص خاص اقوام اور زمانون پر بھی چسپان ہین۔ اس لیے جس زمانے مین اور جس قوم مین جسمانی علوم کا رواج اور ان پر یقین اس درجہ تک ہو کہ جسم کے سوا کسی چیز کا حتے کہ انسانی روح کا یقین بھی زایل ہوچکا ہو اس وقت پہلی شرط یعنی جسم و جسمانیات سے بے توجہی اور روحانی غور و فکر کی عادت زائل ہوجاتی ہے اور ان طاقتون کی مشق نہ کرنے سے یا تو وہ بالکل معدوم ہوجاتی ہین یا کم اثر کرتی ہین اور اسی طرح جس وقت انکار کا غلغلہ دل و زبان سے نکل کر تمام فضا مین پھیلا ہوا ہو تو اس مخالف خیال کے اثر سے جن فوق الطاقتین قوتی بھی ہین عمل نہین کرتین اور اس لیے ظاہر ہے کہ ایسے زمانے مین جیسا کہ اب بھی ان طاقتون کا ظاہر نہ ہونا تعجب نہین بلکہ اگر کہین اُن کا اثر پایا جائے تو وہ محل حیرت ہے۔

† مسٹر ہیڈمن نے ان دونون عنوانون پر دو باب لکھے ہین اور قرائن اور واقعات سے ان کو ثابت کیا ہے۔ ملاحظہ ہو باب دوم و ہفتم کتاب لاف سائیکل فینامنا۔

معجزہ

اور اس کے برخلاف گذشتہ زمانے مین جبکہ لوگون کے دلون پر مذہبی گرفت اسکی نسبت زیادہ تھی اسی گرفت کے مطابق اُن کو خدا کی طرف اور روحانیات کی جانب توجہ تھی اور اس قسم کے غور و تامل اور مراقبہ و مجاہدہ سے بےاراده اور خود بخود جسمانیات سے وہ بےتعلقی پیدا ہوجاتی تھی جو روحانی اثر کی ضروری شرط ہے اور نیز منکرانہ خیالات کا مخالف اثر بھی اس وقت کمین تو ایسی طاقتون کے خلاف بالکل موجود نہ ہوتا تھا اور کسی جگہ ہوتا بھی تھا تو محض عناد اور حسد سے ہوتا تھا۔ مگر جسمانی علوم کی مدد سے اور اصولی طور پر روح وغیرہ کے انکار سے مخالفت نے جو اعتقاد اور مذہب کا درجہ اب حاصل کیا ہے اُس کا اُن دنون مین نشان نہ تھا۔

اور اس طرح پر روحانی اثر کی دونوں شرطون کے پائے جانے سے وہ وہ عمل سرزد ہوتے تھے جو دنیا کے لیے باعث حیرت ٹھیرتے تھے اور اعجاز و کرامت کا لقب پاتے تھے اور پھر خلق اللہ کو جو توجہ ان عجائبات کی وجہ سے اِن بزرگوارون کیطرف ہوتی تھی اس سے کام لیکر وہ ان کو اپنی تعلیم و ہدایت کی طرف بلاتے تھے اور اس طرح پر عوام الناس کے لیے جو نور عقل سے تعلیم و ہدایت کی خوبیان نہ سمجھ سکتے ہون بسہولت روحانی کرشمے معجزہ کے نام سے دعوی کے لیے دلیل کا کام دیتے تھے

مگر گذشتہ زمانے مین بھی جب کبھی انکار کا اثر بہت قوی ہوا ہے تو وہان روحانی اثر ظاہر کرنے سے انکار کیا گیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ جناب مسیح علیہ السلام نے ایک موقع پر فرمایا ہے کہ منکرون کو کوئی نشان نہ دکھایا جائیگا۔ اور نیز جس جس قدر انکار کی عادت بڑھتی گئی روحانی آثار یا بالفاظ دیگر معجزون کا اظہار کم ہوتا گیا اور غالبًا اسی اصول کی طرف اشارہ ہی جہان ارشاد ہوا ہے۔

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ۭ (بنی اسرائیل پ ۱۵ ع ۶)	ہمکو نشان بھیجنے سے اس امر نے روک دیا ہے کہ پہلے لوگون نے انکی تکذیب کی

یہان معجزہ کے رُک جانے کو خدا کی طرف منسوب کرنا قرآن کا عام محاورہ ہے چنانچہ وہ تمام مظاہر قدرت کو جو معینہ اسباب سے سرزد ہوتے ہین خدا کی طرف جو علۃ العلل ہے منسوب کیا کرتا ہے مثلاً فرمایا ہے کہ ہم نے ہوائون کو چلایا۔ ہمنے بارش برسائی اور ہمنے زمین سے نباتات اگائین اور مطلب یہ ہے کہ ہم نے وہ قوانین قدرت مقرر کیے جن سے یہ مظہر پیدا ہوئے اسی طرح یہان بھی یہی مطلب ہے کہ ہمنے ایسا قاعدہ مقرر

کیا کہ تکذیب والکار کی اشاعت سے قوای روحانی کا اثر باطل ہو جائے۔

غرض موجودہ زمانے مین روحانی طاقت کا کم یا زایل ہو جانا اُس تحقیقات کو غلط نہین کر سکتا جو مختلف طریقون سے ان امور کی نسبت کی گئی ہے۔ البتہ اسی تحقیقات سے بہت سے واقعات ایسے بھی دریافت ہوئے ہین جن مین دھوکا دیا گیا ہے اور کوئی شعبدہ جسمانی وسائل سے دکھا کر روحانی طاقت کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور جو لوگ محض عالمانہ طور پر دلایل سے اس کا یقین حاصل کرنا چاہتے تھے اور خود کسی قسم کا ذاتی تجربہ نہین رکھتے تھے ان واقعات سے متوحش ہو کر مطلق انکار کی جانب مائل ہو گئے ہین۔ چنانچہ مسٹر پڈمور بھی انھی لوگون مین سے ہین۔ مگر دھوکا آمیز واقعات کو مدنظر رکھ کر اور نیز سادہ منطقی طریق استدلال کو رہنما بنا کر جو نتیجہ منصفانہ طور پر نکالا جا سکتا ہے وہ مسٹر مائرس کا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ ✝

"جو دلچسپی عوام الناس کو ان مظاہر سے ہے اُس نے جیسا کہ سبھی علوم ہے فریب کو بہت ترقی دی ہے جسکو ثابت کرنا اور جس کے لیئے پیش بندی کرنا سوسایٹی فار سائیکیکل ریسرچ کا بہت بڑا مقصد ہے۔ اور بیشک روحانی طور پر جسم کو حرکت دینے کی جو نقل (دھوکا دینے والے) عام طور پر کرنے لگے ہین اُس نے ان واقعات کی صداقت مین بھی شک پیدا کر دیا ہے جن مین نہایت احتیاط سے دھوکے کی پیش بندی کر لیگئی ہے یا دھوکا غیر اغلب سمجھا گیا ہے۔ اور اس لیے مین اگرچہ پورے طور پر یقین رکھتا ہون کہ روحانی طاقت سے جسمانی حرکات پیدا ہو سکتی ہین مگر مانتا ہون کہ ان کی نسبت ناظرین کا یقین پیدا کرنا یا انکو اپنی عام اور مکمل تحریر کا ایک مکمل حصہ بنانا قبل از وقت ہے کیونکہ دھوکے کے اصول کے خلاف ان کو پورے طور پر ثابت کرنا ایک قواعد فسون سازی اور دیگر فنون کی کامل واقفیت پر منحصر ہے جس کا مین دعوی نہین کر سکتا اور دوسرے ان کو پورے طور پر سمجھنا مادہ اور ایتھر کے تعلقات پر موقوف ہے جن کی دھیمی سی جھلک نہایت تازہ علمی انکشافات مین نظر آئی ہے مثلاً وہ انکشافات جو

✝ ہیومن پرسنلٹی باب نہم صفحہ ۳۱۳۔

ابھی حال مین شعاعون کی نسبت ہوئے ہین اوجن کا پہلے گمان بھی نہ تھا"۔†

یقین کے لیے کسی واقعہ کا ثبوت ضرور ہے نہ کہ سبب کا دریافت ہونا

بیشک یہان مسٹر مارٹس جس یقین کو قبل از وقت کہتے ہین وہ یقین ہی جو کسی چیز کی علت دریافت کرنے سے ہی پیدا ہوا کرتا ہے اور شاید جیسا کہ ان کو امید ہے کبھی وقت آجائے اور ایتھر اور مادہ سے بڑھکر روح اور مادہ کا تعلق دریافت ہوجائے مگر ابھی تک روحانی حرکات کی علت دریافت نہین ہوسکی پس تا حال ایسے امور کی نسبت یقین کا ایک وہی طریق ہے جس سے خود مسٹر مارٹس کو یقین ہوا یعنے تجربہ اور تجربہ کے متعلق طویل اور منصفانہ غور و فکر۔ اور دیکھا جائے تو جو یقین کسی واقعہ کا سبب دریافت کرنے سے ہوتا ہے وہ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے کیونکہ علت و معلول کا سلسلہ نہایت پیچیدہ۔ قوانین قدرت بے انتہا اور عقل انسانی ہمیشہ ترقی پذیر ہے۔ آج کسی چیز کا ایک سبب قرار دیا جاتا ہے اور اس سے طبیعت کو تسکین دی جاتی ہے۔ کل وہی واقعہ پیش آتا ہے مگر وہ سبب چسپان نہین ہوتا۔ انسان کچھ دیر کے لیے متحیر ہوجاتا ہے پھر کسی اور سبب کا پتہ لگتا ہے اور اس پر یقین کرلیتا ہے۔ اسی طرح ہمیشہ ایک ہی واقعہ کی نئی نئی صورتین اور نئے نئے اسباب دریافت ہوتے رہتے ہین اس حالت مین جو بات پکی اور یقینی ہے وہ اس امر واقعہ کا ظہور پذیر ہوتا ہے ورنہ اسباب جس طرح پہلے بدلتے رہے ہین آیندہ بھی یقین نہین ہوسکتا کہ کوئی اور سبب دریافت نہ ہوگا۔ انسان دور سے جنگل مین ایک روشنی دیکھتا ہے چونکہ جانتا ہے کہ انسان آگ جلاکر روشنی پیدا کیا کرتے ہین اس لیے یقین کرتا ہے کہ یہ روشنی بھی کسی انسان کا فعل ہوگا مگر پھر معلوم ہوتا ہے کہ وہ انسانی فعل نہ تھا بلکہ بجلی کی چمک تھی اس پر یقین کرتا ہے۔ پھر کبھی رات کو فاسفرس جل اٹھنے سے ویسی ہی چمک نظر آجاتی ہے کبھی دن کو آئینہ یا کسی اور روشن چیز پر آفتاب کی شعاع پڑنے سے اسی طرح کا شعلہ دکھائی

† غالباً اس سے اشارہ ان شعاعون کی جانب ہے جن کو اکس ریز کہتے ہین اور جو جیوانی جسم اور اکثر چیزون سے گذر جاتی ہین یا ریڈیم جسمین بہت سی عجیب باتین دریافت ہوئی ہین۔ یا آفتاب کی وہ شعاعین جو الٹراوائلیولیٹ ریز کہلاتی ہین اور جس مین مدلم کو اکس نے ایک آلہ ریڈیو اسکوپ نام ایجاد کرکے حرکت پیدا کرنے کی طاقت ثابت کی ہے۔ ان تجربون کی نسبت کوئی متفق علیہ رائے کیون کر پیدا ہوسکتی ہے دریافت نہین ہوئی اگرچہ تھیوریز یعنے احتمالات بہت ہین (ملاحظہ ہو کتاب فزکس مصنفہ گینو حالات ریڈیو آمیٹر اور الٹراریڈی اس)۔

دیتا ہے۔ علت و معلول کا سلسلہ بدلتا رہتا ہے حتیٰ کہ آئندہ کسی اور روشنی کو دور سے دیکھنے پر کسی خاص سبب کا یقین نہیں ہوتا۔ مگر جو بات ہر طرح یقینی طور پر ثابت رہتی ہے وہ روشنی کا وجود ہے۔ اسی طرح روحانی اثروں کے لیے جبکہ کسی عامل نے نظر جما کر کسی کو بیہوش کر دیا ہے خیال ہوا کہ انسان کی آنکھوں سے کوئی مقناطیسی قوت نکلتی ہے۔ پھر کسی سمراٹزد نے انسان کے چہرہ اور چھاتی کے سامنے ہاتھوں کو اوپر سے نیچے کو لا کر اسے مدہوش کیا لوگ سمجھے کہ انگلیوں سے ایک رقیق مادہ نکلکر یہ حالت پیدا کرتا ہے۔ پھر ایسی صورتیں پیش آئیں جہاں دیکھنے اور ہاتھ سے پاس کرنے کے بغیر کوئی اثر پیدا ہوا اور اس کے سبب کی تلاش ہوئی کبھی الٹرا وائیو لیٹ رینز (کیمیائی اثر پیدا کرنے والی شعاع) یا آکس رینز (جسم انسانی سے نفوذ کرنے والی برقی شعاع) کیطرف خیال گیا کبھی ایتھر اور مادہ کا تعلق سمجھنے کی کوشش ہوئی۔ غرض اہل علم اپنی علمی طاقت سے جس طرح کے سبب دریافت کرتے رہے اور کرتے رہیں گے مگر یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا اور یہ دعوی نہ ہو سکے گا کہ جس قدر اسباب قدرت نے مہیا کیے تھے وہ معلوم ہو چکے۔ اور جو بات ہر جگہ ثابت اور یقینی ہے وہ یہی ہے کہ انسان میں کچھ مخفی طاقتیں ہیں جن کا اثر کبھی کبھی نظر آجاتا ہے۔ خواہ اسباب و علل کچھ ہی ہوں۔

روحانی طاقتیں مہاتما بدھ کی زبان سے

قدیم زمانے میں جب کہ انسان کی دماغی طاقتیں اس عروج پر نہ تھیں اور بیشتر روحانی طاقتوں پر مدار تھا اُس وقت میں بھی بعض فلسفیانہ خیال کے بزرگوار ان مظاہر کو دیکھ کر اپنی سمجھ کے موافق اُن کے اسباب معین کرتے تھے چنانچہ مہاتما بدھ ان طاقتوں کا یوں ذکر کرتے ہیں[1]

"انسان ایک جسم رکھتا ہے جو چار عناصر سے مرکب ہے اور جو اُس کے والدین کے اجتماع کا ثمرہ ہے۔ چاول یا آش سے پرورش پاتا ہے اور کاٹا جا سکتا ہے اور پامال کیا جا سکتا ہے۔ اس چند روزہ جسم میں اسکی ذہانت غیر محدود ہے۔ سادھو اپنے تئیں اس طرح مقید پاکر اس سے کسیقدر آزاد و لباس پیدا کرنا چاہتا ہے۔ وہ اپنے خیال میں ایک اور جسم کا نقشہ جماتا ہے جو اس مادی جسم سے پیدا ہوا ہو اور جو اسی طرح

[1] کتاب پاپولر لائف آف بدھا یعنی بدھ کی سوانح عمری مصنفہ مسٹر آر تھر الی باب پنجم صفحہ ۱۸۱ سنہ ۱۸۸۱ء اقتباس ایک نگھالی کتاب سے جس کا نام سمانا فالا استا ہے۔

کی شکل اور اعضا اور نظام جسمانی رکھتا ہو۔ اس جسم کا مادی جسم سے وہی تعلق ہے جو تلوار کو میان سے یا سانپ کو اُس ٹوکرے سے جس میں وہ بند ہے۔ سادھو اس طرح صاف اور کامل ہو کر اپنی فوق العادت طاقتوں کا استعمال شروع کرتا ہے۔ وہ اپنے تئیں مادی رکاوٹوں۔ دیواروں اور احاطوں میں سے نفوذ کر جانے کے قابل پاتا ہے اور اپنے سایہ نما جسم کو ایک ہی وقت میں بہت سی جگہوں میں ظاہر کرنے کے قابل ہوتا ہے وہ پانی کی سطح پر چل سکتا ہے اور ڈوبتا نہیں۔ وہ بڑے پروں والے عقاب کی طرح ہوا میں اُڑ سکتا ہے اور وہ اس دُنیا کو چھوڑ سکتا ہے اور برہما یعنی خدا کے آسمانوں میں جا سکتا ہے۔ اس وقت جس طرح پر ہاتھی دانت کا کام کرنے والا اپنے خیال کے مطابق ہاتھی کی سونڈ بنا لیتا ہے اسی طرح سادھو اپنے خیال کے زور سے ایک اور خاصہ حاصل کرتا ہے۔ وہ نادیدہ جہان کی آوازیں سُننے کی طاقت حاصل کرتا ہے۔ بعینہٖ جس طرح کہ وہ اس خیالی دُنیا کی آوازیں سُنتا ہے۔ بلکہ حقیقت میں اس سے بھی زیادہ وضاحت کے ساتھ۔ اور نیز وہ اپنے من کی طاقت سے دوسروں کے بہت ہی پوشیدہ رازوں کو معلوم کرنے اور اُن کی خصائل و عادات بتانے کے قابل ہوتا ہے۔ وہ کہہ سکتا ہے کہ فلاں شخص کا قلب آزاد ہے۔ فلاں اچھی نیت کا آدمی ہے۔ فلاں کوئی آرزو ہی نہیں رکھتا۔ جس طرح سچا اپنی کان کی بالیوں کا عکس پانی میں دیکھ کر کہتا ہے کہ وہ بالیاں میری ہیں اسی طرح ایک صاف باطن سادھو صداقت کو پہچان لیتا ہے۔ اس وقت اُس کو دیدار خدا کی قابلیت حاصل ہوتی ہے۔ وہ دیکھ لیتا ہے جو کچھ انسان زمین پر کرتا ہے اور جو مرنے کے بعد یا دوبارہ پیدا ہونے پر کریگا۔ پھر وہ دُنیا کے رازوں کو معلوم کرتا ہے اور یہ کہ لوگ مصیبت زدہ کیوں ہیں اور کیوں کر وہ اس حال سے رہائی پا سکتے ہیں۔"

غرض مہاتما بدھ اپنی طرز ادا سے واقعات بعینہٖ وہی لکھتے ہیں جو ایک ریگستان کے اُمّی پیغمبر کو (صلی اللہ علیہ وسلم) شبِ معراج میں پیش آئے۔ پس خواہ وہ روح ہو جو ایسی حیرت انگیز طاقتیں رکھتی ہے اور خواہ اس جسم کے اندر کوئی اور لطیف جسم ہو اور خواہ انسان محض اسی گوشت پوست کا نام ہو اور اس کے اندر مقناطیسی یا کسی اور جیسی طاقت مضمر ہو۔ اس کی تحقیق تحقیق کرنیوالوں کو مبارک ہو۔ جو امر واقعہ ہے وہ اسی قدر ہے کہ اِس ساڑھے تین ہاتھ کی مخلوق کو بڑی قدرت دی گئی ہے جس کے ادنےٰ کرشمے عموماً ظاہر ہوتے رہتے ہیں اور جب

وہ اس نور مطلق کی طرف دھیان لگاتا ہے اور وہ جسمانیت سے بے توجہی جس کو یہ دنیا والے بھی روحانی اثر کے لیے شرط ٹھیراتے ہین اپنی سب سے بڑی اور کامل صورت مین پیدا ہوتی ہے تو اس کی اندرونی طاقتین پوری قوت سے جلوہ دکھاتی ہین اور انسان اپنی استعداد کے موافق کبھی کبھی مخفی راز کو معلوم کرلیتا ہے اور کبھی کوئی جسمانی اثر ظہور پذیر ہوتا ہے۔ اور جب صفائی اور نور باطن اس درجہ کو پہونچ جاتا ہے کہ دولت دیدار بے واسطہ میسر ہو تو ویسے موقع پر وہ طاقت مکمل ہوکر کسی طرح سے اپنا ظہور دکھاتی ہے وہ لامحدود فضا مین سیر کرتا ہے ارواح مجردہ اور گذشتہ انسانون سے ملاقی ہوتا ہے۔ دوزخ اور بہشت کے حالات جو پس از مرگ پیش آنے والے ہین مشاہدہ کرتا ہے اور اپنے کمال کے انتہائی نقطہ پر پہونچ کر جس کو معراج کہتے ہین اُن رازون سے واقف ہوتا ہے جن پر عمل کرنے سے نور معرفت حاصل ہو اور انسان وصال ربانی کے لطف اُٹھائے۔

معراج جسمانی

غرض جو روحانی آثار وقتاً فوقتاً بعض انسانون سے بے ارادہ صادر ہوئے ہین یا جو خاص قاعدون پر عمل کرنے سے انسان اپنے ارادہ سے ظاہر کرتا ہے اُن کے مطالعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ جسمانی معراج مین جس کو اکثر اہل اسلام مانتے ہین کوئی اصولی غلطی نہین اور فرق صرف اسی قدر ہے کہ مخفی رازون کو دریافت کرنے اور جسم و جسمانیات پر عمل کرنے کی طاقت جو ادنے پیمانہ پر عام انسانون مین پائی جاتی ہے وہ اعلیٰ درجہ کے مکمل پیمانہ پر کسی خاص سے خاص بندہ کے لیے تسلیم کی گئی ہے۔

روحانی عمل کے لیے قاعدون کی تعلیم ضروری نہین۔

بھاپ سے دیگچی کے سرپوش کی حرکت یا درخت سے پھل گرنے کا میلان ایک ادنے کرشمہ تھا اُس طاقت کا جو کروڑون من وزنی اجسام کو کھینچتی ہوئی بعد مین ثابت ہوئی مگر جن اللہ کے بندون کو نور عقل دیا گیا تھا اُنھون نے چشم بصیرت سے گویا اُسی وقت اُس کے تمام کرشمے دیکھ لیے تھے اور اسی لیے وہ ایسے یقین سے اسکی تحقیق مین لگ گئے کہ اگرچہ دُنیا ان پر ہنستی تھی مگر جس چیز کو دیگچی اور سیب مین دیکھ چکے تھے ثابت کرکے رہے کہ صرف دیگچی اور سیب مین نہین بلکہ نہایت بڑے پیمانہ پر تمام دُنیا مین پھیلی ہوئی ہے۔ اور خیریہ تو ایسے لوگ تھے خود جن کا دماغ اور نیز جن کا زمانہ علم و فضل کی لذت سے آشنا تھا اور اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ انکی تعلیم نے اور زمانہ کی ترقی نے ان کو اس تلاش کیطرف متوجہ کیا۔ ہمکو تو ابتدائی انسان بھی نیوٹن اور واٹ کا ہم پلہ معلوم ہوتا ہے جس نے کسی پتھر کو دوسرے پتھر پر گھستے ہوئے ایک نور سی

چمک پیدا ہوتی دیکھی ہوگی اور اس ذرا سی چیز کو دیکھکر اس تجربہ کے پیچھے پڑگیا ہوگا جو آج ہزارون برس سے انسان کو آگ جلانے کے فائدون سے متمتع کر رہا ہے۔ حالانکہ وہ شخص نہ کوئی فلاسفر ہوگا اور نہ کسی قسم کی تعلیم اور تہذیب کا فخر کرسکتا ہوگا مگر اُسکی توجہ محض اُسکی فطری میلان سے پیدا ہوئی ہوگی جو انسان مین موجود ہے کہ ہر چیز جو چھوٹے پیمانہ پر ظہور پذیر ہوتی ہے اُسکا بڑے پیمانہ پر موجود ہونا بھی ممکن ہے۔ پس اِسی طرح جن لوگون کو ان کے جاذبہ فطرت نے مذہبی غور و خوض اور روحانی مراقبہ و مشاہدہ کی طرف متوجہ کردیا وہ اگرچہ آجکل کی مسمریزم اور اُسکے قاعدون سے باضابطہ واقف نہ تھے مگر جو کرشمے اُن کی روح نے ادنے پیمانہ پر دکھائے وہ اپنے فطری میلان سے اسکی مشق مین مصروف ہوئے اور روحانی صفائی سے جس قدر انکشاف بڑھتا گیا اسی قدر اُنکی فطری طاقت کا ظہور ہوتا گیا۔ پس پاوری فادر ہل کا قول صحیح نہین معلوم ہوتا کہ ‡ "معجزے مسمریزم اور دیگر روحانی طاقتون کے اصول پر چل نہین ہوسکتے اس لیے کہ یہ علوم اُس وقت مرتب اور مدون نہ تھے"۔ کیونکہ جس طرح ایک کسان ورزش کے قاعدون اور جسمانی طاقت بڑہانے کے طریقون سے آشنا نہین ہوتا مگر جس کام مین وہ لگا رہتا ہے اُس سے وہ خود بخود جسمانی طاقت مین ترقی ہوتی رہتی ہے جس سے وہ ایسے کام کرسکتا ہے جو کسی پہلوان سے بھی نہ ہوسکین۔ اسی طرح جو لوگ مذہبی کشش سے روحانی غور و خوض مین مصروف رہتے ہین اُنکی روحانی طاقت خود بخود ترقی کرتی رہتی ہے اور وہ ایسے اثر پیدا کرنے کے قابل ہوجاتے ہین جو مسمریزم وغیرہ کی مصنوعی تعلیم سے بالاتر ہوتے ہین۔ بلکہ بسا اوقات کسی اثر کے ظاہر ہونے پر وہ خود متحیر ہوجاتے ہین اور چونکہ اُنکے ارادہ اور علم کا اُسمین دخل نہین ہوتا ان کو معلوم بھی نہین ہوتا کہ اس طاقت کا تخم خود اُن کے اندر رکھا گیا ہے چنانچہ مسٹر موسز جب بلند ہوئے ہین تو وہ نہین سمجھتے کہ یہ اُن کا اپنا فعل ہے بلکہ اس اثر کو اور نیز اپنے تمام تجربون کو تمام عمر مُردہ ارواح کا اثر مانتے رہے۔ اسی طرح جب وادی ایمن کے مسافر کو (علیہ السلام) اُنکی استعداد کامل نے جلوہ ربانی نظر آیا اور لکڑی کو سانپ کی طرح لہراتی دیکھی اور اسکا تجربہ ہوا تو وہ خوف سے بھاگنے لگے۔

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا (نمل ع ۱۹ - قصص پ ۲۰ ع ۴)	پس جب دیکھا اُسے ہلتا ہوا گویا وہ سانپ ہے تو وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے۔

‡ رسالہ اسپرٹ اینڈ ورلڈ ۱۰ جنوری ۱۹۰۰ء

باب پنجم

معراج اور معجزہ کے متعلق مزید توضیح اور معجزہ کا فائدہ

معجزہ سلسلہ علت و معلول کے ماتحت ہے۔ اسلام اور قانون قدرت۔ معجزہ خدا کی طرف کیوں منسوب ہوتا ہے مذہب کی طرف سے اسباب جلل کی تفصیل ہونے پر ہدایت کی غرض فوت ہو جاتی ہے۔ تمام واقعات کے اسباب معلوم نہیں ہو سکتے۔ سبب معلوم نہ ہونے پر عقل کیا عمل کرتی ہے۔ مذہب کیا عمل کرتا ہے معراج کے متعلق کیا یقین ہونا چاہئے۔ بالعموم معجزہ کے متعلق یہی یقین کافی ہے معجزہ کو دعوئی نبوت سے کیا تعلق ہے۔ معجزہ خاص حالات میں مفید ہوتا ہے۔ بنی اسرائیل کی کمزوری اور اسکی وجہ۔ دائمی مذہب کے لیے معجزہ کے سوا کوئی اور ثبوت ہونا چاہیئے عقلی ثبوت پر اعتراض اور اس کا جواب۔ عقل مختلف مذاہب کی نزاع میں فیصلہ دے سکتی ہے۔ عقلی ترقی سے مذہب کو استحکام ہوتا ہے۔

معجزہ سلسلہ علت و معلول کے ماتحت ہے۔

ابھی تک معراج اور اس کے ضمن میں معجزہ کے متعلق وہی مسلک اختیار کیا گیا ہے جس کے پتہ اور نشان عقل کے رہنما نے بتائے ہیں۔ لیکن اکثر اشخاص جو معجزہ کو مانتے ہیں وہ اسکو کسی خاص علت و معلول کا نتیجہ نہیں گردانتے بلکہ براہ راست قدرت خداوندی کا اثر مانتے ہیں جو اسکے تمام معینہ قوانین کے خلاف ظہور پذیر ہوتا ہے چنانچہ فادر ای اہرہل لکھتے ہیں[1]

"معجزہ کو ماننے والے خدا کو ایک کارکن ہستی مانتے ہیں جس کا عمل ہر وقت جاری ہے اور اس کا ایک دم کے لیے غافل ہونا تمام دنیا کی تباہی کا باعث ہو۔ پس اس کا دائمی عمل قانون قدرت ہے اور اس کا گاہ گاہ کا فعل معجزہ مثلاً آکسیجن اور ہیڈروجن کے ملنے سے اگر خدا کا ارادہ ہو تو پانی بن جاتا ہے اور یہ قانون قدرت ہے اور اگر خدا کا ارادہ شامل نہ ہو تو پانی نہیں بنے گا اور یہ معجزہ ہے"

اور بیشک خدا کو ماننے کے تین طریقوں میں سے جو دنیا میں رائج ہیں یعنی وحدت وجود جسمیں ایک مطلق

[1] رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ۔ ماہ جنوری ۱۹۰۷ء۔ خلاصہ۔

ہستی کو خدا اور اس کے مختلف مظاہر کو مخلوق مانا جاتا ہے۔ اور ایمان بالصانع جسمین مانا جاتا ہے کہ خدا نے ایک مشین بنادی ہے جو چل رہی ہے اور بنانے کے بعد صانع کا اسمین کوئی دخل نہین۔ اور ایمان بالخالق جسمین مانا جاتا ہے کہ مخلوق کسی وقت اپنے خالق سے بے نیاز نہین ہے۔ ان تینون شکلون مین سے اگر تیسری شکل صحیح ہے اور نیز اگر خدا اپنی ذات اور قدرت مین غیر محدود ہے تو جس طرح ہم اوپر سے آنے والے ایک ذرہ کو اپنے ہاتھ مین لیکر اُس کو زمین پر گرنے سے روک سکتے ہین اس لیے کہ کشش ثقل کا جتنا حصہ اس ذرہ کو نیچے کیطرف لا رہا تھا۔ ہمارے ہاتھ کی طاقت اس سے زیادہ ہے اور اس لیے اس وقت کشش ثقل کا عمل نہ کرنا اسکے قانون کا ٹوٹنا نہین ہے بلکہ ایک اُس سے بڑی طاقت کا مزاحم ہونا ہے۔ اسی طرح خدا چونکہ سب سے بڑی طاقت ہے اس لیے اس کا دُنیا کی تمام طاقتون کا مزاحم ہونا اور اپنے ارادہ سے اُن کے قوانین کو کسی خاص وقت کے لیے معطل کرنا خلاف قانون قدرت نہین ہوسکتا۔ اور نیز بیشک مذہبی حیثیت سے خدا کو مدبر عالم جاننا اور ہر کام کو اُسی کی قدرت اور ارادہ کا اثر سمجھنا فرض ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ جو قاعدے اُس نے مقرر کردیے ہین اگرچہ اپنی بالاتر طاقت کو دخل دیکر کسی وقت کے لیے اُن کو معطل کردینا خلاف قانون قدرت نہ ہو مگر چونکہ وہ حکیم و خبیر ہے اس لیے خاص اسکی اپنی طاقت کو دخل دینے کا کوئی فائدہ ایسا ہونا چاہیے جو اس عمل کے سوا صورت پذیر نہ ہوسکے۔ اس کے جواب مین کہا جاتا ہے کہ وہ فائدہ بندگان خدا کو ہدایت کرنا ہے۔ مگر ہم دیکھتے ہین کہ خدا کی ذات سے انکار کرنے والے اور بالخصوص اُس خاص صورت سے انکار کرنے والے جس صورت پر خدا کو ماننے کے لیے معجزہ لانے والے انبیا کہا کرتے ہین اور نیز اس کے ساتھ شرک کرنے والے ہر زمانہ مین کثرت سے موجود ہین۔ پس اگر اُن کو ہدایت دینے کا فائدہ محض معجزات سے حاصل ہوسکتا ہے تو لازم ہے کہ معجزات کا ظہور ہر وقت ہوتا رہے حالانکہ اگرچہ معجزات ہر مذہب اور ہر قوم مین کثرت سے مروی ہین مگر ہمیشہ ظاہر نہین ہوتے اور زمانے کا بہت بڑا حصہ ان سے خالی گذرتا اور گذر رہا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کی قدرت کاملہ کی حرکت مین آنے کی وجہ محض ہدایت کے سوا کچھ اور ہوگی۔ اور نیز جس طرح پر خدا کی قدرت کاملہ سے بغیر کسی ظاہری سبب کے معجزہ کا ظہور ہوسکتا ہے اسی طرح خدا کی قدرت کاملہ سے بغیر کسی ظاہری سبب کے خلق اللہ کو ہدایت ہوسکتی ہے۔ پس خلق اللہ کو ہدایت کرنے

کرنے کے لئے انبیا کو سبب ٹھیرانا اور انبیا کی تصدیق کے لیے معجزہ کو علت گردانتا خود اس دعوی کو تسلیم کرنا ہے کہ اگرچہ ہر مناسب کچھ خدا کی قدرت سے ہے مگر اس عالم اسباب مین اُس کے ظہور کے لیے خاص قواعد و علت و معلول کا ایک خاص سلسلہ مقرر ہے مثلاً آکسیجن اور ہیڈروجن کے ملنے سے پانی کا بننا خدا کے حکم اور ارادہ پر موقوف ہے مگر اُس کے پانی بننے کا حکم جبھی صادر ہوتا ہے کہ دونو اپنی معینہ مقدار پر اور مقررہ شرطون کے ساتھ جمع ہون - اور ان کے جمع ہونے پر اُس کا پانی نہ بننے کا حکم اسی وقت ہوتا ہے جب انکی معینہ مقدار مین تفاوت ہو یا شرطین جو پانی بنانے کیلیے اُس نے مقرر کی ہین وہ موجود نہ ہون - اسی طرح جسم کو آگ مین ڈالنے پر اُس کا نہ جلنا یا جسم کا بغیر جسمانی اسباب کے بلند ہونا اگرچہ ہے خدا کی قدرت سے مگر ایک وقت مین ایسا اثر ظاہر ہونے کے لیئے اور دوسرے وقت مین ایسا نہ ہونے کے لیے بھی ضرور کوئی وجہ ہے اور وہ یہی ہے کہ ظاہر ہونے کے وقت کوئی خدا کا بندہ ایسا صاف باطن موجود ہوتا ہے جسکی اُن روحانی طاقتون مین سے جن کے اوپر کے شعبے ہم دیکھ رہے ہین کوئی طاقت ایسی قوی ہو جاتی ہے کہ وہ جسم پر حکومت کر سکتا ہے اور اس وقت وہ صفائی جو اسکی روح مین پیدا ہوئی ہے آئینہ بن کر اور وہ نور جو خدا کی قدرت کاملہ کی شکل مین ہر وقت تابان ہے آفتاب بن کر دونون باہم متصل ہو جاتے ہین اور اس وصل سے اجسام پر اثر کرنے کی ویسی ہی طاقت پیدا ہو جاتی ہے جو بلا تشبیہ ریڈی ایٹر کے اوپر روشنی ڈالنے سے چھوٹے پیمانہ پر اس کے اندر کا پنکھا ہلنے مین ظاہر ہوتی ہے - غرض اس اثر کو خدا کی قدرت کا اثر کہو یا انسان کی روحانی طاقت کا کرشمہ مطلب وہی ہے کہ ہر مناسب کچھ خدا کی قدرت سے ہے مگر اس کے ہونیکے واسطے انسان کی روحانی طاقت ایک سنت اور قانون ہے جس مین تبدیلی نہین ہوتی -

اسلام اور قانون قدرت معلوم نہین دنیا کے اور مذاہب اور اُن کی آسمانی کتابین اس بارہ مین کیا فیصلہ دیتی ہین مگر اسلام اور اس کی آخری کتاب یعنی قرآن کو دیکھا جائے تو اس مین بارہا اور بصراحت مذکور ہے کہ خدا قادر مطلق ہے مگر دنیا مین اُس کے تمام افعال خاص سنت اور خاص طریق پر جاری ہین اور بغیر معین روش اور مقدار کے اسکی قدرت کا ظہور نہین ہوتا - مثلاً ارشاد ہے -

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (حجر پارہ ۱۴ ع ۲)

اور کوئی چیز نہین جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہون مگر ہم اُنکو نہین اوتارتے مگر ایک معین مقدار پر۔

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۵)

یہی طریق ہے ان انبیا کی نسبت جن کو ہمنے تم سے پہلے بھیجا اور تم خدا کی سنت مین تبدیل نہ پاؤگے۔

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ (روم پارہ ۲۱ ع ۴)

یہ خدا کی فطرت ہے جس پر اس نے لوگون کو پیدا کیا۔ خدا کی پیدائش مین تبدیل نہین۔ یہی مضبوط دستور ہے۔

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا (احزاب پارہ ۲۲ ع ۵)

یہی خدا کا دستور ہے ان لوگون کی نسبت جو پہلے گذر چکے اور خدا کا حکم مقرر اندازہ پر ہے۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّةَ الْاَوَّلِيْنَ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا (فاطر پارہ ۲۲ ع ۵)

پس وہ نہین دیکھتے مگر گذشتہ لوگون کے طریق کو پس تم خدا کے دستور مین تبدیل نہ پاؤگے۔ اور خدا کے دستور مین انقلاب نہ پاؤگے

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا (فتح پارہ ۲۶ ع ۳)

یہ خدا کا دستور ہے جو پہلے سے جاری ہے اور تم خدا کے دستور مین تبدیل نہ پاؤگے

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (ق پارہ ۲۶ ع ۱)

میری بات بدلی نہین جاتی اور مین بندون پر ظلم کرنیوالا نہین ہون۔

اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ (قمر پارہ ۲۷ ع ۳)

ہمنے ہر چیز کو اندازہ سے پیدا کیا ہے۔

قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (طلاق پارہ ۲۸ ع)

خدا نے ہر چیز کے لیے اندازہ مقرر کیا ہے۔

معجزہ خدا کی طرف کیون منسوب ہوتا ہے۔

معجزات کی روایتون کو مذہبی نظر سے دیکھنے والے دیکھتے ہین کہ اکثر جگہ معجزہ کو خدا کی طرف منسوب کیا گیا ہے مثلاً کہا جاتا ہے کہ "خدا نے دریا کو پھاڑ دیا" یا "خدا نے آگ کو جلانے سے روک دیا" اور اس سے سمجھتے ہین کہ یہ واقعہ بغیر کسی معین سبب کے محض قدرت خدا سے ظہور پذیر ہوا ہے۔ مگر یہ وہم کا عام طریق ہدایت پر غور نہ کرنے سے ہوتا ہے ورنہ مذہب کی غرض محض خدا کی طرف

بلانا اور اس تک پہونچنے کے وسائل بتانا ہے اور غافلون کو اس مدعا کی طرف متوجہ کرنے کے لیئے مظاہر قدرت کو ان کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور چونکہ ہر چیز کا مبدء اور خالق وہی ذات باری ہے اس لیے اُن کو یاد دلایا جاتا ہے کہ جو ذات ان مظاہر اور اشیا کی خالق ہے وہی سب کی انتہائے مقصود ہونی چاہیئے چنانچہ ہواؤن کے چلنے کے لیے۔ بارش کے برسنے کے لیے۔ زمین سے نباتات اُگنے کے لیے۔ آفتاب و ماہتاب کی حرکت کے لیے انسان اور حیوان کی شکل صورت اور زبان مختلف ہونے کے لیے خاص اسباب و علل کا ایک طویل سلسلہ معین ہے مگر کہا جاتا ہے کہ خدا ہواؤن کو چلاتا ہے۔ بارش برساتا ہے زمین سے نباتات اُگاتا اور تمام مظاہر قدرت کو پیدا کرتا ہے۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَّالْقَمَرَ نُورًا وَّقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ اللَّهُ ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝

(یونس پارہ ۱۱ ع ۱)

خدا وہ ذات ہے جس نے آفتاب کو روشنی اور ماہتاب کو نور بنایا اور اس کے لیئے منزلین مقرر کین تاکہ تم سالون کی تعداد اور اُن کے حساب سے آگاہ ہو۔ خدا نے جو یہ پیدا کیا ہے تو حق کیا ہے بیکار نہین کیا۔ اور وہ جاننے والون کے لیے اپنے نشانات کی تفصیل کرتا ہے

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْعَالِمِينَ ۚ (روم پارہ ۲۱ ع ۳)

اور اس کے نشان ہین آسمان و زمین کی پیدائش اور تمھاری زبان اور تمھارے رنگون کا اختلاف۔ بیشک اس مین اہل علم کے لیے بڑے نشان ہین۔

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ يُرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ وَّلِيُذِيقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ..... فَانْظُرْ إِلَىٰ آثَارِ رَحْمَتِ اللَّهِ كَيْفَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (روم پارہ ۲۱ ع ۴)

اور اس کے نشان ہین جو وہ ہواؤن بھیجتا ہے تاکہ خوشخبری دین تاکہ تم اسکی رحمت کا لطف اٹھاؤ اور تاکہ اُسکے حکم سے کشتیان چلین اور تاکہ تم اسکا فضل یعنی معاش تلاش کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو ..... خدا کی رحمت کے نشانون کو دیکھو وہ زمین کو مردہ ہونیکے بعد کیونکر زندہ کر دیتا ہے بیشک وہی مردون کو زندہ کرنیوالا ہے اور وہ جس بات کو چاہے اس پر قادر ہے

وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهُ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ (شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۳)

اور وہی ہے جو بارش اُتارتا ہے اس حال مین جبکہ لوگ ناامید ہو چکتے ہین اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے اور وہ دوستی کے قابل اور تعریف کے قابل ہے۔

پس اسی محاورہ کے موافق جس طرح پر یہان بارش اور ہوا وغیرہ کے تمام درمیانی اسباب اور علل کو ذکر نہین کیا جاتا معجزات کے بارہ مین بھی اُن کے اسباب اور طریق ظہور سے اعراض کیا جاتا ہے اس لیئے کہ غرض اُن کے ذکر سے بھی ان مظاہر کی علت اُولیٰ کو یاد کرنا ہے اور جس طرح فلسفیانہ دماغ کے لوگ ہوا اور بارش کے مضمون کو بیون ادا کرسکتے ہین کہ ایسا قانون بنانے والا جس سے بارش اور ہوا باعث رحمت ہوتے ہین بہت بڑا قابل عظمت ہے۔ اسی طرح معجزات کے ذکر سے تسکین حاصل کی جاتی ہے کہ ایسی طاقتون کو پیدا کرنے والا جن سے ایسے عجیب افعال صادر ہوتے ہین بہت بڑا صاحب قدرت ہے۔

مذہب کیطرف سے اسباب و علل کی تفصیل ہونے پر ہدایت کی غرض فوت ہوجاتی ہے۔

اور دوسرے اگر مذہب معجزات اور دیگر مظاہر قدرت کے اسباب بیان کرنا بھی اپنا فرض گردانتا تو اول تو ان پیچیدہ مسایل کے ذکر سے اسلامی کتابین بجاے روحانی ہدایت کے فزی آلوجی اور سائی کالوجی وغیرہ کی کتابین بجاتین اور اصلی غرض یعنے توجہ الی اللہ فوت ہوجاتی۔ اور دوسرے جس زمانے مین انسانی عقول کسی واقعہ کا اصلی سبب سمجھنے کی طاقت و استعداد نہین رکھتین اس وقت کے لوگون کے لیے ان اسباب کا ذکر فضول ہوتا بلکہ جہلا اور کم علم لوگون کے لیے جنکی تعداد ہر زمانے مین علما اور فلسفیون سے زیادہ ہوتی ہے یہ تعلیم اور اُلجھن پیدا کرتی۔ آفتاب و ماہتاب کی گردش اور کسوف و خسوف کے اسباب کا ذکر وحشی قومون کے واسطے ایک طرف متمدن ممالک کی عام لوگون کیلئے بھی محض بے سود ہوتا۔ روحانی طاقتون کے قاعدے آج سے سو برس پیشتر تمام دنیا کی سمجھ سے بالاتر تھے۔ غرض نظام عالم کو دیکھتے ہوئے اور مظاہر قدرت اور معجزات کے ذکر سے جو غرض ہے اُسکو لحاظ رکھتے ہوئے یقینی نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک تو اسباب کا ذکر مذہب کے لیے غیر ضروری اور اُسکی غرض کو فوت کرنے والا ہے اور دوسرے یہ کہ دُنیا عالم اسباب ہے اور یہان کا کوئی فعل بغیر کسی علت کے اور بغیر خاص طریق ظہور کے جس کو قانون قدرت یا سُنّۃ اللہ کہتے ہین

پیدا نہین ہوتا۔

تمام واقعات کے اسباب معلوم نہین ہو سکتے۔

فادر ہل یہ درست فرماتے ہین کہ تمام معجزات مسمرزم وغیرہ کے اصول پر حل نہین ہو سکتے۔ اور بیشک دنیا کے تمام مذاہب مین خواہ کسی کی بنیاد فلسفیانہ اصول پر ہو یا الہامی تعلیم پر معجزات اس کثرت سے اور اس اختلاف انواع سے مروی ہین کہ سب کے لیئے خاص اصول اور قوانین کی تلاش انسان کے لیے کم از کم اس وقت تک ناممکن ہے اور یہ بھی ضرور ہے کہ اکثر بلکہ تمام مذاہب مین ماننے والون کی خوش اعتقادی یا طرز ادا کی وجہ سے بہت سے غلط واقعات بھی معجزات مین شامل ہو گئے ہونگے۔ یا ایسے واقعات جو معمولی قواعد جسمانی کے مطابق ظہور پذیر ہوے ہون معجزہ کی شکل مین بیان کر دیے گئے ہونگے۔ مگر عقل یہ دعوی کبھی نہین کر سکتی کہ تمام قوانین قدرت معلوم ہو چکے ہین کہ جو واقعہ معلومہ قوانین کے مطابق حل نہ ہو سکے اسکو غلط کہین یا براہ راست قدرت خداوندی کا ظہور مانین۔ اور دوسری جانب مذہب یہ دعوی نہین کرتا کہ تمام رطب و یابس اور صحیح و غلط روایات کو یکسان سر آنکھون پر رکھ لیا جائے۔ بلکہ ایسے موقع پر جو کام عقل کیا کرتی ہے مذہب اس سے زیادہ احتیاط کے ساتھ چلنے کو کہتا ہے۔

سبب معلوم نہونے پر عقل کیا عمل کرتی ہے۔

عقل مظاہر جسمانی کو دیکھتی ہے ان کے اسباب تلاش کرتی ہے آج ایک سبب پر یقین ہوتا ہے کل وہی واقعہ اور شکل مین پیش ہوتا ہے اور دوسرا سبب تلاش کرنا پڑتا ہے اور اس طرح غلطی پر غلطی کرتی ہوئی کبھی واقعی سبب تک پہونچ جاتی ہے اور کبھی عجز کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ اور جہان واقعی سبب دریافت کرنیکا دعوی کیا جاتا ہے۔ وہان بھی اکثر احتمال باقی رہتا ہے۔ زمین تک حرارت اور روشنی پہونچنے کا سبب آفتاب کو گردانا گیا ہے مگر روشنی اور حرارت کی رفتار اور مجموعی زمین تک پہونچنے کی وجہ دریافت نہین ہو سکی اور کہا جاتا ہے کہ ایتھر کو فضا مین پھیلا ہوا مانکر بھی یہ مسئلہ آن واحد یعنے ناقابل فہم ہے۔ سونا۔ چاندی اور بعض دیگر معدنیات تحلیل نہین ہو سکتین اس کا سبب یہ کہ عنصر ہین مگر ابھی احتمال باقی ہے کہ شاید تحلیل نہ ہونیکا سبب آلات کا نقص ہو اور واقع مین یہ چیزین عنصر نہ ہون۔ یہان تک کوشش کر چکنے کے بعد جو واقعات یقینی معلوم ہوتے ہین اُن کے

واقع ہونے پر یقین کیا جاتا ہے اور سبب کو کبھی یاس اور کبھی طول امل کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ اور دوسری جانب مذہب مظاہر جسمانی کے ساتھ مظاہر روحانی اور اُن کشفی کیفیتوں کا بھی ذکر کرتا ہے جو عارفان الٰہی کو ان کی استعداد کے موافق وقتاً فوقتاً پیش آتے ہیں اور جن کو سمجھنا انسانی عقل کے لیئے ناممکن ہے۔ مگر وہ غلطیوں کا لمبا سلسلہ جو جسمانیات کی تلاش میں عقل کے لیے ضروری اور اس کو ترقی دینے والا ہے مذہب کے نزدیک غیر ضروری اور اسکی غرض کے منافی ہے۔

مذہب کا عمل کیا ہے؟ مذہب نے اپنی تعلیم کو دو حصّوں پر تقسیم کیا ہے۔ ایک وہ امور ہیں جن کو بجا لانے کا یا ان سے پرہیز کرنے کا حکم ہے اور ان کو اصطلاح مذہب میں محکمات کہتے ہیں۔ اور دوسرے وہ امور جن سے محض قدرت خداوندی کا اظہار اور انسان کو توجہ الی اللہ کی ترغیب دینا مقصود ہے اور ان کو متشابہات کہا جاتا ہے کیونکہ ایسے امور خواہ بارش اور ہوا کی طرح معمولی اسباب سے پیدا ہوتے ہوں یا مخفی اور نامعلوم علتوں سے۔ اختلاف زمانہ سے اُن کے اسباب کے متعلق بہت توجیہیں ایک دوسرے کے مشابہ پیدا ہو سکتی ہیں اور روحانی اور کشفی امور کی نسبت بے شبہ ہر وقت ابہام اور اشتباہ رہتا ہے اور کبھی یقینی سبب دریافت نہیں ہو سکتا۔ پس مذہب محکمات کو تفصیل ذکر کرتا ہے اور متشابہات کی نسبت کوئی توجیہ قایم کر کے اس پر اصرار کرنے سے روکتا ہے۔ کیونکہ اگر توجیہ تلاش کی جائے اور وہ غلط ہو۔ اور کشفی امور میں عقلی توجیہات کا نظر باکثر حالات غلط ہونا اغلب ہے، تو اس پر عمداً اصرار کرنا فتنہ و فساد پیدا کرنا ہے اور نادانستہ یقین کرنا غلط کو صحیح تصور کرنا ہے جو تاویل بیجا اور روح کے لئے تاریکی کا باعث ہے۔ پس مذہب کے نزدیک سچے عالم کی یہ شان ہرگز نہیں کہ وہ کسی تاویل پر جو اسکے اپنے ذہن سے پیدا ہوئی ہے۔ اصرار کرے بلکہ اس کا فرض ہے کہ جن واقعات کو وہ اپنی عینی یا مذہبی شہادت سے درست سمجھتا ہے انکو بالاجمال مانکر ان کی یاد اور ذکر سے دل پر خدا کی عظمت اور قدرت کا نقش جمائے اور یہ کہ اس واقعہ کی علت کیا ہے اس کے تعین علم کو خدا پر چھوڑے۔

هُوَ الَّذِيٓ أَنزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ

خدا وہ ذات ہے جس نے تم پر کتاب اتاری۔ اسمیں سے بعض آیات محکمات ہیں جن پر ہدایت کا مدار ہے اور بعض متشابہات

فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ط وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ط (آل عمران پارہ ع)

ہین پس جن لوگون کے دل مین شک ہے وہ متشابہات کے پیچھے پڑجاتے ہین۔ فتنہ پیدا کرنے کے لیے یا تاویل معلوم کرنے کیلئے۔ حالانکہ اسکی تاویل (توجیہ) خدا کے سوا کوی نہین جانتا اور جو پختہ علم رکھتے ہین وہ کہتے ہین کہ ہم ایمان لاے۔ یہ سب کچھ خدا کی طرف سے ہے۔ اور نصیحت وہی حاصل کرسکتے ہین جو عقلمند ہون۔

معراج کے متعلق کیسا یقین ہونا چاہیئے۔

غرض ایک وقت ہین قصور استعداد کے سبب، کسی غلط سبب پر یقین کرنا عقل کے لیئے اس وقت کیلئے جائز نہیں ہی بلکہ ہمیشہ یونہی ہوتا ہے لیکن مذہب اپنے دائرہ مین اتنی غلطی کو بھی جائز نہین سمجھتا اور وہ اسیقدر یقین کرواتا ہے جس مین شبہ کی گنجایش نہو مثلاً معراج کی نسبت خواب کا واقعہ۔ روحانی کشفی سیاحت۔ روح کا جسمانی اثر یا اس کے سوا کچھ اور غرض کسی ایک توجیہ پر قایم ہونا اور اصرار کرنا زیبا ہوگا۔ ‡ اور سلیم تر عقیدہ یہی ہوسکتا ہے کہ غایت کمال انسانی اور توجہ الی اللہ کے نہایت استغراق سے کسی قسم کا انکشاف ہوا ہے جس کی حقیقت خدا کے سوا اور کسی کو معلوم نہین۔

بالعموم معجزہ کے متعلق یہی یقین کافی ہے۔

اور یہی مسلک ہر مذہب کے لیے اُن معجزات کے متعلق ہوسکتا ہے جو اس مذہب کے معتبر اور قابل وثوق روایتون سے ثابت ہون کہ محض واقعہ کو مانکر عظمت خداوندی

‡ اور ہم دیکھتے ہین کہ جو روایات معراج کے متعلق قطعی طور پر مروی ہین اُن مین کوئی لفظ ایسا نہین ہے جو کسی خاص صورت پر یقین کرنیکا مؤید ہو مثلاً ان مین ذکر نہین کہ معراج خاص جسم عنصری سے ہوا۔ محض "خدا نے بندہ کو سیر کرائی" یا "مین گیا اور مینے دیکھا" اسی قسم کے الفاظ ہین۔ اور ان لفظون سے روح مع جسم بھی مراد ہوسکتی ہے اور صرف روح کا ذکر بھی انہی الفاظ سے کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ ہم لوگ اپنے خواب بیان کرتے ہین۔ تب بھی اس مشاہدہ کو جو جسمانی نہین ہوتا یونہی ادا کرتے ہین کہ مینے یہ خواب دیکھا اور مین وہان گیا اور اسی طرح یہ لفظ کہ "ہم نے جو تم کو خواب دیکھایا ہے وہ ایک آزمایش ہے" اس سے بھی یہ ثابت کرنا زبردستی ہے کہ وہ خاص خواب ہی کا واقعہ تھا کیونکہ کوئی عجیب اور دلچسپ نظارہ جو تھوڑی دیر کے لیئے نظر آئے اس کی نسبت یونہی کہنا عام محاورہ ہے کہ "ایک خواب تھا جو دیکھ لیا"

کا خیال قایم کیا جاوے اور واقعہ کی کیفیت کہ وہ روحانی اثر سے ہوا یا معمولی جسمانی ذرائع سے یا کسی اور طرح پر۔ اس تفتیش کو اپنے عقیدہ مین دخل نہ دیا جائے۔ اس لیے کہ قدرت خداوندی کا یقین ایک ذرہ سے لیکر کسی بڑے آسمانی کرہ تک کے ہر ایک معمولی اور غیر معمولی واقعہ سے ہوسکتا ہے مثلاً دشمن سے بھاگنے والے قافلہ کو دریا سامنے آجانے پر اپنی گرفتاری اور موت کا یقین ہوگیا ہے اور ساتھ ہی کسی طرح دریا سے گذرنے کا رستہ پالیا ہے اور پار جانے پر جب دشمن اسی رستہ سے عبور کرنے لگا ہے تو دریا کے چڑھاؤ نے اُسے غرق کردیا ہے۔ اس واقعہ مین دریا کا رستہ دینا خواہ روحانی طاقت کا اثر ہو جس سے اشارہ کرتے ہی پانی کی حرکت مرکز گئی اور جا بجا رستے پیدا ہوگئے۔ یا معمولی اتفاق ہو کہ دریا مین لکڑی ٹیکتے ہی جزر کے اثر سے کئی جگہ پانی پایاب ہوگیا ہو اور بعض بعض گرداہون مین ابھی پہاڑ جیسی لہرین پڑ رہی ہون اور دشمن کے عبور کرنے کے وقت پھر مدّ پیدا ہوکر سطح ہموار ہوگئی ہو۔ ہر طرح پر ایسے نازک وقت مین مغلوب کارہائی پانا اور غالب کا تباہ ہونا قدرت خداوندی کا بڑا کرشمہ ہے اور انسان کے لیے یہ واقعہ ہر طرح خدا کی طرف توجہ کرنے کا محرک ہے۔ پس ان دونون توجیہون یا اور ایسی چند تشریحون مین سے کیون کسی ایک پر یقین کیا جائے جبکہ مدعا ہر طرح حاصل ہوسکتا ہے اور کیون نہ کہا جاے وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ ۘ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا ۗ

معجزہ کو دعوی نبوت سے کیا تعلق ہے۔

معراج کو دعوے نبوت کی شہادت مین پیش نہین کیا گیا۔ بلکہ اسکی تفصیل بطور ایک واقعہ کے اپنے دو ستون مین بیان کی گئی ہے اور کلام ربانی مین اس کا مجمل اشارہ اظہار قدرت کے طور پر ہوا ہے اور اس لیے اس کو مشہور اصطلاحی معنون مین معجزہ نہین کہہ سکتے۔ مگر دیگر عجیب واقعات جو اسی قسم کے مخفی اسباب سے ظہور پذیر ہوتے رہتے ہین ان کو بیشک اکثر جگہ بطور شہادت کے پیش کیا گیا ہے اور اس لیے عام طور پر معجزہ انہی فوق العادت افعال کو کہتے ہین جو ثبوت نبوت کیلیے پیش ہون۔ پس اگر معجزات کو روحانی طاقت اور دیگر معینہ قوانین قدرت کا اثر مانا جاوے تو سوال ہوتا ہے کہ اس سے دعوی نبوت کیونکر ثابت ہوگا؟ کیونکہ اگر کوئی شخص جسمانی طاقت کی ایسی مشق بہم پہونچائے کہ اپنے زمانہ کے تمام پہلوانون سے بڑھ جائے تو اس سے لازم نہین آتا کہ وہ

شخص صادق القول دیانت اور اپنی تعلیم مین قابل تسلیم بھی ہے - اسی طرح جو شخص روحانی مشق مین اسیا فائق ہوگیا ہے کہ اور کسی شخص سے اُس جیسے افعال سرزد نہین ہو سکتے تو کیونکر لازم آتا ہے کہ مذہب کے متعلق بھی اُسکی باتین راست اور قابل پذیرائی ہین -

اس شش و پنج مین پڑکر مخالفین کی طرف سے ایک طرف تو یہ دعوی کیا جاتا ہے کہ اُس شخص کی صداقت کے لیئے جو اپنے تئین فرستادہ خدا اور اپنی تعلیم کو حکم خدا بتاتا ہے ضرور ہے کہ اس کو ایسے نشان دیئے جائین جو تمام قوانین معینہ سے پرے اور محض قدرت خداوندی کا اثر ہون - تاکہ ثابت ہو کہ جب خدا نے اُسے بھیجا ہے تو اپنی خاص قدرت کو گواہ بنا کر اُس کے ساتھ کر دیا ہے - اور دوسری طرف جب قدرت خداوندی کا بے واسطہ ظاہر ہونا ثابت نہین ہوتا تو نبوت کے وجود سے انکار کیا جاتا ہے چنانچہ ڈاکٹر جان ایس مل اپنے تیسرے مضمون مین اسی بنا پر وحی کی تردید کرتے ہین مگر ان دونون مقدمات مین سے دوسرا مقدمہ بیشک صحیح ہے اور جیسا کہ بیان ہو چکا ہے نظام عالم سے ثابت ہوتا ہے کہ سنت اللہ معین اور مقرر ہے اور اُس کے خلاف ہرگز نہین ہو سکتا لیکن پہلا دعوے کہ ثبوت نبوت کے لیے فوق العادت نشان ہونا چاہیئے اور معینہ قوانین قدرت کے مظاہر پر خدمت اوانہین کر سکتے کسی قدر غلط ہے -

معجزہ خاص حالات مین مفید ہوتا ہے -

دُنیا کے حالات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اقوام انسانی کی حالت اپنے آغاز و انجام مین افراد انسانی سے بہت کچھ مشابہ ہے جس طرح پر ایک بچہ بہت بے شعوری کی حالت سے ترقی کرتا ہوا کامل عقل و شعور تک پہونچتا ہے اسی طرح سے قومین بھی ابتدائی وحشیانہ حالت سے بتدریج تہذیب تک پہونچتی ہین اور جس طرح پر بچہ ابتدا مین عجیب باتون کا مشتاق ہوتا ہے اور ہر کام مین ان لوگون کی تقلید کرتا ہے جو طاقت مین اس سے برتر ہون - اور پھر جس جس قدر عقل و تمیز مین بڑھتا جاتا ہے عجائب پرستی اور تقلید کو چھوڑ کر عقل کی رہنمائی کو قبول کرتا جاتا ہے - اسی طرح سے اقوام انسانی بھی ابتدائے تہذیب مین عقل و شعور سے عاری ہوتی ہین اور گرد و پیش کے مناظر قدرت کو دیکھ کر نہ اُن سے عاقلانہ علمی نتائج پیدا کر سکتی ہین اور نہ عارفانہ روحانی تسکین پا سکتی ہین - اُنکا

منتہائے نظر صرف یہی ہوتا ہے کہ جس چیز کو عام اشیاء سے ممتاز اور عجیب پاتے ہین بچون کی طرح اُسی کیطرف جُھک جاتے ہین۔ کسی درخت کو عام نباتات مین کسی صفت مین ممتاز پایا اسی کیطرف جُھک گئے کسی جانور مین کوئی عجیب خاصیت دیکھی اُسکی سیر کرنے لگے۔ یا کسی انسان مین اپنے سے زیادہ قدرت دیکھی اسی کا دامن پکڑ لیا۔ غرض اس طرح ابتدائی حالت سے ترقی کرتے کرتے بتدریج عقل و شعور اور وجدان و معرفت تک پہنچتے ہین۔ اور نیز زمانے کی ترقی سے جُہلا کی تعداد اگرچہ اب بھی ہے مگر کم ہوتی جاتی ہے اور گذشتہ زمانے مین ایسی قومین اور ایسے افراد بکثرت موجود تھے۔ چنانچہ اُس زمانے کی عجائب پرستی اور تقلید کی وجہ سے معمولی جادوگرون اور فسون سازون کی وہ پرستش ہوتی تھی جس کی آج خدا کے واسطے بھی توقع نہین کی جاتی۔ پس ایسے وقت اور ایسی قوم مین جو شخص وحی و الہام کی دولت لیکر آتا تھا اور لوگون کو راہ راست دکھانا چاہتا مگر لوگ نہ اسکی عرفانی قدر و منزلت کو سمجھ سکتے تھے اور نہ عقل و شعور سے اسکی تعلیم کو پرکھ سکتے تھے قواندرین حالات ایسی قوم کو راہ راست پر لانے کا صرف وہی طریق ہو سکتا تھا جو بچون کو عقل و شعور سکھانیکے لیے برتا جاتا ہے اور خوش قسمتی سے آج ہم کو اس مثال کی وضاحت کے لیے جو سامان میسّر ہے وہ پہلے حاصل نہ تھا۔ ہمیشہ سے بچون کو بچپن کے زمانے سے عقل و شعور کی باتین فلسفیانہ نکتہ سنجی کے ساتھ سمجھانے کی کوشش ہوتی رہی ہے مگر چونکہ ان کے دماغ اس تعلیم کے لیے تیار نہین ہوتے اسلیے ماریٹ اور جبر و تشدد و بچپن کی تعلیم کا جزو اعظم رہا ہے اور پھر بھی نتیجہ بہت دیر مین اور بہت ناقص پیدا ہوا کرتا تھا لیکن آج ہم دیکھتے ہین کہ کنڈر گارٹن کے نام سے بچون کو انہی عجائبات سے تعلیم دینے کا طریق رائج ہوتا جاتا ہے جن کی طرف وہ بالطبع راغب ہوتے ہین۔ چنانچہ رنگین اور خوشنما کھلونون سے انکو عقل و شعور کی باتین سکھائی جاتی ہین اور باوجودیکہ ابھی اس طریق کی ابتدا ہے مگر بہت کچھ کامیابی ہوگئی ہے۔ رنگ برنگ کی گولیون سے حساب کے ابتدائی قاعدے۔ لکڑی کے مختلف ٹکڑون سے ہندسیت کی ابتدائی شکلین۔ تصویرون اور اُن کے نامون سے حروف ابجد کی مشق چھوٹی عمر مین ایسی خوبی سے ہو جاتی ہے کہ پُرانی طرز تعلیم سے بہت مدت مین ذہن نشین ہوتی تھی پس یہ طریقہ جو دنیا دارون نے آج زمانہ کی بہت سی الٹ پھیر کے بعد سیکھا ہے۔ خدا کے بھیجے ہوئے اُستاد نہایت تاریک زمانے مین اس سے کام لیتے رہے ہین۔ اور چونکہ اُس زمانے والے اپنی گرد و پیش کی چیزون سے جن کو

روزمرہ دیکھتے تھے خدا کی قدرت کا نتیجہ نہین نکال سکتے تھے اس لیئے وہ اوستاد اپنی روحانی طاقتون کے کرشمے دکھا کر ان کو خدا کی طرف متوجہ کرتے تھے اور چونکہ توجہ الی اللہ کی برکت اور جسمانیات سے روکش ہونے کے سبب اُن کی روحانی طاقت اُن جادوگرون اور فسون سازون سے زیادہ ہوتی تھی جو مصنوعی طور پر اس طاقت کی مشق کرتے تھے اس لیئے ان لوگون کی قدرت اُن کے تمام ہمعصر قدرت والون پر غالب آجاتی تھی - اور وہ بچون جیسی ناسمجھ قوم اپنی عجائب پرستی اور بڑی قدرت والون کا دامن پکڑنے کی عادت کے سبب اُنکی ہدایت سے فائدہ اُٹھاتے تھے - پس صرف قرین قیاس بلکہ امر واقع ہے کہ مخفی طاقتون کے کسی نادر نظارے سے ایسے لوگ قدرت خداوندی کے معترف ہوئے ہین اور یہ کہ جس قوم اور جس ملک مین عجائب پرستی کی عادت زیادہ ہوئی ہے اُسی قوم اور ملک مین ان لوگون کی طرف سے جن کی تعلیم اپنے زمانہ کے موافق توجہ الی اللہ اور مذہبی اصول سے معمور ہے معجزات بھی کثرت سے ظاہر ہوئے ہین -

پس ان حالات کو دیکھتے ہوئے کیونکر کہا جاسکتا ہے کہ روحانی طاقتون کا ظہور ہر جگہ ثبوت نبوت کے لیئے ناکافی ہے جبکہ دیکھا یہ جاتا ہے کہ نہ صرف معجزات کا آنکھون سے دیکھنا بلکہ اُن کا قابل وثوق اور معتبر اشخاص کی زبان سے سننا بھی اکثر انسانون کو تسکین دینے کا باعث ہوتا ہے چنانچہ آج تک لکھے پڑھے مرد اپنی اپنی مذہبی ہدایتون پر اس لیئے قایم ہین کہ وہ اپنے پیشواؤن سے معجزات کا ظہور سنتے آئے ہین - یہ ضرور ہے کہ ایسے لوگ جہان ایسی طاقتون کا ظہور دیکھ کر ہدایت کیطرف آجاتے ہین وہان کسی گمراہ اور دھوکے باز کی طرف سے کوئی کرشمہ دیکھ کر نہایت جلدی اُس طرف بھی جھک جاتے رہے ہین چنانچہ سامری کے شعبدے نے خود موسیٰ علیہ السلام کے زمانے مین بہت لوگون کو بہکا دیا -

بنی اسرائیل کی کمزوری اور اسکی وجہ اور اس کے علاوہ بھی بنی اسرائیل اکثر اپنے پیشواؤن اور پیغمبرون سے برگشتہ ہوتے رہے ہین اور اکثر انبیا اُن کے ہاتھ سے قتل بھی ہوئے - ڈاکٹر مل مذہب کی برکتون سے انکار کرتے ہوئے بنی اسرائیل کی اس عادت کو نظیر مین پیش کرتے ہین اور کہتے ہین +

+ ایسے ۲ خلاصہ صفحہ ۸۴ ۸۵

"اگر مذہب مین نیک اخلاق اور عادات پیدا کرنے کا وصف ہوتا تو بنی اسرائیل جنکی نسبت سب سے زیادہ براہ راست خدائی حکومت کے زیر اثر ہونیکا دعوی کیا جاتا ہے مذہبی احکام سے ایسے برگشتہ نہ ہوتے کہ اُن کی نسبت اُن کے پیغمبر اور مورخ ہمیشہ شکایت کرتے رہے ہین کہ اُنھون نے مذہبی ہدایتون کی طرف سے اپنے کان بہرے کر لیے ہین"

ڈاکٹر مل چاہتے ہین کہ مذہب کی برکت کو جب مانین کہ مذہب کا اقرار کرتے ہی انسان فرشتہ بنجاے اور کفر کو چھوڑتے ہی ایسی کایا پلٹے کہ ایک دم مین تمام جسمانی خواہشین انسانی فطرت سے نابود ہو جائین حالانکہ نہ مذہب بے اور بے سبب کسی چیز کے وجود مین آنے کا دعوی کرتا ہے اور نہ عقل ہی کسی واقعہ کا بے سبب پیدا ہونا تسلیم کر سکتی ہے البتہ مذہبی عبارت اور نیز عام انسانی محاورہ ایسا واقع ہوا ہے کہ اکثر افعال سبب اول کیطرف منسوب کر دیے جاتے ہین اور روزمرہ کی معمولی کو ذکر نہین کیا جاتا مثلاً کہتے ہین کہ بادشاہ نے فلان ملک فتح کیا حال آنکہ بادشاہ محض سبب اول یعنی حکم دینے والا ہے اور فتح کرنے کے لیے اس کی فوج سبب قریب ہے جس کو ذکر نہین کیا گیا مگر سننے والا سمجھ لیتا ہے۔ اسی طرح ہم بیشک دعوی کرتے ہین کہ مذہب انسان کو برائیون سے روکتا ہے مگر اسی صورت سے کہ وہ انسان کو نیک و بد افعال سے آگاہ کرتا ہے اور جن امور سے روح روشن اور مجلی ہوتی ہے اُنکی مشق کرنے کا حکم دیتا ہے تاریکی بخشنے والے اعمال سے روکتا ہے اور جن لوگون کی طرف مذہب بھیجا جاتا ہے پہلے اُن کو فطری ہدایت طلبی کے سبب اور اگر وہ کسی قوم مین روحانی امراض سے پژمردہ ہو چکی ہو تو عقل والون کو نظام کائنات سے اور جہلا کو غیر معمولی مظاہر قدرت دکھا کر مذہب کا یقین دلوایا جاتا ہے پھر تعلیم مذہبی کے موافق مشق کرنے سے روح مین جس قدر نور پیدا ہوتا جاتا ہے اسی قدر انسان کو برائیون سے نفرت اور نیکی کی رغبت ہوتی رہتی ہے حتی کہ ایک وقت ایسا آجاتا ہے کہ انسان خیر مجسم ہو جاتا ہے اور برائی سے ویسی ہی نفرت کرنے لگتا ہے جیسی پہلے رغبت کرتا تھا اور اس وقت اور اس انسان کی نسبت کہ سکتے ہین کہ مذہب کی برکت مکمل ہوئی۔ اور اس سے پہلے جس قدر روح کی صفائی مین کمی ہے اسی قدر برائیون سے بچنے کی خاصیت بھی نامکمل ہے۔ اور اسی طرح علمی حالت پیدا ہونے سے پیشتر جس قدر یقین حاصل کرنے کے ذرائع مین اختلاف ہے اسی قدر نور حاصل کرنے کی استعداد مختلف ہوتی ہے چنانچہ جو لوگ

فطرت سلیم کی رہنمائی سے مذہب کو قبول کرتے ہیں اُن میں نور حاصل کرنے اور بدی سے بچنے کی استعداد نہایت قوی ہوتی ہے۔ اس سے دوسرے درجہ پر وہ لوگ ہیں جو عقل سلیم کو کام میں لاکر اور نظام کائنات سے کارپردازی کی قدرتوں کو دیکھ کر اُسکی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور ان سے کمتر وہ لوگ ہیں جو صرف گاہ گاہ پیدا ہونے والے غیر معمولی واقعات کو فعل خداوندی سمجھ کر ایمان لاتے ہیں۔ کیونکہ نظام کائنات کو عقل سلیم سے دیکھنے والے گویا ایسے راسخ العقیدت نہ ہوں جیسے وہ لوگ جن کے دل خود بخود مذہب کی طرف راغب ہیں مگر پھر بھی چونکہ وہ قدرت کے تمام مظاہر کو دیکھتے اور سمجھتے ہیں اور خدا کے کاموں سے خدا کے احکام کی مطابقت اور مقابلہ کرکے مذہبی فرامین کی صحت و سقم کو پرکھ سکتے ہیں اس لیئے اُنکا اعتقاد بھی میلان قلب سے پیدا ہوتا ہے اور وہ محبت کے اصول پر ایمان لاتے ہیں۔ برخلاف عجائب پرستوں کے کہ وہ ایک بڑی طاقت کو دیکھ کر اس سے مجبور ہو جاتے ہیں اور ان کا اعتقاد خوف کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور اسی لیے اُن کے اعمال میں وہ محبت اور شوق نہیں ہوتا جو روحانی جلا کے لیے ضروری اور اس کو جلدی پیدا کرنے والا ہے اور اسی لیے ایسے لوگوں کو مذہب کی برکت کم میسر آتی ہے اور بنی اسرائیل اسی قسم کے لوگ تھے کہ ایک عرصۂ دراز کی جہالت۔ فراعنہ مصر اور شاہان نینوا کے سامنے غلامانہ حالت میں رہنا اور ساتھ ہی خاندان نبوت میں ہونے کا بیجا فخر اور مقرب خدا اور عذاب الٰہی سے آزاد ہونے کا غلط اعتقاد۔ غرض یہ یا ایسے ہی چند اور اسباب سے ان میں نہ وہ فطری شوق اور میلان ہی باقی رہا تھا جو مذہبی برکات کے لیے ضروری ہے اور نہ عقل سلیم رکھتے تھے جس سے صحیح نتیجہ تک پہنچ کر اپنے اعتقاد کو درست کرتے لہٰذا اُنکی ہدایت کے لیے صرف ایک ہی ذریعہ یعنے مخفی طاقتوں کا رعب و داب رہگیا تھا جو اُن کے پیشواؤں نے استعمال کیا۔ اور جیسا کہ اس ذریعہ کا خاصہ ہے ان میں وہ پختگی نہ پیدا ہوئی جو فطرت سلیم یا عقل قویم سے پیدا ہوتی ہے اور اسی لیے اُن سے اکثر اپنے ہمنواؤں کے خلاف شورش اور فساد سرزد ہوتا رہا۔

مگر اس علت و معلول کے سلسلہ میں جکڑی ہوئی دنیا کے اندر اُس وقت اور اُس قوم کے لیے کوئی اور ذریعہ ہدایت کا نہ تھا اور گو تمام قوم نے اور قوم کی نسلوں نے راہ راست نہ پایا یا اس پر قایم نہ رہے مگر پھر بھی ان میں سے اکثر افراد اور اکثر نسلیں راہ راست پر آئیں اور مذہبی برکتوں سے فیضیاب ہوئیں

اِس لیے کہا جا سکتا ہے کہ مخفی طاقتون کا ظہور بھی بعض وقتون مین اور بعض قومون کے لیے ہدایت اور ثبوت نبوت کا ایک ذریعہ ہے گو دوسرے وقت مین اور دوسری قوم کیلیے اُس سے بہتر کوئی اور ذریعہ بھی ہو۔ اور چونکہ یہ ذریعہ کم درجہ کا ہے اور اس کا قوی اثر رہتا بھی اُسی وقت تک ہے کہ معجزہ دکھلانے والا اور دیکھنے والے زندہ رہین اس لیے ایسے مذاہب جنکی بُنیاد محض معجزہ پر ہو دائمی نہین ہو سکتے اور نیز ایسے وقت مین انبیا بھی پیہم اور بکثرت آتے رہتے ہین تاکہ اپنی معجزہ نمائی سے قوم کو تنبیہ کرتے رہین

دائمی مذہب کے لیے معجزہ کے سوا کوئی اور ثبوت ہونا چاہیئے

لیکن جو مذہب ہمیشہ کیلیے اور تمام دُنیا کے واسطے ہدایت کا مدعی ہو اُس کو بیشک معجزہ پر انحصار نہین رکھنا چاہیئے کیونکہ دُنیا مین عالم و جاہل ہر قسم کے لوگ ہوتے ہین۔ ان مین سے عقلا کے لیے گھاس کا ایک پتہ اور خاک کا ایک ذرہ بھی قدرت خدا کا ویسا ہی عجیب کرشمہ ہے جیسا مسیح کا مُردہ کو زندہ کرنا اور کرشن کا ایک وقت مین تین سو ساٹھ مکانون مین موجود ہونا۔ اور جہلا کے دل پر معجزہ کا اثر کامل طور پر اسی وقت تک رہ سکتا ہے کہ وہ اُس کو بذات خود ملاحظہ کرین اور مذہبی روایتون مین معجزہ کا ذکر بیشک کسی قدر مفید ہے مگر انہی لوگون کے مزید اطمینان کیلیے جو پہلے سے اُس مذہب اور اُس کے بیان کرنے والون پر ایمان رکھتے ہون ورنہ اُن لوگون کے لیے جن کو کفر سے ایمان کی طرف لانا ہو ان روایتون کا اثر اور خصوصًا ایسی حالت مین کہ ہر مذہب ان روایتون سے معمور ہے کوئی اثر پیدا نہین کرتا۔ پس دائمی مذہب کے واسطے معجزہ کے سوا کوئی اور ثبوت ہونا چاہیئے یا یون کہئے کہ ایسا معجزہ ہونا چاہیئے جو ہمیشہ ثبوت مدعا کے لیے کافی ہو۔ اور یہ ثبوت تعلیم کی خوبی اور نظام کائنات سے اُس کی تطبیق کے سوا اور کچھ نہین ہو سکتا۔ مختصر یہ کہ شہادت خود مذہب کے اندر موجود ہونی چاہیے اور عقل سلیم اس کو پرکھنے والی ہو۔ چنانچہ اسلام مین بار بار اظہار قدرت پر ایمان کا مدار رکھا گیا ہے۔ مثلاً ارشاد ہے

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۖ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ۝ (انبیاء پ ۱۷ ع ۳)	کیا مذہب سے انکار کرنیوالے نہین دیکھتے کہ آسمان و زمین باہم نامتمایز تھے ہمنے اُن کو جدا جدا کر دیا اور ہر چیز کی زندگی پانی پر منحصر رکھی پس کیا وہ ایمان نہین لاتے۔

اور معجزہ کو یا ثبوت نبوت کی عقلی دلیل جو کہ پیش کیا گیا ہے وہ اپنی تعلیم کا بے نظیر اور سب سے فائق ہونا ہی

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ (البقرہ پارہ ۱ ع ۳)

اور اگر تم کو شک ہو اس کلام کے بارہ میں جو ہم نے اپنے بندہ پر نازل کی ہو تو اس جیسی ایک ہی سورہ لاؤ اور خدا کے سوا جو تمھارے مددگار ہیں ان کو بھی بلا لو اگر تم اس شک میں راستی پر ہو۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا (اسرا پارہ ۱۵ ع)

کہدو کہ اگر تمام جن اور انسان اتفاق کریں کہ اس قرآن کی نظیر پیدا کریں تو وہ اس جیسا نہ لاسکیں گے خواہ بعض بعض کی مدد کریں۔

اور اگرچہ بہت سے مخفی طاقتوں کے ظہور بھی پیغمبر اسلام کی ذات بابرکات سے ارادۃً یا بے ارادہ صادر ہوئے ہیں مگر وہ شہادت کے طور پر پیش نہیں ہوئے۔ بلکہ جب مخالفین نے معجزات طلب کئے ہیں تو جواب میں کہا گیا ہے کہ بیشک گذشتہ زمانے میں انبیاء نے معجزات کو دعوی نبوت کے ثبوت میں پیش کیا اور جو کچھ تم کہتے ہو ظاہر ہوا مگر نتیجہ یہی ہوا کہ معجزہ لانیوالوں کو ساحر کہا گیا اور انبیا قتل ہوئے غرض یہ کہ وہ شہادت پورے طور پر مفید نہ ہوئی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ (آل عمران پارہ ۴ ع)

بیشک جو لوگ کہتے ہیں کہ خدا نے ہم سے عہد کیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں جبتک کہ وہ ایسی قربانی نہ دکھلائے جسکو آسمانی آگ آکر کھا جائے انکو کہدو کہ میرے رسول تمھارے پاس معجزات لیکر اور جو تم کہتے ہو وہ نشان لیکر آئے پس اگر تم سچے ہو تو تم نے انھیں کیوں قتل کیا۔

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ قَالُوْا سِحْرٰنِ

پس جب ان کے پاس ہماری طرف سے سچی (قرآن) آئی تو انھوں نے کہا کہ انکو ایسے معجزے کیوں نہیں دیے گئے جو موسی کو دیے گئے تھے مگر کیا اس سے پہلے موسی کے معجزات سے لوگوں نے کفر نہیں کیا

تَظٰهَرَا قَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝
(قصص پارہ ۲۰ ع ۵)

اور کیا یہ نہین کہا کہ یہ دو نوجادو ایک دوسرے کے مشل ہین اور ہم کسیکو بھی نہین مانتے۔

اور اسی طرح معجزہ طلب کرنے پر ہمیشہ انکار کیا گیا ہے اور کہین کہا گیا ہے کہ یہ کتاب دیکھو جس مین تمام انبیاء سابقین کی شریعت کا خلاصہ ہے +

وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى
(طٰہٰ - پارہ ۱۶ ع ۸)

اور وہ کہتے ہین کہ یہ شخص ہمارے پاس اپنے خدا کی طرف سے کوئی نشان کیون نہین لاتا۔ لیکن کیا ان کے پاس ایسی کتاب نہین لایا جو گذشتہ کتابون کی تشریح کرنے والی ہو۔

اور کہین فرمایا گیا ہے کہ ہر ایک نبی اپنے اپنے وقت کے مناسب ذریعۂ ہدایت لیکر آیا کرتا ہے چنانچہ یہ نبی بھی اپنے زمانہ کے موافق (حسب مناظر قدرت ہی) لوگون کو سمجھانے اور ڈرانے آیا ہے۔

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝
(رعد پارہ ۱۳ ع ۱)

کفار کہتے ہین کہ اس پر خدا کی طرف سے کوئی نشان کیون نہین اترا (مگر بات یہ ہے کہ) تم بھی ایک پیغمبر ہو اور ہر قوم کے لیئے جدا جدا ہادی ہوتے ہین۔

فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۭ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ..... لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝
(انبیاء پارہ ۱۷ ع ۱)

وہ کہتے ہین کہ یہ شخص ہمارے پاس نشان لائے جس طرح پہلے انبیا لاتے رہے ہین مگر ہمنے جن قصبون کو ہلاک کیا ہے ان مین سے کوئی ایمان نہین لایا پس کیا یہ لے آئینگے ..... ہمنے تمھاری طرف کتاب اتاری ہے جس مین تمھارے لیے نصیحت ہے پس کیا تم عقل نہین رکھتے۔

عقلی ثبوت پر اعتراض اور اس کا جواب

غرض اسلام نے اپنی صداقت کا مدار اپنی تعلیم کی خوبی پر رکھا ہے مگر ڈاکٹر مل اسپر اعتراض کرتے ہین[1]

"اندرونی شہادت بیشک بہت مستحکم بالشان ہے لیکن اسکی عظمت اصولی طور پر منفی پہلو رکھتی ہے یعنی اندرونی شہادت کسی مذہب کو چھوڑنے کیلیے تو بیشک قوی وجہ ہوسکتی ہے لیکن کسی تعلیم کو خدا کی طرف سے

[1] ایسیز نمبر ۳ صفحہ ۲۱۶ سنہ ۱۸۴۳ء

ماننے کے واسطے کافی نہین۔ اگر کسی الہامی مذہب کی اخلاقی تعلیم بُری اور راستی سے دور ہے تو خواہ کسی کیطرف سے ہو ہم پر اس کو ترک کرنا فرض ہے۔ کیونکہ ایسی تعلیم کسی حکیم و خبیر ہستی کیطرف سے نہین ہوسکتی۔ لیکن اخلاق کی عمدگی ہم کو مستحق نہین گردانتی کہ خواہ نخواہ اسے کسی فوق العادت سرچشمہ کی طرف منسوب کرین۔ کیونکہ اس امر کی کوئی دلیل قوی موجود نہین کہ جس خوبی کو پرکھنے کی قابلیت انسان مین موجود ہے اس خوبی کو دریافت کرنے کی قابلیت اُس مین موجود نہ ہو۔"

مسٹر مل کی یہ دلیل جس قدر قوی ہے اُسی قدر بڑا دھوکا بھی اسمین موجود ہے کہ اُنھون نے آجکل کے مذاق کے موافق مذہب کو عین اخلاق سمجھا ہوا ہے اور محض اخلاقی خوبیون سے مذہب کو پرکھنا چاہتے ہین اور چونکہ فلسفۂ اخلاق انسان کے باہمد گر برتاؤ سے پیدا ہوتا ہے اور جس جس رویّہ کے نقص معلوم ہوتے جاتے ہین ان کو چھوڑتے چھوڑتے اخلاق کی ایک مکمل شکل پیدا ہوسکتی ہے اس لیے اُن کو گمان ہوا ہے کہ عمدہ اخلاقی تعلیم خود انسان کے دماغ سے پیدا ہوسکتی ہے اور اس لیے اسکو خدا کی طرف سے ماننے کی کوئی وجہ نہین۔ اور یہ دھوکا اس تعلیم سے پیدا ہوا ہے جو مذہب کی شکل مین مسٹر مل کے گرد و پیش پھیلی ہوئی ہے کیونکہ مذہب عیسوی پر نہ معلوم کیا اُفتاد پڑی ہے کہ اب اس مین جو کچھ خوبی موجود ہے وہ صرف اسی قدر ہے کہ اخلاق کے کچھ عمدہ اصول مانے جاتے ہین اور اسی کو اپنے مذہب کی ترجیح مین پیش کرتے ہین ورنہ مذہب کا اصلی عنصر یعنے ذات و صفات خداوندی کا اعتقاد ان مین نہایت بھدّی شکل مین رکھا گیا ہے اور ایک عاجز انسان کو اُس مین شریک گردان کر اور اسی پر نجات کا مدار رکھ کے مذہبی خوبی کو بالکل نیست و نابود کر دیا ہے۔ اس لیے مسٹر مل کو جب غور کرنے کا موقعہ ملا تو اُن کو جو چیز اچھی معلوم ہوسکتی تھی وہ اخلاق ہی تھے چنانچہ انھون نے اسی کو مذہب سمجھا اور اسی اصول پر جو تردید کر سکتے تھے کی۔ حالانکہ یہ اصول ہی غلط ہے اور جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے اخلاق مذہب کا پروردہ اور اُس کا خادم ہے عین مذہب نہین۔ بلکہ مذہب کی حقیقت ایک نادیدہ ہستی کو ماننا ہے اور ذکر ہو چکا ہے کہ اُس چیز کی تلاش انسان کی فطرت مین داخل ہے اور سوائے خاص موقعون کے جہان کہ یہ جذبہ خارجی اسباب سے مُردہ یا پژمردہ ہوگیا ہو ہر جگہ تمام بنی نوع اس

تلاش مین سرگرم ہین۔ اور پھر یہ بھی فکر ہوا ہے کہ اس تلاش و تجسس مین جو کچھ دریافت ہوا ہے حقیقت
مین اس کا مدار محض اُن تجربون پر ہے جو وقتاً فوقتاً انسان کے دل کو جلوہ ہاے معرفت کی صورت
مین ہوتے رہے ہین اور پھر تجربہ کا عام قانون یہ ثابت ہوا ہے کہ وہ ہمیشہ بالاترہستی کی فاعلیت اور کمتر کے
انفعال سے ہوا کرتا ہے پس خدا کا تجربہ ہی اسکی حرکت فاعلی اور انسان کی استعداد انفعالی سے حاصل ہوتا ہے
اس لیے ہر ایک حضوری اور ہر ایک وحی خواہ وہ کیسی بدنما سے بدنما شکل مین ہو ممکن نہین کہ انسان کی محض
اپنی کوشش سے اور بغیر ذات باری کی فاعلانہ مداخلت کے ہو اور اگر انسانکی استعداد انفعالی مین باہم تفاوت
نہ ہوتا اور اگر سب کے دل نفسانی کدورتون سے پاک ہوتے تو جو نور ذات باری کیطرف سے وحی کی شکل مین
جلوہ گر ہوتا ہے وہ یکسان رہتا اور مذہب کی یہ مختلف شکلین پیدا نہ ہوتین مگر چونکہ استعداد مین مختلف
ہین اور ہر زمانے مین ترقی کرتی رہی ہین اس لیے وحی کی شکلین یکے بعد دیگرے مختلف اور باہمدگر
ممتاز ہوتی آئی ہین۔ اب اگر انسان کے اپنے نفسانی جذبات احکام وحی کے ساتھ ملکر اسکی شکل بدل
نہ دیا کرتے اور انسان مین خودرائی اور اصرار کی عادت نہ ہوتی تو ہر ایک ترقی جو تجربہ معرفت مین ہوتی
بالعموم تسلیم کی جاتی اور ایک ہی مذہب ترقی کرتا ہوا چلا آتا اور ہر شخص کی طرف سے اپنے مذہب کو
دوسرے پر ترجیح دینے کا دعوی پیش نہ ہوتا۔ مگر اب جبکہ بدقسمتی سے اختلاف کی یہ شکل موجود ہے تو اس وقت
جو کام تعلیم کی اندرونی خوبی اور معیار عقلی سے لیا جاسکتا ہے وہ تجربہ ہاے معرفت یعنی وحی والہام کے
گرد و پیش کے حشو و زوائد کو دور کرنا اور مذہب کی اصلی شکل پر سے پردہ اٹھانا ہے۔ غرض یہ کہ مختلف
الہامون کی تعلیم کو عقل سے پرکھ کر یہ ثابت ہی نہین کیا جاتا کہ فلان خدا کی طرف سے ہے اور فلان اسکی
طرف سے نہین بلکہ صرف یہی دیکھا جاتا ہے کہ ان مین سے حقیقی خوبی کس مین ہے اور خدا کی ذات و صفات
کے متعلق قابل تسلیم عقیدہ کون پیش کرتا ہے جب کوئی مذہب ایسا ثابت ہو جائے تو پھر ضرور نہین کہ
اُس کا خدا کیطرف سے ہونا بھی ثابت کیا جاوے کیونکہ ایسا الہام اور دوسرے تمام غلط الہام تھے خدا
کے فاعلانہ توجہ سے اور غلطی جو کچھ موجود تھی وہ کچھ قصور استعداد کے سبب تھی اور کچھ بعد مین دیگر نفسانی
خیالات کی آمیزش سے۔

عقل مختلف مذاہب کی نزاع مین فیصلہ دے سکتی ہے۔

پروفیسر ولیم جیمس ایک طولانی لکچر مین ثابت کرتے ہین[1] کہ مذہب ایک وجدانی امر ہے اور اسکی پیدائش عارفانہ الہامون سے ہوتی ہے یا اُس فطری خواہش سے جو انسان مین ودیعت ہی۔ اور یہ کہ خشک عقلی دلایل مذہب کو پیدا نہین کر سکتے بلکہ مذہب کے پیدا ہونے کے بعد اُسکی تائید مین پیدا کیے جاتے ہین اور پھر لکھتے ہین کہ اس طرح پر

"عقل کا یہ کام رہا ہے کہ مذہب کو ناگوار پوشیدگی سے نجات دے اور کانہ اُس کے لیے قابل تسلیم بنائے"

اور آگے پرنسپل جان لیٹرڈ کی کتاب فلاسفی آف ریلیجیئن کا اقتباس لکھتے ہین کہ

"مذہب حقیقت مین ایک دل کی چیز ہے لیکن اسکو باطنیت اور پردہ نشینی کی فضا سے نکالنے کے لئے اور نیز حق و باطل مذہب مین تمیز کرنے کیلیے ضرور کسی ظاہری معیار کیطرف توجہ کرنی پڑتی ہی اور جو چیز دل پر قابض ہے یعنی مذہب۔ قوائے ذہنیہ سے دیکھنا پڑتا ہی کہ کیا وہ حق ہی اور کیا اسکو ایسا استحقاق حاصل ہے؟ کہ ہمارے وجدان پر قابض ہو اور کیا اُسکو ایسا معیار گردانا جائے؟ جس سے وجدان کو پرکھ سکین پس کسی شخص یا قوم یا فرقے کے مذہبی خیالات کا اندازہ لگانے مین یہ نہین دیکھا جاتا کہ اس کا دلی میلان کس طرف ہے بلکہ یہ کہ اس نے کیا سوچ سمجھ کر ایسا طریق اختیار کیا ہے۔ اور نہین دیکھا جاتا کہ اس کے مذہبی عقاید کیسے راسخ ہین اور ان مین کس قدر جوش اور وارفتگی ہے بلکہ یہ کہ خدا یا اپنے معبود کی نسبت اُسکے کیا خیالات ہین جن سے ایسا رسوخ اور جوش پیدا ہوا ہے۔ دلی میلان بیشک مذہب کا ضروری عنصر ہے لیکن کسی مذہب کی خوبی اور قدر و قیمت جاننے کے لیے صرف میلان قلب کی قوت و ضعف کو نہین دیکھا جاتا بلکہ اسکی عقل بنیاد کو دیکھا جاتا ہے"

پھر اسی لکچر کے آخر مین یہ ثابت کرنیکے بعد کہ اگر تجربہ ہمارے معرفت نہ ہوتے تو محض عقل سے مذہب کو پیدا کرنا یا ثابت کرنا ناممکن تھا۔ لکھتے ہین کہ۔

"مگر فلسفہ کی نسبت صرف یہی منفی نتیجہ نکال کر خاموش ہو جانا میرے نزدیک فلسفہ پر ظلم کرنا ہی اسلئے مجھے بیان کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے کہ وہ مذہب کی کیا خدمت کر سکتا ہی۔ پس مین کہتا ہون

[1] کتاب ورائٹیز آف ریلیجیئس اکسپیرینس لکچر ۱۸

کہ اگر فلسفہ اپنے قیاس و استقرا سے الٰہیات مین دخل نہ دے اور حقیقت ذات دریافت کرنے کے بجاے خدا کے عوارض و صفات مین غور کرے یعنی خود کو بجاے فلسفہ مذہب کہلانے کے علم مذہبی کا لقب دے تو بہت کچھ مفید ہو سکتا ہے"

" انسان کا ذہن جبکہ اپنے گرد و پیش کی ترغیبون سے آزاد کیا جاے تو وہ اپنے معبود کی ویسی ہی تعریف کریگا جیسی اس کے سابقہ مسلمات عقلی کے مناسب ہو پس فلسفہ ان تعریفون سے واقعی اور فضول امور کو تمیز کر سکتا ہے اور عقاید و عملیات دونون کے غیر ضروری حصہ کو الگ کر سکتا ہے اور مذہبی عقاید کو علوم تقسیمیہ کے ساتھ مقابلہ کر کے اُن اصول کو جدا کر سکتا ہے جو عالمانہ نظر مین بیہودہ اور لایعنی ہون۔ اس طرح پر وہ ناواجب خیالات کو نکال کر تصورات کا ایک ایسا حصہ باقی چھوڑیگا جو کم از کم ممکن ہو۔ پھر ان تصورات مین سے ہر ایک کو ایک جداگانہ قیاس فرض کر کے اُن کا امتحان کریگا جس طرح مختلف قیاسون کا امتحان کیا جاتا ہے اور جس قیاس کو زیادہ قابل اعتراض پائیگا اس کو نکال کر تعداد کم کرتا جائیگا اور پھر شاید کسی ایک کا حامی بنجائیگا جس کو بالکل ثابت یا قابل اثبات پائیگا۔ پھر اس قیاس یا رای کی تعریف مین اصلاح کریگا اور اس مین جو اجزا محض تمثیل کے واسطے ہونگے یا نفس عقیدہ سے غیر متعلق سمجھے جائینگے اُن کو تعریف کے اصلی اور ضروری اجزا سے جدا کریگا۔ نتیجہ یہ کہ وہ مختلف عقاید یا اہل عقاید مین مصالحت کا کام دیگا اور مذہب مین اتفاق اور یکجہتی پیدا کرنے مین ممد ہوگا۔ اور اسکو جس قدر کامیابی اپنی اس کوشش مین ہوگی اسی قدر وضاحت کے ساتھ مذہب کے ذاتی عناصر اور عام اور ضروری اجزا متمائز ہوتے جائیں گے"

"مین نہین جانتا کہ ایک ایسا علم جس کا موضوع مذہب کی نکتہ چینی اور اس باغ کی سیر و پیمائی ہو وہ کیون نہ ویسی ہی تسخیر عام حاصل کریگا جو علوم ظاہری کو حاصل ہے۔ مین تو کہتا ہون کہ اس صورت مین وہ لوگ بھی جو مذہبی طبیعت نہین رکھتے ایسے فلسفہ کے نتایج سے انکار نہ کر سکینگے۔ جیسے نابینا آدمی علم مناظر کے مسائل سے انکار نہین کر سکتا لیکن جیسا کہ علم مناظر و مرایا بینا لوگون کے تجربون سے پیدا ہوا ہے اور انہی کے تجربون سے اس کے مسائل ثابت ہونے مین اسی طرح علم مذہبی کا ابتدائی

عنصر بھی لوگون کے ذاتی تجربے (وحی والہام) ہون گے۔ اور یہی آئندہ نکتہ چینی اور رد و قدح مین تحقیق و تدقیق کا سنگ بنیاد ٹھیرینگے۔ غرض یہ علم علی حالت سے باہر نہ جائیگا اور محض خیالی فضا مین نہ اڑیگا اور ہمیشہ اس کو وہی اعتراف کرنا پڑیگا جو دوسرے علوم کرتے ہین کہ مظاہر قدرت کی حقیقت ہماری دسترس سے باہر ہے البتہ جو کچھ بیان کیا جاتا ہے اقرب بصواب ہے فلسفہ صرف الفاظ مین رہتا ہے اور صداقت و حقیقت ہمارے دل مین ایسے طور سے در آتی ہے کہ لفظی قاعدون سے پری ہوتی ہے۔"

غرض یہ کہ جو لوگ مذہبی تجربون یا جلوہ ہاے معرفت کی لذت سے آشنا نہین ہین وہ اگر محض اپنی رائے سے دوسرے لوگون کے تجربون کا لحاظ کرنے کے بغیر کوئی مذہب قائم کرین تو وہ ایسا ہی ہوگا جیسے کوئی اندھا بینا لوگون سے پوچھنے کے بغیر بینائی کے قواعد مرتب کرے۔ پس اس حالت مین ایسے لوگون کی عقل مذہب کے بارہ مین کچھ مفید نہین ہوسکتی۔ البتہ اگر روایات معرفت کو پیش نظر رکھ کر جو عقاید اور مسائل اون روایتون کی بنا پر پیدا کئے گئے ہین یعنے جو شریعتین اہل الہام نے پیش کی ہین انکو عقلی معیار سے پرکھا جائے اور جو نقص اہل الہام کے تصور استعداد یا معتقدین کی نفسانی خواہشون سے وحی کے ساتھ مل گئے ہین اون کو الگ کیا جائے تو اس صورت مین عقل مذہب کی شناخت اور ایک کو دوسرے پر ترجیح دینے مین بہت کچھ مفید ہوسکتی ہے۔ بلکہ جن لوگون کو معرفت کا کوئی جلوہ نظر آیا ہے وہ بھی اسی طرح اپنے دیکھے ہوئے جلوہ کی نسبت فیصلہ کرسکتے ہین کہ اسمین ان کے اپنے ذاتی میلان اور نفسانی خواہش کی کسقدر آمیزش ہے اور خالص جلوہ ربانی اور حکم الٰہی کس قدر ہے۔

مثلاً جلوہ ہاے معرفت کی جو مثالین اوپر پروفیسر ولیم جیمس کی کتاب سے نقل کی گئی ہین اون مین ایک شخص خدا کا جلوہ ایسی صورت مین دیکھتا ہے کہ اسکو کوئی بصر نے کا گمان کرتا ہے۔ دوسرا خیال کرتا ہے کہ مین خدا ہی مین رہتا ہون اور ایک اور شخص اسکی حضوری ایسی طور پر محسوس کرتا ہے کہ نہ اس کے لیے سمت ہے اور نہ کوئی رنگ اور مزہ۔ ان مین سے پہلا شخص چونکہ زیادہ تر جسمانی خیالات مین مبتلا ہے اس لیے اس کو خدا کی نسبت بھی جسمانی صفات کا خیال ہوا ہے پس اگر اس کے خیالات مین ترقی نہ ہو اور نیز اگر اس طرح کا جلوہ بھی اس کو پیہم نظر آتا رہے اور وہ اس بنا پر ایک مذہب قائم کرنا چاہے تو ایسے مذہب مین ضرور

خدا کو مجسم اور گرفت مین لینے کے قابل مانا جائیگا اور غالبًا اسی قسم کی غلطیون سے بعض قدیم مذاہب مین خدا کو مجسم مانا گیا ہے۔ اور اسیطرح دوسرا شخص چونکہ خدا کے مطلق اور غیر محدود ہونے کو دنیا کے عام اور وسیع خیالات سے مشابہ سمجھتا ہے اس لیے اسکو فضا کی طرح اپنے رہنے اور چلنے پھرنے کا ظرف تصوّر کرتا ہے اور تیسرا شخص چونکہ اعلیٰ خیالات مین ان سے ممتاز تھا اسلیے ایسی توہمات مین مبتلا نہین ہوا۔ پس عقل اس قسم کے مختلف خیالات مین منصف بن سکتی ہے اور علوم یقینیہ کی تطبیق سے فیصلہ کر سکتی ہے کہ ان مین سے کونسا خیال قابل تسلیم ہے۔

مگر یہ سب کچھ اسی صورت مین ہو سکتا ہے کہ نظام کائنات اور عام مناظر قدرت مین غور و فکر کرنے سے انسان مین ذہن سلیم اور فکر صائب پیدا ہو جائے اور سنت اللہ یعنی قوانین قدرت کا مطالعہ کرتے کرتے حق و باطل مین تمیز کرنے کی صلاحیت حاصل ہو چکی ہو اور یہ قبل بالیقین ظاہر ہے کہ ابتدائی آفرینش سے موجودہ تھین بلکہ قانون ترقی کے موافق رفتہ رفتہ اور نہایت طویل زمانے مین پیدا ہوئی ہین پس اسی قدر زمانہ گذرنے کے بعد انسان کو کائنات کے مطالعہ سے مذہب کو تحقیق کرنے کرنے کی استعداد میسّر آئی ہے۔ ورنہ گذشتہ زمانے مین جبکہ انسان وحشی حالتمین تھا اس وقت کے رہنماؤن کو اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ کسی بڑے ممتاز نظارہ قدرت یعنی معجزہ سے لوگون کو خدا کی طرف بلائین اس لیے اس وقت کے لیے وہی عجیب باتین آیات اللہ اور برہان قویم تھین اور انکے برخلاف عقل و شعور کے زمانے مین ذرّہ سے لیکر آفتاب تک ہر چیز اس کی طرف بلانے کے لیے زبان گویا کا حکم رکھتی ہے۔

عقل ترقی سے مذہب کو استحکام ہوتا ہے

بلکہ انسانی علوم جس قدر ترقی کرتے جائینگے اور قوانین قدرت کی پیچیدگیان جس قدر کھلتی جائینگی اسی قدر خدا کی قدرت کو ماننے کا سامان زیادہ مہیا ہوتا جائیگا۔ بیشک خدا کی بڑی قدرت ہے کہ اس نے حرکت کرنے کے لیے ہاتھ پاؤن اور دلی خیالات ظاہر کرنے کیلئے زبان اور قلم کو مہیا کیا۔ مگر سٹیم سے حرکت کا سامان اور بجلی سے نامہ و پیام کی سہولت دیکھکر اس سے بھی زیادہ قدرت ثابت ہوتی ہے اور اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ جس نے ہلکے سے

غبار مین لاکھون من بوجھ لیجانے کی اور غیر محسوس برقی رو مین ہزارون کوس طے کرنیکی طاقت رکھی ہے اور اس کیلئے خاص قاعدے اور قانون مقرر کیئے ہین اور جس نے انسان کو یہ عقل دی ہے کہ وہ ان عددن کو دریافت کرے اور ان طاقتون سے کام لے۔ وہ حکیم و خبیر خدا بڑی قدرت اور عظمت کا مالک ہے اور بیشک خدا کے خوف سے ڈرنے والے وہی لوگ ہو سکتے ہین جو اسکی بے انتہا قدرت کا پتہ لگاتے ہین۔

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا بیشک بندگان خدا مین سوا سکے خوف سے ڈرنے والے علما ہی ہو سکتے ہین

اور اُن قوتون کو پہچانتے ہین جو پہاڑون کو ہلا سکتی ہے زمین کو چکر مین رکھتی ہین اور آفتاب و ماہتاب کو ایک خاص نظام مین جکڑے ہوئے ہین اور پھر بھی مانتے ہین کہ ابھی اسکی قدرتون کی کوئی حد نہین اور بقول نیوٹن اعتراف کرتے ہین کہ حقیقت کے ناپیدا کنار سمندر کے صرف ساحل پر کھڑے ہین۔

اور تو اور ڈارون کی وہ تھیوری جس کو مذہب کی بیخ و بنیاد اکھاڑنے والی کہا جاتا ہے کیونکہ اس کے رو سے انسان و حیوان اور اُن کی آنکھ ناک وغیرہ اعضا کسی خاص ہستی نے ابتداءً پیدا نہین کیے بلکہ تمام جاندار ایک ہی نسل سے ہین جس کے ناقص اور بیکار اعضا یکے بعد دیگرے معدوم ہوتے ہوتے انسان جیسی خوبصورت ہستی موجود ہو گئی ہے۔ اس تھیوری سے بھی مذہب کے نابود ہو جانے کا خوف ایک توہم بیجا ہے۔ پہلے ہمارے دل اسی صنعت کو دیکھکر عش عش کیا کرتے تھے کہ ایک ناچیز قطرہ کو کیسے عجیب طور پر پرورش کیا جاتا ہے کہ وہ جمادی حالت سے ترقی کرتے کرتے ایک سرو قامت گلعذار اور عقل و فہیم انسان بنجاتا ہے۔ اب اگر ڈارون صاحب کا خیال درست ہو تو اسکی قدرت کا کرشما اور بھی عجیب ہو جاتا ہے کہ پانی کے ایک کیڑے کو ایسی استعداد دیکر بھیجا ہے کہ وہ نہ صرف اپنی موجودہ ہے حس و حرکت زندگی کو قائم رکھنے کے قابل ہے بلکہ ترقی کی ایسی قابلیت رکھتا ہے کہ بڑھتا ہے۔ اپنے ناقص اور بیکار اعضا کو بدلتا ہے۔ کچھ سے کچھ اور کچھ سے کچھ ہوتا ہوا رینگنے والے کیڑے سے شہ زور اور طاقتور حیوان بنتا ہے اس سے آگے بڑھتا ہے بیشعوری کی حالت سے ڈارون جیسے ہزارون سال پیشتر کی باتین جاننے والے انسان کی صورت مین جلوہ گر ہوتا ہے۔ پس کیڑے کو ایسی استعداد دینے والا کیا کچھ قدرت نہ رکھتا ہوگا۔

اور ابھی تک صرف حیوانات کو ایک خاندان فرض کیا گیا ہے اور نباتات کو غالباً ایک جداگانہ سلسلہ مانا جاتا ہے لیکن اگر کبھی یہ پردہ بھی کھل جائے اور معلوم ہو کہ نبات بھی ترقی کرتے کرتے حیوان اور حیوان سے انسان بنجاتی ہے تب بھی خدا کی قدرت پر کوئی حرف نہ آئیگا۔ بلکہ مٹی کے ایک ذرہ مین نبات حیوان اور انسان بننے کی قابلیت پیدا کرنے والا اہل دل کے لیے اب سے زیادہ حمد و ثنا کے لائق ہوگا۔ غرض واقعات عالم کے دقائق اور اسباب خواہ کتنے ہی معلوم ہوتے جائین اور انسان ان کے قاعدے دریافت کرکے سب چیزون سے سب منشا کام لینے کے قابل ہو جائے تو جو ذات تمام عالم کا سرچشمہ ہے اسکی قدرت زیادہ سے زیادہ ثابت ہوتی جائیگی علم و حکمت کے متنوع طبقات زمین کی تحقیق کرتے ہون یا اجرام سماوی کی حرکات دیکھتے ہون قانون مقناطیس سے پیش از وقت زلزلہ کی اطلاع پائین یا آفتاب کے داغون سے موسمی تغیر کو پہچانین ہر حال مین اگر دماغ کے ساتھ دل بھی رکھتے ہین تو ہر ذرہ سے خدا کا نام سنینگے اور ہر واقعہ سے اسکی شہادت پائینگے اور آخر کو اعتراف کرنا پڑیگا کہ اسی پیدا کرنے والے تو نے ایسا عجیب نظام محض رائگان نہین بنایا اور ضرور ہمکو کسی غایت کیلئے پیدا کیا ہے۔

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

(آل عمران پارہ ۴ ع ۲)

بیشک آسمان زمین کی پیدائش مین اور رات دن کے تغیر مین عقلمندون کے واسطے نشان ہین۔ مگر کون عقلمند؟ جو خدا کو بیٹھے اٹھے اور لیٹے یاد کرتے ہین اور آسمان زمین کی پیدائش مین غور کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اے پروردگار تو نے اس نظام کو رائگان نہین بنایا تو پاک اور برتر ہے۔ ہمکو آگ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

باب ششم

ختم نبوت

جلوہ ہائے معرفت کی دو قسمیں ہیں۔ بظاہر ختم نبوت ممکن نہیں۔ فیضان وحی بالواسطہ اور بلاواسطہ۔ اگر ترقی کرنے والے اپنی حد امکان تک پہونچ گئے ہیں تو آئندہ قانون ارتقا کا بند ہوجانا ممکن ہے۔ انسانی علم صرف تعلقات تک رہتا ہے۔ مذہب بھی محض خالق و مخلوق کے تعلقات بتانے کا مدعی ہے۔ مذہبی ترقی کثافت سے لطافت کی جانب ہے ختم نبوت اور سپنسر۔ ختم نبوت اور پارکر۔ اعلیٰ اخلاق کیا ہو سکتے ہیں؟۔

ذکر یہ تھا کہ جس طرح پر خاص انسانوں کو علوم جسمانی میں بعض اوقات میں خاص نکتے سوجھتے ہیں اور اس طریق سے انسانی عقل ترقی کرتی ہے اسی طرح خاص بندوں کو خاص اوقات میں نکات معرفت معلوم ہوتے رہتے ہیں اور یوں مذہب ترقی کرتا ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ مذہب بالاتر ہستی کا تجربہ ہے اس لئے اس میں انسان کی طرف سے انفعال اور خدا کی طرف سے فاعلانہ قدرت کا ظہور ہوتا ہے اور اسی کو وحی کہتے ہیں۔ اس ضمن میں معراج اور معجزہ کا ذکر ایک جملہ معترضہ تھا جسکی اہمیت اور نیز اسکے خلاف غلط اعتراضوں کی کثرت کے سبب مضمون کو معمول سے زیادہ طول دینا پڑا۔ اب نفس مضمون کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

جلوہ ہائے معرفت کی دو قسمیں ہیں

جلوہ ہائے معرفت جو خدا کے نیک بندوں کو نظر آتے ہیں انکی مختلف شکلوں کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تجربے دو قسم کے ہیں۔ ایک کسی خاص وقت میں یا بعض خاص قسم کے مسئلوں کو اکتشافی حضوری ہوتی ہے جو ان کے ذاتی افکار میں یا سلوک معرفت کی وقتوں میں سہولت اور اطمینان کا باعث ہوتی ہے لیکن اس سے کسی مشکل مسئلہ کا حل یا جدید عقیدہ کا انکشاف نہیں ہوتا اور اسکو اصطلاح میں کشف کہتے ہیں اور جس شخص کو یہ حاصل ہو اگر وہ پہلے سے بالکل درست اعتقاد رکھتا ہو اور اس کے کشف میں کوئی نفسانی آمیزش نہ ہو تو ولی کہلاتا ہے اور اگر ایسا نہیں تو صاحب استدراج نام پاتا ہے۔ اور دوسری قسم

کے وہ تجربے ہین جن سے کسی سابقہ نقص اور غلط فہمی کی اصلاح ہوتی ہے اور سلسلہ عقائد اور ذرائع وصال ربانی یعنی عبادات و معاملات کے متعلق خدائی احکام دریافت ہوتے ہین اور خاص اسی قسم کے تجربے ہین جن کو اصطلاح مذہب مین وحی کہتے ہین اور یہی تجربے ہین جن سے مختلف مذاہب پیدا ہوتے ہین اور جن کے لانیوالون کو پیغمبر کہتے ہین -

بظاہر ختم نبوت ممکن نہین

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس طرح پہلے سے ہوتا آیا ہے آیا اسی طور پر آئندہ بھی کشف اور وحی کا سلسلہ جاری رہیگا یا کسی وقت اس کا بند ہوجانا بھی ضرور ہے - اور چونکہ عقلی ترقی محدود نہین ہے اور کوئی وقت ایسا خیال مین نہین آسکتا کہ انسان آئندہ قوانین قدرت کو دریافت نہ کرسکے اس لیے اس پر قیاس کرتے ہوئے کشف و وحی کے بارہ مین آسان جواب یہی ہوسکتا ہے کہ یہ سلسلہ بھی کبھی منقطع نہ ہوگا مگر اس جواب کو صحیح سمجھنے سے پہلے کسی قدر اور بھی غور کرلینا چاہیئے -

فیضان وحی بالواسطہ اور بے واسطہ

کشف مین چونکہ نئی تعلیم نہین ہوتی اور محض سالک کے سفر کو آسان کرنا مقصود ہوتا ہے اس لیے اس کا فائدہ دوسرون تک نہین پہونچتا بلکہ اکثر اہل تصوف حالات کشف کو مخفی رکھنا ضروری جانتے ہین تاکسی طرح تکبر اور رعونت نہ پیدا ہو اسکے برخلاف وحی سے نہ صرف صاحب وحی کو بلکہ عام خلق اللہ کو فائدہ پہونچتا ہے اور غلطیون کی اصلاح ہوتی ہے اور اسلیے انبیا پر فرض ہوتا ہے کہ اپنی تعلیم کو شائع کرین - پس یہ پیغام جو خلق اللہ مین شائع کرنے کے لیے القا ہوتے ہین - ان کی انسان تک پہونچنے کی دو صورتین ہین - ایک جب کوئی صاحب استعداد موجود ہوتا ہے تو خدا کی طرف سے اسکو وحی کی جاتی ہے - اور دوسری صورت یہ کہ جب تک کوئی شخص منصب نبوت کے لائق نہ پیدا ہو وہ نکات اور احکام جو کسی نبی پر اتر چکے ہین ایک انسان سے دوسرے انسان تک پہونچتے رہتے ہین - پہلی صورت کو انگریزی مین انسپائریشن یا قانون ارتقا کہنا چاہیئے - اور دوسری صورت کو انگریزی مین ٹریڈیشن یا قانون توارث - اب دیکھنا یہ ہے کہ دنیا کے دیگر معاملات مین قانون ارتقا اور قانون توارث کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہتا ہے یا کبھی کسی وجہ سے اس کا انقطاع بھی ہوسکتا ہے اور اسی طرح پر غور کرنے سے جو قاعدہ ان کے جاری رہنے یا بند ہونے کے واسطے دریافت ہوگا اسی کی رو سے وحی کی نسبت بھی فیصلہ ہوسکیگا -

اگر ترقی کرنے والے اپنے حد امکان تک پہونچ گئے ہین تو آئندہ قانون ارتقا کا بند ہوجانا ضرور ہے

زمین اور اسکی پیدایش یعنی مولید ثلاثہ کی نسبت اِس قدر تو یقینی اور بدیہی بات ہے کہ آبادی کے قابل ہونے پر پہلے ادنیٰ نباتات کا ظہور ہوا ہوگا یا بعض ایسے حشرات الارض کا جن کو نباتی غذا کی ضرورت نہین- نباتات مین اگرچہ بعض ایسی بھی دریافت ہوئی ہین جو جانورون کو غذا بناتی ہین مگر ان کو جانورون کے بعد کی مخلوق مانکر بھی نباتات کا بڑا حصہ حیوانی غذا سے بے نیاز اور حیوانون سے پہلے موجود ماننا پڑتا ہے- ان کے بعد ایسے حیوانات پیدا ہوئے ہونگے جو نباتات ہی غذا لیتے ہین اور ان کے بعد وہ حیوان جو گوشت کھاتے ہین اور انسان کے لیے چونکہ تمام قسم کی نباتات اور ہر قسم کے حیوانات کی ضرورت ہے اس لیے یہ سب کے بعد دُنیا مین آیا ہوگا- اس سلسلہ کو یقینی ماننے کے بعد اب احتمالات کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جنمین سے قدیم خیال یہ ہے کہ ہر ایک نبات اور ہر ایک جاندار مجرّداً پیدا ہوا ہے- اور ایک خیال علی دُنیا مین اب حکومت کر رہا ہے کہ سوائے ابتدائی آبی کیڑے کے اور کوئی جاندار ابتداءً معرض وجود مین نہین آیا بلکہ اسی کیڑے کی نسل سے بدلتے بدلتے ہر قسم کے حیوانات بن گئے ہین حتےٰ کہ وہی نسل بڑھتے بڑھتے بندر- بن مانس اور انسان ہوگئی ہے-

ان دونون احتمالون کو آپس مین کشتی لڑتے ہوئے اور نئے کو پرانے کا شانہ زمین پر لگاتے ہوئے چھوڑکر جو امر مشترک دونون مین پایا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ تمام نبات خوار اور گوشت خوار حیوانات ایک ہی وقت مین پیدا نہین ہوئے بلکہ پہلے بیشک کسی طرح کے کیڑے مکوڑے پیدا ہوئے ہون گے کیونکہ ایسے جاندار اب بھی دیکھے جاتے ہیں کہ کسی متعفن جگہ یا گندہ موسم مین نہایت جلدی پیدا ہوجاتے ہین- پھر انکی نسل بڑھنی شروع ہوئی ہوگی حتی کہ جب وہ وقت آیا ہوگا کہ ان سے بڑا کوئی اور جانور بھی زندہ رہ سکے تو وہ موجود ہوگیا ہوگا- خواہ کیڑے مین ہی یہ استعداد آگئی ہو کہ وہ مینڈک مچھلی کی شکل حاصل کرے یا سطح زمین مین یہ قابلیت ہوگئی ہو کہ اُس مین سے بڑے جانور کا ظہور ہوسکے- پھر حسب معمول کچھ مدت اِس جانور کی نسل چلی ہوگی اور ایک وقت پر اس جانور کی یا سطح زمین کی استعداد کامل ہونے پر کوئی تیسری شکل ظاہر ہوئی ہوگی اور یونہی سلسلہ جاری رہا ہوگا کہ کچھ عرصہ ایک ہی جانور نسل در نسل چلا آتا ہوگا اور

کسی وقت مین کوئی نئی صورت پیدا ہوتی رہی ہوگی حتنے کہ ایک وقت پر ان سب کا دربار آراستہ ہونے کے بعد حضرت انسان کا جلوس شاہی نمودار ہوا ہوگا۔

اور اس طرح ہم دیکھتے ہین کہ جب تک انسان کی ایک نوع مین، یا سطح زمین مین دوسری شکل پیدا کرنیکی استعداد نہ موجود ہو یا ناقص ہو توقانون توارث عمل کرتا ہے اور ہرن کا بچہ ہرن اور بکری کا بچہ بکری پیدا ہوتا ہے یعنے قدرت کا اثر باپ کی وساطت سے بیٹے تک پہونچتا ہے اور جب یہ استعداد کامل ہوجاتی ہے تو قانون ارتقا قانون توارث کی جگہ لیتا ہے اور ایک اور حیوان کی شکل دیکھنے مین آتی ہے یعنی قدرت براہ راست عمل کرتی ہے اور بیٹے مین وہ بات پیدا ہوتی ہے جو باپ مین نہ تھی۔

لیکن اب انسان کو وجود پذیر ہونے پر اگر مادہ مین یہین تک ترقی کرنے کی استعداد ودیعت تھی یا اگر خدا کا ارادہ دنیا مین اسی نوع تک پیدا کرنے کا تھا تو کہنا چاہئے کہ آئندہ اس سلسلہ مین قانون ارتقا کا خاتمہ ہوگیا اور اب قانون توارث سے انسان کا بچہ انسان ہی پیدا ہوتا رہیگا۔ اگرچہ ایک اور سلسلہ مین یعنی انسان کی عقلی قابلیت مین قانون ارتقا اب بھی عمل کر رہا ہے مگر اس وقت ہم حیوانی شکل وصورت کے سلسلہ کو دیکھ رہے تھے جس کے بدلنے سے نوع حیوانی کا نام بدل کر بلی کے بعد شیر اور بندر کے بعد بن مانس کہنے لگتے ہین اور عقلی ترقی سے ایسا تغیر پیدا نہین ہوتا بلکہ افریقہ کا وحشی اور یورپ کا فلاسفر دونون کا نام انسان ہی رہتا ہے۔

اچھا تو شکل وصورت یا انواع حیوانی کے سلسلہ مین قانون ارتقا کی نسبت سوال ہونے پر یہ عام جواب کہ "قانون ارتقا کبھی بند نہ ہوگا" بالکل غلط ہے بلکہ سچا جواب یہی مشروط جواب ہوگا کہ اگر مادہ اپنی واقعی شکل تک پہونچ گیا ہے تو قانون ارتقا ختم ہوگیا اور یہ ہمکو معلوم ہے کہ مادہ کی انتہائی شکل انسان ہے اس لیے یون بھی جواب ہوسکتا ہے کہ اگر انسان مادہ کی واقعی شکل ہے۔ تو قانون ارتقا ختم ہوگیا۔

اب روح کے بارہ مین قانون ارتقا کے بند یا جاری رہنے کا سوال ہو تو اس کی نسبت بھی یہی عام

فیصلہ غلط ہوگا اور سچا جواب یہی ہو سکتا ہے کہ انسان کے لیے جہان تک خدا کو پہچاننا ممکن ہے اگر وہی کے تجربے اس حد تک پہونچ چکے ہین تو اس سلسلہ مین بھی قانون ارتقا کی گنجایش نہین۔ اور اسی طرح کا یہ مسئلہ جو ایک دفعہ قانون ارتقا کے رو سے قدرت کے براہ راست عمل کرنے سے کسی انسان پر منکشف ہوا ہے آئندہ قانون توارث کے رو سے ایک انسان سے دوسرے انسان تک پہونچتا رہیگا جس طرح پر پیدائش کا سلسلہ کسی خاص حیوان تک پہونچنے کے بعد قانون ارتقا سے انسان پیدا ہوا ہے اور آئندہ صرف قانون توارث کے رو سے انسان سے انسان پیدا ہوتا رہتا ہے اور اب کسی حیوان سے یا زمین سے انسان پیدا نہین ہوتا +

مگر آگے یہ دقت پیش آتی ہے کہ سلسلہ حیوانی مین مادہ کی انتہائی صورت یقیناً معلوم تھی کہ وہ انسان ہے اور مذہبی سلسلہ مین خواہ تاریخی طور پر وحی کی انتہائی صورت معلوم ہو سکتی ہو مگر دنیا مین وحی کا جھوٹا دعوے کرنے والے بھی ہوتے آئے ہین اس لئے ثبوت دینے سے پہلے کسی شکل کو انتہائی کہنا غلط ہوگا پس جیسا جواب حیوانی سلسلہ مین دیا جا سکتا ہے کہ "اگر انسان مادہ کی واقعی شکل ہے تو قانون ارتقا ختم ہو گیا" اس قسم کا جواب مذہب کے بارہ مین نہین ہو سکتا بلکہ اسکی جگہ یون کہنا پڑے گا کہ اگر مسئلہ وحدت وجود خدا کا واقعی جلوہ ہے جس تک انسان پہونچ سکتا ہے تو جس شخص نے سب سے پہلے اس مسئلہ کی تعلیم دی ہے وہ خاتم الانبیا ہوگا اور پیچھے آنے والے سب اسی کے خوشہ چین ہون گے اور اگر خدا کا انسان کی شکل مین حلول کرنے کا یا بیٹے کی شکل مین آنے کا مسئلہ خدا کا واقعی جلوہ ہے تو ایسی تعلیم لانے والا سب سے آخری نبی ہے۔ یا اگر خدا کی نسبت واقعی علم یہ ہے کہ وہ بغیر مادہ اور روح کے دنیا کو پیدا نہین کر سکتا تو اس مسئلہ کو ظاہر کرنے والا آخر المرسلین ہے اور اسی طرح دنیا کے ہر ایک مذہب کی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ اگر اس کو واقعی کشف ہو گیا ہے تو پھر خدا کی طرف سے کسی اور نبی پر وہی مسئلہ القا کرنے کی ضرورت نہین اور آئندہ محض اسی انسان کی وساطت سے واقعی تعلیم رائج ہو سکتی ہے۔ اب آگے عقل کی وساطت سے یا جس طرح بھی ممکن ہو یہ تلاش کرنا انسان کا فرض ہے کہ ان صورتون مین سے کونسی صورت ہے جسکو خدا کا واقعی جلوہ کہا جائے +

انسانی علم صرف تعلقات تک متہا ہے۔

یہ ضرور ہے کہ چونکہ خدا غیر محدود ہی اسلئے اسکی حقیقت تک پہونچنا محدود انسان کے لیئے ناممکن ہے مگر یہی صورت مادّی علوم مین پیش آتی ہے انسان مادہ کی حقیقت کو دریافت نہین کرسکتا اور اس کا مبلغ علم صرف اس قدر ہی کہ اس کے بعض اوصاف اور تعلقات سے واقف ہو اور اس کے علم کی صحت یہ ہی کہ اُن تعلقات اور اوصاف تک پہونچ جائے جو واقع مین مادّہ کے اندر موجود ہین اور غلطی یہ ہے کہ ایسے تعلقات اور اوصاف کا یقین کیے جو ہمین نہین مین مثلاً ہم سنکھیا کو دیکھتے ہین اور چاہے ہم اُس کو کیسا ہی تحلیل و تحلیل کرنے کے قابل ہو جائین اُسکی حقیقت سے ناآشنا رہین گے اور صرف اُس کے بعض اوصاف معلوم کرسکینگے مثلاً یہ کہ وہ بسیط ہے یا مرکب ہے اور اُس کے اندر اس قدر اجزا ہین۔ پس اگر ہم نے سنکھیا کے وُہی اوصاف دریافت کئے ہین جو واقع مین اُسکے اندر ہین مثلاً یہ کہ اُسکو ایک خاص وزن تک کھانے سے انسان مرجاتا ہی تو ہمارا علم صحیح ہے اور اگر اسکے خلاف کوئی اور یقین پیدا ہوگیا ہے مثلاً یہ کہ اسکو اناج کی طرح کھانے سے غذا کا کام لے سکتے ہین تو ہمارا علم غلط ہے۔ ڈاکٹر سپنسر کہتے ہین[1]۔

"سائنس کی ترقی جہان تک بھی ہو اس سے صرف اندرونی اور بیرونی تعلقات کی تکمیل ہوتی ہے (اسکی مثال یون دیتے ہین کہ) ایک تیتری کسی نبات کی خاص خوشبو سے اُسکو کھانے لگتی ہے تو اس وقت اُس کے اندر خوشبو کا تصوّر ایک حرکت پیدا کرتا ہے یعنی خوشبو جو بیرونی چیز ہے اس سے تیتری کے دل مین ایک تصور پیدا ہوتا ہے اور جیسا خوشبو کو درخت سے تعلق ہے ویسا ہی اس تصور کو کھانے سے تعلق ہے۔ اور اسی طرح تیتری کے قد و قامت رنگ ڈھنگ اور قرب و بعد کی نسبت کو دیکھ کر چڑیا کے دل پر ایک اثر ہوتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ اُسکو کھانے کو دوڑتی ہے اور اسی طرح عقاب چڑیا کو دیکھ کر چڑیا کے اندرونی حرکات سے زیادہ پیچیدہ عصابی اور جسمانی حرکات کے ساتھ چڑیا پر جھپٹتا ہے۔ اور ان سب کے اوپر شکاری ہے جو عقاب کی شکل اور اسکے قرب و بُعد وغیرہ کے علاوہ معدنیات کے اثرات مختلف کام کرنیوالے قوانین قدرت کے اوضاع و اطوار سے متاثر ہوکر بندوق بناتا ہے"

[1] کتاب فرسٹ پرنسپلز باب نمبر ۲ خلاصہ صفحہ ۸۲ وغیرہ ۱۸۸۸ء۔

اور بارود بھر کر اور اسکے اثر کا قانون دریافت کر کے عقاب کو مارنا چاہتا ہے۔ پس چونکہ زندگی اپنے تمام مظاہر میں بشمول قوت عقلیہ اور جملہ غائت اندرونی اور بیرونی تعلقات کے ایک مسلسل مطابقت اور درستی کا نام ہے اس لیے ثابت ہوتا ہے کہ ہمارے علم کو محض تعلقات سے تعلق ہے۔ اسکی نہایت سادہ شکل یہ ہے کہ اندرونی حالات اور بیرونی وسائل کا کسیقدر علم ہو جیسے چیتری کو خوشبو اور کھانے کے تعلق کا علم ہے اور اس سے اعلےٰ شناخت ذرا اور پیچیدہ اندرونی اور بیرونی تعلقات کو معین کر لینا ہے جیسے انسان نے عقاب۔ لوہا اور بارود کو دیکھ کر جانور کو مارنے کا طریقہ معلوم کر لیا۔ پس عقل و ذہانت کی یہ کارروائی کیسی ہی اعلےٰ ہو صرف تعلقات دریافت کرنے تک محدود ہے اور اس سے آگے نہ اندرونی حالات کو جان سکتی ہے اور نہ بیرونی وسائل کو۔ صرف اتنا جانتی ہے کہ کونسی چیز کس کے ساتھ ہوتی ہے (مثلاً خوشبو کے ساتھ نبات) یا کس چیز کے بعد کونسی چیز آتی ہے۔ (مثلاً بندوق چلانے کے بعد جانور کا مرنا) پس صداقت صرف یہی ہے کہ ہم تعلق کو ٹھیک دریافت کر لیں اور غلطی یہ ہے کہ تعلق کو ٹھیک دریافت نہ کریں۔ غرض تفکر چونکہ تعلق دریافت کرنیکا نام ہے اسلئے کوئی قوت متفکر تعلق سے آگے نہ بڑھ سکیگی۔"

مذہب بھی محض خالق و مخلوق کے تعلقات بتانے کا مدعی ہے۔

غرض جب ہماری کل کائنات تعلق ہی کو دریافت کرنا ہے تو خدا کے لامحدود ہونے کو اور دریافت حقیقت ممکن نہ ہونے کو بہانہ بنا کر تلاش معرفت سے پہلوتہی کرنا انسان جیسی عقیل ہستی کی شان نہیں اور جب ہم حقیقت کسی چیز کی بھی دریافت نہیں کر سکتے تو جس طرح مادی علم میں صرف مادہ کے تعلقات پر قناعت کرتے ہیں اسی طرح یہاں بھی خدا اور مخلوق کے تعلقات کو دریافت کرنا ہی انتہائی نظر ہوگا اور مذہب انہی تعلقات کو دریافت کرنے کا دعوے کرتا ہے ایک کہتا ہے کہ مخلوق اور خالق کا تعلق یہ ہے کہ ایک ہی ہستی مختلف مظہروں میں جلوہ کر رہی ہے۔ دوسرا کہتا ہے کہ ایک نے دوسری کو نیست سے ہست کیا ہے اور تیسرا دعوی کرتا ہے کہ ایک نے دوسری موجود چیز کو مختلف شکلیں عطا کی ہیں۔ اسی طرح ایک کہتا ہے کہ جب تک وہ کسی خاص محسوس شکل میں جلوہ نہ کرے انسان اس تک نہیں پہونچ سکتا اور دوسرا کہتا ہے کہ اس تک پہونچنا ہو تو تمام

خاص چیزون سے پرہ دیکھو۔ اور تمسام تعلقات مین حقیقت دریافت کرنیکا دعوی ان مین کسی مین بھی نہین اور انہی تعلقات مین غور کرنا اور ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا ہمارا فرض ہی۔ اِس تحقیق مین اگر ہم اس نتیجہ تک پہونچ جائین کہ فلان تعلق واقعی تعلق ہے تو اسی کی تعلیم دینے والے کو خاتم المذاہب کہینگے اور اگر بالفرض کسی تعلق کو بھی واقعی نہ کہسکین تو اس صورت مین بیشک مذہب کی آئندہ ترقی کا احتمال باقی رہیگا۔ مگر اس صورت مین بھی مذہب سے بالکل اعراض کرنا یا بالکل بے سوچے سمجھے کسی ایک پر کاربند ہونا غلط ہوگا بلکہ یہ دیکھنا ہوگا کہ ان مین سے واقعی غلط کون ہی اور قریب بصداقت کون۔ اور جو قریب بصداقت ہون ان مین سے سب سے ترقی یافتہ اور بالاتر کون ہے اور پھر سب کو چھوڑکر سب سے بالاتر پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ کیونکہ جب تک عقل کو معلومہ قوانین قدرت سے بالاتر قوانین دریافت کرنے کی استعداد نہین ہوتی عقل کا فرض ہوتا ہے کہ موجودہ معلومات مین جو سب سے برتر ہون ان پر کاربند ہو اور اُس سے پہلے کے معلومات کو جو غلط ثابت ہوچکے ہین ترک کرے۔ مثلاً جب تک انسان پانی اور ہوا وغیرہ کو تحلیل نہین کرسکا اربعہ عناصر پر یقین کرتا رہا اور جب ان چیزون کے اجزا دریافت ہوگئے تو اب اگرچہ ان اجزا کے تحلیل کا احتمال بھی باقی ہے مگر جب تک وہ وقت نہ آئے انسان کا فرض ہے کہ آگ اور پانی وغیرہ کو عنصر کہنے پر اصرار نہ کرے اور جو اجزاء دریافت ہوگئے ہین اُن کو عنصر مانکر اپنے علمائے نتائج اور مختلف فنون اور صنعتون کی بنیاد اسی اصول پر رکھے۔ اسی طرح کسی مذہب کو سب سے ترقی یافتہ تسلیم کرنیکے بعد ہمارا فرض ہوگا کہ اس سے کمتر مذہب پر اصرار نہ کرین اور اس بالاتر مذہب کو مانکر اپنی عائلانہ رفتار مین اسکی ہدایتون پر کاربند ہون ۔

غرض ہم ختم نبوت کے نتیجہ پر پہونچین یا بحالت موجودہ سب سے بہتر مذہب کو معلوم کرین دونون حالتون مین عملی نتیجہ ایک ہی ہوگا۔ اور ہاتھ پاؤن توڑکر بیٹھ رہنے یا ہر کس وناکس کے دروازہ سے بھیک مانگنے کی بجائے کوشش کرنا اور ایک دروازہ تک پہونچنا ضرور ہوگا۔ مگر اس کوشش مین معیار یہی جلوۂ معرفت ہونا چاہیئے۔ کیونکہ مذہبی جذبہ خدا کی طرف بلاتا ہے۔ اِس لیے خدا کی شناخت ہی اس کے نتائج کا معیار ہوسکتی ہے ۔

ہی تی کی شناخت سے لافت کی جانب ہے

اب خدا کی شناخت کو ختم نبوت یا ترجیح مذہب کا معیار گردانکر وقیع حصہ معرفت تلاش کرنیکے لیے اُن استدلالون کے علاوہ جو بیرونی شہادت سے پیش کئے جائین خود مذاہب کے اندرونی تغیر وتبدل اور ترقی کی روش سے بھی استدلال ہوسکتا ہے۔ کیونکہ سب سے ابتدائی مذاہب جو دنیا مین پائے جاتے ہین اُن مین کسی بالکل محسوس اور معین چیز کو اور اکثر صفات کسی کسی چیزون کو معبود گردانا گیا ہے اور اس طرح خدا کو محسوس۔ محدود۔ مقید۔ ناقص۔ فانی اور غیر سمجھا گیا ہے[1]۔ اور چونکہ یہ سب سے ابتدائی شکل ہے اسلئے اس کے علاوہ اور جس قدر شکلین مذہب مین پیدا ہین اُن سب کو اس شکل سے ترقی یافتہ اور صداقت سے قریب تر سمجھنا چاہیئے اور پھر جب ان شکلون کو دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان مین خدا کی محدودیت اور نقصان وغیرہ مین زیادتی نہین ہوئی بلکہ درجہ بدرجہ اسکو غیر محدود۔ مطلق۔ کامل۔ دائم اور نامتغیر مانا گیا ہے۔ مثلاً درخت پتھر سے ترقی کرتے ہے تو اگرچہ خیال دنیوی چیزون کی طرف ہی گیا ہے مگر درخت پتھر سے لطیف تر یعنی پانی رہوا وغیرہ کو خدا مانا ہے۔ اس سے آگے اس سے لطیف تر یعنی پانی اور آگ کے موکل اور دیوتا فرض کئے اور اس کے بعد بتدریج بڑھتے بڑھتے اور دنیوی چیزون کا لطیف سے لطیف درجہ فرض کرتے گئے تمام دنیا کا مجموعہ اور پھر اس سے آگے تمام دنیا کا امر انتزاعی یعنے درجۂ اطلاق خدا مانا گیا ہے پھر دنیا سے پرے اور تمام اشیا سے برتر اور اعلیٰ ہستی تک پہونچے ہین اور مانا ہے کہ خدا تمام شیا سے تمام کثافتون سے پاک۔ تمام لطافتون سے متصف اور عقل و قیاس سے برتر ہے۔ مگر نہایت کثیف یعنی محسوسیت سے آغاز کرکے ایسے لطیف درجہ تک آنا اور اس کو پورے طور پر دل مین جگہ دینی آسان

[1] یہ پہلے ذکر ہوچکا ہے کہ مذہب کی تشکیل خدا کی طرف سے نہین ہوسکتی بلکہ اسکی طرف سے پہلے جذبۂ مذہبی پیدا کیا گیا ہے اور جذبہ کے اثر سے جیانسان نے تلاش شروع کی تو سب سے پہلے وہ محسوسات ہی کیطرف جھکا پس یہ ایک آمیزش ہے انسان کے تصور بشری کی الہام ربانی کے ساتھ ہوگئی اور علیٰ ہذا القیاس اس کے بعد کسی نبی نے تعلیم دی کہ خدا پتھر نہین ہے درخت وغیرہ کا خالق ہے تو جن طاقتون سے انہون نے جمادات اور نباتات مین تغیر ہوتا دیکھا انکی طرف جھک گئے۔ اور اس طرح آخر تک وحی سے مذہبی ترقی اور ایک غلط قیاس سے غلط آمیزش ہوتی گئی۔

آسان کام نہ تھا چنانچہ جب پہلے پہل اس درجہ تک پہونچے ہین تو اس عقیدے نے واقعی تکمیل مین زبان سے دل تک آنے اور عملی حالت پر اثر کرنے مین بہت وقت صرف کیا اور خدا کو واقعی سب سے برتر کہنے کے بعد کسی نے نیتی نیتی[1] یعنی خدا نہ یہ ہے نہ وہ ہے کہتے کہتے نقائص سے پاک ماننے کے علاوہ اسکی تمام صفات کاملہ کو بھی اڑا دیا۔ اور اگرچہ فلسفیانہ چھان بین کے وقت ہم کسی چیز کی ذات کا خیال اور اُس کی صفات کا خیال جدا جدا ذہن مین لا سکتے ہین اور اسطرح ذات کے مرتبہ کو تمام صفات سے معرا تصور کر سکتے ہیں یہ محض ذہنی عمل ہوگا ورنہ خارج مین کوئی چیز ایسی موجود نہین ہوسکتی جو کوئی صفت نہ رکھتی ہو کیونکہ اس کو موجود ماننے کم از کم وجود کی صفت ضرور لاحق کرنی پڑتی ہے پس خدا کو نیتی نیتی کہہ کر تمام صفات سے معرا کرنے کا یہ طلب ہوتا ہے کہ وہ موجود بھی نہین اور صرف ذہن نے دیگر موجودات کو دیکھ کر اسکا تصور قائم کر لیا ہے پس گویا اس مذہب نے موجودات عالم کو تحلیل کرتے کرتے اُس کے آخری درجہ یعنی حالت اطلاق تک پہونچ کر اس کو خدا مان لیا ہے اور مذہبی جذبہ جو خدا کو موجود اور ہر حال مین ہر چیز کا حامی و ناصر ماننے کا تقاضا کرتا ہے اور نیز جلوہ ہائے معرفت جنمین بالعموم خدا کا دیدار بطور ایک موجود فی الخارج کے ہوتا ہے ان دونون کو اس مذہب سے تعلق نہین ہے اور بقول وہیم جیمس گویا یہ علم مناظر کا ایسا حل ہے جو بصارت والون کے تجربہ مین نہین ہے۔ اور اسی طرح اور مذاہب نے اگرچہ زبان سے خدا کو برتر از قیاس کہا مگر عملاً اس اعتقاد کی تردید کی اور جب اس کے برتر از قیاس ہونے کو دل مین نہ جا سکے تو کبھی کسی بُت کو اُس کا خاص جلوہ گاہ فرض کیا اس کے بعد کبھی کسی انسان مین اُسکا ظہور مانا اور اس طرح پر خدا کو اُس کے درجہ سے نیچے لاکر عبادت ایسی چیز کی شروع کی جو محدود۔ مقید اور ہر طرح سے ناقص ہے نہ وہ برتر از خیال و قیاس ہستی۔ اور پھر کبھی اسکی ذات کو برتر مانا مگر اسکی صفات کو برتر ماننے کیلئے تیار نہ ہوئے اور اسکی قدرت کا انسانون کی قدرت پر قیاس کر کے خالقیت وغیرہ مین اُس کو مادہ کا محتاج ماننے لگے۔ ان سب کوششون کے بعد معرفت کا وہ درجہ ہے جس مین خدا کو برتر از احساس (لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ پ ۷ ع ۱۳) برتر از قیاس (لَا يُحِيطُونَ بِهٖ عِلْمًا طٰہٰ پ ۱۶ ع ۶) تمام مثالون سے بالا (لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ حٰمٓ شوریٰ پ ۲۵ ع ۲) تمام صفات کمال سے متصف

[1] یہ بودھی شکر اچاریہ مشہور رحامی ویدانت کا مذہب ہے جس کو وہ اپنشدون سے استخراج کرتے ہین۔

(لِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۔ اعراف پارہ ۹ ع ۲۲) سب سے بے نیاز (اللّٰہُ الصَّمَدُ پارہ ۳۰ اخلاص) ذات وصفات مین یکتا (رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۔ انعام پارہ ۸ ع ۶) اور تنہا لایق عبادت (لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۔ انعام پارہ ۸ ع ۱۳) اور ہر چیز کا خالق (خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ ۔ انعام پارہ ۷ ع ۱۳) مانا گیا اور اس وقت وہ ترقی جو معرفت کے بارہ مین کثافت سے لطافت کی طرف شروع ہوئی تھی ختم ہوئی کیونکہ دایرہ کے ایک نقطہ سے عین مقابل نقطہ تک اور بالکل کثیف سے کامل لطیف تک پہونچ گئی ہے اور یہی انتہاے ترقی اور کمال معرفت ہے ۔ اس کے بعد کہدینا آسان ہے کہ آئندہ معرفت کی وحی ہوتی رہیگی مگر صرف گمان پیدا کرلینا اور ہے اور کوئی معقول وجہ پیدا کرکے آئندہ کی امید باندھنی اور ہے بیشک خدا غیر محدود ہے اور انسان اُسکا احاطہ نہین کرسکتا مگر انسان کے واسطے کمال معرفت بھی یہی تھا کہ اس کو تلاش کرتا ہوا اُس یقین تک پہونچ جائے کہ وہ سب سے بالا ہے اور اپنی صفات کمال مین کسی چیز کا محتاج نہین اور ہم اُسکی ذاتی اور صفاتی کنہ تک نہین پہونچ سکتے اور نہ صرف زبان سے اپنے عجز کا اعتراف کرے بلکہ عملاً بھی کسی اور ناقص چیز کو خدا کا مظہر یا اُس کا شریک ٹھہرانے اور عبادت کرنے کے وقت محدود اشیا پر دھیان نہ جمائے بلکہ عبادت بھی اس برتر ہستی کی اُسی برتر حیثیت سے کرے اور جب اعتقاد اور عمل کے اس درجہ تک رسائی ہوجاے تو آئندہ انسان کیلیئے کوئی درجہ باقی نہین اور مذہب اور وحی اور نبوت ختم ہوگئی ۔ البتہ دوسرے قسم کے جلوہ ہاے معرفت جو انسان کو سلوک معرفت میں اطمینان بخشنے والے اور قرب وصال کی خوشخبری دینے والے ہین ہمیشہ انسان کی اپنی حیثیت کے موافق ہوتے رہین گے کیونکہ ان کے بغیر سالک کو منازل طے کرنے مین کامیابی کا یقین نہین ہوسکتا +

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۔ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ (یونس پارہ ۱۱ ع ۶)	جو لوگ ایمان لائین اور متقی ہون ۔ ان کے لیئے بشارے ہی دنیوی زیست مین اور آخرت مین ۔
عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَھْلِ مِصْرَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا الدَّرْدَآءِ عَنْ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا فَقَالَ مَا سَاَلَنِیْ اَحَدٌ غَیْرُکَ لَا رَجُلٌ	قبیلہ مصر مین سے ایک شخص کہتا ہے کہ مین نے ابو درداء رضی اللہ عنہ سے اس آیت قرآنی کے بارہ مین سوال کیا لہم البشرے الخ ابو درداء نے کہا کہ جب سے مین نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَاحِدٌ مِنْهُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ نَزَلَتْ هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ أَوْ تُرَى لَهُ۔

(ترمذی۔ ابواب الرؤیا)

سے اِس آیت کا مطلب پوچھا ہے مجھ سے تجھ سے پہلے ایک شخص کے سوا اور کسی نے نہیں پوچھا اور جب میں جناب رسالت مآب سے پوچھا ہے تو آپ نے یہی فرمایا تھا کہ جب سے یہ آیت اُتری ہے مجھ سے تیرے سوا کسی نے اسکا مطلب نہیں پوچھا۔ بشرے سے مراد نیک خواب ہے جو مسلمان دیکھتا ہے یا اس کے بارہ میں کسی اور مسلمان کو نظر آتا ہے۔

اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ (بخاری باب المبشرات)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ نبوت میں سے مبشرات کے سوا کچھ باقی نہیں رہا۔ لوگوں نے عرض کیا کہ مبشرات کیا چیز ہے آپ نے فرمایا کہ نیک خواب۔

ختم نبوت اور سپنسر ہربرٹ سپنسر اپنی فلسفیانہ نظر سے موجودہ درجۂ معرفت سے آگے ایک اور درجہ کو دیکھتے ہیں اور خیال کرتے ہیں[1] کہ ایک وقت پر خدا کو ایسا مطلق سے مطلق اور برتر سے برتر سمجھا جائیگا کہ اسکی طرف کوئی صفت منسوب نہ ہوسکیگی اور انسان ہر ایک حیثیت سے اوس کو ناقابل فہم بے تسلیم کریگا۔ ان کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہر طرح کا کمال اور جس جو آج انسان خدا کی طرف منسوب کرتا ہے اور وہ ہر طرح کی امداد اور اعانت جو اُسکی طرف سے پہنچنے کا یقین کرتا ہے یہ سب خیالات دور ہو جائینگے اور صرف خدا کا اقرار ہوگا اور کچھ نہ ہوگا اور ان کے نزدیک ترقی اس وقت ختم ہوگی۔

انصاف کی نظر مسٹر سپنسر کی اس ترقی کو دیکھکر ویدانت والوں کی فلسفیانہ باریک بینی کا اعتراف کرتی ہے کہ انہوں نے بہت عرصہ پہلے سے خدا کی نسبت اسی قسم کے خیالات قایم کئے ہوئے ہیں فرق اگر ہے تو اس قدر کہ عموماً وحدت وجود کو ماننے والے اور خالباً ویدانت فلاسفی کے پیرو بھی فرق مراتب کو مانتے ہیں اور اُن کے نزدیک مرتبۂ ذات بحت (خالص) سب سے اول ہے اور اِس مرتبہ

[1] کتاب فرسٹ پرنسپلز آخر باب پنجم۔

مین ذات کے ساتھ کسی صفت کا انتساب نہین ہوتا اور پھر مرتبۂ احدیت اور واحدیت وغیرہ کے بعد مرتبۂ صفات مانا جاتا ہے اور اس درجہ مین ہر طرح کے صفات کمال اسکی طرف منسوب ہو سکتی ہین مگر مرتبون کا یہ تمام امتیاز اور تفریق صرف ذہن مین ہو سکتی ہے اور خارج مین جو ذات موجود ہے اس مین تمام مراتب متحد ہوتے ہین اور مسٹر سپنسر خدا کے وجود خارجی کو تمام مراتب سے معرا اور محض ذات بحت کا درجہ مانتے ہین۔

مگر حقیقت مین جیسا کہ مین ذکر آیا ہون ویدانت کی نیتی نیتی اور سپنسر کا ان نوایبل دونون عقیدے فلسفہ کی پیدائش ہین۔ جذبۂ مذہبی کی ترقی کا نتیجہ نہین ہین۔ کیونکہ جذبہ مذہبی نے جس رستہ پر ترقی کی ہے اسمین خدا کو بیشک کثیف سے لطیف مانتا چلا گیا ہے مگر ساتھ ہی اُس کو حسن و کمال مین بیشتر از بیشتر مانتا آیا ہے۔ پس اس طرز کی ترقی کا اختتام اسی درجہ پر ہوتا ہے جہان اُس کو ہر طرح کی لطافت اور ہر طرح کے حسن و کمال مین ایسا اونچا مانا ہے کہ عقل اُس تک پہونچ نہین سکتی۔ اب اسکے آگے اگر اسکی طرف صفات کو منسوب کرنے سے بھی انکار کیا جائیگا اور انکار مین صفات حسنہ بھی منفی ہو جائینگی تو یہ ترقی نہ ہوگی بلکہ دائرہ کی ایک قوس سے آگے بڑھکر نیچے کی طرف اُترنا ہوگا۔ اور بیشک اگر مادیت کی ترقی مذہب کی طرف سے بے پروائی اور جذبۂ مذہبی کو دبانے کی کوشش جو آجکل ہو رہی ہے اسی طرح جاری رہی تو مذہب اور خدا سے انکار کرنے کا پہلا زینہ یہی ہوگا کہ اگر خدا ہے تو وہ حسن و خوبی کا خدا نہین ہے بلکہ محض درجہ اطلاق اور ہستی موہوم ہے اور اس کے بعد اس رستہ پر ترقی کرنے کا اختتام یون ہوگا کہ نہ صرف صفات بلکہ خود ذات بھی کوئی چیز نہین ہے اور اس وقت دائرہ مذہب کی عروجی اور نزولی دونون قوسین ختم کر کے انسان اسی نقطہ پر پہونچ جائیگا جہان سے ابتدائے وحشت مین چلا تھا۔ اور ہم مانتے ہین کہ اس نقطہ پر پہونچنے والا شخص اگر اسکو نبی کہا جائے تو مذہب کو نابود کرنے والے انبیا مین خاتم المرسلین ہوگا مگر مذہب کو ترقی دینے والے نبیون مین خاتم الانبیا وہی ہے جس نے مذہب کو موجودہ ترقی تک پہونچایا۔

مسٹر سپنسر اپنی ایجاد کردہ معرفت مین اتنا نقص تسلیم کرتے ہین کہ بحالت موجودہ انسان

اس کو ماننے کے لئے تیار ہے اور نہ اس کو مانتا اس وقت انسان کی اخلاقی حالت کو درست کرنیکے قابل ہوگا بلکہ اس کے برخلاف نہایت ناگوار نتائج مرتب ہون گے کیونکہ آجتک کی تہذیب مین انسان اور راست پر اسی خیال سے قائم رہسکتا ہے کہ کوئی خدا ہے جو اکو نیکی بدی کا پھل دیتا ہے اور اپنے تعلقات داد و ستد سے اس پر ہر وقت تصرف رکھتا ہے اور اگر خدا کو تمام صفات سے معرا مانا جائے تو جزا و سزا اور تعلقات داد و ستد بھی چونکہ صفات ہین اس کیطرف منسوب نہ ہینگے اور انسان بالکل آزاد ہوجائیگا۔ مگر یہ کہتے ہین کہ جس وقت انسان متمدنی حالت کے کمال تک پہونچ جائیگا اور سمجھ لیگا کہ نیک و بد اعمال کے نتائج بے انتہا پھیلے ہوے چلے جاتے ہین اور خود بخود ظاہر ہوتے ہین تو اس وقت خدا کی نسبت ایسا بلند عقیدہ مناسب ہوگا۔

مگر دیکھنا یہ ہے کہ انسان ایسا مہذب ہوجائے تو اس وقت بھی ایسے خدا کا اقرار کیا فایدہ دیگا کیونکہ جب نیک و بد اعمال کا اثر خود بخود پہونچنا تسلیم ہوجائیگا اور صفات خداوندی کی نفی سے انسان کے ساتھ اس کا کسطرح تعلق ہی نا مانا جائیگا تو اس وقت ایسے خدا کو ماننے کی کیا ضرورت ہوگی۔

پس جیسا کہ مین کہتا ہون یہ اعتقاد خدا کو نہ ماننے کا پہلا زینہ ہوگا اور یہ درجہ مذہبی تنزل کی ابتداء ہوگی نہ اسکی ترقی کی انتہا۔ البتہ ڈاکٹر سپنسر کی تقریر سے جس کا خلاصہ مینے نقل کیا ہے یہ نتیجہ نکل سکتا ہے کہ اگر انسان ترقی کرتا ہوا نیک و بد نتائج کے سلسلہ کو چشم عقل سے دیکھنے کے قابل ہوجائے تو اس وقت خدا کو ماننے کے بغیر بھی اخلاق قایم رہ سکتے ہین۔ مگر اول تو یہ صورت جب خیال مین ہسکتی ہے کہ ہر فرد بشر عقل و فہم مین سپنسر ہوجائے جو ایک امید موہوم سے زیادہ نہین اور دوسرے یہ بحث کہ اخلاق خدا کے بغیر بھی قائم رہ سکتے ہین ہمارے اس موضوع سے باہر ہے کیونکہ یہان جذبہ مذہبی اور اسکی ترقی کا ذکر ہے نہ جذبہ اخلاقی اور اس کے وجود و عدم کا اور جذبہ مذہبی کی نسبت ہم دیکھتے ہین کہ وہ خدا کو مانتا ہے اور اپنے خدا کو مانتا ہے اور مسٹر سپنسر کا خدا خدا تو شاید ہو مگر اپنا خدا نہین۔ اس لیے یہ جذبہ مذہبی کا تنزل ہوگا نہ ترقی۔

ختم نبوت اور پارکر	مسٹر ڈی پارکر اگرچہ ختم نبوت کے لفظ سے گھبراتے ہین مگر ایسے ویٹو لیعنے

مکمل مذہب کی تلاش ان کو بھی ہے چنانچہ اُس کے لیے ایک معیار قائم کرتے ہیں اور پھر اس معیار کے مطابق تعلیم دینے والے مذہب تک پہونچتے ہیں اور اپنے نزدیک اس مذہب کو سب سے مکمل اور اُس کے اصول کو دائمی ثابت کرتے ہیں چنانچہ معیار قایم کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ[1]

"مذہب اور محبت کی قسم ہمیشہ ایک ہی رہی ہے گویہ دونوں اُن دلولوں کے لحاظ سے جو اُن کے ساتھ رہتے ہیں اور نیز اس حیثیت کے لحاظ سے جو ان دونوں کا مقصود رہا ہے بہت مختلف شکلوں میں ظاہر ہوتے رہے ہیں مثلاً محبت کا ولولہ کبھی کمزور ہوتا ہے کبھی زبردست۔ کبھی جاہلانہ کبھی عاقلانہ۔ کبھی خود غرضی کے ساتھ کبھی اخلاق کے ساتھ۔ یہ تو محبت کرنیوالے کے اوصاف ہیں اور پھر ایسا ہی اختلاف اُس چیز کے متعلق نظر آتا ہے جسکی محبت کی جائے یعنی محبت اولاد کی ہوتی ہے یا بیوی کی یا دوست کی یا اسکے سوا اور۔ اسی طرح مذہب کے مختلف عنصر ہیں یعنے مذہب کبھی عقیدت کے ساتھ ہوتا ہے کبھی خوف کے ساتھ۔ کبھی دانائی کے ساتھ کبھی جہالت کے ساتھ۔ کبھی محبت سے اور کبھی نفرت سے۔ اور اسی طرح مذہب کا مطلوب کبھی ایک چیز ہوتی ہے کبھی بہت چیزیں اور کبھی تمام چیزیں۔ اور ایسا ہی کبھی اُسکو بالکل مکمل مانا جاتا ہے اور کبھی محدود۔ کبھی ظالم کبھی متلون اور کبھی ناقابل الفت۔"

اور پھر آگے چل کر مکمل مذہب کی تعریف کرتے ہیں کہ

"مکمل مذہب خدا کے قانون کی کامل اطاعت کرنا۔ جسم کے ہر ایک عضو اور روح کی ہر ایک طاقت کے مناسب استعمال یا تکمیل اور تربیت سے خدا کی خدمت بجالانا اور خدا اور انسان کے ساتھ کامل محبت رکھنا ہے جس سے زندگی میں انسان کی تمام طاقتیں جہاں تک کہ سکیں ہم آہنگی اور تناسب سے کام کریں۔"

یہ معیار قائم کرنیکے بعد وہ مسیحیت کو سب سے مکمل مانتے ہیں کیونکہ اُس کے اصول میں داخل ہے کہ

"تمام انسانوں سے ایسی محبت کرو جیسی اپنے آپ سے اور خدا کے ساتھ سب سے اوپر۔"

مسٹر پارکر کی پہلی تقریر سے جسمیں اُنھوں نے مذہب کی مختلف شکلیں بیان کی تھیں گمان ہوتا تھا کہ وہ واقعی نتیجہ تک پہونچینگے کیونکہ اسمیں مذہب ماننے والے کے مختلف ولولے اور مدعائے مذہب

[1] ای ڈسکورس آف میٹرز پرٹینگ ٹو ریلیجن مقالہ سوم۔ باب اول صفحہ ۵۳ ایڈیشن ۱۸۶۱ء

یعنی خدا کی معرفت کے مختلف مدارج دونون باتون کو پیش نظر رکھتے ہین جس کا اثر یہ ہونا چاہیئے تھا کہ عبد اور معبود دونون کی مکمل حالت کو مکمل مذہب کی تعریف مین مدنظر رکھا جاتا۔ مگر حیرت ہے کہ وہ تعریف کرنے کے وقت مذہب ماننے والے کی سب سے اعلےٰ خواہش کا تو خیال رکھتے ہین اور اس مذہب کو مکمل مانتے ہین جس کی بنیاد کامل محبت پر ہو۔ لیکن مدعائے مذہب یعنی معرفت خدا کی سب سے اعلیٰ شکل کا ذکر تک نہین کرتے اور اس وجہ سے جو تعریف مکمل مذہب کی اُن کی قلم سے نکلی ہے وہ اس صورت پر بھی صادق آسکتی ہے جب کوئی شخص بہت سی محسوس اشیا کو خدا مانتا ہو اور تمام انسانون سے محبت رکھتا ہو۔

کاش اگر مسٹر پارکر کو تعریف کرتے وقت یہ سودہ ہوجاتا اور وہ تکمیل معرفت کا بھی خیال رکھتے تو مسیحیت کے کمال کا نتیجہ نہ نکال سکتے۔ کیونکہ جس مذہب مین خدا کی تقدیس و تنزیہیہ کی طرف بالکل توجہ نہین کی گئی حتےٰ کہ اُسکی ذات کا شرک۔ ولدیت۔ جسمانیت اور حلول وغیرہ ناموزون صفات سے پاک ہونا بھی صاف لفظون مین بیان نہین کیا گیا۔ بلکہ اس کو باپ کے لفظ سے پکار کر ایسا اشتباہ ڈالا گیا جسکی بنا پر تعلیم پانے والون نے خود اُسی کو خدا کا بیٹا مان لیا جو خدا کی بادشاہت کی خوشخبری دینے آیا تھا۔ اور اس کے علاوہ ایک کا تین ہونا اور مجسّد کا جسم مین حلول کرنا۔ ایسی قباحتون کی بنیاد پڑی وہ مذہب کبھی دعوی نہین کرسکتا کہ اس نے کامل معرفت کی تلقین کی ہے۔

یہ ہمارا ایمان ہے کہ نبی کی زبان سے بصراحت یہ عقائد بھی نہ نکلے ہون گے جو اُن کے شاگردون نے اُنکی نسبت قائم کیئے مگر اتنا ضرور ہوا کہ اس وقت کی استعداد کے موافق یا کسی اور وجہ سے وحی کو ایسے گول الفاظ مین بیان کیا گیا جس سے کامل معرفت پیدا نہ ہوسکی۔ اور اگر اس کے بعد خدا کی حکمت جوش مین نہ آتی اور واقعی جلوہ معرفت سے خدا کی تنزیہ و تقدیس پر صاف الفاظ مین زور نہ دیا جاتا جو زور دینے کا حق ہے اور سُبْحَانَهُ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ (نسار پارہ ۶ ع ۲۳) کا غلغلہ فضلے عالم مین نہ پھیل جاتا تو مسیحیت مین یہ یونی ٹیرین (موحد) وغیرہ فرقے اور یہ مسٹر پارکر جیسے مجدد دیکھنے مین نہ آتے۔ بلکہ وہی حضرت پوپ کی خدائی حکومت اور انسانون بلکہ تصویرون کی پرستش جاری رہتی اور دنیا کامل خدا کی تقدیس سے آشنا نہ ہوتی۔ بلکہ کہا جاسکتا ہے

کہ ایسے مذہبون مین بھی جو ہزارون خدا مانتے تھے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے غلغلہ سے بہت ہی موحد فرقے پیدا ہو گئے ہین گو وہ اُس سرچشمہ کا اعتراف نہ کرین جس سے نامعلوم طور پر ان کے لب تر ہوئے ہین +

اعلیٰ اخلاق کیا ہو سکتے ہین غرض مسیحیت مین جو کچھ کمال ہے وہ اُن چند اخلاقی اصول کا ہے جن کو مسٹر پارکر مذہبی کمال سمجھتے ہین اور اُن کی اس بہو کی وجہ بھی یہی ہوئی ہے کہ خدا کی تقدیس کے متعلق اُن کو اس تعلیم مین کوئی زرین اصول نظر نہ آیا ورنہ ضرور مدعائے مذہب یعنی معرفت کے کمال کو وہ تعریف مین داخل کرتے - اور اگر غور سے دیکھا جائے تو گو تمام انسانون سے اپنی جیسی محبت کرنا نہایت اعلیٰ اخلاق ہے لیکن اسکی تشریح مین جو فروگذاشت ہوئی ہے اور اس کا مطلب جس طرح سمجھا گیا ہے اُس نے اسی وقعیت سے بہت دور کر دیا ہے کیونکہ جیسا مسٹر پارکر بیان کرتے ہین کہ اگر دشمن ستر بار دشمنی کرے تب بھی اسکو معاف کر دینا چاہئے اور جیسا کہ انجیل کا ترجمہ کرنیوالون کی عبارت سے سمجھا جاتا ہے (کیونکہ اصلی انجیل غالباً دُنیا کے پردہ پر موجود نہین ہے) یہ اصول خاص خاص حالات مین اور خاص خاص مردان خدا کے لیے بیشک اُنکی رفعت درجات کا باعث ہی لیکن اسکو شرعی حکم قرار دینا اور معتقدین کے لیئے فرض ٹھیرانا کہ اگر کوئی ایک گال پر تھپڑ مارے تو دوسرا بھی آگے کر دو" ایک ایسی فروگذاشت ہے کہ اگر یہ حکم صرف کاغذ پر نہ رہتا اور عیسائی قوم عملاً اس پر کاربند ہوتی تو دُنیا کے تختہ پر اُن کا نام باقی رہنا مشکل ہو جاتا - کیونکہ جب لوگون کو یقین ہو جائے کہ انتقام ہرگز نہ لیا جائیگا تو جن لوگون کی طبیعتین بدی کی طرف راغب ہین اور جن کو ایسے نفوس قدسیہ کی جان اور مال اور آبرو لینے مین کچھ فائدہ ہوگا وہ کبھی ایذا دہی سے باز نہ رہینگے -

غرض یہ اصول جنرل رول یعنے عام قاعدہ بننے کی ہرگز قابلیت نہین رکھتا اور یہی وجہ ہے کہ کبھی اس پر عمل نہین ہوا اور غالباً مسٹر پارکر نے اس نقص کو دیکھ لیا ہے اور اسی لیئے وہ پیشین بندی کرتے ہین کہ -

"اصول کی خوبی کو دیکھنا چاہیئے خواہ اصول کو پیش کرنے والا بھی اس پر کاربند نہ رہا ہو"

مگر یہ اُن کی غلطی ہے۔ اکثر اخلاقی اصول کی شناخت ہی یوں ہو سکتی ہے کہ وہ قابل عمل ہے یا نہیں۔ کون نہیں جانتا کہ تعلقات زناشوئی کی خواہش یا مال کی خواہش ہی وہ جذبات ہیں جن سے دُنیا میں ہزارہا طرح کے فتنہ و فساد پیدا ہوتے ہیں لیکن باوجود ان فتنوں کے عورت اور مال کی خواہش کو بالکل مٹانے اور مجرد اور مفلس رہنے کا حکم اسی لیئے نازیبا ہے کہ وہ قابل عمل نہیں۔ یہی حالت اس اصول کی ہے کہ وہ زبان اور قلم سے نکلتا ہوا بہت خوبصورت اور دلکش معلوم ہوتا ہے مگر عمل کرنے کے وقت ثابت ہوتا ہے کہ کس قدر ناموزون ہے۔

اور اگر مذہب کی خوبی یہی ہے کہ بظاہر خوشنما اصول پیش کئے جائیں تو عیسائیت سے زیادہ کمال اُن مذہبوں میں ہے جو کسی جاندار کو بھی ستانا جایز نہیں سمجھتے خواہ وہ کیسا موذی ہو بلکہ سانپوں کو دودھ پلاتے ہیں مُنہ پر پٹی باندھتے ہیں۔ جوتی نہیں پہنتے۔ صاف پانی نہیں پیتے اور دوسروں کے برتنوں کا دھوون استعمال کرتے ہیں تا غیر محسوس جاندار جو ہر جگہ پھیلے ہوئے ہیں ان کے ہاتھ سے ضائع ہوں اور قتل و خونریزی سے اس قدر نفور ہیں کہ اس مذہب کے پابند کو بادشاہ بننا بھی جائز نہیں کیونکہ حکومت کے لیے جنگ و جدل لازمی ہے مسیحیت صرف انسانوں سے محبت رکھنے پر کمال کا دعوے کرتی ہے مگر جو تمام مخلوق سے ایسا برتاؤ کرتے ہیں جو اپنے آپ سے بھی نہیں کر سکتے۔ وہ مسیحیت سے زیادہ مکمل کیونکر ہو سکتے لیکن یہ غنیمت ہے کہ اس اصول کے پورے پابند صرف چند تارک الدنیا گوشہ نشین ہوتے ہیں ورنہ اور تو اور دُنیا میں سانپ ہی اس کثرت سے ہوتے کہ زمین سکونت کے قابل نہ رہتی۔

اور اگر اخلاق کی خوبی یہ ہونی چاہیئے کہ اس سے بدی کا استیصال ہو اور امن و راحت اشاعت پائے تو چاہیئے کہ درشتی اور نرمی دونوں اپنے اپنے موقعوں پر جائز ہوں تا بد کو بدی کرنے اور نیکبختوں کو ستانے کا موقع نہ ملے اور خلق اللہ دین و دُنیا کے کام اطمینان سے بجا لائے۔ اور حقیقت میں تمام انسان سے محبت کرنیکا اثر بھی یونہی ظاہر ہو سکتا ہے کہ صبر کرنے کا حکم ہو اور اُسکو انتقام سے بہتر قرار دیا جائے مگر انتقام بھی جائز ہو اور اس کے ساتھ شرط ہو کہ سزا جرم کی حد سے نہ بڑھے ؛

لَتُبْلَوُنَّ فِیْ اَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ	تم ضرور اپنے مال اور جان کے متعلق ستائے جاؤ گے

مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۭ

(آل عمران پارہ ۴ ع ۱۹)

اور اہل کتاب سے اور مشرکین سے بہت ہی ایذا کی باتیں سنوگے اور اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری کو شعار بناؤ تو یہ اعلیٰ ہمتی کا کام ہے۔

فَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ۔

(نحل پارہ ۱۴ ع ۱۶)

پس اگر تم سزا دو تو اسی قدر سزا دو جس قدر تم کو تکلیف پہونچی ہے اور اگر اس سے بھی صبر کرو تو صبر کرنے والوں کیلئے بہتر ہے۔

جنگ و جدل میں پیشدستی ممنوع ہے۔ مگر جب کوئی شخص اور محض اسوجہ سے مارنے کے لئے آمادہ ہو کہ ہم ایک خاص طرز مذہب کے پابند ہیں تو جواب دینا بھی فرض قرار پائے مگر اس وقت بھی حد سے بڑھنا جائز نہ ہو ؛

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ؀

(بقرہ پارہ ۲ ع ۲۴)

اور خدا کے رستہ میں اپنے اپنے نفسانی اغراض کے بغیر ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں مگر زیادتی نہ کرنا خدا زیادتی کرنیوالوں کو پسند نہیں کرتا

اور ہر حال میں عدل و احسان کا حکم اور صبر و مغفرت کی ترغیب ہو اور ظلم و ستم کی ممانعت۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَاۗءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ؀

(نحل پارہ ۱۴ ع ۱۳)

حکم خدا دیتا ہے عدل کا احسان کا قرابت داروں سے سلوک کرنے کا اور روکتا ہے بے شرمی برائی اور بغاوت کے کاموں سے اور وہ تم کو نصیحت کرتا ہے تاتم باز آؤ۔

وَجَزٰۗؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ؀ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ مَا عَلَيْهِمْ

اور برائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے پس جو شخص معاف کرے اور صلح کرے تو اس کا اجر خدا پر ہے بیشک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا اور جو شخص مظلوم ہونے کے بعد بدلا لے

مِنْ سَبِيلٍ ۝ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝ (شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۳)	اس پر کوئی مواخذہ نہین بیشک مواخذہ اُن لوگون پر ہے جو لوگون پر ظلم کرتے ہین اور زمین پر ناحق فساد مچاتے ہین ان کے لیئے سخت عذاب ہے اور جو شخص صبر کرے اور معاف کرے تو یہ کام اعلیٰ ہمتی کا ہے۔

غرض یہ وہ اخلاق جس سے صبر اور مغفرت کی وجہ سے جبکہ ایسا کرنے کی ہمت اور نیز اقتضائے وقت ہو درجات کی بلندی میسر ہوتی ہے اور انتقام جائز ہونے سے بلکہ کسی کے بیوجہ قاتلانہ حملہ کرنے کے وقت اگر تاب مقابلہ ہو تو انتقام فرض ہونے سے بد معاشون کو بدی کرنے اور نیکبختون کو ستانے کا موقعہ نہین ملتا اور اس کے برخلاف اگر بدون کو سزا دینے سے روکا جاوے تو نہ نیک راحت پاسکینگے اور نہ بد بدی کو چھوڑینگے اور یہ دونون کے حق مین یعنی تمام انسانون کے حق مین دشمنی ہوگی نہ تمام انسانون سے اپنے جیسی محبت۔ اسی لیے انتقام کی تحریک مین کہا گیا ہے۔

وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ (بقرہ پارہ ۲ ع ۲۴)	اور فتنہ قتل سے زیادہ برا ہے۔
وَإِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ۝ (انفال پارہ ۱۰ ع ۱۰)	اگر تم جہاد نہ کروگے تو زمین پر فتنہ اور بہت فساد برپا ہوگا۔

پس معلوم ہوتا ہے کہ اخلاق کے لحاظ سے بھی سٹرپار کو مکمل مذہب تلاش کرنے مین کامیاب نہین ہوسکے اور اسی قسم کی تکمیل بھی انہی لوگون کا حصہ ہے جو دنیا مین تلوار پکڑنے کے لیے بدنام ہین +

باب ہفتم

مختلف مذاہب پر نظر

دنیا کی موجودہ صورت - کیا یہ صورت ہمیشہ سے ہے؟ مادہ کی ابتدائی شکل - وہ خیال جو مہاتما بدھ کی طرف منسوب ہے - ھیریسن اور سپنسر کی بحث - مادہ کا خود بخود عمل کرنا - وحدت وجود مادی - ایک سے زیادہ چیزوں کا قدیم ہونا - وحدت وجود روحانی - عالم کا ہر ایک تغیر کسی مصلحت پر مبنی ہے - پاک ناپاک کھانا ہوا مطلق علیت کے سلسلہ میں نہیں علم بغیر نظیر کے پیدا نہیں ہوسکتا - وحدت وجود کے لئے کیا تشبیہیں ہوسکتی ہیں -

اگرچہ مکمل مذہب یا خاتم المذاہب تلاش کرنے کیلئے جو اصول قرار دیا گیا ہے اس سے اس مسئلہ پر بہت کچھ روشنی پڑ سکتی ہے لیکن کسی خاص مذہب کو اس درجہ پر ماننے کے بغیر کم از کم اس قدر تو ہر شخص تسلیم کرسکتا ہے کہ جس مذہب میں خدا کا انکشاف اس حد تک پہونچ گیا ہے جہاں تک انسانی دل و دماغ کی رسائی ہوسکتی ہے وہ مذہب سب سے اعلیٰ ہوگا - اور اگر کوئی شخص صاف لفظوں میں اس کا اعتراف نہ کرے تب بھی معلوم ہوتا ہے کہ عملاً سب مذاہب اس اصول کو مانتے ہیں اور اسی لیے ہر ایک مذہب کی طرف سے اپنی تعلیم کو خدا کا واقعی انکشاف ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے - پس اس موقع پر اس امر کی نسبت غور کرنا بھی ضرور ہے کہ کونسا مذہب ہے جسکی تعلیم اصول عقلیہ کے مطابق دیگر مذاہب سے زیادہ قرین قیاس ہے - مگر یہ وقت صرف اسی حیثیت سے غور کیا جائیگا کہ معرفت ربانی اور تعلق خالق و مخلوق کی نسبت کون سے عقائد برتری کے مستحق ہوسکتے ہیں - کیونکہ جہاں تک میں سمجھتا ہوں مذہب کا اصول اور سب سے مہتم بالشان مسئلہ معرفت اور بندہ و خدا کا تعلق ہے اور اس کے علاوہ اخلاقی تعلیم اور اصول عبادت وغیرہ دوسرے درجہ پر اور اس اصول اولی کو تقویت دینے والے ہیں -

اور اگرچہ آجکل عقلاء زمانہ کا رجحان اِس جانب ہے کہ موجودات عالم سے خدا کو ثابت نہین کیا جا سکتا اور بقول پروفیسر ولیم جیمس آجکل اِس قسم کی تحریرون کی نسبت کتب خانون کو خاک سے بھر دینا بہتر سمجھا جاتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ عقل کے خزانہ مین دولت ہی اس قدر ہے اور انسان کو آنکھ کھول کر محسوسات کے سوا اور کچھ دکھائی نہین دیتا۔ اسی لیے مذہبی اصول کو عقلی طور پر پرکھنے کے لیے بھی موجودات عالم ہی کو معیار گردانا ہوگا۔ اور جہان تک بن پڑے یہین کے قاعدے قانون سے دیکھنا ہوگا کہ اس سے پرے کے حالات ہم کہان تک سمجھ سکتے ہین۔ اور جب قدرت نے ہماری عقل کو سرمایہ ہی یہ دیا ہے تو کیا بعید ہے کہ اسی دریا کی غوطہ زنی سے کسی وقت گوہر مقصود بھی ہاتھ لگ جائے۔ اس لیئے

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب آؤ نہ ہم بھی سیر کرین کوہ طور کی

اور دوسرے اوپر مفصل طور پر ذکر ہو چکا ہے کہ عقل اگرچہ مذہب کو پیدا نہین کر سکتی۔ مگر وحی والہام سے خدا اور مذہب کی نسبت یقین پیدا ہونے کے بعد جو اختلاف معرفت خدا اور پیدائش عالم متعلق اقوام عالم مین پایا جاتا ہے۔ اس اختلاف سے نجات پانے اور کسی ایک تعلیم پر یقین کرنے کے لیے دلائل عقلیہ بہت کچھ مفید ہو سکتی ہین۔ چنانچہ ہم بھی اِس مضمون کے لیے اصول عقلیہ سے کام لینے کی جرأت کرتے ہین اور دیکھتے ہین کہ کونسی تعلیم ان کے رو سے قابل تسلیم ثابت ہوتی ہے۔

دنیا کی موجودہ صورت انسان جن چیزون کو اپنے گرد و پیش دیکھتا ہے انہین سے بعض اس کو اپنی چھوٹی سی عمر مین کئی طرح کی حالت بدلتی ہوئی نظر آتی ہین۔ وہ دیکھتا ہے کہ بچہ پیدا ہوتا ہے۔ دن بدن بڑھتا جاتا ہے کمال کو پہونچتا ہے۔ پھر زوال شروع ہوتا ہے اور ہوتے ہوتے ایک دن مر جاتا ہے۔ وہ کھیت مین دانہ ڈالتا ہے روئیدگی پیدا ہوتی ہے۔ بڑھکر اپنے وقت پر پھل لاتی ہے اور فنا ہو جاتی ہے وہ مکان بناتا ہے پہلے سفید میدان ہوتا ہے۔ پھر اینٹ مٹی کے ڈھیر نظر آتے ہین۔ عمارت اٹھنی شروع ہوتی ہے۔ سر بفلک محل بنکر تیار ہو جاتا ہے۔ کچھ مدت مین بوسیدہ ہونے لگتا ہے اور ایک وقت پر منہدم ہو جاتا ہے۔ مگر ان کے علاوہ اکثر چیزین ایسی نظر آتی ہین جن کو اسکی آنکھ تمام عمر یکسان دیکھتی رہتی ہے۔ وہ زمین کو دیکھتا ہے کہ ہزارون طرح کی مخلوق اس مین سے پیدا ہوتی ہے اور اسی مین سما جاتی ہے

گروہ جیسی بچپن مین دیکھی تھی ویسی ہی مرنیکے وقت تک نظر آتی ہے۔ وہ پہاڑون کو دیکھتا ہے کہ جس طرح سے وہ کالے دیو بچپن مین دوڑنے کے وقت اِس کے سدراہ ہوتے تھے اسی طرح بڑھاپے کے وقت رفتار کو روکتے ہین۔ وہ چاند سورج اور ستارون کو دیکھتا ہے کہ جس قاعدے سے وہ روشنی دیا کرتے تھے اُسی قاعدے پر چلے جارہے ہین بلکہ ان کے علاوہ وُہ بعض بڑے درختون کو بھی تمام عمر دیکھتا رہتا ہے کہ ایک ہی قاعدے کبھی پھل لاتے ہین اور کبھی پتے گراتے ہین ۔

کیا یہ صورت ہمیشہ سے ہے؟

اب سوال ہوتا ہے کہ کیا یہ قرین قیاس ہے کہ دُنیا کو اسی طرز پر مانا جائے کہ اسکی بعض چیزین بدلتی رہتی ہین اور بعض ازل سے ایک ہی حالت پر ہین اور یہ دستر خوان ہمیشہ سے یونہی چنا ہوا ہے؟ عقل جواب دیتی ہے کہ نہین یہ عقیدہ دماغ مین جگہ پانے کے قابل نہین کیونکہ اگرچہ انسانی آنکھ بڑے درختون کو اور زمین اور دیگر کواکب کو ایک حالت پر دیکھتی ہے لیکن عقل کی آنکھ اُن کے تغیرات کو دیکھ رہی ہے اور وہ جانتی ہے کہ نہ صرف درخت بلکہ پہاڑ اور زمین اور چاند سورج سب اپنے اپنے وقت پر پیدا ہوئے ہین اور نباتات وحیوانات کی طرح اپنے طفولیت شباب اور پیری کا زمانہ گذارتے ہوئے جارہے ہین۔ چنانچہ جہان تک زمین کے پہاڑون اور دیگر سخت طبقات کا تعلق ہے عقل کو یقیناً معلوم ہے کہ یہ ہمیشہ سے اس شکل پر نہین تھے اور وہ جانتی ہے کہ کیونکر ابتدای حالت سے رفتہ رفتہ اس موجودہ شکل تک پہنچے ہین۔ مگر اس سے پرے اگرچہ اسکی نظر بھی پورے طور پر کام نہین کرتی لیکن پھر بھی یقین ہے کہ سخت ہونے سے پیشتر جو حالت ہوگی وہ بھی ہمیشہ سے نہین ہے اور اپنے موجودہ تجربون سے عالمانہ اصول کے مطابق اسکی پہلی حالت کا خاکہ بھی کھینچا ہوا ہے اور فیصلہ کرچکی ہے کہ زمین کی جداگانہ ہستی بھی ایک محدود عرصہ سے معرضہ وجود مین آئی ہے اور نہ صرف زمین بلکہ تمام سیارے اور خود آفتاب بھی اسی تدریجی رفتار سے اس درجہ تک پہنچے ہین ورنہ پہلے ایک وقت پر جداگانہ وجود کسی کا بھی نہ تھا۔ چنانچہ طبقات الارض کے مشہور عالم ڈاکٹر سر آرچیبالڈ گیکی لکھتے ہین [1]

---

[1] کتاب کلاس بک آف جی الوجی باب شانزدہم۔

اگر زمین کی تاریخ کا پتہ محض اس شہادت سے لگایا جاوے جو خود زمین کے اندر مہیا ہے تو ہم اُن قدیم تر اجزاء زمین سے آگے نہیں بڑھ سکتے جو ہماری دسترس کے اندر ہیں تاہم ہمیں کوئی شک نہیں کہ اس کرہ کے موجودہ منجمد اجزا کے ظاہر ہونے سے پہلے بھی اس پر تاریخ کا ایک لمبا زمانہ گذر چکا ہے اور یہ خیال تدریجی ارتقا اور تکمیل کے اُن نشانات سے یقین تک پہونچ جاتا ہے جو عالمان ہیئت نے اجرام سماوی میں دیکھے ہیں اور چونکہ زمین بھی اُن سیاروں میں سے ایک ہے جو آفتاب کے گرد گردش کرتے ہیں اسلئے اسکی جداگانہ ہستی کے ابتدائی مدارج بالکل وہی ہوں گے جو تمام نظام شمسی میں پائے جاتے ہیں۔ اس لیے زمین کی ابتدائی تاریخ تلاش کرنے کے لیے عالم طبقات الارض کو عالمان ہیئت کی تحقیقات کی طرف متوجہ ہونا پڑتا ہے۔"

"زمانہ حال میں تحقیقات کے صحیح تر طریقوں سے اور خصوصاً اجرام سماوی کی تحقیق میں دوربین کے استعمال سے وہ خیال صحیح ثابت ہوتا ہے جس کو نیبیولا کا عقیدہ کہتے ہیں۔ اس عقیدہ کے موافق اجرام سماوی کا یہ سلسلہ جس کو نظام شمسی کہتے ہیں ایک زمانہ میں جو کہ بہت ہی پرانا ہے نیبیولا یعنے تمام مادے کا ایک بادل کا سا مجموعہ[1] تھا۔ جیسے کئی مجموعے آجکل بھی فضا میں (کہکشان کی شکل کے) مشاہدہ کئے جاتے ہیں اور یہ بادل اسوقت میں کم از کم اتنا ہی پھیلا ہوا تھا جتنی دور تک آجکل آفتاب کے گرد سیاروں کا ہجوم ہے اور اس بادل میں بالکل کچا ہوا بخار ہوگا یا تیز حرکت کرتے ہوئے پتھروں کے بادل ہونگے جس طرح کے پتھراب بھی گاہ گاہ شہابوں کے ساتھ ہماری فضا میں آتے اور زمین پر گرتے ہیں اور یہ پتھر تیز حرکت کرتے ہوئے رگڑ کھاکر بخار بن گئے ہونگے جیسا کہ غالباً مدار سیارون کی دُم سنجارن کر اُڑجاتی ہے۔ غرض کچھ بھی ہو پھر اُس بادل کا مادہ کثیف ہونا شروع ہوا ہوگا اور اس حالت میں کچھ کچھ حلقے جدا ہوتے گئے ہونگے جس طرح کا حلقہ اب بھی زحل کے گرد موجود ہے اور اس بادل کی دوری حرکت کے سبب یہ حلقے بھی اس کے گرد حرکت کرنے لگے ہوں گے اور جس قدر وہ بادل سکڑتا گیا ہوگا یہ حلقے نکلتے آئے ہونگے۔ لیکن اِن کے ٹکڑے

[1] ثُمَّ اسْتَوٰى إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ (حم سجدہ پ۲۴ ع۱) کیا عجب ہے کہ اسی کی طرف اشارہ ہو۔

اِس زور سے باہم نہ ٹکرائے ہون گے کہ حرارت پیدا ہو کر پھر بخار بن جائین اور آخرکار یہ حلقے بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر سیارے بن گئے ہونگے اور ان مین سے بعض کے کثیف ہونے سے پھر حلقے بن گئے ہونگے جو کسی کسی مین اب تک موجود ہین اور کسی مین وہ بھی کثیف ہو کر ان کے مدد گار سیارے یا چاند بنگئے اور جس قدر بھاری مادہ بادل کے وسط مین رہگیا وہ وہین کثیف ہوتا گیا اور اسکی حرارت عرصہ دراز تک قائم رہنے کے قابل ہوگئی۔ پس آفتاب وہی بادل کا درمیانی حصہ ہے جس کی حرارت اس نظام کی بعیدی مقامات تک پہونچتی ہے۔"

مادہ کی ابتدائی شکل غرض عالمانہ نظر کسی قدر یقین اور کسیقدر استدلالی عمل سے زمین و آسمان کو حادث مانتی ہوئی اُس بادل تک پہونچی ہے جس مین سے تمام اجرام سماوی پیدا ہوئے ہین[۱] اور اگرچہ سائنس کی تحقیق ابھی تک اس سے آگے نہین بڑھ سکی لیکن کیا آیندہ کے لیے کوئی سوال بھی پیدا نہین ہوتا اور کیا ہماری سمجھ کو اس سے تسکین ہوسکتی ہے کہ جہان کی ابتدا محض یہی بادل ہے؟ تحریک مذہبی کے بڑے مہربان مسٹر بریڈلا ایسا سوال کرنے سے روکتے ہین اور فرماتے ہین[۲]

"ضرورت ہی کیا ہے کہ دُنیا کی اصلیت کو خیال مین لانے کی کوشش کی جائے۔"

---

[۱] دُنیا کا بادل سے شروع ہونا ایک تصوری ہے جو ممکن ہے کہ صحیح ہو اور ممکن ہے کہ اس کے سوا کوئی اور صورت ہو اور حال مین جو سرپڈیم ایک جدید دھات دریافت ہوئی ہے اس نے یہ خیال پیدا بھی کر دیا ہے کہ شاید فضا مین اسی دھات کی بڑی مقدار موجود ہے اور اس لئے وہ بغیر سکڑنے کے حرارت اور روشنی پیدا کیا ہو اور اس بنا پر اسکا بادل کی شکل سے سکڑ کر موجودہ شکل مین آنا غلط ہو۔ فرض خواہ کوئی صورت ہو سکڑنے کے علاوہ اور بھی کئی طرح کے تغیرات عقل کو اور نیز دوربین کو نظر آتے ہین جو آفتاب اور دیگر سیارون مین ہو رہے ہین اور اس لیے یقین ہے کہ یہ سب موجودات حادث ہین اور ضرور ہے کہ دنیا کی اس سے پہلے کوئی اور صورت ہوگی اور یہ کسی طرح ممکن نہین کہ جو شکل اس وقت موجود ہے ہمیشہ سے یہ شکل اسی طرح پر چلی آتی ہو اور موجودہ ضرورت کیلئے اسی قدر ثابت ہونا کافی ہے۔

[۲] فری تھنکرس ٹکسٹ بک صفحہ ۱۸ ۱۸۸۳ء

لیکن کیا واقعہ مین انسان کا دماغ اس سوال کو پیدا نہین کرتا ؟ اور کوئی عام انسان تو خیر دیوانہ بھی ہو سکتا ہے اور اُس کے سوال کو دیوانہ پن کہہ سکتے ہین - مگر کیا عالمانہ دماغ ضرور اس سوال سے خالی رہتا ہے ؟ ڈاکٹر سیمون نیوکوم ایل ایل ڈی جن کی نسبت سر رابرٹ بال ایل ایل ڈی لکھتے ہین کہ :-

"وہ نہ صرف امریکا مین تمام دنیا کے علما مین ہیئت اور دیگر علوم کے لحاظ سے مقدم نشین ہین"

غرض ایسا عالم تو یہ سوال پیدا کرتا ہے اور کہتا ہے کہ[۲]

"نیبیولا کے عقیدے کو مان کر ایک اور سوال پیدا ہوتا ہے کہ نیبیولا یعنے بخار کا بادل کیونکر پیدا ہوا اور اس کا آغاز کیونکر ہوا - لیکن اب ہم ایسی حد پر پہونچ گئے ہین جہان سائنس سوال تو پیدا کر سکتی ہے مگر اسکا جواب نہین دے سکتی -"

غرض معلوم ہوا کہ تحقیق کی حد پر پہونچ کر عقل پوری تسکین نہین پاتی اور نہ عام عقل بلکہ سائنس کی عقل بھی سوال پیدا کرتی ہے - البتہ ڈاکٹر نیوکوم ہمکو سائنس کیطرف سے کسی جواب کی امید نہین دلاتے اور واقع مین ہونا بھی یہی تھا کیونکہ خواہ کسی زمانے مین سائنس اس بادل کو چیر کر دیکھ لے اور اسکی ساخت کا پتہ لگا سکے لیکن جس شکل کو اس سے پہلے فرض کیا جائیگا اسکی نسبت پھر یہی سوال ہوگا اور آخر سائنس کو پھر یہی سوال ہوگا اور آخر کار سائنس کو اعتراف کرنا پڑیگا کہ اب اُسے کچھ معلوم نہین - پس یہی وہ حد ہے جہان سے مذہب کی حکومت شروع ہوتی ہے اور مذہب کی ضرورت کی یہی ایک بڑی دلیل ہے کہ آخر مین سائنس ایسا سوال پیش کرتی ہے جس کا جواب نہین دے سکتی - گویا اس وقت تک وہ خود عقل کی رہنما تھی اور اب ایک جگہ ٹھیر کر دور سے مذہب کی طرف انگلی کا اشارہ کرتی ہے اور عقل کو اُسکے پیچھے دوڑا کر الگ ہو جاتی ہے ڈاکٹر سپنسر کہتے ہین[۳] -

---

[۱] دیباچہ کتاب اسٹرانومی فار ایوری باڈی -

[۲] کتاب مذکور حصہ سیوم آخر باب دوئم -

[۳] فرسٹ پرنسپلز - باب اول - خلاصہ -

حقیقی علم تمام ممکن خیالات کا حاوی نہین ہوسکتا اور انکشاف کتنی ہی دور تک جاوے سوال باقی رہتا ہے کہاں سے پیدا کیا ہے۔ سائنس مین جس قدر زیادتی ہوتی ہے وہ اسی نامعلوم حالات سے اور زیادہ قریب کرتی جاتی ہے۔ پس جب علم تمام واقعیت کا اجارہ دار نہین بن سکتا اور جب دماغ کے لئے ہمیشہ ممکن رہیگا کہ موجودہ علم سے بالاتر معلومات کے ساتھ تعلق پیدا کرے تو کبھی ایسا نہ ہوگا کہ مذہب جیسی چیز کے لیے کوئی موقع ہی نہ رہے اور چونکہ مذہب اپنی تمام اشکال مین اور اشیا سے علیحدہ اور مستقل ہے اسلیے اسکا موضوع بھی تجربہ کی حدود سے بالاتر ہوگا۔

وہ خیال جو مہاتما بدھ کیطرف منسوب ہے[۲]

غرض یہ کہ اگرچہ سائنس اسوقت تک بخار کے بادل تک پہونچی ہے لیکن اس سے آگے بھی جہان تک تجربہ کی ترقی کا احتمال ہے وہ ملک سائنس کی موجودہ قلمرو مین نہین تو اس کے زیر اقتدار ضرور ہے اور ان حدود تک مذہب کی حکومت مسلم نہین اور واقع مین مذہبی خیالات اسی جگہ سے شروع ہوتے ہین جہان مادہ کی ابتدائی حالت مانی جائے پس وہ ابتدائی شکل خواہ یہی بخار کا بادل ہو یا کچھ اور اسکی نسبت سوال ہوتا ہے کہ آیا وہ خود بخود موجود ہے اور خود بخود عمل کرتا ہے یا اس پر کوئی اور مخفی طاقت حکومت کر رہی ہے اور یہی سوال ہے جس کا جواب مذہب کی طرف سے دیا گیا ہے اور بدقسمتی سے اس جواب کا مطلب سمجھنے مین بہت کچھ اختلاف پیدا ہوگیا ہے اور چونکہ سوال مادہ کی ابتدائی شکل کے متعلق ہے اس لیے پہلا اختلاف خود مادہ کے وجود کی نسبت ہے۔ چنانچہ ایک احتمال یہ پیدا کیا گیا ہے کہ روح اور خدا ایک طرف خود مادہ بھی موجود نہین ہے[۱] اور دنیا مین یہی تغیرات اور اوصاف موجود ہین جو نظر آتے ہین اور لہرون کی طرح بدلتے رہتے ہین۔ اور ان لہرون کا بنا رہو جانا ہی نجات ہے۔ چنانچہ اس احتمال کو پیدا کرنے والے کہتے ہین[۲] کہ جو تغیرات ہم دیکھتے ہین ان کے لیے اوصاف کا وجود کافی ہے پس اوصاف کے

[۱] کتاب گیان یوگ مصنفہ سوامی ویویکانند باب ہفدہم صفحہ ۳۳۰ طبع دوئم۔

[۲] جن لوگون کی طرف یہ خیال منسوب کیا جاتا ہے یعنی پیروان بدھ افسوس ہے کہ مجھے کوئی انکی اپنی تصنیف دیکھنے کا اتفاق نہین ہوا۔ اور جہاتما بدھ کے متعلق جو کچھ دیکھنے مین آیا ہے وہ اغیار کی تحریرین ہین جو اس مذہب کو نہین مانتے اور خود دونوگ کیسی ہی صفائی سے ان خیالات کو لکھتے ہون مگر میرے دل کو ان پر ایسا یقین نہین جیسا خود صاحب مذہب کی

ساتھ ذات کو بھی موجود ماننا ایک سبب کے لیے دو سببوں کا یقین کرنا ہے جو غیر منطقیانہ طریق اور فضول اعتقاد ہے۔ اس خیال کو خواہ کیسے ہی شاندار الفاظ مین ظاہر کیا جاے مگر بالعموم عقل پر قبضہ کرنے کے لیے کافی نہین اور اگرچہ ہماری نظر صرف تغیرات یا ان سے آگے اوصاف تک محدود ہے مگر یہ جسمانی نظر ہے جو ایسی ضعیف واقع ہوئی ہے ورنہ عقل کی آنکھ دیکھتی ہے کہ تغیرات اور اوصاف عارضی چیزین ہین اور قایم نہین رہ سکتین جب تک کوئی ذات ان کے پیچھے سہارا دینے والی نہ ہو۔ اور چیزون کے لیے تو یہ فیصلہ صرف عقل ہی کرتی ہے مگر انسان کے اپنے وجود مین اس کا تمامتر تجربہ شہادت دیتا ہے کہ اس کے جسمانی اور روحانی ہزارون قسم کے تغیرات مین جو اس کے رنگ روپ۔ قد و قامت اور دیگر اوصاف کو ایک سر سے دوسرے سر تک بدل دیتے ہین مگر یہ خود ایک چیز ہے جو تمام مختلف حالات مین قائم رہتا ہے اور ایک بچہ بوڑھا ہو کر اور ایک تندرست بیمار و نزار ہو کر یقین رکھتا ہے کہ مین وہی ہون جو پہلی حالت مین موجود تھا۔ پس اگر محض تغیرات اور اوصاف ہی موجود ہوتے تو ان کے بدل جانے پر ایک انسان فنا ہو جاتا اور دوسرا پیدا ہوتا اور اس طرح پر بچپن سے بڑھاپے تک کا زمانہ ہزارون انسانون کا ایک سلسلہ ہوتا نہ وہی ایک انسان۔

ہیربن اور سپنسر کی بحث سوامی ویکانند نے اسی مضمون سے ملتی جلتی ایک بحث مسٹر ہیربن اور مسٹر سپنسر کی لکھی ہے[1] مسٹر سپنسر کہتے ہین کہ تغیرات کے اندر ایسی چیز موجود ہے جو غیر متغیر ہے مسٹر

تحریر سے پیدا ہو سکتا ہے اور بالخصوص جبکہ مین ذاتی تجربہ بھی رکھتا ہون کہ اسلام کے متعلق جو تحریرین اغیار کی طرف سے شائع ہوئی ہین ..... ان مین خواہ کیسی ہی صداقت اور نیک نیتی سے لکھنے کا دعوی کیا جائے۔ اسلام کے چہرہ کو بدنما کرنے مین شاذ و نادر ہی کوتاہی ہوئی ہے اور اصلیت پر بالعموم پردہ ڈالا گیا ہے۔ پس جس پیالہ سے اسلام کو پلایا جاتا ہے کیون ممکن نہین کہ اسی پیالہ سے اورون کی تواضع ہو۔ اور دوسرے مذہب کی نسبت ان تحریرون کے مفہوم مین بھی اختلاف ہو چنانچہ بعض جگہ سے عذر کو ماننے کا خیال بھی سمجھ مین آتا ہے۔ مگر چونکہ اس وقت ان احتمالات سے بحث ہم جو ذہب کے تعلق پیدا ہو سکتی ہین اس لیے یہ خیال خود مہاتما بدھ کا ہو یا کسی اور کا ہمین اسکی قوت اور ضعف کو دیکھنا چاہیے۔

[1] کتاب گیان یوگ باب پانزدہم صفحہ ۲۶۲ طبع دوم

ہیریسن کہتے ہین کہ ہم صرف تغیرات کو دیکھتے ہین اور انہی کو معلوم کر سکتے ہین۔ غیر متغیر کا ہم کو علم نہین اور نہ ہو سکتا ہے۔ مسٹر سپنسر کی طرف سے یہی انسان کی نظیر پیش کی گئی ہے کہ مین کھاتا ہون۔ چلتا ہون سوتا ہون۔ یہ سب کام بدلتے رہتے ہین لیکن مین موجود رہتا ہون۔ پس وہ "مین" تغیرات کو برداشت کرنے والا مادہ ہے۔ اور دوسرے یہ کہ تغیرات پیش آتے ہین اور مین اُن کو یاد رکھتا ہون۔ پس وہ یاد رکھنے والی رُوح ہے۔

سوامی جی اعتراض کرتے ہین کہ "مین" اور کھانے والا کہنے مین جدا ہو سکتے ہین مگر جس وقت کھانے والا موجود ہے اس وقت "مین" اور کھانے والا ایک چیز ہے اور اسی طرح جب چلنے والا موجود ہے اُس وقت "مین" اور چلنے والا ایک چیز ہے" گویا کھانے کے وقت بھی ایک ہی چیز موجود ہے اور چلنے کے وقت بھی ایک ہی چیز موجود ہے۔ اور محاورہ و زبان مین ان دونون چیزون کو ان کے موجود ہونے کے وقت "مین" کہا جاتا ہے جس سے لازم نہین آتا کہ دونون وقتون مین چیز بھی ایک ہی موجود ہے بلکہ کہنا چاہیئے کہ دو چیزون کے لیئے ایک مشترک لفظ یعنی "مین" استعمال کیا جاتا ہے اور دوسرے کبھی انسان کو بعض باتین یاد نہین رہتین یا بعض امر فن مین کچھ بھی یاد نہین رہتا بلکہ انسان اپنے تئین پتھر یا حیوان سمجھ لیتا ہے۔ پس کیا اس وقت وہ غیر متغیر "مین" فنا ہو گیا ہے؟

مگر سوامی جی کے دونون اعتراض میرے خیال مین مسٹر سپنسر کی دلیل کو کمزور نہین کر سکتے کیونکہ اگرچہ کھانے والا ظاہر مین وہی "مین" ہے مگر جو شخص صرف تغیر کو جانتا ہے آیا وہ کھانے والے کے چلنے یا سونے کے وقت یقین کرتا ہے؟ کہ کھانے والا نہین رہا اور اب اور چیز چلنے والی پیدا ہو گئی ہے۔ اور نیز جو شخص کہتا ہے کہ مین کھانا کھاتا تھا اور اب مین سیر کر رہا ہون اور مین مکان پر جا کر سو رہونگا۔ وہ لفظ "مین" کو اس طرح استعمال نہین کرتا جیسے کوئی مشترک نام دو شخصون پر استعمال کیا جاتا ہے یعنی وہ اس وقت نہین سمجھتا کہ ایک "مین" کھاتا تھا اور کوئی اور "مین" سیر کر رہا ہے اور کھانے والا مین فنا ہو گیا۔ بلکہ وہ یقین رکھتا ہے کہ وہ ایک ہی "مین" ہے جسکی تینون حالتون کا ذکر ہو رہا ہے۔ اور جو لوگ صرف متغیر کو مانتے ہین وہ بھی اپنے تمام معاملات مین اس طرح "مین" کا استعمال کرنے والے کو سچا جانتے ہین اور جس شخص نے

خون کیا ہے اس کو اس واقعہ کے بعد کھانا کھانے کی حالت مین پکڑ کر سزا دینا جایز سمجھتے ہین اس جس حالت سے اس وقت یہ لوگ کھانیوالیکو چلنے والا اور قاتل کو گھر مین چھپنے والا کہہ رہے ہین وہی حالت قائم رہنے والے مادہ کو محسوس کرتا ہے۔

اور اسی طرح سوامی جی کے دوسرے اعتراض سے بھی کوئی نقص ثابت نہین ہوتا کیونکہ خواہ بعض باتین بھول جاتی ہون یا انسانون کو سب کچھ بھول جاتا ہو لیکن پھر بھی بہت سی باتین یاد رہتی ہین اور بہت سے انسانون کو یاد رہتی ہین، پس جیسے بعض دفعہ انسان بالکل مدہوش ہو جاتا ہے یا بعض انسان بالکل عقل سے بے بہرہ ہوتے ہین۔ لیکن عام طور پر عقل کے موجود ہونے سے نتیجہ نکلتا ہے کہ انسان مین عقل کا جوہر ودیعت ہے۔ اسی طرح اکثر باتون کے یاد رہنے سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ تغیرات سے پرے کوئی یاد رکھنے والی ہستی موجود ہے۔ اور جس طرح ہم کہہ سکتے ہین کہ اگر جوہر عقل انسان مین ودیعت نہ ہوتا تو کوئی انسان بھی عقل کا حصہ نہ پاتا اسی طرح کہہ سکتے ہین کہ اگر صرف تغیرات موجود ہوتے اور ان کے پیچھے غیر متغیر ہستی موجود نہ ہوتی تو ضرور تھا کہ ایک حالت کے بعد دوسری حالت مین کچھ بھی اور کسیکو بھی یاد نہ رہتا۔ بلکہ یہاں تو بہت سی باتین یاد رہتی ہیں حالانکہ صرف کسی ایک بات کا یاد رہنا بھی غیر متغیر مادہ کو ثابت کرنے کے لیئے کافی تھا۔ اس لیئے اب بعض اشخاص کو یاد نہ رہنے کی وجہ یہ ماننی چاہیئے کہ اس وقت ذات کی صفت حافظہ دور ہو جاتی ہے نہ یہ کہ خود ذات معدوم ہو جاتی ہے

مادہ کا خود بخود عمل کرنا

غرض صرف تغیرات کے موجود ہونیکا احتمال جو دہریہ ارشاد سمجھا جاتا ہے ایک معلول کو مانتا ہے اور اسکی فاعلی اور مادی کسی علت کو نہین مانتا اور معلول کا بغیر علت کے پیدا ہونا ایسا دعوی ہے جس کو سمجھنے کے لیئے عقل انسان کسی طرح تیار نہین ہوتی۔ اس لیے اس کو چھوڑ کر اور تغیرات کے اندر کسی مادہ کو موجود مانکر دوسرا احتمال یہ ہو سکتا ہے کہ مادہ کے اجزا ایک وقت پر خود بخود حرکت کرنے لگے ہین اور حرکت سے تکاثف شروع ہو گیا ہے۔ یا اگر انکی حرکت دائمی ہو گی تو کسی وقت خود بخود جمع ہونے لگے ہین اور اس اجتماع سے آفتاب اور ستارے پیدا ہونے لگے اور ہوتے ہوتے دنیا کی یہ صورت بن گئی ۔

اس احتمال کو اگرچہ ایک فرقے کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور ان کا نام اے تھی اسٹ یا دہریہ رکھا جاتا ہے مگر یقین نہین آتا کہ کوئی عقلمند اس عقیدے کا قائل ہوا ہو کیونکہ دنیا کو مادہ کی ابتدائی شکل سے موجودہ صورت مین آنے تک خواہ کیسا ہی بڑا اور طویل زمانہ صرف ہوا ہو مگر تاہم وہ زمانہ محدود ہوگا۔ اور خواہ ہم اس زمانے کے سال اور صدیان بتانے کے لیئے تمام تر رقوم مہندسیہ کو جہان تک ضرب دے سکتے ہون دے لین مگر پھر بھی اس زمانے سے پہلے مادہ کا اپنی سادہ حالت مین موجود رہنے کا زمانہ غیر متناہی باقی رہیگا۔ پس اس قدر عرصہ تک مادہ کا بے حس وحرکت اور بغیر اجتماع کے موجود رہنا اور آخر مین ایک وقت پر تکوین عالم کا سلسلہ شروع کر دینا ایسا فعل ہے جس کی کوئی علت مانی نہین جاتی اور مسبب کا بغیر سبب کے موجود ہونا سمجھ مین نہین آتا کہ کسی عقلمند کے دماغ نے کیونکر تسلیم کیا ہوگا ۔

وحدت وجود مادی مادہ کو موجود مانکر اور کسی وقت اتفاق سے خود بخود پیدائش کا عمل شروع ہو جانے کو نامعقول سمجھ کر وہ احتمال پیدا ہوتا ہے جس کو وحدت وجود مادی یا ہائلوزوئی اِزم یعنی الوہیت عالم کہتے ہین[1] اور اس کے رو سے محض مادہ کو قدیم مانا جاتا ہے اور سلسلہ تکوین کو نہ اتفاق بلکہ مادہ کے مقررہ قوانین کا اثر تسلیم کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ مادہ دائماً حرکت کرتا رہتا ہے اور اپنے غیر متبدل قاعدون سے اپنی حالت کو بدلتا رہتا ہے اور اسی طرح گویا موجودات عالم سے پہلے اسکی ہزارون شکلین بن کر بگڑ چکی ہین اور اسی طرح ہمیشہ ہوتا رہیگا ۔

اس احتمال مین تسلیم کیا گیا ہے کہ مادہ ایک شکل اختیار کرتا ہے مثلاً آفتاب ماہتاب سیارے بنجاتے ہین اور پھر خود بخود اس شکل کو توڑنے لگتا ہے اور واپس لوٹتا ہوا اپنی اصلی حالت پر جاکر پھر دوسری شکل مین نمودار ہونے لگتا ہے اور یونہی کبھی بنتا اور کبھی بگڑتا چلا جاتا ہے۔ مگر ہم جو صرف اسی عالم کو دیکھ سکتے ہین مادہ کی انہی طاقتون کا یقین کر سکتے ہین جو اس عالم مین مشاہدہ ہون

[1] یہ خیال سٹرٹیو اور دیمقراطیس وغیرہ چند حکمائے یونان کی طرف منسوب ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب اے ڈسکورس آف میٹرز پرٹینینگ ٹو نیچرل باب پنجم۔

اور اس عالم مین کسی چیز کے اندر اس دو گانہ بننے اور بگڑنے کی طاقت کا تجربہ نہین بلکہ اس کے خلاف مادہ مین انرشیا کے نام سے یہ طاقت ثابت ہوئی ہے کہ وہ اگر متحرک ہو تو اس کی حرکت ہمیشہ تک جاری رہسکتی ہے اور اگر ساکن ہو تو سکون ہمیشہ تک قائم رہسکتا ہے اور دنیا کی چیزین جو متحرک سے ساکن اور ساکن سے متحرک ہوتی ہین تو اس لیے کہ اور بیرونی قوتین اُن پر عمل کرتی ہین اور حالت کو بدل دیتی ہین۔ مثلاً اگر کوئی درخت اجزا کے مجتمع ہونے اور تکمیل کو پہونچنے کے بعد سوکھنے لگتا ہے اور اجزا پراگندہ ہونے شروع ہوتے ہین اور اگر ایک جاندار جوان ہوکر بڑھاپے اور موت کی طرف لوٹتا ہے تو اس انقلاب مین زمین و آسمان کی ہزارہا بیرونی طاقتین عمل کر رہی ہین اور انہی کے اثر سے بننے والی چیز بنی ہے اور انہی کے اثر سے اسکا زوال ہوتا ہے۔

اور اس کے علاوہ جب عام طور پر تمام مادے کے میلان کو دیکھا جاتا ہے تو اس مین بھی بننے اور بگڑنے کی دُہری طاقت کا ثبوت نہین ملتا۔ بلکہ ایک خاص سمت ہی جسکی طرف چلا جا رہا ہے چنانچہ علمی تجربہ جہان تک پہونچ چکا ہے اس کا فیصلہ ہے کہ اس سلسلہ کی ابتدا بخار کے بادل سے ہوئی ہے اور آئندہ کے لیے وہ اجزائے منتشرہ جمع ہوتے جاتے ہین اور اب وقت آرہا ہے جبکہ یہ تمام کائنات ایک منجمد تودہ برف (یخ بستہ گولہ) جان سٹوارٹ مل لکھتے ہین[1] کہ:-

"جن لوگون نے تکوین عالم کا موجودہ روشنی سے مطالعہ کیا ہے وہ یقین رکھتے ہین کہ نظام شمسی ایک بخار کے بادل سے شروع ہوا ہے اور ایسا عمل کر رہا ہے جس سے ایک وقت پر سب کچھ ایک ٹھوس مادے کا ڈھیر ہوجائیگا اور جو برودت اس کو جمائیگی وہ قطب شمالی کی سردی سے بھی زیادہ ہوگی۔"

اور چونکہ احتمالات مذہبی کی تحقیق کے لیے نظام عالم سے پرے کی شہادت مسلّم نہین اس لیے دنیا کی اس رفتار کو دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ جب اس تمام سفر مین مادہ کا میلان صرف انجماد کی جانب ہے تو جب وہ برف کی مانند جم جائیگا اس وقت کے لیے کس دلیل سے ثابت ہوتا ہے کہ مادہ اپنے میلان کو چھوڑ کر خود بخود پیچھے کو لوٹنا شروع کریگا اور اجزا کو منتشر کرتا ہوا بخار کی شکل اختیار کریگا۔ بلکہ اگر محض مادہ کو موجود مانا جائے اور اس کے اوپر کوئی اور طاقت حکمران نہ ہو تو اس کی رفتار سے عقلی نتیجہ یہی نکل سکتا ہے کہ انجماد

[1] ایسیز ۳ حصہ دوم۔

پر مادہ کی کارروائی ختم ہوجائیگی اور اجزا مین سکون پیدا ہونے سے آئندہ خلق و تکوین کا سلسلہ جاری نہ رہے گا ۔

مگر ایسا افسوسناک انجام مانکر جب آغاز کو دیکھا جاتا ہے تو محض مادہ کا وجود اور وقت پیدا کرتا ہے۔ کیونکہ سحار کی حالت جو ابتدا مین تسلیم کی گئی ہے اس سے موجودہ صورت پیدا ہونے کی کیفیت یون ثابت ہوتی ہے[1]:-

"ہر چیز موجودہ عالم کے ایک محدود عرصہ کو ثابت کرتی ہے کیونکہ اسکی جو شکل اب ہے وہ ایک وقت مین نہ تھی اور اسکی حالت ہمیشہ بدلتی رہتی ہے اس لیئے اسکا آغاز کہین نہ کہین سے فرض کرنا پڑتا ہے اور اس لیے ہم مجبور ہین کہ اصول موضوعہ کے طور پر اس دنیا کے آغاز مین سحار جیسی غیر منور حالت کو فرض کرین جس کے ذرات مع اپنے قوائے جاذبہ و دافعہ کے ایک دوسرے سے الگ ہون۔ گے اور یکسان طور پر منقسم نہ ہون گے۔ کیونکہ اگر ذرات یکسان پھیلے ہوئے ہوتے تو قوت جاذبہ اُن اجزا کو ایک انبار کی صورت مین جو ہمیشہ کروی شکل مین رہے کسی عام مرکز ثقل کیجانب کھینچ لاتی اور قوت دافعہ اجزا کے باہمی رگڑ سے متحرک ہوکر اور حرارت پیدا کرکے بغیر کوئی نتیجہ پیدا کرنے کے انتشار مین سے گذر جاتی۔ پس اس وقت مین ضرور ہے کہ ان اجزا کی وضع اور اطوار باہمدگر مختلف ہونگے اور وہ اجزا خاص خاص مرکزون کی طرف کھچ جارہے ہونگے اور ان انبارون کی مقدار اور انکی حرکتون کی مقدارین بے انتہا تبدیلیان ہوتی ہونگی۔ اور اس طرح جمع کرنیوالی قوتون اور پھیلانے والی طاقتون کی وساطت سے بار بار ذرات کی ترتیب بدلنے سے دنیا کے انقلاب واقع ہوتے رہے ہون گے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو چیز بظاہر یکسان تھی (یعنی سحار کا بادل سا) اس سے ترقی ہوکر وہ اجسام پیدا ہونے لگے جو حقیقت مین ایک دوسرے کے مشابہ نہین ہین اور جو چیز بے شکل تھی وہ شکلدار ہوگئی اور سادہ چیز مرکب و مرکب بنتی گئی حتے کہ یہ ترکیب جاندار مخلوق مین اعلے سے اعلے درجہ تک پہنچ گئی"

[1] کتاب دی سسٹم آف کری ایشن حصہ دوم باب ششم مصنفہ سٹراڈ ورڈ کلاڈ۔

اس طرح جو ترکیب بخار سے اجسام بننے کی بیان کی گئی ہے اسمین تسلیم کرنا پڑا ہے کہ وہ ایک محدود زمانے سے موجودہ حالت تک پہونچ گئی ہے اور وہ زمانہ خواہ کیسا ہی بڑا ہو لیکن قدامت ایسی چیز ہے کہ اُس کا عرصہ اس زمانے سے پہلے بھی غیر محدود باقی رہتا ہے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اُس غیر محدود قدیم زمانے مین مادّہ کے ذرات ہمیشہ سے اسی طرح مختلف مقدار کے انبارون مین حرکت کر رہے تھے یا اُس کے خلاف کوئی اور صورت تھی۔ اگر مانا جائے کہ ہمیشہ سے مادّہ انھی مختلف انبارون کی شکل مین تھا تو چونکہ اس شکل مین ہونے کا نتیجہ یہ ہے کہ قوائے جاذبہ اور دافعہ عمل شروع کرین اور ان کے عمل کا نتیجہ یہ ہے کہ مادّہ مین انقلاب ہوتے ہوتے موجودہ شکل تک پہونچ جائے اس لیئے ضرور ہے کہ جو عمل اب چند ارب سال سے شروع ہوکر موجودہ شکل تک پہونچا ہے وہ عمل قدیم سے ہوتا اور اب اس کو ختم ہوئے اور مادہ کو موجودہ حالت سے گذر کر برف کا تودہ بنے غیر محدود زمانہ گذر جاتا۔ اور اسی طرح اگر کہا جائے کہ اگرچہ مادہ قدیم سے مختلف انبارون مین جمع نہ تھا مگر قدیم سے اسکی وہ صورت تھی جس کا نتیجہ یہ ہو کہ مادہ کے انبار متفاوت ہو جائین تو بیشک اس طرح پر دنیا کی بناوٹ کا زمانہ اور زیادہ دراز ماننا پڑیگا لیکن جس طرح بخار سے اجسام بننے کا زمانہ محدود ہے اسی طرح بخار کے متفاوت بادلون سے پہلے خواہ لاکھ شکلین اور مانی جائین انکا زمانہ بھی ضرور محدود ہوگا اور ان تمام طویل سے طویل زمانون کو نکال کر بھی قدامت کا زمانہ غیر محدود باقی رہتا ہے اسلیئے اگر قدیم سے مادّہ کی وہ شکل تھی جسکا نتیجہ انبارون کا متفاوت ہونا ہے تب بھی آج تک اس عمل کو ختم ہوئے غیر محدود زمانہ گذر جاتا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ تغیرات چاہے کیسے ہی طویل و طویل مانے جائین اور خواہ انکی حرکت بھی بخار سے انبار کی جانب ہو یا کسی اور طرز پر۔ وہ سب ایک محدود زمانہ چاہتے ہین اور قدیم نہین ہو سکتے اس لیے اگر مادہ قدیم ہے تب بھی ضرور ہے کہ وہ پہلے بالکل سادہ شکل مین ہو۔

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا (انبیاء پ ع ۳)	کیا منکر ہے انکار کرنے والے نہیں دیکھتے کہ آسمان و زمین باہم ملے ہوئے تھے ہمنے انکو جدا جدا کر دیا۔

پس اگر مادہ کے سوا کوئی اور طاقت موجود نہین تو لازم آتا ہے کہ مادّہ اپنی سادگی کے لامحدود زمانے کو ختم کر کے ایک وقت پر بغیر کسی علت کے وہ شکلین اختیار کرنے لگا ہے جن کا نتیجہ دنیا کی موجودہ حالت ہے

غرض علمی مشاہدہ سے جس قدر ثبوت مہیا ہو سکتا ہے اس کا یہ نتیجہ یقینی ہے کہ محض مادّہ واقعات عالم کو پیدا کرنے کے لیئے بالکل ناکافی ہے اور ایسا خیال کرنا معلول کو بغیر علت کے ماننا ہے جو قابل تسلیم نہین ۔

ایک سو زیادہ چیزون کا قدیم ہونا

یہان تک جن احتمالات کا ذکر ہوا ہے وہ اُن لوگون کے دماغ کا نتیجہ ہے۔ جنہون نے موجودات عالم کو دیکھا مگر اُن کی دلچسپیون مین اس قدر محو ہوئے کہ اپنے خیال کو دنیا سے پرے تک نہ لیجا سکے اور اس لیئے ابھی تک مذہبی عنصر یعنے ماورائے مبتی کا اعتراف نہین پایا گیا لیکن آگے بڑھکر جو احتمالات پیدا کیئے گئے ہین وہ باختلاف مدارج اس غیر محسوس کا اعتراف کرتے ہین چنانچہ ان مین سے ایک وہ احتمال ہے جسمین کائنات کو ایک بالاتر ہستی سے وابستہ کیا ہے لیکن موجودات عالم کی عظمت بھی دل مین جاگزین رہی ہے اور خدا اور مخلوق دونون کو قدیم مانکر خدا کو اس مملکت پر قابض تسلیم کیا گیا ہے اور اسی طرح پر کبھی خدا اور مادّہ ۔ کبھی خدا اور شیطان اور کبھی خدا مادّہ اور روح تینون کو غیر مخلوق اور قدیم ہونے کی عزت دیگئی ہے[1]۔

اس احتمال کی نسبت فیصلہ کرنے سے پہلے چند قوانین قدرت کو دیکھنا ضرور ہے جو واقعات عالم سے ثابت ہوتے ہین ۔

اوّل یہ کہ جب کوئی چیز کسی دوسری چیز کی ذات مین داخل ہوتی ہے تو دوسرے کا وجود بعینہٖ پہلی چیز کا وجود ہوتا ہے یعنی ممکن نہین ہوتا کہ دوسری چیز موجود ہو اور جو اسکی ذات مین داخل ہے وہ موجود نہو لیکن جو چیز کسی اور چیز کی ذات مین داخل نہین اسکو اس چیز کے ساتھ موجود کرنے کے لیئے فاعل کو جدید فعل کی ضرورت ہوتی ہے ورنہ ممکن ہے کہ دونو باہم موجود نہ ہون مثلاً ہیڈروجن اور آکسیجن پانی

[1] خدا اور مادّہ کی قدامت فلاطون کی طرف منسوب ہے اور خدا اور شیطان کی قدامت ایرانی فلاسفرانی کیجانب (ایسے آف مل ص ۱۱۱) اور اکثر یہی خیال اشوز رد شت کیطرف بھی منسوب کیا جاتا ہے مگر حال ہی مین جن خیال پارسی اسکو غلط کہتے ہین اور نیز تینون قدیم کا قائل نہین (لکچر مسٹر واڈیا صاحبائی نوروجی) اور تین قدما کا خیال ہندی فلاسفر سوامی دیانج اپنی مذہبی کتاب وید کی طرف سے پیش کرتے ہین اور آجکل اہل برہمو سماج کی ایک جماعت اس خیال کی سخت حامی ہے ۔

کی ذات مین داخل ہین یعنے دونون اُس کے عناصر ہین اِسلئے پانی کا موجود ہونا بعینہ ہیڈروجن اور آکسیجن کا موجود ہونا ہے۔ اور ممکن نہین کہ پانی موجود ہو اور ہیڈروجن اور آکسیجن موجود نہو لیکن پانی کی روانی اور پانی کا رنگ پانی کی ذات مین داخل نہین بلکہ ایک عارضی صفت ہے اور اس لیے ممکن ہے کہ پانی موجود ہو اور اس مین روانی یا رنگ نہو۔

دوئم۔ دو چیزون کا کسی ایک ذاتی خاصہ مین مشترک ہونیکا یہ مطلب ہے کہ اُن دونو کی ذات مین وہ مشترک عنصر موجود ہے مثلاً رنگ آہن اور پانی جو آکسیجن کی صفت مین مشترک ہین تو اس کا یہ مطلب ہے کہ دونو مین آکسیجن کا عنصر موجود ہے۔

سوئم۔ جو دو چیزین ایک دوسرے سے علیحدہ اور ممتاز ہین ضرور ہے کہ ان مین سے ہر ایک اپنی ذات مین ایک ایسا عنصر رکھتی ہے جو دوسری چیز مین موجود نہین۔ ورنہ دونون جداگانہ چیزین نہوتین مثلاً پانی اور رنگ آہن جو ایک دوسرے سے علیحدہ ہے تو اسی لیے کہ پانی مین آکسیجن کے ساتھ ہیڈروجن اور رنگ آہن مین بجائے ہیڈروجن کے لوہے کا عنصر موجود ہے اور اگر ہیڈروجن اور لوہے کا اختلاف نہ ہوتا اور دونون مین ایک ہی قسم کے عناصر ہوتے تو دو جداگانہ چیزین ہرگز موجود نہ ہوتین یا پانی ہوتا یا رنگ آہن بلکہ دیکھا جاتا ہے کہ جن دو چیزون مین مادّی عناصر بالکل ایک ہین اُنکی ذات مین بھی کوئی غیر مادی عنصر ایسا موجود ہے جن سے وہ دونون چیزین ممتاز اور علیحدہ شمار ہوتی ہین مثلاً الماس اور کوئلا مادی عناصر مین بالکل متحد ہین لیکن انرجی یعنے طاقت کا دوسرا عنصر دونو مین مختلف ہے اور اسی سے وہ دونون باہمدگر ممتاز ہین اور جب کبھی دونون کی طاقت کو یکسان کرنے مین کامیابی ہوئی ہے تو امتیاز معدوم ہوگیا ہے اور اس عمل سے کوئلا بعینہ الماس بنگیا ہے۔

چہارم۔ جو چیز دو چیزون سے مرکب ہوتی ہے وہ ضرور حادث ہوتی ہے اور اس کے وجود سے پہلے اسکی اجزا کا موجود ہونا ضرور ہوتا ہے اور نیز ایسے مرکب کو ترکیب دینے کے لیے کسی فاعل کا وجود بھی لازم ہے مثلاً پانی جو آکسیجن اور ہیڈروجن سے مرکب ہے اُس کے وجود سے پہلے آکسیجن اور ہیڈروجن کا وجود ضروری ہے اور کوئی ایسی طاقت بھی ضرور موجود ہوگی جس نے دونون عنصرون سے پانی کو تیار کیا۔

ان مقدمات کو پیش نظر رکھنے کے بعد کہہ سکتے ہین کہ اگر خدا اور مادہ اور رُوح یا کوئی سی دو چیزین قدیم ہون تو ضرور ہے کہ قدامت انکی ذات مین داخل ہوگی کیونکہ اگر قدامت اُن کے لیئے ایک عارضی صفت ہو تو پہلے قاعدے کے موافق ممکن ہوگا کہ وہ چیزین موجود ہون اور قدامت اُن کے ساتھ نہ ہو اور نیز ضرور ہوگا کہ اس صفت کو لاحق کرنے کے لیئے کوئی فاعل موجود ہو پس جس چیز کو قدیم مانا گیا تھا وہ اس صورت مین قدیم نہ ہوگی بلکہ حادث ہوگی۔ پس جبکہ قدامت دو یا تین چیزون کی ذات مین داخل ہے اور وہ سب اس ذاتی وصف مین شریک ہین تو دوسرے قانون کے رو سے ضرور ہے کہ قدامت کا عنصر اُن سب کی ذات مین موجود ہو۔ اور چونکہ وہ سب ایک دوسری سے علیحدہ اور ممتاز ہین اور اسی لیے اُن کو دو یا تین کہا جاتا ہے تو تیسرے اصول کے مطابق ضرور ہے کہ ہر ایک مین کوئی ایسا عنصر موجود ہے جو دوسری چیز مین نہین اور اس تحقیق کے رو سے ماننا پڑتا ہے کہ خدا اور مادہ اور روح تینون مین ایک عنصر قدامت کا مشترک ہے اور ہر ایک مین ایک ایک عنصر ایسا موجود ہے جس سے خدا کی خدائی اور مادہ کی مادیت اور روح کی روحانیت ایک دوسرے سے ممتاز ہے پس وہ تینون دو دو عنصرون سے مرکب ہونگے اور چوتھے قاعدے کے رُو سے ماننا پڑے گا کہ تینون حادث ہین اور ان سے پیشتر ان کے عناصر کا وجود ماننا پڑیگا اور نیز ان عناصر سے ترکیب دینے کے لیے کسی اور فاعل کی ضرورت ہوگی اور نتیجہ یہ ہوگا کہ جن تین چیزون کو قدیم مانا گیا تھا قدامت ہی کے اشتراک سے وہ سب اس صفت سے محروم ہو جائینگے اور ترکیب دینے کے لیے فاعل کی ضرورت پیش آنے پر چونکہ اس مذہب والے ان تینون کے سوا کسی اور چیز کو موجود نہین مانتے لازم آئیگا کہ مرکب جو معلول ہے بغیر علت کے پیدا ہوا ہے اس لیے اس احتمال مین بھی بالآخر وہی دقت پیش آئی جو پہلے احتمالون مین موجود تھی یعنے قانون علت و معلول کا باطل ہونا جس سے یہ احتمال ناقابل تسلیم ہو جاتا ہے۔ ہربرٹ سپنسر لکھتے ہین[1]:-

"اگر بہت سے قدیم ہون تو اُن مین ضرور کوئی چیز مشترک ہوگی جو ایک سے زیادہ قدما کو ضرور متمایز کرے پس وہی مشترک عنصر قدیم ہوا نہ کہ وہ بہت سے مانے ہوئے قدما۔ اور نیز چونکہ بہت ہین

[1] فرسٹ پرنسپلز باب چہارم صفحہ ۷۹ سطر ۱۸

اس لیئے وہ ایک دوسرے سے محدود ہونگے پس غیر محدود نہ رہینگے اور نیز وہ سب مطلق نہ ہونگے کیونکہ ایک دوسرے سے انکو تعلق ہے"

وحدت وجود روحانی اس خیال کے بعد اس احتمال کا درجہ ہے جس کو وحدت وجود روحانی کہتے ہین اور جسمین مادّہ کے وجود سے بالکل انکار کیا گیا ہے اور محض ایک غیر محدود مطلق ہستی کو موجود مانا گیا ہے اس خیال کو ماننے والے مختلف اقوام عالم مین کثرت سے ہین چنانچہ ملا حسن اس کی تقریر یون کرتے ہین[۱]

" اس عالم کون مین صرف ایک بسیط ذات موجود ہے جو نہ کلی ہے اور نہ جزئی یعنے نہین کہہ سکتے کہ وہ درحقیقت کثرت کو قبول کر سکتی ہے اور نہ یہ کہ کثرت کو ہرگز قبول نہین کرتی۔ بلکہ اُس ذات مین بیشمار مختلف اور واقعی شانین ظاہر ہوتی ہین اور اسکی ہر شان پر مختلف آثار اور احکام مرتب ہوتے ہین۔ پس وہ معین شان جو نظر آتی ہے ممکن کہلاتی ہے اور اس تعین سے قطع نظر جو ذات موجود ہے وہ واجب الوجود اور خدائے قادر ہے"

مسٹر بارکر اس مسئلہ کا ذکر یون کرتے ہین[۲]:-

" وحدت وجود روحانی روح کی ہستی کو مانتی ہے اور عملانیہ یا کنایتہً مادّہ کے وجود سے انکار کرتی ہے اُس کے نزدیک وہ روح خدا ہے جو ہمیشہ یکسان رہتی ہے مگر ہمیشہ نئی شکلین بدلتی رہتی ہے۔ اس کے رو سے خدا ایک مکمل ہستی ہے اور دو صفتین رکھتی ہے علم اور وسعت۔ انسان مین اگر اُس کو اپنی ذات کا علم ہے اور اس سے پہلے حیوانات وغیرہ مین شعور سے خالی ہے۔ جو کچھ خدا کے سوا ہے وہ شے ہونے سے محروم ہے اور موجود نہین۔ محض ظاہر مین نظر آتا ہے اور اس کی ہستی محض اسکا نظر آنا ہے"

سوامی ویکانند لکھتے ہین[۳]:-

---

[۱] شرح سلم العلوم مصنفہ ملا حسن مرحوم بحث علم باری تعالیٰ۔

[۲] ای ڈسکورس آف میٹرز پرٹیننگ ٹو ریلیجین باب پنجم۔

[۳] کتاب گیان یوگ باب شانزدہم۔

"سوامی شنکر آچاریہ کے نزدیک خدا مادہ بھی ہے اور فاعل بھی ہے۔ مگر بظاہر ورنہ درحقیقت خدا یہ دنیا نہین بنگیا۔ بلکہ دنیا نظر آتی ہے کیونکہ خدا اُسکی بنیاد ہے"

غرض الفاظ اور طرز ادا گرچہ مختلف ہے مگر مدعا سب کا یہ ہے کہ ایک مطلق ہستی اسی طرح مختلف شکلون مین ظاہر ہو رہی ہے جیسے دریا اپنی روانی مین مختلف لہرون کی شکل مین ظاہر ہوا کرتا ہے پس جس طرح پر لہرون کو اُن کے ظاہر ہونے پر جداگانہ نام اور تشخص حاصل ہو جاتا ہے حالانکہ حقیقت مین لہر کوئی جداگانہ ہستی نہین ہے بلکہ وہی دریا اس شکل مین ظاہر ہوا ہے۔ اسی طرح سے اس ہستی مطلق کے مختلف مظہرون کو آسمان زمین انسان حیوان وغیرہ جداگانہ نامون اور تشخصون سے نامزد کرتے ہین ورنہ حقیقت مین یہ چیزین جداگانہ ہستی نہین ہین اور اسی ایک ذات کے مختلف ظہور ہین۔ پس جس وقت یہ مظہر موجود ہین چونکہ اُنکی ذات جداگانہ نہین ہے اس لیے کہہ سکتے ہین کہ وہی ایک ذات موجود ہے اور چونکہ ان کی شکلین جداگانہ ہین اور وہ ذات شکلون سے پاک ہے اِس لیے محض ان شکلون کو اُس کا غیر کہہ سکتے ہین لیکن چونکہ یہ شکلین محض اعراض ہین اِس لیئے اِن کا وجود ایک اعتباری وجود ہوگا اور حقیقی اور ذاتی وجود پھر بھی ایک ہی رہیگا۔

عالم کا ہر ایک تغیر کسی مصلحت پر مبنی ہے

اس عقیدے مین بیشک یہ خوبی ہے کہ موجود اور قدیم محض ایک چیز کو مانا گیا ہے اور چیز بھی ایسی جو خود ہی اپنے مظاہر کی علت ہو لیکن اس خیال کو دل مین جگہ دینے سے پہلے اس ظاہر ہونے والی ذات کا ایک اور خاصہ بھی پیش نظر آجاتا ہے اور وہ یہ کہ اس کے جس قدر مظاہر دیکھے جاتے ہین وہ چھوٹے ہون یا بڑے معلوم ہوتا ہے کہ ان مین سے ہر ایک کسی بڑے مدعا اور فایدے کو مدنظر رکھ کر پیدا کیا گیا ہے۔ آفتاب ہو تو اُس کو بنایا ہی اس طرز پر گیا ہے کہ سیارون کے ایک بڑے انبوہ کو اپنے ساتھ وابستہ رکھ سکے اور ان سب مین روشنی اور حرارت اور حرکت دینے والی شعاعون کو پہونچائے۔ زمین ہے تو اسکی ترکیب اسی قسم کی ہے کہ لاکھون طرح کے جاندار اور بے جان مخلوق کو پیدا کر سکے اور ان کی بقا اور تناسل کا سامان بہم پہونچائے۔ اسی طرح حیوانات اور دیگر موجودات مین سے ہر ایک کو اسی طرز پر پیدا کیا ہے کہ اس غرض اور مدعا کو باحسن وجوہ پورا کر سکے

جس کے لئے وہ پیدا ہوا ہے اور پھر ہر ایک مخلوق کے اجزا اور اعضا کو وہی ساخت دی ہے جس سے وہ اپنے فرض پورے طور پر ادا کر سکے۔ اگر درخت کی رگین ہین تو انکی بناوٹ ہی ایسی ہے کہ خود بخود خوراک اور سامان زیست کو جذب کر سکین اور بقاء شخص و بقاء نوع کا سامان مہیا ہو۔ اگر جاندار کی آنکھ کان وغیرہ اعضا ہین تو ان کے اجزا کو ترتیب ہی اس طرز پر دیا ہے کہ خود بخود اُن کے افعال سرزد ہوتے رہین۔ غرض ایک ذرّے سے لیکر بڑی سے بڑے کوہ تک کسی چیز کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ بھی ایسا نہین معلوم ہوتا جو کسی مفاد اور مدعا سے خالی ہو اور اس ذات کے تمام مظاہر سے یہ ایک عام اور کلیہ خصوصیت معلوم ہوتی ہے کہ اس کا کوئی فعل عبث نہین بلکہ ہر چیز کو کامل علم و شعور سے کسی مصلحت پر مبنی کیا گیا ہے اور کسی کہنے والے کا یہ خیال بالکل غلط معلوم ہوتا ہے کہ وہ ذات انسان بننے سے پہلے بے شعور تھی۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ انسان مین ظہور کرنے سے پیشتر جس قدر مظہر مادہ کی مختلف شکلون مین ہوئے ہین ان حالتون مین یہ مادہ بیشک بے شعور ہے اور نہ صرف بے شعور ہے بلکہ تمام حالتون مین کثیف ہے۔ محدود ہے۔ محسوس ہے گو کثافت محدودیت اور محسوسیت کے مدارج مختلف ہون اور نیز بعض حالتون مین بے حس ہے بعض مین بے حرکت ہے اور بعض حالتین غلاظت اور دیگر عیوب بھی ظاہر کرتی ہین۔ اس لیے اُس ایک ذات کو ہر ایک شان مین ظاہر ہوتے ہوئے دیکھکر طبعًا یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس غیر محسوس۔ مطلق۔ پاک اور بے عیب ذات نے یہ مظاہر کیون اختیار کئے جو محسوس۔ مقید۔ ناپاک اور عیب دار ہین اور جب اس ذات کا عام خاصہ ہے کہ وہ ایک ذرہ کو بھی عبث اور بے وجہ پیدا نہین کرتی تو خود اپنی ذات کو جو ہر طرح کا کمال رکھتی تھی کس مصلحت سے ان نجاستون مین جلوہ گر کیا۔ اور جب ہم دیکھتے ہین کہ زمین اور زمین کی پیداوار یکے بعد دیگرے کثیف سے لطیف ہوتی جاتی ہے۔ معدنیات بالکل بے حس و حرکت تھے نباتات مین حرکت نے ظہور کیا حیوانات مین مختلف حواس کی تکمیل ہوئی انسان سب سے بڑھکر عقل و شعور اور دیگر کمالات مین ترقی کرتا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان مظاہر کی رفتار لطافت کی جانب ہے اور اس لیے یہ گمان بھی نہین ہو سکتا کہ وہ ذات کثافت کی طرف آنے کو کمال سمجھتی ہوگی کیونکہ

پاک ناپاک کیون ہوا

اگر غیر محسوس سے محسوس ہو جانا کمال ہوتا اور اس کمال کو حاصل کرنا اُس ذات کی غرض و غایت قرار دیا جاتا تو ضرور تھا کہ موجودات عالم کی رفتار لطافت سے کثافت کی جانب ہوتی اور اسی طرح ایک پیداوار سے دوسری پیداوار کثیف تر ہوتی جاتی مگر جب اس کے خلاف نظر آتا ہے اور دنیا کی چیزوں کا کمال اسی لطافت کی جانب ترقی کرنا سمجھا جاتا ہے جس لطافت سے اُس ذات نے تنزل کر کے کثافت کا جامہ پہنا ہے تو اس فعل کا عبث اور بے سبب ہونا اور بھی دلنشین ہو جاتا ہے۔

مطلق علیت کے سلسلہ میں نہیں

سوامی ولیکانند اس اعتراض کا جواب دیتے ہیں اور فرماتے ہیں[1]:-

"غیر محدود اور مقید کیوں ہوا؟ یہ بہت مشکل سوال ہے مگر اس کا حل یہ ہے کہ کیوں کا سوال دنیا کی چیزوں پر ہوتا ہے جو علیت کے سلسلہ میں مقید ہیں اور مطلق علیت اور زمانہ و فضا سے بالاتر ہے اسلئے اسکی ذات کی نسبت کیوں سے سوال نہیں ہو سکتا۔"

علم بغیر نظیر کے پیدا نہیں ہو سکتا

لیکن حقیقت یہ ہے کہ مطلق بیشک بالاتر ہے مگر سوال کی نیچر یہ ہے کہ ہم اس عالم اسباب میں مقید ہیں اور ہمارے استدلال عقلی کی افتاد یہ واقع ہوئی ہے کہ جب کسی نامعلوم چیز یا واقع کی نسبت غور کرتے ہیں تو اس کے لیئے ایسا ہی نتیجہ یا عقیدہ قرار دیتے ہیں جسکی نظیر واقعات معلومہ میں پائی جاتی ہو اور اس کے برخلاف کبھی ایسا دعوی نہیں کرتے اور نہ کر سکتے ہیں جس کی نظیر ہمکو معلوم نہ ہو۔ مثلاً جب ہم کوئی نامعلوم آواز سنتے ہیں اور خیال کرنا چاہتے ہیں کہ وہ کیونکر پیدا ہوئی تو جو طریق آواز پیدا ہونے کے ہمکو معلوم ہیں اُن میں غور کرتے ہیں کہ ایک آواز انسان کی ہو سکتی ہے جو کچھ بات کرتا ہو اور ایک آواز حیوان کی ہوتی ہے جو اپنی عادت کے موافق بولتا ہے اور ایک آواز بادل کے گرجنے کی یا بجلی کڑکنے کی ہوتی ہے اور اسی قسم کی آوازیں جہان تک ہمارے علم میں ہوں ہم دیکھتے ہیں کہ وہ نامعلوم آواز ان میں سے کس سے مشابہ ہے اور اس طرح پر جو تشبیہ ہمکو اغلب معلوم ہوتی ہے اسی کے مطابق اُس آواز کی نسبت رائے قائم کرتے ہیں اور کبھی ایسا احتمال قایم نہیں کرتے جسکی نظیر ہمنے نہ دیکھی ہو۔ یا مثلاً جب[2] چاند کے داغوں کو دوربین سے دیکھا گیا تو داغوں

---

[1] کتاب گیان یوگ باب پنجم۔

[2] ملاحظہ ہو کتاب آسٹرانومی مصنفہ پروفیسر منیو کو حصہ سیوم۔ باب چہارم۔

کا مقام روشن جگہ کی نسبت کسی قدر ہموار معلوم ہوا چنانچہ اس وقت کے ذخیرہ معلومات کی بنا پر داغون کی نامعلوم کیفیت معلوم کرنیکے لیے نظیر کی تلاش ہوئی اور دیکھا گیا کہ زمین پر پانی کی سطح خشکی کی نسبت ہموار ہوتی ہے اس لیے خیال ہوا کہ چاند کا یہ مقام بھی سمندر ہے۔ اس کے بعد دوربینون مین ترقی ہونے پر جب داغ زیادہ صاف نظر آئے تو خود اُس کے اندر بھی نشیب و فراز معلوم ہوے اب چونکہ پانی مین نشیب و فراز ہونے کی کوئی نظیر موجود نہین اور اس کے برخلاف اُن داغون کو موجودہ علم کی بنا پر پہاڑ کے غارون سے تشبیہ دی جاسکتی ہے اس لیے دوسرا احتمال قائم ہوا کہ چاند مین سمندر نہین ہین بلکہ بڑے بڑے غار ہین جو داغ کی شکل مین نظر آتے ہین بلکہ اب جبکہ قریب قریب کے سیارون کا ایک دوسرے پر عکس ڈالنا معلوم ہوا اور نیز چاند کا وہ عکس بھی دیکھا گیا جو ایک اُس کے قریب ستارہ پر ہمیشہ پڑتا ہے اور اسمین دیکھا گیا کہ پانی کا کہین نشان نہین پایا جاتا تو نتیجہ نکالا گیا کہ کم از کم چاند کے بالائی سطح پر کوئی دریا یا خلیج موجود نہین ہے اور یہ اسی لیئے کہ پانی موجود ہو اور اُسکا قریب تر سیارے پر عکس نہ پڑے اسکی کوئی نظیر موجود نہین۔

ڈاکٹر سپنسر لکھتے ہین[1]:-

"مین سل اور سر ولیم ہملٹن نے جو شرطین علم کی لکھی ہین میرے نزدیک انکے علاوہ ایک اور بھی شرط ہے یعنی مناسبت۔ ہم جس چیز کو معلوم کرتے ہین اس کا اتنا ہی علم حاصل ہوتا ہے جتنا اور چیزون کا علم پہلے سے ہوتا ہے مثلاً ہم کسی جانور کو دیکھتے ہین تو اگر اسی قسم کا جانور پہلے دیکھا ہو اس حالت مین اُسے پورے طور پر معلوم کرلین گے اور اگر نہین دیکھا تو جو باتین اس مین پائی جاتی ہین جن جانورون مین اسی قسم کی باتین پائی جائین ہم جانینگے کہ یہ جانور اُن جانورون کی قسم کا ہے اگر چار پیر رکھتا ہو تو چوپایون کی قسم سے لین گے۔ بڑے دانت رکھتا ہوگا تو درندہ سمجھین گے۔ اگر یہ بھی نہ ہو تو ملق جاندار کہین گے۔ یا زندگی کا نشان بھی نہ ہو تو نباتات یا اس سے اتر کر جمادات وغیرہ کی قسم سے کہینگے۔ غرض اسی حد تک علم حاصل ہوگا جس حد تک پہلے معلومات سے پیدا ہو چکا ہے"

غرض ہمارا علم محض نظایر اور مناسبات کی وساطت سے ترقی کرتا ہے اور اس بنا پر صحیح علم وہ ہوگا جسمین مناسبت کا

[1] فرسٹ پرنسپلز باب چہارم۔

کا لحاظ رکھا گیا ہے اور جہان تک مشابہت اور نظیر کی تعین مین غلطی کی گئی ہے اُسی تک علم بھی غلط ہوگا اور اس قاعدے کے موافق جب ہمنے تغیرات عالم کو دیکھا اور اُن کے آغاز کی نسبت غور کرنا شروع کیا تو چونکہ محض تغیرات کو۔ محض مادّہ کو یا مادّہ اور خدا دونون کو قدیم مانکر دیکھا کہ معلول کا بغیر علّت کے پیدا ہونا لازم آتا ہے اور اپنے ذخیرۂ معلومات مین اسکی کوئی نظیر موجود نہ تھی کہ معلول خود بخود اور بغیر علّت کے پیدا ہو جائے اس لیئے ان خیالات کو غلط مانکر ہم اس عالم سے پرے کسی اور ہستی کی تلاش کرنے لگے اور یہان تک ہماری رفتار بالکل درست تھی۔ لیکن اب ایک غیر مادّی ہستی کو مانکر جب یہ خیال قائم کیا گیا کہ وہی ایک ذات اپنی پاک اور کامل حالت کو ان ناپاک اور ناقص حالتون مین بدل رہی ہے تو لامحالہ سوال پیدا ہوا کہ اُس کا یہ فعل کس مصلحت پر مبنی ہے اور چونکہ کوئی فائدہ قرار دیا نہین جا سکتا اس لیئے اگر اُس کے دیگر افعال مین جو روزمرّہ ہم دیکھتے ہین کوئی ایسی نظیر ملجاتی جو بالکل عبث اور بے وجہ ہوتی تو بیشک اس عقیدے کو ماننے کی گنجایش ہو سکتی لیکن حال یہ ہے کہ اس دنیا مین اُس کا کوئی چھوٹے سے چھوٹا فعل بھی عبث نہین ہے اس لیئے یہ خیال ہرگز قرین قیاس نہین کہ اُس کا سب سے پہلا اور سب سے بڑا کام یعنی ان تمام تغیرات کو موجود کرنا عبث اور سلسلۂ علّیت سے خارج ہوگا۔ غرض پہلے احتمالون مین کسی ذات کا بغیر علّت کے پیدا ہونا لازم آتا تھا اور اس احتمال مین ذات اگرچہ قدیم ثابت ہوئی مگر اُس کا سب سے بڑا انقلاب جس مین غیر محسوس محسوس اور غیر محدود محدود ہو گیا بے علت رہا۔ قصہ مختصر اس عالم کا وجود ہر احتمال مین معلول بے علت ثابت ہوا اس لیے یہ احتمال بھی اگرچہ پہلے احتمالون سے بالاتر ہے مگر اس نقص کے سبب قابل تسلیم نہین ۔

سوامی ویویکانند ایک اور موقع پر بھی یہی سوال پیدا کرتے ہین[۱] کہ جب ایک ہی ہستی سب ظہور کرتی ہے تو وہ تکلیف کیون اُٹھاتی ہے اور ذلیل و ناپاک کیون ہوتی ہے؟ اور جواب دیتے ہین کہ آفتاب یکسان چمکتا ہے لیکن کسی کے نقصان بصارت سے جو تاریکی یا مختلف رنگ نظر آتے ہین وہ آفتاب پر عیب نہین لگا سکتے اسی طرح وہ مکمل ہستی جسمانی نقصون سے عیب دار نہین ہو سکتی اور اسی طرح ایک اور

[۱] کتاب گیان یوگ باب ہشتم ۱۲

جگہ لکھتے ہین[1] کہ وحدت کثرت کیون ہوگئی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اصل مین اب بھی وحدت ہی موجود ہے اور کثرت صرف بیرونی طور پر ہے۔

لیکن آفتاب کی نظیر سے اور کثرت کو محض نمائشی ماننے سے یہ عقدہ اسی صورت مین حل ہوسکتا ہے کہ اس لطیف ہستی کے سوا کوئی کثیف ذات موجود ہو جس پر اُس کا نور وحدت چمکے اور دوسری ذات کی کثافت اور کثرت کے سبب سے وہ ظاہر مین کثیف اور کثیر معلوم ہو۔ حالانکہ اس عقیدے کے رو سے عالم کی یہ صورت نہین ہے بلکہ ذات ہر حال مین ایک ہی موجود مانی گئی ہے اور جسم یا اُن کا خیال کے مطابق یا کوئی ذاتی وجود نہین رکھتی اور اس لیے کثرت یا عیب جو کچھ نظر آتا ہے وہ سب اعراض یا صفات ہین اور ظاہر ہے کہ عرض اور صفت بغیر کسی ذات کے موجود نہین ہوسکتی اِسلئے وہی ایک ذات ہوگی جو پہلے غیر محدود غیر محسوس و غیرہ صفات سے متصف تھی اور اب محدود محسوس اور ہر طرح کی ناقص صفات سے موصوف ہے۔ غرض ذات ایک مانکر صفات بیرونی ہون یا اندرونی اُن کا محل ہر حال مین وہی ذات ہوگی اور آفتاب کی نظیر اس پر صادق نہ آئیگی کیونکہ یہان جن چیزون پر آفتاب کی شعاع پڑتی ہے وہ آفتاب سے علیحدہ ہین اور اسی لیے اُنکا نقص آفتاب کے نور کو عیب دار نہین کرتا۔ البتہ اگر محض آفتاب موجود ہوتا اور اس حالت مین اُس کی شعاع کبھی نورانی اور کبھی تاریک ہو جاتی تو بیشک ایک نظیر موجود ہوتی لیکن اس صورت مین شعاع کا تاریک ہونا بھی آفتاب ہی کا نقص ماننا پڑتا۔

وحدت وجود کے لیے کیا تشبیہین ہوسکتی ہین۔

مسئلۂ وحدت وجود کو سمجھنے کی یون بھی کوشش ہوسکتی ہے کہ اگر اُس ذات کو دریا سے تشبیہ دی جائے اور تعینات عالم کو دریا کی لہرین فرض کیا جائے یعنی دُنیا کی ہر ایک چیز کو اُس ذات کا ایک حصہ مانا جائے تو وہ ذات ایک جسم کی طرح طول عرض وغیرہ جسمانی صفات سے متصف ہوگی اور صاحب اجزا ہونے کے سبب قدیم نہ رہیگی اور اس صورت مین یہ احتمال بھی دوسرے لفظون مین محض مادہ کا اپنی لطیف تر حالت مین قدیم ہونے کا احتمال ہوگا۔ اور اگر اس تشبیہ کو ناقص سمجھا جائے اور واقع مین وحدت وجود کے نقطۂ خیال سے یہ تشبیہ ہے بھی ناقص۔ کیونکہ وہ

[1] کتاب گیان یوگ باب یازدہم۔

لوگ دُنیا کی ہر ایک چیز کو اُس ذات کا ایک جزو یا حصہ نہین مانتے بلکہ یقین رکھتے ہین کہ ہر چیز بلکہ ہر ذرہ مین اُس کا کامل ظہور ہے تو اِس صورت مین اُن صفات مطلق کی نظیر انسان یا دیگر امور کلیہ کو ماننا چاہیئے کیونکہ انسان بھی ایک ہستی مطلق ہے اور اپنے ہر فرد یعنی زید عمر خالد وغیرہ مین وہ کامل طور پر موجود ہے یعنی افراد کو انسان کا ایک حصہ نہین کہتے بلکہ ہر شخص کو پورا انسان کہتے ہین۔ لیکن ایسا مطلق ماننے مین یہ قباحت ہے کہ ایسی ہستی مطلق مثلاً انسان محض اپنے افراد مین موجود ہو سکتی ہے اور افراد سے باہر اُس کا کوئی وجود نہین یا یون کہا جائے کہ محض زید و عمر کا وجود ہے جس سے انسان کی ہستی مطلق کو خیال کرنیوالے کا ذہن استنباط کرتا ہے ورنہ خارج مین زید عمر وغیرہ کے سوا اور کوئی چیز موجود نہین اور اسلیئے جب زید عمر وغیرہ تمام افراد معدوم ہون اُس وقت انسان بھی موجود نہ ہوگا۔ اسی طرح پر وہ ذات جس کو مطلق مانکر دُنیا کے تعینات کو اُسکے افراد مانا جاتا ہے اُسکا وجود بھی خارج مین محض دنیا کی مساعدت سے ہوگا اور یہ تعینات چونکہ یقیناً حادث ہین اس لیے جس زمانے مین اُنکو معدوم فرض کیا جاے اسوقت خدا بھی موجود نہ ہوگا اور لازم آئیگا کہ وہ ذات اس عالم کی علت اور فاعل نہین ہے بلکہ خود ایک طرح سے معلول اور اپنے وجود کیلیئے وجود عالم کا محتاج ہے اور اس صورت مین پھر عالم کو موجود کرنے کیلیئے جس سے وہ ہستی مطلق بھی موجود کی عزت حاصل کر سکے کوئی فاعل کی تلاش ہوگی اور چونکہ اسکے سوا کوئی اور فاعل مانا نہین جاتا اسلیئے اس صورت مین بھی معلول کا بغیر علت کے موجود ہونا لازم آئیگا۔

اور اگر یہ تمثیل بھی غلط قرار دی جائے اور خدا کو نہ دریا کی طرح تمام مظاہر کا مجموعہ مانین اور نہ انسان کی طرح تمام افراد کا امر مشترک سمجھین اور پھر بھی یہ خیال کرین کہ وہی ایک موجود ہے اور تمام مظاہر مین جلوہ کرتا ہے تو یہ ایسا دعوے ہے کہ اگر صحیح ہو تو اجتماع نقیضین اور دیگر تمام ناممکن دعوے بھی صحیح ہونگے کیونکہ نظیر نہ اُسکی موجود ہے اور نہ اُنکی۔ اور بے دلیل ماننا ہو تو اُلٹا سیدھا سب کچھ مانا جا سکتا ہے۔

غرض محض ایک ذات کو موجود ماننا اور اُسی کو مادی صورتون مین جلوہ گر فرض کرنا ہر طرح سے ویسا ہی قابل حل ہے جیسے محض مادہ کو قدیم سمجھنا یا بغیر فاعل کے تغیرات عالم کا ظہور پذیر ہونا اور یہ خیال قائم کرنے کے لیئے دُنیا مین کوئی نظیر موجود نہین۔

باب ہشتم

پیدائش

نیست سے ہست ہونا۔ کیا نیست سے ہست ہونے کی کوئی نظیر موجود نہین۔ نظیر کی تلاش مین کوتاہی ہوئی ہے۔ خیالی مخلوق نظر آسکتی ہے۔ خیالی مخلوق قابل لمس اور روزمرہ ہوتی ہے۔ خیالی مخلوق دوسرون کو بھی محسوس ہوتی ہے نیست سے ہست کرنیوالے مین شعور کی صفت ہونی چاہئے خیال کی پیدائش ادھی اوصاف رکھتی ہے جو مادی مخلوق مین ہین معلول حادث اور علت قدیم۔ وحدت شہود۔ علم کے لیئے کوئی معلوم ہونا چاہئے علم کس کس چیز کا ہوسکتا ہے۔ خدا کا علم کیونکر خیال مین آسکتا ہے۔ خدا کی ہمیشگی اور زمانہ وفضا کی نسبت اعتراض اور اسکی تحقیق۔ خاص سے عام کیطرف جانا قانون قدرت ہے۔ خدا کو ماننے سے انسان ذلیل ہوجاتا ہے۔ مسٹر برٹلا کا اعتراض کہ دنیا جیسی چیز کبھی پیدا ہوتی نہین دیکھی ثبوت باریتعالی کو ضعیف کرنیکے اسباب۔ لامحدودیت۔

نیست سے ہست ہونا ترتیب احتمالات کے رو سے یا کم از کم میرے علم مین اب صرف ایک احتمال باقی ہے اور وہ یہ کہ کسی مستی بے کیف نے اس عالم کو نیست سے ہست کیا ہے۔

کیا نیست سے ہست ہونیکی کوئی نظیر موجود نہین؟ اس خیال کو دل مین جگہ دینے کے وقت سب سے پہلے یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ محض نیست ہست کیونکر ہوسکتا ہے اور تلاش ہوتی ہے کہ آیا دنیا مین اسکی کوئی نظیر موجود ہے؟ اس تلاش مین دنیا کے اکثر واقعات پیش نظر آجاتے ہین مگر کسی مین کوئی چیز محض عدم سے وجود مین آتی معلوم نہین ہوتی بلکہ ایک ہمیشہ رہنے والا مادہ مختلف شکلین بدلتا نظر آتا ہے درخت اگتا ہے تو وہ کوئی نئی چیز نہین ہوتی بلکہ تخم اور اجزاے زمین نئی شکل مین جلوہ گر ہوجاتے ہین جاندار پرورش پاتا ہے تو وہ نیست سے ہست نہین ہوتا بلکہ لقمہ اور خوراک کی شکل مین انقلاب ہوجاتا ہے بخار کرسی بناتا ہے یا درزی کوٹ سیتا ہے تو صرف موجودہ اشیا کو نئی شکل دیتا ہے۔ غرض ایسے ہی واقعات

ہین جن سے یقین ہو گیا ہے کہ کوئی چیز ہے وجو ہمیشہ موجود رہتی ہے اور صرف اُس کے اعراض مین التغ ہو سکتا ہے اور یہ ممکن نہین کہ کوئی چیز محض عدم سے وجود مین آئے۔

نظیر کی تلاش مین کوتاہی ہوئی ہے

مگر کیا ہمنے تمام تغیرات کو دیکھ لیا اور کیا کسی تغیر مین نیست سی ہست نظر نہین آتا؟ شاید ایسا ہی ہو مگر ابھی تک ہماری تلاش ضرور ناقص ہے ہمنے اگرچہ تمام شہر مین ڈھنڈورا پیٹ لیا ہے مگر اپنی گود کو دیکھنا باقی ہے یعنی بے شعور چیزون کو شعور والا انسانون کو دیکھا لیکن خود شعور کو نہین دیکھا اور اگرچہ اس اعتراض کا خیال بڑے بڑے کے دل مین پیدا ہوا ہے لیکن افسوس ہے کہ کسی نے خود خیال کی طاقت کو نہین آزمایا کہ وہ کیا کیا کچھ کر سکتا ہے اور علمی کارنامون مین شائد اس سے زیادہ تعجب انگیز کوئی امر نہ ہوگا کہ جس چیز سے روزمرہ کام لیتے ہین اسی کی ایسی خاصیت کو نہین دیکھتے جو کم و بیش ہر شخص مین موجود ہے۔

خیالی مخلوق نظر آسکتی ہے

خیالی طاقت کا سب سے کمتر ظہور عموماً اور قریباً ہر شخص کو نظر آتا ہے جب کوئی شخص تنہا اور بالخصوص تاریکی مین ہو اور کسی چیز کا خوف نہایت شدت سے پیدا ہووے تو ایسے وقت مین جس چیز کا خوف ہے، وہ اکثر پیدا ہو جاتی ہے شیر کا خوف ہے تو شیر کی شکل دانت نکالے ہوئے حملہ کرتے ہوئے دکھائی دیتی ہے دیو کا خیال ہے تو ایک بلند اور مہیب بُت آنکھین چمکاتا ہوا اور ہاتھ بڑھاتا ہوا نظر آتا ہے۔ خوف زدہ انسان کو یقین ہو جاتا ہے کہ رہائی ناممکن ہے کسی وقت بے اختیار آنکھین بند کر لیتا ہے۔ کبھی بھاگتا ہے اور کبھی چیخ مار کر بیہوش ہو جاتا ہے اگر کوئی دل گردہ رکھتا ہو اور اس نے اس خیال کو دور کر کے پھر دیکھا تو وہان کچھ بھی نہین ہوتا۔

خیالی مخلوق قابل لمس اور وزنا دار ہوتی ہے۔

پس کیا اس وقت نظر آنے والا نیست سے ہست نہین ہوا؟ البتہ ہان وقت تک ایسی چیز کا محض نظر پر اثر کرنا معلوم ہوا ہے مگر اس سے بڑھ کر بعض انسانون کو سوتے مین اور بالخصوص کسی مرض کی حالت مین معلوم ہوتا ہے کہ کسی بھاری انسان نے اس کو دبوچ لیا ہے۔ ایسی حالت مین مریض اکثر بیدار ہو جاتا ہے اور بیداری اور ہوش مین بھی کچھ دیر تک خیالی اثر قایم رہتا ہے اور وہ محسوس کرتا ہے کہ پشت پر فلان جگہ اس کا سر ہے اور

فلان مقام پر چھاتی اور فلان فلان جگہ اُسکی موٹی موٹی انگلیون سے دبی ہوئی ہے اور وہ ہلنا چاہتا ہے ہلا نہین جاتا۔ بولنا چاہتا ہے بولا نہین جاتا۔ تھوڑی دیر مین خواب کی خیالی قوت ختم ہوتی ہے اور دیکھتا ہے تو چارپائی پر اس کے سوا کوئی نہین۔ یہان ایسی چیز نیست سے ہست ہوئی ہے جس مین وزن بھی ہے اور جس کو پیدا کیا گیا ہے اُسے قوت باصرہ نے دیکھا اور قوت لامسہ نے چھوا اور کم و بیش اکثر اشخاص کو اُس کا تجربہ ہے۔

خیالی مخلوق دوسرون کو بھی محسوس ہوتی ہے

مگر ان مثالون مین اپنے خیال نے خود اپنے تئین ایسا نظارہ دکھایا ہے لیکن اس سے بڑھکر ایسے واقعات بھی نہایت کثرت سے پیش آتے ہین جن مین قوت خیال نابود کو بود کرتی ہے اور دوسرون کو دکھاتی ہے اور نہ صرف قریب والون کو بلکہ بڑے بڑے فاصلہ پر یہ غیر مادی شکلین نظر آتی ہین اور نہ صرف کسی ایک آدمی کو بلکہ بعض اوقات بہت سے لوگون کو اس کا تجربہ ہوتا ہے اور اس طاقت کا ظہور نہ صرف اتفاقاً ہوتا ہے بلکہ ایسی نظیرین موجود ہین جن مین کسی شخص نے اپنے ارادہ سے خیالی وجود کسی فاصلہ پر اور وہ بھی ایسے شخص کو دکھایا ہے جسکو پہلے سے اس قسم کا خیال نہ تھا۔

سوسائٹی فار سائیکیکل ریسرچ نے روحانی مظاہر کی تحقیقات مین جو واقعات خیالی قوت ظاہر ہونے کے جمع کئے ہین اُن مین سے بہت سے مسٹر میڈ نے اپنی کتاب کے ایک باب مین لکھے ہین[1]۔ چنانچہ بعض مین کسی مرنے والے کو جس عزیز کے دیکھنے کی حسرت ہو اس عزیز کو کسی فاصلہ پر اسوقت مرنے والے کی شکل نظر آئی ہے۔ بعض مین مرنے والے کے پاس تیمارداروں نے اس کے کسی عزیز کو دیکھا ہے جس کو مرنے والے کا خیال و امنگیر ہے مگر اُس کے پاس نہین آسکتا اور تیمارداروں نے جس شکل کو اور جس قسم کے لباس کو دیکھا ہے وہ پہلے اِس سے آشنا نہ تھے مگر بعد مین ملاقات کے وقت یہ سب باتین صحیح ثابت ہوئی ہین بعض مین کسی دوست کی شکل دیکھی ہے مگر اُس کا لباس ایسا نظر آیا ہے جس کا پہلے سے علم نہ تھا اور بعد مین صحت ہوئی ہے کہ اُس وقت نظر آنے والے کا واقعی وہی لباس تھا۔ اور بعض

[1] کتاب سٹڈیز ان سائیکیکل ریسرچ باب ہشتم

مین کسی شخص نے کسی فاصلہ پر خود کسی دوست کو اپنی شکل دکھانے کا ارادہ کیا ہے اور اسکو نظر آیا ہے اور یہ سب بیداری مین اور روشنی مین نظر آئے ہین بلکہ بعض اوقات برقی روشنی مین یا دن کے وقت دکھائی دئے ہین۔ اور ان کے بعد وہ ایسے واقعات جمع کرتے ہین جن مین بہت سے لوگون کو کسی کی خیالی طاقت کا جلوہ نظر آیا ہے۔ چنانچہ ان واقعات کی تمہید مین لکھتے ہین کہ:-

یہان تک وہی روحانی نقش ذکر ہوئے ہین جو ایک شخص کو معلوم ہوئے اور اکثر ہوتا بھی ایسا ہی ہے کہ محض ایک شخص کو تنہائی مین نظر آئے ہین کیونکہ دوسرون کی موجودگی مین جو دماغی مصروفیت ہوتی ہے وہ اکثر حالات مین ان واقعات کے لیے مناسب نہین صرف ہرلی کا واقعہ جو اوپر درج ہوا ہے (جسمین ایک شخص کو دوسرون کی موجودگی مین مرنے والے کی شکل نظر آئی تھی) ایک مستثنیٰ واقعہ ہے[1]۔ لیکن تاہم ایسا بھی واقعہ ہوا ہے کہ ایک ہی خیال دو یا دو یا وہ شخصون کو نظر آیا ہے اور بعض دفعہ وہ معلوم کرنے والے خود بھی ایک دوسرے سے فاصلہ پر ہوئے ہین اور دونون کو یہ خیال مختلف وضع سے نظر آیا ہے مثلاً سر گلمرنس جونس مقام بڑے سنٹ ایڈمنڈز مین تھے اور اُن کے بھائی ولیمٹ منسٹر مین جبکہ اُنھون نے اپنے والد کے وفات کی شب کو غیر معمولی تجربہ دیکھا۔ سر گلمرنس اس آواز سے جنکے کہ "ایک خوفناک واقعہ پیش آیا ہے" اور مسٹر ہربرٹ جونس جو بیدار تھے انھون نے اپنا نام دو دفعہ سنا اور ایک بھاری چیز سیڑھیون سے گرتی ہوئی سنائی دی۔ اور دیگر واقعات مین (اور اکثر اسی قسم کے ہوتے ہین) معلوم کرنے والے ایک جا جمع ہوتے ہین اور عموماً خیال بھی ایک ہی شکل مین نظر آتا ہے۔ اگر کوئی ایک شکل کو دیکھتا ہے تو سب وہی شکل دیکھتے ہین اور اگر ایک آواز سنتا ہے تو دوسرے بھی آواز ہی سُنتے ہین چنانچہ سائن سس کی رپورٹ مین مجتمع اشخاص کے ۹۵ نظارے لکھے گئے ہین جن مین سے ۶۷ انسانی شکلون کے تجربے ہین اور ان مین ۲۷ ایسے واقعے ہین جن کے نظر آنیوالے زندہ اشخاص تھے"

[1] ایسے واقعات دیگر ابواب مین مسٹر میڈمور نے اور بھی لکھے ہین۔

اور اس کے علاوہ اور واقعات جن مین کسی خاص مقام پر کوئی شکل عموماً نظر آتی ہے اور جس کو دیکھنے والے جن کہتے ہین یا مُردون کی رُوح فرض کی جاتی ہے ایسے واقعات کو دو بابون[1] مین جمع کرکے مسٹر پڈمور اپنے استدلال سے نتیجہ نکالتے ہین کہ عموماً خیالی قوت کا اثر ہوتا ہے اور بعض جگہ جہان کے لوگون کو جنات پر یقین ہو سب کی خیالی طاقت اِس شکل کو پیدا کرتی ہے اور بعض جگہ کسی ایک شخص کا خیال پیدا کرتا ہے اور دوسرے اس کے خیال کو محسوس کرتے ہین۔

مسٹر جے ہڈسن اپنی کتاب مین ایک عنوان "اشکال مرد گان" کا قائم کرتے ہین اور اس مین لکھتے ہین[2]:-

"یہ امر بالکل ثابت شدہ ہے کہ انسان کی رُوح مین خیالی جسم پیدا کرنے کی طاقت موجود ہے جو دوسرون کے ظاہری حواس کو نظر آسکے اور بہت سے واقعات ہین جن مین ایک ہی وقت پر بہت سے شخصون نے خیالی اجسام دیکھے ہین اور اکثر اس طرح نظر آئے ہین کہ دیکھنے والے پوری صحت اور معمولی حالت مین تھے۔ اور ایسی چیزون کو نہ صرف انسانی نظر محسوس کرتی ہے بلکہ وہ ایسی مجسم اور نمایان ہوتی ہین کہ انکا عکس اُتارا جاسکتا ہے۔ گو یہ پیدا اسی وقت ہوتی ہین جب خیال پوری قوت سے عمل کرے اور چونکہ ایسی قوت بڑی آرزو کی وجہ سے پیدا ہو سکتی ہے اور سب سے بڑی آرزو انسان کو مرنے کے وقت اپنے عزیزون کو دیکھنے کی ہوتی ہے اور خصوصاً ایسے لوگون کو جو تنہائی مین ناگہانی یا ظلم کی موت سے مرین اس وقت سخت حسرت ہوتی ہے کہ کاش ان کے دوستون کو اس واقعہ کا علم ہوتا اور وہ اسکا تدارک کرتے اس لیے یہ واقعات بیشتر مرنے والون ہی کے دیکھے گئے ہین اور انکی اس وقت کی حسرت ان کے خیال کو مجسم کرکے انکے عزیزون کو دکھا دیتی ہے یا کسی عرصہ تک اس نواح مین نظر آتی رہتی ہے جہان موت واقع ہوئی ہو۔ اور اسی وجہ سے اکثر روحین بنگلون اور فسردہ نظر آتی ہین کیونکہ

---

[1] باب نہم و دہم کتاب سنڈیز۔

[2] کتاب لا اف سائیکک فینامنا باب بستم خلاصہ۔

وقت کا خیال بالطبع افسوسناک ہوتا ہی اور اگرچہ بعض اتفاقات زندہ لوگون کی شکلیں بھی نظر آئی ہین مگر اُن کی طاقت کسی قدر کم ہوتی ہے اور سبب یہی کہ اُنکی حسرت اس درجہ کی نہین ہوتی جیسی مرنے کے وقت ہوسکتی ہے۔"

مُردے کی شکل نظر آنے پر ایک گمان یہ بھی ہوسکتا ہے کہ شاید یہ خیالی قوت نہ ہو بلکہ خود مُردے کی رُوح نظر آتی ہو لیکن جن حالات مین زندہ شخص کی تصویر دوسرے مقام پر نظر آئی ہے یا جس وقت کسی شخص نے اپنے ارادہ سے کوئی شکل دوسرے کو دکھائی ہے اُس وقت خود روح کے جانے کا گمان نہین ہوسکتا۔ بلکہ مسٹر ہڈسن مُردے کی شکل کو بھی خیالی قوت کا اثر ثابت کرتے ہین اور لکھتے ہین کہ

"عموماً مُردون کے ساتھ اونکا لباس اور کبھی گاڑی گھوڑا بھی نظر آیا ہے اور اس حال مین جب گاڑی گھوڑے اور لباس کی رُوح نہین فرض کرسکتے اور یہ عُقدہ صرف خیالی قوت کے اثر سے حل ہوتا ہے تو انسان کی روح ماننے کی کوئی وجہ نہین"

مگر اس بحث کو طول دینے کے بغیر بھی زندہ اشخاص کا تجربہ خیالی قوت کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہے چنانچہ جو لوگ ارواح کا باقی رہنا اور ایک طرح کے جسم مین جس کو وہ اسٹرل باڈی کہتے ہین داخل ہونا مانتے ہین وہ بھی انسان کی خیالی قوت سے انکار نہین کرسکتے۔ چنانچہ تھیوسافیکل سوسائٹی کے مشہور ممبر مسٹر لیڈ بیٹر جو قیام ارواح کے بڑے حامی ہین اپنی کتاب کا ایک باب خیالی اجسام کے ذکر پر وقف کرتے ہین اور ایسے واقعات کو کثرت کے ساتھ جمع کرکے جن مین صرف خیال کا اثر مانا جاسکتا ہے خیالی جسم اور اسٹرل جسم مین یہ فرق بتاتے ہین کہ[1]

اسٹرل جسم اُسوقت دوسرون کو نظر آسکتا ہے جبکہ خاکی جسم موت کے سبب ناپیدا ہوگیا ہو یا سخت مرض یا غلبہ خواب کے سبب بیکار رہے۔ اور جس وقت خاکی بیداری اور قوت کی حالت مین ہو اس وقت اگر وہ دوسرون کو کسی اور مقام پر نظر آئیگا تو خیالی جسم ہوگا۔"

نیت سے جہت کرنیوالی مین شعور کی صفت ہونی چاہئے	غرض دنیا کی اور چیزون مین اگرچہ دیکھا جاتا ہے کہ تغیر حالت مین ایک مخفی مادہ ہر وقت موجود رہتا ہے مگر اُن جسمون مین جو ہمکو خوف کے وقت شیر یا دیو کی شکل مین نظر

[1] کتاب وی آور سائڈ آف ڈیتھ خلاصہ باب سیزدہم۔

آتے ہیں یا سوتے ہیں خوفناک وزن کے ساتھ ہم کو دبا لیتے ہیں اور بیداری میں بھی پیچھا نہیں چھوڑتے یا جو فاصلہ پر لوگوں کو نظر آتے ہیں۔ پھرتے ہیں۔ کبھی اشارہ کرتے ہیں۔ کبھی منہ سے بولتے ہیں اور اُن کی حرکات اور آواز کو ہم اپنے جسمانی حواس سے دیکھتے اور سُنتے ہیں اور اُن کا اثر نہ صرف انسان کو محسوس ہوتا ہے بلکہ خیال قوی ہونے کی صورت میں عکسی آئینہ بھی ان سے متاثر ہو جاتا ہے یہ بے جسم ہیں جو کسی فاعل نے فیست سے ہست کر دئے ہیں[1]۔ البتہ یہ ضرور معلوم ہوا کہ ایسا فعل صرف شعور کی طاقت ہی کر سکتی ہے پس دیکھنا یہ ہے کہ تغیرات عالم کو دیکھ کر اور اُن کے متعلق تمام احتمالوں میں معلول کا بغیر علت کے پیدا ہونا لازم آنے پر ہم جس علت اولیٰ تک پہونچے ہیں آیا اس میں علم و شعور کی صفت ثابت ہوتی ہے یا نہیں۔ سو جب ہم دیکھتے ہیں کہ دُنیا کے تمام مظاہر میں ایک خاص مدعا اور انجام کو مدنظر رکھا گیا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک واقعہ پیش بینی اور مآل اندیشی کے طور پر آغاز ہوا ہے اور خواہ نتائج اور فائدے کیسے ہی لمبی ترتیب اور کتنے ہی بڑے عرصہ میں ظاہر ہوتے ہوں مگر ہر چیز کی فطرت میں وہ قابلیت پہلے سے رکھ دی گئی ہے جس کا ظہور لاکھ سال کے بعد ہوتا ہے اور اس امر واقعہ سے منکرین خدا کو بھی انکار نہیں ہو سکتا[2] تو معلوم ہوتا ہے کہ جس ہستی سے یہ مظاہر پیدا ہوئے ہیں وہ صفت علم سے متصف ہے اور نتیجہ یہ کہ اگر وہ موجود ہے اور علم کی صفت بھی رکھتی ہے تو چونکہ اس کے کام انسان کے کاموں سے بے انتہا عظمت اور قوت رکھتے ہیں اس لیئے اس کا علم و شعور بھی انسانی شعور سے بے انتہا زیادہ ہوگا۔ اور جب انسان اپنے خیال سے نظر میں آنیکے لائق جسم بغیر مادہ کے پیدا کر سکتا ہے تو وہ ہستی بھی اپنے

---

[1] مسٹر ہیڈلی کا کے سامنے فیست سے ہست کرنیکی مثال میں نئے خیالات نئی حرکات اور جسمانی چیزوں کے نئے نمونے پیش کئے گئے تھے جس کے جواب میں وہ لکھتے ہیں روڈی تھنکس ٹکسٹ بک صفحہ ۹ ۱۸۵۸ء کہ یہ چیز کا پیدا کرنا نہیں بلکہ صفت کا پیدا کرنا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ خیالی اجسام کو کسی نے پیش نہ کیا اور نہ وہ دیکھتے کہ یہاں کسی موجود چیز کی صفت پیدا نہیں ہوئی بلکہ خود چیز کو فیست سے ہست کر دیا گیا ہے۔

[2] ڈاکٹر وِل استدلال تھین کے نام سے اس صفت کو امور دُنیا میں مسلم مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایک درجہ ایسا ہے جس سے خدا کی نسبت گمان غالب پیدا ہوتا ہے (ملاحظہ ہو الہیات ۳ بحث مذکور)

علم سے بغیر مادہ کے نظر مین آنے کے لائق اشیا ہمسے بڑھکر پیدا کر سکتی ہوگی اور جب انسان ایسے بے مادہ جسم کو مس کرنے کے لائق اور حرکت کرنے اور بولنے کے لائق بنا سکتا ہے تو وہ ہستی بھی ان اشیاء کو انسان سے بہت زیادہ محسوسیت حرکت آواز اور اثر کے لایق بنا سکتی ہوگی۔

خیال کی پیدائش وہی اوصاف رکھتی ہے جو مادی مخلوق مین ہین

پس علم خدا سے بغیر مادہ کے پیدا ہونے کی نظیر خود انسان کے اندر ایسی موجود ہے کہ اس مین اور انقلابات عالم مین تفاوت محض درجہ کا ہے نہ قسم کا۔ کیونکہ اگر خیالی جسم محسوس نہین ہوتا بلکہ محض اُسکی شکل وزن یا آواز محسوس ہوتی ہے تو اسی طرح کائنات کا مادہ بھی کبھی براہ راست محسوس نہین ہوتا اور صرف اُس کا رنگ وزن اور دیگر صفات محسوس ہوتی ہین اور جس طرح یہان صفات سے مادہ پر استدلال کیا جاتا ہے اسی طرح شکل وزن وغیرہ سے خیالی جسم پر استدلال ہو سکتا ہے۔ اور اگر کہا جائے کہ خیالی جسم معدوم ہو جاتا ہے مگر دنیوی مادہ معدوم نہین ہو سکتا تو یہ بھی ایک دھوکا ہوگا کیونکہ خیالی جسم بھی جبھی معدوم ہوتا ہے کہ خیالی قوت ختم ہو جائے یا خود خیال کرنیوالا اپنے خیال کو بدل دے یا بعض حالات مین کوئی اسی قوت کا دوسرا خیال مخالف اثر پیدا کرے۔ درمیان حالات کے بغیر اگر کوئی دوسرا شخص کسیکی خیالی تصویر کو نابود کرنا چاہے تو نہین ہو سکتی اور اسی لئے تجربہ ہوا ہے کہ بعض اوقات کوئی خیالی جسم سالہا سال تک قایم رہا ہے اور لوگون کے بنائے کچھ نہین بنی اور یہی حال مادہ کا ہے کہ وہ بھی ہماری ضعیف قوت سے معدوم نہین ہو سکتا کیونکہ ہم سے بے انتہا زیادہ قوی ہستی نے اُسکو موجود کیا ہے۔ اور جس علم نے اسے موجود کیا ہے وہ اگر چاہے تو جب بھی معدوم نہ ہو سکیگا اسکی کوئی دلیل نہین۔

غرض انسان آنکھ کھول کر دوسری چیزون کو دیکھنا شروع کر دیتا ہے اور خود اپنے تئین نہین دیکھتا اور اُسکی قدرت کے نشان اس عالم اصغر یعنے انسان مین یعنے عالم اکبر سے زیادہ نظر آ سکتے ہین

وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوقِنِينَ وَفِي أَنفُسِكُمْ	زمین پر یقین کرنے والون کے لئے نشان ہین اور
أَفَلَا تُبْصِرُونَ (ذاریات پارہ ۲۷ ع)	خود تمہارے اندر ہین۔ کیا تم نہین دیکھتے۔
سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ	ہم ان کو اپنے نشانات دنیا مین دکھلاتے ہین اور خود ان کے

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ط — نفسون مین تا اُن کو معلوم ہو کہ وہ ذات حق ہے۔

(حم سجدہ پارہ ۲۵ ع ۵)

معلول حادث اور علت قدیم ان نظائر کو دیکھتے ہوئے اگرچہ کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح پر انسان چھوٹے پیمانہ پر اپنی خیالی طاقت سے انسان کا اور اُسکے لباس اور دیگر اشیا کا جسم اور جسم کے خواص یعنی محسوسیت وغیرہ کو نیست سے ہست کر دیتا ہے اسی طرح پر خدا نے بڑے پیمانہ پر اپنی علمی طاقت سے مادہ اور اس کے خواص کو پیدا کر دیا ہے مگر ابھی اس خیال کو صحیح سمجھنے سے پہلے چند اور امور کا لحاظ کرنا بھی ضرور ہے از انجملہ ایک یہ اعتراض ہے کہ خدا قدیم ہے اسلئے اگر وہ اور اُس کا علم اس عالم کی علت ہو تو لازم تھا کہ عالم بھی قدیم سے ہوتا حالانکہ عالم جو ہم دیکھتے ہین اُسکے حادث ہونے کی علامات خود اُس کے اندر بیشمار موجود ہین اور اگر اس عالم کے بننے اور بگڑنے کے سلسلہ کو دراز کیا جائے اور کہا جائے کہ موجودہ عالم سے پہلے بھی بیشمار عالم بن بن کر تباہ ہو چکے تو اول تو اس عالم مین اسکی شہادت موجود نہین اور دوسرے اس سے پیشتر کے مفروضہ عوالم چونکہ بن بن کر فنا ہو گئے ہین اسلئے وہ بھی ضرورت حادث ہونگے کیونکہ قدیم کے فنا ہونے کی کوئی وجہ نہین اور اسلئے ضرور ہے کہ کسی نہ کسی وقت مین اس سلسلہ کو شروع کیا گیا ہے پس اس شروع کے وقت کا خیال جا کر اعتراض ہوتا ہے کہ جو چیز پہلے نابود تھی اسکو موجود کرنے کی علت کیا ہوئی اور اگر کہا جائے کہ خدا وندی ارادہ نے اس لیئے ایک وقت پر اُس نے اپنے ارادہ سے عالم کو پیدا کر دیا تب بھی سوال ہوتا ہے کہ اُس وقت پر ارادہ کے پیدا ہونے کا کیا سبب ہوا۔ اور اس بنا پر اگرچہ خدا قدیم ہے اور اگرچہ اسکی علمی قوت نیست سے ہست کرنے کے لئے کافی ہے مگر پھر بھی نیست سے ہست ہونے کی صورت پر سے اعتراض دور نہین ہوتا۔

اس اعتراض کو ہمارے زمانہ کے ایک بڑے فاضل نے لاینحل مانا ہے[1] اور بظاہر ان الفاظ مین شوکت بھی ایسی ہے کہ عقل ایک دفعہ ضرور چکر کھا جاتی ہے مگر تعجب یہ ہے کہ ایسی بزرگ اس اعتراض کو وحدت وجود کے مسلک پر حل شدہ گردانتے ہین حالانکہ غور کیا جائے تو وحدت وجود کو مانکر یہ اعتراض اور بھی قوی

[1] یعنی علامہ شبلی نعمانی۔ ملاحظہ ہو تذکرہ مولانا روم۔ بحث وحدت وجود۔

ہو جاتا ہے کیونکہ یہ تعینات جن مین وحدت وجود والے خود ذات باری کو ظہور کرتے ہوے مانتے ہین وحدت وجود کو مان کر بھی حادث ہین اس لئے نیست سے ہست کرنے مین تو اتنا ہی اعتراض تھا کہ جب پہلے نہ کیا تھا تو اس وقت ایسا کیون کیا مگر وحدت وجود کی صورت مین ایک تو یہی سوال باقی رہتا ہے کہ جب پہلے تعینات کو اختیار نہین کیا تھا تو اس وقت کیون کیا؟ اور دوسرا سوال یہ ہوتا ہے کہ اس نے اپنی کامل اور مطلق ذات کو نقص اور قید کی آلائشون سے کیون آلودہ کیا اور ناقص چیز کو پیدا کرنا تو پھر بھی کمتر ہے وہ ذات خود کیون پاک سے ناپاک ہو گئی۔ اسلئے اگر یہ اعتراض پیدا کرنے کی صورت مین لاینحل ہے تو ذات کے ظہور کرنے مین لاینحل سے بھی بہت بڑھکر ہے۔ مگر اب ہم دیکھتے ہین کہ اس اعتراض مین کس قدر قوت ہے۔

اس اعتراض کی بنا اس مسئلہ پر ہے کہ جس وقت کوئی کامل علت موجود ہے اس کے معلول کو بھی اسی وقت موجود ہونا چاہئے اور اگر معلول اسی وقت موجود نہ ہو بلکہ کچھ عرصہ بعد ہو تو ایسے معلول کے لئے اس علت کو کامل نہین کہنا چاہئے بلکہ کوئی اور علت بھی تلاش کرنی چاہئے مثلاً اگر حرکت حرارت پیدا کرنے کے لئے کامل علت ہے تو جس وقت حرکت موجود ہو اسی وقت حرارت بھی موجود ہونی چاہئے اور اگر ہم کو ہاتھ ہلاتے ہی حرارت محسوس نہین ہوتی بلکہ پہلے سردی معلوم ہوتی ہے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ محض حرکت کا وجود حرارت پیدا کرنے کیلئے کافی نہین بلکہ حرکت کا موجود ہو کر کچھ عرصہ تک قائم رہنا یا سخت حرکت کے بعد دفعتہً سکون پیدا ہونا یہ شرطین ہین جن کے ساتھ حرکت سے حرارت پیدا ہوتی ہے اور اس لئے کامل علت اس صورت مین حرکت اور حرکت کا استمرار یا حرکت کے بعد سکون کا طاری ہونا ہی یہ کلیہ اگرچہ بالکل درست ہے مگر اسکو سمجھنے مین کسی قدر فروگذاشت بھی ہوئی ہے اور اس کو دیکھنے کے لئے ایک اور مثال کی ضرورت ہے۔

ایک کاریگر کلاک بناتا ہے اور بنانے کے بعد اسکو چلاتا ہے اب اگر فرض کیا جائے کہ اس نے بارہ بجے کے پانچ منٹ پر کلاک کو کوک دی ہے تو وہ ٹک ٹک اسی وقت ہی کرنے لگیگا لیکن ایک بجنے کی آواز کا فعل پچپن منٹ بعد پیدا ہوگا اور دو کی آواز پانچ منٹ کم دو گھنٹہ بعد اور علی ہذا بارہ

کی آواز پانچ منٹ کم بارہ گھنٹہ مین ظہور پذیر ہوگی - اب ظاہر ہے کہ کلاک کی ٹک ٹک کی علت اور گھنٹون کی آواز کی علت وہی کارگیر اور اسکی کوک تھی مگر معلول ایک اسی وقت پیدا ہوگیا ہے تو دوسرا کچھ عرصہ بعد - پس کیا مذکورہ بالا قضیہ اس وقت غلط ہوگیا؟ اور کیا ثابت ہوگیا کہ معلول علت سے کچھ عرصہ بعد بھی پیدا ہوا کرتا ہے؟ نہین - وہ قضیہ غلط نہین بلکہ اسکی صورتین دو ہین کبھی تو ایک علت کے بعد کسی دوسری مستقل علت کی ضرورت ہوتی ہے اور کبھی کامل علت ایک ہی ہوتی ہے مگر فعل کی فطرت ایسی ہوتی ہے کہ اسکا ظہور کچھ عرصہ کے بعد ہو - چنانچہ کلاک کی فطرت ہی ایسی واقع ہوئی ہے کہ بجنے کی آواز ضرور ہی کسیقدر دیر مین پیدا ہو اور اگر فعل کی فطرت کو دوسری علت کہا جائے تو اس مین کوئی مضایقہ نہین اور مضمون بحث کو سمجھنے مین دقت نہ ہوگی - چنانچہ اس عالم کو حادث مانکر اور اسکی کامل علت علم خدا کو گردان کر ہم کہ سکتے ہین کہ بیشک خدا قدیم ہے اور اسکی صفات بھی قدیم ہین لہذا اسکا علم بھی قدیم ہے اور اسکا علم غلط نہین ہوسکتا - ہم بیشک کل آنیوالے واقعہ کو غلطی سے سمجھ سکتے ہین کہ وہ آج ہوگیا لیکن اگر خدا کا علم قدیم ہے تو اس کے یہی معنی ہین کہ وہ قدیم ہے ہر زمانہ کو جانتا ہے اور ہر زمانہ کی ہر چیز کو عین اسی زمانہ کے ساتھ جانتا ہے - اگر ایسا نہ ہو بلکہ وہ دو سال بعد آنے والی چیز کو جانتا ہو کہ دو سال پہلے گذر چکی یا اگر اس کو علم ہی نہ ہو تا ہو جب کوئی چیز موجود ہو جائے تو وہ معاذ اللہ عالم نہ ہوگا جاہل ہوگا حالانکہ دنیا کی ساخت شہادت دیتی ہے کہ اس کو ہر ایک نتیجہ کا پہلے سے علم ہے اسلئے جب قدیم سے اسکا علم ہی اس طرح پر ہوگا کہ یہ کائنات ایک خاص وقت مین موجود ہونگی تو جس طرح کلاک کے نیچر مین داخل ہے کہ گھنٹہ کی آواز چلنے کے بعد ایک خاص وقت پر ہو اسی طرح پر اس علم کے نیچر مین داخل ہے کہ دنیا کا وجود علم کے بعد ایک خاص وقت پر ہو - اور جب آواز کے لیے کلاک کی فطرت کے سوا کسی اور علت کی ضرورت نہین تو حادث دنیا کے لیے بھی علم کی فطرت کے سوا کسی اور علت کی ضرورت نہ ہوگی پس خدا کہو - خدا کا علم کہو - علم کی فطرت کہو لفظون کا تفاوت ہوگا اور مطلب ایک ہی رہیگا کہ ایک کامل ہستی نے دنیا کو نیست سے ہست کیا ہے یا دنیا وہ سے زیادہ برس کہو کہ کائنات اسکے علم مین قدیم سے تھی اور ظہور بعد مین ہوا جس طرح پر گھنٹہ کی آواز کلاک مین پہلے سے

تھی مگر اُس کا ظہور بعد مین ہوا[1] لیکن جس طرح پر انسان کی خیالی مخلوق جو کسی کو نظر آتی ہے خیال کرنے والے کی ذات کا عین نہین ہوتی اور نہین کہہ سکتے کہ وہی انسان بعینہٖ اپنی تصویر اور اپنے لباس اور گاڑی گھوڑے کی تصویر بن گیا ہے بلکہ یہی کہا جاتا ہے کہ اُس نے ان چیزون کو اپنے خیال سے پیدا کر دیا اور خود اُن کے ظہور کے لیے سرچشمہ بنا - اسی طرح خدا کے علم کی مخلوق اسکی ذات کا عین نہو گی

---

[1] اِس اعتراض کو ایک اور شکل مین مسٹر سپنسر نے پیش کیا ہے (کتاب فرسٹ پرنسپلز باب دوم اقتباس مسٹر مین مل) کہ کامل علت ہی نہین ہو سکتا کیونکہ اگر وہ علت ہو تو علت بننے سے پہلے نہین اس صفت کی کمی ہو گی جس کو علت بن کر پورا کیا - پس علت بننے سے پہلے مکمل نہ ہو گا - اس اعتراض کا جواب بھی ہر تقریر سے ہو سکتا ہے کہ جب کلاک کی طرح علم کی نیچر ہی یہ تھی کہ اسکی قوت مخلوقات کو ایک خاص وقت پر پیدا کرے تو اگرچہ اس وقت ایک کامل ہستی حادث مخلوقات کی علت ہوئی مگر اس عجیب طریقہ کے مخلوقات کے موجود ہونے پر اسکی ذات مین کوئی اضافہ لازم نہین آیا - کیونکہ مخلوقات کو پیدا کرنے سے پہلے بھی اُس کے علم کی یہی شکل تھی کہ مخلوقات ایک وقت پر موجود ہین اور اس سے پہلے معدوم ہین اور مخلوقات کو موجود ہونے پر بھی اسکا علم یہی ہے کہ مخلوقات ایک وقت پر موجود ہین اور اس سے پہلے معدوم ہین - غرض علم پہلے بھی مکمل تھا اور اب بھی اسی طرح کا مکمل ہے جس طرح کلاک گھنٹہ کی آواز پیدا ہونے سے پہلے بھی مکمل تھا اور بعد بھی اسطرح کا مکمل ہے اسلئے اس طرح کی علت ہونے اور نیز قدیم کو کامل ہونے مین کوئی تناقض نہین ہے -

اس اعتراض کا جواب امام غزالی علیہ الرحمۃ نے قریباً اسی طرح پر دیا ہے - چنانچہ فرماتے ہین (کتاب تہافۃ الفلاسفہ بحث قدم عالم) کہ جو شخص کہتا ہے کہ عالم حادث ہے اور وہ پیدا ہوا ہے خدا کے قدیم ارادہ سے اور ارادہ قدیم سے یہی تھا کہ ایک خاص وقت پر عالم پیدا ہو گا چنانچہ جبتک اُس کے ارادہ مین عالم کا عدم تھا وہ معدوم رہا اور جس وقت ارادہ مین عالم کا وجود تھا اسی ارادہ سے وہ موجود ہو گیا تو اس عقیدہ پر کیا اعتراض ہے؟ - اور پھر خود ہی امام موصوف منکرین کی طرف سے اِس عقیدہ پر اعتراض کرتے ہین کہ حادث کے لئے کوئی موجب اور سبب ہوا کرتا ہے اور جس طرح پر حادث کا بغیر موجب اور سبب کے پیدا ہونا محال ہے اسی طرح ایسے موجب کا وجود بھی محال ہے جس کے تمام شرائط اور لوازم موجود ہون حتے کہ کسی امر کا انتظار باقی نہ ہو اور پھر اُسکا معلول اس سے متاخر ہے - اور اسی وقت موجود ہو

اور نہ کہہ سکین گے کہ وہی ذات بعینہ ان تعینات مین جلوہ گر ہے بلکہ یہی کہا جائیگا کہ اُس نے ان چیزون کو اپنے علم سے پیدا کر دیا اور خود اُن کے ظہور کا سرچشمہ بنا اور یہان وہ دِقت پیش نہ آئیگی جو وحدت وجود مین لازم آتی ہے کہ ایک کامل اور بے عیب ذات خود تعینات کے نقص اور عیوب سے آلودہ ہو۔ اور اگر کوئی وحدت وجود کا حامی خدا کو اسی طرح کا سرچشمہ گردانتا ہو اور تعینات مین اُس کا ایسا ظہور فرض نہ کرتا ہو جس طرح پر انسان

پس عالم کے وجود سے پہلے ارادہ کرنے والا اور ارادہ موجود تھا اور اس ارادہ کا تعلق حادث سے موجود تھا اور ان مین سے کوئی چیز ابھی پیدا نہین ہوئی جو قدیم سے موجود نہ تھی۔ کیونکہ انہین سے کسیکو نو پیدا ماننا خدا کی ذات مین تغیرات کو ثابت کرنا ہے۔ تو اب ارادہ کا مدعا یعنے عالم کیوں قدیم سے موجود نہ ہوا۔ حالانکہ عالم کے پیدا ہونے کا وقت اور اس سے پیشتر کا وقت یکسان ہین اور کسیوجہ سے تفاوت نہین۔ اس اعتراض کے بعد امام صاحب ایسے ارادہ کو جو قدیم سے ایک خاص وقت پر پیدا کرنے کے لیے ہو محال نہین مانتے۔ مگر قاضی ابن رشد (کتاب تہافۃ التہافۃ بحث قدم عالم) اگرچہ اصل اعتراض کو ضعیف سمجھتے ہین اور اپنے مسلک کے مطابق اس کا جواب دیتے ہین لیکن امام صاحب کے جواب کو سفسطہ اور وہمی قرار دیتے ہین اور منکرین کی طرف سے جو اعتراض امام صاحب نے پیش کیا ہے اس کو بیّن غایۃ البیان یعنے نہایت ہی صریح اور صاف بتاتے ہین اور بیشک اگر عالم کی پیدائش اسی طرح فرض کیجائے جیسی مادہ اور خدا دونو کو قدیم ماننے سے لازم آتی ہے اور جیسے ہم کوئی مکان موجودہ مصالح سے بنایا کرتے ہین تو پہلے ہمارے دل مین اس کو ایک خاص وقت پر بنانیکا ارادہ ہوتا ہے اور پھر اُس وقت کے آجانے پر عزم پیدا ہوتا ہے اور اسکے بعد وہ فعل ظہور کرتا ہے جس سے مکان بن جاتا ہے اور اس صورت مین پہلے ارادہ کے سوا مکان بنانے کے وقت ایک عزم نیا پیدا ہوتا ہے اور پھر ایک فعل پیدا ہوتا ہے اگر خدا نے اسی طرح عالم کو بنایا ہو تو بیشک اسکی ذات مین عزم اور فعل کی نئی صفت پیدا ہوئی جو پہلے سے نہ تھی۔ لیکن جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے پیدائش عالم کی یہ صورت نہین بلکہ اسکی پیدائش قوت علم سے ہے اور تجربہ سے قوت علم کا یہ خاصہ ثابت ہوا ہے کہ انمین ایک خاص وقت کے لئے جس واقعہ کا خیال قایم ہو وقت آنے پر وہ واقعہ موجود ہو جاتا ہے اور اسکے لئے کسی نئے عزم اور نئے فعل کی ضرورت نہین ہوتی۔ پس جب خدا کے علم مین موجود تھا کہ ایک وقت پر یہ عالم موجود ہوگا تو عالم اسی علم کی قوت سے اپنے وقت پر پیدا ہو گیا ہے اور پیدا ہونیکے

مطلق زید و عمر مین ظہور کرتا ہے تو بیشک ایسی وحدت وجود پر مذکورہ بالا اعتراض وارد نہ ہوگا۔ لیکن اس وقت بحث صرف لفظی رہ جائیگی اور پیدائش کے عقیدہ مین اور ایسی وحدت وجود مین کچھ اختلاف نہ ہوگا۔

وحدت شہود | بعض مسلمان فاضلون نے وحدت وجود کے خلاف ایک اور خیال قائم کیا ہے

وقت اسکی ذات مین کسی جدید صفت اور کسی تغیر کا وجود لازم نہین آیا اور علم کی یہ صورت فرض کرنے پر منکرین کا یہ اعتراض کہ جب کوئی نسبت اور کوئی سبب نیا پیدا نہین ہوا اور سب کچھ قدیم سے تھا تو عالم قدیم سے کیون نہ ہوا کسی طرح بیّن غایۃ البیان کہلانے کا مستحق نہین کیونکہ علم اور مخلوقات کے مابین نسبت ہی ایسی ہے کہ گو علم قدیم سے ہو مگر اُس علم سے مخلوقات خاص وقت سے پہلے پیدا نہین ہوسکتی۔

البتہ امام علیہ الرحمہ منکرین کی طرف سے ایک خاص وقت کی نسبت ایک اعتراض پیدا کرتے ہین اور وہ یہ کہ خدا کے لیے یہ وقت جس مین عالم کو پیدا کیا اور اس سے ماقبل اور مابعد کا زمانہ برابر تھا پس وہ کیا وجہ تھی جس سے اس وقت خاص کو دوسرے وقتون پر ترجیح ہوئی اور اگر کہو کہ خود ارادہ نے ایک وقت کو چن لیا تو ہم کہتے ہین کہ ارادہ نے دو مساوی وقتون مین سے ایک وقت کو کیون ترجیح دی حالانکہ ہم دیکھتے ہین کہ آدمی کے سامنے کھانے کیلئے دو سیب رکھے ہوتے ہین اور وہ دونو کو دفعۃً منہ مین نہین رکھ سکتا اور اس لیے کسی ایک کو پہلے کھانے کے لئے اُٹھاتا ہے تو اس وقت یا تو ایک دوسرے کی نسبت زیادہ پختہ ہوتا ہے یا خوش رنگ ہوتا ہے یا ہاتھ کے قریب ہوتا ہے اس لئے اُسے پہلے اُٹھاتا ہے غرض کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے جس سے ایک کو دوسرے پر ترجیح دیجاتی ہے۔ تو جب تمام زمانے خدا کے نزدیک مساوی ہین اور اُسکے قدرت ہر زمانہ مین پیدا کرسکتی ہے تو ایک وقت کے لئے ارادہ کرنا اور دوسرے وقت کو چھوڑنا بے وجہ ہے۔ امام صاحب جواب دیتے ہین کہ اسی مثال مین یہ بھی فرض کیا جاسکتا ہے کہ دونو سیب پختگی اور رنگت اور تمام صفات مین مساوی معلوم ہوتے ہین اور اُس کے داہنے ہاتھ کو جو کام کے لیے جلدی حرکت کرتا ہے مرکز بناکر اسکے گرد ایک دائرہ فرض کیا جاسکتا ہے جس کے خط پر دونو سیب رکھے ہون اور ہاتھ کا اور ہر ایک سیب کا فاصلہ مساوی ہو۔ اس وقت انسان کو بھوکا بھی فرض کرو تو ایسی صورت

جس کو وحدت شہود کہتے ہین[1] اور جو عام اسلامی مسئلہ یعنی غیست سے ہست ہونے کے خلاف نہین بلکہ فلسفیانہ طرز سے اسکو قابل فہم بنانا ہے - چنانچہ وہ کہتے ہین کہ ہر چیز کے مقابل مین اسکی ضد ہوا کرتی ہے مثلاً علم کے مقابل مین جہالت اور نور کے مقابل مین ظلمت لیکن ایسی ضدین عدم محض ہوتی ہین یعنے جہالت علم کا عدم ہے اور ظلمت نور کا نہ ہونا پس اسی طرح خدا کی صفات کاملہ کے مقابل

مین کوئی ترجیح نہ ہونے کے سبب کیا وہ شخص حیران رہ جائیگا اور سبب جو اسکی گرفت مین آسکتے ہین انکو نہ کھائیگا ؟ یہ نتیجہ یقیناً غلط ہے بلکہ وہ ضرور ان مین سے ایک کو پہلے اٹھائیگا تو جو قوت اس وقت دونو مین سے ایک کو تمیز دیتی ہے وہی ارادہ ہے اور خدا چونکہ صاحب ارادہ مانا جاتا ہے اس لئے دو مساوی وقتون مین سے ایک کو ترجیح دینے کی قدرت رکھتا ہے - اور اس وقت یہ کہنا کہ ارادہ نے کیون ایک کو انتخاب کیا بعینہٖ ایسا ہے جیسے کہا جائے کہ علم نے کسی چیز کی واقعی حالت کو کیون پہچانا یعنی فضول ہے کیونکہ علم کہتے ہی اس طاقت کو ہین جس سے چیزون کی واقعی شناخت ہو اسی طرح ارادہ کہتے ہی اس قوت کو ہین جس سے دو مساوی چیزون مین سے ایک کو انتخاب کیا جائے - قاضی ابن رشد چونکہ امام صاحب کی کلام مین نکتہ چینی کو فرض سمجھتے ہین اسلئے اس جواب پر بھی فرماتے ہین کہ تغلیط ہے کیونکہ جب دو چیزین بالکل ہم مثل فرض کیجائین تو اس وقت ارادہ کرنے والیکا ایک کو اختیار کرنا ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا نہین کیونکہ دونو ہم مثل ہون اور پھر ایک کو دوسرے پر ترجیح ہو - یہ بے معنی ہے بلکہ اس وقت وہ دونو کو ہم مثل مانتا ہے اور ہر ایک کو دوسرے کا بدل فرض کرتا ہوا جانتا ہے کہ کوئی سی چیز اٹھائی جائے مدعا پورا ہو جائیگا - مگر سمجھ مین نہین آتا کہ قاضی صاحب نے اس ایچ پیچ سے کیا اعتراض پیدا کیا - دو مساوی چیزون مین سے ایک کو اختیار کرنے پر اس فعل کو ترجیح کہو یا دونو کا برابر ہونا یہ ثابت ہوا کہ ارادہ کی قوت سے دو ہم مثل چیزون مین سے ایک کو لیا جا سکتا ہے اور اعتراض یہی تھا کہ خدا نے ہم مثل وقتون مین سے ایک کو کس طرح پر لیا پس ایک وقت کو ترجیح نہ سہی اس کو دوسرے وقت کے برابر سمجھ کر ایک کو اختیار کر لیا تو یہ وہی عمل ہوا جو دو سبب یکسان ہونے کی صورت مین انسان کرتا ہے اس لئے اسمین کوئی استحالہ نہین -

[1] اس بارہ مین ملاحظہ ہون مکتوبات مرزا جانجانان اور مکتوبات قاضی ثناء اللہ علیہما الرحمہ -

مین انکی ضدّین یا اعدام ہونگے اور ان اعدام نے ہر ایک صفت کے مقابل ہونے کے سبب کسی قدر امتیاز حاصل کر لیا ہوگا مثلاً نہ ہونا ایک مطلق مفہوم ہے اور علم کا نہ ہونا یا قدرت کا نہ ہونا اس مطلق مفہوم کی ممتاز فردیں ہیں۔ پس اسوقت ان اعدام ممتازہ پر صفات خداوندی کا عکس پڑا ہوگا جسطرح سے انسان کا عکس آئینہ پر پڑتا ہے چنانچہ یہ کائنات وہی صفات خداوندی کا عکس ہے مین جن مین اعدام ممتازہ بمنزلہ مادہ کے ہین اور عکوس صفات بمنزلہ صورت کے ہین اور یہی وجہ ہے کہ یہ کائنات وجود اور عدم دونو کی قابلیت رکھتی ہے اور یہی سبب ہے کہ اس سے خیر اور شر دونو طرح کی صفات ظاہر ہوتی ہین۔

اس عقیدہ پر یہی اعتراض وارد ہوتا ہے کہ کوئی چیز موجود ہونی چاہیئے جس پر دوسری چیز کا عکس پڑے جس طرح سے انسان کے مقابل مین آئینہ موجود ہوتا ہے اور صفات کی ضدون مین سے اگرچہ ایک صفت کا عدم دوسری صفت کے عدم سے ہمارے ذہن مین ممتاز ہے لیکن خارج مین وہ سب معدوم محض ہین اسلیئے عکس پڑنے کی قابلیت نہین رکھتین۔

اس اعتراض کا حل یونہی ہوسکتا ہے کہ پہلے علم کی قوت سے اشیا عالم وجود مین آئیں اور پھر اُن پر صفات الٰہیہ کا عکس پڑکر ان مین خیر اور بھلائی کی قابلیت پیدا ہوئی پس وحدت شہود مین اصلی احتمال وہی مسلم خداوندی کی قوت سے اشیا کا نیست سے ہست ہونا ٹھیرا لیگا۔ اور یہ بعد مین دوسری بحث ہوگی کہ ان اشیا مین بھلائی اور برائی کیون ہے جس کو حل کرنے کے لئے اس خیال کو پیش کیا جائیگا کہ چونکہ یہ چیزین عدم سے وجود مین آئی ہین اور عدم عیب ہے اس لیئے ان مین بدی کی قابلیت ہے اور چونکہ علم وغیرہ صفات خداوندی کا ان پر عکس پڑتا ہے اس لئے ان سے بھلائی صادر ہوسکتی ہے اور غالبًا وحدت شہود والے بھی اس اصول کو تسلیم کرتے ہین کہ علم خداوندی نے

غرض خاص وقت کا اعتراض امام صاحب کی تقریر سے پورے طور پر حل ہوجاتا ہے اور خدا کے قدیم ارادہ اور قدیم علم مین جس وقت پر عالم کا پیدا ہونا علم کو نظر تھا اسوقت پیدا کرنے سے پیشتر اس کا مدعا پورا ہوجاتا ہے جسطرح دو سیبون مین سے ایک کو اٹھا لینے سے کھانے کا مدعا پورا ہوگیا تھا۔ اور جب ایسے فعل کے لیئے نظیر موجود ہے تو جواب کو تغلیط کہنا تغلیط سے بھی بڑھکر ہے۔

اضداد صفات کو نسبت سے مبرا کر دیا ہے اور اس کے بعد اُن پر صفات کا عکس پڑا ہے کیونکہ وہ اپنی تقریر میں صفات ربانی کا اُس کے علم میں مفصل اور ممتاز ہونا مانتے ہیں اور علم کی اس شکل کو مرتبۂ واحدیت سے موسوم کر کے اضداد باہم گر ممتاز ہونے کے لیئے اس مرتبہ کو سبب قرار دیتے ہیں۔

علم کے لیے کوئی معلوم ہونا چاہیئے

عدم سے وجود میں آنا چونکہ علمی قوت پر منحصر ہے اسلیئے علم کے متعلق ایک اور اعتراض بھی قابل غور ہے کہ علم اور معلوم باہم ایسا تعلق رکھتے ہیں کہ ایک دوسرے کے بغیر موجود نہیں ہو سکتا۔ "عالم کسی معلوم کا عالم ہوگا اور معلوم کسی عالم کا معلوم ہوگا" اور موجودات اپنے وقت سے پہلے معدوم تھیں اس لیے اس حال اُنکا علم بھی نہ ہوگا۔

ھربرٹ سپنسر اس پر اور اضافہ کرتے ہیں کہ خدا کا علم مخلوقات کے متعلق ایک طرف۔ خدا کو جو اپنی ذات کا علم ہے وہ بھی سمجھ میں نہیں آتا۔[۵۱] کیونکہ وہ خدا کی ذات پر منحصر ہوگا پس اس وقت مطلق صرف ذات کو کہہ سکینگے اور علم مطلق نہ ہوگا۔

اِس اعتراض کا جو حصہ مسٹر سپنسر نے پیش کیا ہے اس میں اسیقدر الزام ہے کہ خدا کا علم خدا کی ذات پر منحصر ہے اور بیشک عام طور پر صفات کی صورت یہی ہو سکتی ہے کہ وہ ذات پر منحصر ہوں لیکن ذات مطلق ہو اور اسکی صفات مطلق نہ ہوں یہ بھی سمجھ میں نہیں آتا۔ مگر اس بارہ میں تحقیق و تفتیش کو طول نہیں دے سکتے اس لیے کہ خدا اور اسکی ذات و صفات احاطۂ عقل سے بالاتر ہیں اور خدا کی ذات اور اسکے علم کا سمجھ میں آنا ایک طرف خود مسٹر سپنسر تسلیم کرتے ہیں کہ ہم کو جو اپنی ہستی کا علم ہے اسکی کیفیت بھی ناقابل فہم ہے چنانچہ وہ اِس بحث کو تفصیل سے لکھتے ہیں اور آخر میں فرماتے ہیں[۵۲] کہ "تمام علوم کی پہلی اور بنیادی شرط عالم و معلوم کا تقابل (غیریت) ہے پس اپنا علم ہونے کی صورت میں آپ اگر معلوم ہے تو عالم کون ہوگا یا عالم اگر خود ہے تو علم کس چیز کا ہے۔ پس اُس چیز کا تعین جو عالم ہے اور جسکی ہستی کا سب سے زیادہ یقین ہے ایک ایسا معما ہے جو بالکل سمجھ میں نہیں آتا" لیکن باوجود نہ سمجھ سکنے کے جب ہمکو یقین ہے کہ ہم اپنی ذات اور صفات کا علم رکھتے ہیں تو اسی طرح خدا کو بھی اپنی ذات

---

۵۱ کتاب فرسٹ پرنسپلز باب دوئم اقتباس مسٹر مین سل۔
۵۲ ایضاً باب سوئم

اور صفات کا علم ہوگا مگر مخلوقات چونکہ قدیم سے موجود نہین ہین اس لیئے علم خداوندی کا ان سے متعلق ہونا البتہ غور طلب ہی۔ اور ہمارے اپنے علم کی کیفیت دیکھی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہم عموماً اسی چیز کا علم حاصل کرتے ہین جو موجود ہو اور جس چیز کا کسی قسم کا بھی وجود نہ ہو وہ ہمارے علم مین نہین آسکتی مگر اس قاعدے کو ذرا تفصیل دینے کی ضرورت ہی۔

علم کس کس چیز کا ہوسکتا ہی؟ ہم ایک تو اُن چیزون کا علم حاصل کرتے ہین جو خارج مین موجود ہون مثلاً یہ در و دیوار اور گھوڑا گاڑی جو خارج مین موجود ہین ان کا تصور بھی ہمارے ذہن مین موجود ہی اور ایک ایسی چیز کا تصور بھی ہم کرسکتے ہین جو خارج مین موجود تو نہین مگر اُسکی اجزا کی مختلف مثالین موجود ہین۔ مثلاً ہم ایک دیو کا تصوّر کرسکتے ہین جسکی انگارہ سی آنکھین ہون آسمان سے لگا ہوا سر جو بھاڑ سا کھلا ہوا منہ ہو اور پہاڑ سے نکلے ہوئے دانت ہون اور درخت جیسے ہاتھون سے ہم کو پکڑنے کے لئے لپکے۔ ایسا وجود خارج مین دیکھا نہین گیا مگر ایسی چیزین موجود ہین جن سے اُس کے اعضاء کو تشبیہ دیکر ہمنے خیالی وجود قایم کرلیا ہے۔ اور ایک ایسی چیز کا تصور بھی ہم کرسکتے ہین جو نہ خود خارج مین موجود ہو اور نہ کسی قسم کی اُسکی ناقص تشبیہ موجود ہو مگر اسکی ضد ہمارے تصور مین ہو مثلاً ایک مادرزاد نابینا روشنی کا تصوّر کرسکتا ہے حالانکہ اُس نے خارج مین کبھی روشنی کو نہین دیکھا اور وہ تصوّر اس لئے کرسکتا ہے کہ اسکی ضد یعنی تاریکی اُس کے علم مین موجود ہے جس سے وہ خیال جما سکتا ہے کہ اُس کا نہ ہونا روشنی ہے اور یہ ضد سے دوسری ضد کا علم صرف نابینا پر منحصر نہین بلکہ علمی دُنیا مین اکثر تحقیقات کی بنیاد اسی قسم کے تصوّر پر ہے۔ ہمنے جب سے دیکھنا شروع کیا ہے بلکہ جب سے ہماری تاریخ اور تجربہ نے دیکھنا شروع کیا ہے ہم نے زمین کی یہی شکل دیکھی ہے پس ایسی ضد کو تصور کرسکنے کی طاقت کا کرشمہ ہے جس سے ہم خیال کرسکے کہ زمین جو اس وقت ٹھوس ہے کبھی سیال یا گیس کی شکل مین تھی اور اس سے بڑھ کر یہ کہ کبھی یہ سرے سے موجود ہی نہ ہوگی۔ پس ہمنے جو زمین کے سیال یا معدوم ہونے کا تصوّر کیا ہے ایسا تصوّر ہے جس کا موضوع ہم کو خارج مین کبھی نظر نہین آیا اور جو کچھ دیکھا ہے وہ سیال یا معدوم ہونے کی ضد ہے پس ہمنے دیکھا کہ اسی ضد سے

ہمکو دوسری ضد کا تصور پیدا ہوگیا۔ اور اسی طرح چاند سورج جو خارج مین ہم کو اسی شکل مین نظر آتے ہین ہم ان کے وجود کی ضد بھی تصور کرسکتے ہین اور نہ صرف کرسکتے ہین بلکہ عنوانوں کو دیکھنے کے بعد ایسا یقین بھی رکھتے ہین کہ ایک وقت مین فضا کی بساط پر یہ روشن مُہرے چُنے ہوئے نہ تھے۔ اور نوادر خود اس اعتراض مین جو مخلوقات کے معدوم ہونے کے وقت خدا کے علم کی وجہ دریافت کی جاتی ہے اس وقت مخلوقات کے معدوم ہونے کا تصور خود ہماری اس تصور کی طاقت کو ثابت کرتا ہے جس سے ہمنے موجودات کے موجود ہونے سے اسکی ضد یعنی عدم کا خیال قائم کیا۔

خدا کا علم کیونکر خیال مین آسکتا ہے؟

پس علم کا قاعدہ یہ معلوم ہوا کہ کوئی چیز خارج مین خود موجود ہو یا اسکی تشبیہ موجود ہو یا اسکی ضد موجود ہو ان سب صورتون مین ہم اسکا تصور کرسکتے ہین۔ اب اگر خدا کے علم مین اتنی ہی طاقت مانی جاوے جتنی انسان مین ہے تب بھی چونکہ خدا کو اپنی ذات کا علم ہے اپنی صفات کا علم ہے اور وہ سب عدم ذات اور عدم صفات کے اضداد ہین اسلئے عدم کا بھی علم ہوگا اور علاوہ براین صفات کے علم کا سوا اس کے کوئی مطلب نہین کہ وہ سب اپنے عدم سے ممتاز ہین مثلاً قدرت کا علم یہی ہوگا کہ وہ عجز نہین ہے اور وجود کا علم یہی ہوگا کہ وہ عدم نہین علم کا علم یہی ہوگا کہ وہ جہل نہین۔ کیونکہ اگر اسکو قدرت اور عجز یا وجود اور عدم مین امتیاز ہی نہین تو قدرت اور وجود کا علم بھی نہین بلکہ جہل ہے پس صرف یہی ثابت ہوا کہ خدا کو اضداد صفات کا علم ہونا ممکن ہے بلکہ یہ بھی ثابت ہوا کہ اسکو ان اضداد کا ضرور علم ہوگا اور یہ اعدام جنکو مقابل مین صفات ربانی ہین یہی وہ مادّہ ہے جس سے علمی قوت نے دنیا کو پیدا کیا اس لئے لازم نہین آتا کہ ازل مین مخلوقات کی تصور کی کوئی وجہ موجود نہ تھی۔

پس جس طرح نابینا تاریکی کو دیکھ کر روشنی کا تصور کرسکتا ہے اور پھر اپنے علم کے موافق اسکی کوئی شکل فرض کرسکتا ہے اور اس کے ساتھ اسکی صفات قائم کرسکتا ہے یا جس طرح ہمنے زمین اور آفتاب وغیرہ کے وجود سے ان کے عدم کا تصور کیا ہے اور پھر اس عدم کی صورت کو پھیلا کر اپنے ذہن مین اس تمام مادے کو نیبولا یعنی بخار کے بادل سے لیکر گیس اور سیال اور منجمد طرح طرح

کی شکلین قایم کرلی ہین اسی طرح ممکن ہے کہ علم خدا مین ان اعدام کی پھیلی ہوئی شکلین موجود ہون مثلاً عجز کے پھیلاؤ سے ایک عاجز مخلوق کی صورت اور اس پر قدرت کے عکس سے کسی قدر طاقت کا ظہور یا موت کے پھیلاؤ سے ایک بیجان مخلوق کی صورت اور صفت حیات کے عکس سے کسی قدر جانداری کا نشان یہ تصورات ہون گے جن کو علمی قوت نے انسان کی خیالی تصویر کیطرح موجود کرلیا۔

غرض اہل وحدت شہود کی فلسفیانہ دقت نظر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ انھون نے الہام ربانی کے ٹھیک منشا کو سمجھ کر اسکے بعض نکات کو اس خوبی سے حل کیا ہے کہ اس سے بہتر نہین ہوسکتا۔ ورنہ جن لوگون نے اسی قسم کی دقتون سے تنگ آکر خود خدا کو ان تعینات مین ظہور کرتے ہوئے مانا تھا وہ پاک ہستی کو ناپاک بنانے کے مرتکب ہوئے اور جنہون نے اس کے ساتھ مادہ کو قدامت کا حصہ دار ٹھیرایا تھا وہ دونو مین ایک وصف مشترک مانکر دونوں کے مرکب ہونے اور اجزا کے محتاج ہونے سے خدا اور مادہ کو واقع مین قدامت سے محروم کرنیوالے ٹھیرے اور باوجود اس کے علم کی کوئی وجہ پیدا نہ کرسکے۔ کیونکہ خواہ وہ ذات خداوندی خود ہی تعینات مین ظہور کرتی ہو مگر ذات کے مرتبہ مین یہ تعینات نہ تھے اس لیے اس وقت ذات کو ان تعینات کا علم ہو تو یہی اعتراض وارد ہوتا ہے اور اسی طرح خواہ مادہ قدیم ہو مگر اسکی یہ شکلین خدا نے پیدا کی ہین اسلئے بے شکل مادہ موجود ہونے کے وقت خدا کو ان شکلون کا علم ہو تو یہی دقت پیش آتی ہے حالانکہ خدا کا پہلے سے عالم ہونا اس تمام نظام کی ترتیب سے ظاہر ہوتا ہے پس اسکا حل سوائے اس کے اور کوئی نہین ہوسکتا جو وحدت شہود نے پیش کیا ہے کہ یہ سب کھیل ہی علمی قوت کا ہے اور علمی قوت ایک ضد کے وجود سے دوسری ضد کیطرف جاسکتی ہے۔

خدا کی ہمیشگی اور زمانہ وفضا کی نسبت اعتراض اور اسکی تحقیق۔

ڈاکٹر ہربرٹ سپنسر نے جس قدر شکوک مذہبی احتمالون کی نسبت قائم کئے ہین عموماً ان کا میلان اُن کے لاادریہ اصول کے موافق اس جانب ہے کہ وہ خدا اور مخلوقات کے تعلق کو سمجھ نہین سکتے ورنہ وہ تسلیم کرتے ہین کہ باوجود نہ سمجھ

سکنے کے اقرار خدا اور مذہب کو تسلیم کرنے کے بغیر چارہ نہین لیکن چونکہ نہ سمجھنے سے گمان ہوسکتا ہے کہ ان تعلقات کا یا خدا کا عقیدہ غلط ہوگا اس لئے جا بجا اُن کے شکوک کو بطور اعتراض کے ذکر کیا گیا ہے چنانچہ ان مین ایک اعتراض اور قابل غور ہے۔ وہ موجودات عالم کی نسبت تین احتمال پیدا کرتے ہین۔ [۱]

(۱) قدیم سے اسی طرح موجود ہونگے

(۲) خود بخود پیدا ہوگئے ہونگے

(۳) یا کسی خدا نے اُن کو پیدا کیا ہوگا

اور ان مین سے دوسرے احتمال کی نسبت وہی اعتراض کرتے ہین جو پہلے اس اعتراض کے ضمن مین ذکر ہوچکا ہے کہ پیدا ہونے کے لئے کسی علت کا ہونا ضروری ہے ورنہ قانون علیت کا باطل ہونا لازم آئیگا۔ اور پہلے احتمال کی نسبت کہتے ہین کہ ہمیشہ سے موجود ہونے کے لئے غیر محدود زمانہ فرض کرنا پڑیگا حالانکہ غیر محدود زمانہ ماضی کا سمجھنا ناممکن ہے۔ اور تیسرے احتمال یعنی خدا کی قدرت سے پیدا ہونے کی نسبت تین اعتراض کرتے ہین۔ ایک تو یہ کہ بغیر مادہ کے پیدا کرنے کی کوئی نظیر نہین اور اگر مادہ سے پیدا کیا ہو تو پھر اس مادہ کی نسبت بھی تین احتمال ہوسکتے ہین اور ہر احتمال پر اعتراض وارد ہوتا ہے۔ اور دوسرے یہ کہ جس فضا مین یہ دُنیا ہے وہ کہان سے آئی۔ اگر فضا کو بھی خدا نے پیدا کیا ہے تو مخلوقات سے پہلے فضا بھی نہ ہوگی حالانکہ ہم فضا کے نہ ہونے کو سمجھ نہین سکتے اور تیسرے یہ کہ بنانیوالا خود کہاں سے آیا۔ آیا وہ قدیم سے تھا یا خود بخود پیدا ہوا یا اُس کو کسی اور خدا نے پیدا کیا۔

ان اعتراضون کے بعد وہ تینون احتمالون کو ناقابل فہم قرار دیتے ہین اور یہی وجہ حیرت ہے کیونکہ پہلے اور تیسرے احتمال کی نسبت ان کا اعتراض صرف یہی ہے کہ وہ سمجھ سے باہر ہین مگر دوسرے احتمال کی نسبت نہ سمجھ سکنے کے علاوہ یہ اعتراض بھی ہے کہ وہ قانون علیت کو توڑتا ہے پس اگر پہلا اور تیسرا احتمال ایک درجہ پر رکھا جائے تو دوسرا احتمال پھر بھی ان سے زیادہ مشکل اور ایک بڑے قانون قدرت کو توڑنے کے سبب قابل ترک قرار دینا چاہئے تھا۔

[۱] فرسٹ پرنسپلز باب دوم۔

اور پھر دیکھا جائے تو موجودات کے ہمیشہ سے ہونے پر جو پہلا احتمال ہے اور خدا کے ہمیشہ سے ہونے پر جو تیسرے احتمال سے لازم آتا ہے جو اعتراض وہ کرتے ہین اُسکا وزن بھی مساوی نہین ہے یہ ضرور ہے کہ اگر موجودات عالم کے ہمیشہ سے موجود ہونے پر کوئی اور اعتراض وارد نہ ہوتا تو خدا کے اور موجودات کے ہمیشہ سے موجود ہونے پر صرف یہی اعتراض رہتا کہ ہم اُسکو سمجھ نہین سکتے اور اس صورت مین دونون جگہ اعتراض کا وزن مساوی ہوتا مگر اب صورت یہ ہے کہ موجودات عالم کو ہم اپنی آنکھ سے دیکھتے ہین کہ انکی حالت یوماً فیوماً اور لحظہ بلحظہ بدلتی رہتی ہے حتیٰ کہ ہماری عقل کی صحیح رفتار نے ثابت کردیا ہے کہ تمام زمین و آسمان ایک وقت پر اس صورت مین نہ تھے بلکہ جب سے یہ موجود ہین اپنی شکلون کو بدلتے رہے ہین پس اگر یہ مخلوقات ہمیشہ مانی جائے تو سمجھ نہ سکنے کے علاوہ یہ بھی لازم آتا ہے کہ اُن کے تغیرات بھی بغیر کسی علت کے خود بخود پیدا ہوتے ہین اس لیئے جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے اس احتمال پر بھی قانون علیت کا باطل ہونا لازم آتا ہے اور اس وجہ سے اس احتمال پر جو اعتراض ہے وہ وزن مین دوسرے احتمال کے اعتراض سے مشابہت رکھتا ہے اور قانون دائمی کو توڑنے کے سبب اس احتمال کو بھی قابل ترک قرار دینا چاہیئے۔

رہا خدا کے ہمیشہ سے ہونے پر اعتراض سو اسکی یہ صورت ہے کہ جس عقلی رفتار سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہین اس سے ماننا پڑتا ہے کہ خدا کی ذات ہمیشہ سے غیر متغیر اور "کَانَ کَمَا کَانَ" ہے پس اُسکو ہمیشہ سے ماننے پر قانون علیت کا ٹوٹنا لازم نہین آتا اس لئے اُسکی نسبت صرف نہ سمجھ سکنے کا الزام باقی ہے۔ اور واقع مین ہماری محدود عقل خواہ آگے کی نسبت غور کرے خواہ پیچھے کی نسبت ایک حد تک جاکر وہ تھک جاتی ہے اور آگے تاریکی کا ناقابل عبور پردہ حائل ہوجاتا ہے اور ہم ہمیشگی کو خواہ وہ ماضی کی ہو یا مستقبل کی معین و مشخص طور پر اپنے ذہن مین حاضر نہین کرسکتے مگر یہ بھی تو ہماری عقل کا ہی ناطق فیصلہ ہے کہ دو ضدون مین سے اگر ایک نہ ہو تو دوسری ضد ضرور موجود ہوگی مثلاً اگر روشنی موجود نہ ہو تو ضرور تاریکی موجود ہوگی اور اگر علم موجود نہ ہو تو ضرور جہل موجود ہوگا اور اس لئے جب ہم کسی موجود کے حادث ہونے کو ناممکن یقین کرتے ہین تو ضرور ماننا پڑیگا کہ وہ قدیم ہوگا۔ اور نیز دنیا مین بہت سی چیزین ہین جن کو ہم

سمجھ نہین سکتے چنانچہ حرکت کا وجود۔ شعاع کی رفتار اور ایسی بہت سی باتین ہین جن کو خود مسٹر سپنسر ناقابل فہم ثابت کرتے ہین[1] مگر باوجود اس کے ہم حرکت اور رفتار شعاع وغیرہ کو یقیناً موجود مانتے ہین کیونکہ ان کو ماننے کے سوا چارہ نہین اس لئے خدا کی ہمیشگی پر بھی باوجود نہ سمجھنے کے جب اسکے اقرار کے بغیر چارہ نہین یقین کرنا پڑیگا۔ پس یہ اعتراض تیسرے احتمال کے متعلق کوئی وزن نہین رکھتا حالانکہ پہلے احتمال کی نسبت بوجہ تغیرات کے ایسا بھاری ہے کہ ہل نہین سکتا۔

رہا دوسرا اعتراض کہ پیدا کرنے کی کوئی نظیر نہین اسکی نسبت پہلے لکھا جا چکا ہے کہ انسان کی خیالی مخلوق بعینہٖ اسی شکل کی ہوتی ہے اور حیرت ہے کہ اس قابل تعظیم فلاسفر کی قوت واہمہ نے دنیا کے ہمیشہ سے ہونے کی نظیر پیدا کرلی اور مان لیا کہ اسکا نمونہ درخت ہے جو خود بخود مکمل ہو جاتا ہے حالانکہ درخت ہرگز خود بخود موجود نہین ہے بلکہ ہزارہا قسم کی ارضی و سماوی اثر ہین جو درخت کو مکمل کرتے ہین اور وہ خود نمونہ مانکر پھر تردید کرتے ہین اور کہتے ہین کہ ہمیشہ سے ہونیکا مطلب یہ ہے کہ وہ بغیر شروع کے ہو پس جب اس قدر نقص موجود ہین تو اس احتمال کو صاحب نظیر ہونے کی عزت نہین معلوم کس خیال سے دی گئی ہے اور یہی حال دوسرے احتمال کی نظیر کا ہے کہ بخارات سے بادل کا پیدا ہونا خود بخود پیدا ہونے کا نمونہ قرار دیتے ہین حالانکہ پھر خود ہی کہتے ہین کہ "بادل پہلے بالکل معدوم تو نہ تھا" اور دوسرے اسکو پیدا کرنے مین صرف بخار ہی فاعل نہین بلکہ آفتاب کی حرارت بازگشت کا کم ہوتے جانا بالائی کرہ کا سرد ہونا اور زمین کا کشش کرنا بہت سے فاعل ہین جنہون نے بخار کے ساتھ عمل کرکے بادل کو پیدا کیا ہے پس اسکو خود بخود پیدا ہونیکا نمونہ کہنا اور عدم سے وجود مین آنے کی نظیر سے کانون پر ہاتھ دھرنا حیرت پر حیرت ہے حالانکہ جن چیزون کو دنیا مین موجود کہا جاتا ہے وہ بھی محض عرض طول رنگ وزن اور حرکت وغیرہ سے پہچانی جاتی ہین ورنہ اصل چیز یعنی مادہ کو کسی نے نہین دیکھا اور جو جسم انسان کا خیال پیدا کرتا ہے اسمین بھی طول عرض رنگ وزن اور حرکت وغیرہ تمام جسمانی صفات مہیا ہوتی ہین فرق صرف اس قدر ہے کہ خدا کا علم بڑا ہے اس لئے اسکی مخلوق بھی بڑی ہے اور انسان کا علم حقیر ہے اس لیے اس کی مخلوق بھی حقیر ہے پس اگر نظیر رکھنے کی

[1] اس قسم کے اقتباسات گذشتہ ابواب مین اکثر ذکر ہو چکے ہین۔

عزت حاصل ہے تو صرف اسی احتمال کو نہ کسی اور کو - اور اس لیئے ایسے فاضلوں کا ایسی واضح نظیر کو نہ دیکھنا تعجب ہے - مگر سچ ہے

گاہ باشد زپیر دانشمند بر نیاید درست تدبیرے

غرض خدا کی ہمیشگی کو ذہن کا معین نہ کرسکنا ذہن کے وسیع نہ ہونے کے سبب سے ہے اور اور اس لیئے حقیقت مین یہ کوئی اعتراض نہین جس سے خدا کا انکار لازم آئے - پیدائش کی نظیر کا نہ ہونا البتہ اعتراض تھا مگر نظیر موجود ہے اس لیئے اس وقت جو امر غور طلب باقی ہے وہ فضا کے متعلق اعتراض ہے اور اس اعتراض پر خود مسٹر سپنسر کی تحریر سے بہت کچھ روشنی پڑتی ہے چنانچہ وہ فضا کے موجود ہونیکا یقین رکھتے ہین مگر اس پر اعتراض بھی کرتے ہین[1] کہ

"اگر وہ خارج مین موجود ہوگی تو شے ہوگی اور ہمکو تجربہ بتاتا ہے کہ اس کا شے ہونا ناممکن ہے کیونکہ شے ہونے کے یہ معنے ہین کہ وہ صاحب صفات ہو کیونکہ شے کو لاشے سے ہم تمیز ہی اس طاقت سے کرتے ہین جو کوئی شے ہمارے علم پر اثر کرنے کے لیے رکھتی ہو اور جو اثر وہ ہمارے علم پر کرتی ہو اس کو اس شے کی صفت کہتے ہین - اور ان صفات کا معدوم ہونا اس اصطلاح کا معدوم ہونا ہے جس سے ہم اس شے کو تصور کرتے تھے اور اس طرح اس شے کا تصور ہی فنا ہو جاتا ہے - اب شے کے لئے صفات کا ہونا لازمی ہے مگر ہم دیکھتے ہین کہ فضا کوئی صفت نہین رکھتی - فضا کی صفت پھیلاؤ ہو سکتا ہے مگر فضا کی صفت فضا کہنے کے برابر ہے پس جب وہ کوئی صفت نہین رکھتی تو اسکو شے کہنا بھی غلط ہوگا - اب اگر وہ شے نہین تو لاشے بھی نہین ہو سکتی اور کسی اور شے کی صفت بھی نہین ہو سکتی ورنہ اس شے کے نہ ہونے سے اس کا عدم لازم آئے حالانکہ یہ معدوم خیال مین نہین آسکتی اور اگر یہ موجود ذہنی ہو تو ذہن کے عدم سے معدوم ہونی چاہئے"

غرض یہ ہے خلاصہ اس الجھن کا جو ڈاکٹر سپنسر کو فضا کے متعلق ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ فضا خود صفات رکھتی ہے اور نہ کسی اور چیز کی صفت ہو سکتی ہے اور نہ موجود ذہنی ہے اور موجود ہونے کی یہی تین صورتین تھین مگر باوجود اس کے وہ موجود بھی ایسی ہے کہ اور سب چیزون کو معدوم فرض کر سکتے ہین مگر

[1] فرسٹ پرنسپلز باب سوم -

اس کا معدوم ہونا کسی طرح خیال مین نہین آتا البتہ اسکی نسبت ایک اور شکل سے بھی غور ہو سکتا ہے۔
شطرنج کا ایک گول مہرہ جس پر گھوڑے یا فیل کی شکل نہ بنی ہوئی ہو جب کسی جگہ رکھا ہو اور فرض کیا جائے کہ اس کے پاس کوئی انسان بھی موجود نہین تو اس مہرہ کا بسبب گول اور بے تصویر ہونے کے نہ کوئی آگا ہوگا نہ پیچھا اور صرف غیر محسوس فضا اُس کو چارون طرف سے محیط ہوگی۔ لیکن جب اسکو کوئی انسان بساط کے اوپر اور مہرون کے ساتھ چلنے اور کھیلنا شروع کرے تو اس وقت انسان کے وجود اور نیز دوسرے مہرون کے وجود سے اُس کے گرد کی فضا مین آگا پیچھا پیدا ہو جائیگا۔ یعنی جس مہرہ کو انسان نے اپنے آگے اُس مہرہ ہی پہلے رکھا ہے وہ اُس کے پیچھے ہوگا اور جس کو اُس مہرہ کے بعد رکھا ہے وہ آگے ہوگا اور اسی طرح بعض مہرے اُس کے دائین ہونگے اور بعض بائین۔ غرض جو غیر محسوس فضا پہلے بغیر کسی تمیز کے اسکو چارون طرف سے گھیرے ہوئے تھی اب اُس فضا کے چار حصے ہو گئے جن کو آگا پیچھا دایان بایان کہہ سکتے ہین۔ اب فرض کیجے کہ کھیل ختم ہو گیا۔ بساط اُلٹ گئی مہرے بکھر گئے اور وہ مہرہ کسی تنہا مقام مین جا پڑا تو پھر وہی آگا پیچھا رکھنے والی فضا بغیر کسی تمیز کے مطلق فضا رہ گئی۔ اب اُس مہرے کے آگے پیچھے کی نسبت سوال ہو کہ وہ خارج مین موجود ہے یا نہین تو یہی جواب ہوگا کہ خارج مین صرف اِرد گرد کی غیر محسوس فضا موجود ہے مگر انسان کے بیٹھنے اور مہرون کو چننے سے ایسی شکل پیدا ہو جاتی ہے جس سے ہم اُس فضا کے چار حصے کر سکتے ہین اور اُن کا نام آگا پیچھا دایان بایان رکھ لیتے ہین پس قبلیت اور بعدیت حقیقت مین کوئی موجود خارجی نہین ہین بلکہ ایک غیر محسوس چیز یعنی فضا اور چند محسوس چیزین یعنے انسان اور مہرے ان سبکا مجموعہ ایسی ترکیب ہے جس سے قبلیت اور بعدیت کا تصور ہوتا ہے اور اس مجموعہ کے بعض افراد یعنی انسان اور مہرون کے پراگندہ ہونے سے جس چیز کو ہم معدوم فرض نہین کر سکتے وہ غیر محسوس فضا ہے۔

اِس مثال کو دیکھنے کے بعد جب ہم فضا کو دیکھتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ اُس کا خیال بھی ہمارے ذہن مین اسی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کہ چیزون کو دیکھتے ہین جو خود بھی عرض و طول رکھتی ہین اور نیز دوسری

چیزون کے ساتھ کبھی پیوستہ اور کبھی تھوڑے فاصلہ پر اور کبھی بڑے فاصلہ پر واقع ہوتی ہین اور جہان تک کسی چیز کا طول ہوتا ہے ہم وہان تک اُس چیز کو دیکھتے جاتے ہین اور پھر اُس کے بعد جگہ خالی پاتے ہین یا یون کہو کہ وہان کوئی محسوس چیز نہین ہوتی اور وہ خلا کچھ دور تک ہماری نظر کو لیجاتی ہے پھر کوئی اور چیز حائل ہوجاتی ہے اور اس کے بعد خلا یا کوئی تیسری چیز حتّے کہ اسی طرح جسمانی یا قیاسی آنکھ سے جہان تک رسائی ہوسکے تمام چیزون اور اُن کے درمیانی خلا کو دیکھتے ہوے آخری حد تک پہونچتے ہین اور اسکے بعد خلا کو دیکھتے ہین جو دور تک چلی جاتی ہے اور پھر نظر اور قیاس کی حد تک پہونچکر تاریکی ہماری رفتار کو روکتی ہے۔

غرض موجودات کی اس شکل اور ترتیب نے ہمارے ذہن مین فضا کا تصوّر پیدا کردیا ہے جس طرح مہرون کی ترتیب اور انسان کے وجود نے قبلیت اور بُعدیت پیدا کردی تھی اب اگر کوئی وقت ہو جبکہ یہ تمام موجودات معدوم فرض کی جائین تو اس وقت کسی فضا کا تصور بھی نہ ہوسکیگا جس طرح ایک مہرہ کے تنہا ہونے کے وقت قبلیت اور بُعدیت نہین ہوتی لیکن جیسے مہرہ کے گرد غیر محسوس فضا موجود ہے اسی طرح اُس وقت ایک غیر متمیز عدم یعنی خلا موجود ہوگی۔ مطلب یہ کہ فضا کی حقیقت عدم ہے جیسے قبلیت اور بعدیت کی حقیقت فضا تھی مگر یہ عدم ہمارے ذہن پر اثر اسلئے کرتا ہے کہ اِس عدم کے ساتھ اشیا کا طول و عرض اور باہمی بعد اور فاصلہ مل گیا ہے اور ان سب کے مجموعے نے ہمارے حواس پر اثر کیا ہے جس طرح مہرون کی ترتیب نے قبلیت و بعدیت کا اثر پیدا کیا تھا پس جو چیز ہمارے حواس پر اثر کرتی ہے وہ حقیقت مین موجودات خارجی ہین جس طرح قبلیت و بعدیت پیدا کرنے کا سبب مہرون کی ترتیب تھی اور جس چیز کو ہم بقول مسٹر سپنسر کے ہم معدوم فرض نہین کرسکتے وہ خلاء محض ہے جس طرح مہرہ کے لئے غیر محسوس فضا تھی جس کو معدوم فرض نہین کرسکتے تھے

غرض جو چیز معدوم نہین ہوسکتی وہ اور ہے یعنی عدم اور جو چیز ہمارے حواس پر اثر کرتی ہے وہ اور چیز ہے یعنی موجود چیزین جن سے اس عدم کا فرض تصوّر پیدا ہوتا ہے۔ آگے یہ اصطلاح کا فرق ہے کہ اس کا نام موجود خارجی رکھو اس لئے کہ ہمنے اُسے خارجی چیزون سے تصور کیا ہے یا موجود ذہنی

کہو اس لئے کہ ذہن ہی اس سے متاثر ہوا ہے یا معدوم کہو اس لیے کہ اسکی حقیقت عدم ہی مگر مناسب یہ معلوم ہوتا ہی کہ جو چیز ہمارے حواس پر اثر کرتی ہے اُسے موجود ذہنی کہین کیونکہ موجودات خارجیہ سے مستنبط ہوتی ہے اور موجود ذہنی اسی چیز کا نام ہے جس کا تصوّر دیگر اشیا سے پیدا ہو جیسے انسان کہ زید عمرو وغیرہ موجودات خارجیہ سے مطلق انسان کا تصور پیدا ہوتا ہے اور جس چیز کو ہم معدوم فرض نہین کر سکتے اسکو اُس کے اصلی نام یعنے عدم سے نامزد کرین کیونکہ اُس کا خالص تصوّر اس وقت پیدا ہوتا ہی جب تمام حقیقت کو معدوم فرض کیا جاتا ہے اور اس وقت عدم کے سوا اور کچھ نہین۔

اس نتیجہ کے بعد جب مسٹر سپنسر کے اعتراض کا خیال کیا جاتا ہے کہ فضا کو کس نے پیدا کیا تو معلوم ہوتا ہے کہ اعتراض کسی حقیقت پر مبنی نہین کیونکہ موجودات کو پیدا کرنے سے پہلے جو کچھ تھا اور ہمارے نزدیک معدوم نہین ہو سکتا وہ عدم ہی ہے پس اُسکی نسبت پیدا کرنیکا سوال فضول ہی اور ہم کہ سکتے ہین کہ بیشک اُسکو کسی نے پیدا نہین کیا۔ خدا نے موجودات کو پیدا کیا۔ اُن کے عرض وطول کو پیدا کیا۔ اُنکو قریب قریب اور فاصلے سے ترتیب دیا جس سے ہم اس قابل ہوے کہ اس عدم کا تصور اپنے ذہن مین لائین اور اس لئے کہ سکتے ہین کہ موجودات کو پیدا کرنے سے اُس نے اس عدم کے تصور کو بھی پیدا کیا اور اگر خدا موجودات کو پیدا کرتا تو عدم کا تصور بھی پیدا نہ ہوتا اور صرف عدم ہوتا جو پہلے سے تھا۔

مسٹر سپنسر پہلے احتمال یعنے دنیا کے ہمیشہ سے ہونے پر اعتراض کرتے ہین کہ اس کے لئے غیر محدود زمانہ چاہیئے جو سمجھ مین نہین آتا اور یہ درست ہے لیکن ہے زمانہ کی بھی وہی صورت جو فضا کی ہے کہ کسی چیز کے شروع ہونے سے اس کے قایم رہنے سے یا پھر ختم ہو جانے پر دوسری چیز کے شروع ہونے سے غرض اس قسم کی موجودات خارجیہ سے ہمارا ذہن ایک عرصہ کو تصور کرتا ہے اور اس کا نام زمانہ رکھتے ہین اور موجودات کا آغاز تسلیم کرنے پر ان سے پہلے کا عرصہ تصور مین آتا ہی اور موجودات کو ختم کرنے پر ان کے بعد کا زمانہ خیال مین آتا ہے پھر جب ان مخلوقات کے پہلے اور پیچھے کسی اور موجود چیز کا خیال قایم کیا جاوے تو یہ پہلے اور پیچھے کا زمانہ ہمارے تصور مین ایک غیر محدود طول اختیار کرتا ہی جس کو سپنسر صاحب درست کہتے ہین کہ ہم سمجھ نہین سکتے مگر یہ بھی ضرور ہی کہ اسکی کوئی حد بھی فرض نہین کر سکتے

مگر یہ تمام ذہنی عمل اسلئے ہوا ہے کہ ہمنے موجودات کو یکے بعد دیگرے سامنے آتے اور کچھ کچھ عرصہ قیام کرتے دیکھا ہے اور اگر یہ سلسلہ نہ ہوتا تو عدم محض کے وقت زمانہ بھی ایک عدم ہی ہوتا اور تصور نہ کیا جا سکتا پس دُنیا کو قدیم ماننے زمانہ کا اسکے ساتھ ساتھ چلنا اس لئے قابل اعتراض نہین کہ وہ سمجھ مین نہین آتا بلکہ اسلئے قابل اعتراض ہے کہ دُنیا تغیرات کو قبول کرتی ہے اور ان تغیرات کے سبب سے وہ عدم طویل یعنی زمانہ بھی اجزا مین تقسیم ہوتا جاتا ہے اور قابل تصور ہوتا ہے اور اس طرح پر دُنیا کے تغیرات کا اور زمانہ کے قابل تصور ہونے کا وجود بغیر کسی علت کے لازم آتا ہے۔ مگر اگر بجاے دُنیا کے خدا کو قدیم مانا جائے تو چونکہ خدا کی ذات مین کوئی تغیر نہین ہے اس لئے وہ عدم جو تغیرات سے قابل تصور ہوتا ہے اس صورت مین اس وقت قابل تصور نہ ہوگا اور محض عدم رہیگا اور عدم کے لئے کسی علت کی ضرورت نہین اس لئے خدا کو قدیم ماننے وقت لازم نہین آتی جو دُنیا کو قدیم ماننے مین لازم آتی تھی۔

خاص سے عام کیطرف جانا قانون قدرت ہے۔

مسئلہ تخلیق پر عقلی اعتراضون کے سلسلہ مین سب سے آخر وہ اُچکتا ہوا اعتراض ہے جو سوامی ولیکانند[1] کرتے ہین کہ دُنیا کو خدا کی مخلوق ماننے مین عقل کا کلیہ قاعدہ خاص سے عام کیطرف جانیکا پایا نہین جاتا اور نیچر کو نیچر سے واضح کرنیکا یہ دستور نہین۔ اُن کا مطلب ویدانت تصوری یعنے وحدت وجود کے موافق غالباً یہ ہے کہ اگر مثلاً مرکبات عناصر سے اور عناصر ایتھر سے اور ایتھر رُوح سے اور رُوح خدا سے نکلی ہوئی مانی جاتی تو یہ خاص سے عام کیطرف جانے کی صورت ہوتی اور اسی طرح پتھر جو گرتا ہے اگر کہا جائے کہ اس کا سبب قانون فطرت ہے تو یہ نیچر کی نیچر سے توضیح ہوگی لیکن اگر پتھر کے گرنے کو کسی انسان کی طرف منسوب کیا جائے یا کسی جن کی طرف تو خلاف نیچر ہوگا پس اگر دُنیا کو مانا جائے کہ اپنی فطرت کے موافق ایک مطلق ذات سے پیدا ہوئی ہے تو نیچر کے موافق ہے اور اگر اسکو خدا کی مخلوق مانا جائے تو نیچر کے خلاف ہے۔ مگر ایک نوگذشتہ تحریر مین ہمنے محض عقل کی رہنمائی سے تغیرات کو قدیم ماننے سے لیکر ذات مطلق کے درجہ تک تمام احتمالون کو دیکھا ہے اور اُن مین سے ہر ایک پر کسی نہ کسی صورت مین قانون علیت کو توڑنے کا الزام آتا نظر آیا ہے اور ان کے بعد تخلیق

[1] کتاب گیان یوگ باب سیزدہم۔

کے احتمال کو دیکھا ہے تو معلوم ہوا ہے کہ اسکے اعتراضون پر ہم غالب آسکتے ہین اور ہم دیکھتے ہین کہ دنیا مین عام طور پر کسی نامعلوم سبب کو تلاش کرنے کے لئے یہی صورت ہوسکتی ہے کہ اسکے متعلق تمام احتمالون مین سے جو اعتراضون سے پاک ہو اس پر یقین کیا جاے۔ ہم جب چھت پر رکھے ہوئے برتن کو زمین پر گرتا دیکھین اور دیکھین کہ نہ چھت گری ہے اور نہ ہوا ایسی چلی ہے جو برتن کو اڑا اسکے اور نہ زمین کی کشش ایسی حالت مین اثر کرسکتی ہے تو ضرور اس احتمال پر یقین کرتے ہین کہ اس کو کسی نے اٹھاکر پھینک دیا ہے اور یہی صورت یہان پیدا ہوئی ہے اور تمام احتمالون کے غلط ہونے سے ہمنے یقین کیا ہے کہ اس دنیا کو کسی خالق نے پیدا کیا ہے اور پھر مفصل طور پر یہی دیکھ لیا ہے کہ پیدا کرنے کے لئے جو عنوان ہماری عقل تسلیم کرتی ہے وہ موجود ہین اور جو اعتراض خیال مین آسکتے ہین وہ غلط ہین تو پھر ایسے عمل کو نیچر کے خلاف قرار دینا کسی طرح صحیح نہین۔

اور دوسرے وہ ذات مطلق جس کو ویدانت کے حامی ان تعینات مین ظہور کرتے ہوئے مانتے ہین اگر اس کو بے شعور اور بے ارادہ سمجھا جائے تو جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے اسکو اپنے اطلاق کے درجہ سے ان تعینات مین ظہور کرنے کے لیئے کسی اور فاعل کی ضرورت ہوگی اور اگر اسے ذی شعور اور ذی ارادہ مانا جاوے اور کہا جائے کہ وہ خود اپنے ارادہ سے یہ ظہور کرتی ہے تو یہ عمل خود ویسا نیچر کے مطابق ہوگا جیسا سامی جی کو مطلوب ہے کیونکہ موجودات کے جس قدر درجے فرض کئے جاسکتے ہین ان مین سب سے آخری درجہ یعنے صرف انسان صاحب شعور نظر آتا ہے ورنہ اس کے نیچے جس قدر درجات ہین ان مین یکے بعد دیگرے شعور و ارادہ معدوم ہوتا جاتا ہے حتے کہ مادہ کی ابتدائی شکلون مین اس کا نام و نشان نہین رہتا پس ان تمام بے شعور درجون سے پہلے اور سب سے عام درجہ جس کو وہ ذات مطلق کہتے ہین وہ سب سے زیادہ بے شعور ہونی چاہئے اور اگر صاحب شعور ہو تو وہ تمام عام سے عام تر نہ ہوگی اسلئے اس احتمال کو بھی خلاف نیچر کہنا چاہئے۔

اور پھر اگر خاص سے عام کی طرف جانے کو دیکھا جاے تو یہ بھی اپنی مکمل صورت مین محض اسی احتمال مین موجود ہے کیونکہ ویدانت مین وجود کو خاص سے عام کرتے ہوئے اس عمل کو ایک

موجودی پر جاکر ٹھیرا دیا گیا ہے جس کو ذات مطلق کہتے ہین اور اس کے خلاف اس احتمال مین مرکبات سے عناصر اور عناصر سے ایتھر وغیرہ عام تر اور لطیف تر موجودات کو فرض کرتے ہوئے آخر مین ایسے عام پر پہنچ ہوئی ہے جس سے زیادہ وہ عام خیال مین نہین آسکتا یعنی عدم - اب دیکھنے والے دیکھین کہ خاص سے عام کیطرف وہ سلسلہ جاتا ہے جسمین وجود کو وجود ٹھیرایا گیا ہے یا وہ جسمین وجود کو تحلیل کرتے ہوئے عدم سے ملا دیا ہے اور پھر اس کے علاوہ ایک ایسے وجود کو مانا گیا ہے جو ہمیشہ سے یکسان رہا ہے اور رہیگا اور تغیرات کی آلایش کو اسکے ذات سے نہ مس ہوا ہے اور نہ ہوگا -

خدا کو ماننے سے انسان ذلیل ہو جاتا ہے ؟

عقلی اعتراضون کے بعد اُس اخلاقی اعتراض کا درجہ ہے جو سوامی دیکانند نے مہاتما بدھ کی طرف سے پیش کیا ہے[1] کہ خدا کو ماننا انسان کو ذلیل بنا تا ہے - کیونکہ اس سے انسان اپنے تئین عاجز جانتا ہے اور ہر کام مین ایک بیرونی طاقت کا محتاج بنتا ہے حالانکہ طاقت سب اس کے اندر ہے - پس جس قدر بدی دنیا مین ہے وہ بیشتر خدا کو ماننے کی وجہ سے ہے اس سے اُس کو وسیلہ تلاش کرنے کی عادت ہوتی ہے جس سے مذہبی پیشواؤن کا ظلم و تشدد شروع ہوتا ہے -

اس اعتراض کو ایک بڑے آدمی کی طرف منسوب کیا گیا ہے اس لیے قابل التفات ہو تو اور بات ہے ورنہ سمجھ مین نہین آتا کہ اپنی واقعی حالت کو یقین کرنے سے انسان ذلیل کیون ہو جاتا ہے اور جو ذلت واقع مین موجود ہو اُسے خدا کا انکار کرنے سے کیونکر دور کر سکتا ہے اور جو طاقت اسمین نہین ہے صرف اسکا خیال جما لینے سے کیا عزت پا سکتا ہے بیشک انسان کی فطرت مین بہت سی طاقتین ودیعت ہین اور جو لوگ اُن کو پیدا کر سکتے ہین وہ حیرت انگیز کرشمے دکھلاتے ہین لیکن جس شخص نے اُن طاقتون کی مشق نہین کی وہ واقع مین ذلیل ہے اور اس وقت اگر وہ خدا کو نہین مانتا بلکہ خود خدا ہے جب بھی ذلیل خدا ہے - پس اس وقت محض غلط یقین کرنیسے کہ مین سب کچھ کر سکتا ہون، وہ ذلت سے بری نہین ہو سکتا اور کسی واقعی فخر کا مستحق نہین ہو سکتا اور نیز جو لوگ خدا کو مانتے ہین وہ بھی ایسے شخص کو جو خدا کی دی ہوئی طاقتون کی مشق نہین کرتا ذلیل خیال کرتے ہین اور فرض سمجھتے ہین کہ جہان تک اس کو خدا نے ہمت دی ہے

[1] کتاب گیان یوگ باب ہفدہم -

دوسرے کا دست نگر نہو پس اس صورت مین خدا کو ماننے سے کیا ایسی قباحت لازم آتی ہے جو خدا کا انکار کرنیسے دور ہوسکتی ہو۔ اور آدھر ایسی بہت سی طاقتین ہین جو انسان کی فطرت مین ودیعت نہین ہین۔ انسان انسانی جسم مین رہے اور ابدالاباد تک زندہ رہے ناممکن ہے انسان انسانی جسم مین رہے اور قوانین قدرت اور بالائی طاقتون کے اثر سے محفوظ رہ سکے ناممکن ہے یہ اور بات ہے کہ انسان کو خدا یا روح کا مظہر مانکر کہا جائے کہ مرنے کے بعد وہ روح یا خدا باقی ہے اس لئے انسان بھی غیر فانی ہے کیونکہ اُس وقت اگر غیر فانی مانا جائیگا تو اُس ہستی مطلق کو مانا جائیگا نہ کہ اس پیکر خاکی کو۔ پس وہ ہستی مطلق اس پیکر خاکی مین جلوہ گر رہی اور پھر وایم وباقی رہے یہ بدھ اور دیکانند کے نزدیک بھی ناممکن ہے پس اس واقعی حالت پر یقین رکھنا کیونکر ذلت کھلانیکا مستحق ہے اور اسکے خلاف مہمل طور پر اپنے اندر سب طاقتون کا دعویٰ کرنا کہانتک قابل تحسین ہے اس وقت دیدانت یا بدھ مذہب کی بحث سے (جو گذر چکی) یک سو ہوکر جو امر واقع معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ جو طاقتین واقع مین انسان کو حاصل ہین انہی کا دعویٰ اسے زیب دیتا ہے اور انہی سے کام لینا اسکا فخر ہے اور انہی کو بیکار چھوڑنا ذلت ہے اور جہانتک کم از کم اس پیکر انسانی مین رہکر اس کی رسائی نہین ہے اُن کا دعوے فخر بیجا ہے اور ان سے عاری ہونے کا اعتراف قابل ملامت نہین اور اس پارہ مین خدا کو ماننے والے اور انکار کرنیوالے سب برابر ہین۔

حقیقت یہ ہے کہ خدا کو ماننے کا دعویٰ عملی طور پر زبان سے اُتر کر دل تک کبھی نہین پہونچ سکتا۔ جو لوگ خدا کو نہین مانتے وہ بھی اس ہستی انسانی کے ضعف سے انکار نہین کرسکتے اور ہر ایک کام جو وہ کرتے ہین اس سے ثابت کرتے ہین کہ کوئی اور طاقت یا قانون ہے جو ان کی موجودہ حالت سے برتر اور انکی موجودہ حالت پر حکمران ہے۔ کیا ہوا اگر وہ لفظاً ہر دل خوش کُن مثالون سے اپنے تئین تسلی دیتے ہین کہ صرف نام اور شکل ہے جس سے لہر سمندر سے جدا ہوگئی ہے" یا "مینے اپنی آنکھون پر خود ہاتھ رکھ کر اندھیرا کیا" پکارنا شروع کردیا ہے" ورنہ حقیقت چاہے کچھ ہو اس وقت جو کچھ موجود ہے لہر ہی کی شکل اور اسیکا نام ہے اس لیے وہ سمندر کی عظیم الشان طاقت کے ماتحت ہو اور جو پیکر انسانی

موجود ہے اسکی آنکھون پر ضرور ہاتھ رکھے ہوئے ہین اور اس لیے اس وقت اسکو کسی نور سے رہنمائی حاصل کرنے کی ضرورت ہی اور جب یہ حالت موجود ہے تو اس وقت پانی کی پتلی سی لکیر ہونے کے وقت سمندر ہونے کا دعوی اور آنکھین بند ہونے کے وقت سب کچھ دیکھنے کا فخر ہرگز درست اور بجا نہین اور یہی وہ دعوی ہے جو خدا کو ماننے والے پیش کرتے ہین فرق صرف یہ ہے کہ خدا کو نہ ماننے والے اس بالاتر طاقت کی نسبت یقین رکھتے ہین کہ وہ ہم ہی ہین مگر ہمارا تعین اس وقت موجود نہین ہوتا اور خدا کو ماننے والے اسکو "ہم" اور "مگر" وغیرہ قیود سے بھی پاک اور اصلی معنون مین برتر خیال کرتے ہین۔ پس خواہ کوئی ایسا خدا موجود نہ ہو مگر خدا ماننے والون کا محکوم ہونے کا دعوی ایسا صحیح ہے کہ منکرون کو بھی تسلیم کرنے سے چارہ نہین پس ایسے دعوی کو دوسرون کے سر لگا کر کس طرح ذلت کا باعث قرار دیا جاتا ہے۔ یہ دعوی باعث ذلت اس وقت ہوتا کہ فی الواقع انسان بقید انسانیت ہر قسم کا کمال رکھتا اور خدا کو نہ ماننے والے ان کمالون کو ظاہر کرتے ہوے دکھائی دیتے اور اس کے برخلاف خدا کو ماننے والے اپنے تئین محکوم سمجھ کر تمام طاقتون سے محروم رہتے تو اس وقت منکرین یہ کہنے کا حق رکھتے تھے کہ خدا کو ماننے سے یہ ذلت نصیب ہوئی۔ مگر جب حالت اس کے برخلاف ہے اور موجودہ کمزوری مین دونون فریق یکسان ہین تو اس سچی حالت کو تسلیم کرنا کیونکر ذلت کا باعث قرار دیا جاسکتا ہے۔

رہا یہ اعتراض کہ دنیا مین بدی محض خدا کو ماننے سے پیدا ہوتی ہے اسکا ثبوت نہین معلوم کیا ہوگا اور نہ جو لوگ خدا کو مانتے ہین وہ اس کو محض نیک اور تمام نیکیون کا سرچشمہ سمجھتے ہین اور بدی کو کوس سے دور ہونیکا باعث خیال کرتے ہین پس اس خیال کا جب پختگی سے ذہن مین قائم ہو لازمی اثر ہے کہ انسان تمام برائیون کو ترک کرے اور ہمہ تن نیکی کا طالب ہو۔ اور ہم جو اس کے خلاف بدی کرتے ہین تو اسکا سبب یہ ہوتا ہے کہ جو اعتقاد واقع مین خدا پر ہونا چاہیئے اور جو یقین نیکی کرنے سے قرب ربانی کا انسان کو رکھنا چاہیئے وہ پایا نہین جاتا۔ مثلاً انسان کو یقین ہے کہ آگ مین ہاتھ ڈالنے سے جل جائیگا اس لیے کبھی کوئی دانستہ اس فعل کا مرتکب نہین ہوتا پس اگر اسی طرح کا یقین اس عقیدہ پر ہو کہ بدی کرنے

سے خدا سے بُعد ہوگا جو سب عذابوں سے بڑھکر ہے تو انسان فی الفسنہ ہرگز بدی کا ارادہ نہ کرے پس اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حقیقت مین خدا کا یقین کامل نہ ہونیکا یا دوسرے لفظون مین خدا کا انکار کرنیکا عنصر ہے جو دنیا مین بدی کو رواج دیتا ہے نہ خدا کا یقین جیسا کہ ان اعتراض کرنیوالون کا خیال ہے وہ کہتے ہین کہ خدا کو مانکر وسیلہ تلاش کرنے کی عادت ہوتی ہے اور بیشک خدا کو ماننے والے یقین رکھتے ہین کہ ان طاقتون کا قیام جو خدا نے انسان کو دی ہین اور اُن قوانین قدرت کا انتظام جو دُنیا مین عمل کر رہی ہین سب کچھ خدا کے ہاتھ مین ہے اور اس لیئے وہ کوئی کام کرنے کے وقت اپنی تمام طاقتون کو اور تمام بیرونی اسباب کو مہیا رکھنے کے لیے خدا سے ملتجی ہوتے ہین مگر اس بارہ مین ان کے اس فعل سے کوئی اور بہتر فعل خدا کا انکار کرنے والے بھی نہین کر سکتے کیونکہ اس دُنیا مین رہکر وہ بھی تمام قوانین قدرت کے ماتحت ہین اور کسی کام کے وقت اُن کی بھی دلی آرزو یہی ہوتی ہے کہ جو اسباب اندرونی اور بیرونی اس کام کے لئے ضروری ہین وہ مہیا رہین - اور پھر خدا کو ماننے والے جس وسیلہ کی تلاش کرتے ہین اگر وہ سچے خدا کو ماننے والے ہین تو وہ وسیلہ محض خدا ہے - مذہبی پیشوا یا کوئی اور مددگار اُن کے نزدیک بھی کارساز نہین ہی اس لیے مذہبی پیشواؤن کا ظلم و تشدد جو ایمان والون کے سر تھوپا جاتا ہے وہ بھی حقیقت مین خدا کے اعتراف مین نقص رہنے کے سبب پیدا ہوتا ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ خدا کو کامل کارساز نہ ماننا اور اس کے سوا دوسرے بانیازون کو خدائی اختیار دیکر سیاہ و سفید کا مالک ٹھیرانا وہی خدا کے انکار کا بقیہ ہے جو اس قباحت کا باعث ہوا ہے - ہان دُنیا مین رہکر اپنے تمام کاروبار کے لیے اسباب کو تلاش کرنا انسان کا فرض ہے وہ چلنے کے لئے لکڑی پر سہارا لیتا ہے سیکھنے کے لیئے استاد سے مدد مانگتا ہے روحانی مشق کے لئے روحانی پیشواؤن سے تعلیم حاصل کرتا ہے اور اسی ضمن مین مذہبی پیشواؤن سے اُن کے متعلقہ فرائض مین ہدایت پاتا ہے مگر خدا کو ماننے والا ان سب چیزون کو ذریعہ گردانتا ہے اور فاعل حقیقی ہر امر مین خدا کو جانتا ہے پس اگر یہ فعل بدی پیدا کرنے کا باعث ہی تو خدا کو نہ ماننے والے بھی اس سے زیادہ کچھ نہین کر سکتے اور عالم اسباب کے قانون سے باہر ہوکر اور وسائل معینہ کو چھوڑ کر کوئی کام انجام نہین دے سکتے -

مسٹر بریڈلا کا اعتراض کہ دنیا جیسی چیز کبھی پیدا ہوتی نہیں دیکھی

مذکورہ بالا استدلال مین چونکہ جا بجا قانون علیت کا تذکرہ ہوا ہے اور ہر جگہ اس قانون کو جاری پاکر مانا گیا ہے کہ اس تمام نظام عالم کی بھی کوئی علت ہوگی اسلئے اس قانون کے متعلق مسٹر بریڈلا کا ایک اعتراض دلچسپ اور قابل غور ہے۔ اُنکا خیال[1] ہے کہ

"ہم کسی چیز کو دیکھ کر اُسکی علت اور فاعل کی تلاش اسی لیئے کیا کرتے ہین کہ اور موقع پر ہمنے اپنی آنکھ سے چیزون کو کسی فاعل کے ہاتھ سے بنتی دیکھی ہوتی ہے مثلاً جنگل مین کسی کاغذ پر تحریر لکھی ہوئی دیکھ کر کسی لکھنے والے کا یقین اِس لیے کرتے ہین کہ اور موقعون پر ہمنے لوگون کو لکھتے ہوئے دیکھا ہے۔ مگر جیسی یہ دُنیا ہے ایسی دُنیا کو ہمنے بنتے ہوئے کبھی نہین دیکھا اِس لیئے اس دُنیا کے فاعل کی تلاش عبث ہے"

اس استدلال کی قوت بیشک حیرت مین ڈالتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر بریڈلا نے ہمکو ایسے موقع پر ٹوکا ہے کہ استدلال علیت کا تمام سلسلہ درہم برہم ہوگیا ہے۔ مگر نہین معلوم یہ ہدایت جو طالبان خدا کو دی گئی ہے دیگر علوم دُنیوی کی تلاش کرنیوالون کو بھی مسٹر موصوف اسی قسم کی تنبیہ کرتے ہین یا نہین اور اگر نہین کرتے تو اس وقت اپنے فرض سے کوتاہی کرنا کیون جائز سمجھتے ہین حالانکہ وہ لوگ بھی اکثر اپنے نتائج یقینیہ اسیطرح بغیر کسی مقیس علیہ کے پیدا کیا کرتے ہین مثلاً انہون نے زمین جیسے کرہ کو کبھی گیس کی حالت مین منجمد ہوتے ہوئے آنکھ سے نہین دیکھا اور چاند جیسے ٹکڑے کو کبھی زمین سے ٹوٹتے ہوئے مشاہدہ نہین کیا۔ اور نہ نظام شمسی کو ایک دور تک پھیلے ہوئے بخار کے بادل سے بنتے دیکھا ہے اور نہ آفتاب جیسے کرہ کو زمین کو اپنی طرف کھینچنا یا زمین جیسے کرہ کا چاند کو کشش کرنا یا کسی کرہ کا پہلے جاندارون سے اور نباتات سے خالی ہونا اور پھر بتدریج آباد ہوتے جانا یا آفتاب کا حرکت کرنا اور زمین کا اُسکے گرد گھومنا نظر سے گذرا ہے۔ غرض کوئی واقعہ جو تحقیق عالم کے متعلق ہو اپنی آنکھ سے نہین دیکھا اور جہانتک افرادی یا مجموعی نظر کا تعلق ہے اس عالم کو اسی شکل پر آباد دیکھا ہے مگر باوجود اس کے

---

[1] فری تھنکرس ٹکسٹ بک صفحہ ۱۱۳ و ۱۱۴ طبع ۱۸۸۲ء

وہ ان تمام واقعات پر یقین رکھتے ہین اور یقین پیدا ہونے کی وجہ یہی ہوتی ہے کہ دنیا کے چھوٹے چھوٹے واقعات مین اس قسم کے انقلاب نظر آتے ہین پس جس طرح پر کہا جاتا ہے کہ جنگل مین پڑے ہوئے کاغذ کا لکھنے والا مانو مگر دنیا کے بنانے والا نہ مانو اس لیئے کہ ایسے بنانے والے کو دیکھا نہین اسی طرح یہان اعتراض ہونا چاہیئے کہ بخار سے پانی اور پانی سے برف بن جانے کو مانو مگر گیس سے زمین بن جانے کو نہ مانو اس لیئے کہ ایسا مشاہدہ نہین ہوا اور درخت سے پھل گرنے کو زمین کی کشش کہو مگر زمین کی حرکت کو آفتاب کی کشش نہ کہو بلکہ زمین کو حرکت کرتے ہوئے بھی نہ مانو اس لیے کہ ایسا کبھی دیکھا نہین اور کسی انسان کا کبھی منہ نظر آنے پر اور کبھی پشت دکھائی دینے پر بیشک کہو کہ وہ شخص گھوم رہا ہے مگر آفتاب کے دائرون کو سامنے آتے جاتے دیکھ کر نہ کہو کہ وہ حرکت کرتا ہے اس لیے کہ اتنے بڑے جسم کی دوری حرکت کا کبھی تجربہ نہین ہوا بلکہ جس طرح پرو فان مسٹر بریڈلا کہتے ہین کہ دنیا یونہی پیدا ہو گئی ہوگی اسی طرح یہان کہنا چاہیئے کہ زمین ہمیشہ سے یونہی آباد ہو گئی ہوگی اور حرکت بے وجہ پیدا ہو گئی ہوگی اور آفتاب کے دائرے بے سبب سامنے آتے جاتے ہونگے۔

مگر حقیقت یہ ہے کہ مسٹر بریڈلا کا اعتراض غلط ہے اور کسی بڑے واقعہ کے لیے اُسی جیسا آنکھون سے دیکھنا ضرور نہین بلکہ انسانی عقل کی ساخت ہی ایسی واقع ہوئی ہے کہ وہ کسی چھوٹے واقع کو دیکھتی ہے اسکی وجہ تلاش کرتی ہے اور چند واقعات مین وہی علت موجود پاکے ایک کلیہ بناتی ہے اور پھر اس کلیہ کو بڑے واقعات کے متعلق جاری کرنے کی شکل ہوتی ہے کہ بڑے واقعہ کی جو حالت موجود ہے اسکا اور اسکی ضد کا اور دیگر کسی قدر مخالف حالات کا تصور کرکے اپنے کلیہ قاعدہ کو جس حالت پر منطبق پاتی ہے اس کے وجود کا حکم دیتی ہے اور اسی طرح یہان تمام دنیا مین معلول کو بغیر علت کے موجود ہوتے نہین دیکھا گیا اس لیے اس کلیہ کو تسلیم کرنا پڑا اس کے بعد مختلف علتون کے مختلف اوصاف دیکھے اور ان اوصاف کے مطابق معلول مین مختلف حالات نظر آئے یون اور کلیات بنتے گئے اور ان سب کی مجموعی حالت کو مدنظر رکھ کر جب ایجاد عالم کی نسبت غور کیا تو دنیا کی موجودہ حالت اور اس کے خلاف صرف مادہ کے موجود ہونے کی حالت یا بالکل معدوم ہونے کی حالت یا ایک خدا کے قدیم ہونے کی حالت غرض اس قسم کی تمام

صورتوں کو تصور کیا گیا اور قانون علیت کو ہر حالت پر منطبق کرنا چاہا شدہ شدہ اس نتیجہ پر پہونچے کہ یہ قانون جسے مطابقت کہا جاتا ہے کہ کوئی فاعل ہو جس نے عالم کو نیست سے ہست کر دیا ہے

ثبوت باری تعالیٰ کو ضعیف کرنے کے اسباب۔

غرض جس طریق استدلال سے یہاں کام لیا گیا ہے اگر اس میں غلطی نہیں تو کہا جا سکتا ہے کہ خدا کی علمی قوت سے عالم کے پیدا ہونیکا احتمال دیگر تمام مذہبی اور غیر مذہبی احتمالوں کی نسبت زیادہ قرین عقل اور اعتراضوں سے پاک ہے اور نیز کہا جا سکتا ہے کہ موجودات عالم کا سلسلہ علت و معلول اور موجودات عالم کی ترتیب اور نظام اور خود انسان کی اندرونی طاقتیں یہ سب ملکر خیالات کا ایسا سلسلہ بناتے ہیں جو اس بالاتر ہستی کا پتہ دیتا ہے اور اس کے خلاف جس قدر اعتراض پیدا کئے جاتے ہیں ان میں جن مقدمات کو کلیہ فرض کیا جاتا ہے وہ واقع میں کلیہ کہلانے کے مستحق نہیں ہوتے مثلاً نیست کا ہست نہ ہو سکنا یا موجودات خارجی کے سوا کسی اور چیز کا تصور میں نہ آنا اور اس کے سوا اور قاعدے جو گذشتہ اعتراضوں میں تسلیم کئے گئے ہیں ثابت ہوا ہے کہ وہ واقع میں قاعدہ کلیہ نہیں ہیں۔ اور اس کے علاوہ ایک بڑی بات یہ بھی ہے کہ جو لوگ مذہب کے خلاف قلم اٹھاتے ہیں وہ اپنے اعتراضوں میں اس طرح بھی کامیاب ہوئے ہیں کہ انہوں نے دلیل ثبوت کے چند ٹکڑے کر لیے ہیں اور ان میں سے ہر ایک ٹکڑے کو جو واقع میں پوری دلیل کا ایک ایک مقدمہ ہے مکمل دلیل گردان کر ثابت کرنا چاہا ہے کہ ان دلیلوں سے خدا کا ثبوت بہم نہیں پہونچتا مثلاً سلسلہ علیت کو ایک دلیل اور نظام عالم کو دوسری دلیل اور جذبہ فطری کو تیسری دلیل ٹھیرایا گیا ہے اور پھر اعتراض کیا گیا ہے کہ اتنی اتنی بات سے مدعا ثابت نہیں ہوتا گویا کسی انسان کی طاقت کو آزمانے کے لئے اس کے دست و پا اور دیگر اعضا کو کاٹ کر ہر ایک کی جداگانہ حالت کو انسانی قوت کا معیار فرض کیا گیا ہے حالانکہ انسانی طاقت مکمل انسان میں دیکھنی چاہئے۔

مثلاً مسٹر جان سٹوارٹ مل نے علت اولیٰ کی دلیل پر انکر اعتراض کیا ہے کہ دنیا میں مادہ قائم رہتا ہے اور صرف حالات بدلتے ہیں اس لیے مادہ کے لیے کسی علت کی ضرورت نہیں اور علت

اولی کی تلاش بالکل فضول ہے مگر اتنی ہی بات سے خود اُن کو بھی اطمینان نہین ہوا۔ اور واقع مین یہان سوال پیدا ہوتا ہے کہ انقلاب حالت کی علت کیا ہوگی؟ چنانچہ اسی سوال پر انھون نے غور کیا ہے اور فرمایا ہے کہ تمام علوم جہانیہ کی متفقہ شہادت سے ثابت ہوتا ہے کہ تغیرات کی علت فورس یعنی طاقت کی کچھ مقدار اور ترتیب ہے اور اس لیئے علت اولیٰ مادّہ کو یا فورس کو کہنا چاہیئے[1] ورنہ کوئی خدا موجود نہین ہے جسے علت اولی مانا جائے۔ غرض اس نتیجہ تک پہونچ کر انھون نے اپنی طرف سے دلیل علت کو غلط ثابت کر دیا ہے حالانکہ ابھی اس دلیل سے خدا کو ثابت کرنیکا موقع ہی نہین آیا تھا بلکہ یہ ایک ابتدائی تمہید تھی جس کے بعد خیال کرنا چاہیئے تھا کہ جس قوت کو علت اولے قرار دیا جا سکتا ہے وہ قدیم ہونی چاہیئے ورنہ اُس کے لیے کسی اور علت کو تلاش کرنا پڑیگا اور پھر قوت اور مادّہ دو چیزین جداگانہ قدیم نہین ہو سکتین ورنہ دونون کا مرکب ہونا لازم آئیگا اور بقول مسٹر سپنسر ان کے اس جزو کو جو دونون مین مشترک ہے قدیم ماننا پڑیگا اور پھر قدیم قوت کو خدا مانکر دیکھنا چاہیئے تھا کہ نظام عالم کی شہادت سے اُس مین پیش بینی اور علم بھی ثابت ہوتا ہے۔ اس طرح دلیل علیت سے اس قدیم اور علیم ہستی تک پہونچ سکتے تھے جس کے علمی فورس کو وہ دنیا مین کام کرتے دیکھتے ہین اور واقع مین اُس وقت اس دلیل کی وہ قوت معلوم ہوتی جس کو اُنھون نے قلم کی ایک کشش سے اُڑانا چاہا ہے۔

اسی طرح مسٹر مل نے نظام عالم کو ایک مستقل دلیل فرض کیا ہے اور اسکو اتار چڑھاؤ دیتے ہوئے آخر مین تسلیم کیا ہے کہ "ہمارے علم کی موجودہ حالت مین یہ دلیل وجود خدا کا ایک گمان غالب پیدا کرتی ہے"۔ اور پھر فرمایا ہے کہ اور دلائل ثبوت سے اس دلیل کو کوئی قوت نہین ملتی۔ حالانکہ یہ دلیل بھی مکمل دلیل کا ایک درمیانی مقدمہ ہے اور اس کے ساتھ علت اولے کی دلیل کو ضرور خیال کرنا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ بقول ان کے فزیکل سائنس کی تمام شاخون سے ثابت ہوتا ہے کہ مادّہ کے علاوہ ایک قوت موجود ہے جو تمام تغیرات کو پیدا کرتی نظر آتی ہے اور پھر دیکھنا چاہیئے

[1] اس موقع پر باب گذشتہ مین وحدت وجود ادی کی بحث ملاحظہ ہو۔

کہ وہ قوت جسکو اِس دلیل نظام سے علیم بھی کہنا چاہیئے بدین وجہ قدیم اور یگانہ بھی ہے کہ اگر حادث ہو تو اس کے لیے اور فاعل کی ضرورت ہوگی اور یگانہ وہو تو مرکب اور حادث ٹھیریگی اور اس طرح تمام دلائل کو یکجا کرنے سے خدا اور اسکی علمی قوت کا پتہ اس سے زیادہ ملتا جس قدر صرف نظام سے اُنکو ملا ہے ۔

لامحدودیت

اِسی طرح دلائل عقلیہ کو جو موجودات حسّی سے بنائی جاتی ہین غور کرتے ہوئے یہ لوگ اعتراض کرتے ہین کہ ان سے اگر خدا ثابت ہوتا ہے تو اسکی لامحدود قوت ثابت نہین ہوتی یا یہ کہ اُس کی لامحدودیت کو ہم سمجھ نہین سکتے ۔ اور بیشک ہم خود محدود ہین ہماری نظر، ہمارا تجربہ ہماری عقل اور اس کا استدلال سب کچھ محدود ہے ۔ ہم جہان تک غور کرین اور جہان تک موجودات عالم کی مخفی سے مخفی حالات کا پتہ لگائین وہ سب محدود ہوگا اور اس لیے اُس کے فاعل کا فعل بھی جو اس وقت تک ہمارے سامنے آئیگا وہ محدود ہوگا اور غیر محدود کو ثابت کرنے کے لیے ضرور ہے کہ اُس غیر محدود اثر مشخص اور معین طور پر ہمارے پیش نظر ہو پس ہمکو اس اعتراض کے سوا چارہ نہین کہ غیر محدود کو محض استدلال عقلی سے ثابت کرنا اور منوانا ہماری قدرت سے باہر ہے ۔ مگر یہان بھی استدلال کو ناقص چھوڑنے کا جُرم کسی قدر موجود ہے کیونکہ اِس وقت صرف موجودات حسّی کو دیکھا گیا ہے اور جو قوت ان کے ساتھ جذبہ فطری کو ملانے سے پیدا ہوتی ہے اسکو نظر انداز کر دیا گیا ہے حالانکہ مذہب اور خدا کے اعتقاد کی جو حقیقت تھی وہ اسی جذبہ فطری مین پائی جاتی ہے اور موجودات خارجیہ کو دیکھنے کا صرف اسی قدر فائدہ تھا کہ جس خدا کے خدا ہونے کی آواز ہمارے بنی نوع کے ہر عالم و جاہل کے دل سے ہر ملک اور ہر زمانے مین کسی نہ کسی شکل سے پیدا ہوتی رہی ہے اور جس کو کوئی اندر بیٹھا ہوا لامحدود اور بے انت پکار رہا ہے اُس کا اعتقاد محض دل ہی مین جاگزین نہین ہے بلکہ دُنیا کے ہر ذرہ سے بھی اُسکی اپنی اپنی قابلیت کے موافق اس ہستی کا کچھ نہ کچھ نشان ملتا ہے اور اسی نشان ڈھونڈھنے کا نام استدلال عقلی ہے ۔ اس لیے موجودات حسی سے یہ امید ہی رکھنی فضول تھی کہ وہ خدا کو اس کی پوری حقیقت کے ساتھ ہمارے

سامنے جلوہ افروز کر سکین گی۔ پس جو دعوی غیر محدود ہونے کا مذہب کی طرف سے پیش ہوتا ہے وہ عقل کا نتیجہ نہین ہے بلکہ اس کو صرف ہمارے وجدان اور جذبہ مذہبی نے ہی سمجھا ہے اور ہمارے اندر اسکی جڑ ایسی مضبوط ہے کہ خواہ سمجھ مین نہ آئے اور کوئی واضح ثبوت بہم نہ پہونچے لیکن پھر بھی ان محدود اشیا اور محدود خیالات کو دیکھ کر ذہن ان سے پرے ایک غیر محدود ہستی کیطرف جاتا ہے اور اسی غیر محدود کی تلاش ہے جس کے لیے ابتدائے آفرینش سے ابتک ہزارہا طرح کے مذہبی جد و جہد ہو چکے ہین اور یہ اس کے سمجھ مین نہ آنے کا سبب تھا جس سے ہر ایک ناقص مذہب نے غیر محدود مانکر پھر اسکو کسی نہ کسی ایسی شکل مین سمجھا کہ غیر محدود محدود ہو گیا۔ اس لیے جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے اس فطری تلاش کا آخری مقام ہونا ہی یہ چاہئے تھا کہ غیر محدود مانکر اس کو غیر محدود ہی رہنے دیا جائے اور اسکی ذات اور کُنہ کو سمجھنے کی ہر ایک کوشش کو ترک کیا جائے اور صرف وہی تعلق دریافت کرنے پر اکتفا کی جائے جو ہمکو اس ذات کے ساتھ ہے کیونکہ اُس ذات کے متعلق سمجھ جہان تک جائیگی وہان تک غیر محدودیت نہ رہیگی۔ پس استدلال عقلی سے غیر محدودیت کا ثابت نہ ہونا درحقیقت اعتراض نہین بلکہ اگر عقل ایسا ثابت کر سکتی تو ایک طرح سے اعتراض ہوتا کہ وہ ذات عقل کے احاطہ مین آگئی اسلئے غیر محدود نہین ہے۔

مگر اسکی ذات یا ذات کی غیر محدودیت کو سمجھ نہ سکنے سے یہ لازم نہین آتا کہ اُس ذات کا خیال جو ہمارے ذہن مین فطرت نے ودیعت کیا ہے اس کو چھوڑ دیا جائے بلکہ ہمارا فرض ہے کہ بحیثیت عطیہ فطرت ہونے کے اُسکو ترقی دین اور دیگر نفسانی غلطیون سے پاک کر کے اُس کے حقیقی ثمرہ کو حاصل کرین اور پھر ہم جو اس کا اعتراف کرتے ہین اور دُنیا مین اسکی نظیر تلاش کرتی ہین تو اگرچہ کوئی کامل نظیر دستیاب نہین ہوتی مگر ناکمل سی نظیر پھر بھی مل ہی جاتی ہے کیونکہ ہم دُنیا کی چیزون کو دیکھتے ہین اور اپنی اور تمام گذشتہ تجربہ کرنے والون کی متفقہ کوشش سے یقین کرنے لگتے ہین کہ کم از کم اس وسیع دُنیا کے کسی گوشہ کے تمام نباتات اور ہر قسم کے حیوانات کو جان گئے ہین مگر پھر بعد مین اپنے زمانے کی نظر یا آئندہ آنے والون کی نظر کو اور نباتات اور حیوانات ایسے دکھائی

دی جاتے ہین جن کو پہلے تجربہ کرنیوالون نے نہ دیکھا تھا - اسی طرح زمین و آسمان اور اجرام علویہ کو آنکھین پھاڑ پھاڑ کر دیکھتے ہین اور سمجھنے لگتے ہین کہ ہم اس فضا کے کونے کونے سے واقف ہوگئے مگر بعد مین ثابت ہوتا ہے کہ بہت سی چیزین پہلے نظر نہ آئی تھین جو اب دکھائی دینے لگی ہین پھر ان چیزون کی اندرونی ساخت کو دیکھنے لگتے ہین کھول کھول کے اور تحلیل کر کر کے گمان کرتے ہین کہ بس اب سب کچھ معلوم ہوگیا مگر تجربہ اور آگے بڑھتا ہے تو کہتا ہے کہ ابھی تمنے دیکھا ہی کچھ نہین پھر چیزون کے خواص اور تاثیرون کو دیکھتے ہین اور ایک حد پر پہنچ کر ہمہ دانی کا دعوی کرنے لگتے ہین مگر زمانہ ثابت کرتا ہے کہ اس امتحان مین بھی فیل ہوئے اور بہت سے خواص اور تاثیرین باقی ہین جو ہمہ دانی کے وقت معلوم نہ ہوئی تھین - غرض کہنے کو کہدینا آسان ہے کہ دنیا جس کو ہم دیکھتے ہین محدود ہے مگر دنیا کے کسی ایک چھوٹے سے حصہ کو بھی یقینا محدود ثابت کر دینا بہت مشکل ہے اور ہمارے گذشتہ ناکام تجربے ثابت کرتے ہین کہ اشیاء موجودہ کی تعداد اور ان کے اقسام ان کے افراد اور ان کے خواص کوئی بھی کسی حد تک ختم نہین ہوتے اس لئے اگر اس نظام کے بنانے والے کی طاقت کو خشک منطقی استدلال سے نامحدود ثابت نہین کیا جاسکتا تو کم از کم ایسا نامحدود ضرور ماننا پڑتا ہے جس کو انسانی عقل احاطہ نہ کرسکے اور انسان کی عقل ہی وہ بڑی کائنات تھی جو جذبہ فطری کے مقابل مین کچھ چون وچرا کرسکتی ہے پس جب وہی اس کو احاطہ نہین کرسکتی تو اور کونسی طاقت ہے جس نے اسکی قدرت کو گھیر کر محدود کیا ہوا ہے اور جس سے جذبۂ فطری ہار مان سکتا ہے

مسٹر سپنسر ایک مقام پر اشیاء عالم مین سے صرف علم کو دیکھتے ہین کہ وہ محدود ہے یا غیر محدود چنانچہ لکھتے ہین کہ[1]

"اب اندرونی حالات کی طرف توجہ کرین اور اپنے علم کے درجات کو دیکھین کہ کیا ہماری واقفیت محدود ہے یا غیر محدود - غیر محدود تو کہ نہین سکتے ایک تو اس لیے کہ ہم بالواسطہ جانتے ہین کہ اسکی کوئی ابتدا ضرور تھی اور دوسرے غیر محدود کوئی ہو سمجھ سے بالاتر ہے اب اگر محدود کہین تو یہ بھی ناممکن ہے - کیونکہ اس کا کوئی کنارہ ہمارے علم مین نہین - اپنے حافظہ کو دیکھو اور خیال کی

[1] فرسٹ پرنسپلز باب سوم صفحہ ۶۱ سطر ۱۸ -

دوربین سے جہان تک پیچھے کو جا سکتے ہو جاؤ۔ تاریکی چھا جائیگی اور کچھ نظر نہ آئے گا اور نہ معلوم ہوگا کہ ہم نے کہان سے شروع کیا تھا۔ اور یہی حال انجام کا ہے کہ آیندہ کے لیے کہین ختم ہونگا ہم کو علم نہین۔ حال مین جو سب سے آخری درجہ علم موجود ہے وہ بھی ہم دریافت نہین کر سکتے کیونکہ جس درجہ کو ہم آخری سمجھین وہ حقیقت مین آخری نہین کیونکہ اس وقت ہم اسکو آخری سمجھ رہے ہین اور یہ بھی ایک علم ہے جو آخری کے بعد آیا پس آخری آخری نہ ہوا۔ اگر کوئی کہے کہ ہم اس کی حد معین طور پر جان نہین سکتے مگر بالواسطہ یہ خیال تو کر سکتے ہین کہ اسکی کوئی حد ضرور موجود ہوگی مگر ایسا نہین۔ ہم خیال بھی نہین کر سکتے کیونکہ ہمارا سلسلہ واقفیت کا انجام نہین دیکھ سکتے سوا اسکے کہ ایک اور تصور انجام کے متعلق قایم کر لیتے ہین۔ اور نیز جب کوئی کیفیت ذہنی پیدا ہوتی ہے تو اسکی نسبت ہم جانتے ہین کہ وہ پہلی حالت ذہنی کی مانند ہے یا نہین کیونکہ اگر یہ معلوم نہ ہو تو وہ کیفیت ذہنی ممتاز نہ ہوگی اور پہچانی نہ جائیگی پس اسکو علم بھی نہ کہہ سکین گے۔ اس لیئے اسکی نسبت مانند ہونے یا نہ مانند ہونے کا خیال ایک اور علم ہے جو اس کیفیت ذہنی کے بعد پیدا ہوا"

غرض یہ ہین وہ نظیرین جو اگرچہ مکمل نہین ہین مگر تاہم درجات علم اور دیگر اشیاء کو پیدا کرنے والے کی نامحدود قوت کا کچھ نہ کچھ پتہ دیتی ہین اس لیئے مذہب کا خدا کو نامحدود سمجھنا اگرچہ وجدان پر موقوف ہے مگر عقل کے رُو سے بھی ایسا نہین کہ اسکی کوئی بنیاد نہ ہو یا اس کی تردید ہو سکے ۔

باب ششم

پیدائش کے متعلق مذہبی شہادتین

وید بھگوان کی شہادت - بائبل کی شہادت - قرآن کی شہادت - اول - دوم - سوم - چہارم - پنجم - ششم

وحدت وجود کا نقلی استدلال - انسانی افعال کا خدائی افعال ہونا - خدا کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا -

ہمیشہ سے ایک نامحدود قدرت رکھنے والے وحدہ لاشریک خدا کا موجود ہونا اور ازل سے اسکے علم مین مقدر رہونا کہ ایک وقت پر وہ سلسلۂ کائنات کو عدم سے وجود مین لائیگا اور پھر اُس وقت پر اُسکی علمی طاقت سے خیالی تصویر کی طرح عالم کا وجود مین آنا بھی وہ صورت ہے جو تمام دیگر احتمالات کی نسبت وقتون سے خالی اور قرین عقل ہے اور یہی وہ صورت ہے جس پر الہامی روایات اور پیشوایان مذہب کے اقوال منطبق ہوتے ہین -

وید کی شہادت | مثلاً وید مین مذکور ہے کہ[1]

"اس پرماتما کی ناف سے درمیانی عالم پیدا ہوا - سر سے بالائی عالم اور پاؤن سے زمین ہوئی اور کانون سے سمت - اسی طرح وہ سب لوگون کو بھی پیدا کرتا ہے"

[1] یہ مضمون یجروید ادھیائے نمبر ۳۱ منتر ۱۲ کا ہے اور اگرچہ یقیناً کہا نہین جاسکتا کہ وید مقدس کا دعوی الہامیت کہان تک درست ہے مگر بحیثیت ایک مسلمان ہونے کے اس قدر ہمکو یقین ہے کہ اس سرزمین اور اس قوم مین بھی حسب ارشاد قرآنی ضرور انبیا مبعوث ہوے ہونگے - اور فرامین الٰہی کسی نہ کسی طرز مین اُن پر اُتارے گئے ہونگے اس لئے ممکن ہے کہ وید بھی اسی قسم کی کتاب ہو - خواہ بعد مین اُسکی شکل جیسا کہ بعض دیگر الہامی کتابون کی نسبت دیکھا جاتا ہے بعض جگہ یا ہر جگہ بدل گئی ہو یا شروع سے کچھ تو حسب استعداد زمانہ اور زیادہ تر مضمون کی پیچیدگی کے سبب وہ مضامین مجمل الفاظ اور پیچیدہ استعارون اور تشبیہون کی شکل مین بیان کئے گئے ہون -

اِس منتر کے الفاظ مین چونکہ خدا کو انسان کی طرح دست و پا اور دیگر اعضا سے متصف مانا گیا ہے جو یقیناً شان ایزدی کے خلاف ہی اس لیے اگر یہ الفاظ الہامی ہین تو ضرور ان کا مطلب کچھ اور ہوگا اور جو اور مطلب قرار دیا جا سکتا ہے وہ یہی ہے کہ علم خداوندی مین جو صورت اس سلسلہ کائنات کی ہوگی اسمین ضرور بلندی پستی اور اطراف وغیرہ ہون گے کیونکہ علم یا خیال مین کوئی چیز موجود ہونے کا مطلب ہی یہ ہے کہ اُس کے تمام اجزا کی ترتیب اور تصویر موجود ہے اور چونکہ وجود اُسی کی علمی طاقت سے ہوا ہے اس لیے جو صورت اُس کے علم مین ہوگی اسی کے مطابق ظہور ہوا ہوگا پس جس طرح کی مخلوق اُس کے علم مین جس جس جگہ کے لیئے مقرر ہوگی وہ سب اسی جگہ پیدا ہوئی ہوگی پس اس مضمون کو بیان کرنیکے وقت اس علمی صورت کو اطراف وجوانب رکھنے کی سبب انسان سے تشبیہ دیکر بیان فرمایا گیا ہے کہ جو شکل اس صورت کی ناف یعنی وسط مین تھی وہی درمیانی عالم کی ہے اور جو صورت بالائی جانب مین تھی وہی دنیا کی بالائی جانب کی ہوئی اور اسی طرح تمام اشیا مین اسی علمی تصویر کے مطابق ظہور پذیر ہوئین اور پھر چونکہ علم خدا کا تہا اس لئے یہ ایک استعارہ استعمال کیا گیا کہ صفت کی بجائے خود موصوف کا ذکر کر دیا گیا اور یون بیان ہوا کہ خدا کی ناف اور سر وغیرہ سے دنیا موجود ہوئی۔

اسی طرح ایک خاص منتر مین جو اشمید یگ کے آخری اشنان مین پڑھا جاتا ہے اور جس کو ویدک دھرم والے اب سندھیا کا پہلا منتر شمار کرتے ہین لکھا ہے کہ

"تہا پرے یعنی عدم محض کی حالت مین برہم ہی برہم (خدا) تھا اور پھر جب دُنیا کا آغاز ہوا تو پہلے تاریکی پیدا ہوئی اس کے بعد پانی کا سمندر پیدا ہوا ....."

اس موقع پر پہلے تاریکی کو پیدا کرنے کا ذکر ہے حالانکہ تاریکی نور کا عدم ہے اور جس وقت مین نور نہ ہو وہ خود بخود موجود ہوتی ہے اس لیے اسکو پیدا کرنیکا کوئی مطلب نہین سوا اس کے کہ اگر نور موجود بھی ہوتا تو تاریکی بھی ممتاز اور ممیز نہ ہوتی کیونکہ ہر چیز اپنی ضد ہی سے پہچانی جاتی ہے اس لیے تاریکی کی شناخت نور کو پیدا کرنے سے ہوئی ہے اور اس لئے کہہ سکتے ہین کہ اگرچہ تاریکی مخلوق نہین مگر اس کا امتیاز

مخلوق ہے اور وہ اسی وقت ہوا ہے جبکہ نور کو پیدا کیا گیا اور پھر یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ جب کسی چیز کو موجود کرنیکا خیال اور ارادہ ہوتا ہے تو اس خیال اور ارادہ کا مطلب ہی یہ ہے کہ اس کے نابود ہونے کی طرف توجہ ہوتی ہے اور خواہش ہوتی ہے کہ یہ حالت عدم دور ہو۔ غرض موجود کرنیکا پہلا قدم نابود ہونے کی طرف توجہ کرنا ہے اور چونکہ اسی توجہ سے اس کا امتیاز پیدا ہوگا اس لیے اس مضمون کو مختصراً یوں کہدیا گیا کہ سب سے اول تاریکی یعنے عدم کو پیدا کیا۔

اسی مضمون کو قرآن شریف میں صاف الفاظ میں بیان کیا گیا ہے اور ارشاد ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۝ (انعام پارہ ۷ ع ۱)	حمد کے لائق وہ خدا ہے جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور ظلمت و نور کو بنایا

یہاں پیدا کرنیکا لفظ موجودات پر استعمال کیا گیا ہے اور نور جس کا ظہور بعض موجودات کے پیدائش سے ہوا اور تاریکی جو نور کے سبب سے ممتاز ہوئی ان کو جَعَلَ یعنی بنانے کے لفظ سے تعبیر کیا گیا اور چونکہ ظلمت مقدم ہے اور اسی کی طرف توجہ کرنے سے وجود اور نور پیدا ہوا ہے اس لیے ظلمات کو نور سے پہلے ذکر کیا گیا۔

بائبل کی شہادت ایسے کہنگی کی چادر میں چھپے ہوئے جواہر کے بعد جو ید مقدس سے تلاش کرنے پر مل سکتے ہیں جس الہامی کتاب تک مجھے دسترس ہے وہ عہد عتیق و جدید ہے چنانچہ اس میں اس مضمون کو کسیقدر وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ کتاب امثال میں علمی قوت کو دانائی کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے اور اسکی زبان سے کہا گیا ہے۔

"خداوند نے اپنے انتظام کے شروع میں مجھے رکھتا تھا۔ اپنی صنعتوں سے پیشتر قدیم سے۔ میں ازل سے مقرر ہوئی۔ زمین کی پیدائش کی ابتدا سے پہلے۔۔۔۔ (باب ۸ آیت نمبر ۲۲۔۲۴ وغیرہ)

اور کتاب یوحنا کے آغاز میں یہی مضمون ہے جس میں علمی قوت کو کلام کے لفظ سے ظاہر کیا گیا ہے چنانچہ لکھا ہے کہ:۔

"ابتدا مین کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔ سب چیزین اس سے موجود ہوئین اور کوئی چیز موجود نہ تھی جو بغیر اس کے ہوئی۔ زندگی اسی مین تھی اور وہ زندگی انسان کا نور تھی...."

قران کی شہادت | قران شریف مین اس مضمون کو متعدد جگہ مختلف اسلوب سے بیان کیا گیا ہے چنانچہ

اول | ۱- مذکور ہے کہ خدا نے تمام چیزون کو پیدا کیا اور چونکہ تمام اشیا مین مادہ بھی شامل ہے اس لیئے مطلب یہی ہو سکتا ہے کہ سب کو نیست سے ہست کیا ہے۔ ارشاد ہے

بَدِيعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ (انعام پارہ ۷ ع ۱۲)
وہ آسمان و زمین کو ایجاد کرنے والا ہے۔ اس کے ہان بیٹا کیونکر ہو سکتا ہے حالانکہ اسکی ہمخوابہ کوئی نہین اور اُس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے (اور کیون نہ ہو) وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔ یہ ہے خدا تمہارا پروردگار عبادت کے لایق اسکے سوا کوئی نہین۔ وہ ہر چیز کا خالق ہے تم اسی کی عبادت کرو۔
اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱)
وہ خلق کو آغاز کرتا ہے پھر دوبارہ پیدا کرتا ہے
الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۭ (فرقان پارہ ۱۸ ع ۱)
وہ ذات ہے جس کے لیے آسمان و زمین کی بادشاہت ہے اور جس کے ہان کوئی اولاد نہین اور جسکی بادشاہت مین کوئی شریک نہین اور جس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور ہر چیز کے لئے اندازہ مقرر فرمایا ہے۔
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (مومن پارہ ۲۴ ع ۷)
یہ خدا تمہارا پروردگار ہے جو ہر چیز کا خالق ہے اور جس کے سوا کوئی لایق عبادت نہین پس تم کہان اس پر افترا باندھتے ہو
هَلْ اَتٰى عَلَي الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـــًٔا مَّذْكُوْرًا (دہر پارہ ۲۹ ع ۱)
کیا انسان پر زمانہ کا ایسا وقت نہین آیا جبکہ وہ کچھ بھی نہین تھا۔

دوم | ۲- پیدائش کے ساتھ اپنی صفت علم اور صفت ارادہ اور قدرت کو ذکر کیا ہے اور بیشک نیست سے ہست ہونے کی یہی صورت ہے کہ کس چیز کا خیال یا علم ہو اور اس کو موجود کرنے کی خواہش ہو

اور ایسی قدرت حاصل ہو۔

قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ (آل عمران پ۳ ع۵)
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
(مائدہ پارہ ۷ ع ۳)

اس نے کہا کہ اسی طرح خدا پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔

خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ
(انعام پارہ ۸ ع ۱۱)

وہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے (اور کیوں نہ ہو) خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ
(روم پارہ ۲۱ ع ۷)

اس نے ہر چیز پیدا کی ہے اور (کیوں نہ ہو) وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔

ذٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ
الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ
الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ (سجدہ پارہ ۲۱ ع ۱)

وہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے اور (کیوں نہ ہو) وہ دانا اور قادر ہے۔

يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ۝ (فاطر پارہ ۲۲ ع)

چھپی کھلی کو جاننے والا غالب اور مہربان خدا ہے جس نے ہر چیز کو خوبی سے پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کا آغاز مٹی سے کیا۔

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ
بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ (یٰس پارہ ۲۳ ع)

زیادہ کرتا ہے پیدائش میں جو چاہتا ہے بیشک خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰى وَهُوَ الْخَلَّاقُ
الْعَلِيْمُ (ایضاً)

کہدو کہ زندہ کریگا اُن کو وہ جس نے پیدا کیا تھا اُن کو پہلی دفعہ اور وہ ہر مخلوق کو جانتا ہے

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ (حمعسق پارہ ۲۵ ع)

کیا وہ ذات جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا قادر نہیں ہے کہ اُنہی جیسا پیدا کرے۔ ہاں کیوں نہیں وہ پیدا کرنیوالا اور جاننے والا ہے۔

زمین و آسمان کو پیدا کرنیوالا جس نے تمکو جوڑا جوڑا بنایا اور چارپاؤں کو جوڑا جوڑا بنایا تمکو زمین پر پھیلاتا ہے اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ (زخرف پارہ ۲۵ ع ۱)

اور اگر ان سے پوچھو کہ آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا تو کہیں گے کہ ان کو ایک غالب اور دانا نے پیدا کیا ہے۔

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (فتح پارہ ۲۶ ع ۱)

اور خدا کے لیے ہے آسمان و زمین کا لشکر اور اللہ علم و حکمت کا مالک ہے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (ذاریات پارہ ۲۷ ع ۳)

آسمان کو ہم نے اپنی قدرت سے بنایا اور ہم کو بڑی قدرت ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا

خدا وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور اسی قدر زمینیں اسکا حکم ان میں نافذ ہوتا ہے تاکہ تم جانو کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے اور اپنے علم سے ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے ہے (پیدائش کیا کہ تم کو پیدائش کے متعلق غور کرتے ہوئے اسکے علم و قدرت کا پتہ لگے)

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ (ملک پارہ ۲۹ ع ۱)

کیا جس نے پیدا کیا وہ علم نہیں رکھتا؟ حالانکہ وہ لطیف اور دانا ہے

سوئم ۳۔ مذکور ہے کہ وہ چیز کو موجود ہونے کے لیے حکم دیتا ہے اور وہ فوراً ہو جاتی ہے اور فی الحقیقت جو چیز خیال کی قوت کے ساتھ نیست سے ہست کیجائے اسمیں صرف خیال کرنا کافی ہوگا اور اس سے زیادہ کسی سامان کو مہیا کرنے کی ضرورت نہیں۔

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (بقرہ پارہ ۱۲ ع ۱)

وہ آسمان و زمین کو ایجاد کرنے والا ہے اور جب حکم دیتا ہے کسی بات کا تو کہتا ہے ہو، وہ ہو جاتی ہے۔

كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (آل عمران پارہ ۳ ع ۶)

اسی طرح خدا پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ وہ جب حکم دیتا ہے کسی بات کا تو کہتا ہے ہو، وہ ہو جاتی ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وہ وہی ہے جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور

وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ (انعام پارہ ۷ ع ۹)

جس دن کہتا ہے 'ہو' وہ ہو جاتی ہے

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَا اَرَدْنَاهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ط (نحل پارہ ۱۴ ع ۵)

ہماری بات کسی چیز کے لیے جب ہم اُس کا ارادہ کریں یہ ہے کہ ہم کہتے ہیں 'ہو' وہ ہو جاتی ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ط (یس پارہ ۲۳ ع ۵)

اُسکا حکم جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرے یہ ہے کہ وہ کہتا ہے 'ہو' وہ ہو جاتی ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ط (مومن پارہ ۲۴ ع ۶)

وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پس حکم دیتا ہے کسی بات کا تو صرف کہتا ہے 'ہو' وہ ہو جاتی ہے۔

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۢ بِالْبَصَرِ ط (قمر پارہ ۲۷ ع ۲)

ہمارا حکم صرف ایک ہے جیسے کہ آنکھ اٹھا کر دیکھ لینا۔

چہارم ۴- مذکور ہے کہ خدا سب چیزوں پر محیط ہے اور سب کو بلکہ ہر ذرہ کو جانتا ہے اور اُس کی حفاظت اُسکے لیئے دشوار نہیں ہے اور واقع میں کسی چیز کے علم اور قبضہ اور حفاظت میں دشواری جبھی ہوتی ہے کہ وہ پہلے سے موجود ہو اور دوسرے شخص کو بعد میں اس پر تصرف کرنا پڑے مگر جب تمام اشیاء کو علمی قوت سے موجود کیا جائے تو اس علم کا وجود بعینہٖ تمام اشیاء کا وجود ہے اور علم ہی کے موجود رہنے سے وہ سب چیزیں قبضۂ قدرت اور احاطہ میں رہ سکتی ہیں اور جبتک خیال یا علم میں وہ اشیاء موجود ہیں ظاہر میں بھی موجود رہ سکتی ہیں اس لیے دُنیا کا علم اور قبضہ اور حفاظت اُسکی ذات کو ہرگز دشوار نہیں۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ط (بقرہ پارہ ۳ ع ۳۲)

اس کا قبضہ آسمان و زمین پر وسیع ہے اور اسکو انکی حفاظت تھکاتی نہیں اور وہ بلند و باعظمت ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا (نساء پارہ ۵ ع ۱۶)

اور اللہ تمہارے اعمال پر محیط ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا (نساء پارہ ۶ ع ۱۸)

اور اللہ ہر چیز پر محیط ہے

وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ

اور تیرے خدا سے زمین میں اور آسمان میں ایک ذرہ

فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ (یونس پارہ ۱۱ ع ۶)	بھی مخفی نہین۔
وَمَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ (ابراہیم پارہ ۱۳ ع ۷)	اور خدا سے زمین مین اور نہ آسمان مین کوئی چیز مخفی نہین۔
وَمِنْ اٰیَاتِہٖ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِہٖ (روم پارہ ۲۱ ع ۳)	یہ اُس کے نشان ہین کہ آسمان و زمین اُسی کے حکم سے قائم ہین
یُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی الْاَرْضِ (سجدہ پارہ ۲۱ ع ۱)	وہ آسمان سے لیکر زمین تک ہر چیز کا انتظام کرتا ہے۔

پنجم | ۵ - مذکور ہے کہ زمین آسمان مین وہی ایک خدا ہے اور وہی حق ہے اور اس کے سوا تمام اشیا فانی اور زوال پذیر ہین اور وہی اول آخر، ظاہر اور باطن ہے۔ ان آیات کا مضمون بھی علمی قوت سے موجود ہونے پر بالکل منطبق ہے کیونکہ جو چیز خیال کی طاقت سے موجود ہو وہ سراسر اُس طاقت پر منحصر ہوتی ہے اور اپنے اندر کسی طرح کی طاقت اور کسی نوع کا استقلال نہین رکھتی اس لیے ایسی ہستی ذات خداوندی کے مقابل مین بالکل بے بود اور معدوم ہے پس بیان واقع ہے کہ زمین آسمان مین وہی ایک ذات حق اور دائم ہے اور جو کچھ اُس کے سوا ہے چونکہ اُس کا پیدا کردہ ہے اس لیے عارضی وجود سے متصف ہے مگر حقیقت مین فانی اور معدوم ہے اور یہی دو طرح کی حیثیت رکھنے سے اُس کے متعلق دو طرح کے خیالات ظاہر کئے جاسکتے ہین۔ چونکہ عارضی سا وجود رکھتا ہے اسلئے ذات خداوندی کو اس کے مقابل مین خیال کرکے کہہ سکتے ہین کہ اگرچہ یہ موجود ہے مگر خدا کی ذات اپنی ازلیت مین ان سب سے اول ہے اور ابدیت مین سب سے آخر ہے اور ظہور صفات مین سب سے روشن تر اور نمایان ہے اور خفاء ذات مین سب سے پوشیدہ اور چونکہ ان سب کی حقیقت عدم ہے اس لیے ان کو فانی اور ہالک اور صرف خدا کو حق اور موجود کہہ سکتے ہین۔

وَھُوَ اللّٰہُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی الْاَرْضِ یَعْلَمُ سِرَّکُمْ وَجَھْرَکُمْ وَیَعْلَمُ مَا تَکْسِبُوْنَ (انعام پارہ ۷ ع ۱)	اور وہی خدا ہے آسمان اور زمین مین وہ جانتا ہے تمہارا بھید اور ظاہر حالات اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ط (طٰہٰ پارہ ۱۶ ع ۶)

خدا بلند ہے جو مالک اور حق ہے

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ط لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ط (قصص پارہ ۲۰ ع ۹)

خدا کی ذات کے سوا سب چیزیں فانی ہیں۔ حکم اسی کا ہے اور تم اسی کی طرف واپس جاؤ گے۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (رحمٰن پارہ ۲۷ ع ۲)

دنیا کے پردہ پر جو کچھ ہے فانی ہے اور خدائے بزرگ و باعظمت کی ذات باقی رہیگی۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ط (حدید پارہ ۲۷ ع ۱)

اس کے لئے آسمان و زمین کی بادشاہت ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہ اوّل ہے۔ آخر ہے۔ ظاہر ہے۔ باطن ہے۔ اور وہ ہر چیز کا عالم ہے۔

ششم ۶۔ ایک موقع پر صفت علم سے پیدا کرنے کو ایک لطیف تشبیہ میں بیان فرمایا گیا ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ط نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ط

(نور پارہ ۱۸ ع ۵)

خدا آسمان اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال ایک طاق کی مانند ہے جس میں چراغ ہو اور وہ چراغ ایک فانوس میں ہو اور فانوس گویا ایک روشن ستارہ ہے جو چمکتا ہے ایک ایسے زیتون کے مبارک درخت کے تیل سے جو شرقی ہے اور نہ مغربی ہے اور اس کا تیل گویا جل اٹھے گو ہو خواہ اسے آگ نہ لگے۔ خدا نور پر نور ہے اور وہ ہدایت کرتا ہے اپنے نور کی طرف جسے چاہتا ہے اور خدا مثالیں بیان کرتا ہے لوگوں کی رہنمائی کے لیئے اور خدا ہر چیز کا عالم ہے۔

یہاں خدا نے اپنے تئیں ارض و سما کا نور فرمایا ہے اور پھر اپنے ظہور کو ایک مثال میں بیان کیا ہے۔

اس مثال مین ایک چراغ ہے جس سے روشنی نکلا کرتی ہے اس کے بعد فانوس ہے جس کے بیچ مین سے گذر کر نور پھیلا کرتا ہے۔ پھر طاق کا ذکر ہے جس مین فانوس رکھ دینے سے اُسکی تاریکی نور سے مبدل ہوجاتی ہے۔ پھر فانوس کی نسبت کہا گیا کہ وہ ستارہ سا چمکتا ہے اور چمکنے کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ اس کے اندر ایسا تیل جلتا ہے جو اپنی نورانیت کے سبب کسی بیرونی آگ سے روشن ہونے کے بغیر جل اُٹھنے کے قابل ہے اور وہ ایسے درخت کا تیل ہے جو مشرق یا مغرب کسی سے تعلق نہین رکھتا اس مثال کو دیکھنے کے بعد جب پیدائش کائنات کی اس صورت کو دیکھا جاتا ہے جو عقل کے مطابق ہے اور الہامی نوشتون سے مفہوم ہوتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثال اُس صورت پر بالکل منطبق ہے کیونکہ دُنیا خدا کی قدرت کاملہ سے ظہور پذیر ہوئی ہے اور صفت علم وہ واسطہ ہے جس مین ہوکر قدرت کا ظہور ہوا ہے اور عدم وہ حقیقت ہے جس کو قدرت نے نور وجود سے مُنوّر کیا ہے اس لئے قدرت خداوندی منبع وجود ہونے کے سبب چراغ ہے اور علم پھیلنے نور کا راستہ اور ذریعہ ہونے کے سبب فانوس کی مانند ہے اور عدم اصل مین تاریک اور قدرت سے مُنوّر ہونے کے سبب طاق سی مشابہت رکھتا ہے۔ اور پھر صنعت علم جو ایسی روشن چیز ہے کہ کوئی ذرّہ اس سے مخفی نہین تو اسکی وجہ یہی ہے کہ وہ ایک قادر و قوی خدا کا علم ہے اس لیئے اگر یہ فانوس ہے تو اس کے اندر جلنے والا تیل وہی قوت و قدرت کا اثر ہے اور اگر اس کو تیل کہین تو جس زیتون کا یہ تیل ہے وہ ذات خداوندی ہے جو مشرق مغرب وغیرہ تمام طرفون سے اور تمام جسمانی لوازم سے پاک اور برتر ہے اور پھر علم اگر نور ہے تو ذات خداوندی جو اس نور کا منبع ہے اس سے برتر ہے اس لئے وہ "نُورٌ عَلٰی نُوْرٍ" ہے۔ غرض وہی مضمون جس کے مختلف مدارج مختلف اسلوبون سے گذشتہ آیتون مین بیان کیے گئے تھے اس آیت مین اُن تمام مدارج کو ایک تشبیہ مین ادا کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ زمین و آسمان کی حقیقت عدم ہے اور حقیقی اور واقعی وجود وہی خداوندی ہے جس نے اپنی قدرت اور علم سے اُن کو نیست سے ہست کیا۔

علامہ محی الدین ابن العربیؒ جو وحدت وجود کے امام ہین اپنی تفسیر مین یہان طاق سے جسم انسان اور فانوس سے روح انسان مُراد لیتے ہین لیکن حقیقت یہ ہے کہ عقیدہ وحدت وجود کے مطابق

شجر و حجر سب کچھ اسی ایک ذات کی مختلف شانین اور شکلین ہین۔ پس اگر وہ ذات چراغ ہے تو پھر فانوس یعنی روح بھی خود ہی ہے اور طاق یعنی جسم بھی خود ہی ہے اور اس آیت مین یہ نہین کہا گیا کہ وہی چراغ فانوس اور طاق بن گیا ہے بلکہ اس کے نور کو فانوس مین سے گذر کر طاق کو روشن کرتے ہوئے مانا گیا ہے اس لیئے اگر یہان روح اور جسم ہی مراد ہو تب بھی اس تشبیہ سے نتیجہ وحدت وجود کے مطابق نہین نکل سکتا بلکہ یون کہنا چاہیئے کہ جس طرح چراغ بعینہ فانوس اور طاق نہین بن جاتا بلکہ ایک کے اندر سے دوسرے کو روشن کرتا ہے اسی طرح خدا روح اور جسم نہین بنا بلکہ روح کی وساطت سے جسم کو قوت اور حیات بخشتا ہے اس لیے اس تشبیہ سے انکی تفسیر کے مطابق بھی وحدت وجود کی تردید ہوتی ہے نہ تائید۔ بلکہ آخر مین وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ فرمانے اور اللہ اور شے اور علم کا ذکر کرنے سے ایما ہوتا ہے کہ اس آیت کی تفسیر ذات خداوندی اور صفت علم اور اشیاء موجودہ کے تعلق سے ہونی چاہیئے اور ہمنے دیکھا کہ اسی صورت مین آیت کا مضمون منطبق ہوتا ہے۔

وحدت وجود کا نقلی استدلال

علمائے وحدت وجود نے مذکورہ بالا آیت نور کے علاوہ منجملہ آیات گذشتہ کے بعض اور آیتون سے بھی وحدت وجود کا خیال اخذ کرتے ہین۔ مگر ہمنے دیکھا کہ تمام آیات مذکورہ کا مضمون پیدائش کے خیال پر بالکل منطبق ہوتا ہے اور اکثر آیات مین علم و قدرت کے ذکر سے علمی قوت اور اسکی ایجاد کی طرف ایما ہوتا ہے اور بعض آیات مین پیدائش کا مضمون بصراحت مذکور ہے اس لیئے بعض آیات کو تاویل سے وحدت وجود پر منطبق کرنا زبردستی ہے۔ مگر تاہم بعض ایسی آیتین جو اوپر ذکر نہین ہوئین اور جن سے مسئلہ وحدت وجود ثابت ہونیکا دعوی کیا جاتا ہے انکی نسبت غور کرنا باقی ہے چنانچہ وہ ان آیتون سے اپنے مدعا کو ثابت کرنا چاہتے ہین۔

وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ (نسا پارہ ۵ ع ۱۱)	جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے بیشک خدا کی اطاعت کی۔
فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (انفال پارہ ۹ ع ۲)	تمنے انکو قتل نہین کیا بلکہ انکو خدا نے قتل کیا ہے اور جب (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمنے (انپر تیر چلائے ہین تو تمنے نہین چلائے بلکہ خدا نے چلائے ہین

إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ط (فتح پارہ ۲۶ ع ۱)

بیشک جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہین وہ خدا سے بیعت کرتے ہین - ان کے ہاتھ پر خدا کا ہاتھ ہے -

وَلِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ط (بقرہ پارہ ۱ ع ۱۴)

مشرق اور مغرب خدا ہی کے واسطے ہے - تم جس طرف منہ کرو خدا تمھارے سامنے ہوگا -

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ط (ق پارہ ۲۶ ع ۲)

بیشک ہمنے انسان کو پیدا کیا ہے اور ہم جانتے ہین جو خیال اسکے دل مین گذرتا ہے اور ہم اس سے شہ رگ سے زیادہ قریب ہین -

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ط (حدید پارہ ۲۷ ع ۱)

اور وہ تمھارے ساتھ ہے تم کہین بھی ہو - اور اللہ تمھارے اعمال کو دیکھتا ہے -

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ط مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ط إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ط (مجادلہ پارہ ۲۸ ع ۲)

کیا تو نہین دیکھتا کہ خدا آسمان و زمین کی ہر ایک چیز کو جانتا ہے کوئی مشورہ نہین ہوتا جسمین تین شخص ہون اور خدا انکے ساتھ چوتھا نہ ہو - یا پانچ شخص ہون اور خدا انکے ساتھ چھٹا نہ ہو یا اس سے کم زیادہ ہون اور وہ ان کے ساتھ نہ ہو - وہ کہین بھی ہون - پھر خدا قیامت کے دن انکو ان کے اعمال سے آگاہ کریگا - کیونکہ خدا ہر چیز کا عالم ہے -

انسانی افعال کا خدائی افعال ہونا

یہان پہلی تین آیتون مین ایک انسان کی اطاعت کو خدا کی اطاعت - انسانی فعل کو خدا کا فعل اور انسانی ہاتھ کو خدا کا ہاتھ کہا گیا ہے - اور چوتھی آیت مین خدا کا ہر جگہ ہونا اور باقی تین آیتون مین خدا کا سب کے ساتھ ہونا بیان کیا گیا ہے جس سے گمان ہوا ہے کہ خدا اور مخلوقات کی حقیقت ایک ہونے کے سبب ایسی یگانگت اور معیت ظاہر کی گئی ہے - مگر اصل مین یہان جن انسانون کے اوصاف و افعال کو خدا کے اوصاف و افعال کہا گیا ہے

وہ وہی لوگ ہین جن کو مقربان الٰہی مانا گیا ہے چنانچہ صرف رسول علیہ السلام کی نسبت ارشاد ہوا ہے کہ اس سے بیعت کرنا خدا سے بیعت کرنا ہے اور اسکی اطاعت خدا کی اطاعت - یا رسول علیہ السلام اور اُن کے رفیقون کی نسبت کہا گیا ہے کہ قتل وغیرہ جو اُن کے ہاتھ سے سرزد ہوا ہے اُس کا فاعل حقیقت مین خدا ہے - پس اگر اُس بیگانگت کا باعث یہی ہے کہ ان سب مین ذات خداوندی کا ظہور ہے تو وحدت وجود کے مطابق صرف نیک بندے نہین بلکہ ہر چیز خدا کی ایک شان ہے اِس لیئے ہر مومن و کافر بلکہ ہر چرند و پرند کا فعل خدا کا فعل ہونا چاہیئے اور اس لیئے مقربان الٰہی کی کچھ خصوصیت نہ رہتی اور رسول کی اطاعت کرنے والون کے لیئے یہ تعریف کا موقع نہ ہوتا کہ وہ خدا کی اطاعت کرتے ہین کیونکہ رسول کو خدا کا نام لینے پر مارنے کے لیے جو لوگ اپنے حکام کی اطاعت کرتے تھے اُن کی اطاعت بھی معاذ اللہ خدا کی اطاعت ہوتی ہے اس لیے کہ رسول کو مارنے کا حکم دینے والے اور مارنے والے بھی ذات خداوندی ہی کے مظہر ہین پس ضرور ہے کہ یہان جو مقربان خدا کے افعال کو خدا کے افعال کہا گیا ہے تو اسکی وجہ وحدت وجود کا مسلک ظاہر کرنے کے سوا کچھ اور ہے اور وہ وجہ یہی ہے کہ جو شخص حاکم وقت کیطرف سے کوئی حکم سناتا ہے اُسکی آواز گو اُسکے مُنہ سے نکلتی ہے لیکن حقیقت مین وہ حاکم وقت کی آواز ہوتی ہے اور جو لوگ ایسے حکم کی اطاعت کرتے ہین اور اس حکم کو بجا لاتے ہین وہ حقیقت مین اس کہنے والے کی اطاعت نہین کرتے بلکہ حاکم کی اطاعت کرتے ہین - اسی طرح یہان جو شخص خدا کے احکام سناتا ہے اور اپنی طرف سے کچھ نہین کہتا اُس کے الفاظ بھی حقیقت مین خدا کے الفاظ ہین اور جو لوگ اُسکی اطاعت کا حلف اُٹھاتے ہین اور اُس سے بیعت کرتے ہین وہ حقیقت مین خدا کی اطاعت کا حلف اُٹھاتے ہین اور خدا ہی سے بیعت کرتے ہین اور اس وقت گو پیغمبر کا ہاتھ بیعت لے رہا ہے مگر اصل مین خدا کا ہاتھ ہے جس ہین وہ لوگ اپنا ہاتھ دیتے ہین کیونکہ رسول محض ایک واسطہ ہے اور اصل تعلق مخلوق اور خالق کا ہے -

اور علیٰ ہذا جب رسول اور اُن کے رفقا خدا کا نام لینے پر ستائے جاتے ہین اور وہ خدا کے حکم سے ستانے والون کے خلاف ہاتھ اُٹھاتے ہین تو چونکہ یہ فعل محض حکم خدا سے ظہور پذیر ہوا ہے اور اُن کی

ذاتی غرض اس کشت و خون سے وابستہ نہین ہے اس لیے یہ کہنا بالکل درست ہی کہ یہ عمل انکی طرف سے نہین بلکہ خدا کی طرف سے ہے۔ غرض جو افعال و خواص اسوقت خدا کی طرف منسوب کیے گئے ہین اُن کا ظہور واقع مین خدا کی جانب سے تھا اور انسان ان کے ظہور کے لیے ایک آلہ اور واسطے سے زیادہ نہ تھا اس لئے بحیثیت آلہ ہونے کے اُس فعل کو انسان کی طرف اور بحیثیت فاعل ہونے کے خدا کی طرف نسبت کرنا بالکل صحیح ہے مگر جس طرح ایسا فعل سرزد ہونے سے گماشتہ حاکم نہین بن جاتا اور تلوار سپاہی نہین بن سکتی اسی طرح انسان ایسے فعل سے خدا نہین ہو سکتا۔

خدا کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا | البتہ وحدت وجود کا خیال جب ظاہر ہوتا کہ بالعموم ہر چیز کی ماہیت خدا بتائی جاتی اور ہر چیز کے فعل کو خدا کا فعل کہا جاتا مگر قرآن مین ایسا نہین اور ہمنے دیکھا کہ باقی چار آیتون مین جہان بالعموم تمام انسانون کا ذکر ہے وہان خدا کو ہر جگہ موجود اور سب کے ساتھ کہا گیا ہے نہ سب سے متحد۔ اور ہر جگہ موجود اور سب کے ساتھ ہونے کی صورت ظاہر ہے۔ اول تو وہی جو مذکورہ بالا سورۂ ق کی آیت مین پہلے ہی بیان کی گئی ہے کہ دُنیا خدا کی مخلوق ہے اور اس لیے وہ خدا کے علم سے موجود ہوئی ہے اور اسی کے علم کے ساتھ قایم ہے پس جس طرح پر کسی چیز کا کامل علم ہونے پر عام محاورہ مین کہتے ہین کہ فلان شخص فلان واقعہ کو ایسا جانتا ہے گویا وہان خود موجود ہے یا گویا اُسکی آنکھ کے سامنے ہو رہا ہے اسی طرح ہر ذرہ کا کامل علم ہونے کے سبب کہ سکتے ہین کہ خدا ہر جگہ موجود ہے۔ بلکہ جب انسان کو اپنی ذات اور اُس کے تمام تعلقات کا ایسا علم نہین جیسا کہ خدا کو ہے تو کہہ سکتے ہین کہ انسان خود اپنی ذات سے ایسا قریب نہین جس قدر خدا اس سے قریب ہے۔ اور دوسرے اگرچہ ذات خداوندی انسان کے فہم سے بالاتر ہے اور اس لیے اُسکے موجود ہونے کی کیفیت بھی ہم سمجھ نہین سکتے مگر اس قدر یقینا کہہ سکتے ہین کہ کسی ایک جگہ موجود ہونا اور دوسری جگہ موجود نہ ہونا اُسی چیز کا خاصہ ہے جو معین عرض و طول رکھتی ہو اور ایک مقام تک جاکر ختم ہو جاتی ہو اور ایسی چیز وہی ہوتی ہے جو جسم رکھتی ہو اور ذات خداوندی جسم اور عوارض جسم سے پاک ہی اس لیے وہ اگر موجود ہے تو کسی مقام تک محدود نہین ہو سکتی اور نہ اپنے وجود کے لیے مقام اور جگہ کی محتاج ہو سکتی ہے پس ذات خداوندی کی نسبت یہی کہہ سکتے ہین کہ وہ ہر جگہ

حاضر و ناظر ہے گو ہم نہین جانتے کہ وہ کس طرح موجود ہے۔

اب اگر کہا جاے کہ جس جگہ پر مخلوقات کا سلسلہ قائم ہے اسی جگہ خدا کی ذات بھی موجود ہو تو ضرور ہے کہ دونو ایک ہونگی کیونکہ ایک فضا مین دو موجود نہین سما سکتے تو جواب یہ ہے کہ ایک فضا مین دو جسمانی وجود بیشک نہین آسکتے لیکن ایسے دو وجودون کا ایک فضا مین موجود ہونا جن مین سے ایک جسمانی اور دوسرا غیر جسمانی ہو محال نہین۔ مثلاً مادہ کے اندر جو عرض و طول رکھتا ہے قوت کو موجود مانا جاتا ہے جو جسم نہین رکھتی اور ان کے اس طرح موجود ہونے سے دونو کا ایک ہونا لازم نہین آتا اور قوت تو پھر بھی نہایت لطیف ہے ایتھر جو اس سے کم لطیف ہے خیال کیا جاتا ہے کہ وہ بھی اسی فضا مین موجود رہ سکتا ہے جہان کوئی مادی جسم موجود ہو۔ پس خدا جو ہر طرح کے لوازم جسمانی سے پاک و برتر ہے کائنات کے ساتھ موجود ہو تو بطریق اولے دونو کا متحد ہونا لازم نہ آئیگا۔

باب (۱۰) دہم

خیر و شر اور تقدیر

خیر و شر کے تعلق مختلف رائین۔ شر اذیہ یا مرض کیطرف سے ہے۔ شر خواہش وجود سے پیدا ہوتی ہے۔ بدی کی اصلیت عدم ہے نیچر کی بعض برائیان اور انکی اصلیت۔ نیچر کی اور برائیان۔ بدی مادہ کی ترقی سے درجہ بدرجہ کم ہوتی جاتی ہے۔ عدم سے ہست کی طرف آنے مین ترقی بتدریج ہوتی ہے۔ عدم سے وجود مین آنے کی رفتار بھی اسی طرح تدریجی ہے اور ہر حال مین عدم کا اثر یعنی بدی نمایان رہتی ہے۔ بری پہلی جون کا پھل ہے یا بدی حقیر ہے۔ ان خیالات مین سے بعض کو بعض پر ترجیح ہے۔ تدریجی ترقی کے سوا عقل کوئی اور صورت پیش نہین کر سکتی۔ ابھی سوال حل نہین ہوا۔ کیون کا جواب ایک موقع پر کیون کا جواب دینا ضرور ہوتا ہے۔ ایک اور موقع پر کیون کا جواب دیا نہین جا سکتا۔ ایک اور موقع پر خاص حد تک کیون کا جواب ہو سکتا ہے۔ خیر و شر کی وجہ نہ معلوم ہونے سے وجود باری کا یقین زایل نہین ہوتا۔ سب کچھ مشیت ربانی سے ہوتا ہے۔ خدا نے نیک اور بد دونو رستے بنائے ہین۔ اسی مین حکمت ہے۔ خدا نے ہر کیفیت مین ترقی کی قابلیت

یکھی ہے جس کیفیت کے اسباب موجود ہون اُس کے خلاف نہین ہوسکتا۔ خدا نے سوسائٹی کو توجہ پیدا کرنے کا ایک سبب قرار دیا ہے۔ خدا نے سوسائٹی کو نیک اور بد و نوترقیون کا باعث گردانا ہے۔ ہدایت اور ضلالت خدا کی طرف سے ہے۔ خدا کے علم مین سب کچھ ہے۔ خدا نے انسان کو قوت فیصلہ عطا کی ہے۔ انسان نہ مجبور محض ہے نہ مختار کامل انسان کو مختار کامل اور مجبور محض سمجھنا دو نو خیال غلط ہین مگر پہلے خیال مین غلطی بہت ہی اور دوسرے خیال مین نقصان زیادہ ہے۔ جبر و اختیار کی نسبت مزید غور۔ رحم اور غضب۔ خدا کا غصہ۔ رحم کی تعریف۔

الہامی نوشتون سے مضمون پیدائش کو ثابت کرنا ایک جملہ معترضہ تھا اس سے پہلے جو کچھ مذکور ہوا ہے اگر وہ صحیح ہے تو ثابت ہوتا ہے کہ خدا کا ازل سے موجود ہونا اور کائنات کا اسکی قدرت کاملہ سے وجود مین آنا یہی ایک مسئلہ ہے جس تک پہونچنے سے عقل کو تسکین حاصل ہوتی ہی اس لیئے جس مذہب مین تعلیم ہو وہی قابل ترجیح ہونا چاہیئے۔ مگر یہان پہونچکر سوال ہوتا ہے کہ خدا کی ماہیت کیا ہے اور اُسکی مخلوق مین ایسے آثار کیون ہین جن کو ہم بُرا خیال کرتے ہین۔ ان دو نو سوالون کا جواب مذہب کی طرف سے دیا گیا ہے۔ چنانچہ ایک طرف خدا کو قابل فہم بنانے کے لئے اپنے اپنے وقت کی استعداد کے موافق کنکر پتھر سے لیکر برگزیدہ انسانون تک کسی نہ کسی کو کسی نہ کسی حد تک خدا ٹھیرایا گیا ہے۔ اور دوسری جانب نیکی اور بدی کی علت دریافت کرنے کے مختلف دعوی کئے گیئے ہین مگر مقام مسرت ہے کہ مذاہب کی پہلی کوشش یعنے خدا کو قابل فہم بنانے کی تجویز جو یقینًا انسانی آمیزشون کا نتیجہ تھی نابود ہوتی جاتی ہے اور کہا جاسکتا ہے کہ توحید کے ایک دل آویز ترانہ کے بعد جو چند صدی پہلے ایک خاص سمت سے سنائی دیا تھا زمانہ نے ایک ایسا رُخ بدلا ہے کہ نہ صرف دو تین خدا ماننے والون مین بلکہ کروڑون معبودون کی بھینٹ چڑھانے والون مین غرض دُنیا کے قریبًا تمام بڑے مذہبون مین توحید کی جانب عام میلان ہوگیا ہے۔ اور اگرچہ ابھی جا بجا پہلی غلط کاریون کے مختلف آثار باقی ہین مگر ایسے فرقے بالعموم موجود ہین جو توحید کا کسی نہ کسی حد تک اعتراف کرتے ہین اور اس مسئلہ کے متعلق سب متفق نظر آتے ہین کہ اگرچہ عقل کو خدا کی ماہیت دریافت کرنیکا اشتیاق ہے مگر اُس کی کنہ یقینًا عقل کی گرفت سے باہر ہے اور انسان اُس کو سمجھنے سے عاجز ہے۔ اور اگرچہ

ایسے لوگ اپنی اپنی الہامی کتابون سے توحید کا مسئلہ نکالنے کا دعوی کرتے ہین اور ضرور ہے کہ ہر ایک الہامی کتاب مین اپنے زمانہ کے موافق کسی نہ کسی پیرائہ مین توحید کی تعلیم ہوگی مگر مجھے یقین ہے کہ اُن الفاظ سے توحید کا مطلب سمجھنے کی توفیق جبھی ہوئی ہے کہ کسی نے (فداہ ابی وامی) انکی تفسیر کا غلغلہ صاف اور واضح الفاظ مین بلند کیا۔ اور گذشتہ ابواب مین دیکھا جاچکا ہے کہ تمام مذہبی احتمالون کا حقیقت توحید سے کس قدر تفاوت ہے اور ابھی ان مین کیا نقص باقی ہین جن کو دور کرنا چاہیے۔

خیر و شر کے متعلق مختلف رائین

اب ہم دیکھتے ہین کہ مذاہب عالم اس دوسری کوشش مین کہان تک کامیاب ہوئے ہین اور دنیا مین نیکی بدی موجود ہونے کا سبب کہان تک دریافت ہوسکا ہے۔

شر مادہ یا روح کی طرف سے ہے۔

اس بارہ مین ایک وہ احتمال ہے جس مین خدا کے ساتھ مادہ کو یا مادہ اور روح دونو کو قدیم مانا گیا ہے اور ایسا احتمال پیدا کرنے والے دنیا کی تمام برائیون کو مادہ یا روح کی طرف منسوب کرتے ہین اور کہتے ہین کہ جس طرح روح اور مادہ غیر مخلوق اور قدیم ہین اسی طرح اُن کے خواص اور خواہشین بھی قدیم ہین اور اسی لیے ان سے نیک اور بد افعال سرزد ہوتے ہین اور ان پر نیک اور بد نتائج مرتب ہوتے ہین۔

شر خواہش وجود سے پیدا ہوتی ہے

اور ایک احتمال مہاتما بدھ کی طرف سے پیش کیا گیا ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ[1]

"بدھ مذہب کی تمام شاخون کا متفق علیہ عقیدہ ہے کہ غم کی پیدائش اور تشخص کی پیدائش بالکل ایک ہے۔ غم حقیقت مین نتیجہ اُس کوشش کا ہے جو کوئی فرد اپنے تئین باقی موجودات سے جداگانہ قایم رکھنے کے لیے کرتا ہے۔ حالانکہ ترکیب و تحلیل کے عام قانون سے انسان اور فرشتے کوئی مستثنے نہین۔ قوتون کا وہ مجمع جو کسی موجود کو ترکیب دیتا ہے جلدی یا دیر مین منتشر ہوجائیگا اور اس انتشار مین توقف ڈالنے کی کوشش ہی وہ چیز ہے جس سے تمام قسم کے غم اور ہر طرح کی تکالیف پیدا ہوتی ہین جونہی کوئی فرد باقی موجودات مین سے جدا ہوتا ہے (یعنی پیدا ہوتا ہے) مرض زوال اور موت اُس پر

[1] کتاب ریلیجس سسٹمز آف دی ورلڈ۔ پروفیسر ٹی ڈبلیو رہس ڈیوڈز کا مضمون دربارہ مذہب بدھ۔

عمل کرنے لگتے ہین - غرض جہان تشخص ہے وہان ضرور حد ہوگی اور جہان حد ہے وہان جہالت ہوگی اور جہان جہالت ہے وہان غلطی ہوگی اور جہان غلطی ہے وہان غم ہوگا - جونہی کوئی فرد موجود ہونے لگتی ہے بیرونی دنیا اس پر اسکے چھ حواس کے رستہ سے اثر کرنے لگتی ہے اور اس سے حواس کو تحریک ہوتی ہے اور اس تحریک سے محبت یا نفرت کے خیالات موجزن ہوتے ہین اور ان آرزوؤن کو برلانے کی خواہش پیدا ہوتی ہے - مگر اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس فرد کے لیئے آرزوؤن کا پورا کرنا ناممکن ہوتا ہے یعنی جس کو چاہتی ہے اس سے مل نہین سکتی اور جس سے نفرت ہے اس سے بچ نہین سکتی اور تغیر قطع دبدہ اور بالآخر موت سے گریز نہین کر سکتی اور یہ سب کچھ لازمی نتیجہ اس کوشش کا ہے جو اپنی جداگانہ ہستی اور اپنے تشخص کو برقرار رکھنے کے لیئے کی جاتی ہے "

اس تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ سب تکلیفین اور تمام برائیان وجود خارجی کے سبب سے ہین اور ان سے نجات جبھی ہوسکتی ہے کہ وجود کی خواہش کو دور کیا جائے اور اس توجیہ کی نسبت پروفیسر ڈیوڈز لکھتے ہین کہ ان تمام کوششون مین جو اس موضوع کے لیئے کی گئی ہین اگر یہ سب سے زیادہ مکمل نہین تو سب سے زیادہ چسپان ضرور ہے -

بدی کی اصلیت عدم ہے | اس کے بعد وحدت شہود والون کا خیال ہے جو بدی کی وجہ ایک لطیف طرز ادا سے بیان کرتے ہین چنانچہ وہ کہتے ہین کہ

نیچر کی بعض برائیان اور ان کی اصلیت | " بدی موجود ہونے کا سبب تلاش کرنے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس بدی کو جس کا ہونا معیوب خیال کیا جاتا ہے اور اسکی نیچر کو دیکھا جائے چنانچہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک بدی کی نیچر مین داخل ہے کہ وہ کسی چیز کو عدم کی طرف لیجانے کی کوشش کرتی ہے اگر زہر انسان کو مارتا ہے یا ایک انسان دوسرے انسان کو قتل کرتا ہے تو ظاہر ہے کہ وہ اپنی طاقت کے موافق اس کو عدم کی طرف لے چلتا ہے - اور اگر کوئی شخص کسی کی موت پر حملہ کرتا ہے یا اس کے مال کو غبن کرتا ہے تو اگرچہ ظاہر مین وہ کسی چیز کو عدم کیطرف نہین لے جاتا مگر ان چیزون کو ان کی مناسب جگہ سے ضرور معدوم کرتا ہے - اور نیز اکثر حالات مین موت کو دور کرنا یا مال چرانا انسان کو عدم کی

طرف لیجانے کا بھی باعث ہوتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جس قدر روحانی یا جسمانی برائیاں انسان مین موجود ہین اُن سب مین کم و بیش کسی چیز یا کسی حالت کو معدوم کرنا پایا جاتا ہے۔ اگر اپنے جرم کو چھپانے کے لیے مکر و فریب کیا جاتا ہے تب بھی اُس نتیجہ کو معدوم کرنا مقصود ہوتا ہے جس کا ظاہر ہونا مناسب نہیں اور اگر کسی کی طرف سے جھوٹی شہادت دی جاتی ہے تو اس صورت مین بھی اُس شخص کے لئے دوسرے کے حق کو زائل کرنا مقصود ہوتا ہے اور علیٰ ہذا اگر جسم مین کوئی بُرائی یا عیب یا مرض موجود ہے تو وہی کسی ایسے عضو یا ایسے وصف کا معدوم ہونا ہے جو جسم کے لیے ضروری یا کم از کم شان پیدا کرنے کا باعث ہے۔ اور یہی حال ان تمام برائیون کا ہے جو حیوانات مین پائی جاتی ہین کہ سب ان کو عدم کی طرف لے جاتی ہین۔ اور انسان مین تو پھر بھی بعض برائیان ظاہر مین کسی چیز کو عدم کی طرف لیجاتی ہوئی نظر نہین آتین مگر حیوانون مین اتنا پردہ بھی نہین اور وہ سب براہ راست دوسرے کو معدوم کرنے کی کوشش کرتے ہین۔ اور مسٹر مل کے یہ الفاظ[1] بالکل درست ہین کہ "حیوانات کا بہت بڑا حصہ دوسرے حیوانات کو پھاڑنے اور نگلنے پر زندگی بسر کرسکتا ہے" اور یہ بڑا حصہ بھی بڑے حیوانات مین پایا جاتا ہے جو دوسرے حیوانات سے ترقی یافتہ ہین اور جنمین سے اکثر انسان سے مانوس ہوسکتے ہین ورنہ چھوٹے درجہ کے حیوانات بقول مسٹر موصوف کے "یا نگلنے والے ہین یا نگل جانے والے" اور نیز "وہ ان ہزارہا برائیون کا شکار ہین جن کے سبب وہ اپنی حفاظت کے اسباب سے محروم ہوجاتے ہین"

نیچر کی برائیان

غرض یہ ہین وہ برائیان جن کے سبب کی تلاش ہے اور یہ ہے انکی نیچر کہ وہ سب عدم کی طرف لیجانے کی کوشش کرتی ہین۔ مگر ابھی نیچر کی برائیان شمار کرنے مین کوتاہی ہوئی ہے کیونکہ حیوانات سے نیچے کے درجون مین بھی بہت سے عیوب موجود ہین مثلاً حیوانات کے نیچے نباتات ہین اب اگر صرف نباتات ہی مدار زندگی ہوتین تو پیدا کرنے والا صرف چند ابتدائی کیڑون پتنگون کو ہی پیدا کرسکتا جو نباتات پر بسر کرسکتے ہین اور یہ جانورون کا لاتعداد سلسلہ جن مین ایک کی زندگی بہت کچھ دوسرے جانورون پر منحصر ہے ہرگز وجود مین نہ آتا اور اگرچہ ظاہر مین بہت سے بڑے حیوانات بھی صرف نباتات پر گذر کرتے ہین مگر علمی تحقیقات ثابت کرتی ہے کہ تنفس اور بدنی مسامات کے ذریعہ سے بلکہ پانی کے

[1] ایضاً ص ۹۵ و ۹۶

ہر گھونٹ مین یہ جانور بیشمار جاندار مخلوق کو ہضم کرتے ہین۔ اس لیے صرف نباتات مین جو دولت ہے اسی کو موجود مان کر سوا چند پتنگون کے اور سب جاندار محروم رہتے۔ یہ تو نباتات کا وہ بڑا نقص ہے کہ وہ اپنی نیچر سے تمام جاندارون کو معدوم رکھنا چاہتی ہین اور اس کے علاوہ بہت سی دوسری باتین بھی ان مین ایسی ہین کہ جاندارون کو بہت کچھ نقصان پہونچاتے ہین اور بعض اوقات انکی بدولت سے بڑی بڑی تباہیان وجود مین آتی ہین۔"

"اوران سے اتر کر معدنیات اور گیس وغیرہ عناصر کا درجہ ہے اور اگر صرف انہین پر مدار ہوتا تو کیڑون پتنگون سمیت تمام جاندار مخلوق کا خاتمہ تھا اور صرف معدنیات کی وساطت سے دنیا محض نباتات کا جنگل ہوتا اور جو زندگی کی برکت اب ہے وہ تختہ زمین پر نظر نہ آتی اور جس قدر گیس وغیرہ کے پھٹنے اور معدنیات کے سمیت کے جوش مارنے سے جانداروں کا اور نباتات کا نقصان ہوتا ہے وہ اس کے علاوہ ہے۔"

"اس سے اتر کر زمین اور اس سے اتر کر آفتاب کا درجہ ہے اور ظاہر ہے کہ اگر زہریت کا انحصار صرف انہی پر ہوتا تو مادہ نہایت ہی ابتدائی اور سادہ شکل مین رہتا اور یہ انواع اقسام کی شکلین اور طرح طرح کی زیب و زینت عالم مین نظر نہ آتی اور اس نقص کے علاوہ اُن کے دیگر نقصانون کا یہ عالم ہے کہ آفتاب کا ادنے طوفان اور زمین کا ایک آتش فشان پہاڑ تھوڑی دیر مین وہ بدی ظاہر کرتا ہے جو کوئی انسان یا حیوان ہزار برس مین بھی نہین کر سکتا۔"

"آفتاب سے پرے ہمارا تجربہ چل نہین سکتا لیکن قیاس ضرور ہو سکتا ہے کہ جو درجات اس سے پہلے ہون گے اگر صرف انہی پر مدار ہوتا تو مادہ اور بھی سادہ اور ابتدائی شکل مین رہتا اور دنیا مین جو کچھ ہوتا وہ نہ ہونے کے برابر ہوتا۔ اور علے ہذا اُن درجات کے طوفان بھی جو ہونگے وہ آفتاب اور زمین کے طوفانون سے زیادہ تباہی بخش ہونگے۔"

"یہ ہے مجموعہ اُن برائیون کا جو نیچر مین موجود ہین اور شمار کرنے والون نے محض انہی برائیون کو گنا ہے جن مین ایک جاندار دوسرے جاندار کو مار دیتا ہے حالانکہ جیسا جاندار کو مارنا اسکی زندگی کا معدوم

کرتا ہے اسی طرح نباتات کو کھانا یا جلانا بھی انکی اپنی ہستی کو معدوم کرنا ہے اور اس لئے دونو بُرے ہین اور اسی طرح سے معدوم رکھنا اور ہستی کی نعمت سے بہرہ یاب نہ ہونے دینا بھی اس سے زیادہ بُرا ہے اور اس سے کسیکو انکار نہین ہو سکتا البتہ بولنے مین اصطلاح کا فرق ہے - زندگی معدوم کرنے کے وقت کہا جاتا ہے کہ اس نے بُرا کیا اور زندگی سے محروم رکھنے کا خیال کرنے پر کہا جاتا ہے کہ اس کا نقص ہے اور دونون حالتون کیلئے مشترک طور پر کہہ سکتے ہین کہ جاندار کو مار کر زندگی بسر کرنا بھی عیب ہے اور جاندارون کو پیدا کرنے کی قابلیت نہ رکھنا بھی عیب ہے - غرض نیچر دونو کی ایک ہے اور اس لیے اعتراض کرنے والا کہہ سکتا ہے کہ دُنیا اول سے آخر تک بُرائیون اور عیبون کا مجموعہ ہے "

بری مادہ کی ترقی سے درجہ بدرجہ کم ہوتی جاتی ہے -

" مگر اس کے ساتھ اتنا اور بھی کہنا چاہئے کہ مادہ کی تمام شکلون کو دیکھتے ہوئے جس قدر ابتدا کی طرف چلے جاؤ بُرائی اور عیوب زیادہ ہوتے جائین گے اور جس قدر انجام کی طرف آؤ بہتری کے درجہ مین کمی آتی جائیگی اور نیکی یا فائدہ بڑھتا جائیگا - آفتاب اگر اکیلا ہوتا تو وہ نہایت سادہ شکل مین رہتا اور جاندار اور دیگر مخلوق پیدا نہ ہوتی - مادہ کو کسی نہ کسی شکل مین موجود رکھنا اسکا فائدہ ہے اور دیگر اعلیٰ اشکال کو پیدا نہ ہونے دینا نقص - مگر زمین پیدا ہونے پر نقص کم ہو گیا اور فساد بڑھ گیا کیونکہ اب مادہ کو اور بھی چند پہلے سے مکمل تر شکلون مین آنیکا موقع ملا - علیہذا جمادات - نباتات اور ابتدائی حیوانات کے پیدا ہونے پر نقص کی کمی اور فایدہ کی زیادتی درجہ بدرجہ اور نمایان ہوتی گئی کہ دنیا آبادی کے قریب تر ہو گئی اور پہلا سالق وونق میدان نما ان کے بعد بڑے حیوانات کے پیدا ہونے سے نقص مین اور بھی کمی ہو گئی کہ ان مین سے بعض مانوس ہو کر دوسری مخلوق کو خوراک کے علاوہ اور فایدہ بھی پہونچا سکے اور انہی کی وساطت سے مادہ نے آگے ترقی کی اور زیادہ لطیف شکلین وجود مین آئین - ان کے بعد انسان پیدا ہوا تو وہ اگر کسی قدر جاندارون کو مارتا ہے تو کچھ جاندارون کی پرورش بھی کرتا ہے - اور نیز مانوس حیوانات اگر مجبور ہو کر کام دیتے تھے تو یہ اپنی خوشی سے بھی اپنے ہمجنسون اور دیگر مخلوقات

کے کام کرنے لگا۔ اور نیز حیوان براہ راست معدوم کرنے کی کوشش کرتے تھے اور انسان کچھ کوشش براہ راست معدوم کرنے کی کرتا ہے تو بیض کوششون مین صرف عزت یا مال چھیننے پر ہی قناعت کرتا ہے اور اس طرح پر بالکل معدوم کرنے سے اپنی تئین کسی قدر دور رکھتا ہے۔ اور پھر اس نے تہذیب مین ترقی کی تو جو برائیان وحشی انسان کرتے تھے ان مین سے اکثر کو چھوڑ آگیا اور ہمدردی اور فائدہ رسانی مین بڑھتا گیا اور مہذب انسانون سے بڑھکر وہ انسان ہین جو تہذیب کے ساتھ ایمان بھی رکھتے ہین کیونکہ مہذب انسان جبتک ایماندار نہ ہو صرف انہین برائیون سے گریز کرتا ہے جو اس زندگی مین نقصان پہونچائین اور وہی ہمدردی کرتا ہے جو اس دنیا مین مفید ہو لیکن ایماندار انسان لوگون کو ان برائیون سے بھی بچاتا ہے جو آئندہ زیست مین اثر کرین اور اس ہمدردی کو بھی اپنا فرض سمجھتا ہے جو اگلے جہان مین فائدہ دے چنانچہ وہ مالی اور جسمانی نقصان ہی بچانے کے علاوہ دوسرون کو گناہ اور کفر کی ترغیب دینے سے بھی گریز کرتا ہے اور حتی الوسع انجمانی ترقی کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر چونکہ سب انسان ہین اس لیے اختیار یا بے اختیاری سے جاندارون پر ستم کرنے یا نباتات کو کھانے کے لئے قتل سے بالکل پاک کوئی بھی نہین "

ضد سے ضد کیطرف آنے مین ترقی بتدریج ہوتی ہے۔

" غرض یہ ہے فقتہ اس نقص اور کمال یا بدی اور نیکی کا جو موجودات عالم مین پائی جاتی ہے۔ اب دیکھنا چاہئے کہ نیست سے ہست کرنے کی تصویری پر عقل کے نزدیک دنیا مین نیکی اور بدی کی بھی شکل ہونی چاہئے یا کچھ اور۔ اور چونکہ عدم اور وجود باہم ضدین ہین اس لئے معدوم کے موجود ہونے کے واسطے وہی شکل قرین قیاس ہوگی جو دنیا کی اور ضدون کے انقلاب مین ہوتی ہو۔ اب ہم دیکھتے ہین کہ لوہے کو جس کا اصلی رنگ سیاہ ہے صیقل کرنے سے ایسا روشن کر سکتے ہین کہ آئینہ کی طرح اس مین سے چہرہ نظر آئے اور بالکل سفید ہو جاے مگر اسکی شکل یہی ہوتی ہے کہ ایک زنگ آلود لوہے کو جب صیقل کرنے لگین تو پہلے اس کا زنگ دور ہوتا ہے اور سطح کو قدر صاف ہو جاتی ہے اس حالت مین اگر نور اس مین پیدا ہو گیا ہے مگر ایسا ناقص کہ سیاہی کچھ بھی دور نہین ہوئی اور اگر کالا رنگ نور کے مقابل مین براہے تو لوہے کی اس حالت مین بھی برائی بہت بڑی حد تک موجود ہے اسکے بعد

اور رگڑا جائے تو سیاہی دور ہونی شروع ہوتی ہے مگر اس عمل کے ہر ایک درجہ مین نور بڑھتا جاتا ہے لیکن سیاہی بھی کم سے کم تر ہوتی ہوئی ہر وقت موجود رہتی ہے حتیٰ کہ وہ آئینہ جیسا چمک اُٹھتا ہے اس وقت اگر یہہ نور جہانتک لوہے مین آسکتا تھا آگیا اور اگر اُسے آفتاب کے سامنے رکھا جاے تو آفتاب کی جھلک اس مین نظر آجائیگی مگر پھر بھی لوہا لوہا ہی ہے اور وہ آفتاب کے برابر نورانی نہین ہوگیا اور نیز جس قدر نور موجود ہے وہ ایسا کمزور ہے کہ آئندہ ذرا سی بے احتیاطی سے دور ہو سکتا ہے اور لوہا سیاہ ہوتا ہوا پھر زنگ آلود حالت کو پہنچ سکتا ہے۔ اس وقت ایک بات اور بھی یاد رکھنی چاہئے کہ لوہے مین نور کا ایسی آہستگی سے در آنا اور کمال شکل مین پھر بھی موجود نہ ہونا اور بلا احتیاطی سے فوراً دور ہونے لگنا نور آفتاب کے قصور سے نہین بلکہ لوہا چونکہ اصل مین نور آفتاب کی بالکل ضد ہے اس لئے اسکی نیچر ہی ایسی ہے کہ نور کو محض اسی شکل سے حاصل کر سکتا ہے اور نور کی فرشتہ کی طرف صرف "دیر آید درشتاب فوتی" کے اصول پر ہو سکتی ہے"

"اس نظیر کو دیکھنے کے بعد مضمون کی عظمت کے لحاظ سے ایک اور نظیر کا پیش کرنا بیجا نہ ہوگا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہین کہ جب کوئی جاہل علم حاصل کرنے لگتا ہے تو پہلے علم کے بے انتہا ذخیرہ مین سے بہت تھوڑا سا مہیا کر سکتا ہے اور اسمین سے بھی کچھ یاد رکھتا ہے اور کچھ بھول جاتا ہے اس حالت مین اگر جہالت اگر برائی ہے تو وہ علم کے آغاز پر نہایت کثرت سے موجود ہوتی ہے۔ پھر رفتہ رفتہ علم کا سرمایہ بڑھنا شروع ہوتا ہے اور جہالت کا عیب کم ہوتا جاتا ہے۔ مگر ترقی کے ہر درجہ مین جہالت کا بقیہ کچھ نہ کچھ موجود رہتا ہے حتیٰ کہ انسان کسی علم یا اسکی کسی شاخ مین ماہر اور صاحب الرائے ہونیکا فخر حاصل کرتا ہے۔ مگر اس وقت بھی یہ عالم ہوتا ہے کہ اگر اس علم کے متعلق اسکی دس رائین صحیح ہوتی ہین تو ایک رائے ضرور غلط ہوتی ہے اور ایسا کمال کسیکو حاصل نہین ہو سکتا کہ اس کا کوئی قیاس بھی غلط نہ نکلے۔ بلکہ یہ بھی ہوتا ہے کہ کبھی اس نے کسی مسئلہ مین صحیح رائے قائم کی ہے تو دوسرے وقت پر دماغ ایسا چکرایا ہے کہ اسی مسئلہ مین غلط خیال کا حامی بنگیا ہے اور علی ہذا القیاس کمال حاصل کرتا ہے اگر اس کی بحث و تکرار نہ رکے تو وہ کمال رفتہ رفتہ زوال پانے لگتا ہے حتیٰ کہ

عالم ایک وقت مین بالکل کندہ ناتراش ہوسکتا ہے۔ اور یہان بھی ہم دیکھتے ہین کہ یہ نور علم کا نقص نہین ہے کیونکہ جس مسئلہ مین ہم کسی وجہ سے غلطی دیکھتے ہین اسی مسئلہ مین وہی نور علم جو کسی اور عالم مین جلوہ گر ہے اس مسئلہ کو نہایت صحت کے ساتھ دریافت کرلیتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ نور علم مین بیشک مسائل کی اصلی حقیقت دریافت کرنے کی قابلیت ہے اور یہ جو کچھ نقص نظر آتا ہے وہ اس لیے ہے کہ جہالت کی فطرت ہی علم سے اس قدر تناقض رکھتی ہے کہ وہ جس قدر دور ہوسکتی ہے بتدریج ہوتی ہے اور پھر بھی کسی نہ کسی شکل مین اس کا بقیہ موجود رہتا ہے اور وہی جہالت ہے جو ابتدائی درجات مین پورے طور پر نمایان ہے اور وہی جہالت ہے جو مہارت کے وقت بھی مختلف شکلون مین اپنی بقا کو ظاہر کرتی ہے اور علم کی برکت پر پردہ ڈال دیتی ہے"

عدم سے وجود مین آنیکی رفتار بھی اسیطرح تدریجی ہے اور ہر حال مین عدم کا اثر یعنی بدی نمایان رہتی ہے

اس کے علاوہ اور دیگر واقعات عالم مین جس قدر غور کیا جاوے معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک ضد کا دوسری ضد کی طرف جانا اسی ترتیب اور اسی نقص کے ساتھ ہوتا ہے پس یہی کیفیت آفتاب وجود کی ظلمت عدم پر عکس ڈالنے کی ہونی چاہئے تھی اور یہی ہوئی کہ اس کی پہلی شعاع سے رنگ عدم دور ہوا اور مادہ کی ابتدائی شکل وجود مین آئی اور اس کے بعد جس جس حد تک عکس پڑتا گیا اسی حد تک عدم کی ظلمتین یعنے نقص اور عیب دور ہوتے گئے اور وجود کی کامل سے کامل شکلین بنتی گئین حتی کہ انسان اور کامل انسان بین اگر اس نابود نے وہ بود حاصل کی کہ آفتاب وجود کی شعاعین اس کے اندر چمکنے لگین اور عقل اور معرفت کے نور سے جسمانی اور روحانی جلوے ایسے ظاہر ہوئے کہ بعض حالات مین اس پر خود آفتاب وجود ہونے کا دھوکا ہوا جس طرح مجلا تلوار کو سورج کے سامنے رکھنے سے اس کے اندر آفتاب معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ بعض کوتاہ بینون نے اسی کو خود ذات خدا کا ظہور سمجھ لیا ہے حالانکہ وہ حقیقت مین عبود ذات خدا کا ظہور نہین البتہ ایک طرح سے نور خدا کا مظہر ضرور ہے جس طرح لوہا خود آفتاب کا ظہور نہین بلکہ اسکا مظہر ہے۔ اور یہ اس لیے ثابت ہوتا ہے کہ ادھر لوہا پہلے ایسا نورانی نہ تھا اور بعد مین بھی بے احتیاطی سے پھر تاریک ہوجاتا ہے اور ادھر انسان پہلے ایسا

عارف نہ تھا اور بعد میں ذرا سی لغزش سے پھر کور باطن ہو سکتا ہے۔"

"پس یہاں بھی ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس معدوم کی ایسی دھیمی رفتار اور اس کے اندر نقصوں کا اس قدر ہجوم اس آفتاب وحدت کا نقص نہیں بلکہ یہ عدم ہے اس لیے اس کی نیچر ہی تقضی ہے کہ اسی صورت سے ترقی کرے اور اسی لیے ذات خداوندی کو بدی کا منبع قرار دینے کی بجائے ثابت ہوتا ہے کہ وہ محض خیر کا سرچشمہ ہے۔ چنانچہ اُس نسبت موجودات کو اُس عیب سے بری کیا جو سب سے بڑھکر تھا یعنی عدم۔ اور بری بھی اس خوبی سے کیا کہ اب چاہے بدی کرنے والے کیسی ہی بدی کریں وہ موجودات کو موجود سے معدوم نہیں کر سکتے اور زیادہ سے زیادہ جو اُن کا زور چل سکتا ہے وہ ایک چیز کی محض شکل کو بدل دیتا ہے۔"

"اور محض وجود یا مادہ کی محض سادہ شکل عطا کرنے پر اکتفا نہیں کی گئی بلکہ ترقی کا ایسا سلسلہ معدوم کر دیا گیا ہے کہ جس چیز میں جس حد تک اُس بڑی بدی یعنی عدم سے بُعد ہوتا گیا اسی حد تک اس میں سے عدم کا میلان کم ہوتا گیا اور اسی حد تک وجود کی مکمل تر اشکال پیدا کرنے کی طاقت بڑھتی گئی حتٰی کہ میلان عدم کم ہونے اور وجود کی طاقت بڑھنے کا سلسلہ کامل انسان میں اس حد تک پہنچ گیا کہ وہ اپنی طاقت کے موافق کسی شخص اور کسی فرد کو نقصان پہونچانیکا روادار نہیں اور تمام عالم کو اپنے وجود سے فائدہ پہونچانے کے اور ہر چیز کی اصل حقیقت کو اس کے مناسب حال سمجھنے کی کوشش کرتا ہے لیکن چونکہ اصلیت عدم ہے اس لیے عیب سے بالکل پاک ہونیکا دعوے نہیں کر سکتا۔ چنانچہ وہ بھی عدم کا بقیہ تھا جس کے سبب نباتات وغیرہ ابتدائی مخلوقات وجود کے بہت سے کمالات سے محروم تھی اور یہ بھی عدم کا بقیہ ہے جس کے سبب انسان جیسی اعلیٰ مخلوق کبھی امراض وغیرہ کی شکل میں اپنے اندر عدم کو ظاہر کرتی ہے اور کبھی شرارت وغیرہ کی شکل میں دوسروں کو معدوم کرنے کی کوشش کرتی ہے جس طرح وہ بھی جہالت کا بقیہ تھا جو علم کے ابتدائی درجہ میں بہت سے مسائل کو مخفی رکھتا تھا اور یہ بھی جہالت کا بقیہ ہے جو ایک عالم میں کبھی کبھی غلط رائے قایم کرنیکا سبب ہوتا ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ عدم کا ظہور نباتات وغیرہ میں اور جہاں تک نظر

علم کے آغاز مین بے ارادہ ہے اس لئے کہ ابھی ارادہ کی قابلیت ہی پیدا نہین ہوئی۔ اور جہالت کا ظہور عالم کی غلط رائے مین اور عدم کا ظہور انسانی افعال مین ارادہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اس لیے کہ اس وقت ارادہ کی قابلیت بھی موجود ہے مگر جب ماہر کی غلطی کو یقیناً جہالت کا نقص کہہ سکتے ہین نہ نور علم کا قصور۔ تو انسان کی بدی کو بھی عدم کا نقص سمجھنا چاہئے نہ آفتاب وجود کا قصور۔" [1]

بدی پہلی جون کا پھل ہے یا بدی حقیقی ہے

غرض جہان تک میری واقفیت ہے یہ وہ بڑی وجہین ہین جو بدی کے موجود ہونے کی نسبت پیش کی جاتی ہین اور ان کے علاوہ بعض کیطرف سے تناسخ کو بھی بدی کی یہ وجہ قرار دیا گیا ہے اور بعض اس نقص کو یون ہلکا کرتے ہین کہ ازل سے ابد تک موجودات عالم کی لاانتہا شکلین تجویز کی جاتی ہین اور کہا جاتا ہے [2] کہ موجودہ عالم ان شکلون مین سے ایک مختصر سی شکل ہے اور اُس غیر محدود سلسلہ کے لحاظ سے اِسکا زمانہ ایک لمحہ سے زیادہ نہین اس لیے اس حالت مین تکالیف اور عیوب کا ہونا چندان قابل اعتراض نہین۔

---

[1] یہ مضمون مینے مختلف علمائے وحدت شہود کے اشارات سے ترتیب دیا ہے سلیے اسکو اقتباس کی شکل مین لکھا گیا مگر حیرت ہے کہ مسٹر اے جی بروون نے (کتاب لیکچرز آن دی ہسٹری آف دی مسلم ولڈ۔ لیکچر دربارہ تصوف) مولانا روم وغیرہ کی شہادت سے بدی کو عدم قرار دیا ہے اور اسکو وحدت وجود کیطرف سے پیش کیا ہے حالانکہ بدی کو عدم کیطرف منسوب کرنا اور پھر اسکو وحدت وجود کی طرف سے پیش کرنا صحیح نہین اس لیے کہ وحدت وجود کا مطلب ہی یہ ہے کہ ایک موجود مطلق ہان تعینات مین ظاہر ہوتا ہے جیسے پانی موج اور حباب کی شکل مین ظہور کرتا ہے اس لئے جس طرح موج اور حباب کی حقیقت پانی ہے اسی طرح تعینات کی حقیقت وجود مطلق ہے۔ پس اس خیال کے رو سے نیک اور بد دونو طرح کے افعال کی ترکیب ہی ایک ذات مطلق سے جو ان تعینات مین ظہور کرتی ہے اور اس لیے نیکی اور بدی دونو اسی ذات کیطرف منسوب ہو سکتے ہین اور زیادہ سے زیادہ جو کہا جا سکتا ہے وہ یہ کہ انکی نسبت اس ذات کیطرف اسی حالت مین ہے کہ وہ تعینات کو اختیار کئے ہوئے ہے پس بدی کو عدم کیطرف منسوب کرنا وحدت شہود کے مسلک پر ہی پریشان ہو سکتا ہے جو شیا کو ذات سے ہست نہ مانتے ہین اور عدم کو کائنات کی ماہیت قرار دیتے ہین۔

[2] یہ خیال مسٹر سپنسر لوئی فنکنے کی کتاب دی آفر ڈتھ سے اخذ کیا ہے۔

لیکن خواہ تناسخ یا غیر محدود سلسلہ صحیح ہو مگر حقیقت مین ان دونو کو بدی کی وجہ گردانا صحیح نہین کیونکہ تناسخ جیسا کہ مانا جاتا ہے ایک صورت سزا اور انتقام کی ہے اس لیے اگر دنیا والون کی بدی اور عیب انکی پہلی جون کا پھل ہے تو ضرور ہے کہ پہلی جون مین کوئی بدی ان سے سرزد ہوئی ہوگی جس کا ایسا بد نتیجہ پیدا ہوا اور اگر اس کو بھی اور پہلی جون کا پھل سمجھا جائے تو بدی کو اس سے بھی آگے ماننا پڑیگا اور اس طرح خواہ تناسخ کا سلسلہ ماضی کی طرف کتنا ہی دور تک چلا جائے بدی کا وجود پہلے رہیگا اور انتقام پیچھے۔ اس لیے تناسخ بدی پیدا ہونیکا سبب نہین بن سکتا اور اسی طرح خواہ موجودہ زمانہ کیسا ہی چھوٹا اور حقیر سمجھا جائے تاہم اس کے موجود ہونے سے اور اس کے اندر بدی اور عیب کے وجود سے انکار نہین ہوسکتا۔ اس لیے خواہ بدی تھوڑے سے عرصہ کے لیے موجود ہوئی مگر اس کا سبب کوئی ضرور ہوگا اور یہ سوال ضرور پیدا ہوگا کہ دنیا مین بدی کیون ہے؟

ان خیالات مین سے بعض کو بعض پر ترجیح ہے

پس تناسخ اور غیر محدود سلسلہ کو اس بارہ مین ناکافی سمجھ کر دہی پہلی تین صورتین غور کے قابل باقی رہتی ہین۔ ان مین سے مادہ یا مادہ اور روح کی تعداد کا مسئلہ اگر صحیح ہو اور اگر مادہ اور روح کے نیک اور بد خواص بھی قدیم ہون تو بیشک اس وقت بدی کو خدا کی طرف منسوب کرنے کی بلکہ خود خدا کو ماننے کی بھی ضرورت نہین رہتی۔ کیونکہ جب مادہ اور روح کی صفات قدیم ہوئین اور انہین صفات کے سبب سے نیک و بد افعال صادر ہوتے ہین تو مادہ اور افعال مادہ کے سوا اور کوئی کام باقی نہین رہتا جس کے لیئے خدا کو موجودات کے سٹیج پر آنے کی تکلیف دی جائے مگر دیکھا جا چکا ہے کہ نہ صرف مادہ کو قدیم ماننا پیدائش کے مسئلہ کو حل کر سکتا ہے اور نہ مادہ اور خدا یعنی ایک سے زیادہ چیزون کا قدیم ہونا ممکن اور قرین عقل ہے۔

مہاتما بدھ کی طرف سے جو وجہ پیش کی گئی ہے اس مین اگرچہ پہلے یہ دعوی کیا گیا ہے کہ کسی فرد کا دنیا مین پیدا ہونا اور غمون مین مبتلا ہونا حقیقت مین ایک ہے۔ گویا وجود ہی بدی اور غم کا باعث ہے۔ مگر بعد مین جو اسکی تفصیل کی گئی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ غم وجود کے سبب سے نہین بلکہ اس عدم کے سبب سے ہے جو موجود ہونے کے بعد مرض۔ ضعف۔ پیری وغیرہ مصائب کی شکل مین ظاہر

ہوتا ہے اور جس کا انجام موت پر ہوتا ہے اور دل و قلب مین اگر غم اور فکر ہوتا ہے تو یہی کہ مبادا طاقت معدوم نہ ہو جاوے۔ مبادا جسم کا کوئی حصہ ضائع نہ ہو جائے۔ مبادا اسباب زیست یعنی مال و منال معدوم نہ ہو جائے اور مبادا موت نہ آجائے۔ یا یہ کہ افسوس یہ مصیبتین آگئین اور وجود کی نعمت جیسی ہونی چاہئے تھی موجود نہین رہی۔ پس صاف ظاہر ہے کہ پیدائش اور غم ایک نہین بلکہ پیدائش کی نفی یا لفی کا گمان اور غم ایک ہے اور جس چیز کا غم ہو اسی کو بدی کہنا چاہئے۔ اس لیے وجود بدی نہین بلکہ وجود کی نفی یعنی عدم بدی ہے۔ یہ ضرور ہے کہ دنیا چونکہ عدم سے نکلی ہے اس لیے وجود کی ہر ایک شکل مین عدم کا ظہور رہتا ہے اور اسی لیے وجود کے ہر درجہ مین اس عدم کے سبب سے غم لاحق رہتا ہے۔ پس شاعرانہ استعارہ کے طور پر وجود کے ساتھ عدم کا ظہور اور عدم کے ساتھ غم کا وجود ہونے کے سبب سے وجود کو غم کا باعث کہا جائے تو اور بات ہے ورنہ حقیقت مین غم کو اصلی تعلق عدم سے ہے اور اس لیے مہاتما بدھ کی طرف سے جو وجہ بدی کی قرار دی گئی ہے اس کو کھول کر دیکھنے پر وہی بات ثابت ہوتی ہے جو اہل وحدت شہود نے پیش کی ہے کہ عیب اور بدی کی نیچر عدم ہے اور دنیا کی حقیقت بھی عدم ہے اس لیے دنیا مین بدی پائی جاتی ہے۔ اور واقعات عالم کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہان تک عقل انسانی کام کر سکتی ہے یہی ایک وجہ ہے جو بدی کے مسئلہ کو پورے نیچرل طرز سے حل کرتی ہے۔ چنانچہ اسکے رو سے اگر انسان امراض اور تکالیف مین مبتلا ہوتا ہے تو اسی لیے کہ عدم ہونے کے سبب اس کو کامل وجود حاصل نہین ہوا۔ اور اگر کسی قوم مین مریض اور اپاہج زیادہ ہوتے ہین تو اسی لیے کہ وہ قوم دیگر اقوام کی نسبت کمال وجود مین اور بھی کم ہے۔ اور اگر بچے جوانون کی نسبت زیادہ تباہ ہوتے ہین تو اس لیے کہ وہ جوانون کی نسبت نور وجود سے کم منور ہین۔ اور اگر کوئی انسان دوسرے کو قتل کرتا یا نقصان پہونچاتا ہے تو اسی لیے کہ وجود کی جس قدر تکمیل نوع انسانی مین ہو سکتی ہے وہ ابھی اس حد تک نہین پہونچا اور اسی طرح انسان سے کمتر طبقات مین جو نقص اور عیب موجود ہین تو اسی لیے کہ شاہراہ وجود مین وہ اور بھی پیچھے ہین غرض جو کچھ نقص ہے وہ اپنی اصلیت یعنی عدم کا ہے اور خدا نے جو ہمکو پیدا کیا تو اس لیے کہ خیر پیدا ہو کر ترقی کرے۔

مسٹر مل تو نیچر کو مطالعہ کرنے سے یہ نتیجہ نکالتے ہین کہ اس سلسلہ کائنات کو نمونہ بنا کر انسان ترقی نہین کر سکتا مگر وحدت شہود نے جن آنکھون سے نیچر کو دیکھا ہے اُن کو اس باغ کے ہر پتہ پر لکھا ہوا نظر آتا ہے کہ ہر درجہ ترقی ہین اس کے مناسب حال عیب مین کمی اور کمال مین زیادتی ہوتی جاتی ہے اس لیئے انسان جو سب سے اعلےٰ درجہ رکھتا ہے اور جو دنیا کی تمام خوبیون کے ساتھ ارادہ۔ عقل اور نور وجدان سے بھی بہرہ ور ہے اسے سب سے زیادہ عیب کو چھوڑنے اور کمال حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے ۔

تدریجی ترقی کے سوا عقل کوئی اور صورت پیش نہین کر سکتی

غرض ایک ضد سے دوسری ضد کیطرف آنے کی جو صورتین وحدت شہود نے پیش کی ہین اور عدم سے وجود کیطرف آنے مین جو ترقی تدریج تمام نظام کائنات سے ظاہر ہوتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عدم سے وجود یا بدی سے نیکی اسی طرح پیدا ہو سکتی تھی۔ اور اس کے سوا کوئی صورت ہمارے ذہن مین نہین آسکتی مثلاً اگر فرض کیا جائے کہ یہ آفتاب اور زمین جیسی سادہ اور ناقص شکلین نہ بنائی جاتین کیونکہ اسنے طوفانون سے بہت نقصان پہونچاتی ہین تو پھر ہمارے خیال مین کوئی صورت نہین جس سے نباتات اور حیوانات بغیر حرارت اور نور کے اور بغیر کسی جائے قیام کے زندگی بسر کر سکین۔ اور اگر فرض کیا جائے کہ یہ نباتات اور حیوانات بھی نہ بنائے جاتے جو آفتاب اور زمین کے بغیر بسر نہین کر سکتے اور نیز ایک دوسرے کو بہت کچھ نقصان پہونچاتے ہین بلکہ ایک اعلیٰ روحانی مخلوق پیدا کی جاتی جو تمام جسمانی ضرورتون سے پاک ہوتی تو پھر ہم سمجھ نہین سکتے کہ ایسی مخلوق روحانی ترقی کیونکر کر سکتی۔ کیونکہ ترقی کے لیئے ہماری عقل یہی تدبیر کر سکتی ہے کہ اپنی ضرورتون کو نا جایز طور پر پورا کرنے سے پرہیز کرین اور دیگر مخلوقات کو اُن کی ضرورتون مین مدد دین اور جب تمام مخلوق ہی ضرورتون سے پاک ہو تو نہ اپنے تئین جائز و ناجائز کے امتحان کا موقع آئیگا اور نہ دوسرون کو مدد دینے کی ضرورت ہوگی۔ اور اگر فرض کیا جائے کہ یہ بھی نہ ہوتا بلکہ محض ایسی مخلوق پیدا کی جاتی جس کو ترقی کی ضرورت نہ ہوتی یعنی وہ ہر طرح کے کمال سے آراستہ اور سب نقصون سے پاک اور برتر ہوتی تو بالفاظ دیگر یہ کہنا چاہیئے کہ خدا

اپنی جیسی مخلوق پیدا کرتا مگر ہماری عقل اسکو بھی ناممکن سمجھتی ہے کہ خدا بالکل اپنے جیسی مخلوق پیدا کرے کیونکہ جب وہ مخلوق ہے تو قدیم نہین اور اس لیے اُن کمالات سے جو ایک قدیم ذات کا خاصہ ہین ضرور محروم ہے۔ غرض جہان تک عقل کام کرسکتی ہے اُسکا فیصلہ ہے کہ عدم سے وجود کی کامل شکلین اسی طرح بتدریج اور دھیمی رفتار سے پیدا ہوسکتی ہین اور کمال کے انہی مختلف درجون کے سبب مخلوق ترقی کی شاہراہ پر چل سکتی ہے۔ اور یہی ترقی وہ نعمت ہے جس کو تمام دُنیا اور بالخصوص نوع انسانی کی سب سے بڑی آرزو اور انتہائی مقصد کہہ سکتے ہین۔

ابھی سوال حل نہین ہوا | لیکن انصاف یہ ہے کہ ان تمام باتون کو ماننے کے باوجود اور اہل وحدت شہود اور دیگر مذہبی رہنماؤن کی کوششون کو جو وہ بدی کی وجہ تلاش کرنے مین بجالاتے ہین قابل شکرگذاری تسلیم کرنے کے بعد اصلی سوال کو دیکھا جاتا ہے تو وہ یہ تھا کہ دُنیا مین بدی کیون ہے؟ اور اس سے پہلے مان لیا گیا ہے کہ دُنیا کو خدا نے پیدا کیا ہے اس لیے سوال کی حقیقت یہ ہوئی کہ خدا نے بدی کو کیون ظاہر کیا اور اس کے جواب مین جب بدی کو مادّہ کی صفت قرار دیکر یا اسکی اصلیت عدم ٹھہرا کر اس بات پر زور دیا جاتا ہے کہ اس کے خلاف ہونا ناممکن نہ تھا تو گویا یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ خدا بھی اس کے خلاف کرنہین سکتا حالانکہ اسکو ثابت کرنا دشوار ہے۔ کیونکہ بیشک ہم کسی چیز کی فطرت کو بدل نہین سکتے اور اس لیے ہم اگر مادہ سے کوئی چیز بنائین تو اوس مین ضرور مادہ کی فطری صفات جلوہ گر ہونگی مگر یہ اسی لیے ہے کہ ہماری قدرت محدود ہے اور ہم اپنی ضرورتون کے لیئے مجبور ہین کہ جو شکل ممکن ہو اسی پر قناعت کرین اور مادہ کی فطری صفات سے اگر کچھ نقصان بھی پہونچے تو اس پر صبر کرین اور اسکے برخلاف خدا کو غیر محدود اور سب ضرورتون سے پاک مانا جاتا ہے اس لیئے اس کے فعل کو اپنے فعل پر قیاس کرنا غلط ہے اور اس لیے خواہ مادہ قدیم سے موجود ہو مگر سوال باقی رہتا ہے کہ اگر خدا بدی کو ظاہر کرنا چاہتا تھا تو اس نے کیون ایسی صورت پیدا کی جس سے بدی جو مادہ کی سادہ شکل مین نمایان نہ تھی ظہور مین آئی۔ اور اسی طرح بیشک ہم ایک ضد کو دوسری ضد کی طرف بتدریج آتے دیکھتے ہین اور بیشک ہماری عقل اس کے سوا کوئی صورت خیال مین نہین لاسکتی مگر یہ اسی لیئے کہ نیچر مین یہ عام سنّت

ہے اور ہماری عقل اُس دستور کے سوا جو نیچر مین نظر آئے اور کوئی تدبیر اچھا نہین کر سکتی لیکن جب خدا غیر محدود قدرت اور علم رکھتا ہے تو ہم کہہ سکتے ہین کہ خواہ دُنیا عدم سے وجود مین آئی ہو اگر وہ بدی کو نابود کرنا چاہتا تھا تو ایسا سلسلہ کیون جاری کیا جسمین کسی نہ کسی شکل سے اِسکا ظہور رہتا ہی اور ان دونون احتمالون مین یہ کہنا کہ خدا اسکے سوا کچھ نہین کر سکتا تھا اُسکی قوت کو محدود قرار دینا ہے اور بیشک مسٹر مِل کا قول صحیح ہے کہ [1]

"خدا کی طرف محض نیکی کو منسوب کرنے والے مجھے یقین ہے کہ اوسکو قادر مطلق نہین جانتے اور ہمیشہ اُس کی نیکی کو بچانے کے لیئے اسکی طاقت کو ناداں بناتے ہین اور شاید وہ یقین کرتے ہین کہ خدا اگر چاہتا تو اگر سب سے ہر ایک کانٹا دور کر دیتا مگر کسی اور کو کوئی بڑا نقصان پہونچانے کے بغیر یا عام بھلائی کے کسی مہتم بالشان مدعا کو فسخ کرنے کے بغیر نہین ہو سکتا تھا۔ غرض وہ یقین رکھتے ہین کہ وہ ہر ایک کام کر سکتا ہی مگر سب کام نہین کر سکتا ....."

غرض دُنیا کی پیدایش خواہ قدیم مادہ سے ہو یا عدم سے اگر لامحدود خدا کا تعلق اس کے ساتھ ہی تو کسی نہ کسی طور پر نیکی اور بدی دونون کا خدا کی طرف سے ہونا ایسا مسئلہ ہے جسکی تردید نہین ہو سکتی۔ کیونکہ اگر خدا یہانکی بدی کو نمایان کرنے پر رضامند نہ ہوتا تو وہ کر سکتا تھا کہ یا دُنیا کو کسی اور شکل سے پیدا کرتا یا کم از کم اُسکو وجود کی نعمت ہی نہ دیتا نابُرائی کا ظہور نہ ہوا و جب اس لامحدود خدا نے اِسے پیدا کیا ہے تو ضرور ہے کہ جو نیکی اور بدی اس پیدائش مین ظاہر ہونے کو ہے وہ اس پر رضامند ہی اور اس لیئے نیکی اور بدی کی نسبت کہہ سکتے ہین کہ وہ اسی سے پیدا کرنے سے ظاہر ہوئی اور اسی کی جانب سے ہے اور دوسری طرف جیسا کہ اہل وحدت شہود نے ثابت کیا ہی بدی عدم ہے اور جس چیز مین جس قدر عدم کا ظہور ہے اسی قدر بدی کی کثرت ہی اس لیئے یہ بھی صحیح ہی کہ نیکی یعنی وجود خدا کی طرف سے ہے اور بدی یعنی عدم ہماری اپنی حقیقت مین داخل ہے چنانچہ انہی دونون حیثیتون کے موافق قرآن مین ارشاد ہے

وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا	اگر منکرین کو بھلائی پہونچتی ہے تو کہتے ہین کہ یہ خدا کی طرف سے ہے اور کوئی برائی پہونچتی ہے تو کہتے ہین لا (یعنی پیغمبر

[1] ایسے رد اصفحہ نمبر ۳ سنہ ۱۸۷۴ء

هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۘ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ (نساء پارہ ۵ ع ۱۱)

یہ تمہاری شومئی قسمت ہے۔ انہین کہدو کہ بھلائی برائی سب خدا کی طرف سے ہے مگر ان لوگون کو کیا ہوا کہ یہ بات سمجھنے کے قریب بھی نہین پہنچتے (اور حقیقت کو دیکھو تو) جو تم کو بھلائی پہنچتی ہے یہ خدا کی طرف سے ہے اور جو برائی پہنچتی ہے یہ تمہاری اپنی اصلیت کی وجہ سے ہے اور تم کو تو ہمنے (محض) رسول بنا کر بھیجا ہے (پر تمہاری شومئی قسمت کیسی) اور یہ کافی ہے کہ خدا سب باتون پر حاضر ناظر ہے

وکیون، کا جواب: اب یہ سوال کہ اس لامحدود خدا نے ایسا کیون کیا اور بدی کے ظہور پر رضامند کیون ہوا اس بارہ مین جہان تک امر واقع کو ظاہر کرنے کا تعلق تھا وہ وحدت شہود نے پورا کر دیا ہے مگر سوال کا جواب جسکو کہنا چاہیئے وہ نہ انکی طرف سے پیش ہوا ہے اور نہ کوئی اور مذہب دیسکا ہے اور مذہب کی جانب سے کیون کا جواب نہ ملنے اور بدی کے ظہور کی غائت معلوم نہ ہونے پر آیا مذہب کو ناقص اور قابل ترک سمجھنا چاہیئے یا یہ کہنا چاہیئے کہ یہ حقیقت انسان کی سمجھ سے باہر ہے اس لئے مذہب نے کوئی ہدایت نہین دی؟ اس غرض کے لیئے دیکھنا چاہیئے کہ بالعموم کیون کا جواب نہ ملنے اور کسی واقعہ کی علت معلوم نہ ہونے پر ہماری عقل کیا مسلک اختیار کیا کرتی ہے۔

واقعات عالم جنکی تحقیق و تلاش کی جاتی ہے تین قسم پر منقسم ہو سکتے ہین۔

(۱) کسی ایسی چیز کے صفات و افعال کی تحقیق کی جاتی ہے جس چیز کی ماہیت بھی ہمارے مشاہدہ اور تجربہ سے باہر ہے اور اسکے وہ صفات اور افعال بھی تجربہ مین نہین آسکتے۔

(۲) ایسی چیز کے صفات و افعال کی تلاش کی جاتی ہے جس چیز کی ماہیت تجربہ ہی سے باہر ہے مگر وہ صفات و افعال تجربہ مین آسکتے ہین۔

(۳) ایسی چیز کی نسبت غور کیا جاتا ہے جس کی ماہیت بھی معلوم ہے اور اس کے افعال و صفات کا بھی تجربہ ہے۔

ایک موقع پر کیون کا جواب دینا ضرور ہوتا ہے ان مین سے پہلی قسم کی نسبت قاعدہ یہ ہے کہ پہلے ایک احتمال قایم کیا جاتا

ہے اور پھر اُس کے متعلق رکیوں، کے لفظ سے جہان تک ممکن ہو سوال پیش کئے جاتے ہین۔ اب اگر تمام سوالون کا جواب اس احتمال کے مناسب مل جاتا ہے تو احتمال کو حسب حیثیت ظن غالب یا یقین کا درجہ حاصل ہوتا ہے لیکن جب کبھی کسی ایک موقع پر بھی کیون کے جواب مین کوتاہی ہوتی ہے تو اس احتمال کو غلط مان کر اور احتمال قایم کیا جاتا ہے۔ اور پھر اُس کے متعلق، کیون، کو معیار گردان کر تحقیق و تفتیش شروع کی جاتی ہے۔ غرض ایسے واقعات مین رکیون، کا جواب نہ ملنے سے ضرور احتمال کو ترک کر دیا جاتا ہے مثلاً آفتاب کی ماہیت تجربہ مین نہین آسکتی اور اُس کے ٹھوس یا سیال یا بخار ہونیکا بھی تجربہ نہین ہوسکتا ہس لیئے پہلا احتمال کیا گیا کہ وہ ٹھوس ہے اور پھر اُسکی اُس حرکت کو دیکھا گیا جو اپنے محور پر کرتا ہو تو معلوم ہوا کہ اُس کے عین وسیانی حصہ پر جسکو زمین کے قیاس پر خط معدل النہار کہنا چاہیئے اُس کی حرکت بہ نسبت دوسرے حصون کے تیز معلوم ہوئی اور سوال پیدا ہوا کہ اس خط کی حرکت تیز کیون ہے اور چونکہ ٹھوس ہونیکی صورت مین تمام کرہ کو یکسان حرکت کرنی چاہیئے تھی اس لیئے اُس کیون کا جواب نہ ملنے پر اس احتمال کو غلط قرار دیا گیا اور آفتاب کو سیال فرض کیا گیا۔ اب سوال ہوا کہ اسمین سے حرارت ایسی عظیم الشان مقدار پر کیونکر نکلتی ہے اور موجودہ سائنس نے جواب دیا[1] کہ حرارت قوت کی کسی شکل کو خرچ کرنے کے بغیر پیدا نہین ہوسکتی۔ پھر سوال ہوا کہ اگر آفتاب سیال ہے تو اتنی حرارت خرچ ہونے پر اسکی قوت ختم کیون نہین ہوگئی اور چونکہ اس احتمال کے مطابق اسکا کوئی جواب نہ تھا اس لیے سیال ہونے کے احتمال کو بھی غلط قرار دیا گیا اور بخار کی قسم کا جسم فرض کیا گیا کیونکہ اس صورت مین مذکورۂ بالا رکیون، کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ حرارت نکلتے رہنے کی وجہ سے وہ نہایت لطیف پھیلے ہوئے بخار کی حالت سے سکڑتا جاتا ہے اور آیندہ کے لئے اور زیادہ کثیف ہوتا جائیگا اور اس طرح پر حرارت اسمین سے آیندہ بہت بڑے عرصہ تک صرف ہوسکتی ہے چنانچہ اب تک یہ احتمال علمی دنیا مین ظن غالب کا حکم رکھتا ہے۔ مگر حال کے انکشافات مین ریڈیم ایک ایسی چیز دریافت ہوئی ہے جسکی حرارت بغیر طاقت کو خرچ کرنے کے نکلتی ہے اور اسکی وجہ سے کچھ سوال پیدا ہونے لگے ہین اور عجب نہین کہ کسی سوال پر اس احتمال کو بھی غلط ماننا پڑے اور آفتاب کی کوئی اور صورت تسلیم کیجائے۔

[1] اسٹرانومی مصنفہ پروفیسر نیو کومر حصہ سوئم باب دوئم۔

اسی طرح زمین اور آفتاب کا باہمی تعلق جو تجربہ سے بالاتر تھا جب اسکی نسبت تلاش شروع ہوئی تو پہلے زمین کو ساکن اور آفتاب کو اوس کے گرد متحرک مانا گیا اور پھر سوال کیا گیا کہ رات دن کیون پیدا ہوتے ہین اور موسمین کیون بدلتی ہین اور آفتاب کبھی ہمت الراس کے قریب اور کبھی دور کیون دکھائی دیتا ہے۔ اِن سوالون کا جواب اس احتمال کے مطابق لگایا اور آفتاب کی یا آسمانون کی دو طرح کی حرکت ماننے سے یہ عقدے حل ہو گئے اِس لیئے اِس احتمال پر یقین کر لیا گیا اور جب تک کوئی اور "کیون" کا سوال پیدا نہ ہوا اس خیال کو امر واقعی مانتے رہے مگر جب اور واقعات معلوم ہوئے تو پھر "کیون" کی آواز پیدا ہوئی۔ مثلاً سترھوین صدی مین جب مقام پیزا کے ٹیڑھے مینار سے جو سائنٹیفک تجربون کے لئے بنایا گیا تھا ایک بھاری پتھر نیچے کو پھینکا گیا تو جس مقام پر وہ زمین کی طرف آیا تھا ٹھیک اس کے عمودی خط پر زمین کے اوپر نہ گرا بلکہ کسی قدر مشرق کی جانب سے ہٹ کر گرا جس پر سوال ہوا کہ پتھر عمودی خط پر نہ آیا۔ اور چونکہ زمین کے ساکن ہونے پر اسکا کوئی جواب نہ تھا اس لیئے اِس سوال کے پیدا ہونے پر کم از کم زمین کی محوری حرکت کو ماننا پڑا اور اس پتھر جیسے سوال کو حل کیا گیا کہ کرہ کے اجزا جس قدر اسکے مرکز سے دور ہون اسی قدر اُن اجزا کی محوری حرکت تیز ہوتی ہے چنانچہ مینار بھی سطح زمین کی نسبت مرکز سے دور تھا اس لیئے اس کے اوپر رکھا ہوا پتھر سطح زمین کی اجزا سے تیز حرکت کر رہا تھا اور اسی لیئے جب وہان سے گرا تو اپنے اصلی عمود پر آیا جو سطح زمین کی اجزا سے کسی قدر آگے یعنی مشرق کی جانب تھا۔ اور پھر جب معلوم ہوا کہ آفتاب زمین سے بڑا ہے اور نیز جب کشش ثقل کے قانون سے ثابت ہوا کہ چھوٹی چیز بڑی کے گرد حرکت کرتی ہے تو آفتاب کی حرکت کے متعلق کیون کا سوال پیدا ہوا اور اس طرح کے سوالون سے پہلا احتمال بالکل غلط ثابت ہو کر زمین کا آفتاب کے گرد گھومنا یقین کے قریب آ گیا۔

ایک اور مرتبہ پر کیون کا جواب دیا نہین جا سکتا۔

غرض اس سے اور اسی قسم کی ہزارون مثالون سے ثابت ہوتا ہے کہ جب کوئی چیز اور اسکی کوئی صفت تجربہ کی گرفت سے باہر ہو تو اس کے متعلق کیون کا ہر ایک سوال حل کرنا پڑتا ہے اور نہین تو مفروضہ احتمال غلط ثابت ہوتا ہے مگر دوسری قسم یعنی ایسی چیز جسکی ماہیت تجربہ سے باہر ہے لیکن اسکی صفت مشاہدہ مین آسکتی ہے ایسی صورت مین پہلی صورت کے برعکس کبھی کیون

کا جواب نہین دیا جاسکتا اور صرف اس صفت کے تجربہ پر قناعت کی جاتی ہی مثلاً کشش ثقل ایک ایسی طاقت ہے جسکی ماہیت سمجھ سے باہر ہے ڈاکٹر لیج آرسل[1] لکھتے ہین کہ ؎

"نیوٹن کا یہ عام قانون قدرت ایسا ثابت ہو کہ شک کی ذرہ گنجائش نہین لیکن کوئی نہین سمجھتا کہ وہ ہے کیا چیز"

اس لیئے تجربہ کی رو سے ہم یہ تو یقین کر لیتے ہین کہ دو جسمون کا درمیانی فاصلہ ایک چوتھائی کم ہو جانے پر کشش سولہ گنا زیادہ ہو جاتی ہے مگر اس سوال کا جواب نہین دے سکتے کہ فاصلہ کی کمی سے کشش کیون چوگنی ہو جاتی ہے۔

اسی طرح مادہ ایسی چیز ہے کہ اسکی ماہیت سے ہم واقف نہین ہین اور مادہ ایک طرف اس کے اقسام یعنی عناصر کی ماہیت بھی دریافت نہین ہوئی اس لیئے تجربہ سے اتنا تو یقین ہی کہ بیسک اکسائڈ اور ایسڈ اکسائیڈ کی آمیزش سے مختلف نمک پیدا ہوتے ہین یا ہیڈروجن اور آکسیجن کے اختلاط سے پانی بنتا ہی لیکن یہ سوال نا قابل حل ہی کہ ایسا ہوتا کیون ہے۔ اسی طرح شعاع آفتاب کا زمین تک پہونچنا مجہول الکیفیت ہے اسلیئے تجربہ سے اتنا یقین تو ہے کہ شعاع آفتاب ایک سیکنڈ مین ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل قطع کرتی ہے مگر یہ کہ اسکی رفتار اس قدر کیون ہے؟ اس کا کوئی جواب نہین۔

ایک اور موقع پر خاص حد تک کیون کا جواب ہو سکتا ہے

ایسی بے شمار مثالون سے معلوم ہوتا ہے کہ مجہول الماہیت اشیا کے ان صفات پر جن کا تجربہ ہو یقین کرنا پڑتا ہے مگر ایسا کیون ہے اور اس کے خلاف کوئی اور صورت کیون نہ ہوئی اس عقدہ کو حل نہین کر سکتے یہی تیسری قسم ہے مین جہان تک کسی ماہیت کا علم ہے اسی حد تک کیون کا جواب بھی دیا جاسکتا ہے مثلاً ہیرے اور کوئلہ کی ماہیت کسی قدر معلوم ہی اس لیے جب سوال ہو کہ کوئلا ہیرا کیون بن جاتا ہے تو جواب دی سکتے ہین کہ ان دونون کی ماہیت کاربن ہی مع کسیقدر قوت کے۔ اس لیئے قوت کو گھٹا بڑھا کر ایک کو دوسرے مین بدل سکتے ہین۔ غرض یہان تک ماہیت معلوم تھی اور یہین تک کیون کا جواب چل سکا۔ آگے نہ کاربن کو جانتے ہین اور نہ کاربن ہی ہیرا بننے کی وجہ بتا سکتے ہین۔ اسی طرح روشنی کی

[1] کتاب ریلم آف نیچر باب دوئم۔

ماہیت ایک حد تک معلوم تھی کہ چند رنگون سے مرکب ہے اس لیے جب سوال ہوا کہ چیزون کے رنگ کیون نظر آتے ہین تو کہا گیا کہ جب روشنی کی لہر کسی چیز پر پڑتی ہے تو اُس کے رنگون مین سے کچھ اسی چیز مین جذب ہو جاتے ہین اور کچھ ٹکر کھا کر واپس آتے ہین پس جو رنگ اس طرح واپس آکر نظر تک پہونچتا ہے وہی اُس چیز کا رنگ سمجھا جاتا ہے یہان بھی کیون کا جواب اسی حد تک آکر ٹھیر گیا جس حد تک روشنی کی ماہیت معلوم تھی اور رنگون سے آگے چونکہ ہمارا علم نہ گیا تھا اس لیے جواب مین بھی کچھ اور جولانی نہ دکھا سکے اور بعض رنگون کے جذب ہونے اور بعض کے نہ ہونے کی یا سیاہ چیز مین تمام رنگون کے جذب ہو جانے کی وجہ نہ بتا سکے کیونکہ رنگون کی ماہیت معلوم نہین۔

خیر و شر کی وجہ نہ معلوم ہونے سے وجود باری کا یقین زایل نہین ہوتا

اس تمام مضمون کو پیش نظر رکھ کر غور کرنا چاہئے کہ خدا کی ذات اور خدا کی صفات یعنی علم قدرت ارادہ وغیرہ کی ماہیت نامعلوم تھی اور اس قدر تجربہ تھا کہ پیدا کرنے والی طاقت کوئی بھی ہو مخلوق مین نیکی اور بدی دونو موجود ہین اس لیئے جب نامعلوم ذات اور نامعلوم صفات کی نسبت غور کرنا شروع کیا تو احتمال قائم کیئے گیئے اور ہر احتمال پر کیون کا سوال پیش کیا گیا اور جواب نہ ملنے پر یکے بعد دیگرے احتمالون کو غلط ٹھہراتے ہوئے اس خیال تک پہونچے کہ ایک خدا ہمیشہ سے موجود ہے اور اس نے اس کائنات کو نیست سے ہست کیا ہے اور ہمنے دیکھا کہ اس احتمال پر جس قدر سوال اُن صفات کی نسبت پیدا ہوئے جو تجربہ سے باہر تھین اُنکا جواب اس احتمال کے مطابق ملگیا پس جس طرح آفتاب کی جسمانی حالت اور زمین اور آفتاب کے تعلق وغیرہ کی نسبت مختلف سوالات کا جواب ملجانے پر ایک ایک احتمال کو ترجیح دی گئی ہے اسی طرح خدا کی نسبت اس آخری احتمال پر عقل کو تسکین ملی۔ مگر جس طرح زمین اور روشنی وغیرہ کے پیدا ہونے رفتار اور کشش ثقل کی مقدار ترقی وغیرہ ایسی صفات کے متعلق جن کا تجربہ ہو سکتا ہے کیون کا جواب نہین دیا جا سکتا اور وجہ بتائی نہین جا سکتی اسی طرح خدا کے طریق پیدایش کے متعلق جس مین نیکی اور بدی دونو شامل ہین اور روزمرہ انسان مشاہدہ کرتا ہے کیون کا جواب دیا نہین جا سکتا۔ اور جیسے

وہان یہی جواب تھا کہ رفتار اور کشش کا یہی قانون دیکھا گیا ہے اسی طرح یہان جواب ہوگا کہ پیدائش کا طریق یہی نظر آتا ہے اور جیسے وہان جواب نہ ملنے سے زمین وغیرہ کی حرکت اور کشش ثقل کے وجود سے انکار کرنا جہالت ہی اسی طرح یہان بدی کی وجہ نہ معلوم ہونے پر خدا کے وجود سے انکار کرنا نادانی ہے۔ اور علیٰ ہذا القیاس جیسے علوم دنیوی مین ہمارا بھی فرض ہے کہ قوانین قدرت کو دریافت کرین اور ان سے اپنی دنیوی اغراض مین فائدہ اٹھائین اسی طرح یہان بھی ہمارا اسی قدر فرض ہے کہ نیکی اور بدی کے ظہور وغیرہ کے متعلق جو صدہا تعینین ہون انکا علم حاصل کرین اور اُن سے روحانی اغراض مین مدد لین اور پھر جس طرح وہان پہلے مختلف قوانین قدرت کا علم حاصل کیا جاتا ہے اور پھر اُن سے کام لینے کے عملی طریقے دریافت کئے جاتے ہین اور یون سائنس اور سائنس سے صنعت پیدا ہوتی ہی اسی طرح یہان نیکی اور بدی کے متعلق صداقتون کو سمجھا جاتا ہے اور پھر اُن کے مطابق روحانی ترقیون کے رستے تیار کئے جاتے ہین اور یون عقاید اور عقاید سے اعمال پیدا ہوتے ہین۔ اس لیے اقرار خدا کے بعد مذہب کا سب سے بڑا کام نیکی اور بدی کے متعلق قوانین کی تعلیم دینا ہے[1] چنانچہ چند اصول صداقتین جن سے خدا کو موجود ماننا انکار نہین ہوسکتا تفصیل ذیل ہین

سب کچھ مشیت ربانی سے ہوتا ہے

اول خدا غیر محدود ہی اسکی صفات غیر محدود ہین اس لیے ضرور ہی کہ اوس نے اس کائنات کے موجودہ قوانین اپنی مرضی سے مقرر کئے ہین کیونکہ اگر مرضی سے نہ ہون تو لازم آتا ہے کہ وہ مجبور ہو اور غیر محدود قدرت نہ رکھتا ہو اور جب قوانین اُس نے اپنی مرضی سے مقرر کئے ہین تو ضرور ہے کہ اگر اوسکی مرضی اسکے خلاف ہوتی تو کوئی اور طرح کے قوانین جاری ہوتے۔ اور اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر وہ چاہتا تو دنیا مین محض وہی چیزین اور وہی اسباب ہوتے جو مخلوق کو فائدہ پہونچائین اور نقصان پہونچانے والی کوئی چیز نہ ہوتی۔ پس تمام انسان بھی فائدہ پہنچانے

[1] قرآن مین اس مسئلہ کے متعلق جسکو تقدیر کہتے ہین اس قدر اہتمام ہی کہ غالبًا اس کے بہت کم صفحے ایسے نکلینگے جن مین اسکی مختلف پہلوؤن مین سے کسی نہ کسی کے متعلق مذکور نہ ہو اور غالبًا قرآن مین بھی ایک مسئلہ ہی جسکو سب سے زیادہ دشوار سمجھا جاتا ہی حالانکہ واقعات عالم کی شہادت اور قوانین قدرت کے مطالعہ سے جس قدر اس مسئلہ کی صحت معلوم ہوتی ہی شاید کسی اور مسئلہ کی ہو۔

والے ہوتے اور مضرت کسی سے ظاہر نہ ہوتی جبکہ دوسرے لفظوں میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ سب نیک اور ہدایت یافتہ ہوتے اور بدی اور بدی کیطرف جانیکا نشان نہ ہوتا۔ غرض لامحدود قدرت مانکر اس نتیجہ تک ضرور پہونچنا پڑتا ہے اور یہی کامل مذہب کی تعلیم ہے چنانچہ ارشاد ہے۔

وَلَوْشَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ وَلَوْشَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ (بقرہ پارہ ۳ ع ۲۳)

اگر خدا چاہتا تو جو لوگ ان کے بعد ہین دلایل کو دیکھنے کے بعد جھگڑا اور لڑائی نہ کرتے۔ لیکن انہون نے اختلاف کیا اور بعض مومن ہوگئے اور بعض کافر اور اگر خدا چاہتا تو وہ دنگا نہ کرتے۔ لیکن خدا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔

فَلَوْشَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ (انعام پارہ ۸ ع ۱۴)

اگر خدا چاہتا تو ان سب کو ہدایت پر متفق کر دیتا پس تم نادانی کا خیال نہ کرو۔

قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ فَلَوْشَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ (انعام پارہ ۸ ع ۱۴)

کہدو کہ پوری حجت خدا کے پاس ہے پس اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دیتا۔

وَلَوْشَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِى الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱۰)

اگر تمھارا پروردگار چاہتا تو جو زمین پر ہین سب کے سب ایمان لے آتے۔ پس کیا تم لوگون کو مجبور کروگے کہ وہ ایمان لائین۔

وَلَوْشَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ (ہود پارہ ۱۲ ع ۱۱)

اگر تیرا پروردگار چاہتا تو لوگون کو ایک امت بنا دیتا اور یہ لوگ ہمیشہ مختلف رہین گے مگر جن پر خدا کی مہربانی ہو۔ اور اُن کو اسی لیے پیدا کیا ہے۔

اَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ (رعد پارہ ۱۳ ع ۱۴)

پس کیا ایسا خدا رکھنے نا امید نہین بیٹھے اس کے کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگون کو ہدایت دیتا۔

وَلَوْشَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً (نحل آخر ع ۱۲)

اور اگر خدا چاہتا تو تم کو ایک امت بنا دیتا۔

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا (سجدہ پارہ ۲۱ ع ۲)	اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو ہدایت دیتے
وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ط (شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۱)	اور اگر خدا چاہتا تو اُن کو ایک اُمت بنا دیتا۔

خدا نے نیک اور بد دونون رستے بنائے ہین۔

دوئم۔ بجائے اس کے کہ محض ایک رستہ نیک افعال اور نیک نتایج کا پیدا کیا جاتا دُنیا مین دونون طریق مقرر کئے گئے ہین چنانچہ نیک رستہ پر چلنے والا نیک نتایج تک پہنچتا ہے اور برائی کو اختیار کرنے والا بد انجام حاصل کرتا ہے ارشاد ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ (انعام پارہ ۸ ع ۱)	تعریف اُس خدا کی ہے جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور تاریکی اور روشنی کو بنایا۔
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ط (تغابن پارہ ۲۸ ع ۱)	وہ ذات ہے جس نے تمکو پیدا کیا کہ بعض تم مین سے کافر اور بعض مومن۔
اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ط (دہر پارہ ۲۹ ع ۲)	ہم نے اُسے رستہ دکھایا ہے پس خواہ وہ شکر گذار بنے یا ناشکر۔
اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ط (البلد پارہ ۳۰ ع ۱)	کیا ہمنے اُسکو دو آنکھین اور ایک زبان اور دو لب نہین دئے اور کیا اس کو دو نور سنے نہین دکھائے۔
وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ط (الشمس پارہ ۳۰ ع ۱)	قسم ہے روح کی اور اُسکی جس نے اُسے بنایا اور اُس مین بھلائی اور برائی کا خیال ڈالا۔

اسی مین حکمت ہے

سوئم۔ جس طرح اسکی قدرت غیر محدود ہے اسی طرح اسکی حکمت بھی غیر محدود ہے اور انسان کی عقل نہین سمجھ سکتی کہ اس طرح کے انتظام مین کیا کچھ حکمت اور بہتری ہے مگر انسان کو اپنی حالت کے موافق اس قدر خیال کرنا ضرور ہے کہ جو فائدہ اس انتظام پر مترتب ہے وہ اور کسی انتظام پر

جو انسانی عقل مین آسکے مرتب نہین ہوسکتا۔ مثلاً اگر دنیا مین بالکل بدی نہ ہوتی تو بدی پر غالب آنے اور بدخواہشون کو روک کر نیکی کی جانب رجوع کرنے کی بھی ضرورت نہ ہوتی اور اس لیے ایسی مخلوق نیکی پر کاربند ہوتی تو محض اسی وجہ سے کہ نیکی کے سوا اس کو کوئی فعل کرنیکا موقع نہ ہوتا اور اس لیے ایسی مخلوق صلہ و انعام کی مستحق بھی نہ ہوتی۔ اور اسی طرح اگر نیکی اور بدی دونون ہوتین مگر بدی کا نتیجہ برا نہ ہوا کرتا تو پھر بھی بدی اور نیکی مین کچھ تفاوت نہ ہوتا اور کامل عدل کے بالکل منافی ہوتا کہ نیک اور بد کو یکسان انعام دیا جائے۔ پس یہی صورت موزون ہے کہ نیک اور بد دونون راہ بنای جائین اور ہر ایک پر اس کے مناسب حال نتیجہ مرتب کیا جائے تاہر شخص اس امتحان مین جس قدر نمبر پائے اسی کے موافق اعزاز حاصل کرے اور خدا جس شخص کو جس رتبہ کے لایق دیکھے وہی درجہ عطا کرے چنانچہ یہی سمجھایا گیا ہے:-

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ (آل عمران پارہ ۴ ع ۱۴)	کیا تم سمجھتے ہو کہ جنت مین چلے جاؤگے حالانکہ خدا کے نزدیک نہ ثابت ہوا ہوگا کہ کون تم مین سے کوشش کرنے والا ہے اور کون صبر کرنیوالا ہے۔
اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا (انعام پارہ ۸ ع ۱۵)	کیا وہ شخص جو مردہ ہوا ہو ہمنے اسے زندہ کیا ہو اور اس کو نور دیا ہو جس سے وہ لوگون کے بیچ مین راہ نکالے اس جیسا ہوسکتا ہے جو اندھیرے مین ہو اور اس سے نکل نہ سکتا ہو۔
لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (انفال پارہ ۹ ع ۵)	(یہ اس لیے ہوا ہے) تا ہلاک ہو جو ہلاک ہوتا ہے۔ دلیل سے اور زندہ رہے جو زندہ رہتا ہے دلیل سے
اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۭ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ	کیا لوگ گمان کرتے ہین کہ وہ صرف اتنا کہنے پر چھوڑ دیے جائینگے کہ ہم ایمان لائے۔ اور ان کو فتنہ مین نہ ڈالا جائیگا

مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۔ (عنکبوت پارہ ۲۰ ع ۱)

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ۔ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ۔ (ص پارہ ۲۳ ع ۳)

حالانکہ ہمنے فتنہ مین ڈالا ہر ان سے پہلے لوگون کو تاخدا کے سامنے ثابت ہوجاے کہ کون سچا ہے اور کون جھوٹا۔

ہمنے آسمان زمین اور اسکے درمیانی مخلوق کو بے وجہ پیدا نہین کیا۔ یہ کفار کا گمان ہے پس افسوس ہے کہ وہ عذاب مین ڈالے جائینگے۔ کیا ہم ایمان لانیوالون اور نیک عمل کرنیوالون کو ملک مین فساد کرنے والون کے برابر کردین اور کیا پرہیزگارون کو بدکارون کے مساوی سمجھین۔

خدا نے ہر کیفیت مین ترقی کی قابلیت رکھی ہے۔

چہارم۔ نیک اور بد یا مفید اور مضر حالات کو موجود پانے کے بعد دیکھا جاتا ہے کہ ان دونون کیفیتون مین ترقی کی قابلیت بھی ودیعت ہے اور قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ جس چیز کیطرف توجہ ہو اسکی مہارت نامعلوم طور پر بڑھتی جاتی ہے مثلاً اگر کوئی جاہل علم کی طرف توجہ کرتا ہے یا کوئی نادان کوئی ہنر سیکھنے لگتا ہے تو پہلے موجودہ حالت کو بدلنا ایک کوہ گران معلوم ہوتا ہے مگر توجہ اور شوق پیدا ہونے پر گو ابھی اس کام کو ہاتھ نہ لگایا ہو وہ پہلی سی دشواری اور دقت کم محسوس ہونے لگتی ہے اور جب وہ ابتدائی سبق حاصل کرنے لگتا ہے تو اگرچہ اسکو نمایان طور پر محسوس نہین ہوتا مگر دشواری کا پردہ اٹھنا شروع ہوجاتا ہے اور فن حاصل کرنے کی قابلیت زیادہ ہونے لگتی ہے اور اس طرح ہر قدم پر وہ اپنے مدعا کے قریب آتا جاتا ہے۔ اور اُدھر اسی طرح کوئی شخص کسی فن یا کام مین رات دن مشغول رہتا ہے اور کسی وقت اس شغل کو نہین چھوڑتا تو معلوم ہوتا ہے کہ اُسکے لئے اپنی اس عادت سے دست بردار ہونا نہایت ہی دشوار ہے لیکن جب کسی وجہ سے ایک دفعہ اُس کام مین سستی کرتا ہے اور ایک لحظہ کے لئے غافل ہوجاتا ہے تو یہ ایک لحظہ کی غفلت عادت کو چھوڑنے کی دشواری مین تخفیف کردیتی ہے اور اگر اب کسی سخت ضرورت کے سبب اُس نے تھوڑی سی غفلت کی تھی تو آیندہ اس سے کم ضرورت پڑنے پر زیادہ دیر تک بیکار رہنے

پر مائل ہو جاتا ہے اور اگر یہی رفتار جاری رہی تو یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ بغیر ورزش بھی کام کو چھوڑنے لگتا ہے حتی کہ ایک وقت پر بالکل ناکارہ اور درماندہ ہو جاتا ہے اور یہ کیفیت صرف انسانون ہی مخصوص نہین بلکہ دنیا کی ہر چیز اپنی حالت بدلنے پر اسی طرح اس انقلاب کیلئے پہلے سے زیادہ مستعد ہوتی جاتی ہے جنگلی درخت کو باغبانی کے قاعدون پر یا وحشی جانور کو تربیت کے اصول پر پرورش پانے کا موقع ملے تو جتنی قوت انقلاب کے پہلے دورون مین صرف کرنی پڑتی ہے آئندہ اُس سے کم قوت مین زیادہ انقلاب ظاہر ہونے لگتا ہے اور اُدھر پرورش کے قاعدون مین تساہل کرنے سے بڑے آراستہ درخت اور تربیت یافتہ جانور اپنی صحرائیت اور وحشت کیطرف لوٹتے ہوئے پوری بیڈول اور ناہموار ہو سکتے ہین - اب مذہبی حالت کو دیکھین تو انہین بھی یہی قانون نظر آتا ہے - ایک زندہ واباش کو جو ہر وقت سیہ کاری مین منہمک ہے خدا ترسی کیطرف آنا اور اپنی جسمانی لذتون کو نادیدہ روحانی ترقی کے لیے چھوڑنا نہایت گران معلوم ہوتا ہے اور اسکی ایسی حالت کو بدلنے کے لیے ایسی قوت کی ضرورت ہے جو بلا مبالغہ لوہے کو پانی کرنے کی قابلیت رکھتی ہو - مگر جب ایک دفعہ وہ کسی طرح خدا کی طرف تھوڑی سی توجہ بھی کر لیتا ہے تو آیندہ کیلئے اسکے دل کو نرم کرنا ذرا آسان ہو جاتا ہے اور پھر چھوٹی چھوٹی عبرتین اسکے دل کو زیادہ سے زیادہ مرعوب کرنے لگتی ہین حتے کہ ایک وقت پر اُس کا دل اس قدر منور ہو سکتا ہے کہ کسی عبرت و نصیحت کی ضرورت نہ رہے اور نہ صرف یہ کہ اُس کا خود گمراہ ہونا محال ہو جائے بلکہ وہ دوسرون کے لئے بھی روشنی کا مینار بن سکتا ہے - اور اسی طرح زاہد شب زندہ دار اور عابد خدا پرست کو اپنے افکار و اشغال سے ایک لحظہ غافل ہونا موت سے بدتر معلوم ہوتا ہے لیکن کسی سبب سے ایک دم کیلئے عیش و آرام کیطرف مایل ہونے سے تاریکی سے بچانے والا نور کم ہونے لگتا ہے اور جو جسمانی لذت ایک لحظہ حاصل کی ہے اسکا اشتیاق پہلے سے دوچند ہو جاتا ہے اور ادنے ترغیب پر اپنے فرائض مین کوتاہی اور گناہ مین انہماک کرنے لگتا ہے اور اگر اسی طرف چلا چلے تو آخر اُس کا دل تاریکی مین شب دیجور اور سختی مین سنگ خارا سے بڑھ جاتا ہے اور اُس وقت وہ دل رکھتا ہے مگر سمجھتا نہین - آنکھ رکھتا ہے مگر دیکھتا نہین اور کان رکھتا ہے مگر سنتا نہین گویا دل پر مہر ہو گئی ہے آنکھ پر پردہ پڑ گیا ہے اور کانون مین ڈاٹ لگ گئے

ہین - غرض یہ عام قانون قدرت ہی اور جو دنیا کا بنانے والا ہے اسی کیطرف سے جاری ہوا ہے چنانچہ انہی صدور تون کیطرف اشارہ ہے جہان ارشاد ہے -

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْھِمْ ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝ (بقرہ پارہ ۱ ع ۱۱)	جو لوگ کافر ہین خواہ تم اُن کو ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان نہ لاوینگے - خدا نے (اپنے قانون کے موافق) اُن کے دل پر اور کانون پر مہر کردی ہی اور اُن کی آنکھون پر پردہ ہے اور اُن کے واسطے بڑا عذاب ہے -
فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَّرَضٌ فَزَادَھُمُ اللّٰہُ مَرَضًا (بقرہ پارہ ۱ ع ۱)	اُن کے دل مین مرض ہے پس خدا نے (قانون ترقی سے) اُنکے مرض کو بڑھا دیا -
قَالُوْٓا اِنَّا مَعَکُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَھْزِءُوْنَ اَللّٰہُ یَسْتَھْزِئُ بِھِمْ وَیَمُدُّھُمْ فِیْ طُغْیَانِھِمْ یَعْمَھُوْنَ ۝ (بقرہ پارہ ۱ ع ۲)	وہ کفار سے کہتے ہین کہ ہم تمہارے ساتھ ہین اور ہم مسلمانون سے ہنسی کرتے ہین مگر خدا انکی ہنسی کا بدلا دیتا ہی اور اُس نے قاعدہ باندہا ہی کہ ایک سرکشی کے بعد سرکشی مین بڑہتے جائین (یہ بھی قانون ہے)
بَلْ لَّعَنَھُمُ اللّٰہُ بِکُفْرِھِمْ فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ (بقرہ پارہ ۱ ع ۱۱)	خدا نے انکے کفر کے سبب اُن کو رحمت سے دور کردیا ہے اب وہ ایسے دور ہو گئے ہین کہ کم ہی ایمان لائینگے -
وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (بقرہ پارہ ۳ ع ۱۵)	اور اللہ ظلم کرنیوالون کو ہدایت کیون دینے لگا تھا -
وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ (بقرہ پارہ ۳ ع ۱۳)	اور اللہ کفر کرنیوالون کو ہدایت کیون دینے لگا تھا -
فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی (بقرہ پارہ ۳ ع ۳۷)	پس جو شیطان کا کہنا نہ مانے اور خدا پر ایمان لاوے اُس نے ایک مضبوط رسی کو پکڑ لیا جس کے ذریعہ سے اوپر کو چڑھتا جائیگا
کَیْفَ یَھْدِی اللّٰہُ قَوْمًا کَفَرُوْا بَعْدَ اِیْمَانِھِمْ	خدا ان لوگون کو کس قاعدہ سے ہدایت دے جو خود ہی کفر کی

وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ
الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الظّٰلِمِيْنَ ۝ (آل عمران پارہ ۳ ع ۹)

طرف گئے ہیں حالانکہ اس سے پہلے وہ ایماندار تھے
رسول کو حق جانتے تھے اور نشان دیکھ چکے تھے اور اللہ
ایسے ظالموں کو ہدایت کیوں دینے لگا۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ
خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا
اِثْمًا ۚ (آل عمران پارہ ۴ ع ۱۲)

کفار گمان نہ کریں کہ اُن کو گناہ کرنے پر جو مہلت
ملتی ہے وہ ان کے لئے بہتر ہے اس مہلت کا تو یہ اثر
رکھا ہے کہ وہ گناہگاری میں ترقی کریں۔

وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ
اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (نساء پارہ ۵ ع ۷)

خدا نے انکو ان کے کفر کے سبب اپنی رحمت سے دور
کر دیا ہے پس وہ کم ہی ایمان لائیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا
ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ
يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
سَبِيْلًا ۝ (نساء پارہ ۵ ع ۱۸)

جو لوگ ایمان لائیں پھر کافر ہوں۔ پھر ایمان لائیں
پھر کافر ہوں۔ پھر کفر میں ترقی کریں تو خدا اُن کو
نہیں بخشتا اور نہ انکو سیدھے راستہ کی ہدایت
کرتا ہے

بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ
اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (نساء پارہ ۶ ع ۱۳)

خدا نے ان کے کفر کے سبب دلوں پر مہر لگا دی ہے
پس اب کم ہی ایمان لائیں گے

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا
قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۝ (مائدہ پارہ ۶ ع ۳)

ان کے وعدہ توڑنے کے سبب سے ہم نے ان کو رحمت
سے دور کیا ہے اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا ہے۔

فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا
بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ
الْقِيٰمَةِ ۭ (مائدہ پارہ ۶ ع ۳)

جو انکو نصیحت کی گئی ہے انہوں نے اُسے بھلا دیا پس ہم نے
اس کے نتیجہ میں قیامت تک کیلئے اُن میں عداوت
اور بغض کی آگ بھڑکا دی۔

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰۗىِٕكَةَ وَكَلَّمَهُمُ
الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا

اور اگر ان پر فرشتوں کو اتارتے اور مُردے اُن پر باتیں
کرتے اور ہم ان کے سامنے سب چیزوں کو مہیا کر دیتے

مَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ

(انعام پارہ ۸ ع ۱۷)

فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا مِنْ قَبْلُ كَذَٰلِكَ نَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْكَافِرِينَ

(اعراف پارہ ۹ ع ۱۳)

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ وَأُمْلِي لَهُمْ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝

(اعراف پارہ ۹ ع ۲۳)

وَلَوْ عَلِمَ اللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا لَأَسْمَعَهُمْ وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَهُمْ مُعْرِضُونَ ۝

(انفال پارہ ۹ ع ۳)

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ۔ (انفال پارہ ۹ ع ۳)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَلْ لَكُمْ فُرْقَانًا (انفال پارہ ۹ ع ۴)

فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُوا اللَّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ (توبہ پارہ ۱۰ ع ۱۴)

كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱۰)

تب بھی وہ ایمان نہ لاتے مگر شاذونادر (یا) لیکن اگر خدا چاہے تو ویسے بھی سب مومن ہو سکتے ہیں۔

پس وہ ایمان نہ لائینگے اس لیے کہ انھوں نے پہلے ہی تکذیب کی ہے ہم اسی طرح کفار کے دل پر مُہر لگا دیتے ہیں۔

جو لوگ ہمارے نشانوں کو جھٹلاتے ہیں ہم انکو آہستہ آہستہ برائی کیطرف لیجاتے ہیں اس طرح کہ اُن کو معلوم بھی نہیں اور ہم انکو مہلت دیتے ہیں بیشک ہمارے مخفی قانون مضبوط ہیں۔

اور اگر خدا ان میں بھلائی پاتا تو اُن کو نیک بات سُننے کی توفیق دیتا اور اگر ویسے ہی انکو سُننے کی توفیق دی جاتی تب بھی وہ توجہ نہ کرتے۔

اور یہ جان لو کہ خدا (کا قانون) انسان میں اور اسکے دل میں حائل ہو جاتا ہے (کہ برائی کے بعد نیکی کیطرف آنے نہیں دیتا)

اے ایمان والو اگر تم خدا سے ڈروگے (پرہیزگاری کروگے) تو وہ تمکو حق و باطل کی تمیز عنایت کریگا۔

خدا نے اُن کے دل میں قیامت تک کے لیے نفاق ڈال دیا یہ نتیجہ اسکا ہے کہ انھوں نے خدا سے وعدہ خلافی کی اور اسکا کہ انھوں نے نافرمانی پر کمر باندھی۔

اسی طرح خدا کا کلمہ (اسکا قانون) ان لوگوں پر نافذ ہوتا ہے جو فسق و فجور کرتے ہیں کہ ان میں ایمان کا نور نہیں رہتا۔

فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا بِهِ مِنْ قَبْلُ
كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوبِ الْمُعْتَدِينَ
(یونس پارہ ۱۱ ع ۵)

پس وہ لوگ ایمان نہ لائینگے اِس لئے کہ پہلے انھون نے تکذیب کی ہم اسی طرح حد سے تجاوز کرنیوالون کے دل پر مُہر کر دیتے ہین۔

إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَةُ رَبِّكَ
لَا يُؤْمِنُونَ وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ
(یونس پارہ ۱۱ ع ۱۰)

جن کی نسبت خدا کا کلمہ (قانون) نافذ ہوچکا ہے وہ ایمان نہ لائین گے خواہ اُن کو نشان دکھائے جائین۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوا
مَا بِأَنْفُسِهِمْ ط (رعد پارہ ۱۳ ع ۵)

خدا کسی قوم کی حالت نہین بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنی حالت نہ بدلین۔

بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا
عَنِ السَّبِيلِ ط (رعد پارہ ۱۳ ع ۵)

بل کہ جو لوگ کافر ہین ان کے مکر و فریب کو ان کی نظرون مین خوبصورت بنا دیا گیا ہے اور وہ راہ سے روک دیئے گئے ہین

يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ
اللَّهُ الظّٰلِمِينَ ط (ابراہیم پارہ ۱۳ ع ۴)

خدا اُن لوگون کو جو ایمان لائین پکی بات پر قائم رکھتا ہے اس دنیا مین بھی اور آخرت مین بھی۔ اور خدا ظلم کرنیوالون کو اور گمراہ کرتا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ
لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ ط (نحل پارہ ۱۴ ع ۱۴)

جو لوگ خدا کی نشانیون پر ایمان نہین لاتے خدا انکو ہدایت بھی نہین دیتا۔

ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الظّٰلِمِينَ ط أُولٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ
عَلٰى قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ
وَأُولٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ط
(نحل پارہ ۱۴ ع ۱۴)

یہ انجام بد اس لئے ہے کہ اُنھون نے دنیوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی اور قاعدہ یہ ہے کہ خدا ظلم کرنیوالون کو نتیجہ مین ہدایت نہین دیتا۔ یہ وہ لوگ ہین جن کے دلون پر اور کان اور آنکھ پر خدا نے مہر کر دی ہے اور یہ غافل ہین۔

وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۙ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ

(بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۵)

اور جب تم قرآن پڑھتے ہو تو ہم تمہارے اور اُن لوگوں کے مابین جو قیامت کو نہیں مانتے مخفی پردہ ڈالدیتے ہیں اور ہم اُن کے دلوں کو سمجھنے سے روک دیتے ہیں اور اُن کے کان میں میل بھر دیتے ہیں -

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۭ (کہف پارہ ۱۵ ع ۶)

اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جس کو خدا کے نشان دکھائے گئے مگر اُس نے اپنے اعمال کا کچھ خیال نہ کیا ہمنے ایسے لوگوں کے دلوں کو سمجھنے سے روک دیا ہے اور اُن کے کانوں میں میل بھر دی ہے اور اگر تم انکو ہدایت کیطرف بلاؤ گے تو وہ کبھی ہدایت نہ پائیں گے -

وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ

(مریم پارہ ۱۶ ع ۵)

اور خدا ہدایت یافتہ لوگوں میں ہدایت کو ترقی دیتا ہے -

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۝ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۭ (مریم پارہ ۱۶ ع ۵)

کیا تم نہیں دیکھتے کہ ہم بھیجتے ہیں شیطانوں کو کفار پر کہ وہ انکو بہکاتے ہیں پس تم اُن کے لئے جلدی نہ کرو ہم اُن کے اعمال کو گن رہے ہیں -

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ (شعرا پارہ ۱۹ ع ۱۱)

ہم اسیطرح بے ایمانی کو مجرموں کے دلمیں داخل کئے جاتے ہیں وہ ایمان نہ لائینگے حتی کہ دردناک عذاب دیکھیں

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۭ (نمل پارہ ۱۹ ع ۱)

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم اُن کے اعمال کو انکی نظروں میں خوبصورت بنا دیتے ہیں وہ گمراہ ہوتے جاتے ہیں -

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ (عنکبوت پارہ ۲۱ ع ۶)

اور جو لوگ ہماری طرف آنیکی کوشش کرتے ہیں ہم انکو اپنے راستے دکھاتے ہیں اور بیشک خدا نیکوکاروں کے ساتھ ہے -

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِينَ أَسَاءُوا السُّوأَىٰ أَن كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَكَانُوا بِهَا يَسْتَهْزِئُونَ

(روم پارہ ۲۱ ع ۱)

پھر بدی کرنیوالون کا انجام یہ ہوا کہ انہون نے خدا کے نشانون کی تکذیب کی اور اس سے استہزا کرنے لگے۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ

(زمر پارہ ۲۳ ع ۱)

خدا اُس شخص کو ہدایت کیطرف نہین لاتا جو جھوٹا اور ناشکر ہو۔

حَتَّىٰ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَن يَبْعَثَ اللَّهُ مِن بَعْدِهِ رَسُولًا ۗ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُرْتَابٌ ۝ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۖ كَبُرَ مَقْتًا عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ

(مومن پارہ ۲۴ ع ۲)

حتی کہ جب یوسف فوت ہوئے تو تمنے کہا کہ خدا ان کے بعد کوئی پیغمبر نہین بھیجے گا۔ خدا اسی طرح مسرف اور شک مزاج والون کو جو بغیر کسی دلیل کے خدا کے نشانون سے مخالفت کرتے ہین گمراہ کرتا ہے یہ خدا کے نزدیک اور ایمانداروں کے نزدیک نہایت ناخوشنودی کا باعث ہے۔ خدا اسیطرح بڑھتے بڑھتے متکبر اور سرکش لوگون کے دلون پر مُہر لگا دیتا ہے

قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ۖ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۚ

(حم سجدہ پارہ ۲۴ ع ۵)

کہدو کہ یہ قرآن ایمانداروں کے لیے ہدایت اور شفا ہے اور جو ایمان نہین لاتے اُن کے کانون مین گرانی ہے اور قرآن ان کے لیے نابینائی کا سامان ہے۔

وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْنًا

(شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۳)

جو نیک عمل کرتا ہے ہم اسکی نیکی کو ترقی دیتے ہین۔

وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ ۝

(زخرف پارہ ۲۵ ع ۲)

اور جو شخص مہربان خدا کے ذکر سے غفلت کرتا ہے ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہین جو اسکا ہمراہ رہتا ہے۔

أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ

کیا تم دیکھتے ہو اس شخص کو جس نے اپنی خواہش کو خدا بنا رکھا ہے اور باوجود جاننے کے خدا نے اسے گمراہ کیا ہے

وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشَاوَةً فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْ بَعْدِ اللّٰهِ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ط

(جاثیہ پارہ ۲۵ ع ۳)

اور اس کے کان اور دل پر مہر لگادی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے۔ پس خدا کے سوا اسے کون ہدایت دے کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰهُمْ تَقْوٰىهُمْ ط (محمد پارہ ۲۶ ع ۲)

اور جو ہدایت کیطرف آتے ہیں خدا ان کی ہدایت کو زیادہ کرتا ہے اور انکو تقوی کی توفیق بخشتا ہے۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ۔ (محمد پارہ ۲۶ ع ۳)

کیا تمکو امید ہے کہ تم با اختیار ہو تو ملک مین فساد پھیلاؤ گے اور قرابت داروں سے بدسلوکی کروگے یہی لوگ ہیں جن کو خدا نے رحمت سے دور کردیا ہے پس انکو بہرہ کردیا ہے اور انکی آنکھون کو نابینا بنا دیا ہے

فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ط

(صف پارہ ۲۸ ع ۱)

پس جب وہ گمراہ ہوئے تو خدا نے اُن کے دلون کو اور بھی گمراہ کردیا اور (وجہ یہی) کہ لوگ فسق و فجور کرین اور خدا اس پر ہدایت مرتب کرے ایسا نہیں ہوسکتا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ط (منافقون پارہ ۲۸ ع ۱)

یہ بدانجام اس لیے کہ وہ ایمان لائے پھر کافر ہوگئے اس لئے انکے دلون پر مُہر کردی گئی پس اب کچھ نہیں سمجھتے

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ (تغابن پارہ ۲۸ ع ۲)

جو شخص خدا پر ایمان لاتا ہے خدا اس کے دل میں ہدایت بھر دیتا ہے

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط ... وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ط

(طلاق پارہ ۲۸ ع ۱)

جو شخص خدا سے ڈرے خدا اس کے لیے رستگاری کا رستہ بناتا ہے اور اسکو ایسی روزی دیتا ہے جس کا اُسے گمان بھی نہ ہو ... اور جو شخص خدا سے ڈرتا ہے خدا اُسکے کام آسان کرتا ہے

پنجم جس طرح معلول کیلئے علت کا ہونا ضرور ہے اسی طرح علت موجود ہونے پر اُس کے معلول کا موجود ہونا بھی ضرور ہے اور ممکن نہیں کہ

جس کیفیت کے اسباب موجود ہون اس کے خلاف نہیں ہوسکتا

علت معہ اپنے تمام شرائط اور لوازم کے پائی جائے اور اس پر اُس کا نتیجہ مرتب نہ ہو۔ اس لیے اگر کسی فعل کیطرف توجہ کرنیوالی تحریک مکمل طور پر موجود ہو تو ممکن نہین کہ توجہ پائی نہ جائے اور اگر توجہ جیسی چاہئے موجود ہو اور توجہ کو روکنے والا کوئی سبب موجود نہ ہو تو ممکن نہین کہ وہ کام شروع نہ ہو اور پھر کام شروع ہونے پر ممکن نہین کہ اسکی واقفیت پیدا نہ ہو۔ اور اسی طرح یہ سلسلہ اگر اپنی تمام شرطون کے ساتھ جاری رہے تو ممکن نہین کہ وہ فعل انجام کو نہ پہونچے اور اگر وہ فعل ہدایت ہو تو ممکن نہین کہ اسکا نتیجہ ہدایت ہو۔ اور دُنیا مین کوئی طاقت نہین جو علت و معلول کے اس سلسلہ کو توڑ سکے پس ان اصول کو گذشتہ اصول کے ساتھ ملا کر اور سلسلۂ علیت کو علۃ العلل تک لیجا کر دیکھا جائے تو کہنا پڑتا ہے کہ جو شخص خدا کے مقرر کردہ قوانین اور اُس کے جاری کئے ہوئے سلسلہ مین ہدایت کیطرف گیا ہے ممکن نہین کہ کوئی اسکو گمراہ کرے اور جو انہی خدائی قوانین اور سلسلہ کے اندر ضلالت مین دوڑ رہا ہے ممکن نہین کہ کوئی طاقت اسے راہ راست پر لائے۔ غرض خدا کی طرف سے جاری کی ہوئی ہدایت اور ضلالت اٹل ہے اس اصول کو علمی زبان مین یون کہہ سکتے ہین کہ نیچر نے جو اسباب پیدا کئے ہون انکے خلاف نہین ہو سکتا اور مذہب نیچر کو خدا کا پیدا کردہ سمجھ کر اور خدا کی طرف کا خیال دلانے کو ضروری جانکر یون کہتا ہے کہ خدا نے جو اسباب مہیا کئے ہون ان کے خلاف نہین ہو سکتا۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ وَاِنْ یَّخْذُلْکُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَنْصُرُکُمْ مِّنْ بَعْدِہٖ (آل عمران پارہ ۴ ع ۱۵)	اگر خدا تم کو مدد دے تو تم پر کوئی غالب نہین آسکتا اور اگر تم کو ناکام کرے تو اس کے بعد اور کون مدد دے سکتا ہے۔
وَمَنْ یَّلْعَنِ اللّٰہُ فَلَنْ تَجِدَ لَہٗ نَصِیْرًا (نساء پارہ ۵ ع ۱۲)	جس پر خدا لعنت کرے تم اوس کا مددگار کسیکو نہ پاؤگے۔
اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَھْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰہُ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَلَنْ تَجِدَ لَہٗ سَبِیْلًا (مائدہ پارہ ۶ ع ۶)	کیا تم ہدایت دینا چاہتے ہو اس کو جسے خدا نے گمراہ کیا ہے اور جس کو خدا گمراہ کرے تم اس کا مددگار کوئی نہ دیکھوگے۔

اسکے اس پر کوئی گرفت نہین ہوسکتی اور اگر ضلالت سے تو ممکن نہین

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا (مائدہ پارہ ۶ ع ۸)

جس کو خدا فتنہ میں ڈالنا چاہے تو تم خدا کے مقابلہ میں اس کے لئے کسی امر کا اختیار نہیں رکھتے۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ (اعراف پارہ ۹ ع ۳)

جسکو خدا گمراہ کرے اسکا کوئی ہادی نہیں

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهٖ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱۱)

اگر خدا تم کو کچھ زحمت پہونچائے تو اسکے سوا کوئی دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ بھلائی چاہے تو اس کے فضل کو کوئی روک نہیں سکتا۔

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ (ہود پارہ ۱۲ ع ۳)

اگر میں تم کو نصیحت کرنا چاہوں تو میری نصیحت کچھ مفید نہ ہوگی اگر خدا تمکو گمراہ کرنا چاہتا ہو۔

وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ (رعد پارہ ۱۳ ع ۲)

جب خدا کسی قوم کو کچھ زحمت پہونچانا چاہے تو اسکی مزاحمت نہیں ہوسکتی۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ (رعد پارہ ۱۳ ع ۵)

جسکو خدا گمراہ کرے اسکو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۱۱)

جس کو خدا ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسکو وہ گمراہ کرے اس کے لیے تم کوئی رفیق سوا خدا کے نہ پاؤگے۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا (کہف پارہ ۱۵ ع ۲)

جس کو خدا ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جس کو وہ گمراہ کرے اس کے لیئے تم کوئی دوست ہدایت دینے والا نہ پاؤگے۔

وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ (حج پارہ ۱۷ ع ۲)

جسکو خدا ذلت دے اوسکو کوئی عزت دینے والا نہیں

وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ (نور پارہ ۱۸ ع ۵)

جس کے لئے خدا نے نور نہ ودیعت کیا ہو اس کے لئے کوئی نور نہیں۔

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ

(نمل پارہ ۲۰ ع ۶)

تم مُردون جیسے غافلون کو اپنی بات نہین سُنا سکتے اور بہرون کو جب وہ پیٹھ پھیر کر جارہے ہون پکار کی آواز نہین سُنا سکتے۔

فَمَنْ يَهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ

(روم پارہ ۲۱ ع ۴)

جس کو خدا نے گمراہ کیا ہے اوسکو کون ہدایت دے ایسے لوگون کے لیے کوئی مددگار نہین۔

وَمَا أَنْتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلَالَتِهِمْ

(روم پارہ ۲۱ ع ۵)

تم اندھون کو انکی گمراہی سے نکال نہین سکتے۔

مَا يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهُ مِنْ بَعْدِهِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

(فاطر پارہ ۲۲ ع ۱)

جو رحمت کا دروازہ خدا نے لوگون کے لئے کھولا ہو اُسے کوئی بند نہین کرسکتا اور جو بند کردیا ہو اُسے کوئی اُسکے سوا کھول نہین سکتا اور خدا غالب باحکمت ہے۔

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ

(زمر پارہ ۲۳ ع ۲)

کیا جس پر عذاب کا حکم کھینچ دیا گیا ہو (اسکو کوئی چھڑا سکتا ہے) کیا تم اُسکو رہائی دے سکتے ہو جو آگ مین داخل ہوچکے۔

وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ..... وَمَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ مُضِلٍّ

(زمر پارہ ۲۴ ع ۱)

جسکو خدا گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت دینے والا نہین۔ ..... اور جس کو وہ ہدایت دے اسکے لیے کوئی گمراہ کرنیوالا نہین

وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ وَلِيٍّ مِنْ بَعْدِهِ

(شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۵)

اور جس کو خدا گمراہ کرے اس کا کوئی دوست سوا خدا کے نہین ہوسکتا۔

ششم - یہ دیکھنے کے بعد کہ توجہ پیدا ہونے پر ترقی کا راستہ کھل جاتا ہے یہ بھی یقیناً ثابت ہے کہ توجہ سے پہلے ایسی حالات کا ہونا ضرور ہے جن سے رغبت یا نفرت پیدا ہو اور رغبت یا نفرت سے توجہ کی حرکت شروع ہو۔ مثلاً انسان کو خوراک تلاش کرنے کیطرف توجہ اسی لیے ہوتی ہے کہ اعضائے اندرونی ضرورت پیش آنے پر تکلیف اور بے چینی ظاہر

خدا نے سوسائٹی کو توجہ پیدا کرنیکا ایک سبب قرار دیا ہے

کرتے ہین اور باہر اس تکلیف کو دور کرنے کا سامان مہیا نظر آتا ہے - اسی طرح کسی فن کیطرف توجہ اسی لیئے ہوتی ہے کہ اس فن کے فائدے گرد و پیش نظر کرنے پر محسوس ہوتے ہین اور اسکو حاصل کرنے سے اپنی بعض ضرورتین مہیا نہین ہوسکتین غرض ہر ایک کام مین توجہ پیدا ہونیکا باعث اندرونی اور بیرونی حالات ہوتے ہین اور اگر یہ نہ ہون تو توجہ کا پیدا ہونا بھی ممکن نہین - اور منجملہ ان حالات کے انسان کے لئے کسی ایسی سوسائٹی کا ہونا جسمین کسی خاص کام یا فن کا چرچا ہو اس کام کیطرف متوجہ ہونے کا بہت بڑا سبب ہے اور مذہب کو دیکھا جائے تو اسکی طرف توجہ کرنے کے لیئے علاوہ فطری کشش کے بڑا باعث اکثر گرد و پیش کے خیالات اور سوسائیٹی کا اثر ہوا کرتا ہے اس لیئے جیسی قدرت کیطرف سے مختلف فنون اور کاروبار کے لئے تحریک دینے والے اسباب کے علاوہ ترغیب دینے والی سوسائیٹیون کا سسٹم جاری کیا گیا ہے اسی طرح پر مذہبی ترقی کے لیے عبرت انگیز واقعات عالم کے علاوہ مذہبی سوسائٹیون کو پیدا کرنے اور انکی وساطت سے مذہبی سوسائٹیان بنانے کا دستور قائم کیا گیا ہے اور چونکہ یہ سب قوانین قدرت ہین اسلیئے صاحب قدرت کیطرف منسوب ہین -

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا (آل عمران پارہ ۴ ع ۱۷)

خدا نے مومنین پر احسان کیا ہے کہ ان مین پیغمبر بھیجے -

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ (نحل پارہ ۱۴ ع ۵)

ہمنے ہر قوم مین پیغمبر بھیجے ہین اس ہدایت کے لئے کہ خدا کی عبادت کرو اور شیطان سے بچو -

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُولًا (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۱)

ہم عذاب نہین کیا کرتے جبتک رسول نہ بھیجین

وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنْذِرُونَ ذِكْرٰى وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ (شعرا پارہ ۱۹ ع ۱۱)

اور نہین ہلاک کیا ہمنے کوئی گاؤن مگر اس وقت جبکہ اسمین نصیحت کیلئے ڈرانیوالے آچکے اور ہم ظالم نہین ہین -

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ

اور تیرا پروردگار بستیون کو ہلاک نہین کرتا مگر اسوقت

فِي أُمِّهَا رَسُولًا يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرَىٰ إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُونَ ۔
(قصص پارہ ۲۰ ع ۱۰)

اُن کے صدر مقام مین کوئی رسول بھیج چکا ہو جو انکو ہمارے نشان سُناوے اور ہم بستیون کو نہین تباہ کرتے جبتک کہ وہ ظلم نہ کرین ۔

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۔ (زمر پارہ ۲۳ ع ۳)

خدا نے سب سے اچھی باتین یعنی ایک مربوط اور دہرائے جانے کے لایق کتاب اُتاری ہے جس سے اُن لوگون کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہین جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہین

إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۔ (زمر پارہ ۲۴ ع ۱)

ہمنے تم پر سچی کتاب اُتاری ہے پس جو ہدایت پائے اُس کا اپنا فایدہ ہے اور جو گمراہ ہو اس کا اپنا ہی نقصان ہے ۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُم مِّنْ عَمَلِهِم مِّنْ شَيْءٍ
(طور پارہ ۲۷ ع ۱)

اور جو لوگ ایمان لائین اور ان کی ذریت ایمان مین اُنکی پیروی کرے تو ہم انکی ذریت کو بھی ثواب مین اُن کے شریک کرتے ہین اور باینہمہ انکے اپنے اجر مین سے کچھ کم نہین کرتے ۔

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ ۔ (کوت پارہ ۳۰ ع ۱)

یہ قرآن محض نصیحت ہے تمام جہان والون کیلئے یعنی اس شخص کے لئے جو راہ راست پر چلنا چاہے ۔

خدا نے سو سا بیٹی کو نیک اور بد دونو ترقیون کا باعث گردانا ہے

ہفتم جس طرح اندرونی اور بیرونی حالات علم و ہنر اور مذہب کی طرف توجہ کرنے کا سبب ہین اسی طرح یہی حالات گردوپیش کسی نیک کام سے توجہ کو پھیرنے اور بدی کیطرف راغب کرنیکا بھی باعث ہوتے ہین بلکہ اکثر اوقات ایک ہی واقعہ کی ظاہری لذت اور راحت بدی کی ترغیب دیتی ہے اور اسکے بانجام کو دیکھنا بدی سے روکنے کا باعث ہوتا ہے اور اسی طرح اگر ایک وقت کسی ایک یا چند اشخاص کی کوشش اور اثر سے کوئی نیکی رواج پاجاتی ہے اور آیندہ نسلون کے لئے اسکی طرف توجہ کرنے کا باعث ہوتی ہے اور اس طرح نیک

سوسائٹی بن جاتی ہے تو کبھی کسی ایک یا چند اشخاص کی ترغیب و تحریص سے یا صرف نمونہ پیش کرنے سے کوئی بدی ظہور پکڑتی ہے اور پھیلتی ہوئی قوم میں سرایت کر جاتی ہے اور آئندہ نسلیں اُس سے متاثر ہو کر تباہ ہوتی ہیں۔ غرض یہ بھی قانون قدرت ہے کہ ایک کی نیکی بہت کو فائدہ پہونچاتی ہے تو ایک کا گناہ ہزاروں کو تباہ کرتا ہے اور جس صاحب قدرت نے ایسے قانون جاری کئے ہیں ان کو اسکی طرف منسوب کرنے کے سوا چارہ نہیں اور چونکہ سچے مذہب کی یہ شان ہونی چاہئے کہ سچے واقعات پر پردہ نہ ڈالے اسلئے جہاں رسولوں کو بھیجنے کا اور انکی وجہ سے نیکی کو پھیلانے کا تذکرہ ہے اُسکے ساتھ اس قانون کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے کہ جس قوم پر تباہی آنی ہوتی ہے اُسکے عیش پسند افراد بدی اور گناہ میں منہمک ہو جاتے ہیں اور انکی دیکھا دیکھی تمام قوم تباہی کے بھنور میں گر جاتی ہے اور چونکہ یہ قانون قدرت ہے اس لئے اسکو خدا کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور ارشاد ہوا ہے۔

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ۝ وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا ۝	ہم عذاب نہیں بھیجتے جبتک پیغمبر نہ بھیجیں اور جب ہم کسی گاؤں کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے دولتمندوں کو حکم دیتے ہیں کہ وہ فسق و فجور کریں پس وہ عذاب کے مستحق ہو جاتے ہیں اور ہم انکو تباہ کر دیتے ہیں۔
(بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۲)	

اور اسی طرح جب بنی اسرائیل نے سامری کے بہکانے سے گوسالہ پرستی شروع کر دی ہے اور اس ایک شخص کی برائی سے قوم پر تباہی آئی ہے تو حضرت موسےٰ کی زبان سے دعا کے موقع پر کہا گیا ہے۔

فَلَمَّا أَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُمْ مِنْ قَبْلُ وَإِيَّايَ ۖ أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا ۖ إِنْ هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ	جب اُن کو عذاب نے لیا تو موسیٰ نے کہا اے میرے پروردگار اگر تو چاہتا تو اُن کو اور مجھ کو پہلے ہی تباہ کر دیتا۔ اب کیا تو ہمکو تباہ کر لیگا اس فعل کے سبب جو ہمارے بیوقوفوں نے کیا ہے یہ تیری طرف سے ایک آزمائش ہے
(اعراف پارہ ۹ ع ۱۹)	

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد ہے۔

وَاتَّقُوا فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنكُمْ خَاصَّةً (انفال پارہ ۹ ع ۱۹)	اور اس فتنہ سے ڈرو جو تم میں سے صرف ظلم کرنیوالوں کو ہی (نہ پہنچیگا بلکہ انکی پیروی کرنیوالے بھی مبتلا ہونگے)

ہدایت و ضلالت خدا کی طرف سے ہے۔

ہشتم نیکی اور بدی کا وجود اور اُن میں سے ہر ایک کی جانب توجہ کرنیسے اسکا ترقی پذیر ہونا اور ترقی کی رفتار جاری رہنے پر ایسے نقطہ تک پہنچ جانا کہ اسکا بدلنا محال ہو جائے اور نیز توجہ پیدا ہونے کے لیے مختلف اندرونی اور بیرونی تحریکوں کا موجود ہونا ایسے واقعات ہیں جن کا انکار دُنیا کو نظر بصیرت سے دیکھنے پر ممکن نہیں۔ اور اگر دُنیا کو خدا نے پیدا کیا ہے تو اسکی طرف منسوب کرنیسے مضر نہیں۔ اور یہ ایک طرف جب دُنیا کو خدا نے پیدا کیا ہے تو جس پہلو سے دیکھا جائے نیکی اور بدی یا ہدایت اور ضلالت اسکی طرف سے ماننی پڑتی ہے مثلاً اگر وہ دنیا کو پیدا نہ کرتا تو ہدایت اور ضلالت کا وجود بھی نہ ہوتا اور اگر پیدا کرتا مگر انسان کو جسم سے پاک اور محض روحانی شکل میں رہنے دیتا تب بھی چونکہ یہاں کے تمام نتائج جسمانیت سے پیدا ہوتے ہیں اس لیئے وہ روحیں نہ ترقی کر سکتیں اور نہ تنزل۔ اور اگر جسم دیا جاتا مگر حیوانوں کی طرح اسکی دماغی حرکت اور قوت ارادہ کو نیچر کی نہایت سادہ ضروریات تک محدود رکھا جاتا تب بھی جس طرح ایک شیر اور دوسرے شیر میں اور ایک گھوڑے اور دوسرے گھوڑے میں ہدایت اور گمراہی کے لحاظ سے کوئی تفاوت نہیں اسطرح ایک انسان اور دوسرے انسان میں کچھ تفاوت نہ ہوتا۔ اور اگر یہ سب کچھ دیا تھا تو اشیاء گردوپیش میں یہ لذت نہ رکھی جاتی جس سے بدی پیدا ہوتی ہے۔ یا اُن کے بداخمال پر بدنتائج مرتب نہ ہوتے جن سے عبرت پکڑ کر نیکی ترقی کرتی ہے مگر یہ صورت بھی نہیں۔ اب خواہ یہ دنیا کئی قدیم اشیاء سے مرکب ہو اور خواہ ایک ہی ہستی اپنے تئیں اِن مظہروں میں جلوہ دے رہی ہو اور خواہ کسی قادر و قوی خدا نے اس سلسلہ کو پیدا کیا ہو ہر طرح پیچھے کیطرف جاتے ہوئے اس ہستی پر ٹھیرنا پڑتا ہے جس نے اشیاء میں حرکت و سکون سے حرکت دی ہے۔ پس اگر وہ بے شعور ہستی ہے تو کہیں گے کہ یہ سب کچھ اسکا قانون ہے اور اگر شعور کی صفت سے بھی متصف ہے تو کہنا ہوگا کہ ایسا نظام اُس کا قانون بھی ہے اور ارادہ بھی ہے۔ اور جب ماننا جائے کہ اُس نے اس سلسلہ کو اپنے ارادہ سے جاری کیا ہے تو تسلیم کرنا ہوگا

کہ تمام آئندہ نتائج جو اس سلسلہ کیلئے لازمی ہین اُسکے ارادہ ہی ظاہر ہوئی ہین ور نہ آیندہ جس نتیجہ پر اس کے ارادہ سے انکار کیا جائے اسی جگہ اُسکو بے اختیار اور مجبور ماننا پڑیگا اور جب یہ حال ہی تو کہنا ہوگا کہ وہی ہی جس نے اپنے ارادہ سے نیکی اور بدی کو ظاہر کیا اور وہی ہے جس نے اپنے ارادہ سے انسان کو پیدا کیا اور وہی ہی جس نے اپنے ارادہ سے انسان کو جسم اور جسمانی خواہشون سے اور ارادہ اور عقل وغیرہ سے بہرہ ور کیا اور پھر وہی ہے جس نے اپنے ارادہ سے توجہ پیدا ہونے توجہ کرنے کو آیندہ ترقی کا باعث قرار دیا اور وہی ہے جس نے اپنے ارادہ سے توجہ پیدا ہونے کے لیے واقعات گرد و پیش کو سبب مقرر دیا اور دُنیا کی لذتون کو کشش کے لایق اور بد نتائج کو عبرت انگیز بنایا۔ قصہ مختصر وہی ہے جس نے بعض کو ہدایت دینے کے لیئے اپنے ارادہ سے وہ سامان پیدا کیا جسکی طرف توجہ کرنے سے اُنکا دل نیکی کی ہوا کھانے کے لیے کنول کی طرح کھل جائے اور بعض کو گمراہ کرنے کے لیئے اپنے ارادہ سے وہ وشواریان پیدا کین جن مین مبتلا ہونے سے نیکی کیطرف آنا ایسا دشوار ہو جیسے سانپ کے سوراخ مین ہات دینا۔ غرض وہی ہے جس نے جس کو چاہا ہدایت دی اور جسکو چاہا گمراہ کیا۔ پس واقعات عالم کو دیکھکر اور اُنکی پیدائش ایک علیم و قدیر خدا کی طرف منسوب کرکے یہی صداقت ہمیں پر یقین کرنا پڑتا ہے اور یہی ہے جسکی کامل مذہب نے علی الاعلان منادی کی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (بقرہ پارہ ۲ ع ۲۶)	اور اللہ جسے چاہتا ہے راہ راست کی ہدایت کرتا ہے۔
وَاللّٰہُ یُؤْتِیْ مُلْکَہٗ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ (بقرہ پارہ ۲ ع ۳۲)	اور اللہ اپنا ملک دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ صاحب وسعت اور صاحب علم ہے۔
یُؤْتِی الْحِکْمَۃَ مَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَۃَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا۔ (بقرہ پارہ ۳ ع ۳۵)	وہ جسے چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جس کو حکمت دی جائے اُسے بہت بڑی بھلائی دیگئی۔
قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ	تم کہو کہ یا اللہ اور اے ملک کے مالک تو جسے چاہتا

مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ
وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ
بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ط (آل عمران پارہ ۳ ع ۴)

اَللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ
(آل عمران پارہ ۳ ع ۴)

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ
يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط
(آل عمران پارہ ۳ ع ۵)

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ
(آل عمران پارہ ۳ ع ۱۳)

قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ (آل عمران پارہ ۳ ع ۱۶)

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ
لِلْاِسْلَامِ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ
صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا (انعام پارہ ۸ ع ۱۵)

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا
وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ
(اعراف پارہ ۸ ع ۵)

قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ

ملک دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا
ہے اور جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہتا
ہے ذلت دیتا ہے بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے
اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔

خدا جسے چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے

تم کہو کہ فضل خدا کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہتا ہے
دیتا ہے اور اللہ صاحب وسعت اور صاحب علم ہے وہ جسے
چاہتا ہے اپنی رحمت سے مخصوص کرتا ہے اور اللہ
بڑے فضل کا مالک ہے۔

اور جو کچھ آسمان و زمین میں ہے سب کچھ خدا ہی کا
ہے وہ جسے چاہتا ہے بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے
عذاب دیتا ہے۔

تم کہدو کہ حکم سب خدا ہی کا ہے۔

پس جسکو خدا ہدایت دینی چاہتا ہے اس کے دل کو اسلام
کیلئے کھول دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنا چاہتا ہے اس کے
دل کو تنگ اور بند کر دیتا ہے

اور انہوں نے کہا خدا کی تعریف ہے جس نے ہمکو ایمان کے
لیے ہدایت دی اور اگر خدا ہمکو ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت
نہ پا سکتے۔

تم کہدو کہ خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو اسکی

إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ (رعد پارہ ۱۳ ع ۴)

يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ (رعد پارہ ۱۳ ع ۵)

وَمَآ أَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط

(ابراہیم پارہ ۱۳ ع ۱)

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ إِنْ يَّشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَّشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ط (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۱)

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ط (عنکبوت پارہ ۲۰ ع ۲)

أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا فَإِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ط

(فاطر پارہ ۲۲ ع ۲)

إِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ وَمَآ أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ط (فاطر پارہ ۲۲ ع ۳)

كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ إِلَيْهِ اللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ إِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ إِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ط (شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۱)

وَإِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ

طرف رجوع کرے اُسے ہدایت دیتا ہے۔

خدا جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جو چاہتا ہے قایم رکھتا ہے

اور ہمنے تمام پیغمبر انکی اپنی قوم کی زبان میں بھیجے ہیں تاکہ اُن کے سامنے بیان کر سکیں اور پھر خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب باحکمت ہے۔

تمہارا پروردگار تمکو خوب جانتا ہے پس اگر وہ چاہے تم پر رحمت کرے یا چاہے تمکو عذاب دے۔

وہ عذاب دیتا ہے جسے چاہے اور رحم کرتا ہے جس پر چاہے۔ اور تم اسی کیطرف لوٹائے جاؤ گے

کیا وہ شخص جس کی نظر وں میں اُسکے بداعمال کو زینت دیگئی ہے اور وہ انکو اچھا جانتا ہے (اسکے برابر جو نیک وبد میں تمیز کر سکتا ہے؟) مگر بات یہ ہے کہ خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے پس تم انکے لیے حسرت میں ہلکان نہ ہو۔ خدا انکے اعمال سے واقف ہے

خدا جسے چاہے نیک بات سنا دیتا ہے اور تم قبر کے مُردوں جیسے غافلوں کو نہیں سنا سکتے۔

جس چیز کی طرف تم بلاتے ہو مشرکین کیلئے وہ بہت ناگوار ہے اللہ اپنی طرف بلاتا ہے جسے چاہتا ہے اور جو اسکی طرف جمع کرے اُسے ہدایت دیتا ہے۔

اور بیشک فضل خدا کے ہاتھ میں ہے وہ دیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط (حدید پارہ ۲۷ ع ۴)

جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط (جمعہ پارہ ۲۸ ع ۱)

یہ خدا کا فضل ہے وہ دیتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ط (مدثر پارہ ۲۹ ع ۱)

اسی طرح (یعنی منکرین ملائکہ کیطرح) خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور خدا کے لشکروں کو اسکے سوا کوئی نہیں جانتا۔

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ط (لیل پارہ ۳۰ ع ۱)

بیشک ہماری طرف سے ہے ہدایت۔ اور ہمارے ہی اختیار میں ہے آخرت اور دنیا

خدا کے علم میں سب کچھ ہے **تنبیہ**۔ ایک کلاک بنانے والا اسکے پرزوں کو جوڑکر پیشین گوئی کرسکتا ہے کہ سوئیاں فلاں وقت پر فلاں جگہ ہونگی اور فلاں وقت پر اس قدر آواز نکلیگی اور اگر وہ اس کام کا پورا ماہر ہو تو ایسی پیشین گوئی درست نکلتی ہے۔ اسی طرح ایک کسان جو کاشتکاری کے کام میں ہوشیار ہو اپنی زمین میں دانہ ڈال کر بتا سکتا ہے کہ فلاں وقت تک روئیدگی پیدا ہوگی اور فلاں وقت پھل لائیگی اور جو روئیدگی کے اسباب اسکے خیال میں ہیں اگر وہ مہیا رہیں تو اس کا تخمینہ غلط نہیں ہوتا۔ علیٰ ہذا علم نباتات کا ماہر ایک طویل العمر درخت کی نسبت اور طبقات الارض کا ماہر ایک پہاڑی چٹان کی نسبت۔ تاریخ دان کسی سلطنت اور قوم کی نسبت ہیئت دان کسوف وخسوف اور مدار سیارون اور شہابون کی نسبت اسلئے کہ وہ ان تمام امور کے سلسلہ اسباب ونتائج کو جانتا ہے آئندہ کے لیے بہت بڑے عرصہ تک کے حالات بیان کرسکتا ہے اور اگر اس کا علم صحیح ہو تو واقعات آئندہ میں غلطی نہیں نکلتی۔ پس جب ہستی نے اس تمام سلسلہ کائنات کو اپنے علم اور ارادہ سے شروع کیا ہے اور خود اس کے ضوابط اور قوانین مقرر کئے ہیں ضرور ہے کہ کلاک بنانے والے اور کسوف وخسوف کا حساب لگانیوالے کی طرح اسکو بھی کائنات کی رفتار کا ہر ایک درجہ اور موجودات کا ہر ایک ذرہ بخوبی معلوم ہے اور جو چیز پیدا ہونے کو اور جو واقعہ پیش آنے کو ہے سب اسکی لوح علم پر

منقوش ہے اور جب گھڑی ساز اور مینیت دان کی پیشین گوئی من وعن صحیح ہو سکتی ہے حالانکہ انہوں نے ان چیزوں کو پیدا نہیں کیا بلکہ آفرینش قدرت کے چند قوانین کا بیرونی علم حاصل کیا ہے تو جس مالک الملک نے تمام سلسلہ کو نیست سے ہست کیا ہے اُسکے علم کے خلاف ہونا کیونکر ممکن ہے پس یہی تعلیم مذہب کی طرف سے ہونی چاہئے اور ایسا ہی فرمایا گیا ہے

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ (بقرہ پارہ ۲ ع ۳۰)

اور جان لو کہ خدا جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے پس اس سے ڈرو

قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ (توبہ پارہ ۱۰ ع ۷)

تم کہو کہ ہمکو وہی ملیگا جو ہمارے رب نے لکھ دیا ہے وہ ہمارا مالک ہے اور اللہ پر بھروسہ کرنیوالوں کو بھروسہ کرنا چاہئے۔

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُوا مِنْهُ مِنْ قُرْآنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَبِّكَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۝ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱)

اور تم جس حالت میں ہو اور قرآن میں سے جس معاملہ کی نسبت پڑھ رہے ہو اور جو کچھ عمل کر رہے ہو ہم اس سے آگاہ ہوتے ہیں جب تم وہ عمل کر رہے ہو اور تمہارے پروردگار سے کوئی ذرہ زمین کا اور نہ آسمان کا مخفی نہیں اور نہ اس سے کوئی چھوٹی یا بڑی چیز ہے جو روشن کتاب میں نہ ہو

وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُبِينٍ (ہود پارہ ۱۲ ع ۱)

اور وہ ان کے ٹھیرنے کی جگہ اور چھوڑنے کی جگہ جانتا ہے سب کچھ روشن کتاب میں موجود ہے۔

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَىٰ (نحل پارہ ۱۴ ع ۲)

تمہارا پروردگار جانتا ہے جو اسکے رستہ سے گمراہ ہوا اور جس نے ہدایت پائی

مَا أَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنْفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَبْرَأَهَا

جو مصیبت زمین پر آتی ہے یا تمہارے اوپر آتی ہے وہ سب دنیا کو پیدا کرنے سے پہلے روشن کتاب میں درج ہے

إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ (حدید پارہ ۲۷ ع ۳) اور ایسا کام خدا کے لیے آسان ہے۔

مَا أَصَابَ مِنْ مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (تغابن پارہ ۲۸ ع ۲) جو مصیبت آتی ہے وہ خدا ہی کے حکم سے آتی ہے اور جو شخص خدا پر ایمان لاتا ہے خدا اسکے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

خدا نے انسان کو قوت فیصلہ عطا کی ہے

وَهُمْ۔ جو اسباب انسان کو ہدایت یا گمراہی کی طرف لے جاتے ہیں یعنی اسکے اندر خواہشوں کا موجود ہونا اور باہر ایسے سامان کا مہیا ہونا جس کے اثر اور نتیجوں سے وہ نیک اور بد راستہ اختیار کرنے میں کامیاب ہوتا ہے ان امور کو دیکھنے کے بعد جب اس نوع کے اور خاصے دیکھے جاتے ہیں تو انسان اور دیگر تمام مخلوقات میں ایک بین فرق نظر آتا ہے۔ پتھر بالکل مجبوری کی حالت میں حوادث کے اثر برداشت کرتا ہے۔ نباتات اور حیوانات اپنے اپنے درجہ کے موافق کچھ کچھ حرکتیں کرتے دکھائی دیتے ہیں مگر ان کے تمام افعال ایک خاص دائرہ میں محدود ہیں اور ایک نوع کے تمام افراد اپنے افعال میں متفق نظر آتے ہیں اگر شیر درندہ ہے تو ایک دو نہیں بلکہ تمام اسی صفت سے متصف ہیں اور بجائے سکینی اور فائدہ رسانی کی صفت رکھتی ہے تو یہی سبھی میں پائی جاتی ہے مگر ان سب کے برخلاف انسان کی افراد اپنے افعال میں ایک دوسرے سے ہزار ہا طرح کے اختلاف رکھتے ہیں اسلئے شیر کی درندگی اور گائے کی سکینی کو انکی فطرت کا تقاضا کہہ سکتے ہیں مگر انسان کے مختلف افعال کو اسکی فطرت کی جانب منسوب نہیں کر سکتے بلکہ ماننا پڑتا ہے کہ یہ سب اسکی قوت فیصلہ سے صادر ہوتے ہیں یا یوں کہا جائے کہ دیگر تمام مخلوقات کے افعال انکی فطرت میں داخل ہیں اور انسان کی فطرت میں بجائے افعال کے قوت فیصلہ کو داخل کیا گیا ہے جس کو کام میں لاکر وہ جداگانہ راستے انتخاب کرتا ہے بیشک انسان سوسائٹی اور صحبت کا اثر قبول کرتا ہے اور ترغیب و تحریص سے آمادہ ہو جاتا ہے اور بارہا یہ دفعہ توجہ کرنے پر عادت کی زنجیر اسکو زیادہ سے زیادہ جکڑتی چلی جاتی ہے مگر اسمیں بھی شک نہیں کہ وہ جس کام کو شروع کرتا ہے اس میں پہلے اپنی رائے سے فیصلہ کرتا ہے اور ایک رستہ کو دوسرے پر ترجیح دیکر اختیار کرتا ہے پس یہی قوت فیصلہ اور انتخاب کی عادت جو اسکی فطرت میں داخل ہے خدا کی وہ امانت ہے جو آسمان و زمین

کے کسی اور مخلوق کو نہین دیگئی اور صرف انسان کے حصہ مین آئی ہے اور یہی وہ قوت فیصلہ ہے جس کے سبب سے وہ اپنے افعال کا فاعل سمجھا جاتا ہے اور جس سے اس کے افعال کے نیک و بد نتائج خود اسکی طرف منسوب ہوتے ہین جبکہ دیگر مخلوقات کے افعال انکی فطرت کی طرف سے سمجھے جاتے ہین

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ	ہمنے امانت کو آسمان زمین اور پہاڑون کے آگے
وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ	پیش کیا مگر انہون نے اسکو اٹھانے سے انکار کیا اور
مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ ط (احزاب پارہ ۲۲ ع ۹)	اس سے ڈرے مگر انسان نے اسکو اٹھا لیا

انسان نہ مجبور محض ہے اور نہ مختار کامل

پس اگرچہ ہدایت وضلالت خدا کی طرف سے ہے کیونکہ اُس نے ہدایت وضلالت کیطرف جانیوالی قوت کو پیدا کیا اور ہدایت وضلالت کیطرف لیجانے والا سامان مہیا کیا اور انسان کو عادات اور سوسائیٹی کی زنجیرون مین جکڑا مگر چونکہ اس سامان کے ساتھ یہ قوت فیصلہ بھی موجود ہے اور انسان کی ذات مین دونو طرف جانے کی صلاحیت رکھی گئی ہے اسلئے اسکو پتھر یا حیوانات کی طرح کا مجبور ماننا بھی ناانصافی ہوگی اور جو حکم اسکو نیکی کی طرف جانے کے لیے دیا جاتا ہے اُسکو تکلیف مالا یطاق کہنا بھی غلط ہوگا۔ اور دوسری طرف انسان کو کامل باختیار قرار دینا اور ہر امر مین پورا آزاد قرار دینا بھی اُن تمام قوانین قدرت سے چشم پوشی کرنا ہے جو اسے چارون طرف سے محیط ہین۔ غرض جبر و اختیار کے بین بین حالت ہی وہ صداقت ہے جو واقعات عالم کی شہادت اور فطری مذہب کی تعلیم سے قابل یقین ثابت ہوتی ہے۔ چنانچہ واقعات گردوپیش کی وجہ سے اور اس لیے کہ دنیا کے تمام سلسلہ کو خدا کی مخلوق تسلیم کیا گیا ہے ہدایت وضلالت کو خدا کی طرف سے مانا جاتا ہے اور چونکہ انسان مین قوت فیصلہ اور انتخاب کی عادت مرکوز ہے جو کام یہ اپنے ارادہ اور کوشش سے کرے اُس کے نتائج کو خود اسکی ذات کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور جو لوگ ہدایت وضلالت کو خدا کی طرف منسوب کرنے کے حیلہ سے اپنے تئین نیک افعال کی تکلیف سے معاف رکھنا چاہتے ہین اور کہتے ہین کہ اگر خدا چاہتا تو ہمکو نیک رستہ پر ڈال دیتا یا اگر خدا ہدایت دیتا تو ہم پارسا بن جاتے چونکہ وہ اس وقت اپنی اندرونی قوت فیصلہ کو نظر انداز کر دیتے ہین اور باوجود سب سے بالاتر ہونے کے اپنے تئین قہر جیسا مجبور سمجھتے ہین اس لیے ان کے خیال کو محض گمراہ قول

بے بنیاد کہا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ بیشک اگر خدا چاہتا تو سب کے لیئے ایک معین رستہ بنا دیتا اور سب کو ہدایت پر رکھتا مگر اُس نے دو رستے بنا کر اور انسان کو عقل دیکر اپنی حجت پوری کر دی ہے چنانچہ ارشاد ہے

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۖ إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ۝ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۖ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ

(انعام پارہ ۷ رکوع ۱۵)

جو لوگ شرک کرتے ہین کہین گے کہ اگر خدا چاہتا تو ہم اور ہمارے آباؤ اجداد شرک نہ کرتے اور اپنی طرف سے بعض اشیاء کو حرام نہ ٹھیراتے ان سے پہلے گذرنیوالون نے بھی بدی کرنیکے لیئے ایسے ہی بہانے ڈھونڈے تھے حتے کہ انھون نے عذاب کا مزہ چکھ لیا تم انکو کہو کہ کیا تمھارے پاس کوئی دلیل بھی ہے جو ہمارے سامنے پیش کر سکو تم صرف گمان کے پیچھے پڑے ہو اور محض اٹکل کی باتین کرتے ہو۔ کہدو کہ خدا کی حجت کامل ہے (جس نے ہدایت و ضلالت دونو رستے بنائے) اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے سکتا تھا

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ نَحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ (نحل رکوع ۱۵)

مشرکین کہتے ہین کہ اگر خدا چاہتا تو ہم اور ہمارے بزرگ اسکے سوا کسی کی عبادت نہ کرتے اور نہ اس کے حکم کے بغیر کسی چیز کو حرام ٹھراتے۔ ایسا ہی پہلے لوگون نے بھی کیا تھا مگر بھلائی برائی سمجھانے کے سوا پیغمبرون کا اور کیا فرض ہے

وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُونَ ۝ وَاتَّبِعُوا أَحْسَنَ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ۝ أَنْ تَقُولَ نَفْسٌ يَا حَسْرَتَىٰ عَلَىٰ مَا فَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللَّهِ وَإِنْ كُنْتُ لَمِنَ السَّاخِرِينَ ۝

خدا کی طرف توجہ کرو اور اسکو مانو اس سے پیشتر کہ تم پر عذاب آوے اُس وقت تمکو کوئی مدد نہ دیگا۔ اور جو اچھی باتین خدا کی طرف سے تمپر اتاری گئی ہین انکی پیروی کرو اس سے پیشتر کہ ناگہان تمپر عذاب آئے اور تمکو خبر بھی نہ ہو اور ایسا موقع نہ آنے دو کہ کوئی شخص کہے کہ افسوس ہے خدا کے حقوق مین بہت کوتاہی کی اور مین اسکو ہنسی سمجھتا

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ط (زمر پارہ ۲۴ ع ۶)	رہا یہ کہے کہ افسوس اگر خدا مجھکو ہدایت دیتا تو میں بھی پارسا ہوتا۔

اور نیز چونکہ انسان کی فطرت میں ایک طرف بدی کی قابلیت ہے تو دوسری طرف نیک کام کرنے کی قابلیت بھی اسکی فطرت ہی میں ودیعت ہے اس لئے نیک اعمال کا حکم دینے کے موقع پر کہا گیا ہے کہ خدا ایسے حکم نہیں دیتا جو انسان کی طاقت سے باہر ہوں اور اسکی فطرت میں انکی قابلیت نہ ہو چنانچہ فرمایا ہے

لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ (بقرہ پارہ ۳ ع ۲۰)	خدا تکلیف نہیں دیتا انسان کو مگر اسکی وسعت کے موافق جو کچھ وہ کمائے اس کا فایدہ بھی اسی کو ملیگا اور نقصان بھی اسی کو
وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَیْنَا كِتٰبٌ یَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ط (مومنون پارہ ۱۸ ع ۴)	ہم کسی بشر کو تکلیف نہیں دیتے اسکی وسعت سے زیادہ۔ اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو حق کہتی ہے اور ان پر ظلم نہ ہوگا

اور اس وجہ سے کہ انسان کی فطرت میں انتخاب و پسند کی قابلیت ودیعت ہے اس کے سامنے نیک و بد نتائج پیش کرنے کے بعد کہا گیا ہے کہ اب چاہو بدی کی طرف جاؤ اور چاہو نیکی اختیار کرو۔ مگر جو کچھ کرو گے اسکا نتیجہ ضرور ملیگا اور خدا نیکی سے خوشنود ہوگا اور بدی سے ناراض۔ چنانچہ ارشاد ہے

قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ ط (کہف پارہ ۱۵ ع ۴)	کہدو یہ حق ہے تمہاری پروردگار کیطرف سے پس جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے
اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۱)	اگر نیک اعمال بجالاؤ گے تو اپنے لیے اور اگر بدکاری کروگے تو اپنے لیئے
اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنْكُمْ وَلَا یَرْضٰی لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ج وَاِنْ تَشْكُرُوْا یَرْضَهُ لَكُمْ ط وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی (زمر پارہ ۲۴ ع ۱)	اگر تم کفر کرو تو خدا کو تمہاری کچھ پروا نہیں اور وہ کفر کو پسند نہیں کرتا اور اگر شکر کرو تو تمہارے اس فعل کو پسند کریگا اور کوئی اٹھانیوالا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا — جو بھلائی کرتا ہے تو اپنے لیئے اور جو برائی کرتا ہے تو اسکو
وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (رکوع ۲۴ پارہ ۲۴) — ضرر ہے اور تیرا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى — یہ نصیحت ہے پس جو چاہے اپنے خدا کی طرف کا رستہ
رَبِّهٖ سَبِيْلًا (منزل ۲۹ پارہ ع ۱) — اختیار کرے۔

اگرچہ کہ انسان مین نیکی کرنیکا ارادہ پیدا ہوتا ہے تو اسی لیے کہ ایسے ارادہ کے لیئے سامان خدا نے اپنے ارادہ سے پیدا کر چھوڑا ہے اسلیئے اکثر موقعون پر جہان فرمایا گیا ہے کہ "چاہو تو ادھر آؤ" وہان ساتھ ہی مین یہ حالت کو ظاہر کرنے کیلیئے فرمادیا گیا ہے کہ ایسا ارادہ بھی خدا ہی کے ارادہ کا نتیجہ ہے چنانچہ ارشاد ہے

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ وَمَا — ہان یہ نصیحت ہے پس جو چاہے نصیحت لے اور نہین
يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ (منزل ۲۹ پارہ ع ۲) — نصیحت لیتے مگر جبھی کہ خدا چاہے۔
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ — بیشک یہ نصیحت ہے پس جو چاہے اپنے خدا کی طرف کا رستہ
سَبِيْلًا وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ — اختیار کرے اور تم نہین چاہتے مگر جبکہ خدا چاہے بیشک
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (دہرا پارہ ۲۹ ع ۲) — خدا باعلم و باحکمت ہے۔
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ — یہ صرف نصیحت ہے تمام اہل عالم کے لئے یعنے اس کے لئے
اَنْ يَّسْتَقِيْمَ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ — جو تم مین سے راہ راست پر آنا چاہے اور تم نہین چاہتے
اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (رکوع ۱۳ پارہ ع ۱) — مگر جبکہ خدا چاہے جو تمام عوالم کا پروردگار ہے۔

انسان کو مختار کامل اور مجبور محض سمجھنا دونون خیال غلط ہین مگر پہلے خیال مین غلطی بہت ہے اور دوسرے خیال مین نقصان زیادہ ہے

انسان کے جبر و اختیار کا مسئلہ ہمیشہ سے اہل مذہب اور اہل عقل کے نزدیک معرکۃ الآرا رہا ہے اور مختلف زمانون مین مختلف اقوام اور افراد نے اس بارہ مین بہت مختلف رائین قائم کی ہین مگر ہمنے دیکھا کہ جو درمیانی درجہ اسلام نے اختیار کیا ہے حالات گرد و پیش اور انسان کی اندرونی ساخت کو دیکھتے ہوئے یہی نہایت عقل ہے اور اس کے خلاف جو لوگ انسان کو مختار کامل مانتے ہین وہ صحبت عادت موت اور حوادث وغیرہ کے قوانین کو جو انسان کے خیالات اور حالات پر بہت بڑا اثر رکھتے ہین نظر انداز کر دیتے ہین

اور دوسری طرف جو لوگ اسے پتھر جیسا مجبور سمجھتے ہین وہ انسان کی اندرونی قوت سے جو اسکے لیے مایۂ ناز اور باعث شرافت ہے انکار کرتے ہین۔ یہ دونو طرح کی غلطیان اگرچہ فی نفسہ بہت بڑی ہین لیکن باہمد گر ان مین بھی کچھ تفاوت ہے۔

خود اپنی حالت کا غلط اندازہ کرنا اگرچہ عجیب معلوم ہوتا ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ ایسی غلطی انسان سے اکثر سرزد ہوتی ہے اسمین کسی کام کی یا کسی تبہ کی قابلیت نہین ہوتی مگر وہ خود رائی سے اپنے تئین قابل سمجھتا ہے اور اس حالت سے محروم رہنے کا الزام دوسرون پر رکھتا ہے اور ان سے ناراض ہوتا ہے اور اسی طرح اکثر کسی کام کو بجا لانے کے قابل ہوتا ہے اور صرف آرام طلبی یا کسالت سے اس کام کی محنت برداشت نہین کرتا مگر سمجھتا یہ ہے کہ مجھ مین اس کام کی استطاعت ہی نہین۔ اور جس طرح اپنی استطاعت کی نسبت ایسا دھوکا ہوتا ہے اکثر دوسرون کی قابلیت یا ناقابلیت کی نسبت بھی دھوکا ہو جاتا ہے اور ایسے واقعات عموماً دیکھنے مین آتے ہین۔ پس اسیطرح کا دھوکا مجبور محض سمجھنے والون کو بھی پیش آیا ہے کہ وہ اپنی اندرونی قوت فیصلہ اور غور و تدبر کی قدر و قیمت نہین پہچانتے اور حالانکہ وہ اپنے روزمرہ کے کاروبار مین اس قوت کی مساعدت سے بہت سی بیرونی مزاحمتون پر غالب آکر اپنے لیے مفید رستے نکالتے ہین اور جب کوشش کرنے پر آتے ہین تو سوسائٹی اور عادت کی زنجیرون کو بڑی حد تک توڑ دیتے ہین مگر بالعموم اس قوت کو کام مین نہین لاتے اور نہ لانے سے سمجھ لیتے ہین کہ لا نہین سکتے۔ غرض یہ دھوکا اگرچہ بڑا دھوکا ہے مگر انسان کو اکثر پیش آتا ہے۔

اور اسکے برخلاف گرد و پیش کے حالات کو نہ دیکھنا اور ان کے نتائج کو خیال مین نہ لانا اگرچہ کم عجیب معلوم ہوتا ہے مگر عموماً عقل انسانی باہر کی چیزون کو دیکھنے کی زیادہ مشاق ہے چنانچہ جس قدر ترقی بیرونی اشیا کے علم مین ہوئی ہے انسان کے قوائے نفسانی اور دماغی افعال و حرکات کی تحقیق مین نہین ہوسکی۔ اس لیے کسی زمانے مین ایک خاص خیال کا کسی قوم مین عام ہونا یا کسی تحریک کا دلکش پیرائے مین شائع ہونا یا اچھنبے سے کسی خاص شکل مین ترمیم پانا یا عادت ہو جانے کے سبب کسی کام کو چھوڑنے کی دشواری یا کسی کام کی تکمیل کا موقع ملنے سے پہلے موت یا کسی حادثہ کا پیش آنا۔ یہ اور ایسے

ہی یا ان سے بھی مخفی اسباب جو انسانی خیالات پر بہت بڑا اثر کرتے ہین ان سب کو بالکل نظر انداز کرنا اور باوجود ان کے انسان کو مختار کامل اور آنا تسلیم کرنا ایسی غلطی ہے جو بالعموم عقلی رفتار کو دیکھتے ہوئے ناقابل معافی ہے اسلئے مجبور محض سمجھنے کی غلطی کو مختار کامل سمجھنے کی غلطی سے کمتر کہنا چاہیئے ۔

اس کے بعد جب ان دونون طرح کی غلطیون کا عملی نتیجہ دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ انسان کو مختار کامل سمجھنے والے جہان تک انسان کی اپنی کوشش کا تعلق ہے پورے کامیاب اور ہوشیار رہتے ہین اور جو موقع ان کے فائدے اور بہبود کا ہو اسے جانے نہین دیتے مگر بالائی طاقتون کے دیر اثر ہونے کے سبب جو تو جہان قوانین کے موجد اور علۃ العلل کیطرف ہونی چاہیئے اس سے بالکل بیگانہ رہتے ہین یعنی مذہبی روح اور انسان کا سب سے پاک اور شریف جذبہ ان مین پیدا نہین ہونے پاتا ۔ حالانکہ یہ کشش علاوہ ان روحانی فوایدکے جن کا تعلق انسان کی آیندہ زندگی سے ہے اس دنیا مین بھی بہت بڑی حد تک حسن اخلاق اور نیک سلوک کی موید ہے اور نیز جیسا کہ عمل کرنیوالے جانتے ہین اپنی کوشش کو خرچ کرنے کے بعد خدا کی طرف متوجہ ہونا اور اسکی مدد کا امیدوار رہنا جسکو توکل کہتے ہین محض کوشش کی نسبت بہت کچھ مفید اور تیر بہدف ہوتا ہے دوسری طرف اپنے تئین مجبور محض سمجھنے سے اگرچہ خدا کی طرف توجہ ہو سکتی ہے مگر عملی دنیا مین اس خیال سے ان تمام قباحتون کا پیدا ہونا لازمی ہے جو کوشش کو ترک کرنیکا نتیجہ ہین ۔ غرض نتیجہ کے رو سے آزادی اور اختیار کے حامی مذہب سے تماشنا اور دنیوی کاروبار مین خود غرض اور سیدرو ہو جاتے ہین تو مجبور محض سمجھنے والے دینی اور دنیوی دونو دائرون مین جو کچھ عمل پر موقوف ہے اس سے محروم اور درماندہ رہ جاتے ہین اور انکے برخلاف خدا کی طرف توجہ کرنے سے روحانیت کو ترقی دیتے ہین اور دنیوی کاروبار مین اپنی اور دیگر بنی نوع کی اغراض کو جس وجہ پورا کرنے مین پوری کامیابی انہین لوگون کو حاصل ہو سکتی ہے جو جبر و اختیار کے بیچ مین رستہ اختیار کر کے دریا کی طرح آسمان سے پانی لین اور زمین کو سیراب کرین یعنی خدا پر توکل بھی رکھین اور صرف توکل پر نہ رہین ۔ بلکہ جہان تک اپنی کوشش کا دیرہ ہے اسمین

پوری قوت سے کام بھی کرین ؛

جبر و اختیار کی نسبت مزید غور

آزادی کی ہوا کھانے والے چونکہ آسمان و زمین کی تمام طاقتوں سے آنکھین بند کیئے ہوئے ہین اسلیے انکی خدمت مین کچھ عرض کرنے کی ضرورت نہین البتہ جو لوگ مجبوری کا رونا روتے ہین وہ اگرچہ زبان سے اپنے تئین پتھر کہتے ہین مگر حقیقت مین واقعات گرد و پیش کو دیکھنے کے عادی ہین بلکہ اسی تحقیق مین زیادہ منہمک ہونے کا نتیجہ ہے کہ وہ اپنے آپ سے غافل ہو گئے ہین اسلیئے انکی اس غور و تامل کی عادت کو دیکھ کر ان سے کچھ اور بھی عرض کرنے کی جرأت ہوتی ہے یعنی کہ واقعات گرد و پیش سے انسان کو مجبور ماننا بھی اس خیال کو یہان تک جولان کرنا کہ کوشش کو بیہودہ مانا جاوے اور مذہبی احکام کے اس بڑے حصہ کو جو کوشش کی تاکید پر مشتمل ہے غلط اور خلاف واقعہ کہا جائے خود واقعات کی شہادت سے غلط ہے۔ کیونکہ اگرچہ انسان اور انسانی افعال اور انسانی افعال کے اسباب خود انسان کے پیدا کردہ نہین بلکہ اس زنجیر کی کڑیان یکے بعد دیگرے زمین و آسمان کی پیدایش بلکہ اس سے بھی پرے تک چلی جاتی ہین مگر ان علتون کی شکل یکے بعد دیگرے بدلتی آئی ہے اور ہر ایک شکل پر جداگانہ حکم مترتب ہین مثلاً بخار کے بادل کا انجماد پاتے ہوئے کرہ کی شکل مین ظاہر ہونا اور اس کرہ سے چند ٹکڑون کا جدا ہو کر مرکز کے گرد چکر کھانے لگنا (اگر صحیح ہے تو یہ) ایسے اسباب و نتائج کا مجموعہ ہے جن مین مجبوری اپنی کامل شکل مین جلوہ گر تھی۔ مگر اسکے بعد جب زمین سے نباتات کا ظہور ہوا اور انکے رگ و ریشہ نے زمین کی تہ اور فضا کی بلندی مین سے اپنی غذا کو چوسنا شروع کیا تو اس فعل مین جو آئندہ سلسلہ ترقی کیلئے علت تھا مجبوریت کا ظہور کسیقدر کم اور ارادہ سے مشابہ حرکت کچھ کچھ نمایان ہونے لگی۔ آگے چل کر حیوانات پیدا ہوے تو اگرچہ اپنی بقا ذات اور بقاء نوع کے افعال مین وہ بھی مجبور تھے مگر ان کے کاروبار مین مجبوریت اور بھی پوشیدہ ہو گئی اور ارادی حرکت پہلے کی نسبت نمایان تر ہونے لگی اسکے بعد انسان کا ظہور ہوا تو اگرچہ اسکی بھی تمام کوششین گرد و پیش کے حالات سے وابستہ تھین اور اس وجہ سے اسے مجبور کہنا بڑی حد تک درست ہوگا مگر اسکی فطرت مین مجبوریت کو ایسا پوشیدہ کر دیا گیا ہے کہ اکثر عقلا کو اس پر مختار کامل ہونیکا دھوکا ہوا اور واقع مین یہ ایسی عجیب مخلوق

ہے کہ ایک طرف اپنی فطرت کے رو سے حالات گرد و پیش کی تقلید پر مجبور ہے تو دوسری طرف فطرت ہی کے تقاضے سے وہ جس کام کو شروع کرتا ہے اسمین اپنی حسب استعداد غور و فکر کرنے پر اور اُس غور و فکر سے کسی ایک تجویز کو نیک اور مناسب قرار دینے پر اور اختیار کی شکل مین اسکے مرافق کوشش کرنے پر بھی مجبور ہے غرض مجبوری سلسلہ کائنات مین مخفی ہوتی ہوئی انسان مین ایسی شکل سے جلوہ گر ہوئی ہے کہ وہی اسکا ارادہ اور مرضی بنگئی ہے۔ اور جو کوشش نباتات مین کمتر اور حیوانات مین بیش بیش ظاہر ہوتی آئی ہے انسان مین ایسی نمایان ہوئی ہے کہ اگرچہ وہ بہت سے گذشتہ اسباب کا نتیجہ ہے مگر انسان کے تمام افعال کے لیے وہی علت قرار پائی ہے پس خواہ ہم مجبوری کے خیال کو کیسا ہی پیچ و تاب کھائین مگر اس مجبوری نے جو ارادی کوشش کی تحریک پیدا کردی ہے اُسی مجبوری کا اثر ہے کہ اس کوشش کو بھی چھوڑ نہین سکتے۔ بلکہ جس طرح نباتات کا فرض ہے کہ اپنے رگ و ریشہ کی حرکت سے غذا کو جذب کرین اور کر رہی ہین اور جس طرح حیوانات کا فرض ہے کہ اپنی مختلف ارادی حرکتون سے اپنی ضروریات بہم پہنچائین۔ اور پہنچا رہے ہین اسی طرح انسان کا فرض ہے کہ بے اختیار پیدا شدہ تحریک سے کام لے اور بے اختیار پیدا شدہ عقل سے غور و فکر کرے اور بے اختیار پیدا شدہ غور و فکر سے ایک تجویز کو اختیار کرے اور اس مجبوری سے جو اب اختیار بنگئی ہے یا اس اختیار سے جو پہلے مجبوری تھا کام لیکر اُس کام کے نتیجہ پر پہونچے اور جس طرح نباتات یا حیوانات اگر اپنی ارادہ نما حرکت کو کام مین نہ لائین تو یقیناً اپنی زیست سے محروم ہو جائین گے اسی طرح انسان جو مین سلسلہ علیت سے ان سے زیادہ اختیار اور ارادہ کو ظاہر کیا ہے اگر کوشش کو ترک کرے تو ضرور اسکے ثمرون سے محروم رہیگا۔ اور جس طرح ٹرین کی ایک گاڑی کو کاٹ دینے سے پیچھے کی گاڑیان ساکن ہو جاتی ہین اسی طرح کوشش کو چھوڑنے سے جو سلسلہ علیت کی ایک کڑی ہے آگے کے تمام نتائج جو اس پر منحصر ہین پیدا نہ ہو سکین گے۔ غرض کوشش فضول ہے اس لیے کہ آیندہ واقعات کا تمام مدار اسی پر ہے اور نہ فضول کہ کر ہم اسکو چھوڑ سکتے ہین اسلئے کہ یہ پہلے واقعات کا لازمی نتیجہ ہے۔

رہا یہ سوال کہ اگر سلسلہ علیت کے سبب انسان کو مجبور مانا جائے تو اسکے اعمال پر سزا کیون مرتب ہوتی ہے؟ یہ حقیقت مین وہی پہلا سوال ہے کہ دنیا مین نیکی اور بدی کیون ہے اور سلسلہ علیت کیون جاری کیا

گیا ہے اور معلوم ہو چکا ہے کہ عقل انسانی اس راز کو سمجھنے کے قابل نہین اور وہ صرف یہی دیکھ سکتی ہے کہ ایسا ہونا ضرور ہے۔ نباتات گو مجبور ہین مگر مضر گیسون کو جذب کرنے سے اور ناموافق اجزا سے زمین کو چوسنے سے ضرور نقصان اُٹھاتی ہین۔ حیوانات گو مجبور ہین مگر پانی سے خشکی پر آکر یا خشکی سے پانی مین کود کر ضرور تکلیف پاتے ہین۔ اسی طرح انسان گو مجبور ہو مگر غور و فکر کو کام مین نہ لانے سے اور کوشش کو ترک کرنے سے ضرور خمیازہ بھگتیگا۔ اور جب یہ کیفیت برای العین دیکھی جاتی ہے اور کوئی شخص اپنے کاروبار مین اس بہانے سے کوشش کو ترک بھی نہین کرتا تو صرف مذہب کے بارہ مین غور و فکر اور کوشش کو فضول سمجھنا اور اس سے دست بردار ہونا یا مجبوری کے بہانہ سے غلط عقاید پر روحانی تاریکی اور جہالت کا نتیجہ مرتب ہونے سے انکار کرنا کیونکر بدنتائج سے محفوظ رکھ سکیگا ۔

رحم اور غضب | نیکی اور بدی کا وجود جس سے انسانی جبر و اختیار کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے مختلف پہلوؤن سے عقلائے عالم کے زیر غور رہا ہے بعض نے بدی کو یہان تک اہتمام دیا ہے کہ اُس کے موجود نہ ہونے کے سبب پیدا کرنیوالے کو تمام صفات حسنہ سے محروم کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ مسٹر مل لکھتے ہین کہ †

"لوگ جتنی طاقت نیچر کی خوبیان تلاش کرنے مین صرف کرتے ہین اگر اس سے دسوان حصہ بدیان تلاش کرنے مین صرف کرین تو ان کو معلوم ہو جائے کہ نیچر کا تمام مداسانویت رسانی اور تباہی پر ہے پس اگر یہ انتظام کسی شیطان کا کیا ہوا نہین تو کسی غیر محدود اور فیاض ہستی کا بھی نہین معلوم ہوتا"

اور بعض جو خدا کے قائل ہین انہون نے دنیا مین بدی کا وجود پاکر اسکو خدا کی طرف منسوب کرنے مین تامل کیا ہے اور اس لیے ان مین سے بعض کا خیال ہے کہ واقعات عالم یا دلائل عقلی سے خدا کو ثابت نہین کیا جا سکتا پروفیسر ولیم جیمس لکھتے ہین ‡

"وہ بڑے بڑے دفتر جن مین نظام کائنات سے خدا کو ثابت کیا جاتا تھا اور جو ایک صدی پہلے قطعی اور یقینی سمجھے جاتے تھے آج وہ سب ایسے حقیر ہو گئے ہین کہ کتب خانون مین انکی جگہ خاک بھری جاتی تو بہتر ہے اس تغیر خیال کی وجہ صرف یہی ہے کہ موجودہ نسل نے ایسے خدا کو ماننا چھوڑ دیا ہے جسکو وہ دلائل ثابت کرتی تھین

† ایسے ۱۵ صفحہ ۱۱۷ ۔ ‡ ورائٹیز آف ریلیجیس ایکسپیریئنس لکچر ۱۰

آج ہمارا اعتقاد ہو کہ خدا کیسا ہی ہو مگر وہ خدا نہین جس نے اس دنیا کو اپنا جلال ظاہر کرنے کے لیئے پیدا کیا ہی"
ان مین سے پہلے فریق نے دنیا کے حالات کو جیسے کچھ انکی سمجھ مین آئے ہین نیچر کے موجد کیطرف منسوب کیا ہے مگر
اسکو خدا نہین مانا اور دوسرے فریق نے کسی کو خدا مانا ہے مگر مناظر قدرت کو اسکی طرف منسوب نہین کیا حالانکہ
دنیا کو دیکھکر کہ وہی ایک ذریعہ عقلی تسکین کے لیے موزون ہے یہ دونو خیال دل مین جگہ نہین لے سکتے
دنیا مین اگر برائی ہے تو اسکے ساتھ بھلائی بھی ضرور ہے اور اگر اسکو کسی صاحب ارادہ ہستی نے پیدا
کیا ہے تو یہان کے جلال ظاہر کرنیوالے حالات اسکے سوا اور کس نے پیدا کر دیئے اور جب وہی
ایک خالق ہے تو جمال کے ساتھ جلال کو اسکی طرف منسوب کرنے کے سوا اور کیا چارہ ہے پس اگر کوئی
مذہب نیچرل کہلانیکا مستحق ہے تو وہی جسمین خدا کا کلام خدا کے فعل سے جو ہمارے پیش نظر ہے مختلف
نہو اور خدا کا فعل جو ہمارے پیش نظر ہے وہ یہی ہے کہ اس نے مختلف انواع واجناس کو پیدا کیا ہی
غذا کے لیئے آفتاب وماہتاب - بخار اور ہوا مٹی اور پانی غرض تمام اجرام علوی وسفلی کو مصروف
کار کیا ہے اور جس طرح بازار مین تمام صناع اور سوداگر خود بخود اُن اشیاء کو مہیا کرتے ہین جو نوع انسانی
کو مطلوب ہین اسی طرح زمین وآسمان کی تمام موجودات خود بخود اُن افعال وحرکات مین ہر وقت منہمک
ہین جو جاندار اور غیر جاندار مخلوق کی بقاء وتولید کے منتج ہون اور اسی طرح ہر چیز کی ساخت مین ان
تمام مراتب کا لحاظ رکھا گیا ہے جو اُس کو اُسکے اپنے کمال تک پہنچانے اور آفات گرد وپیش سے
محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہون - اور پھر ہر چیز کے حسب حال قوتین اور جسمانی وروحانی ترقی کی اندرونی
تحریکین اور بیرونی عبرتین اور ترغیبین غرض ہر طرح کا سامان ایسی کثرت سے پیدا کیا گیا ہے کہ علم ہیئت
سے لیکر طب اور سائیکالوجی تک تمام علوم اس سامان کی مبسوط فہرست ہی اور پھر بھی بہت کچھ ہے
جو درج نہین ہو سکا -

یہ تو جمال کا ذکر تھا اب دوسری طرف جلال کو دیکھا جائے تو کہین آتش فشان پہاڑ اپنے لاوے
کو نکال کر دور دور تک روئیدگی اور جانداری کے نشانات کو تباہ کرتا ہوا نگر پر بہا رہا ہے اور بارونق
آبادیون کو ایک دم مین ویران اور خاک کا ڈھیر بنا دیتا ہے اور اس وقت شریر مادے کی بیتابی

آوازین۔ درختون اور مکانون سے بلند ہوتے ہوئے شعلے انسانون اور حیوانون کی چیخ پکار۔ بچون کا مائون سے اور عورتون کا مردون سے جدا ہو کر رونا ان سب سے وہ سمان پیدا ہوتا ہے جس سے زیادہ مصیبت کا خیال بھی نہین ہو سکتا۔ کہین دریا کا طوفان یکایک امن و عیش مین بسر کرنے والی مخلوق کو تباہ کرتا ہوا اسی طرح کا خوفناک منظر پیش کرتا ہے۔ کہین آتش زدگی۔ کہین زلزلہ کہین وبا۔ کہین قحط نہایت جوش اور تیزی سے مخلوقات کو تباہ کرتا ہوا نظر آتا ہے اور کہین انسان اور حیوان کی اپنی اندرونی قوتین جوش مین قتل و غارت کا میدان گرم کرتی ہین۔ اور خون کی ندیان بہا دیتی ہین۔ یہ تمام مناظر اس جبار و قہار کے قہر و غضب کا نمونہ ہین۔

مگر پھر دیکھا جاے تو تباہی کیسی بڑی ہو تمام موجودہ مخلوقات کو تباہ نہین کرتی چھیت گرتی ہے گاڑی الٹتی ہے یا ریل ٹکراتی ہے یہ چیزین ٹوٹ جاتی ہین چور چور ہو جاتی ہین مگر جاندار بہت زخمی ہوتے ہین اور کم مرتے ہین۔ قحط زلزلہ اور وبا مین جانداردن کا نقصان ہوتا ہے مگر پھر بھی بہت سے بچ رہتے ہین۔ طوفان اور آتش فشانی مین جانداردن کا بہت نقصان ہوتا ہے مگر پھر بھی کچھ نہ کچھ بچا جاتے ہین اور کچھ مدت کے بعد دیکھا جاتا ہے تو وہی تباہی اور بربادی کا منظر پھر بہار اور رونق کی لہرین مارتا ہوا نظر آتا ہے۔ غرض نسل کو منقطع اور کسی نوع کو بالکل نابود کرنیکا ارادہ شاذ و نادر ہی نمایان ہوتا ہے۔ اگرچہ طبقات الارض کے ماہرون نے بہت سے متحجرہ اجسام نکال کر ثابت کیا ہے کہ بعض جانداردن کی نوع صفحہ ہستی سے بالکل نابود کر دی گئی ہے مگر بیشمار زندہ انواع کے مقابلہ مین انکی تعداد ہیچ کے برابر ہے۔

کیفیت تو اُن مناظر کی ہے جو عموماً مادی ارادہ مخلوق کے اختیار سے باہر ہین مگر جو کیفیتین ذی ارادہ مخلوق خود اپنے افعال سے پیدا کرتی ہے ان مین بھی یہی کیفیت دیکھی جاتی ہے حفظ صحت کے قاعدون پر عمل کرنے سے جسمانی حالت مین اور اخلاقی اور مذہبی جذبون کو کام مین لانے سے جسمانی اور روحانی دونون حالتون مین کمال اور ترقی کا رستہ کھل جاتا ہے تو ان قواعد کو توڑنے سے نقص اور تنزل کی مصیبت زیادہ سے زیادہ ہوتی جاتی ہے اور جس طرح کسی بچے کو علم و ہنر کی طرف راغب پاکر اس کے

کے مہربان باپ کیطرف سے ہر طرح کا علم و ہنر حاصل کرنیکا سامان مہیا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اسی طرح نیکی کی جانب متوجہ ہونے پر نیچر کی طرف سے بہت سی صورتین نیکی کو سجالانے کی اور بہت سی تدبیرین نیکی کو شامل کرنے کی خود بخود سوجھنے لگتی ہین - اس وقت وہ شخص قدرت کے ہر منظر مین کچھ نہ کچھ نصیحت اور عبرت کا سامان مہیا پاتا ہے حالانکہ نیکی سے بے پروا بڑے بڑے دل ہلا دینے والے حالات کو دیکھ کر اپنے دل پر کوئی اثر نہین پاتے - اور دوسری طرف جس طرح لڑکے کی بے ادبی اور بدقماشی سے ناراض ہو کر ایک جابر سرپرست اسکی راحت اور مسرت کے سامان کو کم کرتا جاتا ہے حتی کہ ایک وقت پر اس سے سروکار نہ رکھنے کا اشتہار دیتا ہے اسی طرح بدی کی طرف متوجہ ہونے سے قدرت اس کے دل سے نور اور روحانیت کو معدوم کرنے لگتی ہے اور بدعادت کی زنجیرین جکڑتے ہوئے اسکو اس حالت تک پہونچا دیتی ہے کہ جن واقعات سے نیک دل لوگ کانپ اٹھتے ہین انکو دیکھنے مین بلکہ اُن کو سجالانے مین اسکو حظ حاصل ہوتا ہے اور نیز اس کو اپنے بدجذبون کو پورا کرنے کے ایسے طریقے سوجھنے لگتے ہین جو پارسا لوگون کے خیال مین بھی نہین آسکتے

مگر نیکی اور بدی مین ترقی کی قابلیت ہونیکے باوجود جب انکی ابتدائی کوششون کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ کچھ تفاوت ضرور ہے نیکی کرنے پر انسان کو ایک مسرت حاصل ہوتی ہے اور وہ دلی آواز جس کو کانشنس یا ضمیر کہتے ہین نیکی پر خواہ وہ اسکی عادت کے کیسے ہی خلاف ہو شاباش کہتی ہے مگر بدی کے ابتدائی مرحلون مین اسکے برخلاف وہی دلی آواز بجای شاباش کہنے کے ضرور ملامت کرتی ہے اور اس طرح پر جو اثر ترقی کا نیکی کے ابتدائی مرحلون مین پیدا ہوتا ہے بدی کے ابتدائی مرحلون مین اس قدر اثر نہین ہوتا اور جہالت اور تاریکی جو آنی چاہئے کسیقدر و ہین پیدا ہوتی ہے اور یہ تفاوت جس طرح افراد کی نیکی اور بدی مین دیکھا جاتا ہے اقوام کی نیکی اور بدی مین بھی موجود ہے - کسی ترقی یافتہ اور نیک قوم مین جب ایک یا چند اشخاص بدچلن پیدا ہو جاتے ہین تو اگرچہ انکی بدی مین قابلیت ہے کہ ترقی پاکر تمام مین سرایت کر جائے مگر جبتک وہ چند اشخاص مین محدود ہے ان کے دل ضرور اس حالت پر ملامت کرتے ہین اور

جو زور ترقی کا بعد مین پیدا ہوتا ہے اسکی نسبت اُس وقت کمتر ہوتا ہے۔ اور برخلاف اس کے جب کسی غیر مہذب قوم مین پاک اور نیک لوگ پیدا ہوتے ہین تو اُن کے دل باوجود تنہا ہونے کے اور باوجود مزاحمتون کے اُنکو آفرین کہتے ہین اور اس لیے نیک خیال نسبت بدی کے زیادہ زور سے عمل کرتا ہے۔

غرض ان تمام حالات کو دیکھنے کے بعد تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ دنیا مین راحت و آرام اور بقا وافزائش کے سامان اور نیکی کیطرف توجہ پیدا ہونے پر اسکے سامان اور سرانجام کا مہیا اور آسان ہوتے جانا دنیا کے موجد کی عنایت پر دلالت کرتا ہے تو دوسری طرف دنیا مین رنج اور تکلیف اور تباہی اور بربادی کے نمونے اور بدی پیدا ہونے پر اسکی زنجیرون کا سخت سے سخت تر ہوتے جانا اس کے غضب کی صفت ظاہر کرتا ہے اور پھر دونون کا موازنہ یعنی بڑی بڑی تباہیون کے وقت بقاء نوع کا اہتمام رہنا اور اُدھر نیکی پر مسرت اور بدی پر ملامت کا مرتب ہونا ظاہر کرتا ہے کہ اُسکے رحم کی صفت غضب کی صفت پر غالب ہے۔ چنانچہ نیچر کی انہی صفات کو اسلام خدا کی طرف منسوب کرتا ہے۔ ارشاد ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ط (بقرہ پارہ ۲ ع ۲۴)	اور خدا سے ڈرو اور جان رکھو کہ خدا سخت عذاب دینے والا ہے۔
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ط (بقرہ پارہ ۲ ع ۲۵)	بعض لوگ اپنے تئین خدا کی رضامندی تلاش کرنے پر لگا دیتے ہین اور اللہ ایسے بندون پر مہربان ہے۔
اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط (مائدہ پارہ ۷ ع ۱۳)	جان لو کہ خدا سخت عذاب دینے والا ہے اور یہ کہ خدا بخشنے والا مہربان ہے
وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ	وہی خدا ہے جس نے تمکو زمین پر اپنا جانشین بنایا ہے اور تم مین سے بعض کو بعض پر ترجیح دی ہے

لِيَبْلُوَكُمْ فِيمَا آتَاكُمْ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ (انعام پارہ ۷ ع ۱۸)

تاکہ تمکو ان نعمتون کے بارہ مین جو تمکو دی ہین آزمائے بیشک تمھارا خدا سزا بھی جلدی دیتا ہے اور بخشنیوالا اور مہربان بھی ہے۔

إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ (اعراف پارہ ۹ ع ۲۱)

بیشک تمھارا پروردگار عذاب بھی جلدی دیتا ہے اور وہ بخشنے والا اور مہربان بھی ہے

وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِلنَّاسِ عَلَىٰ ظُلْمِهِمْ وَإِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ (رعد پارہ ۱۳ ع ۱)

اور بیشک تیرا رب لوگون پر بخشش کرنیوالا ہے جبکہ وہ اپنے اوپر ظلم کرین اور بیشک تیرا پروردگار کا عذاب سخت ہے

نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ (حجر پارہ ۱۴ ع ۲)

میرے بندون کو آگاہ کردو کہ مین بخشنے والا مہربان ہون اور میرا عذاب دردناک عذاب ہے

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ (مومن پارہ ۲۴ ع ۱)

گناہ کو بخشنے والا توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا اور صاحب قوت۔

إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ (حم سجدہ پارہ ۲۴ ع ۵)

بیشک تیرا پروردگار مغفرت کا مالک ہے اور سخت عذاب والا ہے۔

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ۝ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ ۝ (بروج پارہ ۳۰ ع ۱)

تیرے پروردگار کی گرفت سخت ہے۔ وہ ابتداءً پیدا کرتا ہے اور پھر زندہ کرتا ہے اور وہ بخشندہ اور مہربان ہے صاحب عرش اور بزرگ ہے اور جس چیز کا ارادہ کرے اسے پورا کرنیوالا ہے

اور صفت رحم کا صفت غضب پر غالب ہونے کا بیان ذکر ہے

فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ (انعام پارہ ۸ ع ۱۵)

اگر وہ تیری تکذیب کرین تو کہدے کہ تمھارا پروردگار وسیع رحمت رکھتا ہے اور اسکا عذاب مجرمون سے ٹل نہین سکتا۔

عَذَابِیْ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ (اعراف پارہ ۹ ع ۱۹)

میں عذاب دیتا ہوں جسے چاہتا ہوں اور میری رحمت ہر شے پر عام ہے پس میں رحمت مقرر کرتا ہوں ان لوگوں کے لیے جو تقوی کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا (مومن پارہ ۲۴ ع ۱)

اے ہمارے پروردگار تیرا علم اور تیری رحمت ہر شے پر وسیع ہے۔

مَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَیْدِیْكُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ (حم عسق پارہ ۲۵ ع ۴)

جو مصیبت تمکو پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی کسب سے پہنچتی ہے اور وہ بہت سی باتون کو معاف کردیتا ہے۔

خدا کا غصہ مسٹر فریڈرک پیکاٹ† اعتراض کرتے ہین کہ مسلمانون کا خدا غصہ وغیرہ نفسانی خواہشون سے متصف ہے اور بیشک آجکل جو اعتراضون کا طوفان اسلام پر آرہا ہے ان مین یہ اعتراض سب سے زیادہ جلی حرفون مین لکھا جاتا ہے لیکن اسلام کا خدا کی صفات کو بیان کرنا اسلام والون کے اپنے دل کا اختراع نہیں مگر ایسے لوگ بتائین کہ آتش فشانی اور زلزلہ وغیرہ کی ہیبتناک تباہیان یا بدی کیطرف ادنی توجہ سے آیندہ اس درخت کا مسلسل پھلتے پھولتے جانا اور زمین کا نت نئی ایذا رسانی اور خرابی کی تدبیرین ایجاد کرنے کے قابل ہوتے جانا جو نیچر کے ہر ورق پر لکھا ہوا سب کو نظر آتا ہے اگر نیچر کے بنانیوالے کی ایجاد نہین تو ان غضبناک منظرون کا خالق اور کس کو مانا جاوے بیشک جن لوگون نے دنیا کی صرف خوبیون کو دیکھا اور اسی کے راگ گائے انہون نے اچھا کیا مگر جس کو صرف دن کی روشنی کا علم ہے اور رات کی تاریکی سے آشنائی نہین اسے سویا ہوا اور رات کو غفلت مین گذارنے والا کہنے کے سوا اور کیا چارہ ہے کیا ایسے شخص کو زمانہ کے حالات کا عارف کامل کہہ سکتے ہین اور کیا اسکا علم اس خدا کیطرف سے مانا جاسکتا ہے جس نے رات اور دن دونون کو پیدا کیا ہے

رحم کی تعریف حقیقت یہ ہے کہ رحم کی تعریف مین غلطی کی گئی ہے اور اس کا مفہوم ایسا عام

† کتاب لیجس سسٹم آف دی ورلڈ لکچر نمبر ۲

کرلیا گیا ہے کہ اذیت اور تکلیف کو اس سے متناقض سمجھا جاتا ہے اور پھر خدا کو ایسا رحیم ماننے جب دنیا کی تکالیف کو دیکھا جاتا ہے تو اُن کو ایسے رحیم کی جانب منسوب کرنے میں تامل ہوتا ہے۔ حالانکہ اگر رحیم اسی کو کہا جائے جو کسی طرح کی تکلیف دہی اور ایذا رسانی کو گوارا نہ کرے تو پھر جس فعل پر کوئی بُرا نتیجہ مترتب ہو اور جس جرم پر سزا کا ہونا لازمی ہو چونکہ یہ سب کچھ اذیت اور تکلیف ہے اسلیئے ایسے حکیم فرض ہوگا کہ ان نتائج کو مترتب ہونے سے روکے اور اگر کوئی شخص ایسا رحیم ہو تو ضرور ہے کہ وہ عادل نہ ہو اور مجرموں کو سزا نہ دے اور اُسکی مہربانی کے بھروسہ پر بدکار روہ غضب ڈھائیں کہ نیکبختوں اور مظلوموں کے لیئے وہی رحم جسکو کامل رحم کہا جاتا ہے بڑے سے بڑے ظلم سے بھی بدتر ہو۔ اور جب اس کامل رحم کا ایسا بدنتیجہ لازمی ہے تو ضرور ہے کہ رحم کی یہ تعریف صحیح نہ ہوگی بلکہ اسکا مفہوم ایسا ہونا چاہئے جو عدل سے منافات نہ رکھے۔ مگر اب چونکہ خود نیچر کے رحم اور عدل کا فیصلہ کرنا ہے اس لئے خود نیچر کے افعال کو نظیر میں پیش نہیں کرسکتے اور نیچر کے سوا کوئی سرمایہ موجود نہیں۔ پھر کیا کیا جائے؟ مگر نہیں اس وقت فیصلہ کرنیوالا حاکم عقل ہے اسلئے دیکھنا چاہئے کہ خود عقل کا طرز عمل اس بارہ میں کیا ہے؟۔

کسی امتحان کے بہت سے پرچے ممتحن کے سامنے رکھے ہیں اور وہ جواب کو سوال سے مطبق کرکے نمبر دیتا ہے۔ اب اگر کسی غلط جواب پر وہ پورے نمبر دے تو بیشک اُس امیدوار کا بھلا ہو جائیگا۔ مگر آخری نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ شخص ان لوگوں کے برابر ہو جائیگا جنہوں نے صحیح جواب لکھا ہے بلکہ اس کے نمبروں کی میزان بعض ایسے طلبا سے بڑھ جائیگی جنہوں نے قریباً درست لکھا ہے اور مناسب نمبر پائے ہیں۔ یہ سب پاس ہو گئے اچھا ہوا۔ مگر جو اچھا پاس ہونے پر مرتب ہوتا ہے اور جو وظائف یا کاروبار کے لئے انتخاب زیادہ نمبروں پر منحصر ہے اسمیں بعض صحیح جواب دینے والے ناکام رہیں گے اور غلط لکھنے والا جس پر رحم کیا گیا ہے وہ منصب لیجائیگا جو اوروں کا حق تھا بلکہ بعض ایسے کاروبار میں جو سچی قابلیت پر منحصر ہیں غلط لکھنے والا اپنے پورے نمبروں کے سبب ہاتھ ڈالنے پر خود بھی ایسی ناکامی اٹھائیگا کہ ناواجب طور پر پاس ہونے کی خوشی خاک میں ملجائیگی۔ غرض ممتحن کا وہ فعل جو رحم کی شکل میں ظاہر ہوا تھا ثابت ہوگا کہ صحیح جواب لکھنے والوں پر اور خود غلط لکھنے والے پر بھی ظلم ہے

اچھا یون نہ سہی - یہ کیا جائے کہ غلط جواب دینے والے کو پورے نمبر اور صحیح جواب لکھنے والیکو اس سے دُگنے دیدئے جائین اور جس نسبت سے ایک کے ساتھ رعایت کی گئی ہے اِس نسبت سے سب طلبا کے نمبر بڑھا دیئے جائین اور دو کی جگہ چار دیئے جائین تو چار کی جگہ آٹھ اور اِسی طرح آخر تک چلے جائین تو کیا اثر ہوگا ؟ کہ رعایت رعایت نہ رہیگی بلکہ کل نمبر سو سمجھنے کی بجائے دو سو قرار پائینگے اور پاس ہونے کیلئے فیصدی مقدار دیکھنے پر غلط لکھنے والا وہی بیک مینی دو دو گوش رہجائیگا یعنی ناکام - اچھا تو کیا ایسے شخص کیلئے رحم کی کوئی گنجائش نہین ؟ ہے اور وہ یہ کہ اسکے غلط جواب کو نہایت دقت نظر سے دیکھا جائے اور غلطی کیسی ہی بڑی ہو اسمین غور سے تلاش کیا جائے کہ کوئی ذرا ظہور صحت کسی جگہ موجود ہے یا نہین اور پھر جہان ذرا بھی صحت کا نشان ملے اُسکے مناسب حال کوئی نمبر یا نمبر کی کوئی کسر دیدی جاے - پس یہ غور و تامل کی تکلیف جو ممتحن برداشت کریگا وہ رحم ہے جو عدل سے ہرگز منافات نہین رکھتا - بلکہ ایک ہی فعل ہے جو اس لحاظ سے کہ اوروں پر ظلم نہ ہو جائے عدل ہی اور اس خیال سے کہ مجرم اپنے جرم کی سزا ضرور پائے غضب ہی اور اس وجہ سے کہ مجرم اپنے جرم سے زیادہ سزا نہ پائے رحم ہے اور یہی وہ عمل ہے جو ہم نیچر کے ہر کام مین محسوس کرتے ہین - پلیگ کے ایام مین جس شخص نے فاسد مادہ کا بہت بڑا حصہ لیا ہے ایسا مبتلا ہوتا ہی کہ علاج کی مہلت نہین دیتا اور فوراً مر جاتا ہے - دوسرا اس سے کمتر حصہ لیتا ہے وہ چار دن اور دُنیا کی ہوا کھا لیتا ہے کوئی اس سی کم ہوتا ہے چند روز تڑپ کر اُٹھ بیٹھتا ہے - کوئی معمولی سا اثر قبول کرنیوالا اعضا شکنی وغیرہ کو چلتے پھرتے برداشت کر کے تندرست ہو جاتا ہے - بعض اس سی بھی کم متاثر ہوتے ہین بالکل اور کوئی اثر محسوس نہین کرتے اسی طرح آگ لگتی ہے جو چیز بیچ مین آجاتی ہے خاک سیاہ ہو جاتی ہے ذرا کنارہ رہنے والی کا بالائی حصہ جل جاتا ہے - اِس سے پرے سیاہ داغ ہی پڑ جاتا ہے - کسی کو جلن کسی کو حرارت کسی کو روشنی کا حصہ ملتا ہے اور بہت دور والون کو خبر بھی نہین ہوتی

غرض نیچر کے ہر فعل کا نتیجہ ایسا جچا تُلا دیتی ہے کہ مسبّب سبب کی مقدار سے رتی بھر کم زیادہ نہین ہونے پاتا - پس یہی اُسکا عدل ہی اور یہی اسکا رحم ہے اور یہی جواب ہے ڈاکٹر سپنسر کے اِس

اعتراض کا کہ۔ +

"غیر محدود عدل کامل سزا کیون کر دے سکتا ہے جبکہ غیر محدود رحم گناہ کو معاف کر دیتا ہے"

یعنی یہ کہ گناہ کو معاف کر دینا نہ رحم ہے۔ نہ غیر محدود ہے۔ بلکہ ظلم ہے اور رحم یہ ہے کہ سزا گناہ کی مقدار سے ذرہ بھر زیادہ نہ ہو۔ غرض جو طرز عمل عقل بتاتی ہے اور جو فعل خود نیچر کا نظر آتا ہے اسی کی تعلیم قران بھی دیتا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ ط

(آل عمران پارہ ۴ ع ۲۰)

خدا نے ان کی دعا قبول کی کہ مین تم مین سے کسی کارکن کا کام ضائع نہین جانے دونگا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ ط فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ط وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ط وَكَفَىٰ بِنَا حَاسِبِينَ ط (انبیاء پارہ ۱۷ ع ۴)

اور ہم قیامت کے دن انصاف کا ترازو رکھینگے پس کسی شخص پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا اور اگر کوئی عمل رائی کے دانہ برابر بھی ہو تو ہم اسے نکال لائینگے اور ہم حساب کے لیے کافی ہین۔

فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ط وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ط

(زلزال پارہ ۳۰ ع ۱)

پس جو ذرہ برابر بھلائی کریگا اسکا اجر پائیگا اور جو ذرہ برابر بدی کریگا اسکی سزا پائیگا۔

+ کتاب فرسٹ پرنسپلز باب سوئم صفحہ ۱۴۱ سنہ ۱۸۸۷ء۔

‡ گناہ کیون کر معاف ہو سکتا ہے اسکی صورت باب آئندہ مین ملاحظہ ہو

باب یازدہم

توبہ۔ استغفار۔ دعا۔ شفاعت وغیرہ

حرکت بازگشت۔ گناہ اور ثواب کی حقیقت اور توبہ کی وجہ۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ ایمان اور گناہ کفر اور نیکی کا اجتماع۔ اصولی اور معاون اسباب۔ عذاب وثواب کے اصولی اور معاون اسباب۔ ایمان اور نیکی۔ استغفار۔ آرزوے رحمت محبت صلحاء۔ دعا۔ شفاعت۔ ترغیب کا فائدہ معیت کا فائدہ محبت کا فائدہ۔ دعا کا فائدہ۔ کبھی شفاعت کے خیال سے غرور پیدا ہوتا ہے۔ کبھی شفاعت سے کوشش کا میلان ہوتا ہے۔

حرکت بازگشت نیکی اور بدی کے متعلق اگرچہ بہت کچھ طول ہوگیا ہے مگر ابھی اندکے بیش نگفتیم ہنوز داو سبیار کا مضمون ہے۔ نیکی اور بدی دنیا کا مجموعہ ہے اور دنیا کے قوانین اس کثرت سے اور باہمد گر ایسے پیوستہ اور پیچیدہ ہین کہ ایک قانون کے عمل مین جو تفاوت دوسرے قوانین کے اختلاط سے پیدا ہوجاتا ہے اسکو سمجھنے مین اکثر غلطی ہوجاتی ہے مثلاً ہمنے دیکھا کہ نیچر ہر ایک فعل کا بدلا اسکے تناسب کے لحاظ سے ضرور دیتی ہے اور یہ بھی دیکھا گیا کہ ہر ایک فعل کو ایک دفعہ کرنے سے دوسری بار اسکو بجالانا آسان ہوجاتا ہے اور اس طرح وہ وصف ترقی کرتا جاتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی قانون قدرت ہے کہ ایک طرف کو ترقی کرنے کے اثنا مین کسی وجہ سے حرکت بازگشت شروع ہوتی ہے اور جو وصف پیدا ہوا تھا اس کی جگہ اسکی ضد ظہور کرنے لگتی ہے مثلاً آفتاب کی حرارت اور مناسب آب وہوا سے درخت پھلنے پھولنے لگتا ہے۔ پھر زمین اور فضا مین کوئی انقلاب پیدا ہوتا ہے درخت کی ترقی رک جاتی ہے مرجھا کر خشکی اور پوسیدگی کی جانب ترقی کرنے لگتا ہے۔ کبھی خشکی اور افسردگی مین ترقی کرتا ہوا کسی سبب سے پھر تر و تازہ ہوجاتا ہے۔ علی ہذا انسان کسی علم وہنر مین ترقی کرتا ہوا ایسے اسباب مین مبتلا ہوتا ہے کہ علم وہنر کو چھوڑ کر جہالت کیطرف جاتا ہوا نظر آتا ہے یا جہان مین ترقی کرتے کرتے

کسی ترغیب سے متاثر ہوکر تہذیب و دانش کی طرف عود کرتا ہے۔ ان حالات مین یہ نہین کہہ سکتے کہ اسکی پہلے اعمال بے اثر رہے نہین بلکہ جو خوبی یا برائی پہلی رفتار مین پیدا ہوئی تھی اسکی وجہ سے دوسری رفتار پر ضرور اثر پڑا اور ایسی چیز یا ایسے شخص کی ترقی اُن کے برابر نہ ہوگی جو پہلے سے ہمیشہ تک ایک رستہ پر چلے ہین مگر تاہم نتیجہ بالکل بدل جائیگا اور اس انقلاب سے نور کی جگہ ظلمت یا ظلمت کی جگہ نور ضرور پیدا ہوگا اور نیز کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ رفتار کو بدلنے والا اثر بڑی قوت سے ظاہر ہوا ہے اور اس نے پہلے اثر کو بالکل نابود کر دیا ہے چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ درخت مرجھا گئے ہین اور کھیتی سوکھ چلی ہے اور لوگ ناامید ہوگئے ہین مگر قدرت کی کوئی ایسی ہوا چلی ہے کہ یاس امید سے بدل گئی اور درختون نے چند روز مین وہی نشوونما پائی جو معمولی حالت کی پوری فصل مین پا سکتے تھے۔ یا پورے نشوونما کے بعد کسی سخت حادثے نے ایسا جلا دیا کہ گویا پیدا ہی نہ ہوئے تھے۔ اور اسی طرح انسان کی وحشت اور تہذیب کا انقلاب بھی کبھی اس زور سے ہوتا ہے کہ آدمی برسون کا کام دنون مین کر لیتا ہے اور دوسرا اثر قوی ہونے کے سبب پہلے اثر کو نابود کر دیتا ہے۔ غرض یہ انقلاب کا قانون اور قوی کے ضعیف پر غالب آنیکا قانون بھی نیچر مین ہر جگہ نمایان ہے چنانچہ یہی صورت نیکی بدی مین بھی نظر آتی ہے اور بدکار تائب اور نیکوکار مرتد ہوتے ہوئے نظر آتے ہین اور دوسرا اثر بہت قوی ہو تو نیکی صورت مین ترقی معمولی حالت سے زیادہ بھی ہو جاتی ہے۔ قرآن مین بدی کی نسبت ارشاد ہے۔

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱۳)

حتی کہ جب مین آراستہ ہو جاتی ہے اور اپنی زینت پر آجاتی ہے اور اس کے مالک گمان کرتے ہین کہ اب اس کے مقابلہ پر ہمارا قبضہ ہے تو ہمارا حکم رات کو یا دن کو پہنچتا ہے پس ہم اس کو ایسا کھانکا بنا دیتے ہین گویا کبھی بسی ہی نہین۔ ہم غور کرنیوالون کے لئے ان نشانات کی تفصیل کرتے ہین

وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى

(تیار ہو نیکے بعد) اسکے پھلون پر بلا آتی ہے پس مالک ملتا ہے

مَا أَنْفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّي أَحَدًا (کہف پارہ ۱۵ ع ۵)

اور جو خرچ کیا ہے اسے یاد کرتا ہے اور وہ سر کے مل گری ہوئی ہوتی ہے اور کہتا ہے کہ کاش مین مین اپنے خدا سے شرک نہ کرتا اور اپنی کوشش کو قطعی سمجھتا

وَمَن يُبَدِّلْ نِعْمَتَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (بقرہ پارہ ۲ ع ۶)

جو شخص خدا کی دی ہوئی نعمت کو بدلے تو خدا سخت عذاب دینے والا ہے

وَمَن يَرْتَدِدْ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ (بقرہ پارہ ۲ ع ۲۵)

جو اپنے مذہب سے پھرے اور کفر کی حالت مین مرجائے تو اسکے اعمال باطل ہوگئے

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ (آل عمران پارہ ۳ ع ۹)

جو لوگ ایمان کے بعد کفر کرین اور پھر کفر مین ترقی کرین انکی توجہ قبول نہ ہوگی اور وہ گمراہ ہین۔

اور نیکی کی نسبت فرمایا ہے۔

فَانظُرْ إِلَىٰ آثَارِ رَحْمَتِ اللَّهِ كَيْفَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ ذَٰلِكَ لَمُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (روم پارہ ۲۱ ع ۵)

خدا کے رحمت کے نشانات کو دیکھو کہ وہ زمین کو کیونکر مردہ ہونے کے بعد زندہ کردیتا ہے یہی مردون کو زندہ کرنیوالا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِن بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنشُرُ رَحْمَتَهُ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ (شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۱)

وہی ذات ہے جو بارش برساتی ہے اس حال مین کہ لوگ ناامید ہوچکے ہوتے ہین اور اپنی رحمت کو پھیلاتی ہے اور وہ مالک قابل حمد ہے

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (آل عمران پارہ ۳ ع ۹)

مگر جو لوگ اسکے بعد توبہ کرین اور نیکوکار ہوجائین تو اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔

فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ (مائدہ پارہ ۶ ع ۶)

جو شخص اپنے اوپر ظلم کرنے کے بعد توبہ کرے اور اپنی حالت درست کرلے تو خدا بخشنے والا ہے اور مہربان ہے۔

وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اعراف پارہ ۹ ع ۱۵)

اور جو لوگ بد عملی کرتے ہین پھر اسکے بعد توبہ کرتے ہین اور ایمان لاتے ہین تو خدا بخشنے والا ہے اور مہربان ہے -

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ - (انفال پارہ ۹ ع ۵)

تم کفار سے کہدو کہ اگر وہ باز رہین گے تو ان کے گذشتہ اعمال معاف کیے جائینگے اور پھر کفر کی طرف عود کرینگے تو جو پہلون کے ساتھ ہوا ہے وہی ہوگا

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا (فرقان پارہ ۱۹ ع ۲)

جو توبہ کرے اور نیک عمل بجالائے وہ خدا کیطرف آتا ہے -

اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (نمل پارہ ۱۹ ع ۱)

مگر جو ظلم کرے پھر اپنی بدی کو نکوکاری سے بدل دے تو مین بخشنے والا ہون مہربان ہون

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ (قصص پارہ ۲۰ ع ۷)

لیکن جو توبہ کرے ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو امید ہے کہ وہ رستگارون مین ہوگا

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ (شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۳)

اور وہی ہے جو اپنے بندون کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہ معاف کرتا ہے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو

گناہ اور ثواب کی حقیقت اور توبہ کی وجہ

بعض لوگون کا خیال ہے کہ توبہ سے گناہ معاف نہین ہو سکتے[1] مگر اول تو ایسی رائے رکھنے والے نیچر سے بالکل آنکھین بند کئے ہوئے ہین اور جو انقلاب بھلائی اور برائی کی جانب نہایت کثرت سے ہو رہے ہین اور جن سے نتائج مین مشرق مغرب کا فرق پڑجاتا ہے انکی طرف توجہ نہین کرتے اور دوسرے کسی فعل کے گناہ یا ثواب ہونے اور آیندہ زندگی مین مدار نیک نتیجہ دینے کی حقیقت یہ ہے کہ ہر چیز کو اپنے ہم جنس اور ہم مثل کیطرف میلان ہوتا ہے اور نا جنس سے گریز - اہل علم قدرتی طور پر اہل علم کی طرف اور جاہل قدرتی طور پر جاہل کیطرف میلان رکھتا ہے اور جو ہم مذاق نہون ان سے نفرت کرتا ہے اور یہ قاعدہ نہ صرف انسان مین ہے بلکہ حیوانات اور نباتات اور ان سے بڑھکر

[1] ایسا اعتراض بعض آریہ سماجون مین دیکھے گئے ہین -

دُنیا کی ہر ایک چیز کو اپنے مماثل کی صحبت سے قوت اور ترقی حاصل ہوتی ہے اور غیر جنس کے اختلاط سے ضعف اور تنزل - اِس مماثلت کے قانون کو تسلیم کرنے کے بعد دیکھا جاتا ہے کہ مثلاً حق قتل کرنیوالا مقتول کو اُن فائدون سے محروم کرتا ہے جو راستی کے رو سے اُسکا حق تھا اور خود وہ مفاد حاصل کرتا ہے جو راستی کے رو سے اُس کا حق نہین - غرض وہ اس فعل سے اپنے دل مین راستی اور صداقت سے نفرت اور بُعد پیدا کرتا ہے اور اسی بُعد اور نفرت کے سبب خدا سے جو نامحدود صداقت اور حق ہے دور ہوتا ہے اور اسکے برخلاف جو شخص کسی قاتل کے حملے کو دفع کرنے کی غرض سے حرکت کرتا ہے اور اس مدافعت مین قتل کے سوا چارہ نہین دیکھتا وہ نہ خود ایسا مفاد حاصل کرتا ہے اور نہ دوسرے کو ایسے مفاد سے محروم کرتا ہے جس کا راستی کے رو سے استحقاق نہ ہو اس لیے اس کے اس فعل نے اُسے صداقت سے اور سرچشمہ صداقت یعنی خدا سے دور نہین کیا بلکہ اس خیال سے کہ جایز مفاد کو بحال رکھنے کی کوشش ہر چیز کی فطرت مین داخل اور انسان کا خاص حق ہے ایسی کوشش صداقت اور حقانیت سے کسی قدر قریب کرنیوالی ہے - اور اس سے بڑھ کر جو شخص قاتل کو سزا دیتا ہے تو اگرچہ اسکے اس فعل سے مقتول کو کوئی فائدہ حاصل نہین ہوتا مگر پھر بھی اس فعل کو جو فرض و واجب سمجھا جاتا ہے تو اسلیئے کہ وہ مقتول کے سوا باقی تمام دُنیا کے امن و اسائش کو بحال رکھنے کے لیئے جو راستی کے رو سے اُن کا حق ہے تدبیر کرتا ہے اسلیئے اس صورت مین اس کا فعل محض صداقت کی محبت پر مبنی ہے اور اس لیئے وہ اس فعل سے صداقت اور سرچشمۂ صداقت سے بہت بڑا قرب حاصل کرتا ہے پس یہی صداقت سے دور ہونا گناہ ہے اور خدا سے دور ہونا اس کا عذاب - اور صداقت سے محبت کرنا کارِ ثواب ہے اور خدا کا قرب اسکی جزا -

غرض ہر فعل سے جس قسم کا وصف پیدا ہوتا ہے انسان مین آیندہ اُسی وصف کی طرف میلان رکھنے کی قابلیت ہو جاتی ہے اور اسکے خلاف وصف سے بُعد - اب فرض کرو کہ کوئی قاتل اپنے فعل سے نادم اور پشیمان ہوتا ہے اور آیندہ کے لیے بدل سے اُس فعل سے محترز رہنے کا عہد کرتا ہے اور فرض کرو کہ اس عہد کو تادم آخر پورا بھی کرتا ہے تو اب اس کا کیا اثر ہوگا ایک تو یہی کہ اس کے ہاتھ سے دیگر

مخلوقات اس مین نہین رہیگی۔ یہ تو دنیوی مفاد ہوا۔ باقی رہی صداقت کی محبت جو اُخروی نتیجہ ہے تو وہ بھی اس عہد سے اور عہد کو تا دم مرگ پورا کرنے سے پورے طور پر ثابت ہوتا ہے۔ اب رہا وہ تاریک داغ جو اسکے دل پر قتل کرنے کے وقت صداقت کی نفرت سے پیدا ہوا تھا مگر جو ندامت اور پشیمانی کا سوہان اُسکے دل کو چھیل رہا ہے اور جو صداقت کی محبت اور اس کے حاصل کرنے کی تمنا اسکو بے چین کئے دیتی ہے اس عمل سے نفرت کے سیاہ داغ کو دور کرنیکا وہی اثر ظاہر ہوگا جو ایک رنگ آلود کپڑے کو صیقل کرنے سے ہوتا ہے یعنی اگر قتل کرنے کے وقت صداقت سے ایک درجہ نفرت تھی تو اس کی جگہ پشیمانی محبت کو چار درجے بڑھا دیگی۔ غرض قتل کرنے کو جس قدر دل کی سختی سے تعلق ہے پشیمانی اور توبہ اس کا پورا تدارک ہے۔

حقوق اللہ اور حقوق العباد | مگر اس مثال مین ایک کوتاہی ضرور رہے وہ یہ کہ گناہ کو گناہ کرنے والے سے اور اس شخص سے جسکا گناہ کیا ہے غرض دونو سے تعلق ہے اور جس کا گناہ کیا ہے اسکے تعلق سے گناہ دو قسم مین منقسم ہوتا ہے ایک وہ جسکا تعلق کسی انسان سے نہین بلکہ محض ذات خداوندی سے ہے مثلاً خدا کا انکار کرنا یا عبادت نہ کرنا اور اسکو حق اللہ کہتے ہین اور دوسری قسم مین وہ گناہ ہین جن کو ذات خداوندی سے بھی تعلق ہے اور اس کے علاوہ دیگر مخلوقات سے بھی مثلاً چوری کرنا یا کسی جاندار کو ناحق ستانا۔ انکو حقوق العباد کہتے ہین۔ پس جو گناہ حقوق العباد کی قسم سے ہین ان مین صداقت سے نفرت بھی ہوتی ہے جس سے انسان خدا سے دور ہوتا ہے اور کسی مخلوق کو اذیت بھی پہونچتی ہے اسلئے توبہ اور پشیمانی سے صداقت کی نفرت کا اثر تو بیشک دور ہوسکتا ہے مگر جو اذیت کسی مخلوق کو پہونچ چکی اُس کا تدارک نہین ہوسکتا۔ اسلئے ایسے افعال مین توبہ بیشبہ توبہت کچھ ہے مگر پورے طور پر گناہ کی معافی اُس شخص کے معاف کردینے پر منحصر ہے جسکو اذیت پہنچی ہے۔ اور معاف کرنے کی دو ہی صورتین ہین۔ یا تو بدلا لے لیا جائے اور دل کا غبار نکال کر کینہ دور کردیا جائے یا عالی ہمتی سے بغیر بدلا لئے معاف کردیا جائے اسلئے قرآن مین حقوق العباد کے لئے یہی دو تدارک بتائے گئے ہین اور چونکہ بدلا لینے سے دل کو خود ہی سکون ہوجاتا ہے اور بالکل معاف کردینا مشکل ہوتا ہے اس لئے معاف

کرنیکو بڑے اجر کا باعث قرار دیا گیا ہے اور بدلا لینے کو صرف جائز کہا گیا ہے چنانچہ ارشاد ہے

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ

(شوریٰ پارہ ۲۵ ع ۴)

بدی کا بدلا اسی جیسی بدی ہے لیکن جو معاف کردے اور نیکی کرے اسکا بدلا خدا دیگا۔ وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو ظلم برداشت کرنیکے بعد انتقام کرے ایسے لوگوں پر کوئی اعتراض نہیں۔ الزام اُن پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں بے وجہ بغاوت پھیلاتے ہیں اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔ مگر جو صبر کرے اور معاف کرے تو یہ عالی ہمتی کا کام ہے

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۝ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ۝

(نحل پارہ ۱۴ ع ۱۶)

اگر تم بدلا دو تو بالکل اسیقدر ہونا چاہیے جس قدر تمکو تکلیف پہنچی ہے اور اگر صبر کرو تو یہ فعل صبر کرنیوالوں کے لیے بہتر ہے۔

اور ان کے برخلاف حقوق اللہ میں چونکہ کسی مخلوق سے تعلق نہیں اور اس فعل سے صرف کرنے والے کے دل کو صداقت سے نفرت پیدا ہوتی ہے اور قلب تاریک ہوکر جلوۂ ربانی کے قابل نہیں رہتا اس لئے ایسے گناہوں میں پشیمانی اور اضطراب پورا فائدہ دیتا ہے اور توبہ سے گناہ بالکل معاف ہوجاتا ہے۔

ایمان اور گناہ۔ کفر اور نیکی کا اجتماع

یہاں تک ایک ہی طرح کے فعل اور اسکی ترقی کا یا توحید اور ارتداد کی وجہ سے اس کے تنزل کا ذکر تھا۔ اب اگر انسان کے تمام افعال کو دیکھا جائے جن میں بعض بُرے ہیں اور بعض اچھے تو ان کا نتیجہ معلوم کرنیکے لیے بھی نیچر ہی سے سبق لیا جاسکتا ہے۔ اور نیچر میں ہم دیکھتے ہیں کہ نباتات اُگتی ہیں۔ موسموں میں مختلف اثر چڑھاؤ ہوتے ہیں کوئی رطوبت اُن پر برا اثر کرتی ہے اور کوئی بھلا۔ اور انجام پر کبھی کھیتی بالکل تباہ ہوجاتی ہے کبھی پورا فائدہ دیتی ہے اور کبھی محاصل ہوتا ہے مگر ناقص۔ اسیطرح حیوانات پر کشش پاتے ہیں مختلف اسباب سے اچھے

اور بُرے اثر برداشت کرتے ہین اور نباتات کیطرح تینون طرح کے انجام پر پہونچتے ہین -

اصولی اسباب اور معاون اسباب اب اِن چیزون کے مختلف انجامون کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مختلف اسباب مین سے بعض اصولی اسباب ہین جن کے بغیر نیک یا بد اثر پیدا ہو نہین سکتا اور بعض ان اصولی اسباب کو مدد دیکر ترقی کو زیادہ کرنے والے ہین گو ان کے بغیر بھی کوئی حالت قائم رہ سکتی ہو- مثلاً غذا روشنی اور ہوا نباتات اور حیوانات کی پرورش کے اصولی اسباب ہین اور باغبانی اور پرورش کے عالمانہ اصول ان کے مددگار ہین - اور اسی طرح زہریلی غذا سخت حرارت یا رطوبت وغیرہ بربادی کے اصولی اسباب ہین اور اصول پرورش کی کوتاہی وغیرہ بربادی کیلئے معاون اسباب ہین - اور اگرچہ ان سب اسباب کا اثر انواع پر اور انواع کی ہر ایک فرد پر ایک دوسرے سے بہت مختلف اور پیچیدہ ہوتا ہے مگر عام طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ جبتک زیست کے اصولی اسباب موجود ہین تباہی کے معاون اسباب زیست کو ناقص ضرور کر دیتے ہین مگر بالکل برباد نہین کر سکتے اور اس لئے اِس حالت مین زیست کی ترقی شروع رہتی ہے اور کچھ نہ کچھ ثمرہ پیدا ہو جاتا ہے - اور اسی طرح اگر تباہی کے اصولی اسباب موجود ہین تو زیست کے مددگارون کی کوشش اپنی طاقت کے موافق تباہی مین تاخیر ضرور پیدا کر دیتی ہے مگر انجام بیشک عدم پر ہوتا ہے - اور اسی طرح اگر پہلے زیست کے اصولی اسباب موجود ہون اور بعد مین بربادی کے اصولی اسباب پیدا ہو جائین یا اسکے برعکس پہلے بربادی کے اصولی اسباب موجود ہون اور بعد مین زیست کا اصولی سامان مہیا ہو جائے تو اس حال مین بھی قوی ضعیف پر غالب اگر نتائج مین انقلاب پیدا کر دیتا ہے - مثلاً اگر درخت روشنی اور ہوا مین لگایا گیا ہے اور کچھ نہ کچھ خوراک بھی بہم پہنچائی جاتی ہے تو چونکہ یہ زیست کے اصولی اسباب ہین اسلئے اگر ان کے ساتھ باغبانی قاعدون کا بھی لحاظ رکھا جائے جو زیست کے معاون اسباب ہین تو اس درخت پوری ترقی کریگا اور اگر تربیت مین کوتاہی کی گئی ہے تو اس وقت تباہی کے معاون اسباب موجود ہونے کے سبب درخت کی ترقی کامل نہ ہوگی مگر تاہم اسکی نشوونما جاری رہیگی اور کسی حد تک بارور ضرور ہوگا اور اگر بعد مین زہریلی غذا یا سخت حرارت پہونچ گئی ہے تو اس وقت چونکہ تباہی

کے اصولی اسباب پیدا ہو گئے ہین اس لئے درخت سوکھ کر فنا ہو جائیگا۔

عذاب و ثواب کے اصولی اور معاون اسباب

اب مختلف نیک اور بد اعمال کو دیکھا جائے تو جو قاعدہ نباتات اور حیوانات کے پرورش یا بربادی کے مختلف اسباب مین ثابت ہوتا ہی یہان بھی ضرور ہے کہ وہی قاعدہ جاری ہوگا اور ضرور ہے کہ نیک اور بد نتیجہ یعنے عذاب و ثواب کے لیے بعض اصولی اسباب ہون اور بعض اُن کے معاون۔ اور چونکہ ثواب صداقت اور سرچشمہ صداقت سے قریب ہونے کو اور عذاب اس سے بعید ہونے کو کہتے ہین اس لیے ثواب کا اصولی سبب صداقت اور سرچشمہ صداقت کی محبت ہی اور عذاب کا اصولی سبب صداقت اور سرچشمہ صداقت کی نفرت۔ اور چونکہ قتل سرقہ وغیرہ عیوب سے صداقت کی نفرت ثابت ہوتی ہے اور ہمدردی اور ایثار وغیرہ سے صداقت کی محبت اسلئے یہ افعال اصولی اسباب کے معاون ہین اور یہی وجہ ہے کہ مذہب کی بنیاد عقیدہ پر رکھی گئی ہے اور عمل کو جذبۂ مذہبی کا مددگار اور ترقی کو بڑھانے والا مانا جاتا ہے۔

اب اگر کوئی شخص خدا کو مانتا ہے اور اپنی عبودیت اور اسکی خدائی کا پختہ اعتقاد رکھتا ہی تو ظاہر ہے کہ وہ سب سے بڑی صداقت سے محبت رکھتا ہے اور قانون مماثلت کے رُو سے ثواب کے اصولی سبب سے بہرہ یاب ہی اسلئے اگر نقص بشریت سے وہ بعض گناہون کا ارتکاب کرتا ہی بلکہ بعض بڑے بڑے گناہون کا بھی ارتکاب کرتا ہے مگر انکو گناہ سمجھتا ہے اور اپنے قصور کا اعتراف کرتا ہی تو اگرچہ ان گناہون کے سبب انکے اپنے اپنے درجہ کے موافق خدا سے بُعد ہوگا مگر اصولی سبب موجود ہونیکے سبب اسکی طرف ترقی جاری رہیگی خواہ کیسی ہی دھیمی رفتار سے ہو۔ اور یہ بدی کے معاون اسباب اگرچہ اپنے زور کے موافق اثر دکھائینگے مگر آخر مین نیکی کا اصولی سبب غالب آئیگا اور انجام نجات اور وصال پر ہوگا۔ اور اسی طرح اگر کوئی شخص خدا سے انکار کرتا ہے یا خدا کو مانتا ہے مگر اس طرح کہ کسی پتھر کو خدا سمجھ لیا ہے یا کسی اور غلط اعتقاد سے کسی ناقص خدا کو مان رہا ہے تو پہلی صورت مین مکمل صداقت سے بالکل نفرت ہی اور دوسری صورتون مین جس سے محبت کرتا ہے وہ صداقت نہین اس لیئے

اس وقت بدی کا اصولی سبب یعنی صداقت سے نفرت اور بدی کی محبت سہین موجود ہے۔ اب اگر وہ ایثار اور ہمدردی وغیرہ اعلیٰ اخلاق سے متصف ہے جن سے صداقت کی محبت ظاہر ہوتی ہے تب بھی بیشک یہ نیکی کے معاون اسباب اسکی اس رفتار مین جو خدا سے دور ہونیکی طرف ہے بہت کچھ رکاوٹ پیدا کرینگے اور ایسا شخص ان لوگون کے برابر بدتر ہوگا جو انکار خدا کے ساتھ بد کار بھی ہین مگر پھر بھی نفرت اور بُعد کا اصولی سبب موجود ہونے کے سبب قانون مماثلت کے رو سے اسکی رفتار جاری دوری ہی کی جانب ہیگی اور رکاوٹین مغلوب ہوتی جائینگی۔

غرض میزان عدالت مین اصولی اسباب کا اپنے خلاف معاون اسباب سے ممتاز ہونا اور اپنی ترقی مین ان کو بتدریج نابود کرتے ہوئے اپنے مماثل کیطرف بڑھنا نیچر کے ہر فعل سے ثابت ہوتا ہے اور اسکے خلاف ممکن نہین کہ اصولی سبب جو وصف رکھتا ہے اسی کے مماثل کی طرف حرکت نہ کرے اور صداقت کی صورت مین غلطی کی طرف اور غلطی کی صورت مین صداقت کی طرف آئے اور اُس چیز کو ماننے والا جو حقیقت مین خدا نہین خدا کی جانب ترقی کرے یا سچے خدا کو ماننے والے کی رفتار اسکے خلاف ہو۔ چنانچہ یہی اسلام کا حکم اور قرآن کا ارشاد ہے۔

فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ (آل عمران پ۴ ع۲۰)

جنہون نے ہجرت کی اور اپنے گھرون سے نکالے گئے اور مجھ ماننے کے جرم پر ستائے گئے اور لڑے اور مارے گئے ہم انکے ان افعال کو انکی مگر برائیون کا کفارہ بنائینگے اور انکو جنت مین داخل کرینگے جس کے نیچے نہرین جاری ہین۔

إِن تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلًا كَرِيمًا (نساء پ۵ ع۴)

جن باتون سے تم کو روکا جاتا ہے اگر تم اُن مین سے بڑی برائیون سے پرہیز کرو تو ہم تمھارے چھوٹے قصور معاف کر دینگے اور تمکو معزز جگہ داخل کرینگے۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ ۚ فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ

اس دن کا وزن حق ہے پس جس کا پلہ بھاری ہوگا ایسے لوگ رستگار ہین اور جس کا پلہ ہلکا ہوگا انہون نے

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝ (اعراف پارہ ۹ ع ۱)

اپنے تئین خسارہ مین ڈالا اسلئے کہ وہ ہمارے نشانات سے ظالمانہ سلوک کرتے تھے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (اعراف پارہ ۹ ع ۱۷)

جن لوگون نے ہمارے نشانات کو جھٹلایا اور آخرت کا انکار کیا اُن کے اعمال ضائع ہوئے۔ جو عمل وہ کرتے تھے کیا اُن کے خلاف بدلا دیا جائے۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (توبہ پارہ ۱۱ ع ۱۳)

اور بعض وہ لوگ ہین جنھون نے کچھ عمل نیک اور کچھ بد دونو کو ملا دیا ہے اور اپنے گناہون کا اعتراف کرتے ہین امید ہے کہ خدا اُنکے گناہ معاف کردیگا خدا بخشنے والا ہے مہربان ہے

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۡ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ (ہود پارہ ۱۲ ع ۱)

جو شخص صرف دنیوی زیست اور اسی کی رونق چاہتا ہے ہم ویسے لوگون کے اعمال کا بدلا دنیا مین ہی دیدیتے ہین اور ان کے بدلے مین کمی نہین کی جاتی مگر ان کیلئے سوا دوزخ کے اور کچھ نہین اور جو کچھ انھون نے دنیا مین کیا ضایع ہوا اور اُنکے اعمال باطل ہو گئے

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۭ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (ہود پارہ ۱۲ ع ۱)

دن کے دونون حصون مین اور رات کے کچھ حصہ مین نماز پڑھا کرو کیونکہ نیکیان برائیون کو دور کرتی ہین۔

وَالَّذِيْ جَاۗءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۭ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۙ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا (زمر پارہ ۲۴ ع ۴)

جو پیغمبر سچی کو لایا اور جس شخص نے اسکی تصدیق کی یہی لوگ متقی ہین ان کے لیئے ان کے خدا کے پاس ہے جو وہ چاہین۔ یہ ہے نیکوکارون کا بدلا تاکہ خدا ان سے وہ بدترین معاف کرے جو انھون نے کی ہین۔

لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ (فتح پارہ ۲۶ ع ۱)

تا مومن مردون اور عورتون کو جنت مین داخل کرے جس کے نیچے نہرین جاری ہین اور وہ اس مین ہمیشہ رہین اور ان کے بد اعمال کو معاف کرے۔

وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ (تغابن پارہ ۲۸ ع ۱)

جو خدا کو مانے اور نیک عمل کرے اس کے بد اعمال اُسے معاف کردے جائینگے۔

فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ (قارعہ پارہ ۳۰ ع ۱)

جس کا پلہ بھاری ہے وہ اچھی حالت مین رہیگا اور جس کا پلہ ہلکا ہے اسکا ٹھکانا دوزخ ہے۔

ایمان اور نیکی اصولی اور معاون اسباب کو دیکھنے سے جہان یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایک قسم کا اصولی سبب اپنے خلاف معاون اسباب کو مغلوب کردیتا ہے وہان یہ بھی نظر آتا ہے کہ ایک قسم کا اصولی سبب موجود ہونے پر اسی قسم کے معاون خواہ کیسے ہی کمزور ہون بہت بڑا اثر کرتے ہین۔ بارانی زراعت سخت امساک اور حرارت کے زمانے مین جبتک اسکی جڑین مضبوط ہین بارش کا ایک چھینٹا پڑجانے سے بعض اوقات ایسی لہلہاتی ہے کہ گونہری زمین کے برابر نہ ہو مگر امید سے بڑھ کر اور معمول سے بہت زیادہ مفاد دیتی ہے۔ علیٰ ہذا ناداری اور بھوک کے جاندار کو جبتک رشتۂ حیات استوار ہے سوکھی غذا اور روکھا ٹکڑا مل جانے سے ایسی قوت حاصل ہوتی ہے کہ گوشاہی الوان نعمت کے برابر نہ ہو مگر پھر بھی یقینی موت یقینی حیات سے بدل جاتی ہے۔ اور سبب یہی ہے کہ اصولی سبب موجود تھا اس لیے تھوڑی سی امداد نے بہت سا فائدہ پہنچایا۔ اسی طرح کوئی عبودیت کا سچا اقرار کرنے والا اور خدا کو خدا ماننے والا سیاہ کاری اور بداطواری سے کیسا ہی ہلاکت کے قریب ہو لیکن جب تک یہ اقرار دل مین راسخ ہے خدا کی محبت کا ذرا سا ظہور بھی اسکی ترقی کے لیئے بہت کچھ مفید ہوگا مثلاً

استغفار ۱۔ کوئی شخص افعال بد مین مبتلا ہے۔ انکو چھوڑنا چاہتا ہے مگر عادت سے لاچار ہے کبھی سب یا چند گناہون کو ترک کرنیکا عہد بھی کرتا ہے لیکن بعد مین کوئی فوری لذت یا فائدہ

پیش آکر ایسا مجبور کرتا ہے کہ پھر عہد کو توڑکر اُسی گناہ کا ارتکاب کرتا ہے۔ اس حالت مین پیچ و تاب کھاتا ہے اور کوشش مین ناکام ہوکر سمجھتا ہے کہ افسوس مین ہلاک ہوا۔ اور اگر خدا کی رحمت نہو تو ان سیہ کاریون کے سبب میرا کوئی ٹھکانا نہین۔ یہ خیال اُسکی روح کو خدا کی طرف کھینچتا ہے اور وہ اُس غریق کیطرح جو سمندر کی بے انتہا لہرون مین پڑا ہوا دور سے جہاز کو دیکھ کر ہاتھ پاؤن مارنے لگتا ہے۔ رحمت اور مغفرت کا خیال آنے پر دعا کے واسطے اُس بے نیاز کے آگے اُٹھاتا ہے اور نہایت بیقراری اور عاجزی سے اُسکے فضل و کرم کو شفیع بناتا ہے اور کہتا ہے کہ یا الٰہی کوئی چیز نہین جس کے سبب نجات کی آرزو کرون۔ گنہ گار ہون نافرمان ہون مگر تیرا بندہ ہون اور تیری رحمت کے سوا کوئی پناہ نہین رکھتا۔ غرض اِس قسم کے خیالات آنے پر اگرچہ وہ توبہ نہین کرتا کیونکہ جانتا ہے آج توبہ کرون گا اور کل توڑ دون گا مگر پھر بھی بُرائی کے بُرا ہونے کا یقین دل مین راسخ ہوتا ہے اور اس بُرائی کے سبب اپنے تئین بُرا سمجھنے سے ندامت اور پشیمانی ہوتی ہے اور یہ ندامت اُس سنگدلی کو دور کرتی ہے جو گناہ کے ارتکاب سے دل کو لاحق ہوئی تھی۔ اور اس طرح پر وہ صداقت کے قریب آتا ہوا جب خیال کرتا ہے کہ خدا کی رحمت کے سوا اور کوئی ٹھکانہ نہین اور بے اختیار ہوکر دعا کرتا ہے تو اس خیال اور اس فعل سے اسکی محبت اور شوق مین اور بھی ترقی ہوتی ہے۔ غرض قلب کی یہ حالت اگرچہ پارسائی اور تقوے کے برابر نہین مگر اس سے کمتر اور اگرچہ توبہ کے برابر نہین مگر توبہ سے دوسرے درجہ پر گناہگاری کے داغ کو دور کرنے اور نجات کی منزل قریب کرنے مین بہت کچھ مفید ہوتی ہے۔

آرزوی رحمت

اور اگر کوئی شخص اپنی مغفرت کیلئے دعا بھی نہ کرتا ہو لیکن دل مین گناہ کی ندامت محسوس کرتا ہو اور جانتا ہو کہ مین ایسا بد ہون کہ خدا کی رحمت کے سوا ہرگز بخشش کا امید وار نہین ہوسکتا تو اسکے اس خیال سے بھی چونکہ دل مین وہ سختی نہین رہتی جو سیہ مست اور ناپشیمان کے دل مین ہوتی ہے اور نیز خدا کی رحمت کے خیال سے محبت کا عنصر قوت پاتا ہے اس لیے ایسا شخص بھی دیگر بدکارون کی نسبت بہت فائدے مین ہے اور اُسکے گناہ معاف ہونے کا احتمال قوی ہے۔

مگر یہ سب کچھ اسی لیے مفید ہوگا کہ محبت کا اصول اور اقرار خدا کا عنصر موجود ہے اور اگر کسی

مین یہ عنصر موجود نہ ہو تو چونکہ یہ اسباب محض معاون ہین اسلئے چندان مفید نہ ہونگے اور اگر کوئی شخص خدا کو نہین مانتا تو اس کا بدی پر پشیمان ہونا بعد کی تیز رفتاری مین سستی ضرور پیدا کردیگا مگر بعد کو قرب سے نہ بدلیگا۔ چنانچہ اسی لئے گناہون کے سبب جس قدر بعد خدا کی ذات سے ہوتا ہے اسکا اثر دور کرنے لیئے اسلام نے دعا اور پشیمانی وغیرہ نیکی کے معاون اسباب کو بڑی حد تک مفید قرار دیا ہے مگر ساتھ ہی اقرار خدا کے عنصر کو ضروری ٹھہرایا ہے۔ اور جہان خدا کی رحمت سے گناہ معاف ہونے کا ذکر ہے وہان خدا کی طرف جھکنے اور عبودیت کا اقرار کرنیکا حکم دیا گیا ہے اور فرمایا گیا ہے کہ جہان خدا کے اقرار مین کوتاہی ہو وہان ان اسباب سے کوئی نتیجہ نہین نکلتا۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ وَمَنْ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ وَلَمْ يُصِرُّوا عَلَىٰ مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ مَغْفِرَةٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَجَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ

(آل عمران پارہ ۴ ع ۱۴)

ایسے لوگ جو کسی فحش امر کے مرتکب ہون یا اپنے اوپر ظلم کرین خدا کو یاد کرین اور اپنے گناہون کی معافی مانگین اور حقیقت یہ ہے کہ خدا کے سوا معاف کرنے والا اور کون ہے اور وہ اپنے افعال پر دانستہ اصرار نہ کرین تو ایسے لوگون کا بدلہ خدا کی طرف سے بخشش ہے اور بہشت ہے جس کے نیچے نہرین جاری ہون اور وہ انمین ہمیشہ رہین اور ایسا عمل کرنے والون کا یہ بدلہ بہت اچھا ہے۔

وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللَّهَ يَجِدِ اللَّهَ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

(نساء پارہ ۵ ع ۱۶)

اور جو شخص بدی کرے یا اپنے اوپر ظلم کرے پھر خدا سے مغفرت مانگے تو وہ خدا کو بخشندہ و مہربان پائیگا۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُشْرِكْ

بیشک خدا شرک کو نہین بخشتا اور اسکے سوا جس کو چاہے بخش دیتا ہے اور جو شخص خدا سے شرک کرے

باللہ فقد ضل ضلالا بعیدا (نساء پ ۵ ع ۱۸)
قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انہ ہو الغفور الرحیم وانیبوا الی ربکم واسلموا لہ من قبل ان یاتیکم العذاب ثم لا تنصرون (زمر پارہ ۲۴ ع ۶)
قالوا فادعوا وما دعاء الکافرین الا فی ضلال (مومن پارہ ۲۴ ع ۵)

وہ بہت بڑی گمراہی مین ہے
کہدو اے میرے بندو جنہون نے اپنے اوپر زیادتی کی ہے خدا کی رحمت سے ناامید نہ ہو خدا سب گناہ معاف کردیگا وہ بخشندہ ومہربان ہے اور تمھیکو خدا کی طرف اور اُسکے آگے سر جھکاؤ پیشتر اس سے کہ تمپر عذاب آئے اور کوئی تمہاری مدد نہ کرسکے۔ انہون نے کہا کہ دعا کرو مگر کفار کی دعا رائگان جانے کے سوا کوئی اثر نہین رکھتی

محبت صلحا ۲- یا مثلاً کوئی گنہ گار نیک اور پارسا لوگون سے محبت کرتا ہے اور اپنے تئین ان سے کمتر اور ذلیل سمجھتا ہے تو چونکہ اس محبت کا سبب یہی ہے کہ وہ لوگ نیک اعمال کے پابند ہین اور خدا کے مقرب ہین اور اپنے تئین ذلیل سمجھنے کا مطلب بھی یہی ہے کہ وہ اُن جیسے نیک اعمال بجا نہین لاتا اور خدا کا قرب حاصل نہین کرتا اسلئے حقیقت مین وہ خدا ہی کی محبت ہے جو اسے خدا شناسون کیطرف کھینچتی ہے اور ندامت اور پشیمانی ہی ہے جو اسکو اپنے تئین ان سے حقیر سمجھنے پر مجبور کرتی ہے۔ پس اگرچہ وہ گنہگار ہے اور قرب ربانی اور نور معرفت سے بہرہ ور نہین مگر اسکی پشیمانی اندرونی تاریکی کو دور کرنے مین ضرور مدد دیگی اور خدا شناسون کی محبت اسکی روح کو خدا کی طرف کچھ نہ کچھ ضرور بڑھائیگی۔ چنانچہ یہی بزرگان دین کی عظمت اور محبت کا احساس ہے جس کو شفاعت کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور مانا جاتا ہے کہ ان لوگون کی وساطت سے گنہ گارون کے گناہ معاف ہون گے۔ مگر چونکہ یہ بھی اسباب معاون مین سے ہے اسلئے پہلے خدا کا اقرار اور ایمان کا عنصر موجود ہونا ضرور ہے اور جو شخص اس نعمت سے بہرہ ور نہین اسکو نیکون کی محبت دوری کی رفتار کو زور است کردینے سے زیادہ مفید نہ ہوگی۔ بلکہ اگر کوئی شخص صرف اہل اللہ سے محبت رکھتا ہو مگر کوئی نیک عمل بجا نہ لاتا ہو تو ماننا پڑتا ہے کہ اسکی دل مین

خدا کی محبت جس سے اہل اللہ کی محبت کا ظہور ہوا بہت ہی کم ہے ورنہ کچھ نہ کچھ نیکی بھی ظہور پذیر ہوتی اسلئے اس صورت مین یہ معاون سبب نہایت ہی کمزور واقع ہوا ہے اور اسلئے اس کا اثر ہوگا مگر بہت کم۔ اور معتدبہ فایدہ اسی صورت مین ہوگا جب اصولی سبب یعنی ایمان کے ساتھ ایسی محبت کے علاوہ کچھ نیک افعال اور بھی ہون۔ چنانچہ اسی لیے قرآن مین جہان شفاعت کا ذکر کیا ہے وہان ایک تو یہ فرمایا گیا ہے کہ حقیقت مین شفیع خدا کے سوا اور کوئی نہین جس سے جہان تک مین سمجھ سکتا ہون اس نکتہ کو ظاہر کرنا مقصود ہے کہ بزرگون کی محبت جو گناہ کو دور کرنے کے لیے مفید ہے تو اسی لئے کہ اسکی تہ مین خدا کی محبت مرکوز ہوتی ہے پس فی الواقع گناہ کو دور کرنیکا ذریعہ خدا کی محبت ہے اور اس لیئے گنہ گارون کا شفیع اس وقت بھی اُسی کو کہنا چاہیئے۔ اور دوسرے فرمایا گیا ہے کہ شفاعت اُنہی لوگون کی ہوگی جن سے خدا راضی ہو اور جو اُس کے احکام کے ایک حد تک پابند ہین۔ اور جو یہ وصف نہ رکھتے ہون اُن کے لیئے کوئی شفیع نہین۔ چنانچہ امر اول کی نسبت ارشاد ہے ؛

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُونِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيعٌ (انعام پارہ ۷ ع ۸)	اُن کے لیے خدا کے سوا کوئی دوست اور شفیع نہین۔
مَا لَكُمْ مِنْ دُونِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيعٍ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ؕ (سجدہ پارہ ۲۱ ع ۱)	تمہارے لیے اس کے سوا کوئی دوست اور شفیع نہین کیا تم خیال نہین کرتے
قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا (زمر پارہ ۲۴ ع ۵)	کہدو کہ شفاعت سب خدا کے لئے ہے۔

اور امر ثانی کی نسبت فرمایا ہے۔

مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ (یونس پارہ ۱۱ ع ۱)	کوئی شفیع نہ ہوگا مگر اسکے اذن کے بعد یہ ہے تمہارا پروردگار پس تم اسی کی عبادت کرو
لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ؕ (مریم پارہ ۱۶ ع ۶)	وہ شفاعت کا اختیار نہین رکھتے مگر وہ شخص جس کے لیے خدا کا وعدہ ہے۔

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ط (طٰہٰ پارہ ۱۶ ع ۶)

اس دن شفاعت مفید نہ ہوگی مگر جس کے لئے خدا نے اجازت دی اور جس کی بات کو پسند کیا

وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ط

(انبیاء پارہ ۱۷ ع ۲)

وہ نیک بندے شفاعت نہ کرینگے مگر اسی شخص کی جس سے خدا راضی ہے اور وہ نیک بندے خدا کے خوف سے ڈرتے ہیں

وَلَا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ عِندَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ ط (سبا پارہ ۲۲ ع ۳)

اور نہیں مفید ہوگی شفاعت مگر اس شخص کیلئے جس کی نسبت خدا نے اجازت دی

مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ

(مومن پارہ ۲۴ ع ۲)

ظالموں کے لئے کوئی ہمدرد اور لایق قبولیت شفیع نہیں ہے۔

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَن شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ط

(زخرف پارہ ۲۵ ع ۷)

خدا کے سوا جن لوگوں سے یہ التجا کرتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے مگر اس شخص کے لئے جس نے حق کو قبول کیا ہے اور وہ سب یہ جانتے ہیں

قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ط وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ط وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ط وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ط حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ط فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ط

(مدثر پارہ ۲۹ ع ۲)

انھوں نے کہا کہ ہم نمازی نہیں تھے ہم غربا کو کھانا نہیں دیتے تھے اور ہم انکار کرنیوالوں کے ساتھ شریک ہوجاتے تھے اور ہم روز جزا کو غلط مانتے تھے حتے کہ ہم کو موت آگئی۔ پس ایسے لوگوں کیلئے شفاعت کرنیوالوں کی شفاعت مفید نہ ہوگی۔

دعاء نی زمانہ مذہب کی نسبت غور و فکر کرنیوالوں میں سے بعض دعا اور شفاعت کے اثر سے انکار کرتے ہیں اور سبب یہ ہے کہ احکام مذہبی کو سمجھنے میں کوتاہی ہوئی ہے پہلے سمجھنے والوں نے خدا کو دنیوی بادشاہوں کے نمونہ کا ایک بادشاہ فرض کیا تھا جو بعض اعمال سے خوش ہوتا ہے اور بجالانے والوں کو اسی طرح انعام اور عطیے بخشتا ہے جیسے دنیوی بادشاہ تعریف اور دل لگی سے خوش ہوتے ہیں۔ اور

شاعروں یا نقالوں کو خلعت و جاگیر بخشتے ہیں اور جو بعض اعمال سے نا راض ہوتا ہے اور ایسے مجرموں کو اسی طرح عذاب اور تکلیف میں مبتلا کرتا ہے جیسے دنیوی بادشاہ بے ادبی اور گستاخی پر قید یا پھانسی کی سزا دیتے ہیں۔ اور اسی طرح دعا اور شفاعت کا یہ مطلب سمجھا گیا تھا کہ جس طرح بادشاہ بعض اوقات کسی کی اپنی منت خوشامد سے یا کسی مصاحب کی سفارش سے ایسا انعام دیدیتے ہیں جس کا وہ مستحق نہیں ہوتا اسی طرح خدا بھی دعا مانگنے سے اور بزرگوں کی سفارش سے بندوں کی آرزو میں پوری کر دیتا ہے۔

چونکہ ایسا اعتقاد قرین عقل نہ تھا اس لیے بعض ان باتوں کو سن کر ایسے گھبرائے کہ حقیقت معلوم کرنے کی تکلیف گوارا کرنے کے بغیر مذہب سے روگردان ہو گئے اور بعض نے حقیقت کا پتہ لگایا اور سمجھے کہ جزا و سزا فلعت و جاگیر کیطرح اعمال سے جدا گانہ کوئی چیز نہیں بلکہ خود اعمال کی دوسری شکل اور انکا ایک لازمی نتیجہ ہے اور وہ یوں کہ عملوں کی جس شکل کو نیک سمجھا جاتا ہے اُسکا ارتکاب کرنیوالوں کے دلمیں سختی اور کدورت پیدا ہوتی ہے۔ اور پھر جس طرح آئینہ صاف ہونے کی وجہ سے نور آفتاب سے چمک اٹھتا ہے اور لوہا مکدر ہونے کے سبب کسی طرح کی شعاع کو ظاہر ہونے نہیں دیتا اور جس طرح آئینہ اور لوہے کے مابین صفائی کے مختلف درجوں کے مطابق آفتاب کی شعاعیں مختلف رنگوں میں ظاہر ہوتی ہیں اسی طرح کامل اتقا اور پارسائی سے دل ایسا صاف ہوتا ہے کہ نور ربانی اس پر پورے طور سے منعکس ہوتا ہے اور بالکل سیہ کار اور بد باطن کا دل ایسا مکدر ہو جاتا ہے کہ اس پر نور ربانی کا کوئی نشان ظاہر نہیں ہوتا اور ان دو نو حدوں کے مابین پارسائی اور سیہ کاری کے مختلف درجوں میں نور ربانی کے مختلف ظہور ہوتے ہیں اب جو نیکی اور بد اثر نور کے منعکس ہونے اور نہ ہونے یا کم اور زیادہ ہونے پر مرتب ہوتا ہے وہی اعمال کی سزا اور جزا ہے۔

غرض سزا اور جزا کی جو حقیقت سمجھی گئی ہے وہ بیشک معقول اور قابل تسکین ہے

لیکن کوتاہی یہ ہوئی کہ اس خیال کو اور آگے نہ بڑہایا گیا اور نہ دیکھا کہ دعا اور شفاعت کا مسئلہ اس اصول کے مطابق کہان تک حل ہوسکتا ہے حالانکہ اس اصول کے مطابق ثابت ہوتا ہے کہ دنیا مین فاعلی اثر ذات خداوندی کیطرف سے ہی اور دوسری چیزون کو جس قدر تعلق اثر پیدا کرنے سے ہے وہ محض انفعالی ہے یعنی اشیاء اپنے اندر کسی اثر کی قابلیت پیدا کرتی ہین اور جس قدر قابلیت پیدا کرتی ہین مبدأ فیاض کیطرف سے اسی قدر اثر کا فیضان ہوتا ہے اور یہ قاعدہ نیک و بد افعال اور نور ربانی کے انعکاس تک ہی محدود نہین بلکہ جیسا کہ ذکر ہوچکا ہے مسئلہ پیدایش کے مطابق دنیا کی ہر چیز کا فاعل اور خالق وہی قادر و مختار ہے اور جو کچھ پیدا ہوتا ہے اسی کی قوت علم کے فاعلی اثر سے ہوتا ہے مگر اس نے قاعدہ مقرر کردیا ہے کہ بعض چیزین بعض چیزون کے بعد وجود مین آتی ہین اور ان مین سے جب کسی خاص چیز یا حالت کے بعد دوسری خاص چیز یا حالت ضرور پیدا ہوتی ہے تو پہلی کو علت اور دوسری کو معلول کہا جاتا ہے ورنہ حقیقت مین علت کا پیدا ہونا اس قابلیت انفعال کا پیدا ہونا ہے جس کے بعد مبدأ فیاض کا فی علانہ اثر معلول کو پیدا کرتا ہے۔

اب اس علت و معلول یا انفعال و فاعلیت کے اثر کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ علت و معلول کے بعض سلسلے انسانی دخل و تدبیر کے بغیر خود بخود اثر کرتے ہین اور بعض مین دخل و تدبیر کا بھی اثر ہوتا ہے اور یہ دونو قدرت ہی کے قانون ہین چنانچہ یہ بھی قانون قدرت ہے کہ زمین مین تخم ڈالنے کے بعد آفتاب کی حرارت وغیرہ اسباب سے ایک خاص مدت مین درخت بار آور ہوتا ہے اور یہ بھی قانون قدرت ہے کہ مصنوعی طور پر حرارت پیدا کرنے سے درخت وقت سے پہلے پھلنے پھولنے لگتا ہے یہ بھی قانون قدرت ہے کہ انڈا جانور کے پرون کے نیچے ایک مقررہ میعاد مین بچہ نکالتا ہے اور یہ بھی قانون قدرت ہے کہ انسانی دخل و تصرف سے کسی طرح زیادہ حرارت پیدا کرنے پر میعاد سے پہلے جانور پیدا ہوجاتا ہے۔ یہ بھی قانون قدرت ہے کہ کسی چیز کو آگ مین ڈالو تو جلے اور یہ بھی قانون قدرت ہے کہ آتشی شیشہ کو آفتاب اور کسی چیز کے مابین حائل کرکے اس چیز کو جلایا

جائے۔ ان سب صورتون مین جو حرارت سرچشمۂ حرارت یعنی آفتاب کیطرف سے عمل کر رہی تھی اُس مین کوئی بخل نہین لیکن پھر بھی نتیجہ مین تقدم و تاخر ہوگیا ہے تو اسلئے کہ ایک صورت مین قابلیت محض فطری طور پر پیدا ہوئی تھی اور دوسری صورت مین مصنوعی طریقے سے بھی کچھ مدد دیگئی۔

اب انسانی ضرورتون کے اور دعا کے تعلق کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انسان کسی ضرورت کو محسوس کرتا ہے اور اسکا سرانجام چاہتا ہے۔ اس کے اسباب اور علل کیطرف نظر کرتا ہے بعض اوقات ان اسباب کو اپنے احاطہ قدرت سے باہر پاتا ہے اور اگر کبھی اسکی قدرت مین ہوتے بھی ہین تو اُن کو مہیا کرنا ایسا دشوار ہوتا ہے کہ ہات ڈالتے ہوئے ڈرتا ہے اور کبھی خیال کرتا ہے کہ تدبیر کو شروع کرنے کے بعد پورا کرنا مشکل ہو جائیگا اور یہ سب باتین نہ ہون اور کام نہایت آسان ہو تب بھی ایسے ناگہانی حادثون کا احتمال باقی رہتا ہے جن کے پیش آنے پر سامنے رکھی ہوئی چیز کو ہاتھ سے اُٹھا لینا بھی مشکل ہو جاتا ہے غرض اپنے گرد و پیش مزاحمتون کی یہ کثرت اور اپنی قوت اور استقلال کی یہ ناپائداری اور اُدھر اپنی ضرورت کا احساس دیکھ کر گھبراتا ہے اور جب اپنے تئین نہایت لاچار پاتا ہے تو نہایت بیقراری سے اس مسبب الاسباب کیطرف رجوع کرتا ہے اور دل و جان کو اُس کے خیال مین لگاکر اور اُسکو اپنا حاجت روا اور تمام گرد و پیش کا حاکم جان کر اور اپنی درماندگی اور اسکی قدرت کا کامل تصور کرکے اس سے دعا مانگتا ہے تو اس وقت شیشۂ دل کے نور ربانی سے مقابل ہونیکے سبب اسمین مبدأ فیاض کے فیضان کی قابلیت اسی طرح پیدا ہو جاتی ہے جس طرح آتشی شیشہ کو حائل کرنے سے یا مصنوعی طور پر پودے یا انڈے کو حرارت پہنچانے سے۔ چنانچہ جو قلق و اضطراب پہلے اپنی درماندگی اور گرد و پیش کی مزاحمتون کے خیال سے دلکو گھیرے ہوے تھا وہ خدا کو اپنا مددگار و ناصر سمجھنے سے دور ہو جاتا ہے اور اس طرح پر جو کام اسکے خود کرنے کا ہے اسکو اور زیادہ اطمینان اور قوت سے پورا کرتا ہے اور جو اسباب اُسکی جسمانی قوت سے باہر تھے اُن پر روح اور نور ربانی کا تقابل اثر کرتا ہے اور خدا کا فاعل اثر جو پہلے صرف بیرونی تدبیرون کی وساطت سے عمل کرتا تھا اب ایک اور شفاف وسطہ پیدا ہونے پر اور زیادہ عمل کرنے لگتا ہے۔ غرض وہ یہی

قانون قدرت تھا کہ ظاہری اسباب کے مہیا ہونے پر ہر ذی انسانی ضرورتون کو پورا کرے اور یہ بھی قانون قدرت ہی کہ ظاہری اسباب کے ساتھ روحانی واسطہ پیدا ہونے پر ضرورتین زیادہ عمدگی سے سرانجام پائین - اور ان دونون صورتون مین مبدأ فیاض کیطرف سے کوئی بخل نہین اور نتیجہ مین جو تفاوت ہوا ہے وہ قابلیت کی کمی زیادتی کے سبب سے ہے -

اب اگر اعتراض ہو کہ اکثر دعا کی جاتی ہے اور مطلب حاصل نہین ہوتا تو جواب یہ ہے کہ اکثر دوا کی جاتی ہے اور صحت نہین ہوتی تو وجہ یہ کہ دنیا مین بے انتہا قوانین قدرت اپنی قوت اور ضعف کے ساتھ عمل کر رہے ہین - دوا کا اثر بھی ایک قانون ہے جو صحت پیدا کرتا ہے اور دوسرے واقعات گرد و پیش بھی قانون ہین جو صحت کے خلاف اثر کر رہے ہین - اور جس وقت ہم کہتے ہین کہ دوا نے اثر نہین کیا اُس وقت حقیقت یہ ہوتی ہے کہ اس نے اثر ضرور کیا اور مؤثر دوا نہ ہوتی تو مرض کی صورت کچھ اور ہوتی - مگر اس کا اثر نمایان نہین ہوا اسلیے کہ دیگر مخالف اسباب اس کثرت سے تھے کہ دوا کے اثر کے بعد بھی انکی بہت سی مقدار موجود رہی یا بعض اوقات دوا اُن شروط اور لوازم کے ساتھ نہین دی جاتی جو اثر کے لیے ضرور ہین اور اس لیے اس وقت کچھ فایدہ محسوس نہین ہوتا - اسی طرح جس وقت دعا کا اثر نہین ہوا اس وقت بھی خدا ہی کے مقرر کئے ہوئے بہت سے قوانین خلاف اثر کر رہے تھے اور اس لیے نور ربانی کی جس قدر لہر روح کو مقابل کرنے سے اس طرف آئی تھی اس نے اثر کیا مگر اسکے بعد بھی وہ لہرین جو پہلے دوسری سمت مین اثر پیدا کر چکی تھین انکی قوت کی بڑی مقدار موجود رہی اور اس نے دعا کے اثر کو نمایان نہ ہونے دیا - یا بعض اوقات اُس خضوع و خشوع مین کوتاہی ہو جاتی ہے جو دل کو خدا کی طرف متوجہ کرنے کے وقت ضروری ہے اور اس لیے دعا کچھ فائدہ نہین بخشتی -

یہ تو دعا کا تعلق تمام ضروریات کے ساتھ تھا اور اسمین خدا کی طرف متوجہ ہونے سے ان تمام گرد و پیش کے حالات پر اثر پڑتا ہے جو ہماری اپنی قدرت سے باہر ہین - کیونکہ اگر ان چیزون پر ہمارا قابو نہین تو جس ذات کا تصور اس وقت دل مین قائم ہے وہ تمام اشیا پر متصرف ہے پس ایسی دعا کا فائدہ بھی ہی

صورت مین ہوسکتا ہے کہ نیکی کا اصول یعنی ایمان ہماری دل مین راسخ ہو ورنہ جو شخص خدا کا قائل نہین وہ اسکی طرف توجہ بھی نہین کرسکتا اور جس نے ایسی چیز کو خدا مان لیا ہے جو واقع مین خدا نہین وہ اگرچہ اپنے مانے ہوئے خدا کی طرف توجہ کریگا مگر وہ خدا تمام عالم پر متصرف نہین اسلئے ایسی توجہ کا نتیجہ کچھ نہ ہوگا۔ رہی وہ دعا جو ہم خاص اپنے گناہون کی معافی کے لیے کرتے ہین اور اسمین جیسا کہ اوپر ذکر ہوچکا عادہ اس نور کے جو ہم اپنے شیشہ دل کو ذات ربانی سے مقابل کرکے حاصل کرتے ہین دل مین گناہون پر ندامت اور پشیمانی بھی ہوتی ہے اسلئے یہ حاجت دعا سے بطریق اولے پوری ہوگی اور بدی کی سختی دور ہوکر خدا کی محبت ترقی کریگی۔

غرض دعا کا مسئلہ اسی اصول پر حل ہوتا ہے جس پر جزا و سزا کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے اس لیئے دونو مسئلہ صحیح اور قابل تسکین ہین اور اسی لیے اسلام کا حکم ہے کہ خدا سے دعا مانگو اور نہایت عاجزی سے مانگو وہ تمھاری تکلیف دور کریگا اور اگر اسکے سوا کسی اور سے مانگوگے تو کچھ اثر نہ ہوگا۔ ارشاد ہے

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۭ (بقرہ پارہ ۲ ع ۱۳)

اور جب میری نسبت میرے بندے پوچھین تو کہدو کہ مین قریب ہون اور جو کوئی مجھے پکارے مین اسکی دعا قبول کرتا ہون پس چاہئے کہ وہ مجھے مانین اور مجھ پر ایمان لائین تاوہ فلاح پائین +

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (اعراف پارہ ۹ ع ۶)

اپنے رب کو عاجزی سے اور پوشیدہ پکارو۔ وہ حد سے بڑھنے والون کو پسند نہین کرتا +

اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۭ (اعراف پارہ ۹ ع ۲)

خدا کے سوا جن کو تم پکارتے ہو وہ تم جیسے بندے ہین پس اگر تم سچے ہو تو ان کو پکارو اور وہ تمھاری دعا قبول کرین +

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

کہدو کہ خدا کے سوا جن کو تم خدا سمجھتے ہو انکو پکارو

فَلَا يَمْلِكُونَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيلًا (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۶)

وہ تمہاری تکلیف کو دور کرنیکا یا اسمین تخفیف کرنے کا اختیار نہین رکھتے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ (نمل پارہ ۲۰ ع ۵)

بیقرار جب پکارتا ہے تو اسکی دعا کون قبول کرتا ہے اور اسکی تکلیف کو کون دور کرتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ تم بہت کم غور کرتے ہو

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ (مومن پارہ ۲۴ ع ۱)

خالص خدا پر ایمان لاکر اس سے دعا کرو۔ خواہ کفار ناگوار سمجھین

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ (مومن پارہ ۲۴ ع ۶)

اور تمہارا رب کہتا ہے کہ مجھ سے دعا کرو مین قبول کرونگا۔ مگر جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہین وہ ذلیل ہوکر جہنم مین جائینگے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (مومن پارہ ۲۴ ع ۷)

وہ زندہ ہے اور معبود اسکے سوا کوئی نہین تم خالص اس پر ایمان لاکر دعا کرو۔ اسب قسم کی تعریف خدا کے لیئے ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔

شفاعت اب شفاعت کے مسئلہ کو دیکھا جائے تو اُس کی مفروضہ شکل یعنے یہ کہ نیک بندے خدا سے کہکر گنہ گارون کے گناہ بخشوالینگے بالکل انہی معنون مین جو ان لفظون سے ظاہر مین سمجھے جاتے ہین یعنی یہ کہ گنہ گار کی طرف سے کوئی کوشش نہ ہو اور محض سفارش سے انکو نیکون کا درجہ ملجائے قابل تسلیم نہین کیونکہ اِس صورت مین بدی کا جو اُس نے کی ہے کوئی بدلا نہین ملتا اور نیکی جو اس نے کی نہین اُسکا عوض دیدیا جاتا ہے جسکی کوئی وجہ نہین اور چونکہ یہ واقعہ عالم آخرت سے متعلق ہے جہان کا عینی تجربہ ہمکو حاصل نہین اِسلئے جیسا کہ پہلے گذشتہ باب مین غور کیا گیا ہے ایسے واقعات مین کیون، کا جواب ملنے اور وجہ معلوم

ہونے کے بغیر تسکین نہیں ہوتی اور اسی لیے ایسا مسئلہ اصل مذہب کیطرف سے پیش بھی نہیں ہوا بلکہ اسکے خلاف جو لوگ اپنے مختلف معبودوں کو اپنا شفیع ٹھیراتے تھے ان کے خیال کی تردید کیگئی ہے اور کہدیا گیا ہے کہ قیامت کو ہرگز کسی کی سفارش کام نہ دیگی اور بے وجہ کوئی انعام نہ ملیگا۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

وَاتَّقُوا يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنصَرُونَ ط

(بقرہ پارہ ۱ ع ۱۵)

ایسے دن سے ڈرو جس میں کوئی شخص دوسرے شخص کے عوض میں پکڑا جانا پسند نہ کریگا اور جس دن کوئی تاوان نہ لیا جائیگا اور کوئی شفاعت مفید نہ ہوگی اور انکی مدد نہ کی جائیگی

مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ

(بقرہ پارہ ۳ ع ۳۱)

نیک بنو اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جس میں نہ ثواب کی خرید فروخت ہوگی نہ دوستی اور نہ شفاعت کام دیگی ؛

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط

(بقرہ پارہ ۳ ع ۳۰)

انسان کو مفید یا مضر وہی ہے جو وہ خود کسب کرے

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ ط (آل عمران پارہ ۴ ع ۱۲)

کیا تم سمجھتے ہو کہ بہشت میں چلے جاؤگے حالانکہ خدا کو معلوم نہ ہوگا کہ تم میں سے کس نے کوشش کی ہے اور کون صابر ہے۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ (انعام پارہ ۸ ع ۱۹)
(بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۲) (زمر پارہ ۲۳ ع ۱) (فاطر پارہ ۲۲ ع ۲)

کوئی اٹھانیوالا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا۔

لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَن بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ عَن بَيِّنَةٍ ط (انفال پارہ ۹ ع ۶)

تاجو ہلاک ہو وہ بھی کسیوجہ سے ہلاک ہو اور جو رستگار ہو وہ بھی کسیوجہ سے رستگار ہو

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ

وہ خدا کے سوا عبادت کرتے ہیں ایسے معبودوں کی

وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ (یونس پارہ ۱۱ ع ۲)	جو نہ نقصان دے سکتے ہین اور نہ فایدہ - اور وہ کہتے ہین کہ یہ خدا کے پاس ہماری شفاعت کرینگے کیا تم خدا کو کہلاتے ہو ایسی بات جس کا زمین آسمان مین کہین وجود نہین
اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۭ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ (مومن پارہ ۲۴ ع ۲)	آج ہر شخص کو اسکے اعمال کا بدلہ دیا جائیگا اور آج ظلم نہ ہوگا -
كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ (مدثر پارہ ۲۹ ع ۲)	ہر شخص پابند ہے اسی چیز کا جو اس نے کسب کی -

ترغیب کا فائدہ مگر کیا نیکبختون سے اور انکی نیکی سے دوسرون کو کچھ بھی فائدہ نہین پہنچتا؟ نہین یہ کہنا بھی مشکل ہے کسی قوم مین بعض افراد مہذب اور نیک خیال ہین اور باقی سب وحشی اور نامہنجار - تو اگر وحشی لوگ اہل تہذیب کی ترغیب یا انکی مثال سے متنبہ ہوکر اپنے اطوار کو بدل لین تو ضرور اسی نتیجہ مین حصہ دار ہو جائین گے جو اہل تہذیب کے افعال پر مترتب ہے - مگر ان کو اپنی حالت بدلنے کی توفیق کیون ہوئی؟ اس لئے کہ دوسرون کی ترغیب اور انکا نمونہ موجود تھا پس یہ بہت بڑا فائدہ ہے نیکبختون کے وجود سے دوسرون کو پہنچا - یہ ضرور ہے کہ پہنچا اسی لیے کہ بدکارون نے انکی ترغیب اور نمونے کی طرف توجہ کی اسلئے یہ فائدہ ایسا نہین جسمین بدکارون کے اپنے عمل کو کچھ بھی دخل نہ ہو "

معیت کا فائدہ اسی طرح کسی ملک مین بعض لوگ حفظ صحت کے قواعد کی مطلق پروا نہین کرتے اور نہایت غلیظ زندگی بسر کرتے ہین مگر ان کے ساتھ ہی بعض لوگ اپنی تبن اور اپنے مکانون کو اور کوچون کو نہایت صاف ستھرا رکھتے ہین - اب اگر میلا رہنے والے ان کو دیکھ کر اپنی حالت نہ بدلین مگر ایسے وحشی بھی نہ ہون کہ صاف رہنے والون کے دشمن ہوجائین اور ان کو اپنی طرح گندا رہنے پر مجبور کرین تو اس صورت مین اگر ان مین وبا سرایت کرگئی تو اس مین

وہ شدت نہ ہوگی جو تمام آبادی کے گندا ہونے کی صورت مین ہوتی - غرض اس وقت بھی میلا رہنے والون کو اپنے مہذب ہمسایون کے وجود سے فائدہ پہنچا مگر بالکل بے وجہ یہان بھی نہین - اسلئے کہ اگرچہ انہون نے اپنی طرف سے کوئی عمل نہین کیا مگر اتنا تو کیا کہ اپنی گندہ حالت کو ترقی دینے کی کوشش نہین کی اور دوسرون کی صفائی مین مانع نہین ہوئے اس لیئے جس قدر ان کے اس فعل کا اثر ہوسکتا تھا اسی قدر فائدہ بھی حاصل ہوگیا - اور اگر وہ ذرا اپنے فعل مین ترقی کرتے اور اپنی غلاظت کو بھی کم کرنے لگتے تو اس سے زیادہ فائدہ اٹھاتے - اب نیکی اور بدی کو دیکھا جائے تو وہان بھی یہی قاعدہ جاری ہے کہ نیکون کی ترغیب اور نمونے سے جو نیک بنجاتے ہین وہ ویسے ہی فائدے بھی حاصل کرتے ہین اور جو انکی تقلید نہین کرتے لیکن ان کے نیک اعمال مین مزاحم بھی نہین ہوتے انکی سوسائٹی کی سیہ کاری اور سنگدلی مین وہ ترقی نہین ہوتی جو تمام آبادی کے بدکار ہونے کی صورت مین ہوتی اور اسلئے جو کچھ اس کا نتیجہ ہوگا وہ بھی شدت مین آخر الذکر کے نتیجہ سے کمتر ہیگا - چنانچہ اندونو صورتون کی نسبت قرآن مین ارشاد ہے

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ ۝

(انفال پارہ ۹ ع ۱۰)

خدا ان کو عذاب نہین دیگا تم جبتک انکے درمیان موجود ہو اور خدا ان کو عذاب نہین دیگا جب کہ وہ بخشش مانگین -

وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا اَلَتْنٰهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ۝

(طور پارہ ۲۷ ع ۱)

اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کے پیرون نے ایمان مین انکا اتباع کیا تو ہم انکے پیرون کو ان کے ساتھ ملا دینگے اور انکے عمل مین سے کچھ کم نہ کرینگے ہر شخص پابند ہے اس عمل کا جو اس نے کسب کیا - ☆

محبت کا فائدہ

اب ایک اور قوم فرض کی جائے جو نیکون اور بدکارون پر شامل ہے اور بدکار نیکو کارون کی تقلید نہین کرتے مگر ان کی نیکی کو اچھا سمجھتے ہین اور ان سے محبت کرتے ہین اس وقت اگر نیکو کارون کی نیکی جسمانی قسم کی ہے مثلاً صفائی اور قواعد صحت کی پابندی تو اس صورت

مین بیشک اِن سے محبت کرنیوالون کو جبتک انکی تقلید سے خود کوئی علمی ترقی نہ کرین کچھ
فائدہ نہ ہوگا لیکن اگر وہ نیکی روحانی قسم کی ہے تو چونکہ اس کا تعلق محض دل سے ہے اور ایسی
نیکی کو نیکی اسی لیئے کہتے ہین کہ اس سے دل مین صفائی اور نرمی پیدا ہوتی ہے اور خدا
کی محبت ترقی کرتی ہے اس واسطے ایسے نیکو کارون سے محبت رکھنا اور انکی نیکی کو قابل تحسین
سمجھنا خواہ اسکی تقلید نہ ہو خود ایک قلبی عمل ہے جس مین نیک سے محبت ہے جس سے نیکی کی
محبت ثابت ہوتی ہے اور نیکی کی محبت ہے جس سے خدا کی محبت ثابت ہوتی ہے اور خدا
کی محبت اُس کے وصال کا زینہ ہے اِسلیئے ایسے لوگون کو نیکون کے وجود سے بہت
بڑا فائدہ پہنچا اور جس طرح ایک آئینہ کو دھوپ مین رکھنے سے دیکھنے والیکو آئینہ دکھائی نہین
دیتا بلکہ خود آفتاب جلوہ گر نظر آتا ہے اور پھر اس آئینہ سے اور چیزون تک جو سایہ مین ہون
آفتاب کی روشنی پہنچتی ہے اسی طرح یہان جو لوگ ہمہ تن خدا کی طرف متوجہ ہین اور افعال حسنہ
سے اپنے دل کو آئینہ سان صاف رکھتے ہین جلوہ ربانی سے کامل طور پر بہرہ یاب ہوتے ہین اور
پھر جو لوگ اعمال بد کیطرف متوجہ ہونے کے سبب گویا آفتاب وحدت سے براہ راست مقابل نہین
ہین اگر اپنے دل مین نیکون کی محبت رکھتے ہین تو نور ربانی نیکون کی وساطت سے منعکس ہوکر انکو
منور کرسکتا ہے لیکن آئینہ کی وساطت سے جو نور منعکس ہوتا ہے وہ اگر کسی سیاہ چیز پر پڑے تو اسکی
کوئی شعاع نمایان نہین ہوتی اور دوسری قسم کی چیزون پر انکی اپنی صفائی اور تاریکی کی نسبت
سے نور کا جلوہ مختلف ہوتا ہے اور اگر وہ چیز بھی آئینہ ہو تو نور آفتاب پہلے آئینہ کی وساطت سے
اُس آئینہ مین بھی پوری قوت سے نظر آتا ہے اسی طرح نیکون کی محبت سے جو خدا کا نور گنہ گارون پر
جلوہ کریگا اُسکا جلوہ بھی انکی اپنی صفائی اور کدورت کی نسبت سے مختلف ہوگا اور اگر کسیکا دل
بالکل سیاہ ہو تو اسکو اس نور سے کچھ فایدہ نہ پہنچیگا۔ غرض یہ بھی ایک فائدہ ہے جو صلحا کے
وجود سے گنہ گارون کو پہنچ سکتا ہے بشرطیکہ وہ نور ایمان سے منور ہون۔ اور اس کی نسبت قرآن
مین ارشاد ہے۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ط (مائدہ پ۶ ع۸)

اور جو شخص خدا سے اسکے رسول سے اور اہل ایمان سے محبت رکھے (وہ خدا کے گروہ میں شامل ہے) اور خدا کا گروہ غلبہ پانیوالا ہے۔

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ط فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ط (مائدہ پ۷ ع۱۱)

اور ہم کیوں نہ ایمان لائیں خدا پر اور اس ہدایت پر جو ہمارے پاس آئی ہے حالانکہ ہم آرزو رکھتے ہیں کہ خدا ہمکو نکوکار قوم کے ساتھ شامل کریگا پس خدا نے ان کے اس قول پر انکو بدلا دیا اور بہشت میں داخل کیا جسمیں نہریں جاری ہیں اور نکوکاروں کا اخیر یہی ہوتا ہے

غرض نکوکاروں کی وجہ سے بدوں کو فائدہ پہنچنے کی یہ تین شکلیں ایسی ہیں جن سے واقعات عالم کو دیکھنے پر انکار نہیں ہو سکتا۔ اور اگرچہ ان سب صورتوں میں خود گنہ گاروں کیطرف سے کسی نہ کسی شکل میں کوئی عمل ہوتا ہے مگر اس میں بھی شک نہیں کہ جو مفاد ان صورتوں میں حاصل ہوا ہے اس میں نکوکار ایک ذریعہ اور واسطہ ضرور ہیں اور جو نور ان کے واسطہ سے گنہ گار تک پہنچا ہے اسکا فیضان حقیقت میں خدا کی طرف سے ہے پس اس صورت میں لَيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى کا قاعدہ اور انسان کا اجر اسکے اپنے عمل پر منحصر ہونا بھی صحیح ہے کیونکہ گنہ گار نے تقلید یا محبت وغیرہ کچھ نہ کچھ عمل کیا ہے اور لَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى کا استثنا اور شفاعت کو ماننے والے کا خدا کی رضامندی پر منحصر رکھنا بھی صحیح ہے اسلئے کہ گنہ گار کے اس عمل سے رضامند ہوکر خدا نے نیکوں کی نیکی کا اثر اس تک پہنچانے کا قانون جاری کیا ہے اور لِلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا سے اصلی سرچشمہ فیضان کا پتہ دینا بھی درست ہے اسلئے کہ فیض جو کچھ پہنچا ہے درحقیقت میں خدا کی طرف سے ہے۔ اسلئے شفاعت سے قطعاً انکار کرنا اور صلحا کے وجود کو بدکاروں کے حق میں بالکل بیسود سمجھنا نیچر کی شہادت سے چشم پوشی کرنا ہے۔

دعا کا فائدہ | مگر ابھی اس بارہ میں کچھ اور بھی کہا جا سکتا ہے۔ نیچر کے بے انتہا قوانین جدا جدا اور

ایکدوسرے کیساتھ مل کر عمل کر رہے ہین اور مختلف شکلون سے اثر مین اختلاف ہوجاتا ہے سٹیم انجن کا گاڑیون کو کھینچنا ایک قانون کا عمل ہے مگر جب ٹرین کسی پہاڑی نشیب مین اُترتی ہو تو اس قانون کے ساتھ کشش ثقل کا قانون اور مل جاتا ہے اور اثر زیادہ ہوجاتا ہے اسی طرح نکوکارون کی ترغیب یا انکی محبت سے جو فائدہ گنہ گارون کو پہونچتا ہے اگر اسکے ساتھ نکوکارون کی دعا بھی شامل ہو تو دعا کا قانون پہلے قوانین کے ساتھ ملکر اثر کو اور دوبالا کردیگا کیونکہ دعا مین انسان کو خدا کی طرف ایسی ہی براہ راست توجہ ہوتی ہے جیسی آئینہ کو قرص آفتاب سے متوازی رکھنے پر اور پھر مذہبی تعلیم مین تاکید ہے کہ انسان کی کوشش صرف اپنی ذات تک محدود نہین ہونی چاہیئے بلکہ اعمال کے دائرہ مین جس قدر سعی اپنی حالت کو درست کرنے کیلئے کرتا ہے اسی قدر دوسرون کو راہ راست دکھانے اور اُن کی حالت درست کرنے کے لئے ہونی چاہیئے اور خدا کی طرف توجہ کرنے کے وقت جہان اپنی مغفرت اور نجات کی التجا کرتا ہے وہان اپنے گنہ گار بھائیون کو بھی فراموش نہ کرے اور اُن کے لئے بھی اسی خشوع و خضوع سے بارگاہ ربانی مین ملتجی ہو اور ہم دیکھتے ہین کہ اعمال کے دائرہ مین نکوکار کی کوشش رائیگان نہین جاتی اور ہان کی ترغیب و تحریص سے اکثر بندگان خدا کو فائدہ پہونچتا ہے تو پھر کیونکر کہا جاسکتا ہے کہ اُسکا خدا کی طرف توجہ کرنیکا وقت جو سب سے زیادہ پاکیزہ وقت ہے دوسرون کے حق مین بالکل رائیگان جائیگا اور جب اُس نے اپنے آئینہ دل مین نور ربانی کو منعکس کرنے کے وقت اپنے عاجز بھائیون کی یاد سے اس نور کو انکی طرف مائل کیا ہے اس وقت انکی شعاعین قانون قدرت کو توڑتی ہوئی فضا مین ضائع ہوجائینگی اور گنہ گار کی حالت پر کچھ اثر نہ کرینگی نہین بلکہ قیاس یہ چاہتا ہے کہ جس وقت انسان کسی اپنی ضرورت کے لئے خود دعا کرتا ہے اُس وقت انکی ایک توجہ خدا کی طرف ہے تو دوسری اپنے مطلب کی طرف اس لیے اس وقت وہ ایسا آئینہ ہے جو قرص آفتاب کے متوازی رکھا نہین گیا بلکہ اُسکا ایک پہلو آفتاب کی جانب ہے اور دوسرا پہلو کسی اور چیز کی طرف جسکی وجہ سے ضرور ہے کہ آفتاب کی شعاعین پوری قوت سے عمل نہ کرین لیکن جب کوئی نیک بندہ کسی اور شخص کیلئے بغیر اپنی ذاتی غرض کے دعا کرتا ہے اس وقت اُسکی توجہ جس دوسری چیز کیطرف ہے

وہ محض نیکی اور فائدہ رسانی ہے اسلئے اس وقت آئینہ قلب ایک پہلو سے خدا کی جانب ہی تو دوسرے پہلو سے ایسی روشنی کی جانب جو خود بھی فور ربانی کو جذب کرنے کی قابلیت رکھتی ہے اور اس لیئے اس وقت اُن شعاعون کا اثر زیادہ قوی ہوگا اور یہی وجہ ہے کہ جناب رسالتمآب نے (صلی اللہ علیہ وسلم) مسئلہ دعا کی تفسیر مین فرمایا ہے کہ یہی زبان سے دعا مانگو جس نے گناہ نہ کیا ہو۔ حاضرین نے عرض کی کہ ایسی زبان کس کے پاس ہے آپ نے فرمایا کہ اگر تمنے گناہ کیا ہے تو اپنی زبان سے۔ غیر کی زبان سے تمنے کوئی گناہ نہین کیا اسلئے جو دعا دوسرا شخص کسی کے لئے کریگا وہ اس کے حق مین بیگناہ زبان سے ہوگی (صدق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم) بیشک غیر کی دعا غرض نفسانی سے پاک و جینہ للہ ہوگی اسلئے اسکی قبولیت مین کوئی شبہ نہین ۔

کبھی شفاعت کے خیال سے غرور پیدا ہوتا ہے۔

البتہ شفاعت کی اس صورت مین یہ اعتراض قوی معلوم ہوگا کہ انسان کی اپنی سعی کے بغیر اسکو فائدہ پہنچا اور بیشک غیر کی دعا سے جو فائدہ پہنچنے کی امید ہے اسمین انسان کا اپنا فعل نظر نہین آتا۔ مگر آہ! قلبی حرکتین اور اُن کے آثار چڑھاؤ ہوتے ہی ایسے مخفی ہین کہ بعض اوقات خود اپنے تئین معلوم نہین ہوتا کہ میرا دل کیا عمل کر رہا ہے۔ اور یہ صرف قدرت ربانی ہی کا خاصہ ہے کہ وہ مخلوقات کے ہر ذرہ کی حرکت سے واقف ہے اور کسی حرکت کو رائگا نہین جانے دیتی۔ چنانچہ اس وقت بھی جہان نکوکارون کو اوقات خاص مین اپنے گنہ گار بھائیون کو یاد رکھنے کا حکم ہے وہان گنہ گارون کو بھی علم ہے کہ ہماری بہبود کے لئے ایسا حکم دیا گیا ہے۔ اچھا تو اس وقت اُن کے قلب کی کیا کیفیت ہوتی ہے بعض تو سمجھتے ہین کہ ہمکو بزرگون سے توسل ہے اور انکی برکت ہمارے لئے کافی ہے چنانچہ اس خیال سے تکبر اور غرور ان کے دل کو گھیر لیتا ہے۔ عاجزی اور عبودیت کا خیال جو خدا کی محبت پیدا کرنے اور بڑھانے کا ذریعہ ہے دل سے مفقود ہو جاتا ہے اور وہ نہایت دلیری سے فسق و فجور مین منہمک ہو جاتے ہین اسلئے ایسے لوگ اس برکت اور دعائے مغفرت کے مستحق نہین رہتے بلکہ وہ اس سیاہ تختہ کی مانند ہوتے ہین جو آئینہ کی سامنے رکھا ہے اور آفتاب کی شعاعین آئینہ مین سے

گذر کر وہان کچھ روشنی پیدا نہین کرتین - بلکہ سیاہ کاری کے ساتھ یہ غرور اور خودستائی ملکر عذاب المضاعف ہوجاتا ہے گویا سیاہ تختہ کو بجائے روشن کرنے کے حرارت نے اور جلا دیا چنانچہ اسلام نے قلب کی ایسی حرکت اور اس کے بدنتیجہ سے زور کے ساتھ آگاہ کیا ہے اور یہود و نصاری پیغمبر دین کی شفاعت اور کفارہ کے خیال سے اپنے تئین بالکل ناجی یا عذاب کے کم مستحق سمجھتے تھے انکے خیال کی تغلیط کی ہے اور بتایا ہے کہ کوشش کو گناہون مین صرف کرکے شفاعت و کفارہ سے کچھ فائدہ نہ ہوگا اور اسی طرح جناب رسالت مآب کے اہل بیت کو آگاہ کیا گیا ہے کہ نبی کا توسل حاصل کرنے کے بعد اگر گناہون مین انہماک ہوگا تو عذاب دوگنا دیا جائیگا - ارشاد ہے -

وَقَالُوا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَةً ۚ قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ عَهْدَهُ ۖ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ (بقرہ پارہ ۱ ع ۶)

وہ کہتے ہین کہ ہمکو صرف چند روز کیلئے عذاب ہوگا - کہدو کہ کیا تمنے خدا سے عہد لیا ہی یا خدا کی نسبت ایسے بات کہتے ہو جو جانتے نہین -

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ ۖ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۔ (آل عمران پارہ ۳ ع ۱۳)

یہ اسلئے کہ وہ کہتے ہین ہمکو صرف چند روز عذاب ہوگا اور ان کے اس افترا نے انہین مغرور کر دیا ہے

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم ۔ (مائدہ پارہ ۶ ع ۳)

اور یہود و نصارے کہتے ہین کہ ہم خدا کی اولاد اور اسکے عزیز ہین - کہدو کہ پھر تمھارے گناہون کی سزا کیون ملتی ہے

يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۔

اے نبی کی عورتو! تم مین جو بڑے گناہ کریگی اسے عذاب دوگنا دیا جائیگا -

کبھی شفاعت سے کوشش کا میلان ہوتا ہے -

غرض یہان ہمنے دیکھا کہ قلب کی حرکت اصول محبت کے خلاف تھی - اسلئے اس وقت بزرگون کے توسل کو بھی بے سود کہا گیا ہے اور اگر انسانی قلب شفاعت کے خیال سے ہمیشہ یہی حرکت کیا کرتا تو بیشک شفاعت کا اثر ظاہر نہ ہونے کے

سبب سے بیسود مانا جاتا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ہر شخص کا ایسا ہی خیال نہین ہوتا۔ بلکہ بعض اس خیال سے کہ ہمارے بزرگ ہماری نجات اور رستگاری کے آرزومند ہین اپنی سیہ کاری اور بداطواری سے شرمندہ ہوتے ہین اور جہان تک انکے اپنے امکان مین ہوتا ہے اپنے تئین بزرگون کی دعا کا مستحق بنانے کی کوشش کرتے ہین اور جب کبھی کسی وجہ سے بدی اور گناہ کا ارتکاب کرتے ہین یا عادت وغیرہ سے عاجز ہوکر کوئی چارہ کار نہین دیکھتے تو خدا کی رحمت کے ملتجی ہوتے ہین اور اس نور کی آرزو کرتے ہین جو قلوب مصفی کی وساطت سے زمین و آسمان کو روشن کر رہا ہے اسلئے انکی عاجزی رحمت کی تمنا اور بزرگون کی محبت یہ سب کچھ بلکہ انکے دل کو خدا کی طرف متوجہ ہونے مین مدد دیتا ہے اور یہی وہ وقت ہے جبکہ بزرگون کی دعا انکے ولی خیالات کے ساتھ ملکر گناہون کے بوجھ کو ہلکا کرنے مین اور بھی مفید ہوتی ہے۔ چنانچہ اس وقت اگر اک ثواب ان کے نیک اعمال نیک کوشش اور محبت کا ملتا ہے تو دوسرا ثواب بزرگون کی دعا سے حاصل ہوتا ہے۔ غرض اسوقت انکا اپنا دل بھی کسی قدر صاف ہوتا ہے اور اسی لیے نور آفتاب آئینہ کی وساطت سے انکو منور کرسکتا ہے۔ اور اب اگرچہ یہ مفاد پہنچا بزرگون کی دعا سے مگر انسان کی اپنی حرکت کا اسمین بھی دخل ہے اسلئے شفاعت کی اس قسم پر بھی وہ اعتراض نہین ہوسکتا کہ انسان کے اپنے فعل کو دخل نہین۔ اور جب پہلی قسم کی حرکت پر شفاعت وغیرہ کے اثر سے مایوس کردیا گیا تھا اگر اس دوسری قسم کی حرکت پر اسکے فائدے کی امید نہ لائی جاتی۔ چنانچہ اسی لئے اہل مدینہ کو جہان بدی پر دلیر ہونے کے وقت دوگنے عذاب کی دھمکی دیگئی تھی وہان ساتھ ہی فرمادیا گیا ہے کہ اگر تم خدا اور رسول کی اطاعت اور اعمال صالحہ کی کوشش کروگی تو ثواب بھی اوروں سے دوگنا پاؤگی۔ ارشاد ہے

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا (احزاب پ ۲۲ ع ۴)	اور جو تم مین سے خدا اور رسول کی اطاعت کرے اور نیک عمل بجالائے ہم اسکو دوگنا اجر دینگے اور اس کے لئے عمدہ روزی تیار کرینگے۔

غرض دعا اور بزرگون کی دعا یعنی شفاعت دونون ایک حد تک مفید ہین اور وہ حد یہی ہے

جبکہ انسان کا اپنا دل بھی ادھر کو بڑھنے کی کوشش کرتا ہو اور جب اُدھر سے ایسی کوشش مطلق نہ ہو بلکہ فی الواقع اسکے خلاف ہو تو دعا بھی کچھ مفید نہ ہوگی اسی لیے اسلام میں ایماندار وں کے لیے دعا کرنے کا بھی حکم ہے اور جہاں یہ نور موجود نہیں وہاں کے لیے فرمادیا گیا ہے کہ لاکھ دعا کرو کچھ نہ ہوگا چنانچہ ارشاد ہے۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ ط

(آل عمران پارہ ۴ ع ۱۵)

یہ خدا کی رحمت ہے کہ تم اپنے ہمراہیوں کیلئے نرم ہو گئے ہو اور اگر تم بد خلق اور سخت دل ہوتے تو وہ تمہارے پاس سے متشر ہو جاتے پس انکی لغزشوں کو درگزر کرو اور انکی معافی کیلئے دعا کرو اور ان سے مشورہ لیا کرو۔ اور جب کسی کام کا پختہ ارادہ کرلو تو خدا پر بھروسہ کرو وہ بھروسہ کرنیوالوں کو پسند کرتا ہے۔

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ط إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ

(توبہ پارہ ۱۰ ع ۱۰)

انکے لیے معافی مانگو یا نہ مانگو۔ اگر ان کے لیے ستر دفعہ دعا مانگو گے جب بھی خدا انکو ہرگز معاف نہ کریگا کیونکہ وہ خدا اور رسول پر ایمان نہیں رکھتے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ط

(ابراہیم پارہ ۱۳ ع ۶)

اے ہمارے پروردگار قیامت کے دن مجھ کو بخش دے میرے والدین کو بخشدے اور مسلمانوں کو بخشدے

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

(محمد پارہ ۲۶ ع ۲)

اور جان لو کہ لایق عبادت صرف خدا ہے اور اپنے گناہوں کے لیے اور مسلمان مردوں اور عورتوں کے لئے خدا سے معافی مانگو

وَالَّذِينَ جَاءُوا مِنْ بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ

اور جو لوگ ان سے پیچھے آتے ہیں کہتے ہیں اے پروردگار ہمکو بخش اور ہمارے بھائیوں کو

سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ (حشر پارہ ۲۸ ع ۱)

بخش جو ایمان مین ہم سے پیشرو ہین اور ہمارے دل مین ایمانداروں کیطرف سے کینہ نہ رہنے دے۔ اے پروردگار تو رؤف و رحیم ہے

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا یَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَیْتَهُمْ یَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۔ سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ (منافقون پارہ ۲۸ ع ۱)

اور جب انکو کہا جاتا ہے کہ آؤ رسول اللہ تمہارے لئے معافی مانگینگے تو سر پھیرتے ہین اور تکبر سے روگردان ہوتے ہین پس خواہ تم اُن کے لئے معافی مانگو یا نہ مانگو خدا انہین ہرگز نہ بخشیگا۔ کیونکہ فسق کا نتیجہ ہدایت خدا کا قانون نہین۔

باب دوازدہم

جزاء و سزا کا دوام

ترقی دائمی قانون ہے۔ اچھے لزم اور پسیے مزم۔ تنائج کی صورت مین بھی یہان کا اثر بدل نہین سکتا۔ عالم برزخ۔ روحانی صفات۔ غور و فکر روح کی صفت نہین۔ بدھ اور مسیح کی مثال کمال تک پہنچنے کی سبیل۔ خدا کی قدرت سے بھی انکار نہین ہو سکتا۔

ترقی دائمی قانون ہے | دنیا مین نیکی اور بدی کا وجود اور انکی نیک و بد نتائج اور نیک و بد نتائج کی ترقی دیکھنے کے بعد اور یہ دیکھنے کے بعد کہ جس قسم کی ترقی کے اصولی اسباب موجود ہون وہ اپنے خلاف قسم کے معلول اسباب پر بتدریج غالب آجاتی ہے اور انجام ہی حالت پر ہوتا ہے جس کے اصولی اسباب موجود ہین یہ سوال ہوتا ہے کہ آیا ان اصولی اسباب کے نتائج بھی ہمیشہ رہین گے یا کسی حد پر جاکر ختم ہو جائینگے؟ یہ سوال نہایت پیچیدہ اور مشکل ہے اور اس کا فیصلہ کرنے کے لئے نیکی اور بدی کرنیوالون کے زمانہ قیام

کو دیکھنا چاہئے اور چونکہ نیکی اور بدی کا روحانی اثر خدا کا قرب یا اس سے دور ہونا ہے اسلئے ذات خداوندی کا بھی اس سوال سے تعلق ہے۔ اور دنیا مین بظاہر ہر چیز ایک وقت پر پیدا ہوتی ہے کچھ عرصہ بڑھتی پھولتی ہے اور ایک وقت پر فنا ہو جاتی ہے اور نہ صرف افراد کی ایسی حالت نظر آتی ہے بلکہ انواع اور نیز تمام دنیا کو بھی علمی نظر سفر طے کرتی ہوئی اور اپنی حالت کو بدلتی ہوئی کہانی دیتی ہے اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ سب کچھ ایک وقت پر پیدا ہوا ہے اور ایک وقت پر فنا ہو جائیگا پس اگر واقع مین یہی کیفیت ہو تو جب نیکی اور بدی کرنیوالے ہی نہ رہین گے تو ان کے افعال اور افعال کے نتائج کیا رہین گے۔ مگر نہین۔ جو کیفیت علمی نظر نے دیکھی ہے وہ یہ ہے کہ کوئی چیز فنا نہین ہوتی بلکہ اجزا منتشر ہو کر کسی نہ کسی شکل مین موجود رہتے ہین اور اُدھر نیکی اور بدی کے نتائج کی دوسری حد یعنی خدا جس کو مذہبی جذبہ موجود مانتا ہے اور عقل بھی اُسکو ماننے کے سوا چارہ نہین دیکھتی وہ بھی اگر موجود ہے تو ہمیشہ سے اور ہمیشہ کیلئے ہوگا۔ کیونکہ اُس کا زمانے کے لحاظ سے صفات کے لحاظ سے ذات کے لحاظ سے غرض کسی طرح بھی محدود ہونا خدا کا خدا نہ رہنا ہے اچھا تو اب چونکہ وہ ہر طرح سے غیر محدود ہے اسلئے اُس کا قرب حاصل ہونے کے کسی درجہ پر ہم نہین کہہ سکتے کہ قریب ہونے والا اس سے بالکل چسپیدہ ہو گیا اور آئندہ کوئی درجہ قرب کا باقی نہین اور اسی طرح اس سے دور ہونے کی بھی حد بندی نہین ہو سکتی۔ غرض خدا اگر موجود ہے تو یقین ہے کہ اسکے لحاظ سے قرب اور بُعد کی کوئی حد نہین۔ رہا نیکی اور بدی کرنیوالون کا اپنا وجود سو اگر مرنے کے بعد بھی یہ موجود رہتے ہین تو پھر جو لوگ قرب خدا کے اصولی اسباب سے بہرہ ور ہین اور اس طرف ترقی کر رہے ہین وہ ابدالاباد تک ترقی کرتے جائینگے اور انکا سفر کسی نقطہ پر ختم نہوگا اور اُدھر جو لوگ خدا سے دور ہونے کے اصولی اسباب رکھتے ہین اُن کے منزل کی بھی کوئی حد نہوگی اور ہمیشہ تک دور سے دور تر ہوتے جائینگے اور یون نیکی کا نتیجہ نیک اور بدی کا نتیجہ بد یعنی دنیا کے دونو عنصر اپنی رفتار مین غیر محدود ہونگے۔ غرض اگر دنیا مین یہ دونو چیزین موجود ہین اور اگر یہان ترقی کا قانون جاری ہے اور اگر ترقی کے معنی ایک درجہ سے دوسرے درجہ مین

قوت کا زیادہ ہو جانا ہے تو پھر دنیا کے لئے نیک یا بد کوئی سا ایک نتیجہ نا نہین جا سکتا اور کہنا پڑتا ہے کہ ان دونو چیزون کے اپنے اپنے دو ہی طرح کے نتیجے بھی ہین - اور جو شخص ان مین سے ایک رستہ پر چل پڑا ہے اس کا ہمیشہ اوہری کو جانا قرین قیاس ہے اور اسکے خلاف نیچر ہرگز شہادت نہین دیتی کہ اُن مین سے ایک رستہ پر چلتے چلتے دفعتہً گاڑی رُک جائیگی اور جو نتیجہ اوس پر مرتب ہوتا ہے اسکی بجائے خود بخود دوسری قسم کا نتیجہ مرتب ہو کر سبکا انجام ایک جیسا ہو جائیگا -

اپٹی مزم اور پیسیمزم -

مگر ہمارا حال یہ ہے کہ دل مین مذہبی جذبہ پیدا ہونے کے بعد نیچر کو مطالعہ کرنے کی تکلیف کم گوارا کی جاتی ہے اور اگر اس وقت دل مین دنیا کی کسی مصیبت کا خیال ہے تو اور زیادہ غور و فکر کرنے کے بغیر مصیبت ہی کو دنیا کا حاصل سمجھ کر سبکا انجام بد فرض کر لیا جاتا ہے اور اگر خوش قسمتی سے اسوقت کوئی خوشگوار منظر پیش نظر ہے تب بھی یک طرفہ کارروائی سے سب باتون کا انجام نیک سمجھ لیا جاتا ہے اور اس طرح پر عقلائے عالم کے اس مسئلہ مین دو فرقے ہو گئے ہین جن کو اپٹی مسٹ اور پیسیمسٹ کہتے ہین یعنی ایک سمجھتا ہے کہ سب کا انجام نیک ہے اور دوسرا خیال کرتا ہے کہ سب چیزین بد نتیجہ پر پہنچین گی - انمین سے دوسرا خیال نہایت ناگوار ہے اور عمومًا ایسے لوگون کیطرف سے پیش ہوتا ہے جو اپنے تئین مذہب سے بیگانہ سمجھتے ہین - اور پہلا خیال عمومًا مذہب کی شکل مین پیش کیا جاتا ہے اور بیشک دل مین تمنا ہے کہ نیک اور بدا ور گنہ گار اور پارسا سب آیندہ دائمی راحت اور مسرت مین بسر کرین - مگر آہ - اسی بسا آرزو کہ خاک شدہ - نیچر کا قانون ہماری تمناؤن کے ماتحت نہین - کون نہین چاہتا کہ دنیا مین غربت و فلاکت کا نشان نہ ہو - کون نہین چاہتا کہ مرض اور تکلیفین نابود ہو جائین اور کون نہین چاہتا کہ عزیزون کی جدائی اور موت کا دلخراش منظر دکھائی نہ دے مگر کیا ہماری ایسی کوئی بھی تمنا بر آتی ہے اور کیا ہماری تہذیب و ترقی نے ان مصیبتون مین سے کسی ایک کو بھی نابود کیا ہے اور یہ اسی لیئے کہ نیچر کی مشین ہماری آرزو کے خلاف چل رہی ہے - پس اسی طرح آئندہ کی عام راحت و مسرت کی آرزو بھی اگر منشائے قدرت کے خلاف ہو تو ہماری طاقت نہین کہ اسکو روک سکین - اسلئے اگرچہ دعا ہے کہ یہ آرزو بر آئے

اور قدرت آئندہ ہمارے کہنے پر چلے مگر افسوس کہ جو کچھ ہوتا نظر آتا ہے اس سے نتیجہ اس کے خلاف نکلتا ہے یعنی ہم دیکھتے ہین کہ جو شخص بدی کرتا ہے تو بدعادت ضرور پیدا ہوتی ہے اور اگر اس سے باز نہ آئے تو دوسری بدی کرنے پر عادت اور زیادہ ہو جاتی ہے اور اس طرح کرتے کرتے آدمی زندگی مین ہم دیکھتے ہین کہ عادت کے زور کی کچھ حد نہین رہتی اور یہ صرف خیالی جولان نہین بلکہ دنیا مین ایسے نمونے بیشمار موجود ہین اور اصولی بدی انکار خدا کو مانا جاے یا بداخلاقی کو دونو طرح کے کامل نمونے ہر زمانے مین نظر آتے ہین پس جو شخص اسی حالت مین مرا ہے۔ اگر وہ فنا نہین ہوا تو اسکی آیندہ حالت کیا ہوگی ؟ اور کیا ایسا شخص آخرت مین نیک نتیجہ حاصل کریگا اور کیا قدرت کا قانون ٹوٹ جائیگا اور بدی سے بجاے بدی کو ترقی ہونے کے الٹی نیکی پیدا ہو جائیگی ؟ اور اُدھر جو شخص نیکی کرتا ہے تو اُس فعل کے جاری رہنے پر کہ اسکی مثالین بھی بکثرت موجود ہین یہی شکل پیدا ہوتی ہے اور ایسے شخص کا انجام بد ہونا قانون قدرت کے خلاف نظر آتا ہے اِس لئے اپنی محدود عقل اور پیمانے سے ان دونو خیال غلط ثابت ہوتے ہین +

تناسخ کی صورت مین بھی یہان کا اثر بدل نہین سکتا

مگر اس وقت بعض لوگ اس زندگی کے بعد دوسری زندگی کا بھی مانتے ہین اور خیال کرتے ہین کہ ایسے شخصون کو آئندہ پھر دنیا مین بھیجا جائیگا اور دوبارہ نیکی اور بدی کا موقع دیا جائیگا۔ مگر پھر بھی کیا ہوا۔ اگر کوئی دوسری زندگی ہے تو وہ اسی زندگی کا نتیجہ ہوگی کیونکہ اگر اسکو پہلی زندگی کا نتیجہ نہ مانا جائے بلکہ کہا جائے کہ روح کو پہلے خیالات سے بالکل پاک وصاف کرکے دوبارہ نئے سرے سے جد وجہد کرنیکے لئے بھیجا جاتا ہے تو لازم آئیگا کہ یہان کی نیکی اور بدی دونو کا نتیجہ ہیچ ہے اور جس کام کو یہان نہایت مضبوطی کے ساتھ جاری رکھنے اور ترقی دینے کا قاعدہ جاری کیا گیا ہے مرنے پر اُس کام کو بالکل نابود کر دیا جاتا ہے اور نیک وبد دونو کو پھر تازہ دم وہی بے نتیجہ کھیل کھیلنے پر مجبور کیا جاتا ہے پس اِس وجہ سے جب دوسری زندگی کو پہلی زندگی کا نتیجہ ماننے کے سوا چارہ نہین تو نتیجہ کی جو رفتار

یہان ہے وہی دوسری زندگی مین مانئی پڑیگی اور جب یہان بدی کا نتیجہ بدی ہے تو دوسری زندگی مین وہ بدشخص اوربھی بدتر ہوکر پیدا ہوگا اور خواہ اس طرح کی کروڑ زندگیان مانی جائین جب بھی جو درخت ہوگا اسی کا پھل آئیگا۔ غرض پہلی زندگی کو بدی مین گذارنے کے بعد دوسری زندگی مین نیک اور پارسا بنجانا وہی قانون قدرت کا ٹوٹ جانا ہے یعنی ناممکن

عالم برزخ | مگر ابھی اس مسئلہ کا ایک پہلو اور قابل غور ہے کیونکہ تناسخ کو مان کر مرنے کے بعد کچھ عرصہ روح کا جسم سے خالی رہنا مانا جاتا ہے چنانچہ بعض نے اس درمیانی حصہ کو جس کو عالم برزخ کہنا چاہئے اپنی آرزو برانے کا موقع تصور کیا ہے جیسا کہ مسز اینی بسنٹ فرماتی ہین کہ[1]

"عالم برزخ مین روح اپنی خواہشون اور عملون پر غور کرتی ہے اور ان کے نفع ونقصان کو دیکھکر تجربہ حاصل کرتی ہے اور اس طرح بہت سی جونون کے تجربون سے کانشنس پیدا ہوتی ہے اور رفتہ رفتہ نیکی بڑھتی جاتی ہے"

روحانی صفات | یہ دعوی بہت دل خوش کن ہے کاش ایسا ہی ہوتا ہو مگر دیکھنا یہ ہے کہ عقل کے پاس اس دعوی کا ثبوت کہان تک موجود ہے اور مرنے کے بعد جو روح مین غور وفکر کی طاقت مانی جاتی ہے وہ کہان تک فرین قیاس ہے۔ یہان جو ہمنے انسان کو دیکھا تو بیشک اس مین غور وفکر کی طاقت موجود پائی۔ پس شاید یہ روح ہی کی صفت ہو اور جسم چھوڑنے کے بعد بھی بحال رہتی ہو اور شاید کیا مدت تک عقلاے زمانہ عقل کو روح کی ہی صفت مانتے رہے ہین لیکن روح تو وہ چیز ہے جس پر جوانی اور بڑھاپا نہین آتا اور ہمیشہ یکسان رہتی ہے اس لئے جو صفت خاص اسکی ہوگی وہ بھی ہمیشہ یکسان رہنی چاہئے حالانکہ غور وفکر کی طاقت کا یکسان رہنا ایک طرف اسکو ہم پیدا ہوتے جوان و پیر ہوتے اور مرتے دیکھتے ہین ماں کے پیٹ مین یہ طاقت ہوتی ہی نہین بچہ مین بڑھنے لگتی ہے۔ جوان مین مکمل ہوتی ہے۔ بڑھاپا آتے ہی اس پر بھی آفت آنے لگتی ہے حتی کہ بعض اوقات انسان زندہ ہوتا ہے یعنی روح اسمین موجود ہوتی ہے مگر عقل وشعور کے لحاظ سے ایک بت معلوم ہوتا ہے اور نہ صرف بڑھاپے مین بلکہ بعض

[1] خلاصہ از رسالہ کرما مصنفہ مسز اینی بسینٹ

جسمانی آفتون سے خود جوانی مین یہ صفت نابود ہوجاتی ہے۔

وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاءُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ۖ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِن بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا ۔

(حج پارہ ۱۷ ع ۱)

اور ہم رحمون مین ٹھیرائے ہین جب تک چاہتے ہین پھر ہم تمکو بچپن کی حالت مین پیدا کرتے ہین پھر عمر دیتے ہین تاتم اپنی قوت تک پہنچو اور تم مین سے بعض کو موت آجاتی ہے اور بعض نہایت ذلیل عمر تک پہنچتے ہین کہ عقل و شعور کے بعد بالکل معلوم ہوجاتا ہے

اَللّٰهُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ

(روم پارہ ۲۱ ع ۶)

خدا وہ ہے جس نے تمکو کمزوری سے پیدا کیا پھر کمزوری کے بعد قوت دی پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دیا وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے کیونکہ وہ علیم و قادر ہے۔

غرض جب جسمانی قوت و ضعف کے ساتھ عقل بھی قوی یا کمزور ہوجاتی ہے بلکہ بعض اوقات وہ نابود بھی ہوجاتی ہے تو ثابت ہوتا ہے کہ یہ صفت جسم کی ہے نہ روح کی[۱] اور اسکے برخلاف خواہش ایسا وصف ہے جو بچپن سے لیکر بڑھاپے تک بلکہ مرتے دم تک یکسان قوت کیساتھ موجود رہتا ہے اور خواہ جسم کی کچھ بھی حالت ہو اور خواہ خواہش کی شکلین بدلتی رہین مگر زندگی مین ایسا وقت کبھی نہین آتا کہ کسی قسم کی خواہش موجود نہ ہو اس لئے اگر روح کی صفت کوئی مانی جاسکتی ہے تو وہ خواہش ہے اور اسی لئے ڈاکٹر ڈالسن نے روح کا ثبوت خواہش کے وجود سے دیا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ[۲]

---

[۱] امام غزالی رح ثبوت روح کے عقلی دلائل کو پرکھنے کے وقت جو ثبوت عقل کے وجود سے دیا جاتا ہے اوسکو اسی وجہ سے ضعیف کہتے ہین کہ عقل زوال پذیر ہے اس لئے یقین نہین ہوسکتا کہ وہ روح کی صفت ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب تہافۃ الفلاسفہ۔ بحث ثبوت روح۔

[۲] کتاب ایلمنٹز آف میٹافزکس حصہ دوم باب پنجم۔

"ہم ہندی یونانی اور موجودہ فلسفہ مین یہ ایک عام غلطی دیکھتے ہین کہ وہ رُوح کو ذی عقل ہستی مانتے ہین حالانکہ اسکے برخلاف روحانی زندگی کے تمام واقعات بے خطا ثبوت دیتے ہین کہ انسان کا مرکز دل مین تلاش کرنا چاہیئے نہ دماغ مین اور خواہش مین تلاش کرنا چاہیئے نہ علم مین۔ اور بالخصوص واقعات ذیل اس دعوی کے شاہد ہین

۱۔ ذہن تمام جسمانی الات کی طرح بچپن مین بڑھنے لگتا ہے اور انہی کے ساتھ بڑھاپے مین گھٹتا جاتا ہے۔

۲۔ ذہن کچھ عرصہ کے لئے نیند مین اپنی چستی کو چھوڑ دیتا ہے حالانکہ خواہش یعنے بے شعور خواہش دل کی طرح تھکنا نہین جانتی۔

۳۔ تمام جسمانی آلات کی طرح ذہن بھی خواہش کا ایک آلہ ہے اور ہمیشہ فرمان بردار خادم کے طور پر کام کرتا ہے اور ہر حال مین بالادست حاکم خواہش ہے۔ یہ ایک ایسی صداقت جو شاید مستدلانہ طور پر ایسی ثابت نہ ہو مگر عملی دُنیا مین ہر جگہ نمایان ہے۔

۴۔ حیوانی درجات کو دیکھو تو ان مین ذہن کم سے کمتر ہوتا جاتا ہے حالانکہ خواہش جیسا کہ ہم ثابت کرینگے ہر جگہ حتے کہ چھوٹے سے چھوٹے حیوان مین بھی اُسی زور سے موجود ہے[۱]

۵۔ جب انسان کی قدر و قیمت یعنی اخلاقی اوصاف کا سوال ہو تو دماغی صحت اور غلطی کو نہین دیکھا جاتا بلکہ اُس اثر کے لئے جو قبر سے پرے تک پھیلا ہوا مانا جاتا ہے انسان کے فعل کو اور صرف فعل کو اس حیثیت سے دیکھا جاتا ہے کہ وہ اسکی صفت خواہش کا ظہور ہے[۲]"

---

[۱] ڈاکٹر موصوف اس دلیل سے اور نیز آگے خواہش کو جمادات تک لیجا کر وحدت وجود کا مسئلہ ثابت کرنا چاہتے ہین مگر اس سے جو کچھ ثابت ہو سکتا ہے وہ یہی ہے کہ تمام کائنات کی اصلیت ایک ہے مگر یہ کہ خدا اور کائنات حقیقت مین ایک ہین اور کوئی اور ہستی اس کائنات سے ممتاز اور اسکو پیدا کرنیوالی نہین یہ دعوی اس دلیل سے ثابت نہین ہو سکتا۔

[۲] اس مقولہ پر باب دہم کتاب ہذا عنوان "اخلاقی افعال پر بھی یہی قانون جاری ہے" کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

یہان تک روحانی صفات کی نسبت عام واقعات سے استدلال کیا جاسکتا تھا اب ان واقعات کو دیکھا جائے جو اکثر اوقات امراض وغیرہ کے سبب سے یا مصنوعی طور پر مسمریزم کے عمل مین جسم اور جسمانی طاقتون کے معطل ہونے پر پیش آتے ہین تو اس وقت اگرچہ روح جسم سے جدا نہین ہوتی اور نہ اسکا تصرف بالکل منقطع ہوتا ہے بلکہ وہ اس وقت بھی جسم سے بہت سے کام لیتی نظر آتی ہے مگر چونکہ دماغی طاقتون کو بڑی حد تک معطل کر دیا جاتا ہے اس لیئے دیکھا جاتا ہے کہ روح سے غور وفکر کرنے کی قوت بہت کچھ مفقود ہوجاتی ہے۔ گو اس وقت غیب بینی اور جسم پر تصرف کرنے کی یا اور ایسی ہی بہت سی طاقتین موجود ہوتی ہین چنانچہ مسٹر ہیڈسن ایسے واقعات کی بنا پر یقین کرتے ہین[1] کہ انسان کی روح مین جزئیات کو دیکھ کر ان سے کوئی کلی نتیجہ اخذ کرنے کی قوت نہین ہے البتہ کوئی کلیہ قاعدہ معلوم ہونے پر یا خیال دلوا دیے جانے پر اسکو جزئیات پر منطبق کر سکتی ہے مثلاً اگر مسمریزم کی حالت مین معمول کو یقین دلوایا جائے کہ وہ کتا ہے تو اسکی روح مین یہ قوت نہین ہوتی کہ اپنے کتا ہونے کی نسبت غور کرے اور اپنے حالات کو دیکھ کر نتیجہ نکالے کہ مین ان حالات و اوصاف کے باوجود کتا نہین ہوسکتا بلکہ اسکے برخلاف چونکہ کتا ہونیکا خیال دلوایا گیا ہے وہ اپنی حالت پر اس کو منطبق کرنے کی کوشش کریگا کتے کی طرح بھونکنے اور چار ہاتھ پاؤن سے چلنے لگیگا اور اگر اس کو کہا جائے کہ تو تپ مین مبتلا ہے تو وہ اپنی حالت پر غور کرکے اس سے انکار نہین کریگا بلکہ فوراً یقین کرلیگا اور اس یقین کا ایسا اثر ہوگا کہ واقع مین جسم گرم ہوجائیگا نبض تیز ہوجائیگی اور پھر تندرستی کا خیال دلوانے پر فی الفور علامتین دور ہوجائین گی

غور وفکر روح کی صفت نہین

غرض زندگی کی عام حالت سے ثابت ہوتا ہے کہ غور وفکر کی قوت انسان کی جسمانی صفت ہے اور اسکی روحانی صفت اگر ہوسکتی ہے تو وہ صرف خواہش ہے اور مسمریزم کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر روح مین کچھ قوت ہے بھی تو وہ کلیات کو جزئیات پر منطبق کرنے کی ہے اور استدلال کا دوسرا عمل یعنے جزئیات سے کوئی کلی نتیجہ نکالنا اسکے

[1] کتاب دی لاآف سائیکک فینامنا باب سوئم وغیرہ

امکانین نہین اور نیز یہ کہ وہ قوت خیالیہ سے متاثر ہونے کی بہت بڑی قابلیت رکھتی ہے
اور سمرزم کی حالت مین چونکہ روح کا تعلق جسم سے بالکل منقطع نہین ہوا اس لیے اس وقت
کلیات کو جزئیات پر منطبق کرنے کی قابلیت جو اس مین پائی جاتی ہے اسکی نسبت بھی یقین
نہین ہو سکتا کہ وہ اسکی خاص اپنی صفت ہے بلکہ گمان ہوتا ہے کہ غالبًا یہ بھی کسیقدر
جسمانی تعلق کے قائم رہنے کے سبب سے ہے۔ ورنہ اس کو روح کی اپنی صفت جب کہہ سکتے
کہ روح اور جسم کا تعلق بالکل منقطع ہونیکے بعد ایسا تجربہ ہو سکتا۔

غرض ان حالات کو دیکھتے ہوئے کیونکر احتمال ہوتا ہے کہ عالم برزخ مین جبکہ روح کو
جسم سے کوئی تعلق نہین وہ اپنے گذشتہ حالات پر غور کرتی ہوگی اور یہ نتیجہ نکال سکتی ہوگی
کہ آئندہ زندگی مین ایسے حالات سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ بلکہ اس وجہ سے کہ خواہش کی
صفت روح مین دائمی ہے جس خواہش مین اس نے اپنی تمام جسمانی عمر گذاری ہے اسی
خواہش مین مبتلا رہتی ہوگی اور نیز چونکہ وہ قوت خیال سے بہت متاثر ہوتی ہے اس لئے
جس خیال نے تمام عمر اس پر قبضہ رکھا ہے وہی اس وقت بھی اس پر متصرف رہتا ہوگا۔ پس
مسز اینی بیسنٹ اور ان کے ہمخیالون کا عالم برزخ کی امید پر جینا محض خیال خام ہے
اور نیچر کی شہادت اس کے خلاف ہے اور خود مسز اینی بیسنٹ کے کلام مین اس بارہ
مین بہت تذبذب پایا جاتا ہے چنانچہ وہ اسی تحریر مین ایک اور موقعہ پر لکھتی ہین کہ

"مرنے کے خیالات مین گرفتار رہنے والا جب مرتا ہے تو اپنے خیالات کی وجہ سے برزخی
زندگی حاصل کرتا ہے اور نہ صرف زمین پر آتا ہے بلکہ ان خیالات کو اور بھی سختی کے ساتھ بجا
لاتا ہے کیونکہ حالت برزخ مین وہ خیالات گو مخفی رہتے ہین مگر پختہ ہوتے رہتے ہین۔
اور زمین پر آکر پہلے سے زیادہ زور ظاہر کرتے ہین" (ایک اور موقع پر لکھتی ہین) دیوا چنک
یعنی عالم برزخ ایک ایسی حالت ہے جو زمینی زندگی کے تجربون سے بالکل متناسب ہوتی ہے اور اس عالم کا
کمال ان خیالات کی مقدار اور نوعیت پر منحصر ہے جو حیات ارضی مین حاصل کئے جائین۔ اور

یہی خیالات وہان جاکر روح کی طاقت اور اسکی ذات کا ایک حصہ ہوجاتے ہین ۔

پس خواہ روح کو جسم چھوڑنے کے بعد کچھ عرصہ علیحدہ رہنا پڑے اور خواہ وہ دوبارہ سہ بارہ دنیا مین آمد و رفت رکھے جو وصف اور عادت اس نے اس زندگی مین کسب کی ہے ترقی اسی کی ہوگی اور وہ وصف اگر بدی ہے تو کبھی آئندہ اس سے نیکی پیدا ہوجانے کیلئے کوئی دلیل موجود نہین اور اس لیئے اگر ہماری موجودہ زندگی ہماری گذشتہ زمینی زندگیون کا نتیجہ مانا جائے جیسا کہ اہل تناسخ کا خیال ہے تب بھی یہ بار بار کا چکر ہماری گذشتہ آموختہ کو دہرانے کے سوا کسی مصرف کا نہین اور ہماری حالت درست کرنے کے لیئے مفید نہین ہوسکتا ۔

بدھ اور مسیح کی مثال یون کہنے کو سوامی ویکانند جی کہتے ہین کہ بدھ اور مسیح جیسے مہاتما جنکی نیکی نے دنیا کے بڑے حصہ سے پرستش کروائی ہے لاکھا جونون کے تجربون سے ایسے بنے ہونگے ۔ گویا یہ تناسخ کا فائدہ ہے اور اسی طرح سب نیک بنجائینگے لیکن اگر یہ فائدہ تناسخ کا سمجھا جائے تو جن انسانون کی ترغیب و تحریص یا مثال سے تمام شراب خواری اور قمار بازی وغیرہ بدیان رائج ہوگئی ہین ان کا ایسا عالمگیر اثر اور کشش اور قوت بھی لاکھا جونون کے تجربہ سے پیدا ہوئی ہوگی ۔ اس لیے اگر تناسخ کو مان کر مسیح اور بدھ کا معبود خلایق ہونا اس تھیوری پر منطبق ہوتا ہے تو شراب اور قمار کے موجدون کی معجزنما کامیابی بھی تناسخ ہی کے باعث ماننی پڑیگی اور اسلئے تناسخ کی وجہ سے سب انسانون کا یکسان نیک نتیجہ پر پہونچنے کا خیال صحیح ثابت نہین ہوسکتا ۔ اور دوسرے اگر مسیح و بدھ جیسی قوی طبیعت تناسخ کے سبب سے ہوئی ہے تو چونکہ تناسخ سبھی ارواح کے لئے مانا جاتا ہے اس لئے چاہئے تھا کہ ایک مسیح اور بدھ ہی ایسے نہ ہوتے بلکہ سبھی اس طرح ترقی کرتے جاتے اور جونون کی جس قدر تعداد مین مسیح اور بدھ ایسے بن گئے ہین اسی قدر تعداد مین اور لوگ بھی اسی قوت اور اثر کے مالک بن جاتے ۔ اور نیز اگرچہ مسیح اور بدھ مین بہت بڑی قوت مانی جاسکتی ہے کیونکہ دنیا کے

بڑے حصہ نے ان کے آگے سجدہ کیا ہے لیکن پھر بھی ابھی اور ترقی کی گنجائش ہے اور دنیا مین ایسی ہی بڑی تعداد ان کو نہ ماننے والون کی بھی موجود ہے اور ادھر مسیح اور بدھ کے بعد زمانہ بھی بہت بڑا گذر چکا ہے اس لئے اگر اس وقت تک کی آمد و رفت نے مسیح اور بدھ بنائے تھے تو ان کے بعد اس وقت تک کی آمد و رفت سے جو تجربہ زیادہ ہوا ہوگا اس سے لازم تھا کہ اب کے لوگ مسیح اور بدھ سے بھی زیادہ اثر اور قوت پیدا کر لیتے اور اگر ان سے بعض لوگون کو انکار بھی ہے تو اس وقت کے رشی اور مہارشی تمام جہان سے سیوا لیتے حالانکہ واقعات اسکے خلاف ہین اور ایسی قوت کے لوگ بہت کم اور خال خال ہی نظر آتے ہین جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح اور بدھ بننے کا راز تناسخ کے چکر مین نہین بلکہ اُن کی طبیعتین ہی فطرۃً ایسی قوی واقع ہوئی تھین جس سے ہر زمانے مین فوجون کی فوجین ان کے نام پر قربان ہوتی رہین۔ اور جب اس امر کو ماننے سے چارہ نہین کہ انسانی طبیعتین باہم مختلف ہین اور بعض روحین فطرۃً قوی ہوتی ہین تو بعض نیک یا بد اشخاص کے عالمگیر اثر اور انکی تعلیم کی اشاعت کا باعث انکی فطری قوت ہوگی نہ تناسخ کا چکر۔

کمال تک پہنچنے کی سبیل اور پھر اور زیادہ غور کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ ایسی قوی طبیعتون والے گو اپنی عجیب تعلیم اور دلکش ایجاد کے لحاظ سے بہت بڑے امتیاز کے مستحق ہین لیکن یہ امتیاز سب کا سب انہی کی ذات سے مخصوص نہین بلکہ عام نوع انسانی کے مختلف الانواع ترقیان اس امتیاز تک پہنچانے مین بہت بڑی معاون ہوئی ہین اور جس طرح ہم مختلف علوم و فنون کی ترقی مین کہہ سکتے ہین کہ انکی اعلےٰ دریافتین اور باریک موشگافیان دفعتہً اس شخص کے دماغ مین پیدا نہین ہوئین جسکو کسی فن کا موجد یا امام کہا جاتا ہے بلکہ نہایت قدیم زمانے سے نہایت سادہ شکل مین ایسے فنون کی بنیاد پڑکر بڑھتی ہوئی اس حالت کو پہنچ چکی تھی جس کے بعد کسی قوی الذہن اور عقیل شخص کو اسمین ایجاد و اختراع کرنے کا موقع ملا۔ مثلاً علم حساب کے عمدہ اور سہل قاعدے بنانے والے گو موجد فن ہین مگر یہ ابھی ایجاد نہین جس کا پہلے وجود ہی نہ ہو بلکہ کسی نے

سچ کہا ہے کہ ابتدائے آفرینش انسانی مین جب کسی شخص نے جنگل کے دس سیب توڑکر اپنے
دونو بچون مین برابر بانٹنے کیلئے ایک اِدھر اور ایک اُدھر رکھتے ہوے پانچ پانچ کی دو ڈھیریان
بناوی ہونگی وہ علم حساب کا پہلا موجد ہے۔ اُس کے بعد کسی نے پانچ اور دس کا نام مقرر
کردیا ہوگا جسے اس سلسلہ کا دوسرا امام کہنا چاہیئے۔ اس کے بعد کسی نے یہ گر مقرر کردیا ہوگا
کہ دس چیزون کو پانچ پانچ کی دو ڈھیریون مین رکھا جائے تو دونو برابر ہوتے ہین اور
پھر اس قسم کے گرون کو وسیع کرتے ہوئے شمار و اعداد کا علم اس حد تک پہونچ گیا ہوگا جس کے
بعد کسی ذہین کیلئے اس علم کو بطور ایک فن کے مرتب کرنا اور پہلے قاعدون کو آسان بنانا
یا نئے قاعدے ایجاد کرنا سہل ہوا۔ اب اس شخص کی نسبت ٹکٹکمہ کی ضرورت نہین کہ اس نے
بہت سی جونون مین پھرنے کے سبب ایسا فن ایجاد کیا بلکہ ضرور کہنا چاہیئے کہ اُس نے
اپنے سے پہلے انسانون کے علم اور ان کے تجربون سے جن کا علم اسے اسی موجودہ زندگی مین
ہوا اپنی قوت طبع سے وہ سبق سیکھا جس کا نتیجہ فن حساب کی ترتیب ہے۔ اسی طرح ابتداے
آفرینش سے اپنا غم غلط کرنے کے لیے دل بہلانے کی چیزین اور شغل تلاش کرتے کرتے
اور بہت سی ابتدائی اور آسان اصولون کو دریافت کرتے کرتے ایسا وقت آیا تھا جبکہ
کسی ذہین کو شراب اور قمار جیسی مسرت اور دلفریبی کی اعلےٰ تدبیرین سوجھین اور اسی طرح
روحانی عالم کی سیر کرنے والے جن کو پیغمبر یا رشی کہتے ہین انکے معرفت کے تجربون کی حقیقت
خواہ کچھ ہو اسمین شک نہین کہ اس آگ کی چنگاری بھی ابتدا ہی سے دلون کو گرما رہی تھی
اور قدیم ہی سے پاکیزا اور مقدس ارواح کو اپنی اپنی استعداد کے موافق نور ازل کی
شعاعین روشنی بخش رہی تھین چنانچہ جس طرح دنیا کے اور علوم و فنون بتدریج ترقی کرتے ہوئے
اس حد تک پہنچے ہین کہ ان کے روشن اور واضح قوانین مرتب ہوکر عامہ خلائق کی تسلیم
کے قابل ہوئے اسی طرح معرفت کے تجربے اور وصال ربانی کے قاعدے بھی قلوب مصفا
پر وقتاً فوقتاً القا ہوتے ہوئے یہ وقت آیا کہ بعض انسانون کی اس قسم کی تعلیم نے دُنیا کے بڑے

حصہ کو اپنا گرویدہ بنایا۔ اسلئے یہ بہت سی جونون مین پھرنے کا نتیجہ نہین بلکہ مذہبی روح کے عام طبائع انسانی مین سرایت کرنیکا اور وقت وقت کے انبیا اور حاملان مذہب کی آوازون کے فضا مین گونجنے کا اور اس طرح پر تمام علوم عرفانی کے ایک شخص کی گرفت مین آجانیکا باعث ہے جس سے بڑے بڑے صاف دل لوگون کو پہلے تجربون پر ایزاد کرنے اور اُن کی غلطیون کو نکالنے کا موقع ملا۔ غرض معرفت کی ترقی اور دیگر علوم کی ترقی مین بجز اسکے کوئی تفاوت نہین کہ جیسا پہلے ذکر ہوچکا ہے دیگر علوم مین انسان اپنے سے کمتر ہستیون کا تجربہ کرتا ہے اور اس لیے فاعلانہ حیثیت رکھتا ہے اور معرفت مین ایک بالاتر ہستی کا تجربہ ہے جسمین فاعلی حرکت اس ہستی کی جانب سے ہو اور انسان کی حیثیت صرف انفعالی ہے اور اس انفعالی قابلیت کی ترقی سے شعاعون کی فاعلانہ حرکت تیز ہوتی رہتی ہے۔

خدا کی قدرت سے بھی انکار نہین ہوسکتا

حاصل یہ کہ اس سرمایہ کو دیکھ کر جو ہماری عقل کے پاس دنیا مین موجود ہے کسی طرح ثابت نہین ہوتا کہ دنیا کے بڑے بڑے پاکباز تناسخ کی وجہ سے ایسے پاکباز ہوئے ہین اور اسلئے تناسخ پاکبازی کو بڑھانے والا اور بدی کو نابود کرنیوالا ہے اور اس لیے اِس چکر کی وجہ سے نیک اور بد دونو انجام مین نیک نتیجہ حاصل کرینگے۔ ان اس مین شک نہین کہ خدا ہے اور وہ رحیم و کریم بھی ہے اور بیشک خدا نور ہے اور وہ نور اگر اپنی مرضی سے خود شعاعین ڈالنے لگے تو سیہ سے سیہ قلب کو منور کرسکتا ہے پس اگر اسکی قدرت کا یہی اقتضا ہو کہ عابد خدا پرست اور رند سیہ مست دونو آخر مین الٰہی راحت و مسرت حاصل کرین تو چشم ما روشن۔ ہم گنہ گارون کے لئے اس سے بڑھکر کوئی مژدہ نہین اور ہم مانتے ہین کہ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ (خدا کرتا ہے جو چاہتا ہے اور حکم دیتا ہے جو اسکے ارادہ مین ہو) لیکن دُنیا مین جو سلسلہ جاری کیا گیا ہے اسکی شہادت یہی ہے کہ بے سبب کوئی نتیجہ پیدا نہین ہوتا اور دنیا سب کچھ وہی ہے مگر اُسی کو اور اُسی قدر جسمین جس قدر قابلیت

ہو۔ اس لئے شہوات کو دیکھتے ہوے پلیدی مست ہونا اور سب کا انجام پر اسمجھنا جس کا نتیجہ یہ ہو کہ ہم نیکی سے بسبب اسکے بیسود ہونیکے بیزار ہو جائین یا اپنی مست ہونا اور سب باتون کو منتج خیر سمجھنا جس کا یہ نتیجہ ہو کہ ہم بدی سے بسبب اس کے مضر نہ ہونے کے پرہیز نہ کرین دونو اصول غلط ہین۔ ضرور بد کا انجام ہمیشہ بد ہے اور نیک کا انجام ہمیشہ نیک اور اس لئے جب تک ہم مین عقل و شعور ہے بدی اور نیکی مین امتیاز کرنے اور بدی کو چھوڑنے اور نیکی اختیار کرنے کے سوا کوئی اور سلامتی کا رستہ نہین آگے جو خدا کو منظور ہے وہ ہوگا۔ غرض یہی وہ نتیجہ ہے جسکو عقل تسلیم کر سکتی ہے اور یہی تعلیم ہونی چاہیئے اس مذہب کی جانب سے جو عقلا کو اپنی طرف بلاے اور اپنی خوبی کے لیے عقل کو معیار کرد اپنے کا دعوے کرے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۚ

(پ ۴ ع ۲)

یہ خدا کی مقرر کردہ حدین ہین اور جو شخص خدا اور رسول کی اطاعت کرے اسے وہ جنت مین داخل کریگا جس کے نیچے نہرین جاری ہین وہ اسمین ہمیشہ رہین گے اور یہ بڑی کامیابی ہے اور جو شخص خدا و رسول کی نافرمانی کرے اور اسکی حدون کو توڑے اسے آگ مین داخل کریگا جسمین وہ ہمیشہ رہیگا اور اسکو ذلت بخش عذاب ہوگا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۚ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ (پ ۱۲ ع ۹)

لیکن جو بدبخت ہین وہ آگ مین رہینگے جو جوش و خروش کرتی ہے اسمین ہمیشہ رہین گے جبتک آسمان و زمین ہے مگر جو خدا چاہے۔ تیرا رب جو چاہے کر سکتا ہے اور جو نیکبخت ہین وہ جنت مین ہمیشہ رہینگے جبتک آسمان و زمین ہے مگر جو تمہارا پروردگار چاہے یہ عطیہ غیر منقطع ہے

باب سیزدہم

قیامت

جو ازلی نہین وہ ابدی بھی نہین اسکی تحقیق - ہر انقلاب پر ترقی ہوتی آئی ہے - منجمد ہو جانے پر ترقی کی سبیل - تکلون کی عمر نوز کی قوت وضعف پر منحصر ہے - شخص قایم رہنے کی وجہ اور روح کا وجود - تمام ذوی الاجسام بعینہ زندہ نہین ہونگے - حیوانات جزا وسزا نہ پائینگے - ترقی کا اثر راحت و تکلیف پر - ترقی کرنیوالون نے دوسرون کو کیا فائدہ پہنچایا - تدابیر صحت کا فائدہ - اصلاح حکومت کا فائدہ - سہولت نقل و حرکت کا فائدہ وسائل نامہ و پیام کا فائدہ - راحت و مسرت کی آرزو بر آنے کا بھی کوئی موقع ہونا چاہئے - راحت و غم مکمل کیونکر ہوگا - آئندہ ترقی کے وسائل - فورس اور انرجی کے مختلف مظاہر - سائنس کے مسلمات سے استدلال رفتار ترقی کہان تک جا سکتی ہے - ترقی کے مختلف درجات مین فورس اور انرجی کی شکل بدلتی جاتی ہے آئندہ انقلاب مین ترقی اور بھی اعلے ہونی چاہئے - آئندہ ترقی معرفت مین ہوگی - آئندہ ترقی کے لئے جو سامان ہونا چاہئے وہ اسی عالم مین مہیا کر دیا گیا ہے - آئندہ ترقی غیر محدود ہوگی - روح صرف جسم مین رہکر ترقی کر سکتی ہے - ارواح کیلئے مادہ کی کمی نہین - آئندہ ترقی مین اجسام کی حالت - حشر کے متعلق اسلامی تعلیم آسمانی تربیت سے انسانی خصائل بدل نہین سکتے -

جو ازلی نہین وہ ابدی بھی نہین اسکی تحقیق -

دنیا کے نیک اور بد نتائج کو ہمیشہ کے لئے جاری رہنے کے قابل ماننے سوال ہوتا ہے کہ آیا دنیا کی حالت کو دیکھکر کوئی احتمال ہو سکتا ہے کہ یہان کے عمل کرنیوالے ہمیشہ تک قائم رہین گے اور اپنی جزا و سزا بھگتینگے - یا جیسا کہ عام طور پر میٹیریلسٹ یعنی مادہ پرستون کا خیال ہے - یہ تمام انتظام ایک دن فنا ہو جانے والا ہے اور یہان کے اشخاص موت کے ساتھ اپنی ہستی کو کھو بیٹھتے ہین

ہستی خدا کے بارہ مین جو احتمالات قائم کئے گئے تھے ان سے ہم اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ

ایک ازلی اور ابدی ہستی نے اس عالم کو اپنی قوت علم سے نیست سے ہست کیا ہے مطلب یہ کہ یہ عالم قدیم اور ازلی نہین ہے پس اسکی نسبت ایک عام قانون قدرت مانا جاتا ہے کہ جب قدیم اور ازلی نہین تو دائمی اور ابدی بھی نہ ہوگا - اس اصول کو مانکر تو کہنا پڑتا ہے کہ نیست سے ہست ہونیوالے ایک دن ضرور تباہ ہوجائینگے اور اس لیے انکی نیکی اور بدی اور اسکا انجام بھی چند روزہ کھیل سے زیادہ وقعت نہین رکھتا - اور بیشک یہ قاعدہ صحیح ہے کہ جو ازلی نہین وہ ابدی بھی نہین ہوسکتا لیکن اسکا مطلب سمجھنے مین کسی قدر تساہل ہوتا ہے - جو چیز ازلی نہین اور چونکہ معدوم تھی اسلئے وہ اپنے وجود مین ضرور غیر کی محتاج ہے جو اسے نعمت وجود سے بہرہ ور کرے اور جب اسکا وجود عاریتی ہے اور اسکی اپنی ذات وجود اور عدم دونو کو برداشت کرسکتی ہے تو اس کا وجود جس طرح حاصل کسی اور کی وجہ سے ہوا ہے اسی طرح قائم بھی کسی اور ہی کی وجہ سے رہ سکیگا - اسلئے یہ کہنا درست ہے کہ جس طرح خود وہ چیز ازل سے موجود ہونے کے قابل نہ تھی اسی طرح وہ خود اپنی ذات سے ابد تک موجود رہنے کے بھی قابل نہین - لیکن یہ کہ جس دوسری ہستی نے اسے موجود کیا ہے وہ بھی اسکو جب تک چاہے موجود رکھنے کے قابل نہین ہے یہ اس دوسری ہستی یعنے پیدا کرنیوالے کی قوت اور ارادہ پر منحصر ہے -

اگر کسی کمزور ہستی نے اپنی قوت متخیلہ سے کوئی وجود پیدا کیا ہے تو ضرور ہے کہ وہ محدود عرصہ تک اس خیال کو قائم رکھ سکیگی اور اس لئے اسکی مخلوق ضرور ایک عرصے مین فنا اور نابود ہوجائیگی - چنانچہ جن خیالات کو انسان وجود کا جامہ پہناتا ہے دیکھا جاتا ہے کہ وہ اس کی قوت اور ضعف کے موافق ایک دو لمحہ سے لیکر سال دو سال دس سال تک قائم رہتے ہین اور آخر کار نابود ہوجاتے ہین - کیونکہ انسان اگرچاہے جب بھی اپنے خیال کو ایک طرف تھوڑی ہی دیر کے لئے لگا سکتا ہے لیکن جس ہستی کو دنیا کا خالق مانا جاتا ہے اور دنیا کو جسکی قوت علم یا خیال کی محسوس تصویر مانا گیا ہے اسکی قوت و قدرت کے آگے انسانی قوت خیالیہ کی کوئی ہستی ہی نہین اسکی قدرت - اس کا علم اور تمام صفات غیر محدود ہین اس لیے اگر اس نے اپنی قوت علم سے

دنیا کو پیدا کیا ہے اور اگر وہ اسکو کچھ عرصہ تک قائم رکھنا چاہتا ہے تو اسکی غیر محدودیت کے آگے کچھ مشکل نہین۔ وہ انسان کی طرح اپنے علم کی ایک صورت قائم رکھنے سے تھک نہین سکتا اور چونکہ وہ خود ابدی ہے اس لیے اگر ابد تک وہ اس صورت کو قائم رکھنا چاہے تو اسکی ذات سے کچھ بعید نہین۔ ہان اگر وہ خود فنا کرنا چاہے تو پھر اس ہستی مین بسبب حادث ہونے کے یہ طاقت نہین کہ اسکی مشیت کا مقابلہ کرے اور اسکی مرضی کے خلاف قائم رہ سکے۔ غرض جو ازلی نہین وہ ابدی بھی نہین" اس قاعدہ کا یہ مطلب ہوا کہ ایسی چیز اپنی ذاتی قوت سے ازل مین موجود نہین ہو سکتی اور اپنی ذاتی قوت سے ابد تک قائم نہین رہ سکتی یعنی وہ اپنے وجود کے لئے بالکل غیر کی محتاج ہے لیکن ایسی چیز کسی دوسری ہستی کے اثر سے بھی ابد تک نہین رہ سکتی۔ یہ کہنا غلط ہے بلکہ اگر دوسری ہستی ابدی ہے اور اگر اسکی قدرت غیر محدود ہے تو ایسی چیز اس ہستی کی مدد سے جبتک وہ ہستی چاہے قائم رہ سکتی ہے۔

ہر انقلاب پر ترقی ہوتی آئی ہے۔

مگر اس سے کیا ثابت ہوا؟ یہی کہ یہان رہنے والون کا ہمیشہ تک رہنا ممکن ہے۔ اور ممکن ہونے سے چونکہ لازم نہین آتا کہ رہین گے بھی ضرور اس لئے عالم آخرت کا احتمال قائم کرنیکے لیئے ابھی اور سامان کی ضرورت ہے اور دیکھنا چاہیئے کہ آباد دنیا مین کوئی نشان آئندہ ہستی کا بھی پایا جاتا ہے یا نہین۔ یہ دیکھنے کیلئے دنیا کی ابتدا اور اسکی ترقی کی رفتار کو دیکھنا چاہیئے جس کا آجتک تجربہ ہوا ہے۔ اسمین کچھ شک نہین کہ دنیا سب کی سب ہزارون طرح کے انقلاب اور تغیرات کا ہدف ہے اور دیکھنے والے سمندرون پہاڑون اور خود زمین آفتاب اور دیگر سیارون کو بھی انقلاب پذیر ہوتے کرتے ہوئے اور ہر لحظہ ایک حالت سے دوسری حالت مین جاتے ہوئے دیکھتے ہین چنانچہ اس قسم کے تجربون سے اور عالمانہ اصول کے موافق استدلالون سے دنیا کی پیدائش کے متعلق آجتک جو خیال سب سے زیادہ قرین قیاس اور صحیح مانا جاتا ہے وہ نیبولس تھیوری یعنے بخار کے بادل سے شروع ہونیکا مسئلہ ہے جس کے رو سے دنیا لطافت سے

کثافت کیطرف آتے ہوئے ایک دن جم کر برف کا تودہ بن جائیگی اور اُس دن سائنس
کے نزدیک گویا دنیا اور دُنیا کے کاروبار اور مان کے نتائج سب کا خاتمہ ہے مگر جس وقت یہ
زمین و آسمان کا مادہ بخار کی شکل مین ایسا پھیلا ہوا تھا کہ آج کے دن کا ایک گرین کا ذرہ اُس
وقت ہیم ہاٹز کے خیال کے مطابق کئی ملین مکعب میلون مین پھیلا ہوا خیال کیا جاتا
ہے اُس وقت اگر کوئی سائنس دان موجود ہوتا اور اپنے علم سے قیاس لگاتا کہ ایک دن یہ پھیلا
ہوا بخار سمٹ کر اِس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائین گے یعنی آفتاب اور سیارے بنجائین گے
تو وہ بخار کی اس حالت کو جس کو ہمیشہ سے دیکھنے کا عادی تھا دنیا کی اصلی حالت سمجھتا اور اسکے
ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کو دنیا کا خاتمہ خیال کرتا حالانکہ بعد کے تجربون سے ثابت ہوا کہ وہ
حالت محض ابتدائی تھی اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا ہی عالم کی ترقی کا زینہ ہے۔ اِسی طرح جس
وقت زمین گیس کی حالت سے سیال شکل مین تبدیل ہونی شروع ہوئی ہوگی اُس وقت
کوئی ذی عقل انسان موجود ہوتا تو وہ بھی ضرور خیال کرتا کہ قیامت آگئی اور لطافت جو پہلے
سے موجود تھی پانی بناکر بہادی گئی۔ مگر حقیقت مین وہ بھی ترقی کا ایک درجہ تھا۔ اور اسی
طرح سیال سے منجمد ہونے کے وقت کوئی ہوتا تو روانگی کے بعد سکون کو بیکار ہو جانا سمجھتا
اور علی ہذا نباتات اور حیوانات کے پیدا ہونے پر اگر کوئی غور کرنیوالا ہوتا تو مادہ کے فاسد
ہو جانے اور اُس مین پھوڑے پھنسیان نکلنے اور کیڑے چل جانیکا خیال کرتا۔ غرض ہر
ایک بڑے انقلاب کے وقت جو ہوتا آیا ہے حالت موجودہ کے بدل جانے کی وجہ سے
خیال کرنے والا دُنیا کا خاتمہ سمجھ سکتا تھا مگر اب ہم سمجھتے ہین کہ سب سے عمدہ حالت ہی
وہ ہے جو اب پیدا ہوئی ہے اور دنیا کو پیدا کرنے سے غرض ہی یہ تھی کہ یہ دسترخوان آراستہ
کرنے کے بعد حضرت انسان کی دعوت کی جائے۔ اچھا تو اگر کوئی غور کرنے والے اس وقت
غور کرتے وہ ہر ایک انقلاب کو خاتمہ سمجھ لینے مین معذور بھی ہوتے کیونکہ وہ ایک ہی حالت
کا خیال کرتے اور اسمین تغیر ہوتا دیکھتے۔ مگر ہم جو اتنے انقلابون کے بعد اور ہر ایک انقلاب

پر حیرت انگیز ترقی دیکھنے کے بعد منجمد ہو جانے کو خاتمہ سمجھتے ہین تو کیا ہم بھی مجبور ہین؟ بیشک ہم سمجھ نہین سکتے کہ منجمد ہو جانے پر یہ عالم کس طرح ترقی کریگا لیکن جس نے گیس کو سیال یا منجمد ہوتے دیکھا ہوگا وہ بھی اُس وقت نہ سمجھ سکا ہوگا کہ اب کیا ہوگا۔ اور ہمنے جوان حالتون کا خیال کرنے پر سمجھا ہے کہ یہ ترقی تھی تو اسلئے کہ ہمکو بعد کے حالات دیکھنے کا موقع ملا پس اب بھی برف بنجانے پر جو ترقی ہونے والی ہے اسکو وہی شخص سمجھ سکیگا جو اس حالت کو دیکھیگا لیکن پھر بھی نہایت ظلم ہوگا اگر ہم اتنے انقلابون کا علم رکھنے اور ان کے اندر ترقی کا رستہ صاف ہوتے دیکھنے کے بعد اتنا بھی نہ سمجھین کہ جس طرح ان وقتون مین پہلی حالت کے بعد دوسری حالت اور بھی بڑھ چڑھ کر آب و تاب دکھاتی رہی ہے اور معلوم ہوتا رہا ہے کہ پہلے جو کچھ تھا محض تمہید تھی اور پیدائش کی حقیقت اب ظاہر ہوئی ہے اسی طرح اس حالت کے بعد دوسری حالت بھی کچھ ایسی ہی ہوگی جس کے سامنے یہ سب آبادی اور رونق ایک کھیل سے زیادہ وقعت نہ رکھے گی اور ثابت ہوگا کہ حقیقی زندگی ابھی حاصل ہوئی ہے۔

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ط وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ط لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ط (عنکبوت پارہ ۲۱ ع ۵)	یہ دنیا کی زندگی لہو و لعب سے زیادہ نہین اور بیشک اگلی دنیا ہی حقیقی زندگی ہے۔ کاش لوگ یہ سمجھ جائین

اسمین شک نہین کہ نیبولس تہیوری عالمانہ دماغ کا استدلال ہے اور تجربہ کی بات نہین لیکن اگر یہ مسئلہ غلط ہو اور دنیا کی پیدائش اور اسکی آیندہ حالت کسی اور شکل پر ہو تب بھی اس مین شبہ نہین کہ دنیا ہمیشہ سے ایک حالت پر قائم نہین اور ہزارون طرح کے انقلاب برداشت کر رہی ہے اور برداشت کرتی جائیگی۔ اس لیے انقلاب کی شکل خواہ کچھ ہو۔ ہمارا اس وقت کا استدلال صرف اس بات پر منحصر ہے کہ پہلے انقلابون سے جب خاتمہ نہ ہوا بلکہ ترقی ہوتی گئی تو آئندہ انقلابون سے کام کیون بند ہو جائیگا۔ اور اس وقت تک چونکہ انقلابون کی یہی شکل مانی گئی ہے اس لیے استدلال کو الفاظ مین لانے کے لیئے حال کی

مسلمہ سکلون کا ہی ذکر کرنا پڑتا ہے۔

منجمد ہوجانے پر ترقی کی سبیل

مگر کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ اس وقت تک جس قدر انقلابون کا تجربہ ہوا ہے ہمان مین حرارت اور روشنی کسی نہ کسی سرچشمہ سے نکلتی رہی ہے اور اسی سبب سے دُنیا مین ترقی ہوتی آئی ہے اور ہم یقین رکھتے ہین کہ اگر اُدھر سے حرارت وغیرہ کا آنا بند ہوجائے تو ترقی بھی یک لخت بند ہوجائیگی۔ اور سائنس جس وقت پر اس نظام کا بگڑ جانا مانتی ہے وُہ وہی وقت ہے کہ تمام فضا منجمد ہوجائیگی اور حرارت اور روشنی کا کوئی سرچشمہ موجود نہ رہیگا اس لیے اس وقت ترقی کا کوئی اور ظہور ماننا بے وجہ ہے مگر اس اعتراض کا وزن دیکھنے کے لیے ہمین پہر اسی سلسلہ کو دیکھنا چاہیئے جس مین پہلے غور کیا ہے۔ چنانچہ ایک وقت تھا کہ زمین بخار کے بادل سے الگ ہوکر گیس کی شکل مین گھوم رہی تھی۔ اس وقت حرارت خود اسکے اندر موجود تھی اور اسکے ذرات کو باہر کی طرف دھکیل رہی تھی اور پھر رفتہ رفتہ وہ حرارت گم ہوگئی یا کم ہوگئی اور اس کا اثر جاتا رہا۔ مگر اس حرارت کے زائل ہونے اور زمین کے منجمد ہوجانے پر ترقی مین کوئی رکاوٹ نہین ہوئی بلکہ جو حرارت اور روشنی وغیرہ آفتاب سے نکل رہی تھی اب آئندہ اسکی وساطت سے ترقی کی ایسی اعلےٰ شکلین نمایان ہوئین کہ زمین کی اندرونی حرارت سے ممکن نہ تھین۔ اب فرض کرو کہ ایک دن یہ ہمارا آفتاب بھی سرد ہوجائیگا اور زمین کیطرح اسمین بھی حرارت کا وجود نہ رہیگا۔ لیکن اگر اس آفتاب سے پرے کوئی آفتاب ہو جس کے گرد یہ آفتاب اسی طرح حرکت کرتا ہو جس طرح اس آفتاب کے گرد زمین تو ضرور ہے کہ جس طرح زمین کے سرد ہوجانے پر آفتاب کی حرارت نے اس کو اور بھی ترقی دی تھی اسی طرح اس آفتاب کے سرد ہوجانے پر دوسرے آفتاب کی شعاع اس نظام کو اب سے زیادہ آباد کریگی اور اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک کرد بالا ایک نظام شمسی کے منجمد ہوجانے سے اگر اس سے اوپر کوئی اور آفتاب موجود ہو تو ترقی رُک نہین سکتی۔ اس مشروط نتیجہ کو مان کر جسمین کوئی شک نہین اس کے ساتھہ اس نتیجہ کو ملاؤ جو تمام عالم پر نظر کرنے

سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک ازل سے ابد تک رہنے والا آفتاب وحدت ہے جس نے اس عالم کو پیدا کیا ہے اور جس کے نور نے ناموجود کو موجود اور نامحسوس کو محسوس بنایا ہے تو ان دونو مقدمات کو ملانے سے ثابت ہوگا کہ خواہ یہی ایک آفتاب ہو اور خواہ اس کے اوپر اور آفتابون کا ایک سلسلہ ہو ان سب کے منجمد ہوجانے پر اگر اصلی سرچشمہ یعنی آفتاب وحدت موجود ہے اور اگر وہ اپنی قدرت مین لازوال ہے تو اسکی شعاعون سے اس منجمد فضا پر وہی اثر ہوگا جو زمین کے منجمد ہوجانے پر آفتاب کی شعاعون سے ہوا۔ اور جس طرح اس آفتاب وحدت کے وہ آثار ہماری نظر سے مخفی ہین جو بخار کے بادل سے پہلے ہوئے ہونگے حالانکہ مادہ کے انقلابی حالت کو دیکھتے ہوئے ہم یقین کرتے ہین کہ پہلے بھی ہزارون انقلاب ہوئے ہونگے اسی طرح اس آفتاب کا وہ اثر بھی ہمکو محسوس نہین ہوسکتا جو انجماد کے بعد ظاہر ہوگا مگر اسی مادہ کی انقلابی حالت سے اس کا بھی یقین کرنا پڑتا ہے۔

غرض ان انقلابون کو دیکھ کر جسوقت ہم سمجھتے ہین کہ تمام مادی نظام تباہ ہوجائیگا اور تمام آفتاب اور سیارے منجمد اور بے نور ہوکر زمین و آسمان اور اُن کی درمیانی موجودات کی حالت دگرگون ہوجائیگی وہی وقت ہے جسکو **نفخ اول** کہتے ہین اور پھر جب اس کے بعد یہ خراب آباد براہ راست نور ربانی کا جلوہ گاہ بنیگا اور کسی اور طرح کی ترقی مین مصروف ہوگا اس زمانے کو **نفخ ثانی** کہتے ہین اور بالاجمال ان دونو انقلابون کا نام **قیامت** ہے

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (ابراہیم پ ۱۳ ع ۷)	جس دن یہ زمین بدل کر اور زمین ہوجائیگی اور آسمان بھی بدل جائینگے اور سب چیزین براہ راست خدا کے سامنے ہونگی
وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِينِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى	ان لوگون نے جیسا چاہئے خدا کو پہچانا نہین حالانکہ قیامت کے دن زمین سب اسکے قبضہ مین ہوگی اور آسمان لپٹے ہوئے اُسکے ہاتھ مین ہونگے وہ ذات پاک اور بلند

عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ
مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ
اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى
فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝ وَاَشْرَقَتِ
الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ
وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ
بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

(زمر پارہ ۲۴ ع ۷)

فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝ وَجُمِعَ
الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۙ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ
اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝ اِلٰى رَبِّكَ
يَوْمَئِذِ ِۨالْمُسْتَقَرُّ ۝

(قیامہ پارہ ۲۹ ع ۱)

فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ
وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ
لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝

(مرسلات پارہ ۲۹ ع ۱)

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ
وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ..... عَلِمَتْ
نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝ (کورت پارہ ۳۰ ع ۱)

شکلوں کی عمر فوج کی قوت و ضعف پر منحصر ہے

ہے لوگون کے شرک سے - اور نرسنگھا پھونکا
جائیگا پس جو آسمان و زمین پر ہین مرجائینگے
باستثنا ان کے جن کو خدا چاہے - پھر دوبارہ
پھونکا جائیگا تو وہ سب کھڑے ہوجائین گے

اور حیران تکینگے اور زمین خدا کے نور سے روشن ہوگی
اور کتاب رکھی جائیگی اور نبیا اور گواہون کو لایا جائیگا
اور لوگون مین حق فیصلہ کیا جائیگا اور اُن پر ظلم نہوگا

جب کہ نظر چندھیا جائیگی اور چاند بے نور ہوجائیگا
اور سورج اور چاند جمع کردئے جائینگے - اُس دن
انسان کہیگا کہ اب ٹھکانا کہان ہے - بیشک
کوئی ٹھکانا نہ ہوگا - اور اس دن صرف ذات
خداوندی پر قیام کا مدار ہوگا -

پس جبکہ ستارے بے نور ہوجائینگے اور فضا خالی
ہوجائیگی اور پہاڑ نابود ہوجائینگے اور جبکہ پیغمبرون
کو جمع کیا جائیگا انکو کیسے بڑے دن مین شہادت
دینی ہوگی - فیصلہ کے دن مین

جب کہ آفتاب بے نور کردیا جائیگا اور جبکہ ستارے
گرادئے جائینگے اور جبکہ پہاڑ نابود کردے جائینگے
..... اسوقت جان لیگا ہر شخص جو اس نے پیش کیا ہے

تسلیم کرنیکے بعد کہ آئندہ انقلاب مین یہ مخلوق نئی شکل مین

پیدا ہوگی اور ترقی کریگی معین طور پر معلوم نہین ہوسکتا کہ اس وقت مخلوق کے وجود مین آنے یا قائم رہنے کا قانون کیا ہوگا البتہ یہ ضرور دیکھا جاتا ہے کہ یہان مادہ کی مقدار اور جس قدر حرارت اور نور مادہ کو عطا کیا گیا ہے وہ سب کچھ محدود ہے اور مادہ اگرچہ اپنی حالت پر قائم ہے مگر حرارت اور نور وغیرہ کا ذخیرہ صرف ہوتا جاتا ہے چنانچہ جس قدر ذخیرہ زمین مین ودلیعت تھا وہ قریبًا صرف ہو چکا ہو اور اب جو کچھ آفتاب سے مل رہا ہے اُسکی مقدار بھی خواہ کیسی ہی عظیم الشان ہو مگر بے پایان نہین اور ایک دن ختم ہونے کو ہے اور پھر اسکے صَرف ہونے کی بھی یہ شکل ہے کہ ایک خاص سمت سے خاص مقدار مین حرارت موصول ہوتی ہے اور جس چیز پر اس کا اثر پہنچتا ہے اسکی ایک طرف کو ایک خاص حد تک گراتا ہے اور دوسری طرف پہنچتے پہنچتے اور بھی کمزور ہو جاتا ہے اور اگرچہ سیارون کو دوری حرکت دینے سے ہر طرف حرارت پہنچانے کا انتظام کیا گیا ہے مگر دائمی اثر اس صورت مین بھی پیدا نہین ہوا اور اسی لئے سال کے مختلف موسمون مین اور رات دن کے مختلف حصّون مین حرارت اور نور کا اثر مختلف ہوتا ہے اور جو مخلوق اس اثر سے پیدا ہوتی ہے وہ ایک مختصر عرصہ سے زیادہ قائم نہین رہ سکتی چنانچہ نباتات کا اکثر حصہ موسم کی ایک خاص حالت مین پیدا ہوتا ہے اور جب تک وہ حالت قائم رہتی ہے بڑھتا پھولتا ہے اور اس حالت کے ختم ہو جانے پر نابود ہو جاتا ہے اس سے زیادہ مکمل شکل کے درخت اگرچہ بہت عرصہ تک قائم رہتے ہین لیکن چونکہ محدود حرارت نے ہر چیز کے اندر محدود قوت پیدا کی ہے اِسلئے ان درختون کے گرد و پیش کی فضا اور خوراک اور اسکی اندرونی اجزا کی قوت سب محدود ہے اور یہی وجہ ہے کہ جو مادہ ان درختون مین صرف کیا گیا ہے اگرچہ وہ قائم رہتا ہے اور کبھی فنا نہین ہوتا مگر اسی محدود حرارت اور محدود قوت کے سبب درختون کی یہ شکل ہمیشہ کے لئے قائم نہین رہ سکتی - اور یہی کیفیت حیوانات اور انسان کی ہے کہ مادہ کی یہ شکلین بھی ایک محدود عرصہ مین فنا ہو جاتی ہین کیونکہ جو قوت ان کے اندر اور باہر کام کر رہی ہے وہ محدود ہے -

مگر اس قوت کے محدود ہونیکا سبب کیا ہے؟ اگرچہ کیا معلوم ہوگا لیکن دیکھنا چاہئے
کہ یہان کچھ اثر آفتاب کے نور سے ظاہر ہوتے ہین اور کچھ ماہتاب کے نور سے۔ اور دیکھا
جاتا ہے کہ ماہتاب کے نور سے جو اثر ظاہر ہوتے ہین انکا زمانہ بہت ہی مختصر ہوتا ہے۔ مدوجزر
ہو تو پھل پھول کی پیداوار ہو تو اور جسم کے اندر خون کا جوش اور بعض امراض کا چاندنی
اور اندھیری راتون مین اُتار چڑھاؤ ہو تو غرض جس قدر اثر چاند کی گردش سے پیدا ہوتے ہین
چند روز مین بدل جاتے ہین اور اس کے برخلاف آفتاب کے اثر سے زمین پر جس قدر تغیرات
ہوتے ہین ان مین سے بعض تو بہت عرصہ تک قائم رہتے ہین اور بعض مثلاً موسمون کا تغیر
اور زراعت کی پیداوار بھی کم از کم مہینون کی عمر پاتے ہین اور اسکی وجہ اگر ہے تو یہی ماہتاب
مین جو اثر ہے وہ اسکی اپنی ذات سے پیدا نہین ہوتا بلکہ آفتاب ہی کا نور ہے جو ماہتاب کی
وساطت سے عمل کرتا ہے اور یہی ایک واسطہ حائل ہو جانے کا سبب ہے کہ وہ اثر کمزور ہو گیا ہے
اور اسکے خلاف آفتاب کا اثر خود اسکی ذات کیطرف منسوب ہو اور بیواسطہ ہونیکے سبب نسبتہً دیرپا
ہوتا ہے اب اگر یہ آفتاب بھی اپنی ذات سے منور نہ ہو بلکہ اسکے پیچھے کوئی اور جسم ہو جس سے
اسکو نور پہنچ رہا ہے تو ضرور ماننا پڑیگا کہ آفتاب کے اثر کی محدودیت بھی اسی سبب سے ہے کہ
اسکا نور خود اسکی ذات سے پیدا نہین ہوتا اور واسطہ حائل ہونے کے سبب اُس کے اثر سے جو
مخلوق پیدا ہوتی ہے وہ ایک خاص عرصہ مین فنا ہو جاتی ہے اور نیز یہ بھی ماننا پڑیگا کہ اگر آفتاب
کے سر ہو جانے پر اس سے اوپر کے آفتاب کا نور بے واسطہ آنے لگے تو اسکی مخلوق اب سے
زیادہ دیرپا ہو اور یہی نتیجہ اس وجہ سے بھی پیدا ہوتا ہے کہ زمین جب گیس یا سیال تھی اور
حالت خود اس کے اندر موجود تھی تو اسکی اجزا نہایت سرعت سے شکلین بدلتی رہتی تھین جیسا کہ
اب بھی پانی اور بخار کے ذرات مین فوری تغیرات دیکھے جاتے ہین لیکن جب اسکے منجمد ہونے
پر آفتاب کی طرف سے حرارت آنے لگی تو شکلین بھی نسبتہً پائدار ہونے لگین اب جو یہ آفتاب بھی
منجمد ہو جائیگا تو دوسرے آفتاب کے اثر سے اسوقت کی شکلین ضرور اور پائدار ہونی چاہئین

اور اسکے ساتھ جب یہ مانا جائے کہ ایک آفتاب وحدت موجود ہے جو اپنی ذات سے منور ہے اور اسی کا نور ہے جو واسطہ در واسطہ تمام عالم کو منور کر رہا ہے اور نیز وہ نور غیر محدود ہے اور نیز غیر مادی ہو سکنیکے سبب اس کے فیضان کے لئے کسی خاص سمت اور خاص وقت کی بھی ضرورت نہین تو ضرور یہ نتیجہ نکلے گا کہ جب تمام درمیان وسائل ختم ہو جائینگے اور اس نور کی شعاعین براہ راست اور ہر طرف سے عالم کو منور کرینگی تو خواہ اس عالم کے پیدا ہونے کی کوئی شکل ہو اور اُسکے قیام کے واسطے کسی قسم کے قوانین جاری ہون یہ ضرور ہوگا کہ اس وقت جو چیز پیدا ہوگی اُسکی عمر محدود نہ ہو بلکہ جبتک اس نور کی شعاعین کام کرین یعنی ابدالآباد تک وہ مخلوقات بھی قائم و دائم رہے۔

نشخص قائم رہنے کی وجہ اور روح کا وجود۔

ابھی تک آتشناد کر ہوا ہے کہ اس عالم کے تودۂ برف یا کسی اور شکل مین آجانے اور آبادی کے تباہ ہو جانے پر خاص نور وحدت کے اثر سے پیدائش کا سلسلہ جاری ہونے کو ہے لیکن اب سوال ہے کہ جب یہان کی مخلوق تباہ ہو گئی اور اسکی اجزا مادہ کے دیگر اجزا سے ملگئین تو یہان کی مخلوق کا تشخص بھی قائم نہ رہا۔ اسلئے خواہ اسی مادہ سے اور اعلےٰ شکلین پیدا کی جائین بعینہ وہ مخلوق پیدا نہ ہوگی جس نے اس دنیا کو آباد کیا تھا۔ بلکہ وہ اور مخلوق ہوگی۔ اور اس لیے ابھی تک ثابت نہین ہوا کہ یہان کی مخلوق دوبارہ زندہ ہو کر جزا و سزا برداشت کریگی۔ اور بیشک اگر محض جسمانیات کو دیکھا جائے تو ایک چیز کے ٹوٹ جانے پر اُسکا تشخص بھی فنا ہو جاتا ہے۔ اور پھر خواہ انھی اجزا سے اور شکل بنائی جائے وہ پہلی چیز پیدا نہین ہوتی چہ جائیکہ تمام عالم درہم و برہم ہو جائے اور پھر دوبارہ پیدائش کا سلسلہ جاری ہو تو جس طرح یہان ہوتا ہے وہان بھی مادہ کی بعض اجزا زمین اور فضا مین صرف ہونگین بعض اجزا دیگر سامان پیدا کرینگی اور بعض سے کچھ اعلیٰ شکلین پیدا ہونگی اسلئے اسوقت بعینہ یہان کی اعلےٰ شکلون کی اجزا کا وہان کی اعلیٰ شکلون مین صرف ہونا بھی دشوار ہے اور اس لیے محض جسمانیت کے لحاظ سے اس عالم مین یہان کے تشخصات کا

قائم رہنا ممکن معلوم نہین ہوتا اور اگر دُنیا محض جسمانیات کا ہی مجموعہ ہو تو کچھ شک نہین کہ اِس صورت مین یہان کے اعمال اور اُنکی جزا و سزا سب کچھ اسی زندگی کے ساتھ ختم ہو جائیگا اور آئندہ خواہ کچھ ہوتا رہے یہان والون کو اس سے تعلق نہ ہوگا۔ لیکن یہی ایک عجیب بات ہے کہ سائنس دنیا مین جسم و جسمانیات کے علاوہ اور کسی چیز کو پہچانتی نہین اور اس کے برخلاف مذہب مین اگرچہ بیشمار اختلاف موجود ہین اور بہت سے مذاہب کسی نہ کسی امر مین سائنس سے اتفاق رکھتے ہین اور جن مسائل کو اُسکے مطابق نہین پاتے اُن پر اصرار کرنا مناسب نہین سمجھتے مگر یہی ایک مسئلہ ہے جس پر باوجود سائنس کی شہادت کے نہ ہونے کے تمام مذاہب کو اصرار ہے اور وہ سب جسمانیت کے علاوہ یہان کے جاندارون مین ایک اور غیر جسمانی جوہر لطیف یعنے روح کو موجود مانتے ہین اور موت کے بعد اِس کے قائم رہنے پر یقین رکھتے ہین۔ اور اگر اختلاف ہے تو اس قدر کہ بعض مذاہب ارواح کو جسم کی پیدائش سے پہلے موجود مانتے ہین یا قدیم جانتے ہین اور بعض کہتے ہین کہ ارواح کا پہلے سے موجود ہونا ممکن نہین بلکہ وہ اسی وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ جاندار کا نطفہ زندگی حاصل کرنیکے لئے تیار ہوتا ہے۔ غرض روح کا وجود سائنس اور مذہب کا قدیمی اختلاف ہے اور ثبوت دیکھا جائے تو جس کو ثبوت کہنا چاہئے کسی طرف بھی نہین ہے، قرائن اور نشانات سو انکی یہ صورت ہے کہ روح کے نہ موجود ہونے کا کوئی قرینہ بھی موجود نہین۔ مسٹر جان سٹوارٹ مِل لکھتے ہین[1]۔

> سائنس مین دوام روح کے خلاف کوئی ثبوت نہین۔ صرف ایک سلبی شہادت ہے یعنے یہ کہ دوام روح کے لئے کوئی ثبوت نہین ملا لیکن یہ سلبی شہادت بھی ایسی مضبوط نہین۔ مثلاً جادوگری کے بارہ مین یہ واقعہ کہ اُسکے موجود ہونیکا قطعی ثبوت موجود نہین" ایسا ہی نتیجہ خیز ہے جیسے اُسکے ناموجود ہونے کا کوئی ایجابی ثبوت نتیجہ خیز ہوتا۔ کیونکہ اگر جادو موجود ہوتا تو اسی زمین پر ہوتا اور اگر زمین پر ہوتا تو یقیناً اس کے وجود کی شہادت بھی ملسکتی لیکن موت کے بعد روح کے قائم رہنے یا نہ رہنے کے بارہ مین بھی استدلال پیش نہین ہو سکتا کیونکہ جس طرز

[1] ایسے ۳

کی شہادت جادو کے وجود کو غلط ثابت کرتی ہے اسی طرز سے اس قدر تو ثابت ہو سکتا ہے کہ روح موت کے بعد نہ اس کرہ پر رہتی ہے اور نہ نظر آتی ہے اور نہ انسانوں کے کاروبار میں دخل دیتی ہے لیکن اس امر کا یقیناً کوئی ثبوت نہیں کہ وہ کسی اور عالم میں بھی موجود نہیں ہے۔ اگر کوئی مبہم خیال ہو سکتا ہے تو یہ کہ وہ اس کرہ سے ہمیشہ کیلئے چلی جاتی ہے۔"

باقی رہا اس کے موجود ہونے کا یا بعد از موت قائم رہنے کا قرینہ سو وہ بیشک موجود ہے اور وہ یہ کہ جو صفات جسم اور جسمانی ساخت سے پیدا ہوں ان کے لئے ضرور ہے کہ جسمانی ساخت کی قوت سے قوی ہوں اور اس کے کمزور ہونے پر کمزور ہو جائیں اور اس طرح فکر و خیال اور دیگر دماغی اور اعصابی قوتیں ثابت ہوتا ہے کہ جسم سے تعلق رکھتی ہیں اور اس لئے جسم کی قوت و ضعف سے ان میں تغیر ہو جاتا ہے لیکن انسان ہیں جسمانی وسائل کے بغیر اشیاء کو دیکھنے خیالات کو معلوم کرنے اپنے خیالات کو ظاہر کرنے اور وزنی چیزوں کو حرکت دینے کی یا چند اور قوتیں ایسی ثابت ہوتی ہیں جن کا ظہور جسمانی قوت و ضعف کے مناسب حال نہیں ہوتا بلکہ وہ عموماً ایسے وقت میں ظہور کرتی ہیں جبکہ جسمانی تعلقات بیماری سے یا مصنوعی طور پر بیہوش کرنے سے کم ہو جائیں اور اکثر ایسی قوتوں کا ظہور موت کے وقت ہوتا ہے جبکہ جسمانی ساخت قریب بزوال ہوتی ہے چنانچہ پروفیسر ولیم جیمس اپنے رسالہ ہیومن امارٹلٹی اور مسٹر مایرس اپنی مبسوط کتاب ہیومن پرسنلٹی میں انہی مناظرہ کے بنا پر وجود روح اور دوام روح کو اغلب ثابت کرتے ہیں۔

اور یہ دیکھنے کے بعد کہ عدم روح کیلئے کوئی قرینہ بھی موجود نہیں اور دوام روح کے لئے اگرچہ منطقی ثبوت نہ ہو مگر غالب گمان پیدا کرنیوالے قرائن موجود ہیں اور تمام مذاہب اسکے وجود کو تسلیم کرتے ہیں۔ مذہبی تحقیق کے متعلق اس انسانی فرض کا بھی خیال کر لینا چاہیے جو پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ مذہب کے اصولی دعوی تجربہ کی گرفت سے باہر ہیں اور اس لئے ان کی نسبت یہ امید ہی نہ رکھنی چاہئے کہ وہ سب کے سب منطقی حسی دلائل سے پورے طور پر ثابت

ہوسکین گے بلکہ اُن کے بارہ مین دیکھنے والیکو یہی دیکھنا چاہیئے کہ تمام مذاہب کے اختلافی مسائل مین کونسا عقیدہ قرین قیاس اور ممکن الوقوع ہے اور کس عقیدہ کو عقل یقیناً ناممکن کہتی ہے چنانچہ اس نظر سے دیکھنے پر چونکہ روح کے وجود کے لیے قراین موجود ہین اور مذاہب کا اسبارہ مین اختلاف بھی نہین اس لیے دیگر اخلاقی مسائل کی تحقیق کے وقت عقل کو روح کی نسبت گمان غالب پیدا ہونا کافی ہے اور اس لیے ہم کہ سکتے ہین کہ اگر انسان مین روح نہین ہے تو بیشک حشر ونشر اور جزا وسزا کا بھی خرخشہ نہین - اور اس صورت مین برائی کرنے والا اگر یہان کے ملکی اور تمدنی قوانین کی زد مین نہ آئے تو شوق سے لطف اٹھائے آئندہ کوئی پوچھنے والا نہین لیکن اگر بدقسمتی سے ہمارے اندر کوئی چیز مرنیکے بعد قائم رہنے والی موجود ہے اور قراین کہتے ہین کہ ہے تو پھر چاہے ہمارے یہ جسمانی اجزا مادہ کے دیگر اجزا کے ساتھ مل جائین ہمین برائی کے بداثر سے بچانے والا کوئی نہین کیونکہ جب مادہ موجود ہے اور آئندہ انقلاب مین اور ترقی کریگا تو روح بھی موجود ہے اور وہان اور اعلیٰ شکل مین جلوہ گر ہوگی اور اس لیے مادہ کی جو اعلیٰ اشکلین وہان پیدا ہون گی وہی روح کا مسکن قرار پائینگی اور اس طرح خواہ مادی اجزا وہی ہون یا کوئی اور ہمارا شخص برقرار رہیگا اور جس قسم کی ترقی کا استحقاق لیکر گئے ہین اُسکے نتائج برداشت کرنے پڑینگے اور جس قدرت نے یہان ابتداً مادہ اور روح کو پیدا کیا ہی اور باہم ملایا ہے وہ آئندہ جبکہ مادہ اور روح دونو موجود ہون گے اور اپنی اپنی قابلیت کے لحاظ سے بعض روحین بعض شکلون کے ساتھ پیوستہ ہونے کی صلاحیت رکھین گی اس قدرت کو پہلے تشخصات قائم رکھنے اور بھی آسان ہونگے

چنانچہ ارشاد ہے:-

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَھُمْ (بنی اسرائیل پارہ ۱۵ ع ۱۱)	کیا وہ نہین دیکھتے کہ خدا جس نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے ویسی ہی مخلوق پیدا کرنے پر قادر ہے

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝ (طٰہٰ پارہ ۱۶ ع ۳)

ہمنے تمکو زمین سے پیدا کیا اور اسی کی طرف واپس لے جاتے ہین اور دوبارہ اسی مین سے نکالین گے۔

كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۝ وَعْدًا عَلَيْنَا ۝ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ (انبیا پارہ ۱۷ ع ۵)

جس طرح ہمنے پہلی پیدا کیا دوبارہ بہی پیدا کرینگے یہ ہمارا وعدہ ہے اور ہم ایسا کرنیوالے ہین

وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ۝ (روم پارہ ۲۱ ع ۳)

وہی پہلے پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا اور یہ کام اسکو اور بہی آسان ہے۔

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۝ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝ (یٰس پارہ ۲۳ ع ۵)

کیا جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا ویسی ہی مخلوق پیدا کرنے پر قادر نہین۔ ہان وہ پیدا کرنیوالا ہے اور علم والا ہے

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۝ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ (ق پارہ ۲۶ ع ۱)

کیا ہم پہلے پیدا کرکے تھک گئے ہین۔ مگر یہ لوگ دوبارہ پیدا کرنے کی نسبت شکوک مین گرفتار ہین۔

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۝ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ۝ (ق پارہ ۲۶ ع ۳)

جس دن زمین پھٹ جائیگی اور یہ لوگ جلدی جلدی پیدا ہوجائینگے ایسا حشر ہمارے لیے آسان ہے۔

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

(واقعہ پارہ ۲۷ ع ۲)

ہم نے تم مین موت کا سلسلہ جاری کیا ہے اور ہم اس سے عاجز نہین ہین کہ تم کو تم جیسی شکلون مین بدلین اور تمکو ایسے عالم مین پیدا کرین جس کو تم نہین جانتے۔

تمام دنیوی اجسام بعینہ زندہ نہین ہونگے

بعض اہل علم کیطرف سے مذہبی شکل مین یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ انسان مین روح نہین اور یہی اجزاے مادی قیامت کو دوبارہ زندہ ہونگی اس خیال پر جو اعتراض ہوتا ہے کہ اجزا پراگندہ ہونے کے بعد متمیز نہین رہتین اور دیگر اجزا کے ساتھ مل جاتی ہین۔ واقع مین کوئی وقیع اعتراض نہین۔ کیونکہ اگرچہ ظاہر مین پراگندہ ہونے کے

بعد اجزا مین کوئی تمیز نہین رہتی مگر واقعہ مین وہ اجزا مادہ کے دیگر اجزا سے متمیز ہین۔ ہم یہان بعض نباتات یا معدنیات کے اجزا کو جلا دیتے ہین اور کشتہ کر لیتے ہین اور اس حالت مین ایک چیز کی اجزا دوسری چیز کی اجزا سے متمیز نہین ہوتین لیکن پھر بھی ہر چیز کی اجزا مین وہ تاثیر ہوتی ہے جو دوسری چیز کی اجزا مین نہین ہوتی اور یہ اسلئے ہوتا ہے کہ وہ اجزا کچھ عرصہ خاص نبات یا خاص دھات کی شکل مین رہ چکی ہین۔ اسی طرح جو اجزا خاص مدت تک کسی انسان کے جسم مین رہ چکی ہین اور اچھے اور بُرے رنج و راحت اور مسرت و غم کے اثر برداشت کر چکی ہین وہ بھی واقع مین عام اجزا اور دیگر انسانون کی اجزا سے متمیز ہین اور وہ خدا جس نے ان اجزا کو پیدا کیا ہے اور خاص خاص اجزا کو خاص خاص حالات مین رکھا ہے اس کو یہ اجزا فراموش نہین ہو سکتین اور اگر ہم خدا کو مانتے ہین تو اس سے انکار نہین ہو سکتا کہ پھر انہی اجزا کو اسی شکل مین پیدا کرنا اسکی قدرت مین ہے اور اگر اسکی مشیت ہوگی تو انسان بعینہ اپنی انہی اجزا کے ساتھ پیدا ہو سکین گے چنانچہ فرمایا ہے

اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ لَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَہٗ ط بَلٰی قٰدِرِیْنَ عَلٰٓی اَنْ نُّسَوِّیَ بَنَانَہٗ ط (قیامہ پارہ ۲۹ ع ۱)	کیا انسان سمجھتا ہے کہ ہم اسکی ہڈیون کو جمع نہ کر سکینگے؟ ہان ہم قادر ہین کہ اسکی انگلیون کے پور تک بنا دین۔

مگر باوجود اس کے ہم جو آئندہ جہان مین جزا و سزا کو بعینہ دنیوی اجزا کے زندہ ہونے پر منحصر نہین سمجھتے اور جیسا کہ گذشتہ آیات قرآنی اور اس طرح کے اور بہت سے مقامات پر ارشاد ہوا ہے کہ ہم ان کی مانند اجسام پیدا کرینگے ہی کو قرین عقل سمجھتے ہین تو اس لئے کہ یہان جیسا کہ **امام غزالی** رح فرماتے ہین اکثر اجزا کا ایک سے زیادہ انسانون مین داخل ہونا ممکن ہے کیونکہ اول تو مرنیکے بعد عموماً جسمانی اجزا یہین کے کاروبار مین صرف ہوتے رہتے ہین اور آئندہ آنے والے انسان یہین کی اجزا سے خوراک لیتے ہین اور دوسرے ایسا بھی ہوا ہے کہ ایک انسان دوسرے انسان کو کھا جاتا ہے اور اس وقت چاہے خوراک اسکی اجزائے اصلیہ مین شمار نہ ہو مگر اس خوراک سے علاوہ اور کامون

کے نطفہ بھی تیار ہوگا اور اس نطفہ سے کوئی اور انسان بنیگا تو اب اس انسان مین وہی اجزا ہین جو خوراک بننے والے انسان مین تھین اور ان اجزا کو آئندہ جہان مین انسانی شکل دیجاوے تو ایک انسان بنیگا حالانکہ یہان ان سے یکی بعد دیگرے دو انسان پیدا ہوئے تھے اور اگر جزا و سزا کیلئے انہی اجزا کا وجود ضرور ہو تو لازم آئیگا کہ ایک نے حشر و نشر کو برداشت کیا اور دوسرا نہ بھلائی مین پکڑا گیا نہ برائی مین - اس لئے حقیقت مین تشخص اسی طرح پر قایم رہ سکتا ہے کہ کوئی چیز یہان سے وہان تک برابر موجود رہے خواہ جسمانی اجزا اسکی مشیت کے موافق بعض مین وہی رہین اور بعض مین اور - آخر یہان بھی تو انسان کے جسم مین پیہم خوراک کی شکل مین بہت سے اجزا اور آتے ہین اور بہت سے خارج ہوتے رہتے ہین حتے کہ بوڑھے جسم کے کسی جزو کو بھی نہین کہہ سکتے کہ یہ بچپن سے ابتک قائم ہے مگر اس تغیر سے انسان کے تشخص مین فرق نہین آتا اور باوجود اجزا بدل جانے کے بڑھاپے مین وہی انسان تکلیف اٹھاتا ہے جس نے بچپن مین بے اعتدالی کی تھی اور وہی سزا پاتا ہے جس نے قصور کیا تھا -

حیوانات جزا و سزا نہ پائینگے یہ ثابت ہوا کہ اگر روح موجود ہے تو جس طرح یہان اعلے شکلون مین پیدا ہوتی ہے وہان بھی اعلے تر شکلون مین جلوہ گر ہوگی اور یہان سے جو قابلیت لیکر گئی ہے اسمین ترقی کریگی - مگر اب یہ دیکھنا ہے کہ روح حیوان مین بھی پائی جاتی ہے اور جو قرائن روح کو ثابت کرتے ہین وہ اگرچہ اس قوت سے حیوان مین موجود نہین مگر تاہم کچھ نہ کچھ ہین اس لئے ہونا چاہئے کہ یہ روح بھی وہان اپنے مناسب حال شکلون مین ظہور کرے اور انسان کیطرح حیوانات بھی پیدا ہون اور وہ بھی جزا و سزا برداشت کرین اور نہ صرف یہی بلکہ جو چیزین محض مادہ سے بنتی ہین مثلاً نباتات ضرور ہے کہ مادہ کی کچھ اجزا اس قسم کی ترقی یافتہ شکلین بھی اختیار کرین بیشک یہ سب کچھ ہوگا اور مادہ کی کوئی قابلیت ضائع نہ جائیگی لیکن جزا و سزا کے مسئلہ مین ابھی غور کرنا باقی ہے -

یہان جو مادہ سابقہ انقلابون مین گیس ہی سیال اور سیال سے منجمد ہوا تھا وہ جب آئندہ انقلاب مین نبات اور حیوان بنا تو اگرچہ اس نے ترقی کی مگر اسی قدر کہ بے نظام سی بانظام اور بے جان سے جاندار ہوگیا اور اس سے زیادہ ترقی کی کوئی علامت ظاہر نہ ہوئی۔ اگرچہ ہمکو نہایت قدیم زمانے کا علم نہین اور اگرچہ جیسا کہ خیال کیا جاتا ہے شاید درخت اور حیوان کی ایک نوع بہت سا زمانہ گذرنے کے بعد اپنی صورت شکل اور حالات و خصائل مین ترقی کرکے دوسری نوع بنگئی ہوگی اور یہ بھی ایک انقلاب ہوگا جو انکی حالت مین واقع ہوا۔ لیکن ایک ہی نوع ہو اور کچھ عرصے مین اپنے حالات مین ترقی کر جائے درختون اور حیوانون مین اس کا کوئی ثبوت نہین اور ان سب کے برخلاف انسان ایسی مخلوق ہے کہ باوجود ایک ہی نوع انسانی مین شمار ہونیکے افراد اور نیز اقوام چند سال بھی ایک حالت پر قائم نہین رہتے اور ان کی رفتار خواہ بہتری کی جانب ہو یا بدتری کیطرف ان کے افراد سالون کی ایک دہائی مین اور قومین ایک سیکڑہ مین ایسی بدل جاتی ہین کہ اکثر دیکھنے والون کو حیرت ہوتی ہے۔ اور اسکی وجہ یہی ہے کہ درخت اور حیوان کے تمام افعال انکی طبیعت کے اقتضا سے سرزد ہوتے ہین اور انتخاب اور فیصلہ کی طاقت کو اسمین کوئی دخل نہین۔ درخت اگر اپنے ریشون اور مساموں کے ذریعہ سے غذا کو جذب کرتا ہے تو اقتضائے طبیعت سے اور حیوان اگر خوراک مہیا کرنے اور نسل بڑہانے کے لئے حرکت کرتا ہے تو اپنی فطرت کے حکم سے۔ اور اگر شیر دیگر حیوانون کو مار کر خوراک بہم پہنچاتا ہے یا ہرن گھاس کی سبز کونپلون کو توڑتا ہے تو یہ سب بے اختیاری کی حرکتین ہین اور ہمیشہ ایک حالت پر رہتی ہین۔ مگر ان کے برخلاف انسان خواہ اپنے تقاضائے طبیعت سے کیسا ہی لاچار اور بے اختیار مانا جاے مگر اسکے اندر جو انتخاب اور فیصلہ کی طاقت رکھی گئی ہے اس سے بھی انکار نہین ہوسکتا۔ چنانچہ یہ جو کچھ کرتا ہے سوچ سمجھ کر اور ایک فعل کو دوسرے پر ترجیح دیکر کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ کوئی سے دو انسانون کے افعال بھی باہم یکسان نہین ہوتے اور جب وہ ایک دفعہ کسی ایک تصور کو قائم کرلیتا ہے اور اسکے روسے

ایک فعل کو دوسرے پر ترجیح دیکر اختیار کرتا ہے تو اس کے اس تصور اور عمل کا اثر آئندہ تصور اور عمل پر پڑتا ہے اور دو دفعہ ایک ہی تصور قائم کرنے اور یکسان عمل کرنے کے بعد تیسری دفعہ جب اپنے انتخاب اور فیصلہ کی مشق کرتا ہے تو پہلا تصور اور عمل اور بھی زور سے اثر کرتا ہوا نظر آتا ہے اور یوں اسکے تنزل اور ترقی کی بنیاد پڑتی ہے۔ اور پھر اس کے یہ تصورات اور اعمال ہی ہوتے ہین جن سے اسکی نیک یا بد حالت پیدا ہوتی ہے اور تصورات اور اعمال کی ترقی سے اس حالت مین بھی ترقی ہوتی رہتی ہے اور یہی سزا و جزا ہے جس کا سلسلہ اسی جہان سے شروع ہو جاتا ہے

اچھا تو جب آئندہ پیدائش مین یہ سب موجود ہونگے تو چونکہ نباتات اور حیوانات مین کم از کم شخصی ترقی کا کوئی نشان نہین اسلئے کہنا چاہئے کہ جیسے یہان والون نے اپنی قدر ترقی کی ہے کہ سیال سے منجمد اور منجمد سے نباتات یا حیوان بنگئے اسی طرح وہان کی پیدائش بھی کوئی ترقی کی صورت ہوگی مگر جس طرح یہان کی ترقی یافتہ حالت یکسان رہی ہے وہانکی ترقی یافتہ حالت بھی یکسان رہیگی اور اسلئے کہا نہین جاسکتا کہ وہان پیدا ہونا ان کے اعمال کی سزا و جزا ہے۔ لیکن انسان جس طرح یہان پیدائش کی ترقی کے بعد اپنے تصورات اور اعمال سے اپنی حالت مین بھی ترقی کرتا ہے اسی طرح وہان بھی ترقی یافتہ شکل مین پیدا ہونے کے بعد وہان کی حالت مین ترقی کریگا اور اس لئے اسکی پیدائش پر جزا و سزا کا سلسلہ جو یہان سے شروع ہوگیا ہے وہان بھی جاری رہیگا۔ غرض یہ کہ خواہ حیوانات مین بھی روح ہو مگر ترقی کی قابلیت انکی روح اور انسان کی روح مین امتیاز پیدا کرتی ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ دونون کی حقیقت یکسان نہین اور اس لیے حیوانات جزا و سزا کی گرفت سے باہر ہین۔

ترقی کا اثر راحت و تکلیف پر انسانی جزا و سزا کے متعلق ابھی بہت سا غور کرنا باقی ہے از انجملہ ایک یہ کہ اگرچہ انسان نے اس دنیا مین ایسی ترقی کرلی ہے کہ افریقہ کے وحشی اور یورپ کے مہذب مین وہی فرق ہے جو انسان اور حیوان مین ہونا چاہئے اور اگر اس طریق معاشرت کو

دیکھا جائے جو آجکل مہیا ہوگیا ہے تو حیرت ہوتی ہے۔ لوازم صحت کا اہتمام۔ دماغی اور جسمانی قوت کی ترقی۔ صعوبات نقل و حرکت کی کمی۔ وسائل نامہ و پیام کی آسانی۔ انتظام حکومت کی اصلاح ضعیفون اور زیر دستون کی مساوات۔ اپاہجون اور ناداروں کی دستگیری۔ سامان تفریح کی تیاری غرض تمام وہ اسباب جو نوع انسانی کی راحت و مسرت کو بڑھانے اور تکلیف و رنج کو کم کرنے کے لیئے ہین انکو دریافت و ایجاد کرنے اور اشاعت دینے ہین وہ عرق ریزی اور دماغ سوزی کی گئی ہے اور اس خوبی سے سب امور کو معراج کمال تک پہنچایا گیا ہے کہ ہم جیسون کے نقطۂ خیال سے ترقی کرنے والون کی تمام حرکات اعجاز و خرق عادات سے کم نہین ہین۔ لیکن اگر اس تمام و دسر کے نتیجہ کو دیکھا جاے اور غور کیا جائے کہ اس کوشش سے جو انسان کا مدعا اور مدنظر تھا آیا وہ بھی حاصل ہوسکا ہے یا نہین تو افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ واقعات کی شہادت آرزو کے خلاف ہے۔ راحت و مسرت کی جستجو ہے مگر آہ! بڑی سے بڑی ترقی کرنیوالون کو بھی اسکا نشان نہین ملا اور رنج و تکلیف سے نفرت ہی مگر لاکھ جتن کئے اسی سے مخلصی نہ ہوئی اور آخر مین میزان دیکھی تو رنج و راحت کے متعلق وحشی اور مہذب مین کوئی بڑا تفاوت نظر نہ آیا۔ ترقی کرنیوالون نے سمجھا تھا کہ صنعت و حرفت اور عقل و شعور مین ترقی کرنے سے اور مال و دولت یا سامان عیش جمع کرنے سے بیفکری اور اطمینان نصیب ہوگا۔ مگر سب کچھ ہوا اور نہ ہوا تو بیفکری اور اطمینان۔ اور اُدھر اس سامان ترقی سے محروم اور تہذیب و تربیت سے عاری مخلوق کو دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ جس قدر اطمینان و راحت کبھی کبھی مہذبون کو حاصل ہوتا ہے اس قدر حصہ گاہ گاہ یہ غیر مہذب اور وحشی بھی لے لیتے ہین۔ بیشک مہذب لوگ فرصت کے وقت باغون مین ٹہلتے ہوئے۔ کلبون اور تھیٹرون مین ہنسی مذاق کرتے ہوئے بال اور ڈنر کی مجلسون مین اپنے دوستون اور عزیزون کے ساتھ ہم آغوش ہوتے ہوئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نہایت ہی مسرت اور اطمینان کی حالت مین ہین مگر جو وحشی تمام دن جنگلون مین بھیڑ بکریان چراتے یا جنگل کا ساگ پات اور گھاس پھوس سمیٹتے پھرتے

ہین اور اپنے ننگے جسمون پر گرمیون کی دھوپ اور جاڑون کی ٹھر بردشت کرتے ہین وہ بھی شام کے وقت جب بنسری بجانے اور وحشیانہ گیت گانے مین مصروف ہوتے ہین تو مہذبون کے بال اور تھیٹرون سے کم لطف نہین اُٹھاتے۔ اور اُدھر وحشیون کی بے سامان زندگی اور آدھا پیٹ سوکھا ٹکڑا حاصل کرنے کے لئے شب و روز کی سخت محنت اور پھر اس پر زبردستون کا ظلم و ستم انکی بیکسی و بے بسی ان سب حالتون سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ سخت رنج و فکر کی زندگی بسر کرتے ہین۔ مگر جو لوگ اپنی سر بفلک اور راحت بخش عمارتون مین آرام کرسیون اور گدیلون پر بیٹھے ہوئے اپنے کارخانون کا حساب کتاب پر تال رہے ہین دیکھنے مین نہایت آرام سے بیٹھے ہوئے اور ایک نازک سی پنسل کی قلم کو محض دو انگلیون سے ہلاتے ہوئے معلوم ہوتے ہین ہمہ وہم و افکار کے جس بوجھ کے نیچے وہ دبے ہوئے ہین اُس کا اندازہ اُنکا دل ہی کرسکتا ہے زبان سے وہ بھی ادا نہین کرسکتے۔ بلکہ اس لحاظ سے ترقی کو اور بھی تنزل کہنا چاہیئے کہ جس قدر رتبہ اور حیثیت مین ترقی ہوتی جاتی ہے اسی قدر ہموم و افکار اور دردسر بڑھتا جاتا ہے۔ اگر کوئی بڑے سوداگر ہین اور اور انہون نے ہر ملک مین کوٹھیان کھول رکھی ہین ہر کارخانہ مین حصے خرید رکھے ہین تو ان کے لئے خوشی اور مسرت کا سبب ہے اور بیشک ناوادار اور جاہل اس مسرت سے محروم ہے۔ مگر کہین کسی ملک مین لڑائی ہوجائے اور وہان کے نوٹون کا بھاؤ گرنے لگے کسی کارخانہ مین آگ لگ جائے کہین کوئی ریل ٹکرائے غرض دنیا مین کوئی بڑا حادثہ گذرے ان کو اپنا دیوالہ نکلنے کا اندیشہ ہوجائیگا اور رات کی نیند اور دن کی بھوک جاتی رہے گی بلکہ کسی وقت ایسا غم پیدا ہونا بھی ممکن ہے جس سے وہ خودکشی کرلین۔ اگر وہ خوشی تھی تو یہ غم بھی ایسا ہے جس سے تنزل والون کو واسطہ نہین پڑتا۔ اگر کوئی بڑے صناع ہین بہت سے مفید اور کارآمد آلات کے موجد ہین اور اپنی ایجاد کو پیٹنٹ کرواکر ہزارون کا فائدہ لے رہے ہین تو یہہ انکی بے نظیر مسرت ہے لیکن اس ہر وقت کے غور و خوض کے علاوہ جو ان کے دماغ کو اندر ہی اندر کھائے جاتا ہے اگر کسی نے ان کے ایجاد کردہ آلہ مین کوئی اور ذرا سا پرزہ بڑھا کر اسکی سودمندی کو زیادہ

کردیا تو اس سے انکی تجارت کو جو نقصان پہونچے گا اُس کا غم بھی اپنی آپ ہی نظیر ہوگا۔ اور یہی اور سب انسانی ترقیون کی کیفیت ہی کہ جس مین جس قدر راحت اور مسرت زیادہ ہوتی ہے اسی قدر تکلیف اور رنج بھی ترقی کرتا ہے اور جس طرح کم حیثیت اشخاص اپنے سے بالا تر افراد کو دیکھکر اُن کے علو جاہ کا رشک کرتے ہین اور چاہتے ہین کہ ہمین بھی یہی منزلت حاصل ہو۔ ویسے ہی عالی رتبہ لوگ کم تعلق افراد کو دیکھ کر اُن کے اطمینان اور بیفکری کا رشک کرتے ہین اور چاہتے ہین کہ ہمین بھی یہی سکون نصیب ہو۔ اور جیسے ایک گدائے ولق پوش قاقم و سنجاب پہننے والے امیر کو دیکھکر اپنی حالت پر افسوس کرتا ہے ویسے ہی عالیشان بادشاہ ایک درویش بینوا کو دیکھکر اُسکی بیفکری کی میٹھی نیند سونے پر رشک کرتا ہے۔ اور علیٰ ہذا کسی بادشاہ کو ایک ملک فتح کرنے سے جو مسرت ہوتی ہے دوسری شکل مین اسی درجہ کی خوشی ایک بھوکے فقیر کو روٹی کا ٹکڑا ملنے سے حاصل ہوتی ہے اور کسی غریب آدمی کو ایک پیسہ کھو جانے سے جو رنج ہوتا ہے دوسری شکل مین اسی طرح کا غم ایک بادشاہ کو اُسکا صوبہ باغی ہوجانے سے پیدا ہوتا ہے۔

ترقی کرنے والون نے دوسرون کو کیا فائدہ پہنچایا

اب کہا جائیگا کہ ترقی کا یہ مطلب نہین کہ ترقی کرنے والے خود راحت و مسرت حاصل کرین۔ بلکہ ترقی کے معنی ہر چیز کی اصلی حقیقت اور حالت کو دریافت کرنا اور اس حقیقت اور حالت کے لحاظ سے جو فرائض ہر ایک کے متعلق دریافت ہون ان پر عمل کرنا اور اس کوشش مین کوشش کرنیوالون کو تکلیف ہو یا راحت اسکو بخوشی برداشت کرنا ہے مگر ترقی کی تعریف کو اس طرح بدلنے سے کیا مطلب نکلا؟ یہی کہ خود ترقی کرنے والون کی راحت اور مسرت نہ سہی مگر حقیقت اور فرائض کو معین کرنے سے آخری مدعا ہوگا تو یہی کہ عوام الناس راحت و مسرت پائین۔ اچھا تو اب اسی حیثیت سے ترقی کا انجام دیکھنا چاہیئے۔

تدابیر صحت کا فائدہ

بیشک تدابیر صحت اور ازالۂ امراض کے متعلق بہت کچھ ترقی ہوئی ہے

دوائین ہین تو ان کو خوشگوار قلیل المقدار اور سریع الاثر بنانے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا جاتا۔ آلات ہین تو انکی خوبی اور صفائی کی پہلے نظیر نہ تھی۔ اسکے متعلق تعلیم کا سامان اور معالجہ کے لئے مکانات اور اسباب غرض ہر چیز اس عمدگی سے مہیا کی جاتی ہے کہ گذشتہ زمانہ کی ایسی تدبیرون کو زمانہ حال کی ترقی سے کوئی نسبت نہین اور بیشک ان کوششون سے پبلک کو بہت کچھ فائدہ پہنچا مگر ذرا خیال رہے کہ طبیعتین بھی اب ایسی بے چین ہوگئی ہین کہ جہان گذشتہ زمانے مین بہت سی پیچیدہ مرضون کو بھی "اوہ" کہ کر ٹال دیا جاتا تھا اور مریض نہایت بے پروائی سے چلتے پھرتے اس تکلیف کو گذار دیا کرتا تھا اور روزانہ کاروبار یا فرائض منصبی کو معطل چھوڑنے کی نوبت جبھی آتی تھی کہ مریض چارپائی سے اٹھ نہ سکے وہان اب ایک پھانس لگ جانے پر اور گرمی دانے نکل آنے پر ڈاکٹرون کو فیس دیکر گھر پر بلایا جاتا ہے اور فرض منصبی سے رخصت حاصل کی جاتی ہے۔ غرض جسم کو خواہ کیسی ہی کم تکلیف ہو مگر دل و دماغ پر وہی رنج و اندوہ کا بار پڑتا ہے جو پہلے شاید سل دق پر ہی پڑتا ہو۔ اور یہ خیالی جولان نہین بلکہ ہسپتالون کے رجسٹرون کو دیکھا جائے اور جو میلا وہان روزانہ لگتا ہے اسکے انبوہ کا خیال کیا جائے اور ڈاکٹری دوکانون پر کیا قدر دواؤن کی بکری ہوتی ہے اس پر غور کیا جائے اور پھر اس کا مقابلہ پرانے اطبا کی مطب اور عطارون کی دوکانون سے کیا جائے تو دونو تعدادون مین نمایان فرق نظر آئے گا پس کیا تہذیب کے ساتھ پیچیدہ امراض بھی زیادہ ہونے لگے ہین؟۔ اگر یہ ہے تو اور بھی قباحت ہوئی۔ مگر نہین حقیقت یہی ہے کہ آجکل پھانس اور گرمی دانے بھی پیچیدہ امراض مین شامل ہوگئے ہین اور ان پر بھی وہی نالہ و بکا کیا جاتا ہے جو پہلے اسہال کبدی اور تپ محرقہ سے مخصوص تھا

یہ بلا تو خود علاج کی سہولت سے پیدا ہوئی ہے اب اسکے ساتھ دوسری ترقیون کو ملاکر دیکھا جائے تو مرض و صحت کے متعلق اور بھی قباحت نظر آتی ہے پہلے وسائل نقل و حرکت بہت

کم تھے اور سفر کرنا دشوار تھا اب ان مین آسانی ہو گئی تو آمد و رفت بھی بہت بڑھ گئی ہے اور صحت و مرض پر اس کا یہ اثر ہوا کہ کم بختی سے کہین متعدی مرض پیدا ہو پھر لاکھ قرنطینے اور روک ٹوک کی جاے اس کا اثر کالے کوسون پہنچتا ہے اور انسانون کے ساتھ مرض بھی ریل اور سٹیمرون مین سوار ہو کر افریقہ سے ایشیا اور ایشیا سے امریکا جا سر نکالتا ہے حالانکہ پہلے جب قافلے لٹتے تھے تو ایسے مرض کا ایک ہی ملک کے تمام شہرون مین پھیلنا بھی دشوار تھا۔

اصلاح حکومت کا فائدہ اسی طرح قوانین حکمرانی کی اصلاح کرنے سے لوگون کو بہت سی جبر و تشدد سے جو پہلے بیقاعدہ حکومتون مین برداشت کرنے پڑتے تھے نجات ملگئی۔ مگر یہ ذرہ ذرہ معاملات کی چھان بین اور ہر معاملہ مین واجب و ناواجب کی تمیز اور پھر ہر ایک کے متعلق جزا و سزا کا استحقاق غرض ان باتون کی تفصیل نے پبلک کا احساس بھی ایسا تیز کر دیا ہے کہ جہان پہلے بڑے بڑے نقصانون کو صبر کی تدبیر سے دبا دیا جاتا تھا وہان اب ذرا سی بات پر مقدمات ہائی کورٹ تک پہنچتے ہین اور جہان غیر مہذب یا نیم مہذب ملکون مین اکثر اشخاص کو تمام عمر عدالت مین جانیکا اتفاق نہین ہوتا وہان مہذب ملکون مین ہر شخص مجبور ہے کہ ایک طرف کسی ایکٹر کو اور دوسری جانب کسی پلیڈر کو اپنا طبی اور قانونی مشیر ہمیشہ کے لئے مقرر کر چھوڑے کیونکہ کسی دوکان سے اترتے ہوئے ذرا سے نشیب فراز کے سبب پانون پھسل جانے پر ڈاکٹر کا علاج بھی ضرور ہے اور وکیل کی وساطت سے نالش بھی۔ اور یہ صرف طبیعت کی بے چینی اور احساس کی تیزی ہی نہین بلکہ تہذیب کی ترقی سے اسباب معیشت بھی ضرور ہی ایسے گران ہو جاتے ہین کہ پاؤن پھسلنے پر جو ایک آدھ دن کام چھوڑنا پڑتا ہے تو اسکا نقصان بھی ناقابل برداشت ہوتا ہے اسلئے ترقی ہی نے یہ مجبوری پیدا کر دی ہے کہ مروت کی آنکھ مین خاک ڈال کر تھوڑے سے ہرج پر مجرم کو حوالات کی سیر کرائی جائے اور ایک دن بیکار رہنے کا معاوضہ وصول ہو۔

سہولت نقل و حرکت کا فائدہ وسائل نقل و حرکت اور نامہ و پیام کی ترقی ایسا احسان ہے کہ پبلک

اس سے کسیطرح سبکدوش نہین ہوسکتی مگر جس قدر جان و مال کا نقصان اور خوفناک حادثے ریلون کے ٹکرانے سے واقع ہوتے ہین چھکڑون گاڑیون کے وقت مین انکا بھی نشان نہ تھا اور علی ہذا فن جہاز رانی نے جہان سفر کو آسان کر دیا ہے اور تجارت کو بیحد فائدہ پہنچایا ہے وہان انسان پر بحری لڑائی کی مصیبت بھی اسی کے ہاتھون پڑی ہے اور فن کی ترقی کے ساتھ یہ مصیبت بھی بڑھتی جاتی ہے۔ خشکی کے جنگ مین کچھ مرتے تھے تو کچھ بچ بھی رہتے تھے اب جن کا جہاز ٹوٹے وہ گولون سے بچے تو سمندر اُن کو ہضم کرنے کے لیے تیار ہے۔ اور اسکے علاوہ اس احساسی ترقی کا کیا علاج کہ جہان پہلے چھکڑون اور بھدی قسم کی بیل گاڑیون کو غنیمت سمجھا جاتا تھا وہان اب میل ٹرین کے مقابل مین پسنجر ٹرین پر سوار ہونے مین پہلی حالت کو دیکھا جائے تو جسم کو بے حد راحت ملی مگر قلبی تکلیف اور بے چینی ایسی ہے کہ گویا پیدل چلنا پڑا۔

وسائل نامہ و پیام کا فائدہ

اور اسی طرح اگر ڈاک اور تار مین خوشگوار خبرین نہایت سرعت سے پہنچ سکتی ہین تو فتنہ و فساد کی آگ بھی انہی وسائل سے ایک ملک سے دوسرے ملک مین نہایت تیزی سے پھیل سکتی ہے۔ اور اگر پہلے برسون عزیزون کی خیریت نہ معلوم ہونے سے اضطراب نہ ہوتا تھا۔ اب ڈاک کا انتظار بھی ناگوار ہے اور تار کے بغیر صبر نہین آتا اور تار بھی ارجنٹ سے آرڈنری بھیجدیا جائے تو اتنی دیر جان سولی پر رہتی ہے۔

غرض ترقی کے کسی شعبہ کو دیکھا جائے اس سے اگر ایک طرح کی راحت پیدا ہوئی ہے تو دوسری طرح کی تکلیف بھی ایسی پیدا ہو جاتی ہے جو خواہ پہلی تکلیفون کے مقابل مین کسی قدر کم ہو مگر تکلیف ہونے مین شک نہین اور دنیا کو دار المحن کہنا جیسا وحشت کی حالت مین صحیح تھا تہذیب کے وقت بھی درست ہے۔

راحت و مسرت کی آرزو بر آنیکا بھی کوئی موقع ہونا چاہیئے

اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ راحت اور مسرت کی تلاش اور ترقی کا جذبہ جو انسان کی فطرت مین ودیعت ہے اور نہ صرف انسان مین

بلکہ دوسری شکل مین ترقی کا خاصہ تمام مادہ مین ودلیعت ہے کیا یہ نیچر کا نقص ہے اور اس کا کوئی فائدہ نہین ؟ کسی چیز کا فائدہ معلوم نہ کرسکنا اور بات ہے مگر یہ کہنا کہ اس مین کوئی فائدہ نہین نہایت زبردستی ہے اور ہم دیکھتے ہین کہ بہت سی فائدے جو ایک وقت پر نظر نہین آتے دوسرے وقت پر اُن سے انکار کی گنجائش نہین رہتی جسم کے بہت سی خواص دریافت ہوئے ہین ان مین بعض مثلاً گریویٹی اور انرشیا یعنی کشش ثقل اور مادہ کی وہ خاصیت جس سے وہ سکون کی حالت مین سکون کو اور حرکت کی حالت مین حرکت کو ہمیشہ قائم رکھنا چاہتا ہے یہ اور بعض اور خاصیتین ایسی ہین جن کا فائدہ جسم کی ابتدائی ترقیون مین جبکہ وہ بے آباد کرون کی شکل مین ایک دوسرے کے گرد گھومنے لگے ہونگے نمایان ہوگیا تھا چنانچہ گریویٹی اور انرشیا سے انکی دوری حرکت پیدا ہوئی مگر سوراخدار ہونا جو جسم کا عام خاصہ سمجھا جاتا ہے اسکا فائدہ جسم کی اس حالت مین سمجھ نہ تھا اور جب ترقی ہوکر نبات وغیرہ ایسے اجسام پیدا ہوئے جن کا قیام خوراک جذب کرنے پر منحصر ہے تو معلوم ہوا کہ سوراخدار ہونا ہی وہ خاصیت تھی جس سے جسم کو یہ ترقی یافتہ شکلین نصیب ہوئین اور اگر مسام نہ ہوتے تو نہ خوراک جذب ہوسکتی اور نہ نبات وحیوان کا جسم نشوونما پاتا۔ پھر مادہ اور جسم کی بیشمار خاصیتین ہین جو نباتات اور حیوانات کے زمانے مین بھی گوشۂ کس مپرسی مین پڑی رہین اور یہ انسان ہی کی خاطر تھی جس کے لیئے نیچر کے لاتعداد خزانے پہلے سے بھرے رکھے تھے چنانچہ یہ آیا تو اس نے آسمان وزمین کو کھنگال ڈالا اور ہر چیز کی وہ وہ صفات دریافت کین اور ان سے کام لیا جن سے پہلے کچھ فائدہ معلوم نہ ہوسکتا تھا مثلاً اکثر اجسام کا جلنے کے قابل ہونا جس سے آگ پیدا ہوئی اس کا فائدہ ابتدائی درجون مین محسوس نہ تھا اور جب مادہ نے ترقی کرکے اپنے تئین روح انسانی کا مرکز بنایا تو آگ کا وجود اسکی ضروریات زندگی مین شمار ہوا۔ علیہذا برقی رو کا معینہ قوانین کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پہنچنا۔ یا سٹیم کا مصنوعی طور پر پیدا ہوسکنا یہ اور ایسی ہزارون خاصیتین ہین جن سے صرف انسان نے فائدہ اُٹھایا۔ اب یہ ایک

ترقی اور تلاش راحت و مسرت کا جذبہ ہے جس کو ہم موجود پاتے ہین اور چندان فائدہ نہین دیکھتے - مگر جس طرح اُن وقتون مین اُن فائدون سے انکار کرنا (اگر کوئی انکار کرنیوالا ہوتا) بیوقوفی تھا کیونکہ وہ بعد مین نظر آگئے اسی طرح اِس وقت اس جذبہ کے فائدے سے انکار کرنا نادانی ہوگا بلکہ نظریہ حالات گذشتہ ضرور کہنا چاہیئے کہ ابھی کوئی اور انقلاب آنیوالا ہے جس کے بعد انسانی ترقی کا فائدہ نمایان ہوگا اور ترقی کرنے والے کامل راحت و مسرت حاصل کرینگے اور تنزل کرنیوالے کامل رنج و تکلیف -

راحت و غم مکمل کیونکر ہوگا اس خیال کو واضح کرنیکے لیے یہ دیکھنا چاہیئے کہ چاند سے جو روشنی زمین کو پہنچتی ہے وہ اگرچہ آفتاب ہی کی روشنی ہے مگر ایک واسطہ حائل ہو جانے کے سبب کمزور ہوگئی ہے اور اس لیے چاند کی روشنی کیسی ہی شفاف ہو اُسکے ساتھ تاریکی کا جزو ضرور موجود رہتا ہے اور اسکے برخلاف جب آفتاب سے براہ راست روشنی آتی ہے تو زمین جس قدر روشن ہوسکتی ہے ہو جاتی ہے اِسلئے کہ اب زمین اور آفتاب کے مابین کوئی واسطہ حائل نہین - مگر حقیقت یہ ہے کہ آفتاب بھی اپنی ذات سے روشن نہین اور وہ بھی اصل مین ایک واسطہ ہے جس کے اندر سے کسی اور آفتاب کی روشنی دنیا کو منور کر رہی ہے اِسلئے گو اسکی روشنی چاند کی روشنی سے زیادہ ہے مگر حقیقی روشنی سے وہ بھی کمتر ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسکے افعال بھی نقص سے پاک نہین ہین اور اسکی پیدا کردہ کوئی حالت ایک مختصر حد سے آگے نہین بڑھ سکتی اور اپنی ضد کو بالکل فنا کرنے مین پوری کامیاب نہین ہوتی - اور اس طرح اول تو جس قسم کا نور اور اس کے اثر سے جس قسم کا سامان راحت و مسرت کسی وقت مین موجود ہوتا ہے خود وہی اپنی حالت مین مکمل نہین ہوتا اور اسکی نقص سے جو تکلیف پیدا ہونی ضرور ہے وہ محسوس ہوتی رہتی ہے - اور دوسرے اگر ایک طرح کے سامان راحت و آسایش کا زمانہ ختم نہین ہوا تو اس اثنا مین کوئی اور راحت اپنی حد کو پہنچکر تکلیف کا باعث ہو جاتی ہے اور موجودہ راحت کا لطف خاک مین ملجاتا ہے اور یہی کیفیت ہر ایک تکلیف کی ہے کہ اسکی محدودیت اور نقص سے کسی نہ کسی قسم کی راحت بھی محسوس

ہوتی رہتی ہے اور اس لئے دنیا کو جبتک کسی رحمانی واسطہ کی وساطت سے نور اور سامان زیست ملتا رہیگا اس کا رنج و راحت مکمل نہ ہوگا۔ لیکن جب دنیا ان واسطون سے رہائی پاکر براہ راست نور و حدت سے منور ہوگی اس وقت جو سامان راحت ترقی کرنے والون کے لئے اور جو اسباب زحمت تنزل کرنیوالون کے واسطے موجود ہون گے ظلم ہوگا اگر کہا جائے کہ وہ بھی نامکمل ہین گے سوامی ویکانندجی کہتے ہین کہ[1]

"دنیا مین کوئی ترقی نہین۔ اگر ایک طرف بھلائی پیدا کی جاتی ہے تو دوسری طرف بہت سی برائی پیدا ہو جاتی ہے۔ غرض ہر ایک راحت کے ساتھ رنج موجود ہے اور ایسی حالت کی امید جس مین بالکل بھلائی ہو یا بالکل برائی خیال خام ہے۔ پس برائی دور نہین ہی ہو سکتی ہے کہ بھلائی کی خواہش دور کر دی جائے۔"

سوامی کا یہ قول اس دنیا کے لحاظ سے بیشک درست ہے مگر انسان کے سب سے شریف اور مایۂ ناز جذبۂ ترقی کو ہمیشہ کے لیے بیہودہ کہنا ویسی ہی غلطی ہے جیسے سیارون کی ابتدائی حالت مین مسامون کے وجود کو اور نباتات اور حیوانات کے حالت مین جسم کے بہت سے خاصون کو بیفائدہ سمجھنے کی ہوتی۔ اور اسی طرح جو علاج وہ تجویز کرتے ہین کہ بھلائی کی خواہش کو دل سے نکال دیا جائے یہ بھی وہ دوا ہے کہ چڑیا کا دودھ ملجائے مگر وہ نہین مل سکتی۔ یہ نیچر کو بدلنے کا سوال ہے جو انسان کے بس مین ہونا ایک طرف خود قدرت بھی اپنا قانون بدلنے کے لیئے تیار نہین۔

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا — خدا کی فطرت جس پر اس نے لوگون کو پیدا کیا ہے

لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ (روم پ۲۱ ع۱۰) — خدا کی پیدائش مین تبدیل کو دخل نہین۔

پس درست یہی ہے کہ بھلائی کی خواہش جو فطرت مین ودیعت ہے نہ اسکو چھوڑنا ممکن ہے اور نہ ایسی ضرورت۔ بلکہ انسان کا فرض ہے کہ اس عطیۂ فطرت کی عزت کرے اور جو مناسب وسائل اسکو حاصل کرنے یا ترقی دینے کے ہین ان پر کاربند ہو اور پھر اپنے وقت پر اس کے حاصل ہونے

[1] ویدانت فلاسفی مگیان یوگ۔ خلاصہ از باب چہارم۔

کا انتظار کرے۔

آیندہ ترقی کے وسائل اب سوال یہ ہے کہ آیندہ ترقی کے وسائل کیا ہین؟ دنیا مین انسان جو ترقی کرسکا ہے وہ علوم وفنون کی ترقی ہے اور جب آیندہ انسان یہی ہونگے تو کیا اُنکی ترقی بھی اسی قسم کی ہوگی اور کیا وہان کی جنت یہی ریل اور تار ایجاد کرنے والون کے حصہ مین آئیگی؟ بیشک یہان ترقی اسی قسم کی ہے اور اس لیے کہ تو سکتے ہین کہ وہان بھی یہی باتین ترقی کرینگی اور اگر یہان صرف ایک کرہ زمین کی آمد ورفت کو آسان کیا گیا ہے تو وہان مریخ اور عطارد اور دیگر نظام ہائے شمسی تک ریل اور بسیلون جانے لگینگے اور وہ براق اور رفرف جو سُنتے ہین کہ آنکھ کی جھپک مین زمین سے آسمان پر جا پہنچتے ہین وہ انہی چیزون کی ترقی یافتہ شکلین ہونگی۔ مگر نہین۔ ایسے مضمون مین ایسا سرسری فیصلہ یقیناً غلط ہوگا اور ہمین یہانکی ترقی کو امعان نظر سے دیکھنا چاہیئے۔

فورس اور انرجی کے مختلف مظاہر یہان ترقی کرنیوالا مادہ ہے اور ترقی کرنیکا ذریعہ قوت[1] اور قوت کی نسبت ثابت کیا گیا ہے کہ وہ دو قسم کی ہے۔ ایک قوت ذرات کو ذرات سے اور اجسام کو اجسام سے پیوستہ کرنا چاہتی ہے اور اُسکو فورس یا قوت جاذبہ کہتے ہین اور دوسری قوت ایک کو دوسری سے جدا کرنا چاہتی ہے اور اسکو انرجی یا قوت طاردہ کہتے ہین۔ فورس اور انرجی دونو کی مقدار معین ہے جسمین کمی زیادتی نہین ہوسکتی۔ مگر فورس کی نسبت فیصلہ ہے کہ وہ ذرہ مادہ کے ہر ایک ذرہ مین چسپیدہ ہے اور اُن سے علیحدہ نہین ہوسکتا لیکن انرجی ایتھر کی راہ سے ایک ذرہ سے دوسرے ذرہ اور ایک انبار سے دوسرے انبار کی طرف حرکت کرتی رہتی ہے۔ اور نیز انرجی بالقوہ اور بالفعل دو قسم مین منقسم ہے جب پتھر چھت پر رکھا ہو اور کلاک تیار ہو مگر کوک نہ دی ہو تو اُس وقت دونو مین انرجی بالقوہ موجود ہے اور جب پتھر کو لڑھکایا جائے یا کلاک کو کوک دی جائے تو انرجی بالفعل موجود ہوجاتی ہے اور پھر کہا جاتا ہے کہ جس حد تک فورس غالب آتا جاتا ہے اور ذرات یا اجسام کو پیوستہ

[1] یہ مضمون مسٹر اڈورڈ کلاکی کتاب دی سٹوری آف کری ایشن کے مختلف مقامات سے اخذ کرتا ہوں۔

کرتا جاتا ہے انرجی وہان سے نکل کر پرے سے پرے چلی جاتی ہے چنانچہ اسی لیے کہا گیا ہے کہ مادہ چونکہ محدود ہے اس لیے ایک وقت پر فورس تمام مادہ کو مجتمع کر لیگا اور انرجی کا ظہور ختم ہو جائیگا اور مادہ کے تمام اجزا باہم پیوستہ ہو کر دنیا کا خاتمہ ہو جائیگا ۔

غرض یہ کہ ترقی اپنی دو نو قوتون پر منحصر ہے ۔ اگر صرف فورس ہوتا اور انرجی اسکا مقابلہ نہ کرتی تو ابتدا سے تمام مادہ منجمد ہوتا اور کوئی ترقی ظہور پذیر نہ ہوتی اور اگر صرف انرجی ہوتی تو تمام ذرات اس قدر پھیل جاتے کہ پھر وہی ان سے کوئی اور شکل پیدا نہو سکتی ۔ مگر اب چونکہ یہ دونو موجود ہین اس لئے اپنے مختلف مظاہر سے مختلف ترقیان ظاہر کرتے آئے ہین ابتدائی بخار کی شکل مین فورس نے کشش کیمیائی اور کشش اتصال کی شکل مین ذرات کو جمع کرنا شروع کیا اور انرجی نے حرارت اور روشنی کی شکل مین ایک کو دوسرے سے الگ کہنا چاہا ۔ اس قسم کی نہایت پیچیدہ کوششون کے بعد بخار کی یہ شکل بنی کہ جابجا ذرات کے انبار جمع ہو گئے ۔ اور پہر ان مین کشش ثقل اور انرشیا کی شکل مین وہی جدوجہد شروع ہوا اور بعض بعض کے گرد گھومنے لگے ۔ اُدہر آفتاب کا جسم کشش اتصال سے سکڑنے لگا اور اُدہر زمین وغیرہ سیارے منجمد ہونے لگے اور نیز آفتاب کی انرجی روشنی حرارت اور عمل کیمیائی کی شکل مین انتہر سے گذرتی ہوئی زمین تک پہونچی اور یہان کی ہوا کو پھیلانے سے آندھیان اور طوفان آنے لگے اور پانی کو گرم کرنے سے بھاپ اُٹھنے لگی اور جہان تک انرجی کا اثر تھا اوپر کو اُٹھکر پھر فورس کے اثر سے پانی اور برف بن کر نیچے کو آنے لگی ۔ چنانچہ یہان سے زمین کی ترقی شروع ہوئی اور نباتات اور حیوانات پیدا ہونے لگے ۔ ان کی پیدائش اور ترقی کا باعث بھی وہی انرجی اور فورس کا مقابلہ ہے انرجی ان کے جسمانی ذرات کو ایک دوسرے سے جدا کرنا چاہتی ہے اور فورس انکو پیوستہ رکھنا چاہتا ہے اور جو اور ذرات خوراک و شکل مین داخل ہون اُن کو بھی چسپان کرتا رہتا ہے اور اس طرح یہ اجسام نشوونما پاتے ہین ۔ مگر نبات کی نسبت حیوان کے اندر یہ تفوق اور ہوا کہ نبات ایک جگہ پر قائم رہکر اپنی جسمانی حالت مین ترقی کرتی تہی تو حیوان کو انرجی طبعی اور ارادی حرکتون کی شکل مین دور دراز مقامات تک لیجانا چاہتی ہے اور فورس سکون و آرام کی خواہش بنکر ایک مقام پر رکھنا چاہتا ہے پہر ایک نبات سے دوسری نبات

اور ایک حیوان سے دوسرا حیوان خواہ مشہور قانون ارتقا کے موافق پیدا ہوتا ہو یا جیسا کہ پہلے خیال تھا ایک قسم کی نبات اور ایک قسم کے حیوان کے بعد زمین سے کسی نہ کسی شکل مین دوسری قسم کے نباتات اور حیوانات پیدا ہوتے رہتے ہون۔ غرض اس ترقی مین بھی وہی فورس اور انرجی کا جدوجہد ہے۔ ایک طاقت پہلی پیداوار سے دوسری پیداوار کو اور شکل مین لیجانا چاہتی ہے اور ایک طاقت پہلی مشابہت کو قائم رکھتی ہے اور اسی طرح آہستہ آہستہ ترقی ہوکر انسان تک نوبت پہونچتی ہے اب انسانی ساخت چونکہ حیوانی ساخت کے مشابہ ہے اسلئے فورس اور انرجی اسکو بھی اسی طرح نشوونما دیتی ہے جس طرح حیوان بڑھتا تھا مگر ایک انسان کی اپنی ترقی بھی ہے جس مین یہی دونو طاقتین دوسری شکل مین جلوہ گر ہین اور ایک دل ودماغ کے بعد دوسرا اول، دماغ کچھ زیادتی کرتا ہے جس کو انرجی کا اثر کہنا چاہیے اور کچھ پہلی حالت کو قائم رکھتا ہے جس کو فورس کیطرف منسوب کرنا چاہیے۔ اس طرح باہمی تعلقات زبان۔ صنعت۔ علم۔ اخلاق اور مذہب مین ترقی ہوتی رہتی ہے ؛

سائنس کے مسلمات سے استدلالی رفتار مذہب تک جاسکتی ہے

یہان تک تو وہ باتین ہین جن کو سائنس نے تسلیم کیا ہے مگر آگے کے لیے کچھ تو سائنس اپنا مدعا یہی قرار دیا ہے کہ دنیا کی موجودہ حالت سے بحث کرے۔ اور اسکے آغاز وانجام کی نسبت تحقیق کرنا اسکے فرائض مین داخل نہین اور کچھ میرا خیال ہے کہ سائنس دانون کا قصور بھی ہے کہ جس طرز سے وہ موجودہ حالت مین استدلال کرتے ہین وہی طرز اگر آغاز وانجام کے متعلق کار آمد ہو تو اسکی طرف بھی لے سے بھی توجہ نہین کرتے حالانکہ نظام قدرت کو دیکھنے اور اسکے پُراسرار اور حیرت انگیز قوانین کو دریافت کرنے کی نعمت جو ان کو حاصل ہے وہ دنیا کی تمام نعمتون سے برتر ہے اور نیک وبد کو سمجھنا اسی نعمت پر منحصر ہے۔

مَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝	جس شخص کو حکمت دی گئی اسے بہت بڑی نعمت ملگئی اور نصیحت عقلمند ہی حاصل کرتے ہین۔

(البقرہ پارہ ۳ ع ۳۷)

اور اس لیے اس نعمت سے کام لیکر صانع قدرت کی طرف توجہ کرنے اور اسکی خشیت اور محبت کو دلمین جگہ

دینے کے جو موقع اُن کو حاصل ہین وہ دیگر اشغال مین نصیب نہین ہو سکتے

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا خدا کے بندون مین سے اُس سے اہل علم ہی ڈرتے ہین (فاطر پارہ ۲۲ ع ۱۰)

اب یہی قوت کی دو شکلین ہین جن مین سے فورس موجودہ حالت کو قائم رکھنا اور جو تغیر پیدا ہو اُس کو دور کرنا چاہتا ہے اور انرجی ہمیشہ پہلی حالت کو بدل کر جدید شکل پیدا کرنی چاہتی ہے غرض ایک قوت سلبی ہے اور عدم کیجانب میلان رکھتی ہے اور دوسری قوت ایجابی۔ اور وہ جو کو بڑھانا چاہتی ہے۔ مادہ ایک ہے اور قوتین اس مین دو دو موجود ہین اور وہ بھی ایک دوسری کے خلاف پس کیا ان قوتون کی نسبت غور کرنا ضرور نہ تھا اور جب مادہ کی موجودہ حالت اور اس کے تغیرات کو دیکھکر یہان کی کیفیتون کو عام سے عام فرض کرتے ہوئے ابتدا مین تمام فضا کو بجائے بادل سے بھرا ہوا فرض کر لیا گیا ہے اور تجربہ کی چیزون سے تجربہ کے پرے تک خیال دوڑایا گیا ہے تو فورس کے عمل کو جو وجود کی شکلون کو معدوم کر رہا ہے اور انرجی کے عمل کو جو عمدہ سے عمدہ شکلین پیدا کرتی جاتی ہے عام سے عام کرتے ہوئے یہ خیال نہین ہو سکتا ؟ کہ پیدائش کے متعلق جو احتمال قرین قیاس سمجھا گیا تھا قوت کی یہ دوڑ دھوپ کارروائی خود اُسکو قوی کرتی ہے اور دنیا کی اصلیت چونکہ عدم ہے اسلئے وہ فورس کی شکل مین ہر مقام پر جلوہ گر ہے اور پیدا چونکہ خدا کی قوت علم نے کیا ہے اس لیئے وہ انرجی کی شکل مین ہر حالت کے بعد دوسری حالت کو بہتر سے بہتر کرتی جاتی ہے اور انہی دونو کیفیتون کا سبب ہے جو یہ دنیا آہستہ آہستہ ترقی کرتی ہے۔ ورنہ اگر محض عدم ہوتا اور کوئی قوت موجود کرنیوالی نہ ہوتی تو وجود کی کوئی شکل ظہور پذیر نہ ہوتی اور اگر عالم قدیم سے موجود ہوتا اور عدم سے وجود مین نہ لایا جاتا تو جو کچھ موجود ہوتا اپنی اعلیٰ سے اعلیٰ شکل مین ہوتا اور اس تدریجی ترقی کا نشان نہ ملتا۔ پس دنیا آہستہ آہستہ اسلئے بڑھتی ہے کہ وہ خود اپنی اصلیت کیطرف میلان رکھتی ہے اور قوت علم اسکو وجود کیطرف لانا چاہتی ہے چنانچہ جب یہ عمل شروع ہوا ہوگا تو چونکہ محض عدم کو وجود مین لانا تھا اسلئے ابتدا مین وجود کا اثر نہایت مخفی اور غیر محسوس ہوا ہوگا چنانچہ وہ وہی مدارج ہین جو بخار کے بادل سے پہلے گذر چکے ہونگے اور جنکی نسبت یہ کہنا

کوئی فیصلہ نہین کر سکتی۔ مگر جہان سے علم اور احساس کا دور شروع ہوا ہے وہان سے ان دونو قوتون کی جد وجہد کی کیفیت اور اسکے مدارج پہلے کی نسبت واضح سے واضح ہوتے جاتے ہین اور اس لیے آغاز کی نسبت انجام کیلئے غور و فکر کرنا زیادہ سہل ہوگیا ہے۔

ترقی کے مختلف درجات مین فورس اور انرجی کی شکل بدلتی جاتی ہے۔

چنانچہ اس نظام کی سادہ سے سادہ شکل جو خیال مین آسکتی ہے وہ نہایت وسعت مین پھیلے ہوئے باریک ذرات کا بادل ہے اس سے پہلے اگرچہ ہزارون انقلاب ہوئے ہونگے مگر کم از کم ایک تو خیال مین آسکتا ہے جبکہ مادہ کو عدم سے وجود مین لایا گیا ہوگا اس وقت عدم کا فورس وجود سے مانع ہوگا اور قدرت کی انرجی موجود کرنا چاہتی ہوگی جس سے ابتدائی باریک ذرات پیدا ہوئے ہونگے۔ اس پہلی کوشش کے بعد اور ترقی ہونے لگی تو فورس چونکہ وجود کو روکنے مین کامیاب نہ ہوا اب اسکا اثر ذرات کی حرکت کو روکنے لگا اور اُدھر انرجی ذرات کو دور سے دور لیجانے لگی اور ترقی کا ایک اور قدم آگے بڑھا اور کرون کی ابتدائی شکل پیدا ہوئی۔ یہان سے حیوان کی پیدائش تک دیکھا جاتا ہے کہ بڑھانے اور روکنے والی دو قوتین حرکتین طبعی ہین اور محض جسم تک محدود ہین گو ایک کے بعد دوسری مین کچھ نہ کچھ ترقی ضرور پائی جاتی ہے پہلے محض ذرات کو کھینچا یا ٹہلایا جاتا تھا پھر ذرات سے بنے ہوئے بڑے بڑے کرون کو کھینچا اور دھکیلا جانے لگا۔ زمین آبادی کے قریب آئی تو بھاپ اور ہوا کی شکل مین کرون کے اجزا کو ان سے جدا کرنے اور پھر انکی طرف لانے کی کوشش شروع ہوئی نباتات مین جسم کی اجزا کو جدا نہین کیا جاتا بلکہ پیوستہ رہنے کی حالت مین نمو دیا جاتا ہے اور اُدھر سے اسکی مزاحمت ہوتی ہے۔ اب حیوان پیدا ہوا تو اگرچہ حرکت اسمین بھی جسم کو تھی مگر اب بجائے ایک کے دو طرح کی ہوگئی ایک تو اجزا کی وہی نشوونما کی حرکت ہے جو نبات مین تھی اور دوسری حرکت تمام جسم کو جا بجا پھرنے کی ہے اس حرکت کا نشان کرون کی گردش مین بھی پایا جاتا ہے مگر یہان اور شان ہے۔ کرے کا تمام جسم بھی حرکت کرتا ہے مگر ایک دائرہ مین اور اس سے باہر نہین جا سکتا اور نیز انکی حرکت محض طبعی ہے اور یہان حیوانات کسی دائرہ مین مقید نہین ہین اور مشرق سے مغرب تک جولان کر سکتے ہین اور نیز انکی حرکت

مین طبیعت کے علاوہ ان کے احساس کو بھی دخل ہے اور اپنے تصور و خیال کی مدد سے ارادہ کی شکل مین حرکت کرتے ہین۔ غرض ایک طرف ان کے جسم مین ایسی حرکتین پیدا ہوئین جو اور قسم کی مخلوقات مین نہ تھین اور دوسری طرف اُن کے دماغ مین حرکت پیدا ہوئی اور وہ اپنے خیال کو اشیا گرد و پیش کیطرف لیجانے لگے۔ ان کے بعد انسان پیدا ہوا تو یہ آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری کا مصداق تھا۔ چنانچہ یہ وہ حرکت بھی رکھتا ہے جو نباتات مین ذرات کو نشو و نما دے رہی تھی اور وہ حرکت بھی رکھتا ہے جو حیوانات کو جا بجا لیے پھرتی تھی اور اسکے علاوہ دماغی حرکت کا وہ عالم ہے کہ حیوان جو اشیا گرد و پیش کیطرف توجہ کرتا تھا تو صرف اُنکو کھانے کیلئے یا کسی اندیشہ کی حالت مین اس سے بھاگ جانیکیلئے اور انسان اپنے تصور کو نہ صرف چیز کیطرف لیجاتا ہے بلکہ اُسکی خاصیتون کیطرف لیجاتا ہے اسکی شکل کو بدلکر اور دوسری چیزون کے ساتھ ملاکر اور شکلین پیدا کرنے کیطرف اور پھر ان شکلون کی تاثیرون کیطرف لیجاتا ہے۔ غرض اپنی دماغی حرکت مین کسی حد پر محدود نہین ہونا چاہتا اور جہان تک جا سکے اس سے بھی آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے اور نیز حیوان کیطرح صرف سطح زمین اور مختصر سی فضا مین محدود نہین رہتا بلکہ نیچے تحت الثرے اور اوپر افلاک الافلاک تک پہنچتا ہے اور اپنے خیال کو یہان تک دوڑاتا ہے کہ کائنات کی تمام فضا کو عبور کر جاتا ہے اور خالق کائنات تک بھی پہنچنے کی کوشش کرتا ہے۔

آئندہ انقلاب مین ترقی اور بھی اعلیٰ ہونی چاہئے

غرض یہان تک تو وہ ترقی ہے جو دُنیا نے حاصل کی ہے اب جو آیندہ انقلاب ہونیوالا ہے کیا آیندہ بھی یہی ترقی ہوگی؟ کہ انسان دنیا کی چیزون کی تاثیرین دریافت کرتا رہے اور شکلین ایجاد کرتا جائے۔ نہین۔ ایک دفعہ پھر پیچھے کو جاؤ اور دیکھو کہ ابتدائی ذرون کے پھیلنے اور سکڑنے کی حرکت ان کیلئے ترقی کی صورت تھی لیکن اگر کُرہ بنجانے کے بعد اجسام مین بھی یہی ذرات کے پھیلنے اور سکڑنے کی حرکت رہتی اور آفتاب کے گرد دورہ کرنے کی حرکت پیدا نہ ہوتی تو محض ذرات کی حرکت اس درجہ کے لیے ترقی نہ ہوتی۔ اور اسی طرح نباتات کے اندر اجزا کا نشو و نما ان کے لیئے ترقی ہے لیکن اگر حیوان مین بھی یہی وصف رہتا اور منہ مین غذا

آپڑنے پر وہ بڑھ پھول سکتا مگر ارادی حرکت اور آمد و رفت کی طاقت نہ ہوتی تو جوبات نبات کے لیے ترقی ہے حیوان کے لیے وہی تنزل قرار پاتی - اور اسی طرح جو انسان حیوان کی طرح اپنی ہمت کو محض چرنے چگنے تک محدود رکھے اور دماغی حرکتون کو کام مین نہ لائے تو خواہ ہاتھی جیسا موٹا اور شیر جیسا قوی ہو جائے مگر عقل اور دین سے بے بہرہ ہونیکے سبب یہ حالت اُسکے لیے تنزل سمجھی جاتی ہے حالانکہ حیوان کے لیے ترقی یہی ہے - پس جب ہم دیکھتے ہین کہ ہر انقلاب مین اس انقلاب کے مناسب ترقی کی اور شکل ہوتی ہے اور اس سے نیچے درجے کی ترقی اگر صرف وہی رہی تو تنزل سمجھی جاتی - ہے اسلیئے آیندہ انقلاب پر اگر یہی کائنات کی تحقیق اور ایجاد و اختراع کا شغل رہا تو اس حالت کے لحاظ سے تنزل کیون نہ ہوگا بلکہ ضرور ہے کہ جس طرح پہلے ہر درجہ مین ترقی کی شکل بدلتی رہی ہے اس درجہ مین بھی کوئی اور شکل ہو - اور وہ کیا ہو سکتی ؟ یہان حرکت ذرون سے شروع ہوئی - پھر جسم اور دماغ کو ہلایا - جسم کی حرکت حیوان تک کمال کو پہونچی اور دہان سے دماغی حرکت شروع ہوئی - انسان نے اپنے خیال کو تمام کائنات مین دوڑایا اور ابھی دوڑا رہا ہے آیندہ ترقی کائنات سے آگے ہونی چاہیے -

آیندہ ترقی معرفت مین ہوگی چنانچہ اسکے لئے وہی چیز باقی ہے جسکی تلاش انسان کی فطرت مین ودیعت ہے اور جس کو اُس نے ہر گوشہ مین تلاش کیا - کبھی اسے پتھر سمجھا اور کبھی درخت کبھی آفتاب سمجھا اور کبھی ماہتاب - مگر آخر مین اعتراف کیا کہ وہ ان سب سے بالا اور سب سے اعلی ہے اور اسکو سمجھنا اور پانا دنیوی نظر کے لیئے ناممکن ہے پس آیندہ انقلاب مین اگر ترقی ہو سکتی ہے تو اسکی طرف - اور حقیقت مین نہ صرف مذہبی جذبہ بلکہ مادہ کی تمام حرکتین جو اوپر کی طرف ہو رہی ہین اور انسان کی عام خواہش جو اعلے سے اعلے منظرون کے لئے اسکی فطرت مین داخل ہے وہ اسی لیئے ہے کہ ایک وقت پر یہ ترقی کرتا ہوا سب سے اعلی ذات کی معرفت حاصل کرے اور اُسکے وصال سے بہرہ ور ہو - اور جس طرح نباتات مین تغذیہ اور نشوونما کی طاقت پیدا کر دی گئی تھی جو حیوانات مین کمال کو پہونچی اور حیوانات مین حس و حرکت کی طاقت پیدا کی جو انسان مین اپنی حد تک پہونچی اسی طرح انسان مین اُس بالاتر

ہستی کا خیال و رویت کیا گیا جو آیندہ انقلاب مین اپنے کمال کو پہونچیگا۔ اور جس طرح یہان بعض انسان عدمی میلان سے متاثر ہوکر دنیوی حالت کے کمال یعنی علوم و فنون کیطرف توجہ نہین کرتے اور روز بروز تنزل کیطرف چلے جاتے ہین اور بعض اوپر کے جانے قوت کو کام مین لاکر رازہاے قدرت کے ماہر اور اسکے مخفی خزانون کے مالک بنتے جاتے ہین۔ اسی طرح جو لوگ اسی عدمی میلان سے متاثر ہوکر دنیوی کمالات اور لذائذ حاصل کرنیکے بعد انہی کو ترقی کی انتہائی حد سمجھ لیتے ہین اور اس سے اوپر کسی اور ترقی کے لئے تیار نہین ہوتے وہ آئندہ انقلاب پر قرب ربانی کی نعمتون سے محروم اور فراق و بعد کی تکالیف مین مبتلا ہین گے اور جو اسکے برخلاف یہان کے فرائض ادا کرنے کے بعد اپنے لیے کچھ آنجہانی فرائض بھی قرار دیتے ہین اور ان پر کاربند رہتے ہین وہ بیشک آئندہ وہ ترقی دیکھینگے کہ یہان کی ترقیان اسکے سامنے ہیچ ہونگی۔

يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ (آل عمران پارہ ۴ ع ۱۱)

یاد رکھو جس دن بعض چہرہ سفید ہونگے اور بعض سیاہ جن کے چہرہ سیاہ ہونگے انکو کہا جائیگا کہ کیا تمنے ایمان کے بعد کفر اختیار کیا؟ پس تم اپنے کفر کے سبب عذاب چکھو۔ اور جن کے چہرے سفید ہون گے وہ خدا کی رحمت مین رہین گے اور ہمیشہ رہین گے

وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ أَفَلَا

خدا نے آسمان و زمین کو فضول پیدا نہین کیا۔ یہ اس لئے ہے کہ ہر شخص کو اسکے اعمال کا بدلا دیا جاوے اور ان پر ظلم نہ ہو۔ کیا تم دیکھتے ہو ان لوگون کو جنہون نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنایا ہوا ہے اور خدا کے مقرر کردہ قاعدون کے موافق وہ باوجود علم کے گمراہ ہوگئے ہین اور ان کے کان اور دل پر مہر لگ گئی ہے

تَذَكَّرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُمْ بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝

(حاشیہ پارہ ۲۵ ع ۳)

اور آنکھون پر پردہ پڑ گیا ہے اب انکو خدا کے سوا کون ہدایت دیگا تم اس سے عبرت نہین لیتے - وہ لوگ کہتے ہین کہ صرف یہی دنیا ہے جسمین موت یا زندگی کا سلسلہ ہے اور ہم زمانہ کے اثر سے مرجاتے ہین اور کچھ نہین انکو کوئی علم نہین صرف اٹکل کی باتین کرتے ہین -

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ ۝ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ أَنْ يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝

(قیامۃ پارہ ۲۹ ع ۱)

بہت سے چہرے اس دن تر و تازہ ہونگے اور اپنے خدا کو دیکھتے ہونگے اور بہت سے چہرے اُس دن اُداس ہونگے اور سمجھتے ہونگے کہ اب جو صدمہ شکن مصیبت آئی -

آئندہ ترقی کیلئے جو سامان ہونا چاہئے وہ اسی عالم مین مہیا کر دیا گیا ہے -

غرض دنیوی فرائض کے لحاظ سے یہان ترقی اور تنزل دونو طرح کی حرکتین موجود ہین اور اُخروی فرائض کے لحاظ سے وہان دونو قسم کی رفتار اور اُس پر چلنے والے موجود ہونگے - اور اگر یہان حیوان مین دماغ کی ابتدائی حرکت موجود نہ ہوتی تو انسان مین یہ حرکت کمال کو نہ پہونچتی - اسی طرح اگر انسان کے دماغ مین دنیا کے اندر آسمانی خیالات اور اُسکے وسائل موجود نہ ہونگے یا اُن کو دبا دیا جائیگا تو آخرت مین اس حرکت کا کمال حاصل نہ ہوگا چنانچہ اسی لئے قدرت کیطرف سے اسکا اہتمام کیا گیا ہے ہر شخص کی فطرت مین یہ تلاش ودیعت کی گئی ہے اور پھر وقتاً فوقتاً اسکی رہنمائی کے سامان بہم پہونچائے گئے ہین - اور چونکہ حرکت ذات باری کیطرف ہوگی اسلئے اس ذات پر یقین رکھنا اور اُسکو دائم و باقی سمجھنا اصل ایمان قرار دیا گیا ہے اور جن اعمال و اشغال سے اس عقیدہ کو پختگی اور اس خیال مین جلا اور رونق پیدا ہو اُن کو فرض و واجب ٹھہرایا گیا ہے اور اس عقیدہ کا نہ ہونا کفر یعنے موجب تنزل اور اس خیال سے غافل کرنیوالے اعمال کو گناہ یعنی باعث ایذا و تنزل مانا گیا ہے اور نیز اس امر کیطرف بھی توجہ دلائی گئی ہے کہ چونکہ ترقی قرب خدا مین ہوتی ہے اسلئے خدا کی نسبت سچا اعتقاد ہونا چاہئے ورنہ اگر کسی نے ایسی چیز کو خدا سمجھ لیا ہے جو حقیقت مین خدا نہین تو آخرت مین ترقی بھی وہ اسی خیال کیطرف کریگا اور اس خدا کا قرب نہ حاصل کر سکیگا جو

حقیقت مین خدا ہے۔ ہان یہ ضرور ہے کہ ہر زمانہ کے لحاظ سے سچا اعتقاد کسی قدر متفاوت ہو سکتا ہے۔ اور محض اس تفاوت سے ترقی مین نقص واقع نہ ہوگا۔ مثلاً ابتدائے آفرینش مین جب اُس برتر از خیال و قیاس ہستی کیطرف خیال نہ جا سکتا ہوگا اس وقت سچا عقیدہ صرف یہی ہو سکتا تھا کہ ہم سے برتر ایک ہستی ہے اور چونکہ خدا واقع مین انسان سے برتر ہے اسلئے اِس عقیدے والے آیندہ ترقی کے اہل ہو سکین گے۔ مگر آئندہ آنیوالون نے جب اپنی نفسانی آمیزش سے ہوا یا پانی یا اور چیزون کو بعض طاقتون اور خاصیتون مین اپنے سے برتر سمجھکر ان کو خدا مان لیا ہوگا تو چونکہ واقع مین یہ چیزین خدا نہین ہین اسلئے اُس مجمل اور سچے عقیدے مین اس غلط تفسیر نے ملکر ضرور اثر کیا ہوگا اور آئندہ عالم مین وہ لوگ اسی خیال اور اسکے نتائج مین مبتلا رہین گے اور سچے خدا کا قرب نہ حاصل کر سکینگے اور علیہذا جب اس غلط عقیدے کی اصلاح ہوئی ہوگی اور بتایا گیا ہوگا کہ خدا ہوا اور پانی وغیرہ سے بھی بہتر ہے تو اس خیال مین پھر ترقی کی صلاحیت پیدا ہو گئی ہوگی۔ اور اسکے بعد جب ہوا اور پانی پیدا کرنیوالی طاقتون کو دیوتا مانکر ان کے آگے سر اطاعت جھکایا گیا ہوگا تو اس غلطی نے پھر ترقی کی رفتار کو اور طرف منعطف کر دیا ہوگا۔ حتےٰ کہ رفتہ رفتہ خدا کو سب محسوس اور غیر محسوس چیزون سے برتر اور سب پر قابض و متصرف مانا گیا ہوگا جو آئندہ ترقی کے لیئے مفید ہے اور پھر انسان نے اپنی آمیزش سے اُسے سب سے برتر مانتے ہوئے بعض انسانون کو ایسا بڑھا دیا ہوگا کہ خدا مین اور انمین محض باپ بیٹے کا تفاوت رہگیا ہو۔ یا سب پر قابض مانتے ہوئے بعض اشیاء کو ایسا عظیم الشان تصور کیا ہوگا کہ ان کو خدا کی مخلوق ماننے سے انکار کر دیا ہوگا اور اس طرح بجائے ہر طرح سے کامل اور قادر خدا کو ماننے کے ایسے خدا کو مانا ہوگا جو بعض انسانی نقصون سے متصف ہو اور بعض طاقتون مین ناقص جس کا اثر آئندہ ترقی مین نمایان ہونا ضرور ہے اور انکو اسی رستہ پر جانا ہے جس کے نشانات انہون نے اپنے دل مین قائم کر چھوڑے ہین۔ اور اگر واقع مین خدا سب نقصون سے پاک ہو تو اس خیال والے اس کیطرف نہین جا سکتے غرض آئندہ ایسا باغ لگنے والا ہے جسکی تخم ریزی نہین ہو چکی ہے اور جو تخم ہوگا آخر مین اُسی کا

پھل ملیگا اور تخم مختلف ہون مگر پھل یکسان اس سے زیادہ خلاف عقل اور نامقبول خیال کوئی نہین ہوسکتا ؛

آئندہ ترقی غیر محدود ہوگی | یہان والے مانتے ہین کہ فورس ہر ایک ذرہ مین چسپیدہ ہے اور اس سے جدا نہین ہوسکتا اور اس کے خلاف انرجی ایک ذرّہ سے دوسرے ذرہ اور ایک جسم سے دوسرے جسم کیطرف انتقال کرتی رہتی ہے اسکا باعث انہون نے خدا جانے اب کیا سمجھا ہے اور آئندہ اسکے متعلق کیا کیا تھیوریان قایم کرینگے مگر اسمین شک نہین کہ دنیا کی ماہیت عدم ہے اور اس لئے اس کا ظہور ہر درجہ مین اور ہر فرد مین ہونا چاہیئے اور وجود دوسری ذات کی طرف سے عطا ہوا ہے اسلئے وہ عدم کی طرح اسکے ساتھ چسپیدہ نہین ہوسکتا اور اسلئے وہ انقلاب کے ہر درجہ مین اسی حد تک ظہور کرتا ہے جہان تک اس درجہ کو مکمل کرنے کے لئے ضرورت ہو اور اسکے بعد ظہور کی نوعیت بدل جاتی ہے۔ مثلاً جب بخار کا بادل تھا تو اسکی اجزا مین انرجی کا ظہور اس شکل مین تھا کہ وہ ذرون کو ذرون سے جدا کرنا چاہتی تھی اور مختلف سیارون کی جو شکل بنانی مطلوب تھی وہ اسی طرح کی انرجی سے پیدا ہوسکتی تھی اسلئے جبتک ضرورت رہی یہ عمل ہوتا رہا چنانچہ ادھر فورس کا عدمی اثر بھی کام کرتا رہا اور ادھر انرجی اپنا اثر دکھاتی رہی اور زمین وغیرہ سیارے پیدا ہوگئے۔ اور اب جو چیز پیدا کرنی مطلوب تھی وہ پیدا ہوگئی اسلئے انرجی کا وہ عمل کم ہونا شروع ہوا اور زمین بخار سے سیال اور سیال سے منجمد ہوتی گئی اور اس طاقت کا جو حصہ زمین مین ودیعت تھا اس کا اثر جاتا رہا اور پھر آئندہ جس قسم کی انرجی سے زمین کو آباد کرنا تھا اسکا ظہور ہونے لگا یعنی انرجی آفتاب سے حرارت اور روشنی کی شکل مین سفر کرتی ہوئی زمین تک پہونچی اور اس سے باد تراج آندھی وغیرہ انقلاب پیدا ہونے لگے۔ اور انکے بعد نباتات کو پیدا کرنے کے لئے اُن کے اجزائے جسم کو بڑھانے کی اور حیوانات مین اس کے علاوہ خود ان کے جسم کو اور نیز کسی قدر دماغ کو اطراف وجوانب مین حرکت دینے کی اور انسان مین ان تمام طریق کے ساتھ اسکے دماغ کو زمین و آسمان کے ہر گوشہ کیطرف اور خود پیدا کرنیوالے کیطرف متوجہ کرنے کی ضرورت تھی اسلئے ان انقلابون مین انرجی کا ظہور یکے بعد دیگرے ترقی کرتا رہا۔ مگر وہ مادہ جسمین نشوونما ہونے

کوتھی اور وہ فضا جسمین حیوان حرکت کرنیکو تھا اور کائنات کا وہ میدان جسمین انسان اپنے خیال کو جولان دینے والا تھا یہ سب محدود ہین اور ان سب قسمون کی ترقی ایک معین حد سے آگے نہین بڑھ سکتی اسلئے ازجی کے یہ تمام ظہور بھی ایک ایک وقت پر ختم ہوتے رہے اور ایک دن سب ختم ہوجائینگے لیکن ان ترقیون کے بعد آئندہ انسان کی قوت خیالیہ ذات ربانی کیطرف حرکت کرنے کو ہے اور ترقی قرب و بُعد خدا مین ہونے والی ہے اور خدا کی ذات غیر محدود ہونے کے سبب وہ ترقی کسی نقطہ پر ختم نہین ہوسکتی اسلئے ازجی کا وہ ظہور بھی جو آئندہ ہونے والا ہے غیر محدود ہوگا اور اسی لئے کہا جاتا ہے کہ آسمانی رنج و راحت دائمی اور ابدی ہے اور جو لوگ خدا سے قریب ہونگے وہ ہمیشہ قریب تر ہوتے جائینگے اور جو دور رہونگے وہ دور سے دور تر ہونے مین بھی کسی حد پر نہ ٹھیر سکینگے۔

روح صرف جسم مین رہکر ترقی کرسکتی ہے

غرض یہ یقین کرنیکی وجوہ موجود ہین کہ جس وقت پر ترقی کا خاتمہ سمجھا جاتا ہے وہ حقیقت مین اب سے بہت زیادہ ترقی کا زمانہ ہوگا اور جو مخلوقات یہان پیدا ہوتی ہے اُس زمانے زیادہ آسانی سے پیدا ہوسکیگی اور ترقی کے لیئے چونکہ اور کوئی میدان نہین رہا اس لیے اُس وقت معرفت ربانی مین ترقی ہوگی اور چونکہ وہ ذات لامحدود ہے اسلئے وہ ترقی بھی لاانتہا ہوگی اب یہ دیکھنا باقی رہا کہ انسان مین جب ایک روح جیسی لطیف ہستی کو مانا جاتا ہے اور مرنے کے بعد اسکے قائم رہنے کا یقین کیا جاتا ہے تو خواہ مادہ کوئی اور شکل اختیار کرے یا نہ کرے اسکی کیا ضرورت ہے کہ روح انسانی دوبارہ جسم مین داخل ہو اور کیون نہین ہوسکتا کہ وہ مجرد رہکر معرفت ربانی یا اور حالات مین ترقی کرتی جائے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ محض احتمال قائم کرلینا کہ شاید ایسا ہو اور بات ہے لیکن یقین کرنے کیلئے کہ روح اپنی مجرد حالت مین ترقی کرسکیگی یا کرسکے گی زیادہ ثبوت کی ضرورت ہے اور غور کیا جاتا ہے تو قرائن اسکے خلاف دلالت کرتے ہین کیونکہ اول تو روح باوجود جداگانہ ہستی ہونیکے جو جسم مین ظہور کرتی ہے تو ضرور ہے کہ وہ اپنی ترقی مین جسمانی وسائل کی محتاج ہوگی ورنہ اگر خود ترقی کرنے کی قابلیت رکھتی تو جسم کے قید مین آنا بے سود ہوتا۔ اور دوسرے کوئی مجرد ہستی ہو اور پھر ترقی کرے یہ مسئلہ بھی قابل غور ہے۔ یہان مادہ ترقی کرتا ہے تو اسکی یہ صورت ہے کہ اجزا باہم کبھی ایک شکل سے پیوستہ

ہوتے ہین اور کبھی دوسری شکل سے اور کبھی کسی مرکب سے بعض اجزا خارج ہوجاتی ہین اور بعض اور داخل ہوتی ہین اور ایک حالت سے دوسری حالت اعلیٰ اور افضل ہوتی جاتی ہے اور پھر اعلیٰ شکلون مین عقل و شعور کا ظہور ہوتا ہے اور جسمانی ترقی کے ساتھ وہ ترقی شروع ہوتی ہے جسے روحانی ترقی کہا جائے تو اسمین کوئی تصور پیدا ہوتا ہے یا کوئی جلوہ نظر آتا ہے۔ اس تصور یا اس جلوہ کو قوائے آلیہ محفوظ رکھتی ہین اور آئندہ اس سے عمدہ تصور یا جلوہ پیدا ہونیکا موقع آتا ہے اور اس عمل سے خیالات جسمانی ہون یا روحانی ترقی کرتے رہتے ہین۔ غرض ترقی کا جو تجربہ انسان کو ہے اسمین ترقی کرنیوالیکے لئے بہت سے ذرائع اور وسائل کی ضرورت ہے اسلئے جو چیز اجزا سے پاک اور مجرد ہو مجرد رہکر اسکی ترقی خیال مین بھی نہین آسکتی چہ جائیکہ اس پر یقین کیا جائے اور اسی لئے خدا جو مجرد اور لیگانہ ہستی ہے جو لوگ اسے مانتے ہین تو ازل سے ابد تک الآن کما کان تسلیم کرتے ہین اور اسکی ذات کو ترقی یا تنزل کیطرف جاتے ہوئے مان نہین سکتے پس روح بھی جبتک اپنی مجرد حالت مین رہیگی ترقی یا تنزل کے جس درجہ پر ہوگی اس سے آگے نہ بڑھ سکیگی اور ترقی کریگی تو اسی صورت مین کہ جسم مین داخل ہو اور جو وسائل جسم کو ترقی دیتے ہین اور جو فور اسکو روشن کرتا ہے اس سے مدد لے اور اس لیئے ضرور ہے کہ جب مادہ آئندہ انقلاب مین ترقی کرے اور اعلیٰ شکلین پیدا ہون تو روح انسانی ان مین ظہور کرے اور مدارج ترقی پر فائز ہو۔

غرض اعتراض تو روحانی حشر کو تسلیم کرنیوالے کیا کرتے ہین کہ جسمانی حشر مین ترقی نہین ہوسکتی یا وہ ترقی دائمی نہ ہوگی مگر حقیقت اسکے خلاف کھلتی ہے کہ روحانی ترقی کے لئے ذریعہ ہی جسمانی ظہور ہے۔ رہا اس ترقی کا دوام سو ہم ذکر کرچکے ہین کہ مادہ اپنی ذات سے ہمیشہ تک قائم رہسکتا ہے اور اسمین جو انقلاب ہوتے ہین وہ انرجی کے اثر سے ہین اور انرجی کی نسبت ہم دیکھتے ہین اور اوپر غور کرچکے ہین کہ اسکا ظہور جس قدر ابتدائی یا بالواسطہ ہے اسی قدر شکلون کا انقلاب بھی جلدی ہوتا ہے چنانچہ زمین کی ابتدائی حالت مین ذرات کی شکلین

اور نیز ماہتاب کے اثر سے اسکی پیداوار ان چیزون کی عمر بہت مختصر ہے اور نیز یہ بھی ہمنے دیکھا ہی کہ انرجی کا ظہور جس حالت کو پیدا کرنا چاہتا ہے اس حالت کے کمال تک وہ ظہور قائم رہتا ہے۔ پس جب یہ نظام انجام کو پہونچے گا اور تمام وسائط ختم ہوجانے پر آفتاب وحدت کا نور براہ راست جلوہ کریگا اور جب انرجی کا ظہور معرفت ربانی مین ترقی دینے کو ہوگا اور وہ ذات غیر محدود ہے تو اس وقت نور کے دوام سے اس کی پیدا کردہ شکلین بھی دائمی ہونگی اور معرفت کی ترقی بھی ہمیشہ جاری رہیگی ۔

ارواح کے لئے مادہ کی کمی نہین | یہان ایک سرسری سا اعتراض اور ہے کہ زمین پر جاندار مخلوق اس کثرت سے ہے کہ پانی کے ایک قطرے اور ہوا کے ایک ذرہ مین لاکھون کی تعداد موجود ہے پس اگر یہ سب دوبارہ زندہ کئے جائین اور نیز اس عالم مین موت اور زندگی کا سلسلہ بھی جاری نہ ہو تو مادہ جس سے ان سب کے لئے اجسام بنائے جائین میسّر نہ آئیگا۔ مگر یہ اعتراض ذرائع قدرت کو اپنے خیال کے موافق محدود سمجھنے سے پیدا ہوتا ہے ورنہ قدرت نے جس طرح زندگی نہایت فیاضی سے تقسیم کی ہے اسی طرح مادّہ کو پیدا کرنے مین بھی بخل کو کام نہین فرمایا۔ اول تو فرداً فرداً انواع حیوانات کو دیکھئے کہ ایک عورت کے پیٹ سے جس قدر اولاد پیدا ہوتی ہی وہ زیادہ سے زیادہ ہو تب بھی دس بیس سے آگے نہین بڑھ سکتی مگر وہ مادہ جو ایک ایک عورت کے رحم مین انسانی اجسام بنانے کے لیے مہیا کیا گیا ہے اُسکو پیدا ہونیوالی اولاد کی تعداد سے کوئی نسبت نہین یعنی جب تحقیق جدید عورت کے رحم مین دس ہزار کے قریب انڈے شمار کئے گئے ہین۔ یہی حال اُس ذخیرہ کا سمجھنا چاہئے جو حیوانات کے ہر ایک نوع مین اُن کے نطفون کے لئے مہیا کیا گیا ہے اور اسی طرح درختون مین دیکھا جاتا ہے کہ درخت کا تخم جس قدر آیندہ اُسکی نسل بڑھانیکے لئے کام آتا ہے اس سے بہت زیادہ ہر درخت مین پیدا کیا جاتا ہے چنانچہ اسکی بیشتر مقدار انسان کے تصرف مین آتی ہے بہت کچھ حیوانات لیجاتے ہین اور پھر بھی بہت کچھ پختگی سے پہلے اور پیچھے جھڑ کر ضائع ہوجاتا ہے۔ یہ کیفیت تو ذخیرہ پیدائش کی ہے جس کا جوہر ضرورت سے بہت زیادہ

مہیا کیا گیا ہے اب اِن تخموں کو ذرات کی کثرت اور انکی ترتیب کے لحاظ سے دیکھئے کہ ایک دیو ہیکل بڑ کا درخت جسکی جڑ۔ تنہ۔ شاخ۔ پتہ۔ اور پھل سب کے اجزا کا خلاصہ ایک بیج مین اِس طرح جمع کردیا جاتا ہے کہ اُس کا حجم ذرہ کے برابر ہوتا ہے اور پھر یہ تخم جب بویا جائے تو وہی ذرات پھیل کر ویسا ہی دیو ہیکل درخت پیدا کردیتے ہین۔ اس وقت بیشک تخم کے ساتھ بہت سے ذرات خوراک سے بھی پیوستہ ہوئے ہین مگر درخت کی ہر جزو مین تخم کا بھی کوئی نہ کوئی ذرہ ضرور ہے جسکی وجہ سے درخت اپنی نوع کے خصائل اور شکل ظاہر کرتا ہے ورنہ اگر تخم کے ذرات ایسے ہی تھوڑے ہوتے جیسے اسکی شکل سے ظاہر ہوتے ہین اور باقی اجزا بیرونی خوراک سے مہیا ہوتے تو کوئی ہمجنس درخت دوسرے سے مشابہ نہ ہوتا۔ پھر دیکھو کہ لکڑی کا ایک چھوٹا سا ٹکڑہ ہوتا ہے اسے جلاتے ہین تو دھوان اِس قدر پھیلتا ہے کہ گھر بھر جاتا ہے اب اجزائے لطیفہ جو اس قدر حجم مین پھیل سکتے ہین وہی ہین جو لکڑی کے ٹکڑے مین ایک چھوٹے سے حجم مین مقید تھے اور یہی اصول ہے جس سے ہومیوپیتھک طبابت مین ایک رتی دوا کا کروڑوان حصہ بلکہ اس سے بھی کمتر استعمال ہوتا ہے اور اِس ذرہ کے استعمال سے دوا کا اثر ظہور کرتا ہے غرض یہ کہ قدرت ذرات کو پیوستہ کرکے بڑے مقدار کو چھوٹے حجم مین اور پھیلا کر تھوڑی مقدار کو بڑے حجم مین پیدا کرسکتی ہے اور اسی عمل سے اندازہ کیا گیا ہے کہ جب عالم سنجار کے بادل کی شکل مین تھا تو اس وقت کی ایک آدھی رتی کا حجم اُس وقت کئی ملین مکعب میلون مین پھیلا ہوا تھا۔ تو جب نیچر کی یہ قوت خود اسی نظام مین نظر آتی ہے کہ وہ تھوڑی تھوڑی اجزا سے بڑے بڑے حجم کے اجسام بنا سکتی ہے تو اس وقت جبکہ اس سے بھی اعلے نظام ہوگا اور کام کرنیوالا نور اپنے مرکز سے بواسطہ ظہور کریگا اس وقت جس قدر ارواح اجسام سے مفارق ہونے پر باقی رہ سکتی ہین وہ خواہ اسی تعداد مین ہون جو یہان جاندار مخلوق کی نظر آتی ہین یا اس مخلوق کی کوئی اعلے انواع ہون جن کو ایسی پائدار روح میسر ہے کچھ بھی ہو قدرت اس وجہ سے محتاج نہین ہوسکتی کہ مادہ کم ہے اور اسکی اجزا سب مین تقسیم نہ ہوسکین گی۔

آیندہ ترقی مین اجسام کی حالت پس اگر روح کوئی چیز ہے جس نے یہان مادہ مین ظہور کرکے ترقی کی ہے تو آیندہ انقلاب پر جب مادہ اور اعلےٰ شکلین حاصل کریگا روح بھی ضرور ان شکلون مین ظاہر ہوکر ترقی کریگی اور اسکے علاوہ یہان والون کی حالت کو دیکھکر جسمانی اور کیفیتین بہی معلوم ہوتی ہین۔ یہان نباتات اور حیوانات مادہ سے پیدا ہوتے ہین اور ان کی تمامتر توجہ بہی مادی کیطرف ہے اور ترقی بھی صرف نوع کے لحاظ سے ہوتی ہے یعنی ایک نوع سے دوسری نوع ترقی یافتہ ہوتی ہے ورنہ شخصی ترقی کا ان مین نشان نہین رہا انسان اسکی ترقی اگرچہ جسم کی وساطت سے ہوتی ہے لیکن ترقی کی رفتار اور پر کیجانب ہی اور جسم سے خیال کیطرف اور خیال مین کائنات سے خالق کائنات کیطرف بڑھتا ہوا جاتا ہے اور نیز یہان ان سب کی پیدائش اس نور کی وجہ سے ہی جو مادہ سے خارج ہوتا ہے تو اب جس وقت اس حرارت اور روشنی کا اثر ختم ہو جائیگا اور نوابت اور سیارے تاریک ہونیکے بعد محض ذات ربانی کے نور سے دوبارہ وجود حاصل کرینگے اس وقت مادہ کی جو اجزا نباتی اور حیوانی شکلین اختیار کرینگی ان مین انکی ذاتی حیثیت اور نور کی حیثیت دونو کا اثر ہونا چاہئے۔ نباتیت اور حیوانیت وہ چیز ہے جسمین مادی ترقی کی حیثیت ہو اور شخصی ترقی کی قابلیت نہ ہو اور نور کی حالت یہ ہے کہ وہ اس وقت غیر مادی سرچشمہ سے براہ راست ظہور کرتا ہی اسلئے ضرور ہے کہ یہ چیزین اس وقت بھی مادی وجود حاصل کرین مگر غیر مادی نور کے اثر سے ان مین ایسی ترقی ہو کہ مادی حرارت اور روشنی سے ہونی ممکن نہین اور اسلئے چاہئے کہ اس وقت کی نباتات اور حیوانات اب سے بہت زیادہ لطیف اور اعلےٰ جسم رکھتے ہون مگر شخصی ترقی کے قابل نہ ہون اور اسکے برخلاف اس وقت انسان مین چونکہ وہ مادہ کے وساطت سے ترقی کرتا ہے اسلیے یہ حیثیت اوپر دماغی ترقی یا تنزل کرتا رہا ہے اس لیئے یہ حیثیت بہی ہوگی اور معرفت ربانی کا اشتیاق یا اس سے بیگانگی ظاہر کرتا ہے اسلئے یہ حیثیت بہی ہوگی اور ادھر اس کا ظہور غیر مادی سرچشمہ سے ہے اس لیے اسکی حالت مین ان سب حیثیتون کا اثر نمایان ہونا چاہئے۔ مادہ سے تعلق رکھنے کے سبب مادی وجود حاصل کریگا اور چونکہ اسمین روحانیت بیشتر نمایان ہے اور ادھر نور بہی غیر مادی ہے

اِس لئے اس کا اُس وقت کا جسم نباتات اور حیوانات کے اس وقت کے جسم سے بہت زیادہ لطیف ہوگا اور چونکہ دماغی اور جسمانی ہر طرح کی ترقی کی قابلیت رکھتا ہی اسلئے نباتات اور حیوانات کی طرح ایک حالت مین مقید نہ رہیگا بلکہ جس طرح یہان اپنی ترقی کے میدان مین بڑھتا گھٹتا رہا ہے وہان بھی اپنی طاقتون کے موافق جو یہان سے لیکر گیا ہے ترقی اور تنزل کرتا رہیگا - اور اُسکی روحانی ترقی کے لیے ہم دیکھ چکے ہین کہ غیر محدود میدان ہے اور وہ ذات ربانی سے قریب یا بعید ہونے مین ابدالآباد تک ترقی کر سکے گا - رہی جسمانی حالت سو اسکے لئے ہم دیکھتے ہین کہ حیوان کی ترقی یا تنزل محسوسات کیطرف انتقل و حرکت کرنے پر منحصر ہے اور جو حیوان اس بارہ مین زیادہ چست ہوتا ہے وہ جسمانی قوت اور فربہی مین دوسرون پر فایق رہتا ہے - اور اسی حالت کو اُسکے لئے بہتر سمجھتا ہے اِسکے بعد انسان کی ترقی چونکہ محسوس سے غیر محسوس کیطرف جانے اور اپنے سود و بہبود کے متعلق نتایج نکالنے اور عمل کرنے پر منحصر ہے اس لیئے اسکی جسمانی حالت کی بہتری بھی اسی طرز عمل پر موقوف ہے چنانچہ جو لوگ علم و ادب، تہذیب و تربیت کیطرف توجہ کرتے ہین ان کے اجسام جاہلون اور وحشیون کی نسبت نازک ہو جاتے ہین مگر اسکی بجائے دل و دماغ نہایت چست اور تیز ہو جاتا ہے اور وہ لوگ اپنی ذہنی قوتون سے اور غیر محسوس طاقتون کو دریافت کرنیسے وہ وہ کام لیتے ہین جو وحشیون کے قوی اور بھاری جسمون سے نہین ہو سکتے اور اس لیئے یہ دُبلے اور نحیف مگر دانا لوگ اُن لوگون پر غالب رہتے ہین جو وحشت مین ترقی کرنے سے اپنے سے ایک درجہ نیچے ہو گئے ہین اور جسمانی اور روحانی حالت مین حیوانون سے ملگئے ہین اور اسی لیئے انسانی درجہ مین جسمانی لطافت اور دماغی چستی کو ترقی سمجھا جاتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر درجہ مین ترقی جس طرز عمل پر منحصر ہے اسی طرز عمل سے جسمانی حالت بھی متاثر ہوتی ہے اور اسی حالت کو جسم کی ترقی سمجھا جاتا ہے - اب جبکہ انسانی حالت مین آئندہ انقلاب ہوگا اور جب اسکی ترقی غیر محسوس مادی اشیا کو سمجھنے کی بجائے غیر محسوس غیر مادی ہستی کی معرفت پر منحصر ہوگی اس وقت بھی اسکی جسمانی حالت اس طرز عمل سے متاثر ہوگی اور وہی اس حالت مین جسمانی ترقی سمجھی جائیگی اور جب یہان غیر محسوس مگر مادی طاقتون کی طرف توجہ

کرنے سے جسم نازک اور لطیف ہو جاتا ہی تو وہان غیر مادی نور سے پیدا ہونے اور غیر مادی ہستی کیطرف توجہ کرنے کے سبب جسمانی لطافت اور بھی زیادہ ہوگی اور جس قدر روحانی نور اور جلا مین ترقی ہوتی جائیگی اسی قدر جسمانی لطافت بڑہتی جائیگی اور اس کے خلاف جو لوگ اس ہستی سے بعید ہوتے جائینگے وہ جسمانی حالت مین بہی اپنے درجہ سے کمتر ہو جائینگے اور کثافت مین ترقی کرتے جائینگے جیسا کہ یہان انسانی ترقی مین کوتاہی کرنے سے جسمانی حالت چوانوں کی سی ہو جاتی ہے۔

لیکن اسمین شک نہین کہ جسم اور جسمانی ترقی محدود ہے اسلئے ایک وقت پر لطیف ہونے والون کی لطافت اپنی حد کو پہونچ جائیگی اور وہ لوگ ایسے لطیف ہو جائینگے کہ جس قدر لطافت ہم اس وقت ایک انسان کے اندر ایک روح کو تصور کر کے خیال مین لا سکتے ہین شاید اس وقت کی جسمانی لطافت اس سے بہی زیادہ ہو۔ اور پہر اس سے آگے چونکہ روحانی لطافت اور قرب خداوندی کی لذت رہجائیگی جسکی کوئی انتہا نہین اسلیے وہ ان جسم لطیف کیساتھ اس لطافت مین ہمیشہ ہمیشہ بڑہتے جائینگے اور اسیطرح ادھر کثیف ہونیوالون کی کثافت بہی محدود ہے پس اس حالت پر پہونچکر کیا ہونا چاہیے؟ پہر لطیف ہونے لگین۔ یہ تنزل کا ترقی بنجانا ہے جو ممکن نہین۔ فنا ہو جائین یہ اس سے بہی زیادہ ناممکن ہے۔ اور لطیف جسم کیطرح اسی حالت پر قائم رہن اسکا بہی احتمال نہین۔ کیونکہ گو عجیب بات ہی مگر واقعہ ہے کہ پتھر کا سا نازک جسم لامحدود عرصہ تک قائم رہ سکتا ہے اور حرارت وغیرہ قوتین اسمین تغیر پیدا نہین کر سکتین مگر پہاڑ سا بھاری جسم حوادث کے اثر سے یوما فیوما بدلتا رہتا ہے البتہ اسکے قیام کی ایک صورت ہے جو یہان بہی دیکھی جاتی ہے اور دنیا کے منظرون سے اسکی شہادت ملتی ہے وہ یہ ہے کہ اجزائے اصلیہ قایم رہین اور غیر اصلیہ بدلتی جائین چنانچہ ان لوگون کا یہی حشر ہونا چاہیے کہ روحانی بعد زیادہ سے زیادہ ہوتا جائے اور جسمانی اجزا بدلتے رہین۔

حشر کے متعلق اسلامی تعلیم غرض اس عالم کے فنا ہونے پر دوبارہ پیدا ہونیکی یہی صورت ہی جو سمجھ مین آتی ہے اور یہی ہے جسکی تعلیم اسلام کیطرف سے دیگئی ہے چنانچہ اسلام نے حشر جسمانی قرار دیا ہے اور تمام جسمانی راحت و رنج کے سامان مثلاً ادھر باغ اور نہرین اور ادھر آگ اور پیش وغیرہ کو تسلیم کیا ہے لیکن چونکہ

وہ عالم نہایت اعلےٰ ترقی کا عالم ہے اسلئے وہان کا سامان بھی یہان کے سامان سے نہایت اعلیٰ ہوگا اوسکی مفصل کیفیت انسان کی سمجھہ سے بالاتر ہوگی پس جو الفاظ اسکے لئے استعمال کئے گئے ہین انکی نسبت کہنا چاہئے کہ ان سے بعینہ وہ معنی جو ہم اس دنیا مین سمجھتے ہین مقصود نہین ہین بلکہ جو سامان یہان سب سے اعلےٰ ہوتا ہے اسکے ذکر سے وہان کے سامان کا ایک مکمل سا خاکہ کھینچا گیا ہے اور اسی لیئے قرآن مین ایک طرف ان چیزون کا ذکر ہے تو دوسری طرف یہ بھی فرما دیا گیا ہے کہ آنجہانی رنج و راحت کی کیفیت جیسی کچھ حقیقت مین ہے کسی انسان کے تصور مین نہین آسکتی اور مختصر یہ ہے کہ وہان کی راحت سب سے بڑی راحت ہے اور وہان کی تکلیف سب سے بڑی تکلیف ہی چنانچہ ارشاد ہے

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (سجدہ پارہ ۲۱ ع ۲)

کوئی شخص نہین جانتا جو ان کے اعمال کے صلہ مین انکے لیئے راحت کا سامان آیندہ عالم مین مہیا ہے

بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلَالِ الْبَعِيدِ (سبا پارہ ۲۲ ع ۱)

جو لوگ آخرت پر ایمان نہین رکھتے وہ عذاب اور دور کی گمراہی مین مبتلا ہین گے۔

لَهُم مَّا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝ (زمر پارہ ۲۴ ع ۴)

ان کے لیئے خدا کے پاس جو وہ چاہین سب کچھ ہوگا اور یہ نیکوکارون کا صلہ ہے۔

لَا يَنفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ۝ (مومن پارہ ۲۴ ع ۶)

ظالمون کو انکا عذر مفید نہ ہوگا اور ان کے لئے برا گھر مقرر ہے۔

وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيمٍ ۝ (حم سجدہ پارہ ۲۴ ع ۴)

وہان تمہارے لیے ہی جو تمہارا دل چاہے اور تمہارے لئے ہے جو خواہش کرو۔ بخشندہ و مہربان خدا کی مہمانی ہے۔

فِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ ۖ وَأَنتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ (زخرف پارہ ۲۵ ع ۶)

اسمین وہ کچھ ہوگا جس کو دل چاہے اور آنکھون کو بھلا معلوم ہو اور تم اسمین ہمیشہ رہوگے۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝ (محمد پارہ ۲۶ ع ۱)

اور جو کافر ہون انکے لیئے ہلاکت ہے اور انکے اعمال کا نتیجہ گمراہی

اور پھر جا بجا ترقی و تنزل کا ذکر کیا گیا ہے چنانچہ مومنین کی نسبت فرمایا ہے کہ انکو بہشتی نعمتون کے علاوہ خدا کی رضامندی کی نعمت دیجائیگی جو سب سے بڑھکر ہے اور اُن کو بہشت مین رکھکر پاکیزہ باتون کیطرف اور قرب خداوندی کیطرف ہدایت کی جائیگی اور روبہ بدرجہ ترقی کرینگے اور کفار کی نسبت ارشاد ہے کہ انکو عنایت خداوندی اور لطافت و پاکیزگی کا کوئی حصہ ملیگا وہ پیچھے کیطرف لوٹائے جائینگے اور انکو چڑھتے سے چڑھتا عذاب ہوگا اور انکی جلدیں گل جائینگی تو اور جلدیں دی جائینگی اور اُن کو ہر طرف سے موت گھیر گی مگر وہ مرینگے نہین -

لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ (آل عمران پارہ ۳ ع ۱۰)

اہل تقوے کیلئے خدا کے پاس جنت ہے جس کے نیچے نہرین جاری ہین وہ انہین ہمیشہ رہین گے اور پاک جوڑے ہین اور خدا کی رضامندی ہے اور خدا اپنے بندون کو دیکھ رہا ہے -

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (توبہ پارہ ۱۰ ع ۹)

(مومنین کیلئے) ہمیشہ رہنے کی بہشت مین پاکیزہ مقامات ہین اور خدا کی رضامندی ہے جو سب سے بڑی ہے اور یہ بڑی کامیابی ہے -

وَهُدُوْا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوْا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ (حج پارہ ۱۷ ع ۳)

اور ان کو پاکیزہ باتون کی طرف ہدایت کی جائیگی اور قابل تعریف خدا کے رستہ کیطرف ہدایت کیجائیگی -

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ (وانشقت پارہ ۳۰ ع ۱)

مین قسم کہاتا ہون شفق کی اور رات کی اور جو رات مین داخل ہے اور چاند کی جبکہ وہ مکمل ہو - اے لوگو تم درجہ بدرجہ چڑھوگے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ

جو لوگ خدا کے عہد اور اپنے وعدون کو تھوڑی قیمت پر بیچ دیتے ہین اُن کے لیئے آخرت مین کوئی حصہ نہین اور نہ خدا ان سے کلام کریگا قیامت

يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ ۖ

(آل عمران پارہ ۳ ع ۸)

کے دن اور وہ ان کی طرف دیکھے گا اور وہ ان کو پاک کریگا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ أَدْبَارِهَا ۔

(نساء پارہ ۵ ع ۷)

اے اہل کتاب تم اس قرآن پر بھی ایمان لاؤ جو ہم نے اُتارا ہے اور جو تمہاری کتابوں کی بھی تصدیق کرتا ہے اور یہ کام اس سے پہلے کرلو کہ ہم چہروں کو محو کردیں اور ان کو پچھلی طرف پھیریں

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا سَوْفَ نُصْلِيهِمْ نَارًا كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُمْ بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا لِيَذُوقُوا الْعَذَابَ (نساء پارہ ۵ ع ۸)

جو لوگ ہمارے نشانات کو جھٹلاتے ہیں ہم ان کو عذاب میں داخل کرینگے جب انکی کھال گل جائیگی تو ہم اور جلد بدل دینگے تاوہ عذاب چکھیں۔

وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ (ابراہیم پارہ ۱۳ ع ۳)

اور اس (دوزخی کو) ہر طرف سے موت گھیرے گی مگر وہ مریگا نہیں اور اس سے پرے اور بھی سخت عذاب ہے

وَمَنْ يُعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا (جن پارہ ۲۹ ع ۱)

اور جو اپنے رب کے ذکر سے روگردان ہو اس کو وہ چڑھتا ہوا عذاب دیگا۔

كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا (مدثر پارہ ۲۹ ع ۱)

ہاں وہ ہمارے نشانات سے عناد رکھتا تھا میں اسکو چڑھنے کی تکلیف دونگا۔

انجمانی تربیت سے ایجمانی خصایل بدل نہیں سکتے

قیامت کے ذکر میں طول بہی قیامت کا ہوگیا ہے مگر ابھی ایک اعتراض کا ذکر باقی ہے اور وہ یہ کہ دنیا میں اور ترقی کے اس درجہ میں جس کو آئندہ ترقی کی کی نسبت ناقص سمجھا جاتا ہے انسان اکثر ایک رستہ کو چھوڑ کر دوسرا رستہ اختیار کرلیتا ہے اور نیک بد اور بد سے نیک ہوجاتا ہے اور نہ صرف خود بلکہ اپنے اثر اور قوت کے موافق دوسروں کو ان کے رستوں سے منحرف کرکے اپنے رستہ پر لگالیتا ہے اور نہ صرف انسان پر بلکہ تربیت اور تعلیم سے حیوانوں اور درختوں پر بھی اثر ڈال سکتا ہے اور ایک حد تک ان کے عادات و خصائل کے بدلنے میں کامیاب ہوجاتا ہے تو جب

آئندہ عالم مین وہ اور ترقی کریگا تو ضرور ہے کہ اس وقت بھی تعلیم و تربیت ہی بدون کو نیک اور نیکون کو بہتر بنا دینے کی قوت بطریق اولےٰ ہوگی اور اسلیئے جو لوگ یہان سے بدی کا اثر لیکر گئے ہین اُن کا آئندہ عالم مین نیک ہوجانا اور نیکو کارون کا بد ہوجانا ممکن ہے۔

اِس اعتراض مین تعلیم و تربیت کی قابلیت پر زور دیا گیا ہے اِسلیئے دیکھنا چاہیئے کہ نباتات حیوانات اور انسانات مین تعلیم و تربیت کس حد تک موثر ہوتی ہے۔ نباتات پر انسان بیشک تصرف رکھتا ہے اور عمدہ تخم عمدہ کھاد اور اصول باغبانی کو کام مین لاکر درخت کی شکل پھول کا رنگ پھل کا ذائقہ سب کچھ کسی نہ کسی حد تک بدل سکتا ہے مگر ایک درخت کا نشو و نما اور اسکی اجوا کا اوپر کو بڑھنا ایسا وصف ہے کہ انسان کا اس پر کچھ اختیار نہین اور وہ اگر چاہے کہ کوئی درخت ایک حد تک پھیل کر آئندہ اسی حد پر قائم رہے اور نمو کو چھوڑ دے تو ممکن نہین۔ حیوان پر انسان کا بہت اختیار ہے اور تربیت سے اسکی عادتون کو بہت کچھ بدل سکتا ہے مگر خوراک کا خاصہ ایسا راسخ ہے کہ اس پر اور اسکے اثر پر انسان کا کوئی اختیار نہین اور جو خصلتین نباتی خوراک سے نباتات خوار مین اور جو اثر حیوانی خوراک سے گوشت خوارمین راسخ ہو چکے ہین وہ تربیت سے بدل نہین سکتے۔ اور یہی کیفیت انسان کی ہے کہ اسکی عقل و شعور کو تحریک دیکر یا عادت ڈال کر بہت سی اچھے اور بُرے انقلاب پیدا کیے جا سکتے ہین لیکن بہت سے خصائل اسمین بھی ایسے راسخ ہین کہ تربیت انکو بدل نہین سکتی۔ مثلاً جو فطرۃً بہادر واقع ہوا ہے اسکو بزدل اور بزدل کو بہادر نہین بنا سکتے۔ اور جس فن یا پیشہ کی قابلیت فطرت مین ودیعت ہے اسے روک کر دوسرے کام کیطرف متوجہ کرین تو ہرگز کامیابی نہین ہوتی۔

مگر یہ وہی قابلیتین ہین جو پیدائش سے پہلے پیدا ہو چکی ہین اور کام بیشک سب خدا کے حکم سے ہوتے ہین لیکن یہ عالم اسباب ہے اور یہان کا کوئی فعل بغیر کسی سبب کے پیدا نہین ہوتا۔ اِس لیئے یہ قابلیتین جو پیدا ہوئی ہین تو وہ بھی ضرور کسی نہ کسی سبب سے ہین۔ اور ان اسباب کا ہر شخص کی حالت مین معیّن کرنا اور سمجھنا کہ فلان فلان وجوہات سے یہ اثر پیدا ہوا ہے۔ نہایت دشوار ہے مگر مجمل طور پر اتنا ضرور یقین ہے کہ مختلف آب و ہوا۔ مختلف خوراک اور مختلف طریقہ ہائے زندگی یہی وہ اصلی اسباب ہین جو دنیا کی

مخلوق پر اثر کرتے ہین اور ایسے اثر بار بار پیدا ہونے سے افراد اور اقوام کی فطرت پر پائدار نقش قائم ہوتے ہین اور وہی نقش نطفہ پر اثر کرتے ہوئے آئندہ پیدا ہونیوالی نسلون مین فطرت بناتے ہین اور دوسری طرف انہی اسباب کے بدلنے سے جو وقتاً فوقتاً مخالف اثر پیدا ہوتے رہتے ہین وہ اپنی اپنی قوت وضعف کے مطابق کبھی پہلے اثر کو بالکل معدوم اور کبھی ضعیف کر دیتے ہین اور یون ایک ملک ایک قوم اور ایک نسل کی فطرتون مین باہمگر اختلاف پیدا ہوجاتا ہی۔

غرض جو خصائل انسان کی فطرت مین داخل ہین اور جو تربیت سے بدل نہین سکتے اگر وہ بے سبب پیدا نہین ہوئے (اور ہیچ مین کسی چیز کے بے سبب پیدا ہونے کی نظیر موجود نہین) تو ضرور وہ خصائل ایسی چیزون کے اثر ہین جو انسان کی پیدائش سے پیشتر موجود تھین اور جنہون نے انسان کے جسم مین داخل ہوکر اپنے اثر کو اس مین راسخ کر دیا ہے اور یہی کیفیت اُن خواص کی ہی جو نبات اور حیوان مین ناقابل تربیت ثابت ہوئے ہین کہ وہ بھی انکی پیدائش سے پہلے کسی اور چیز مین موجود تھے اور اسی چیز کا نبات اور حیوان کی شکل مین آنا اس اثر کو قوی کر دیتا ہے چنانچہ آفتاب کی کشش سے اجزائے زمین اور بخار کا اوپر کو اُٹھنا جس سے آندھی اور بارش وغیرہ مظاہر پیدا ہوتے ہین یہ خاصہ نبات کی پیدائش سے پہلے زمین مین موجود تھا اور جب وہی اجزا نبات مین داخل ہوئے تو اپنے اثر کو بھی ساتھ لائے اور نبات کو نشوونما کی وہ قابلیت دی کہ تربیت سے دور نہین ہوسکتی۔ اسی طرح نبات مین یہ قابلیت تھی کہ جو چیز انکی گرفت مین آجائے اسے جذب کرکے فائدہ اُٹھائین مگر جابرانہ حملہ کرنے کی صفت جو حیوان مین ہے وہ نبات مین مفقود تھی اسلئے جب نباتی اجزا نبات خوار حیوان مین درآئین تو اپنی غربت اور مسکینی کا اثر ساتھ لائین اور اُدھر حیوانی اجزا گوشت خوار حیوان مین تحلیل ہوئین تو ان سے سفاکی اور خونریزی کی عادتین پیدا ہوئین اور دونو قسم کے اثرون کا بدلنا ناممکن ہوگیا۔ اسی طرح انسان کو جن اجزا نے بنایا اور جن ارواح نے اسمین اپنا اثر داخل کیا اُنکی خاصیتین ایسی راسخ ہوئین کہ تربیت کے قابل نہ رہین۔

غرض معلوم یہ ہوا کہ تربیت کا اثر جس قدر ہے وہ انہی خصائل مین ہے جو کسی درجۂ انقلاب مین

تازہ موجود ہوئی ہون - چنانچہ نبات مین خوراک لینے کی عادت تازہ موجود ہوئی تہی اور اسی مین دخل و تصرف کرنے سے کچھ اثر ہو سکتا ہے اور انسان اور حیوان مین حرکت ارادی اور فعل و شعور کی قوتین تازہ پیدا ہوئی تہین اور انہی مین اصلاح ہو سکتی ہے لیکن جو اوصاف ایک درجہ مین پیدا ہون اور چنداس درجہ سے ترقی کر کے دوسرے درجہ مین آئے تو وہ اوصاف قابل تربیت نہین رہتین چنانچہ معدنی اجزا کی صفات نبات مین آکر اور نباتی اور حیوانی اجزا کی صفات حیوان اور انسان مین آکر ایسی مضبوط ہوئین کہ تربیت سے بدل نہین سکتین - بلکہ انسان مین دیکھا گیا ہے کہ ایک درجہ سے ترقی کر کے دوسرے درجہ مین آنے کی بہی ضرورت نہین اور صرف تہوڑے سے انقلاب سے اوصاف راسخ ہو جاتی ہین - کیونکہ قوم اور اسکی آئندہ نسلین انقلاب کے ایک درجہ یعنی نوع انسانی مین شامل ہین اور باوجود اسکے قومی خصائل انکے نطفون مین اگر جب دوسری نسل مین ظاہر ہوتے ہین تو انکو بدلنا دشوار ہو جاتا ہے اور اگر وقت سے کچھ اصلاح ہو بہی سکتی ہے تو قومی خاصہ کو بالکل فنا کرنا یقیناً محال ہوتا ہے اور جب یہ کیفیت ہے تو جس وقت دنیا مین آئندہ انقلاب ہوگا اور یہ نظام بدلکر کسی اور نظام سے پیدائش کا آغاز ہوگا اسوقت جو خاصے یہان کی مخلوق مین پیدا ہو چکے ہین وہ دوبارہ پیدا ہونے پر یقیناً راسخ اور ناقابل ترتیب ہونگے اور اسلئے نہین کہہ سکتے کہ یہان کی نیک اور بد عادتون کا جو نتیجہ ہے وہ وہان کی اصلاحی کوشش سے بدل سکیگا ۔

اور ابہی زمین کے آباد ہونے پر نباتی اور حیوانی پیدائش ضمنی انقلاب ہین اور دیکھا جاتا ہے کہ ان کے اثر سے ایک درجہ کی خاصیت دوسرے درجہ مین راسخ ہو جاتی ہے تو جب ان سے بہی بڑا انقلاب ہوگا اور زمین تباہ ہونے کے بعد دوسری شکل مین آباد ہوگی اس انقلاب کے اثر سے یہان کے خواص کا راسخ ہونا اور بہی ضروری ہوگا - چنانچہ ہم دیکھتے ہین کہ زمین سے جس قدر مخلوق پیدا ہوتی ہے اسکو اگرچہ حسب مصلحت بیشمار گوناگون شکلون مین پیدا کیا گیا ہے لیکن عجیب بات ہے کہ تدبر نے ان سب شکلون پر ایسا اثر کیا ہے کہ کوئی شکل اس وصف سے خالی نہین - ذرات - کنکر - پتہر اور معدنیات ہین تو ان مین کوئی مثلث یا مربع یا اور شکل کا نہین - اور ضعیف لاکھون ہین مگر لمبا ہو یا چوڑا

سب مین گولائی کا اثر موجود ہے۔ درخت بنتے ہین تو ان کے تنے اور شاخین کیسی ہی کھردری ہون پتے کیسے ہی مختلف ہون پھل کیسی ہی شکل کا ہو سب کسی نہ کسی حد تک گول ہوتے ہین اور چوکھونٹا یا تکھونٹا یا کوئی اور زاویہ دار شکل نظر نہین آتی۔ جاندار کے اندرونی اور بیرونی اعضا بانہین ٹانگین۔ دھڑ اور سر۔ یا دل۔ جگر۔ تلی۔ گردہ سب مدور کی مختلف شکلین ہین۔ اور زاویہ دار کوئی بھی نہین۔ تو سبب کیا کہ زمین آبادی سے پہلے گول ہو چکی تھی۔ چنانچہ اس کی اجزا جب آیندہ انقلاب اور شکلون مین آئین تو اس اثر کو ایسی مضبوطی سے اپنے ساتھ لائین۔ کہ اب ہم لاکھ کوشش کرین کسی تربیت سے کوئی درخت یا کوئی حیوان یا کسی کا کوئی حصہ زاویہ دار نہین بنا سکتے۔ پس جب اس بڑے انقلاب مین اور ویرانی سے آبادی کیطرف آنے پر پہلے درجہ کی خاصیت دوسرے درجہ مین اصلاح پذیر نہ رہی اور ضمنی انقلابون مین جو ایک آبادی کے اندر واقع ہوئی یہی کیفیت نظر آئی تو جب یہی مادہ دوبارہ آباد ہوگا اس وقت بھی یہان کا نیک اور بد میلان جو ایک عمر کے غور و تامل اور اعمال و اشغال سے قائم ہو چکا ہے وہان جاکر نہ غیب و نخریص سے نہ بدل سکیگا۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ۭ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۔ (فاطر پارہ ۲۲ ع ۴)	کیا ہمنے تمکو ایسا زمانہ نہین دیا جسمین اصلاح پاسکتا ہے جو اصلاح پانا چاہے۔ پس اب (عذاب) چکھو کیونکہ ظالمون کا کوئی مددگار نہین ہو سکتا۔

باب چہاردہم

حشر روحانی اور تناسخ

حشر روحانی - بہشت اور اُسکا سامان بہشتی عورتیں - تناسخ - اختلاف حالات اور تناسخ - کوئی درجہ اختلاف سے خالی نہیں ہوسکتا - روح جسم سے پہلے موجود نہیں ہوتی - بعض پیدائشی میلان مختلف ہوتے ہیں - اثر پیدا ہونے کی صورتیں - عام طور پر اثر کا تفاوت - انسانی خیالات کا اُتار چڑھاؤ - جذبات کا اثر نسل پر - دو نطفوں کے اختلاف کے لیئے موروثی اسباب ہوسکتے ہیں - خدا کی خالقیت اور روح کی قدامت وغیرہ مسلمات سے تناسخ کا تعلق چاند سورج اور مادہ کے بار بار آنے سے تناسخ کا ثبوت - سقراط کی تین دلیلیں تناسخ پر - تیسری دلیل سے تناسخ کو تعلق نہیں - دوسری دلیل دو طرح سے ناقص ہے - ضد سے ضد کا پیدا ہونا عام قاعدہ نہیں - ضد کا ضد کیطرف آنا - زندگی اور موت پر جاری نہیں ہوسکتا - اس عالم میں روح کا دوبارہ جسم میں آنا خلاف عقل ہے - درجات کی ترقی سے اثر میں ترقی ہوتی جاتی ہے - مذہبی ترقی کا اثر نیچے کے درجات سے فائق ہونا چاہیئے - عبادت کا مفید طریق - دنیوی بے اعتدالی کو مذہب بھی عقل کیطرح بُرا کہتا ہے اسلئے کہ یہاں کے کاروبار مذہبی ترقی کے وسائل ہیں - مذہب کی خاص اپنی ترقی دنیوی نیک اطوار سے بالاتر ہے - مذہب کی خاص اپنی ترقی کا اثر بہشتی دیگر ترقیوں سے بالاتر ہوگا - مرنے کے بعد قیامت کا انتظار باعث تکلیف نہیں ہوسکتا -

حشر روحانی جیسے ایک ناویدہ ہستی کا یقین انسانی فطرت میں داخل ہے اسی طرح آئندہ زیست کا اعتقاد بھی ہمیشہ سے انسان کا طبعی میلان رہا ہے اور جس طرح عقول بشری کی آمیزش سے ناویدہ ہستی کے متعلق کئی طرح کے عقیدے پیدا ہوگئے ہیں اسی طرح آئندہ زیست کو بھی کئی شکل سے مانا جاتا ہے چنانچہ ان میں سے ایک مشہور عقیدہ جس کو فلسفیانہ اور معقول سمجھا جاتا ہے یہ ہے کہ آئندہ عالم مادی نہ ہوگا بلکہ ارواح اپنی مجرد حالت میں ہمیشہ قائم رہینگی اور خدا سے قریب یا بعید ہونے کی وجہ سے یا کسی اور طرح ترقی و تنزل کرینگی گویا ان لوگوں کے خیال میں مادی طاقتوں کے ختم ہوجانے پر یا موجودہ

اصطلاح کے مطابق آفتاب کی انرجی صرف ہوجانے پر قوت کا کوئی اور سرچشمہ موجود نہیں جس سے دنیا کا سلسلہ جاری رہ سکے۔ اور جس طرح زمین کے سرد ہوجانے پر آفتاب کی حرارت نے اسکو اور بھی تحریک دی تھی اس طرح تمام نظام شمسی کے سرد ہوجانے پر کوئی اور ذرا سکو گرمانے کے قابل نہ ہوگا اور چونکہ ہم مادی آفتاب کے برابر اثر ہر کسی اور سرچشمہ کو دیکھ نہیں سکتے اسلئے گویا یقین ہے کہ واقع میں یہی نور کا صرف یہی سرچشمہ ہے۔ غرض اس خیال کے مطابق لازم آتا ہے کہ اس مادی عالم کی حرارت جب ہی مستقل طور پر اسی میں موجود ہے اور خدا کی طرف سے اس کا فیضان نہیں ہوا اسلئے جب یہ ذخیرہ ختم ہوجائیگا تو مادہ کسی اور قوت سے منور نہ ہوسکیگا۔ اور خدا کا تعلق اگر کچھ ہے تو وہ عالم ارواح سے ہے اور اس لیئے ارواح خدا کے نور سے یا اپنی فطری قوت سے ہمیشہ قائم رہ سکینگی۔ غرض جو لوگ خدا کے وجود سے انکار کرتے ہیں اور صرف اسی عالم کو مانتے ہیں ان کے دلایل اس فرقہ کو ایسے مسلم ہیں کہ وہ مادی حشر و نشر کو تسلیم کرنے کے لیئے آمادہ نہیں ہوتے اور اسلئے ایسے لوگوں کا مذہبی میلان قابل تعریف ہے کہ اہل عقل کے مفروضہ عاقلانہ استدلال کو تسلیم کرنے کے باوجود ہونے کے بعد روحانی طور پر موجود رہنے کے خیال سے مذہبی عقیدے کو قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اوپر ذکر ہوچکا ہے کہ اگر خدا موجود ہے اور اگر اس نے عالم کو موجود کیا ہے تو پھر مادی قوت صرف ہوجانے کے بعد مادہ کے بیکار رہنے کی کوئی وجہ نہیں۔ بلکہ جس طرح کسی ملک پر تصرف کرنے کے لیئے پہلے فوج کو جا بجا پھیلانے کی ضرورت ہوتی ہے اور تصرف ہوجانے کے بعد اسکو مختلف چھاونیوں میں ٹھیرا دیا جاتا ہے اور امن ہوجانے پر چھاونیوں کی تخفیف شروع ہوتی ہے حتی کہ اگر ملک میں تہذیب و شائستگی عام اور کامل ہوجاوے تو ان وسائل کی ضرورت نہیں اور صرف مرکز سلطنت کی قوت امن و انتظام کے لیئے کافی ہوسکتی ہے یہی صورت اس نظام کی نظر آتی ہے کہ اسکو عدم سے وجود میں لانے کیلئے نور کو ہر جگہ منتشر کرنے کی ضرورت تھی اسلئے اس وقت تمام فضا میں انرجی کو پھیلا دیا گیا اسکے بعد وجود کو ترقی دینے کیلئے نور کو مختلف مرکزوں میں جمع کرنے کی ضرورت تھی اور اس لیئے ثوابت اور سیاروں کا سلسلہ جاری ہوا۔ اب جبکہ تمام بیرونی مرکزوں سے نور کو واپس دیا جائیگا

اور ایک مرکز وحدت کے سوا کسی قوت کا ظہور نہ رہیگا تو وہ وہی وقت ہوگا جبکہ ابتدائی مرحلے طے ہو چکینگے اور مرکز وحدت کے اثر سے مادہ اعلےٰ ترشکلین اختیار کریگا۔ اور دوسری جانب ہم دیکھ چکے ہین کہ جسم کے بغیر روح مجرد کے ترقی کرنے کی کوئی صورت نہین اور اسی لیے اس کو یہان جسمانی وسائل عطا کئے گئے ہین تو جس وقت آیندہ مادہ کی اعلےٰ ترشکلین موجود ہونگی اس وقت روح کا اُن شکلون مین ظاہر ہونا کہ ترقی کرنا اور بھی سہل ہوگا اور اس طرح پر معلوم ہوا کہ روحانی حشر ماننے والے کا اندیشہ کہ مادہ بیکار ہو جائیگا بے بنیاد ہے اور انکا عقیدہ کہ روح مجرد ترقی کریگی بے ثبوت ہے اور اسکے خلاف جسمانی حشر کا عقیدہ نتائج عالم کے مطابق اور قرین قیاس ہے۔

بہشت اور اسکا سامان افسوس ہے کہ روحانی جزا و سزا ماننے والون کیطرف سے کوئی ثبوت دیکھنے مین نہین آیا کہ اسکی نسبت غور کیا جاتا اور انکی جس قدر قوت ہے وہ جسمانی حشر پر اعتراض کرنے مین صرف ہوتی ہے اور اعتراض بھی اگرچہ ظریفانہ مذاق کو پورا کرنے سے زیادہ قیمت نہین رکھتے مگر چونکہ اُن بزرگوارون کا یہی عطیہ ہے اسلئے ہمین بھی ان سے لطف اٹھانے مین دریغ نہین چنانچہ یہ دکھانے کے لیے کہ جسمانی حشر و نشر انسان کی اپنی طبیعت کا اختراع ہے۔ سوامی ویویکانند فرماتے ہین[1] کہ

"عرب مین پانی کا قحط ہے اسلئے عربی پیغمبر نے ایسا جنت ایجاد کیا جسمین مخلون کے نیچے دریا بہتے ہون میرے وطن مین بکثرت سیلاب آتے ہین اور پانی کی بہت افراط ہے اسلئے اگر مین یا یورپ والے بہشت کا خیال باندھتے تو ایسی جگہ فرض کرتے جہان سالون مین کبھی ایک آدھ دفعہ بارش ہوتی"

اس اعتراض مین ظاہر کیا گیا ہے کہ جو آسائش کا سامان بہشت مین فرض کیا گیا ہے وہ خود دنیا مین آسایش کا موجب نہین چنانچہ جن کو اس سے سابقہ پڑا ہے وہ اسکی تکلیف سے تنگ ہین اسلئے بہشت مین جہان کوئی تکلیف نہ ہونی چاہیے یہ صورت کیونکر موزون ہوگی؟ اور بیشک دریاؤن کی کثرت اور سیلابون کا زور جس ملک مین ہو وہان والون کیلئے ایسا ہی باعث عذاب ہے جیسے آتش فشانی یا زلزلہ اور ہمکو افسوس ہے کہ سوامی جی ایسی تکلیف مین رہکے گئے۔ مگر حقیقت مین دریا اور چیز ہے اور نہر کا لفظ جو قرآن مین مذکور ہے اور معنی رکھتا ہے۔ دریا اُس روانی کو کہتے ہین جو اختیار مین نہ ہو اور اپنے زور سے

[1] اسکتاب گیان یوگ ویدانت فلاسفی باب سیزدہم۔

جس طرف رُخ کرے رکاوٹون کو دور کرتی ہوئی نکل جائے مگر اسکے خلاف نہر کی روانی اپنے اختیار مین ہوتی ہے اور اس کا پانی جہان ضرورت ہو اپنی مرضی سے پہنچایا جاتا ہے۔ اور یہی ترجمہ کا ذرا سا تفاوت ہے جس سے مضمون کو بدنما کرنے مین کامیابی ہوئی ہے چنانچہ دریا اگر اپنے گرد نواح کو فائدہ پہنچاتا ہے تو سیلاب کبوقت نقصان بھی بہت کرتا ہے مگر نہر سے کسی نقصان کا اندیشہ نہین ہوتا۔ بلکہ پانی بہم پہونچانے کی سب سے مکمل صورت ہی یہ ہوسکتی ہے اور موجودہ تہذیب نے اس طریقہ کو یہان تک ترقی دی ہے کہ صرف زمین مین نالیان کھود کر پانی کو نشیب کیطرف لانے کے علاوہ شیشون اور نلکون کے ذریعہ سے چھوٹی چھوٹی نہرین گھرون کے کونے کونے تک پہونچائی جاتی ہین اور جو راحت اور آسایش اس تدبیر سے پیدا ہوتی ہے وہ آبرسانی کے کسی اور طریق سے ممکن نہین اور سوامی جی کے وطن کی نسبت تو ہم کہ نہین سکتے شاید وہان والون کو پانی کی جھلک بھی نگوارا ہو۔ مگر اور سب جگہ نہر کی مختلف شکلین بالضرور راحت اور آسائش کا موجب ہین اور خود بورپ مین اس طرح کی نہرین کئی کئی منزل کے بالاخانون تک پہونچتی ہین اور جو لوگ ان کے فوایدسے آشنا ہین اگر وہ اس حالت مین نہ رکھے جائین تو یقیناً اپنے تئین دوزخ مین سمجھین۔ غرض دُنیا مین کوئی ملک ہو راحت اور خوشحالی کا سامان اس سے بڑھکر نہین ہوسکتا کہ عالیشان مکان ہون۔ باغین باغ ہون اور پانی ہر جگہ بآسانی میسّر آسکے اسلئے یہ اعتراض کہ بہشت مین جو سامان بیان کیا جاتا ہے وہ دُنیا مین آسائش کا موجب نہین بالکل غلط ہے۔

رہی یہ بات کہ آیا بہشت مین بعینہ دنیا کے سے باغات اور نہرین ہونگی؟ سو اسکی کیفیت یہ ہے کہ بیشک جسمانی حشر ہے جس کو عقل تسلیم کرتی ہے اور جسمانی حشر ہے جس کا اسلام کو اعتراف ہے

قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ (یٰسین ع۴)	انسان کہتا ہے کہ بوسیدہ ہڈیون کو کون زندہ کریگا کہدو وہی زندہ کریگا جس نے انکو پہلی بار پیدا کیا ہے۔

مگر اس عالم مین قوت بالواسطہ اور محدود مقدار مین اور خاص سمت سے مادہ پر عمل کرتی ہے اور آئندہ عالم کا وہ وقت ہوسکتا ہے اور اسیکو اسلام تسلیم کرتا ہے جبکہ غیر محدود قوت بیواسطہ اور بی سمت جلوہ گر ہوگی

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا ... وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (زمر پارہ ۲۴ ع ۷)	اور زمین اپنے خدا کے نور سے چمکیگی .... اور لوگوں کا حق فیصلہ ہوگا۔ اور اُن پر ظلم نہ ہوگا۔

اسلئے اُس وقت کی تمام کیفیتین دنیوی فہم و ادراک سے بالاتر ہین۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ (سجدہ پارہ ۲۱ ع ۲)	کوئی شخص نہین جانتا جو راحت اُن کیلئے مقدر ہے

اور انکی نسبت صرف اسی قدر کہا جا سکتا ہے کہ جو سامان اُس وقت کیلئے مطلوب ہوگا وہ وہان کی ترقی یافتہ مخلوق کو بافراط میسر آئیگا جس طرح یہانکی ترقی یافتہ مخلوق کو یہان کا سامان بافراط میسر ہے

وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ (زخرف پارہ ۲۵ ع ۷)	اس مین اُن کو ملیگا جو دل چاہے اور آنکھ کو بھلا معلوم ہو

اس کے بعد جو باغات اور نہرون کا ذکر کیا جاتا ہے تو نہین کہہ سکتے کہ ایسے ترقی یافتہ عالم مین اسی دنیا کی سی نہرین اور باغات ہونگے لیکن چونکہ وہ عالم ہوگا جسمانی اسلئے ضرور ہے کہ کسی نہ کسی شکل کے جسمانی لوازم وہان موجود ہون اور جسمانی ہونے کی وجہ سے یہان کے جسمانی لوازم سے یک گونہ مشابہت رکھین خواہ وہ نہایت اعلےٰ ہون اور یہ نہایت ادنیٰ مشابہت کی وجہ سے ان کے لئے یہان کے الفاظ استعمال کرنے جائز ہونگے اور یہ کہنا صحیح ہوگا کہ بہشت مین محل ہونگے باغات ہونگے اور ہر طرف نہرین جاری ہونگی "

ہم دیکھتے ہین کہ ہندوستان کے کسی دیہاتی کے سامنے جب یورپ کی دگنٹ اور فٹن اور موٹر وغیرہ سینکڑون فیشن کی سواریون مین سے کسیکا ذکر کرنا ہو تو دیہاتی کی زبان مین چونکہ صرف ایک چھکڑے یا بہلی کا لفظ موجود ہے اور وہ یورپ کے مختلف الفاظ کو سمجھ نہین سکتا اسلئے اس کے سامنے تمام سواریون کے لئے گاڑی اور بہلی ہی کہنا پڑتا ہے خواہ اُسوقت کوئی شوخ طبع پھبتی اُڑائے کہ وحشی ہونیکے سبب بہلی کے سوا اور کچھ دیکھا نہین اسلئے یورپ مین اسی قسم کی بہلیان فرض کرتا ہے مگر کہنے والیکو سننے والیکی استعداد کے موافق گفتگو کرنی ضرور ہے اور سننے والے کے دماغ مین

اور کوئی لفظ نہین اسلئے بھلی ہی کہنا پڑتا ہے۔ اور ویہاتی کی عقل یورپ کی سواریون کا خیال قائم کرنے سے جس قدر کوتاہ ہے یہان والون کی عقل آبخہانی کیفیت کو تشخص کرنیکے لئے اس سے بہت زیادہ ناقابل ہے۔ پس اُن کیفیتون کو یہان والون کے سامنے جو باغات اور نہرون کے لفظ سے ادا کیا جاتا ہے تو سمجھنا چاہئے کہ جس قدر بھلی سے یورپ کی گاڑیان اعلےٰ ہین یہان کے باغات اور نہرون سے وہان کا سامان اس سے بہت زیادہ برتر ہوگا اور یہ الفاظ کا قصور ہے جسکی وجہ سے صرف اتنے اظہار پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

غرض اس موقعہ پر سوامی جی نے نہر کی بجائے دریا کا لفظ رکھ کر اپنے لکچر کو ایک ظرافت آمیز فقرہ سے مزین کیا تو اچھا ہوا کہ قہقہہ اور چیرز کی آواز سے جو مسرت ایک ظریف کو حاصل ہوا کرتی ہے وہ سوامی جی کو میسر آئی لیکن اگر انصاف پسندی کا ذوق ظرافت کے اشتیاق پر غالب ہوتا اور نہر کے لفظ کو واٹر کورس اور پیپ سے ترجمہ کیا جاتا تو دیکھتے کہ عموماً محل اور باغ اور نہر اور پہر نہر کی ہیئت ترقی یافتہ شکلین اس عالم کی سب سے بڑی ضرورتین ہین اور معلوم ہوتا کہ اسلامی بہشت مین نہرون کا ذکر اسلئے نہین کہ عرب مین پانی کا کال تہا بلکہ یہ شکل ہی ایسی ہے کہ بہشت کی اعلیٰ راحت کو ظاہر کرنے کے لیئے دنیوی سامان مین اس سے بہتر کوئی چیز نہین۔ اور اگرچہ اس ترجمہ پر پسند کا شور بلند نہ ہوتا لیکن راست بیانی مین جو روحانی لطف ہے وہ نہ ہو خوش وقت کرتا۔

بہشتی عورتین اسی قسم کا وہ اعتراض جو کسی ستم ظریف نے بہشتی عورتون کی نسبت کیا ہے کہ انکی وجہ سے بہشت رنڈیون کا چکلہ معلوم ہوتا ہے۔ گویا عورتون کی وجہ سے بہشت نفسانی اعتقادات کے سوا اور کسی مصرف کا نہین۔ حالانکہ عورتین اس دنیا مین بھی پیدا کی گئی ہین اور پھر یہی دنیا ہے جسمین رہکر انسان نے ہزارہا قسم کی جسمانی اور روحانی ترقیان کی ہین اور جو ترقی کرنے والے ہین اُن کے لیئے عورتون کی رفاقت کوئی مزاحمت نہین کرتی بلکہ ان کے جایز تعلقات اور بھی حوصلہ افزائی اور اطمینان کا باعث ہوتے ہین۔ بیشک ایک زمانہ تھا جبکہ عورتون کو محض نفسانی خواہش پوری کرنیکا آلہ۔ تمام برائیون کا سرچشمہ اور تمام انسانی

کمالات سے محروم سمجھا جاتا تھا اور اسلئے اُن قوتون مین جو لوگ کسیقدر فلسفیانہ دماغ رکھنے کے سبب نصانی بے اعتدالیون کو بُری نظر سے دیکھتے تھے مگر وحشیانہ زمانہ کے اثر سے عورتون کی اصل قدر وقیمت نہین سمجھ سکتے تھے انکی تعلیم مین اکثر عورتون سے نفرت دلوائی گئی ہے اور اُن سے قطع تعلق کرنا باعث ترقی اور موجب نجات ٹھیرایا گیا ہے۔ اور وہی تعلیم ہے جو اگرچہ عملاً نہین مگر اعتقاداً اکثر لوگون کے دلون پر آجتک قبضہ کئے ہوئے ہے چنانچہ جو شخص یہی خیال رکھتا ہو اور عورت کے لفظ کو شرارت کا مرادف سمجھتا ہو وہ بیشک بہشت مین عورتون کے موجود ہونیسے انکورٹڈیون کا چکلا سمجھنے مین مجبور ہے۔ مگر یہ اُسکے اپنے دماغ کا قصور ہوگا۔ اور ایسا وحشیانہ اعتقاد رکھنے والے مین کوئی عالم عورتون کے وجود سے چکلا نہ بنجائیگا۔ کیونکہ حقیقت مین عورت کو بھی وہی دل و دماغ اور ہر طرح کے کمالات کی قابلیت دیگئی ہے جو مرد کو حاصل ہے۔ اور عورت مرد کے ہمدرد ہمراز اور تمام اغراض دنیا مین بکلی متحد الخیال ہونیکے سبب مرد کا عورت کی جائز رفاقت مین بدی مین مبتلا ہونا ایک طرف خود یہی رفاقت بدخیالات اور نامناسب خواہشون کو روکنے مین اور ہر طرح کی خوبی اور برتری حاصل کرنے مین ایسی مدد دیتی ہے جو مرد کے لیئے مرد کی رفاقت مین ممکن نہین اور اسکی معیت مین جس قدر بے اعتدالی اور کجروی کا اندیشہ ہے اُسکا الزام عورت کی ذات پر نہین بلکہ اُن بدعادتون پر ہے جنمین مرد بھی ایسا ہی مبتلا ہوتا ہے جیسے عورت۔ اور جہان یہ مصروف ہو بلکہ پاکباز عورت کسی مرد کی ہمنشین ہو تو اسکے اثر سے مرد کو بھی بڑی حد تک پاکبازی کی ترغیب ہوتی ہے اور اگر دونون نیک نہاد ہون تو اُن کے لیئے خود یہی دنیا بہشت کا نمونہ ہے اور ایسا کنبہ اخلاقی اور روحانی کمالات کے اس معراج کو پہونچ سکتا ہے جو تجرد مین بسر کرنیوالون کے امکان مین نہین۔ کیونکہ ایسے لوگون کے دلمین اکثر بدخیالات کا ہجوم رہتا ہے مگر نیک عورت کی رفاقت مین ایسے خیالات گذر نہین پاتے اور تمامتر قلبی توجہ روحانیت اور عالم بالا کے مشاہدہ و مراقبہ مین صرف ہوسکتی ہے۔

پس جبتک کیفیت ہم اور عورت کا عنصر انسانی ترقی کیلئے ایسا ضروری ہے تو بہشت جو انتہا

ترقی کا گھر ہے اسمین عفیفہ عورتون کا وجود کیونکر نفسانی بے اعتدالیون کا باعث ہوگا اور کیا وجہ ہے جس سے وہ چکلا کہلانیکا مستحق ہے اور اگر کسی تاریک زمانے مین ایسا اعتراض صحیح سمجھا جاتا تھا تو آج جبکہ زمانہ عورت کی قدر و قیمت کو بخوبی سمجھ چکا ہے اور

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط — عورتین تمہارا لباس ہین اور تم ان کا لباس ہو

(بقرہ پارہ ۲ ع ۲۳)

کی آواز جو ایک عرصہ تک غیر مانوس سمجھی جاتی رہی ہے اب اُسکی صداقت سے کسی عاقل کو انکار نہین ہوسکتا اس وقت عورتون کے وجود سے بہشت کو چکلے کا خطاب دینے والے نہین معلوم کس زمانے کی روح اپنے جسم مین رکھتے ہین *

تنا سخ | آیندہ زیست کے متعلق روحانی جزا و سزا کے بعد ایک اور احتمال قابل غور ہے اور وہ یہ کہ یہان کی نیک و بد جزا و سزا کیلئے اسی جہان مین پیدا کئے جاتے ہین اور اپنے اعمال کے مطابق نیک یا بد حالت مین رہتے ہین - اس احتمال مین حشر جسمانی فرض کیا گیا ہے اور جس طرح روحانیت کے حامیون کو مادہ کی موجودہ شکل کے تباہ ہونے پر اسکی آیندہ ترقی سے انکار تھا اسی طرح ان لوگون کو بھی یہ مسئلہ مسلم نہین ہے مگر روحانیت والے اس زیست کے بعد روحانی فضا مین ایسا بلند اڑتے ہین کہ فہم و ادراک کی تمام گرفتون سے پرے نکل جاتے ہین اور یہ لوگ اپنی جگہ پر ایسے جمکر بیٹھتے ہین کہ آئندہ کے لیئے ہی کہین اور جانا گوارا نہین کرتے اور ہمنے جو ان دونون کے خلاف اس نظام کے بعد ایک اور نظام کو قرین قیاس سمجھا ہے تو اسلئے کہ ہم مادہ کے انقلابون سے تسلیم کرتے ہین کہ ایک دن یہ نظام ختم ہوجائیگا اور قوت کو مادہ مین حرکت کرتے ہوئے اور بیشمار بیج اسکی بعض اجزا کو چھوڑتے ہوئے اور مرکز کیطرف جاتے ہوئے دیکھ کر سمجھتے ہین کہ قوت اسی رفتار سے ایک دن اپنے پہلی مرکز پر جاکر ٹھیریگی اور مرکز اگر دائمی ہے تو اس وقت قوت کا فیضان بھی ایک حالت پر قرار پکڑلیگا - اور پھر ہم دیکھتے ہین کہ بعض اجزا سے قوت کے خارج ہوجانے پر اور مادہ کی حالت بدلنے پر واقع مین کوئی تباہی واقع نہین ہوتی بلکہ مادہ آئندہ انقلاب مین پہلی صورت کے مناسب حال کوئی اور اعلیٰ شکل مین

جلوہ گر ہوتا ہے اور اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ جس مادہ نے انسانی شکل تک ترقی کر لی ہے وہ آیندہ اِس زیست کے مناسب حال اور لطیف تر شکل اختیار کریگا۔ اور اس سلسلہ خیال سے ہمنے سمجھا ہے کہ۔ مذہب کیطرف سے جو جسمانی حشر و نشر کا دعوی پیش ہوا تھا اس کے لیئے دنیا مین قراین اور علامات موجود ہین اور چونکہ روحانی حشر کے لیے کوئی ایسا ثبوت پیش نہین ہو سکتا اس لئے ہمنے اس پر یقین کرنے سے معافی مانگی تھی۔ اب جو یہ دوسرا دعوی پیش کیا جاتا ہے تو اس پر بھی یقین جبھی ہو سکتا ہے کہ مناظر قدرت اِسکی شہادت دین اور ضرور ہے کہ جو ثبوت پیش کیا جاتا ہے اُس مین غور کیا جائے اور چونکہ روحانی جزا و سزا کی نسبت ثبوت پیش نہین ہو سکتا تھا اسلئے اس کی نسبت فیصلہ بھی مختصر تھا مگر اس دوسرے احتمال کو ماننے والے اسکے ثبوت پر بہت کم زور دیتے ہین اِس لئے روحانیت کی نسبت اسمین کسی قدر تفصیلی بحث ہو سکتی ہے۔

اختلاف حالات اور تناسخ چنانچہ مناظر قدرت مین سے انسانی حالت کا تفاوت ان لوگون کے نزدیک اس مسئلہ کا بیّن ثبوت ہے اور وہ کہتے ہین کہ بنی نوع انسان ایک دوسرے سے بہت مختلف اور متمائز حالات رکھتے ہین بعض غریب ہین بعض امیر بعض بیوقوف ہین بعض عقلمند بعض مریض ہین اور بعض تندرست۔ اور یہ اختلاف حالت ضرور کسی نہ کسی بھلائی یا برائی کا عوض ہے ورنہ خدا تعالیٰ جہان حالات کا خالق ہے ظالم ٹھیرتا ہے۔ اور ان مین سے وہ حالات جو بعد از سن رشد پیدا ہوتے ہین انکی نسبت گمان ہو سکتا ہے کہ وہ اسی زندگی کے اعمال کا نتیجہ ہین۔ مگر جو طفولیت مین پیش آتے ہین یا مادر زاد ہوتے ہین ان حالات کو اس زندگی کا نتیجہ نہین کہہ سکتے پس ضرور ہے کہ اس زندگی سے پہلے کوئی اور زندگی ہو گی جس کے اعمال کی جزا و سزا اس زندگی مین دی گئی اور اسی طرح حالت موجودہ کی مکافات کسی آیندہ زندگی مین ملیگی اور یون آمد و رفت کا ایک غیر متناہی سلسلہ ثابت ہوتا ہے۔

کوئی دو جا اختلاف سے خالی نہین ہو سکتا۔ اِس دلیل مین فطری اختلاف کی علت تلاش کرنے کے لئے اس زیست سے پہلے اور زیست فرض کیگئی ہے اور چونکہ اس زیست کو بھی بغیر مختلف حالات کے تسلیم

نہین کر سکے اسلئے اس سے پہلے اور زیست مانی گئی ہے اور یون پیچھے کو سلسلہ زندگیان مانتے ہوئے جب یہ وقت پیش آئی کہ خود زمین اور یہ نظام قدیم ثابت نہ ہو سکا اور ایک وقت پر اُس کا آغاز ماننا پڑا اور آغاز ماننے سے ایک وقت پر انسان کا اول دفعہ مختلف حالتون مین پیدا ہونا لازم آیا تو اس قیاس سے پہلے اور عوالم فرض کئے گئے اور مانا گیا کہ اسی طرح کے انسانی آبادیان پہلے بھی ہوتی آئی ہین جن کی رہین ان عوالم کے تباہ ہونے پر آیندہ عوالم مین آباد ہونی گئین اور اختلاف کو اپنے ساتھ لیتی آئین لیکن ایک مشکل امر کو واقعہ فرض کر لینے کے بعد جو اور دقتین پیش آتی ہین ان کے لیے مشکل سے مشکل تردد ون کا بے ثبوت مانتے جانا اور بات ہے ورنہ عقلی اور نیز مذہبی طور پر دیکھتے ہوئے قدیم خدا کے سوا اور کوئی نہین - اور جن لوگون نے اپنی فیاضی سے قدامت کے منصب کو تقسیم کرنا چاہا ہے وہ بھی خدا کے ساتھ مادہ کو یا زیادہ صحیح یا ذرہ کو اس فخر مین شریک کر سکے ہین - اور ان تینون کے سوا مادہ کی مختلف شکلین اور ارواح اور مادہ کے مختلف تعلقات خواہ کیسے ہی دیرینہ اور مسلسل ہون مگر ان کے حادث ہونے مین شک نہین اور اول تو ان کا مرکب ہونا خود ہی حادث کی دلیل ہے اور دوسرے روح اور مادہ کو قدیم مانکر خدا کی خدائی اور اس کا فعل و تصرف ہی صرف یہ ہے کہ مادہ کو مختلف شکلون مین جلوہ گر کرے اور ارواح کو مادہ کے ساتھ ملا کر انواع و اقسام کی مخلوقات بنائے اور اگر اس فعل کو بھی قدیم اور نا مخلوق مانا جاوے تو دنیا کو خدا سے کوئی تعلق نہین رہتا پس خواہ اس عالم سے پہلے ہزارون بلکہ لاکھون اسی طرح کی انسانی آبادیان فرض کیجائین ایک وقت ضرور تسلیم کرنا پڑتا ہے جبکہ خدا نے مادہ اور روح کو انکے قدیم سکون اور راحت سے نکال کر اس سلسلہ کو جاری کیا ہوگا اچھا تو اس وقت جبکہ ارواح کو اجسام مین پہلی دفعہ آنیکا موقع ملا ہوگا چونکہ کوئی گذشتہ نہ ختم نہ تھا جسکی وجہ سے وہ مختلف حالتون مین ظہور کرین اسلئے اُسوقت نہ غربت اور امارت کا تفاوت ہوگا نہ نادانی اور دانائی کا اور نہ ضعف و توانائی کا بلکہ حیوانون کے اندر بھی چونکہ انسانی روحین مانی جاتی ہین جو دیاوہ بدا عمالی کے سبب ان جونون مین داخل کیگئی ہین اور اس ذلیل حالت کو بھگت رہی ہین اس لیئے اُس وقت یہ کیفیت بھی نہ ہوگی اور تمام بری اور بحری حیوانات مفقود ہونگے اور چونکہ عورت مرد مین بھی

بڑا تفاوت ہے اور یہ فرقہ بھی بعض ایسی تکلیفین برداشت کرتا ہے جن سے مرد کو سابقہ نہین پڑتا۔ اسلئے اسوقت یہ تفاوت بھی نہ ہوگا۔ غرض یہ کہ اگر حالات کا اختلاف تناسخ کے سبب سے ہو تو لازم آتا ہے کہ ابتدا سے آفرینش مین صرف عاقل تندرست۔ توانا اور صاحب ثروت مرد پیدا ہوئے ہون گے۔ مگر یہ نتیجہ صریح غلط ہے اس لیے کہ اول تو علوم عقلیہ کی شہادت یہ ہے کہ پیدائش کی ابتدا جب کبھی ہو حیوانات سے ہوئی ہوگی اور انسان سب کے بعد پیدا ہوا ہے اور انسان مین ابتدا مین سب سے اونے حالت مین تھا۔ اور دوسرے یہ بھی یقین ہے کہ ایسی حالت مین وہ مخلوق ہرگز قائم نہین رہسکتی کیونکہ مختلف حالات نہ ہونے سے وہ دنیا کے کاروبار چل نہین سکتے اور حیوانون کے نہونے سے لاتعداد فائدے اور ضرورتین مفقود رہتی ہین اور عورتون کے نہونے سے آیندہ نسل جاری نہین رہسکتی اسلئے ابتدا مین اگر ایسی مخلوق پیدا ہوتی تو ضرور تھا کہ چند روز مین تباہ ہوجاتی مگر چونکہ ایسا نہین ہوا اور انسانون کا سلسلہ برابر جاری رہا ہے اسلئے ماننا پڑتا ہے کہ ابتدا سے یہ تمام اختلافات جو قیام اور ترقی کے لیئے ضرور ہین موجود رہے ہونگے اور جب ابتدا سے ہین تو ضرور ہے کہ تناسخ کبھو سے نہین ہین۔

روح جسم سے پہلے موجود نہین رہتی

غرض ہم دیکھتے ہین کہ حالات کا اختلاف قیام عالم کے لئے ایسا ضروری ہے کہ پیدائش کا کوئی وقت اسکے بغیر فرض نہین کیا جاسکتا اور اسلئے اسکو گذشتہ زندگی کا نتیجہ اور انسان کے اپنے اعمال کا اثر نہین کہہ سکتے۔ اور اس موقع پر جو خیال کیا جاتا ہے کہ انسان کے اپنے عمل کے بغیر اسکی حالت کو بہتر یا بدتر بنانا ظلم ہوگا تو یہ خیال پیدا ہونے اور اسکی وجہ تلاش کرنے کی ضرورت اسی لئے واقع ہوئی کہ پہلے اصول موضوعہ کے طور پر ارواح کو اور اجسام کو دو جداگانہ شخص چیزین مانکر ارواح کے وجود کو قدیم مان لیا گیا تھا اور پھر اکثر اجسام کو ناقص اور عمدہ زیست کے ناقابل دیکھکر خیال ہوا تھا کہ ان ارواح کا کیا قصور ہے جو ایسے اجسام مین داخل کیگئین اور ان ارواح مین کیا خوبی ہے جو عمدہ اجسام رکھی گئی ہین۔ اور پھر یہ سمجھ لیا گیا تھا کہ شاید ارواح کے اپنے نیک اور بد اعمال ہون گے جنکی جزا و سزا اس شکل مین دی گئی اور چونکہ اعمال جسم مین داخل ہونے کے بغیر ہو نہین سکتے۔ اس لیئے موجودہ زندگی سے پہلے اور جسمانی زندگیان فرض کیگئی تھین۔ مگر علاوہ ان قباحتون

کے جن کا ہم ذکر کر چکے ہین حقیقت مین یہ اصول موضوعہ ہی غلط ہے اور بیشک جسم مین روح کے وجود سے انکار نہین ہو سکتا لیکن یہ کہ وہ جسم سے پہلے موجود تھی یا یہ کہ قدیم سے ہو عقل کا فیصلہ اسکے خلاف ہی۔ یہ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ قدیم ایک سے زیادہ ہو نہین سکتے۔ رہا ارواح کا اجسام سے پہلے پیدا کیا جانا اور پھر جسم مین داخل کرنا اس کی نسبت امام غزالی علیہ الرحمہ قرآنی آیت فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ (حجر پارہ ۱۴ ع ۳) جب ہمنے اسے بنایا اور اسمین اپنی روح پھونکی اسکی تفسیر مین فرماتے ہین کہ

"ارواح اگر اجسام سے پہلے موجود ہون تو یا وہ ایک ہی روح ہونگی یا بہت ہونگی۔ اگر ایک ہو اور وہی تمام اجسام سے تعلق رکھے تو چاہئے کہ جو اوصاف و عادات زید مین ہون وہی عمر مین ہون حالانکہ یہ غلط ہے۔ اور اگر بہت ہون تو اس صورت مین وہ یا ایک دوسری سے مشابہ ہونگی یا مغائر۔ لیکن کوئی دو چیزین باہم مشابہ ہون اور پھر دو رہین یہ اسی صورت مین ہو سکتا ہے کہ کسی نہ کسی وجہ سے ان مین مغائرت بھی ہو۔ مثلاً ایک ہی مقدار کی سیاہی دو جسمون مین ہو تو اپنی مقدار کی جہت سے وہ ہم مثل ہے اور دو جسمون مین ہونے کے سبب دو سیاہیان کہلاتی ہین یا ایک ہی جسم مین ایک دفعہ ایک سیاہی موجود ہو اور دوسرے وقت مین دوسری تو سیاہی ہونے مین وہ دونو ہم مثل ہین اور زمانہ کے اختلاف سے دو ہین۔ یا ایک ہی وقت مین ایک ہی جگہ پر جو سیاہی موجود ہے اگر ہم ذہن مین اسکو تقسیم کرین تو سیاہی ہونے کی وجہ سے ہم مثل اور دائین بائین جانب واقع ہونے کی وجہ سے اسے دو ٹکڑے کہہ سکین گے لیکن اگر کوئی چیز ایک ہی وقت مین ایک ہی جگہ پر موجود ہو اور تقسیم بھی نہ ہو سکے تو وہ کسی طرح دو نہین ہو سکتین۔ پس ارواح بھی اگر اجسام سے پہلے موجود ہونگی تو متعدد اسی صورت مین ہو سکتی ہین کہ بالکل ہم مثل نہ ہون اور کسی نہ کسی وجہ سے باہم مغائر ہون۔ اب انکو باہم مغائر مانکر دیکھنا چاہئے کہ تغائر دو قسم کا ہے۔ ایک ماہیت اور نوع کا تفاوت ہے جیسے آگ اور پانی یا سیاہی اور سفیدی مین۔ اور ارواح مین یہ تفاوت ممکن نہین کیونکہ زید و عمر کی نوع اور ماہیت ایک ہے اور ایک ایسے اعراض کا

+ کتاب المضنون الصغیر الموسوم بالاجوبۃ الغزالیۃ فی المسائل الاخرویۃ

تفاوت ہوتا ہے جو امہیت مین داخل نہ ہون جیسے گرم اور سرد پانی مین۔ اور ارواح مین یہ تفاوت بھی نہین ہو سکتا کیونکہ ایک ماہیت پر مختلف عوارض اسی صورت مین آسکتے ہین کہ اسکے بیرونی تعلقات مختلف ہون۔ مثلاً پانی کی ماہیت ایک ہے اور پھر کھاری یا میٹھا اور گرم یا سرد وغیرہ یا مضر وغیرہ صفات جو اسکو عارض ہوتی ہین تو اسی لیئے کہ بیرونی اشیا اس پر اثر کرتی ہین اسلیئے ارواح مین بھی جو عوارض کا اختلاف پیدا ہو سکتا ہے تو اسی وقت جبکہ وہ اجسام سے متعلق ہون اور اجسام سے پہلے چونکہ کوئی تعلق موجود نہین اسلیئے عوارض کا کوئی اختلاف بھی نہ ہوگا اور جیسا ان کے اجسام سے پیشتر موجود ہونے کی تمام صورتین یعنے ایک ہونا یا متعدد ہونا اور متعدد ہو کر ہم مثل ہونا یا متفاوت ہونا سب ناممکن ہین تو ارواح کا اجسام سے پیشتر موجود ہونا بھی ممکن نہین البتہ جسم مین رہکر چونکہ صفائی یا کدورت اور نیکی یا بدی وغیرہ عوارض پیدا ہو گئے ہین اسلیئے جسم سے مفارقت کرنے پر انکا متعدد ہو کر اور ان عوارض کے سبب باہم متغائر ہو کر موجود رہنا ممکن ہے"

غرض یہ کہ زندہ جسم مین چونکہ روح کے نشانات پائے جاتے ہین اور اسکا جسم سے پہلے موجود ہونا قرین قیاس نہین اسلیئے یہی کہنا چاہیئے کہ جس وقت کسی جسم مین زیست کی قابلیت پیدا ہوتی ہے اسیوقت حکم ربانی سے اس جسم کے حسب حال روح پیدا ہو جاتی ہے چنانچہ امام موصوف فرماتے ہین کہ "حق یہ ہے کہ روح انسانی اسیوقت پیدا کیجاتی ہے جبکہ نطفہ اسکو قبول کرنے کے لئے مستعد ہو" اور جب یہ کیفیت ہے تو جیسا کہ اہل وحدت شہود کا خیال ذکر کیا جا چکا ہے انسانی حالت کا بلکہ دیگر تمام مخلوقات کا اختلاف اسی لئے ہے کہ مادہ بتدریج عدم سے وجود کیطرف آرہا ہے اور اسکے تمام درجات مین جس جس قدر عدم کا ظہور ہے اسی قدر نقص اور عیب پائے جاتے ہین اور جس قدر وجود مین ترقی ہوئی ہے اسی قدر کمال اور خوبی کا ظہور ہو رہا ہے۔

چنانچہ اسکے رو سے اگر انسان امراض و تکالیف مین مبتلا ہوتا ہے تو اسی لئے کہ عدم ہونے کے سبب کامل وجود اسکو حاصل نہین ہوا اور اگر کسی قوم مین امراض اور اپاہج زیادہ ہوتے ہین تو اسی لیے کہ وہ دوسری

قوم کی نسبت کمال وجود مین اور بھی کم ہے اور ترقی یافتہ اقوام مین بھی بعض افراد بدحال اور عیب دار موجود رہتے ہین تو اسی لیے کہ ایسا وجود جو عدم سے نکلا ہو بہبود وجود کا مالک نہین ہو سکتا اور اگر بچے جوانون کی نسبت زیادہ تباہ ہوتے ہین تو اسی لیے کہ وہ جوانون کی نسبت نور وجود سے کم منور ہین۔ اور اگر کوئی انسان دوسرے کو قتل کرتا یا نقصان پہونچاتا ہے تو اسی لیے کہ وجود کی جو قسد تکمیل نوع انسانی مین ہونی چاہیئے وہ ابھی اس حد کو نہین پہونچا اور اسی طرح انسان سے کثیر حیوانات مین جو نقص اور عیب ہین تو اسی لیے کہ شاہراہ وجود مین وہ اور بھی پیچھے ہین۔ غرض جو کچھ نقص ہے وہ اپنی اصلیت یعنی عدم کا ہے اور خدا نے جو کچھ پیدا کیا تو اسی لیے کہ غیر پیدا ہو کر ترقی کرے[1]۔"

اور اس بنا پر انسان اور حیوانات مین روح کو پیدا کرنا اور ناقص وجود کو ناقص اور اس سے کامل تر وجود کو کامل زیست عطا کرنا خدا کیطرف سے ظلم نہین بلکہ انعام ہے کہ جس جسم مین کسی قسم کی زیست حاصل کرنے کی قابلیت پیدا ہوئی اُسے اسی قسم کی زندگی دیدی گئی یا بالفاظ دیگر اسمین اسی قسم کی روح پیدا کر دی گئی۔ ظلم جب ہوتا کہ مادہ مثلاً نباتیت سے ترقی کر کے حیوانی روح حاصل کرنے کے قابل بنتا مگر اسکو اس ترقی سے محروم رکھا جاتا اور جیسی روح اس درجہ مین پیدا ہو سکتی ہے وہ عطا نہ ہوتی۔ یا حیوانیت سے ترقی پاکر وحشی انسان بننے کے قابل ہوتا مگر اسکا حیوانی درجہ سے بڑھنا جائز نہ رکھا جاتا۔ یا نطفہ مین قوت بینائی کے سوا اور تمام قابلیتین انسانی روح حاصل کرنے کی موجود ہوتین لیکن اسکو نابینا انسان بنانے کی بجائے بیجان نطفہ رہنے دیا جاتا۔ یون کہنے کو تو سقت کہا جائیگا کہ نابینائی کی تکلیف اُٹھانے سے یہی بہتر تھا کہ وہ بیجان رہتا۔ مگر یہ خیالی فیصلہ ہے اور انسانی وجود کو خواہ کیسا ہی ناقص ہو بیجان مادہ سے بدتر سمجھنا غلط دعوی ہے اور ایسا خیال کرنیکے وقت اُس اندھے سے پوچھنا چاہیئے کہ وہ اپنی اس تکلیف پر موت کو ترجیح دیتا ہے؟ جس کا جواب وہ یقیناً اپنی لاٹھی سے دیگا اور کبھی فنا اور موت پر راضی نہ ہوگا اور یہی حال اور تمام ادنیٰ حالت والون کا ہے بلکہ جوانون تک کوئی بھی اپنے موجودہ نقص کے سبب فنا پذیر ہونا عد

[1] ملاحظہ ہو باب دہم کتاب ہذا عنوان "ان خیالات مین سے بعض کو بعض پر ترجیح ہے"۔

نہین ہوتا اور کیسی ہی تکلیف ہو اسمین بسر کرنے کو موت سے بہتر سمجھتا ہے اور بات یہی ہے کہ خواہ اورون کی نسبت کیسی ہی بُری ہو مگر پھر بھی وہ اچھی چیز ہے جو مخلوق کو علےٰ قدر مراتب زندگی اور رُوح کے نام سے عطا ہوئی ہے۔

بعض پیدائشی میلان مختلف ہوتے ہین | مسیو لوبخ فگیئے لکھتے ہین کہ[1]

"اکثر انسانون مین بعض پیدائشی میلان اور رغبتین ہوتی ہین جو خواہ نیک ہون یا بد کسی تعلیم و تربیت اور کسی ترغیب و تحریص سے دور نہین ہو سکتین اور ان مین باہم اس قدر اختلاف ہے کہ ایک باپ کے دو بیٹے ہین۔ ایک علم و کمال کی طرف رغبت رکھتا ہے۔ اور دوسرا جہالت اور بدی کا مشتاق ہے۔ پس اگر یہ زندگی ابتدائی زندگی ہے تو ایک ہی ملک مین ایک ہی قوم اور ایک ہی گھر مین ایک ہی قسم کی تعلیم و تربیت کے ہوتے مختلف میلان کیونکر پیدا ہو سکتے ہین اور ضرور ہے کہ یہ سب گذشتہ زندگی کے نتائج ہین"

اثر پیدا ہونیکی صورتین | یہ باتین تو وہی ہین جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے مگر مسیو فگیئے اپنی معقول پسندی سے اختلاف حالات کو دیکھتے ہوئے اسباب کیطرف بھی توجہ کرتے ہین اور تلاش کے باوجود کوئی وجہ اختلاف موجود نہین پاتے اور بیشک اگر مادی سبب کوئی نہ ہو اور موجودہ صورتون مین مادہ بہمہ وجوہ مکمل ہو تو پھر اختلاف کا موجود ہونا ضرور باعث تعجب ہے اور انہون نے ایک باپ کے دو بیٹون کی مثال بھی ایسی پیش کی ہے جسمین دو مختلف شکلین بظاہر یکسان مادہ ہی اور ایک ہی قسم کے حالات مین پیدا ہوئی ہین اسلئے ہمین بھی غور کرنا چاہیئے کہ کیا واقع مین مادہ اور حالات گرد و پیش مین کوئی اختلاف نہ تھا اور کیا فی الحقیقت اختلاف عادت کے لیے تناسخ کے سوا کوئی وجہ نہین ہو سکتی؟

عام طور پر اثر کا تفاوت | لیکن چونکہ عادت بھی ایک قسم کا اثر ہے اسلئے پہلے ہمین دیکھنا چاہیئے کہ عام طور پر دُنیا مین اثر پیدا ہونے کی کیا صورت ہوتی ہے اور بیشک ہم دیکھتے ہین کہ آگ بھڑکتی

[1] کتاب دی ڈے افٹر ڈتھ باب شانزدہم۔

ہے لیمن جو چیز ڈال دیجائے خاک سیاہ ہوجاتی ہے دھوپ تیز ہوتی ہے تر چیز کو سکھو دیتی سب سوکھ کر کمر نکھ ہوجاتی ہے۔ ایسے عام اور قوی اثر بھی ہوتے ہین مگر ساتھ ہی ایسے اثر بھی نظر آتے ہین جو بہت آہستہ عمل کرتے ہین۔ درخت مین پھل پھول اور پتہ وغیرہ کے اجزا باہم پیوستہ ہوتے ہین مگر درخت کے اندر کی لہرین اور بیرونی واقعات کا اثر ان تک پہنچتا ہے تو سب پر ایک عمل نہین کرتا بلکہ بعض ذرات پر کچھ عمل کرتا ہے اور ان کے ساتھ کے پیوستہ ذرون پر کچھ اور۔ ایک ذرہ شوخ سرخ رنگ کا ہے تو دوسرا اس کے پاس ہی براق سفید یا گہرا سیاہ۔ کسی لہر نے بعض اجزا کو بگاڑ دیا ہے۔ عفونت۔ افسردگی بلکہ سمیت پیدا کردی ہے تو قریب کے ذرات جن تک وہ لہر نہین پہنچی اپنی خوشگواری اور صحت افزائی کی حالت پر قائم ہین ایک شخص ایسے پھل کا ایک حصہ کھالیتا ہے تو تکلیف اٹھاتا ہے اور دوسرا دوسرے حصہ سے لذت پاتا ہے اور آگ اور دھوپ کا عام اثر بھی جو ہم دیکھتے ہین وہ بھی حقیقت مین عام نہین۔ آہن ہی کیسان جلنے والی چیز جلتی ہے اور مکسان خشک ہونیوالی خشک ہوتی ہے۔ ورنہ جن چیزون کی اجزا مین تری اور خشکی کا تفاوت ہو یا جو اجزا فاصلہ پر ہونے کے سبب آگ اور دھوپ کے کامل اثر سے متاثر نہین ہوتین وہ باوجود پیوستہ ہونیکے کبھی بالکل محفوظ رہتی ہین اور کبھی کم اثر قبول کرتی ہین اور جو تاثیر آگ اور دھوپ سے پیدا ہوتی ہے وہ بعض ذرات مین پورے طور پر نمایان ہوتی ہے اور بعض ذرات اس کے خلاف اپنا پہلا اثر قائم رکھتے ہین۔ چنانچہ آگ سے پکے ہوئے کھانے مین بعض اجزا قابل ہضم ہوجاتی ہین تو بعض کو کھانے سے مہینہ تک نوبت پہنچتی ہے غرض یہ کہ تمام سلسلہ کائنات کا ذرا ذرا تفاوت اگر دیکھنے والیکو حقیر معلوم ہوتا ہے مگر قدرت کا عمل انہی تفاوتون سے بڑے بڑے نتائج پیدا کرتا ہے۔

انسانی خیالات کا اتار چڑھاؤ

ان واقعات کو پیش نظر رکھنے کے بعد چونکہ انسانی عادات و خصائل کا ذکر ہے اسلئے انسانی خیالات کے اتار چڑھاؤ کو بھی دیکھنا چاہئے کہ اس کے دل مین مختلف اور بعض اوقات نہایت مخفی اسباب سے ایسے انقلاب ہوتے رہتے ہین کہ ابھی کوئی شخص رحم محبت

اور خوف خدا کے غلبہ سے کانپ رہا ہے اور آسمانی خیالات مین محو ہوکر دنیوی لذائذ سے متنفر ہے اور ابھی فورا اول مین کوئی ایسی لہر اٹھی ہے کہ ایک طرف دنیا کا لالچ پیدا ہوگیا ہے دوسری طرف شہوانی خیالات نے غلبہ کیا ہے اور انسان ایسا مغلوب ہوگیا ہے کہ خدا کا دھیان اور آسمانی غور و فکر سب بھول گئے ہین اور کوئی دھکیلنے والا اسے گناہ کیطرف دھکیلنے لگتا ہے اور ادھر کسی وقت رندی و سیاہ کاری کے خیالات مین غرق ہے مگر فورا ایسی ہیبت طاری ہوگئی ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے اس کا دل عابد صدسالہ سے بھی زیادہ منور ہوگیا ہے اور یہ انقلاب نہ صرف انہی لوگون کو پیش آتے ہین جو تھوڑی دیر کے لیے کسی خاص خیال مین مصروف ہوئے ہون بلکہ تمام عمر سیہ کاری مین بسر کرنیوالے اکثر اوقات ایک آن مین نیکی کیطرف راغب ہوجاتے ہین اور مدۃ العمر زہد و پارسائی کی مشق کرنیوالے فورا اپنے اندر گناہ کا وسوسہ موجود پاتے ہین اور نہ صرف کبھی کبھار بلکہ ایسے جذبات دل مین پیدا ہمیشہ ہوتے رہتے ہین البتہ بہت تک ایک ہی قسم کی مشق کرنیوالون مین مخالف جذبہ کا عملی ظہور ضرور کسی بڑی قوت پر منحصر ہے اور کمتر واقع ہوتا ہے

جذبات کا اثر جسم پر اور پھر ان جذبات کا اثر دوران خون اور دیگر جسمانی حرکات اور اعضا پر ایسا ہوتا ہے کہ کبھی تمام جسم کانپ اٹھتا ہے اور کبھی لذت یا خوف کی لہر سر سے پاؤن تک جاتی معلوم ہوتی ہے کبھی عرق آتا ہے اور کبھی جسم گرم ہوجاتا ہے یا چہرہ تمتماتا ہے اور ایسے اثر کبھی زور سے ہوتے ہین کبھی ہلکے۔ اور کبھی یہ لہرین تمام جسم مین پھیل جاتی ہین اور کبھی خاص خاص حصون تک محدود رہتی ہین۔

جذبات کا اثر نسل پر اور پھر انسانی خیالات کا اثر اسکی نسل پر دیکھا جائے تو انواع و اقسام کی عادتین نہ صرف صلبی اولاد مین بلکہ اولاد کی اولاد اور انکی نسلون مین اور قومون مین راسخ اور قائم نظر آتی ہین جو کبھی تو کسی مورث کے قوی اثر سے اکثر فردون مین نمایان ہوتی ہین اور کبھی بعد کے اور اندرونی اور بیرونی اثرون سے مخلوط ہوکر کبھی کبھی اور کسی کسی شخص مین دکھائی دیتی ہین۔

مذکورہ بالا مختلف کیفیتون کے مختلف بیرونی اسباب ہوسکتے ہین ان حالات کو مدنظر رکھنے کے بعد غور کرنا چاہئے کہ جس شخص کے ان متعدد بیٹے

مختلف اوقات مین پیدا ہوئے ہین وہ شخص خواہ نیک ہو یا بد۔ مختلف جذبات اور وسوسون کا اُسکے
دل مین پیدا ہونا بھی ایسا ہی ممکن ہے جیسا کہ اور لوگون کے دلمین۔ اور ان جذبات کا کسی وقت ایسا
قوی ہونا بھی ممکن ہے کہ دوران خون اور جسم کے دیگر حرکات پر کم و بیش اثر کرے۔ اور پھر ایسے اثرون
کا اُس وقت پیدا ہونا بھی ممکن ہے جبکہ اسکے جسم مین کوئی نطفہ تیار اور خارج ہونیکے قریب ہو بلکہ
اُس وقت بھی ایسے جذبات کا غلبہ کرنا ممکن ہے جبکہ نطفہ اُسکے جسم سے خارج ہو رہا ہے۔ اور یہی کیفیتین
اُس عورت کو پیش آسکتی ہین جس کے رحم مین نطفہ قرار پاتا ہے اور جس کے رحم کے انڈے انسانی جسم
کا بڑا حصہ بنتے ہین۔ بلکہ جس وقت تک نطفہ اُسکے رحم مین رہکر کمال کو پہونچتا ہے اس عرصے مین بھی کسی
بڑے جذبہ کا پیدا ہونا اور اثر کا اُسکے جسم پر اور جسم کے ساتھ جنین تک پہنچنا اور یہی ممکن ہے اور نہ صرف
اسی عرصہ تک بلکہ ایام شیرخوارگی تک کے جذبات جو دودھ پلانے والی مین پیدا ہون شیرخوار تک اثر
پہنچا سکتے ہین اور اس طرح ایک ولادت مین ایک اثر اور دوسری ولادت مین دوسرا اثر پیدا ہونا
ممکن ہے۔

یہ تو وہ صورت ہے جبکہ ولادت کا زمانہ مختلف ہو اب اگر ایسی صورت فرض کیجائے جس مین
دو توام بچے پیدا ہوئے ہین[1] اور خواہ اسکے ساتھ یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ ان دونو کے نطفہ
نے ایک ہی نوبت مین قرار پکڑا ہے تاہم وہ دو ہین اور ایک انڈے اور ایک نطفہ کے ذرات
دوسرے انڈے اور دوسرے نطفہ کے ذرات سے ممتاز ہین۔ اور جس وقت وہ دونو تیار اور خارج
ہونیکے قریب ہین اس وقت خواہ انکے ذرات ایک دوسرے سے متصل واقع ہون مگر جس ظرف
مین ہین اسکی کسی نہ کسی قدر فضا کو پُر کرتے ہونگے اور علیحدہ جب دونو نطفے ماں کے رحم مین
انڈون سے ملے ہون گے اس وقت بھی کچھ نہ کچھ فضا ان سے معمور ہوگی اور وہ دونو فضائین

---

[1] توام بچے پیدا ہونے کیلئے طبی طور پر کوئی خاص عمین موقرار نہین پائی اور جو کچھ علمای فرنگ آجوحی تحقیق کر سکے ہین
وہ یہ ہے کہ عموماً عورت کے بیضون سے ہر مہینہ پر ایک انڈا حرکت کر کے رحم مین آتا ہے اور اگر اُس وقت مرد کا نطفہ اس سے
ملجاتا ہے تو حمل قرار پاتا ہے۔ مگر کبھی کسی وجہ سے ایک بیضہ سے یا دونو بیضون سے دو انڈے یا شاذ و نادر زیادہ بھی رحم
مین آجاتے ہین اور اگر مرد کا نطفہ سب سے ملجاتا ہے تو متعدد بچے ایک حمل مین پیدا ہو جاتے ہین۔

دو نطفون کے ذرات کو گھیرنے کی وجہ سے دو حصون مین منقسم ہونگی اسلئے اس وقت بھی ممکن ہے کہ ماں یا باپ کے دل مین کوئی جذبہ پیدا ہو اور جسم پر اثر کرے اور اسکی لہر وہان تک اگر ختم ہو جہان تک فضا مین ایک نطفہ یا ایک انڈے کے ذرات موجود ہین اور دوسرے نطفہ یا دوسرے انڈے کے ذرات تک وہ اثر بالکل نہ پہنچے یا کم پہنچے - اور اس کے علاوہ اگرچہ فرض کیا ہے کہ دونو نطفے ایک نوبت مین خارج ہوئے ہین مگر ایک نوبت مین خارج ہونیکی بھی حرکتین متعدد ہوتی ہین اسلئے ایک حرکت مین ایک نطفہ کے ذرات خارج ہونیکے بعد بھی ممکن ہے کہ وقفہ گوئی نیک یا بد جذبہ غالب آئے کیونکہ جذبہ کا پیدا ہونا ایک آن کا کام ہے اور اسمین کسی عرصہ کی ضرورت نہین اور یون دوسری حرکت کے وقت اس جذبہ کا اثر دوسرے نطفہ پر عمل کرے اور اس وجہ سے ایک بچہ ایک خیال لیکر پیدا ہو اور دوسرا اس کے خلاف میلان رکھے +

پھر اسکے ساتھ اُن جذبات اور میلانون کا خیال بھی کر لینا چاہئے جو پرکھے کے آبا واجداد مین پیدا ہو چکے ہوتے ہین اور اُنکی لہرین اپنی قوت وضعف کے مطابق نسل مین چند یا کئی پشتون تک پہنچتی ہین اور ان لہرون کے قوت وضعف کے علاوہ یہ بھی ہوتا ہے کہ کسی شخص مین بعد کے واقعات اور بیرونی اثر کسی وقت کسی جذبہ کو بڑہا دیتے ہین اور اس لئے ایسے شخص کی اس وقت کی اولاد مین اُسکے اپنے جذبہ کا بھی اثر ہوتا ہے اور جو اسی قسم کا جذبہ مورث اعلے کیطرف سے سرایت کر چکا ہے وہ بھی اثر کرتا ہے اور اسلئے ایسے شخص کا بچہ دو قوتون سے متاثر ہو کر اس جذبہ مین اور بھی پختہ ہو جاتا ہے - اور یہ بھی ممکن ہے کہ باپ کا جذبہ کم طاقتور ہو اور تھوڑا اثر کرے لیکن اس تھوڑے سے میلان کی وجہ سے مورث اعلے کا اسی قسم کا جذبہ اس اولاد مین دوسری کی نسبت زیادہ قوت سے ظہور کرے +

پس جب یہ کیفیت ہے اور دُنیا مین یہ اور اسی قسم کے اور ہزارون پیچ در پیچ اسباب کا سلسلہ جاری ہے تو ایک ماں باپ - ایک سوسائٹی اور یکسان تربیت کو دیکھ کر غور کرنیوالون کو کیونکر یقین آتا ہے کہ ماں باپ سوسائٹی اور تربیت کے علاوہ اور کوئی اثر کرنیوالا سبب باقی نہین - اور کیون نہین کہا جا سکتا کہ اسباب وعلل کا دریا جو ابتدا سے جاری ہے ہر ایک ذرہ پر عمل کرتا ہے اور اس دریا

کی ایک لہر سے متاثر ہوکر ایک نطفہ تیار ہی ایسا ہوا تھا کہ اس کو پاکیزہ زندگی دیجائے اور دوسری لہر نے دوسرے نطفہ کو بنایا ہے ایسا تھا کہ وہ ناپاک روح کا مسکن ہو اور عدم سے وجود مین لانیوالی اور مُردہ سے زندہ کرنے والی قوت ہر چیز مین جو قابلیت دیکھتی ہے اُسکے مناسب حال وجود اور زندگی کی شکل عطا کرتی ہے ؛

اب رہا یہ سوال کہ علت ومعلول کا یہ سلسلہ کیون جاری کیا گیا اور عدم سے وجود مین آنے کی تدریجی رفتار کیون رکھی گئی جس سے وجود کی ناقص اور مکمل شکلین مختلف پیدا ہوئین سو پہلے مفصل ذکر ہوچکا ہے کہ دُنیا کو موجودہ نظام سے پیدا کرنے کی وجہ یہی عقدہ ہے جو حل نہین ہوسکتا اور یہی ایک سوال ہے جس کا جواب نہ تناسخ کے عقیدہ سے ملتا ہے۔ نہ مہاتما بُدھ کی تصوری سے اور نہ روح اور مادہ کو قدیم ماننے اور نہ وحدت شہود کے استدلال سے۔ کیونکہ بدی اور عیب کی وجہ خواہ کچھ ہو اسکا ظہور اسی لیے ہوا ہے کہ دُنیا کو پیدا کیا گیا اور اگر ایسا نہ کیا جاتا اور خواہ مادہ اور روح موجود بھی ہوتین مگر انہین سکون کی حالت مین رہنے دیا جاتا تو سوائے عدم کے اور کوئی نقص موجود نہ ہوتا اور اگر خدا اسکے سوا اور کچھ نہین کرسکتا تو اسکی قدرت محدود ہوگی لیکن جبکہ کسی نہ کسی مصلحت سے ایک دفعہ یہ عمل شروع ہوگیا ہے اور مادہ کو بتدریج ترقی دینے کا سسٹم جاری ہوچکا ہے تو پھر اسکے بعد آئندہ واقعات کیلئے اِن تمام احتمالات مین سب سے زیادہ قرین عقل وہی خیال ہے جو اہل وحدت شہود پیش کرتے ہین کہ اپنی رفتار مین مادہ جس جس حد تک ترقی کرتا گیا ہے اسی حد تک عمدہ شکلین اور نیک اثر ظاہر ہوتے جاتے ہین اور جس جس حد تک نقص باقی رہتا آیا ہے اسی حد تک عیب اور بدی کا ظہور ہوتا رہا ہے۔ اور اس لئے شروع جس طرح پر کیا گیا ہے اسکی وجہ معلوم نہین لیکن بعد مین نہ کسی کے ساتھ رعایت ہے اور نہ کسی پر ظلم

(ملاحظہ ہو باب دہم کتاب ہذا)

خدا کی خالقیت اور روح کی قدامت وغیرہ مسلمات پر تناسخ کا تعلق۔

دنیا مین انسانی حالت کا اختلاف ہی ایک ایسا واقعہ تھا جسے دیکھ کر بعض غور کرنیوالون نے تناسخ کا احتمال قائم کیا اور ہمنے دیکھا کہ اس واقعہ کو غور سے دیکھنے پر ثبوت کا تناسخ کا نشان نہین ملتا اور اسکے علاوہ اُن جن طریقون سے اس

دعوی کو ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ان سے اگرچہ ثبوت کو کوئی واسطہ نہین مگر کہنے والے ان کو بھی دلائل قاطعہ کا خطاب دیتے ہین اسلئے دیکھ لینا ضرور ہے[1] چنانچہ کہا جاتا ہے کہ خدا کی صفت خالقیت قدیم ہے اور ادھر روح قدیم ہے اور اُسکے سب عادات وخصائل بھی قدیم ہین اور کام کرنا اُسکے خصائل مین داخل ہے۔ اور ایک اور موقع پر کہا گیا ہے کہ روح کا جسم کو وارن کرنا بھی عادت ہے۔ اِن باتون کے ضروری ہونے سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا ہمیشہ ارواح کو مختلف اجسام مین داخل کرتا رہتا ہے۔

اس دلیل کے مقدمات مین سے ایک خدا کی خالقیت کا مسئلہ بیشک مسلم ہے اور کسی مذہب کو اس سے انکار نہین۔ مگر ایک تو کوئی صفت رکھنے سے یہ لازم نہین آتا کہ اسکا بالفعل ظہور بھی ہر وقت ہوتا رہے۔ مثلاً انسان مین نوشت وخواند اور گویائی کی صفت ہے لیکن ضرور نہین کہ وہ ہر وقت اس صفت کو ظاہر کرتا رہے بلکہ ایسی صفات کے ہونے سے یہ مطلب ہوتا ہے کہ وہ جب چاہے اس ملکہ سے کام لے سکتا ہے۔ اسی طرح خدا کی نسبت بھی دوام صفت کے یہی معنی ہین کہ وہ جب چاہے اُن کا ظہور کر سکتا ہے کیونکہ وہ علاوہ اور صفات کے علم اور ارادہ کی صفت بھی رکھتا ہے اور کوئی کام مجبور ہو کر نہین کرتا اسلئے صفت خالقیت مین بھی وہ مجبور نہین کہ ہر لحظہ اور ہر وقت اسکا ظہور ہوتا رہے اور دوسرے اگر صفات کے دوام سے یہی معنے لیے جائین کہ ہر وقت ان کا بالفعل ظہور ضرور ہے تب بھی یہ لازم نہین آتا کہ بار بار ایک ہی روح کو مختلف اجسام مین داخل کرتا رہے بلکہ نئی انواع اور نئے نئے عالم پیدا کرنے رہنے سے صفت خالقیت کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔

رہی روح کی قدامت اور اُسکی صفات کی قدامت اور صفات کے ہمیشہ ظہور کرنیکا دعوے سو انمین سے کوئی ایک بھی ثابت نہین۔ قدیم سوائے ایک ذات کے اور کوئی ہو نہین سکتا۔ اور اگر مان بھی لیا جائے کہ ارواح اور انکی صفات قدیم ہین تو قدیم ہونے سے صفات کا دائمی ظہور ثابت نہین ہوتا چنانچہ جسم غضب عدل علم وغیرہ ارواح کی صفات ہین اور اس مسلک کے مطابق قدیم ہونی چاہئین

[1] یہ پیلین پنڈت لیکھرام پشاوری کی ایجاد ہین۔ کتاب ثبوت تناسخ ۔

مگر دنیا مین کوئی شخص نہین جس سے یہ صفات ہر وقت ظاہر ہوتی رہین پس ارواح مین ان صفات کے ہونے سے یہی مطلب ہو سکتا ہے کہ وہ اُنکو جب موقع ہو ظاہر کر سکتی ہین۔ اور اگر ان سب باتون سے قطع نظر کیجائے اور صفات ارواح کو قدیم اور ہمیشہ ظاہر ہوتے ہوئے مان لیا جائے تب بھی جسم دارن کرنیکو روح کی عادت قرار دینا یہی وہ دعوے ہے جس کو ثابت کرنے کیلئے دلائل کی ضرورت ہے۔ کیونکہ عادت جبھی ثابت ہوگی کہ اُسکا بار بار ضرور ہو اور روح کا بار بار ظہور کرنا اور روح کو جسم مین آنے کی عادت ہونی حقیقت مین ایک ہی دعوی ہے یعنی تناسخ۔ اور اسی کو ثابت کرنے کی ضرورت تھی۔ پس بار بار آنے کیلئے عادت ہونیکو دلیل گردانا خود دعوے کو دعوے کیلئے دلیل ٹھیرانا ہے۔ اور پھر روح کا جسم مین آنا اگر عادت ہو تو اُن کے مسلک کے مطابق وہ عادت قدیم بھی ہوگی اور جو چیز قدیم ہو اس کے لئے خالق کی ضرورت نہین اسلئے روح کے جسم مین آنیکے لئے بھی خالق کی ضرورت نہین اور یہ نتیجہ ہے جس سے خدا کی خدائی نابود ہو جاتی ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک مادہ اور روح قدیم ہے اور جب روح اور مادہ کی صفات اور روح کا مادہ مین داخل ہونا بھی قدیم ٹھیرا۔ تو پھر دنیا کے لئے کسی موجد کی ضرورت نہین رہتی۔ غرض تناسخ مانا تو اسلئے جاتا تھا کہ خدا سے ظلم کا الزام دور کیا جاوے اور تناسخ ماننے کیلئے جو مقدمات تسلیم کئے گئے انہون نے خدا کو موجود بھی نہ رہنے دیا۔

چاند سورج اور مادہ کے بار بار آنے سے تناسخ کا ثبوت۔

اور ایک دلیل دنیا کے دیگر واقعات سے تیار کی جاتی ہے چنانچہ کہا جاتا ہے کہ چاند اور سورج اور سیارے گاہ طلوع کرتے ہین اور گاہ غروب ہوتے ہین اور اُن کو دیکھ کر جاہل کہتا ہے کہ اور سیارے آ گئے حالانکہ جاننے والے جانتے ہین کہ وہی سیارے ہین اسیطرح ارواح بھی وہی بار بار آتی ہین اور نادانون کو معلوم ہوتا ہے کہ نئی ارواح پیدا ہوئین اور کبھی کہتے ہین کہ مادہ مکانات نباتات اور حیوانات وغیرہ مین بار بار ظہور کرتا ہے جس سے ثابت ہتا ہے کہ روح بھی اجسام مین بار بار ظہور کرتی ہے۔

یہان بعض اشیا مین ایک خاصہ فرض کیا گیا ہے اور پھر اسکو عام گردان کر یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ روح مین بھی وہی خاصہ موجود ہے۔ مگر اول تو جو خاصہ سیارگان وغیرہ مین دیکھا گیا ہے اسکی اور شکل ہے

اور رُوح کے لئے اوشکل کا خاصہ فرض کیا جاتا ہے کیونکہ سیارگان جو طلوع غروب یا دورہ کی حرکت سے بار بار آتے جاتے ہین اسکی وجہ یہ ہے کہ حرکت کے سبب وہ ایک خاص مقام یعنے سطح زمین پر سے ہر وقت نظر نہین آسکتے ورنہ حقیقت مین وہ اسی دُنیا پر اور اسی جسم مین موجود رہتے ہین اور ہمیشہ ایک دائرہ پر حرکت کرنے مین مصروف ہین - اور اسی طرح مادہ کے بار بار آنے کی یہ صورت ہے کہ وہ اجزا سے مرکب ہے اور اجزا کے جمع ہونے سے کبھی ایک شکل پیدا ہوتی ہے اور کبھی دوسری اور اس طرح اجزا ہمیشہ اپنے اجتماع کی وضع بدلتی رہتی ہین ورنہ مادہ کبھی کہین جاکر واپس نہین آتا جس سے کہا جائے کہ وہ بار بار آتا ہے بلکہ اسکی نسبت صحیح اظہار یہ ہے کہ وہ ایک ہی چیز ہے جو موجود رہتی ہے اور ہمیشہ اپنی شکلین بدلتی رہتی ہے - اور اسکے برخلاف روح کے بار بار آنے کی شکل مانی جاتی ہے کہ وہ ایک مستقل جوہر ہے جو کسی دوسری چیز یعنے مادہ کی چند اجزا کے ایک خاص شکل مین جمع ہونے پر ان مین ظہور کرتی ہے اور اجزا کے متفرق ہوجانے پر اُن سے الگ ہوکر کسی اور مجموعہ مین جو اسی طرح کی خاص شکل مین جمع ہوگیا ہو ظاہر ہوتی ہے - اور سیارون سے مشابہت جب ہوتی کہ کسی دوسری چیز مین ظہور نہ کرتی اور نہ اُس چیز کے تباہ ہونے پر غائب ہوتی بلکہ خود کسی قسم کی حرکت سے کبھی سامنے آجایا کرتی اور کبھی گم ہوجاتی - اور مادہ سے مشابہت اس صورت مین ہوسکتی تھی کہ خود صاحب اجزا ہوتی اور مادہ کیطرح اسکی اجزا کبھی ایک شکل مین ظاہر ہوتین اور کبھی دوسری شکل مین - اور جب یہ تصور نہین اور روح کے لئے جو خاصہ فرض کیا گیا ہے اسکی مثال دُنیا مین نظر نہین آتی تو یہ قیاس عقلی طور پر کوئی وزن نہین رکھتا ؛

اور دوسرے اگر صرف یہی دیکھنا ہو کہ مادہ کا اور روح کا تعلق ہے اور مادہ پر ایسی حالتین طاری ہوتی ہین جنکی حقیقت خواہ کچھ ہو مگر اسکو بار بار آنے کے لفظ سے تعبیر کرسکتے ہین اسلئے مادہ سے تعلق رکھنے والے کو بھی سمجھ لینا چاہئے کہ وہ بھی بار بار آتا ہوگا اور پھر یہان بار بار آنے سے یہ خاص مطلب لینا چاہیئے کہ اُسکا تعلق بار بار ہوتا ہے تو یہ صرف شاعرانہ استدلال ہوگا ورنہ تعلق کی کوئی صورت خیال مین نہین آتی جسکی وجہ سے اگر مادہ بار بار اپنی شکلین بدلتا ہو تو روح بھی ایک

ہی اسمین بار بار حلول کرتی رہے۔ کیونکہ اگر مادہ اور روح کا تعلق کارندہ اور آلہ کا ہے یعنی مادہ آلہ ہے اور روح کارندہ تو اس تعلق کے واسطے ضرور نہین کہ ایک کے دوبارہ موجود ہونے پر دوسرا بھی دوبارہ آئے۔ ہم دیکھتے ہین کہ ایک نجار مختلف تیشون سے کام لے سکتا ہی تو ایک ہی تیشہ مختلف نجارون کے ہاتھ مین بھی کام دے سکتا ہے اور اگر ظرف و مظروف کا تعلق ہے تو بھی دونو کا بار بار آنا ضرور نہین اور اگر ایک چیز مختلف برتنون مین رکھی جاسکتی ہے تو ایک ہی برتن مین ایک کے بعد دوسری اور دوسری کے بعد تیسری رکھ سکتے ہین۔ اور اگر رابطہ و مرکوب کا تعلق ہے تو بھی ایک گھوڑے پر مختلف اشخاص اور ایک شخص مختلف گھوڑون پر سوار ہوسکتا ہے۔ اور اگر حاکم و محکوم کا تعلق ہے تو بھی ایک بادشاہ مختلف ملکون پر حکمران ہوسکتا ہے اور ایک ملک ایک بادشاہ کی حکومت سے نکل کر دوسرے اور اس سے تیسرے کے قبضہ مین جاسکتا ہے غرض دو چیزون کے ملنے پر جس قدر تعلقات سمجھ مین آسکتے ہین انمین سے کسی پر یہ نتیجہ مرتب نہین ہوتا کہ اگر مادہ مکرر آئے تو روح بھی وہ آئے۔ اور بوجہ ایک چیز کا خاصہ دوسری چیز مین مان لینا ایسا ہے جیسے کہا جائے کہ چونکہ سم الفار مین زہر کی خاصیت ہی اسلئے دودھ بھی وہی اثر رکھتا ہی اور یہی حال سیارگان کی آمد و رفت اور روح کے تناسخ کا ہے کہ ان مین کوئی تعلق نہین جسکی بنا پر ایک امر کے ثابت ہونے سے دوسرے کا ثبوت لازم آئے کیا جسطرح سال کے بارہ مہینون مین ایک ہی سورج بار بار آتا ہے اور جس طرح مہینہ کے تیس دنون مین ایک ہی چاند بار بار نکلتا ہے اسیطرح سال کے بارہ مہینہ بھی ایک ہی مہینہ اور مہینہ کی تمام تاریخین ایک ہی تاریخ ہین؟ اگر اسی طرح کی غیر متعلق باتین ایسی دلیلون سے ثابت ہوجائین تو بیشک سیارگان کے بار بار آنے سے ارواح کا بار بار ظہور کرنا بھی ثابت ہوجائیگا۔

اور تیسرے اگر مان لیا جائے کہ مادہ کے بار بار آنے اور روح کے بار بار آنے کی ایک ہی صورت ہے تو بھی غور کرنے کی بات ہو کہ شکل مادہ سے براہ راست تعلق رکھتی ہی اور خود مادہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اور روح کی حقیقت جو کچھ ہے ہم سمجھ نہین سکتے مگر اتنا جانتے ہین کہ اس کا

تعلق شکل کے تعلق کے بعد ہوتا ہے یعنی اجزائے مادی شکل پہلے اختیار کرتی ہین اور بعد مین جاندار بنتی ہین - اور ہم دیکھتے ہین کہ باوجود مادہ کے بار بار آنے کے شکل جو اس سے براہ راست پیدا ہوتی ہے اور رُوح سے پہلے تعلق پکڑتی ہے ایکدفعہ اگر ابدالآباد تک دو بارہ نہین آتی اور اجزا وہی ہون مگر شکل ہمیشہ نئی سے نئی ہوتی ہے تو جو چیز شکل کے بعد تعلق پکڑتی ہے اسکی نسبت کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ وہ بار بار ضرور آنی چاہیئے -

سقراط کی تین دلیلین تناسخ پر

حکیم سقراط کو جب زہر دیا گیا ہے تو اسکے عزیزون اور شاگردون کو اسکی مفارقت سے جو صدمہ ہوا ہوگا ظاہر ہے مگر وہ فلاسفر تھا اور فلاسفر کی شان سے بعید ہے کہ ایسے افکار سے دل کو پریشان کرے اسلئے اُس نے اپنا یہ وقت نہایت استقلال سے گزارا اور فلسفیانہ طرز سے اپنے ہمراہیون کو تسلی دیتا رہا - چنانچہ اُسکی اُسوقت کی گفتگو سے جو اس نے اپنے شاگرد سمیاز وغیرہ سے کی ہے تین دلیلین تناسخ پر پیدا ہوگئی ہین (کتاب پلیٹو) ان مین سے پہلی دلیل مین یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ہر چیز اپنی ضد سے پیدا ہوتی ہے اور ضد کی طرف عود کرتی ہے - اور زندگی اور موت بھی باہم ضدین ہین اسلئے وہ بھی ایک دوسری سے پیدا ہوتی رہین گی اور موت کے بعد زندگی اور زندگی کے بعد موت کا چکر جاری رہیگا - دوسری دلیل مین وہ کہتے ہین کہ ہم دو چیزون کو دیکھ کر کبھی اُن کو مساوی کہتے ہین اور کبھی غیر مساوی اسلئے ایسی چیزون کے علم اور اُنکی مساوات یا عدم مساوات کے علم سے پہلے ہمکو مساوات کا مفہوم معلوم ہونا چاہیئے اور ان چیزون کو ہم حواس سے دریافت کرتے ہین اور حواس پیدا ہوتے ہی حاصل ہو جاتے ہین اسلئے مساوات کا مفہوم جان سے پہلے حاصل ہے وہ پیدائش سے پہلے معلوم ہوا ہوگا جس سے ثابت ہوتا ہے کہ روح پیدائش سے پہلے موجود تھی اور تیسری دلیل مین کہتے ہین کہ مرکبات کبھی نہ کبھی تحلیل ہو جاتے ہین اور بسائط تحلیل ہونے سے پاک ہین - اور مرکبات محسوس ہوتے ہین اور بسائط حواس کی گرفت سے باہر ہین اور انسان کے اندر ایک جسم ہے جو دیدنی اور مرکب قسم سے ہے اور ایک روح ہے جو نادیدنی اور بسیط ہے - اور جسم تو ترکیب کے قاعدہ کے موافق تحلیل اور فنا ہو جاتا ہے اسلئے چاہیئے کہ روح حسب قاعدہ بساطت تحلیل

اور فنانہو۔ بلکہ مرنیکے بعد قائم رہے

تیسری دلیل سے تناسخ کو تعلق نہین۔

یہ دلائل قابل قدر ہین اسلئے کہ ایک بڑے فلاسفر کی مرتے دم کی یادگار ہین اور حکیم فلاطون کا شکر گزار ہونا چاہیے جس کی قلم سے یہ تمام مکالمہ من وعن محفوظ رہ سکا۔ مگر دلائل کی حقیقت دیکھنے پر کہنا پڑتا ہے کہ ان مین سے تیسری دلیل مین اگر ثابت کرنے کی کوئی چیز تھی تو یہ کہ انسان کے اندر ایک بسیط روح موجود ہے اور ہمنے دیکھا کہ اسی کو عالی قدر حکیم نے اصول مسلمہ کے طور پر مان لیا ہے اور بات وہی نکلی پہلے جو لکھا گیا ہے کہ گو عقلی ثبوت کوئی نہ ہو مگر مذہبی جذبہ بالاتفاق انسان کے اندر ایک جوہر بسیط کو مانتا ہے۔ پس اگر وہ موجود ہے تو پھر مرنے کے بعد اس کے قایم رہنے مین شک نہین اور اسی قدر اس دلیل سے بھی ثابت ہوا۔ اور اس سے زیادہ یعنی یہ کہ روح دوبارہ اسی دنیا مین آئیگی اس کا اس دلیل سے کوئی تعلق نہین ؛

دوسری دلیل دو طرح سے ناقص ہے

اور اسی طرح دوسری دلیل کو اگر تسلیم کیا جائے تو اس سے صرف اسی قدر ثابت ہوتا ہے کہ روح پیدائش سے پہلے موجود تھی اور تناسخ کا ثبوت اس سے بھی نہین ملتا۔ اور نیز اس دلیل کے مقدمات مین بھی بہت کچھ کلام ہے۔ کیونکہ پیدا ہوتے ہی حواس ظاہری کا کام کے قابل ہونا اور چیزون کی مساوات کو پہچاننا اور نیز مساوات اور نامساوات کو معلوم کرنے سے پہلے مطلق مساوات کا علم ہونا سب باتین قابل اعتراض ہین۔ اور ہم دیکھتے ہین کہ بچہ جب اپنے حواس سے کام لینے لگتا ہے تو پہلے چیزون کو صرف دیکھنا شروع کرتا ہے اور انکی مساوات اور عدم مساوات وغیرہ ذہنی فیصلے ایک طرف وہ مدت تک انکی محسوس اوصاف مین بھی تمیز نہین کرسکتا اور ایک شوخ لال رنگ کی چیز دیکھ کر جھپٹتا ہے وہ چیز چھپا دی جاتی ہے اور اس سے پھیکے رنگ کی بلکہ بسا اوقات اور رنگ کی چیز دیدی جاتی ہے اور بچہ پہلی چیز سمجھکر خوش ہوجاتا ہے مدت کی مشق سے رنگ وغیرہ پہچاننے لگتا ہے تو بڑائی چھٹائی پھر بھی عرصہ تک محسوس نہین ہوتی۔ ایک انڈا چھپا لینے کے بعد دوسرا انڈا جو اس کے کسیقدر چھوٹا بڑا ہو سامنے کرنے سے اکثر دھوکا

کہاتا ہے اور غور و تامل کا طویل زمانہ درکار ہوتا ہے جسکے بعد چیزون کی مساوات اور عدم مساوات وغیرہ صفات جو عقل سے تعلق رکھتی ہین پورے طور پر سمجھ مین آسکین اور پھر ان چیزون کی مساوات و عدم مساوات اور بہتری بدتری وغیرہ صفات کو دیکھکے مطلق مساوات اور مطلق بہتری وغیرہ مفہوم ذہن نشین ہوتے ہین اور بجائے اسکے کہ مساوات کا علم پہلے موجود ہو انسانی ترقی کی رفتار یہ ثابت ہوتی ہے کہ وہ اپنا علم جزئیات سے شروع کرتا ہے اور ان سے انتقال کرتا ہوا کلیات کی طرف جاتا ہے اور اس لئے مساوات کا علم رکھنے کیواسطے ضرور نہین کہ روح جسم سے پہلے موجود ہو ۔

ضد سے ضد کا پیدا ہونا عام قاعدہ نہین ۔

غرض یہ دلیلین ضعیف ہونیکے باوجود تناسخ سے کوئی تعلق نہین رکھتین البتہ پہلی دلیل اگر صحیح ہو تو اس سے بیشک تناسخ ثابت ہوگا مگر اول تو اسکا پہلا مقدمہ قابل غور ہے ۔ بیشک ہم دیکھتے ہین کہ رات سے دن پیدا ہوتا ہے اور دن سے رات یا بیجان سے جاندار بنتا ہے اور جاندار سے بیجان اور یہان ایک ضد دوسری ضد سے ظاہر ہوئی مگر تمام دنیا کی صرف یہی شکل نہین بلکہ جو مثالین خود حکیم نے دی ہین ان مین سے بعض کی اور صورت ہے ۔ وہ کہتے ہین کہ تیز سست سے پیدا ہوتا ہے اور سست تیز سے ۔ مگر یہ خاصہ عام نہین ۔ اگر بعض چیزون کی رفتار تیز اور پھر تیز سے سست ہوجاتی ہے تو بعض چیزین ایسی ہین کہ انکی رفتار ہمیشہ ایک قاعدہ پر رہتی ہے ۔ مثلاً روشنی حرارت اور آواز کی رفتار اپنے اپنے مقدار اور فاصلہ کے لحاظ سے جس طرز پر واقع ہے اس سے کبھی انحراف نہین کرتی اور ایسا نہین ہوتا کہ تیز سے سست ہو تو پھر سست سے تیز ہوجائے ۔ اسی طرح سیارون کی حرکت جس قاعدہ پر جاری ہے اس سے تخلف نہین ہوتا ۔ اور اگر جدید تحقیقات کو مدنظر رکھا جائے تو زمین کی محوری حرکت ایک صدی مین ایک سیکنڈ کی کمی کے برابر سست ہوتی جاتی ہے اور اسی قدر دن بڑھتا جاتا ہے مگر ایسا ہونیکا گمان یہ بھی نہین کہ پھر کبھی اسکی یہ حرکت تیز ہونے لگے ۔ اور پھر کبھی تیزی سے سستی کیجانب عود کرے ۔ اور اسی طرح اور مثالین جو وہ دیتے ہین کہ بہتر پہلے بدتر ہوتا ہے اور منصفانہ غیر منصفانہ ۔ یہ کچھ بھی سمجھ مین نہین آتا ۔ اگر محض بہتری و بدتری اور منصفانہ و غیر منصفانہ کو دیکھا جائے تو یہ اوصاف ہمیشہ ایک حالت پر ہین اور بہتری بدتری اور بدتری بہتری کبھی نہین ہوسکتی ۔ اور اگر ان افعال کو

دیکھا جائے جن کو یہ صفتین عارض ہوتی ہین تو بھی یہی حال ہے کہ جو افعال منصفانہ ہین مثلاً فریادی کی فریاد کو سننا اور مجرم کے جرم کو غور و خوض سے تحقیق کرنا یہ افعال ہمیشہ منصفانہ ہین اور کبھی غیر منصفانہ نہین ہو سکتے اور ان کے خلاف کرنا ہمیشہ غیر منصفانہ ہے اور کبھی منصفانہ نہین ہو سکتا۔ اور اسی طرح جو افعال بہتر ہین مثلاً اپنے فائدہ مین حق سے تجاوز نہ کرنا اور دوسرے کو نقصان پہنچانے سے پرہیز کرنا یہ امور ہمیشہ بہتر ہین اور ان کے خلاف ہمیشہ بدتر۔ اور اگر اشیا کو دیکھا جائے جن کو بہتر یا بدتر کہہ سکتے ہین تو ان مین سے جو مرکبات ہین وہ چونکہ اس نظام مین فنا و تحلیل کا نشانہ ہین اسلئے انکی صفات بھی بجا نہین رہتین۔ مگر پھر بھی ضرور نہین کہ جو بہتری اور بدتری ایک دفعہ کی تحلیل مین نابود ہوئی ہے پھر وہی اجزا مرکب ہون اور وہی بہتری یا بدتری عود کرے اور ضرور ایک ضد دوسری ضد کیطرف آئے۔ اور اُدھر جو بسائط یا عناصر ہین اُن مین جو نیک و بد صفات قدرت کیطرف سے ودیعت ہین وہ ہمیشہ اپنے حال پر رہتی ہین اور کبھی ایک ضد سے دوسری ضد کیطرف نہین جاتین۔

رات اور دن اور جاندار اور بیجان کا انقلاب سو اگرچہ یہ قدرت کا بڑا کرشمہ ہے مگر اسکی وجہ دیکھی جائے تو اُدھر ایک ہمیشہ چمکنے والا آفتاب ہے جو روشنی دیتا ہے اور ادھر ہمیشہ حرکت کرنیوالی زمین ہے جو روشنی کو اخذ کرتی ہے۔ اور ایک کی سکون اور دوسری کی حرکت سے ایک یکسان رہنے والا قاعدہ پیدا ہوتا ہے کہ ہمیشہ زمین کے نصف حصہ پر روشنی کا اثر پہنچے۔ اسلئے حقیقت مین روشنی تاریکی سے پیدا نہین ہوتی بلکہ ایک حصہ روشنی کا ہے جو ہمیشہ زمین کے گرد گھومتا رہتا ہے اور اس کے مقابل ایک حصہ تاریکی کا اسی طرح گردش کرتا رہتا ہے اور زمین کے ایک حصہ پر رہنے والیکے سامنے کبھی روشنی آجاتی ہے اور کبھی تاریکی۔ اور جاندار کی بیجان سے اور بیجان کی جاندار سے پیدا ہونے کی حقیقت بھی جیسا کہ جدید تحقیقات کا منشا ہے یہ ہے کہ جان ہمیشہ جان سے پیدا ہوتی ہے یعنی ایک جاندار کیطرف سے بیجان کے اندر جان کا فیضان ہوتا ہے اور اس سے آگے اور بیجان پر یہ اثر پہنچتا ہے اور ادھر بیجان اجزا اپنی شکلون کو بدلنے سے ایک جسم کے بعد دوسرا جسم بناتی رہتی

ہین اوراس طرح جان کا سلسلہ جان دار سے جاندار کی طرف اور بیجان کا بیجان سے بیجان کی طرف جارہا ہے "

اوران کے بعد اور اشیا اور اُن کی بعض صفات ایسی نظر آتی ہین جو ہمیشہ ایک حال پر رہتی ہین اور ضد سے ضد کی طرف عود نہین کرتین - مثلاً مادہ اور دُنیا کا دوسرا عنصر یعنی قوت اور انکی صفت وجود ایسی چیز ہے کہ جب سے ہی ہمیشہ ایک حالت پر ہے اور کبھی وجود سے عدم اور عدم سے وجود اُن پر طاری نہین ہوتا - اور اسکے علاوہ روح حکیم کی رائے کے مطابق ازل سے ابد تک موجود ہے اور وجود و عدم مین انقلاب نہین کرتی - اور ویسے بھی روح اگر ہے تو جب سے ہے ہمیشہ موجود ہے اور اگر عدم سے وجود کی طرف آئی ہے تب بھی آیندہ وجود سے عدم کی طرف جانے کا احتمال نہین ؛

غرض ہمنے دیکھا کہ روشنی حرارت وغیرہ کی رفتار ہمیشہ ایک قاعدہ پر رہتی ہے اور سیارگان کی حرکت مین اگر انقلاب ہے تو ہمیشہ تیزی سے سستی کیطرف یعنی ایک سمت کو - اور بہتری بدتری یا منصفانہ و نامنصفانہ صفات اوران سے متصف ہونیوالے افعال ہمیشہ یکسان رہتے ہین - اشیاء بسیطہ جو ان سے متصف ہین وہ بھی ہمیشہ ایک حالت پر ہین - اور مادہ اور قوت کا وجود کبھی ضد کی طرف نہین جاتا - اور نہ روح ضد کیطرف انتقال کرتی ہے - البتہ مرکبات ہمیشہ تحلیل و ترکیب کا ہدف ہین اور انکی حالت بدلتی رہتی ہے اور حالت کیساتھ انکے نیک و بد صفات مین انقلاب ہوتا رہتا ہے - مگر اسکا انقلاب بھی ایسا بے ترتیب ہوتا ہے کہ اسکے لئے ضد سے ضد کی طرف آنا یا مناسب سے مناسب کی طرف جانا کوئی ایک قاعدہ مقرر نہین کیا جاسکتا کبھی تو انقلاب مین بدتری سے بہتری پیدا ہوتی ہے اور آیندہ انقلاب مین اس سے زیادہ بہتری نظر آتی ہے تو پھر کوئی ایسا انقلاب ہوتا ہے کہ بہتری کے تمام درجات معدوم ہوکر کوئی بڑے درجہ کی بدتری پیدا ہوجاتی ہے - پھر کبھی بتدریج بدتری کیطرف اور کبھی بتدریج بہتری کیطرف انتقال ہوتا ہے تو کبھی دفعۃً بڑے درجہ کی بدتری سے بڑے درجہ کی بہتری پیدا ہوجاتی ہے

مثلاً درخت پیدا ہوا ہے اور مناسب آب وہوا سے بڑھتا جاتا ہے حتی کہ پھل پھول لانے لگا ہے یہ بہتری سے بہتری کیطرف ترقی ہے اور پھر سوکھنے لگا ہے اور ایک دن فنا ہوگیا ہے یہ بہتری سے بدتری کی طرف تنزل۔ مگر لہلہاتے درخت پر کاٹنے والیکا تبر ایسا پڑتا ہے کہ دم مین گلزار کی جگہ خاک اڑنے لگتی ہے اس انقلاب مین دفعتہً بڑے درجہ کی بہتری سے بڑے درجہ کی بدتری پیدا ہوگئی ہے اور کبھی خشکی اور اسمیں سے کھیت تباہی کے قریب ہوتا ہے کہ دفعتہً مناسب ہواؤن کے چلنے اور ہر وقت بارش کے برسنے سے سوکھی کھیتی ہری ہوجاتی ہے۔ اس وقت بڑی برتری سے فوراً بڑی بہتری پیدا ہوجاتی ہے۔ پھر کبھی ایک ہی حالت دیر تک قائم رہتی ہے اور کبھی نیک اور بد انقلاب جلدی جلدی ہونے لگتے ہین۔ مدعا یہ کہ بسائط اور لطیف اشیا مثلاً مادہ عناصر روشنی حرارت اور افعال نیک وبد وغیرہ خاص قوانین کے زیر اثر ہین اور ان مین ضد سے ضد کی طرف آنا ثابت نہین ہوتا۔ اور مرکبات اور ان کے حالات قوانین پر ایسے مختلف اور پیچیدہ عمل کرتے ہین کہ ہر چیز اور ہر چیز کی ہر ایک حالت مین ہر آن کے اندر نئی سے نئی شان نظر آتی ہے اور ایک قاعدہ معین نہین ہوسکتا ٭

ضد کا ضد کیطرف آنا زندگی اور موت پر جاری نہین ہوسکتا

یہ دیکھنے کے بعد کہ ضد سے ضد کیطرف آنا قدرت کا عام قانون نہین دلیل کے دوسرے مقدمہ یعنی زندگی اور موت کی ضدیت کو دیکھا چاہئے تو زندگی اور موت کی حقیقت دو چیزون کا باہم ملنا اور جدا ہونا ہے۔ اور ان مین سے ایک چیز یعنی جسم مرکب ہے اور دوسری چیز یعنے روح بسیط ہے۔ اور جس وقت روح کا جسم سے فراق ہوا ہے اُس وقت جسم چونکہ مرکب ہے ضرور ہے کہ وہ تحلیل ہو اور تحلیل ہونیکے بعد اسکی اجزا مرکبات کے قاعدے کے موافق ضرور ہے کہ کہین نہ کہین اور کسی نکسی شکل مین رہین اور ان شکلون کو بدلتی رہین۔ اب اگر یہان ضد سے ضد کیطرف آنیکا یہ مطلب لیا جائے کہ ایک وقت پر یہ اجزا پھر اسی شکل مین جلوہ گر ہون تو یہ صورت ممکن نہین معلوم ہوتی کیونکہ تحلیل ہونیکے بعد کچھ اجزا گیس بن کر اڑ گئی ہین اور ہواؤن نے انکو کہین سے کہین پہنچا دیا ہے اور کچھ اجزا زمین مین ملکر اسکی ہمشکل ہوگئی ہین اور ان مین سے

کچھ ممکن ہے کہ قرن ہائے دراز تک اسی حالت مین پڑی رہین اور کچھ نباتی شکل مین بدل جائین اور پھر نبات کے فنا ہونے پر ان مین سے اکثر گیس بنکر اُڑ جائینگی اور کچھ جانداروں کی خوراک مین صرف ہونگی - اور اس طرح ان اجزا مین سے بعض کا کسی جاندار یا خود کسی انسان کے جسم مین آنا ممکن ہے - مگر سب کے سب اسی شکل مین پیدا ہون اور مرنیکے بعد انسان کی تمام اجزا سے پھر انسان ہی بنایا جاوے اسکا امکان نہین - اور اگر ضد سے ضد کی طرف آنے سے یہ مطلب ہو کہ جسم انسانی کی اجزا تحلیل ہونیکے بعد کسی نہ کسی شکل مین مرکب ہونگی تو شک نہین کہ ایسا ضرور ہوگا - لیکن اسی طرح کہ بعض اجزا کچھ شکل اختیار کرینگی اور بعض کچھ - اور بعض کبھی جاندار کے جسم مین آجائینگی اور بعض ممکن ہے کہ ابدالآباد تک بیجان حالت مین رہین - اب روح کی نسبت جو ایک جسم سے الگ ہوئی ہے غور کرنے کے وقت ہم دنیا کے تمام مرکبات اور بسائط کو دیکھ ڈالتے ہین ان مین جسمانی مرکبات کو دیکھا کہ ترکیب کے بعد تحلیل ہوتے ہین تو پھر تحلیل کے بعد اسی پہلی ترکیب کی طرف عود نہین کرتین مادی بسائط مین سے ایتھر اگر دیگر اجزائے مادی کے کسی مجموعہ مین داخل ہو بھی تو وہان سے الگ ہو کر ہمیشہ تک مجرد حالت مین رہ سکتا ہے اور ممکن ہے کہ دنیا کے انقلابات سے متاثر نہ ہو - چنانچہ اسی بنا پر زمین وغیرہ سیارون کی اتمسفیر یعنے کرہ ہوائی سے پرے اس کو تمام فضا مین پھیلا ہوا مانا جاتا ہے - اسکے بعد غیر جسمانی بسائط کو لو تو بہتری و بدتری یا منصفانہ و نامنصفانہ حالت کی جو فرد کسی ایک چیز مین ایک وقت پر موجود ہوتی ہے پھر خواہ اسی چیز پر اور ہزارون طرح کے بہتر اور بدتر حالتین آئین مگر وہ پہلی حالت کبھی موجود نہین ہوتی - یہ دعوی سرسری نظر سے غلط معلوم ہوگا کیونکہ برف پینے سے ہمنے ہزارون دفعہ یکسان ٹھنڈی محسوس کی ہے اور آگ تاپنے سے بارہا ایسی یکساں گرمی - مگر جس کو ہم یکسان کہتے ہین سائنٹیفک طور پر وہ کبھی بھی یکسان نہین - کوئی عالم کیمیا نہ ہزار دفعہ پوٹاشیم کلوریٹ سے آکسیجن یا سمندر کی ریت سے کلورین پیدا کرے کبھی دو دفعہ بھی ایک تجربہ سب حیثیتون سے برابر نہ ہوگا - پوٹاشیم کلوریٹ یا ریت کی جو مقدار ایک دفعہ لی ہے بالکل ٹھیک وہان سے اتنی ہی مقدار کبھی نہ لیجائیگی اور جو حرارت ایک وقت پر فضا مین موجود ہے یا مصنوعی طور پر

بہم پہنچائی گئی ہے۔ ٹھیک اتنی ہی حرارت کبھی مہیا نہ ہوسکیگی اور جس قدر وقت ایکدفعہ خرچ ہوا ہے ٹھیک اتنا ہی وقت پھر کبھی صرف نہ ہوسکیگا اور اسلئے جس قدر گیس ایک دفعہ پیدا ہوئی ہے بالکل اسیقدر کبھی پیدا نہ ہوسکے گی۔ اور جو نیک یا بد اثر اس فعل سے ایک دفعہ پیدا ہوگا وہ پھر کبھی نہ ہوگا۔ اور یہی حال برف پینے اور آگ تاپنے کا ہے کہ مقدار اور وقت اور کیفیت ہر طرح سے ہر دفعہ دوسری دفعہ سے متفاوت ہوگی اور اس لئے جو بہتری یا بدتری کسی فعل سے ایک بار متعلق ہوئی ہے وہ دنیا سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہوچکی اور کبھی ہاتھ نہ آئیگی۔ اور یہی حال شکل اور دیگر خواص کا ہے کہ ایک دفعہ تعلق پیدا کرنے کے بعد پھر وہی شکل اور وہی خاصہ کبھی پیدا نہیں ہوتا۔ غرض یہ کہ بسائط جس طرح کے ہمارے پاس موجود ہیں وہ ہمیشہ کے لئے اور ایک دفعہ تعلق پیدا کرنے کے بعد آئندہ کیلئے الگ رہ سکتے ہیں اور مرکبات کی اجزا اگرچہ شکلیں بدلتی رہتی ہیں مگر سب اجزا پھر ایک جگہ جمع ہوں یہ ممکن نہیں اور بعض اجزا ہمیشہ کیلئے جاندار ہیں نہ آئیں ممکن ہے۔ تو روح جو بسیط ہے اس پر بساطت کا قاعدہ جاری کرو تو اور ترکیب کا قاعدہ جاری کرو تو اس کیلئے یہ فیصلہ کہ ایک دفعہ تعلق پیدا کرنیکے بعد بار بار جسم میں آتی رہے گی اور زندگی اور موت کا چکر ہمیشہ جاری رہیگا ایسا دعوی ہے جو بساطت اور ترکیب دونو حیثیتوں سے غلط ہے اور ضد کا ضد سے پیدا ہونا نہ دنیا کا عام قانون ہے اور نہ زندگی اور موت میں جاری ہوسکتا ہے۔

اس عالم میں روح کا دوبارہ جسم میں آنا خلاف عقل ہے

غرض تناسخ کے رد میں جہاں تک غور کیا گیا ہے یہ مدعا ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ روحیں جسم سے مفارقت کرنے کے بعد پھر اسی زندگی کو دوبارہ حاصل کرتی ہیں بلکہ شکل اور دیگر صفات کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید ایسا ہونا ممکن بھی نہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ ابھی سراغ آگے چلتا ہے اور نتیجہ اس سے یہ قوی پیدا ہوتا ہے۔ یہاں کے طریق تحلیل و ترکیب کو پھر غور سے دیکھنا چاہیئے۔ چنانچہ نظام قدرت کے جو قوانین دریافت ہوئے ہیں ان میں ایک امر شیا یعنی قانون استمرار بھی ہے

اور اسکا مقتضا یہ ہے کہ جس چیز کو حرکت دی جائے اسمین حرکت کا میلان ایسا پیدا ہوتا ہی کہ اگر خارجی مزاحمتین نہ ہون اور سطح زمین یا ہوا کے تصادم سے رکنا نہ پڑے تو حرکت ہمیشہ ابد تک جاری رہ سکتی ہے۔ اور اُدھر جب سکون پیدا ہو تو وہ سکون بھی خارجی محرک اسباب سے دور ہوتا ہے ورنہ ممکن ہے کہ چیز تا ابد ساکن رہے۔ پس جب کوئی مرکب تحلیل ہوتا ہی اور اُسکی اجزا باہر کو حرکت کرنے لگتی ہے یا جب متفرق اجزا کسی سبب سے جمع ہو کر سکون حاصل کرتی ہین تو تحلیل کے بعد اجزا کی حرکت اور ترکیب کے بعد اُن کا سکون دور اسی لیئے ہوتا ہی کہ خارجی اسباب اس حرکت اور اس سکون کی مزاحمت کرتے ہین اور اس وجہ سے مرکبات یکے بعد دیگرے شکلین بدلتے رہتے ہین اور اگر کسی مرکب پر یا بعض اجزاے متفرقہ خارجی اسباب اثر نہ کرین تو ایسی اجزا اور ایسے مرکب کا ہمیشہ تک ایک حالت پر رہنا ممکن ہی۔

حکیم سقراط تو بہت قدیم زمانے مین تھے ان کے بعد بھی بہت عرصہ ایسا گذرا ہی جسمین قدرت کے اس قسم کے قاعدے دریافت نہ ہوئے تھے اور اس لئے اُس زمانے مین رات دن کی گردش اور جاندار اور بے جان کی پیدائش کو دیکھ کر یہ خیال ہو گیا ہو گا کہ ضد اپنی ضد سے پیدا ہوتی ہی اور ضرور ہے کہ پھر ضد کیطرف عود کرے۔ مگر اب اس ایک قانون کو دیکھنے سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ ضد کا ضد کیطرف میلان رکھنا غلط ہے اور چونکہ ہر طرح کے انقلاب حرکت و سکون کی مختلف شکلون سے ہوتے ہین اور حرکت و سکون مین قانون استمرار جاری ہے اسلئے ثابت ہوتا ہی کہ ہر حالت اپنے تئین قائم رکھنے کا میلان رکھتی ہے اور کوئی بھی ضد کیطرف جانا نہین چاہتی اور جو انقلاب پہلی حالت کو بدلتا ہے اسکے لئے کوئی نہ کوئی خارجی سبب ہوتا ہی۔

اور خارجی اسباب جو یہان متحرک کو ساکن اور ساکن کو متحرک کرتے ہین وہ اگرچہ نہایت کثرت سے اور بہت پیچیدہ ہین مگر انکا اصل الاصول یہ ہے کہ آفتاب کی حرارت اور روشنی اور دوسری قسم کی کرنین عمل کرتی ہین اور اس عمل سے کہین حرارت کہین بخار۔ کہین ہوا کہین بارش پیدا ہوتی ہے اور گوناگون لہرون کے پیدا ہونے سے اجزا کسی جھنڈ سے الگ ہوتی ہین اور قانون

استمرار انکی حرارت جاری رکھتا ہے اور باہر کی مزاحمتین حرکت کو روکتی رہتی ہین - اس کشمکش مین وہ اجزا کہین چھوٹے چھوٹے اور کہین بڑے بڑے جھنڈون مین جمع ہوتی جاتی ہین اور سکون پیدا ہونیکے بعد پھر قانون استمرار ان کو ساکن رکھنا چاہتا ہے اور باہمی کشش اتصال جس حیثیت کی ہو اتنی ہی قوت سے اجزا کو پیوستہ کرنے کی کوشش کرتی ہے - چنانچہ کچھ کچھ مجموعے پیوستہ ہوکر ٹھوس ہوجاتے ہین اور ان مین سے جو نمو کی طاقت رکھتے ہین وہ اور اجزا کو جو وہان جمع ہو جائین جذب کرتے رہتے ہین اور ساتھ ہی ان پر تفرق کرنیوالی طاقتین اپنا عمل شروع رکھتی ہین اور جس قدر اجزا کو ممکن ہوتا ہے جدا کرتی رہتی ہین اور اس طرح تمام نظام مین ہمیشہ جمع وتفریق کا عمل جاری رہتا ہے -

اس سلسلہ کو دیکھنے کے بعد یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ عمل کیلئے عامل کا زبردست اور معمول کا کمزور ہونا بھی ایک قانون قدرت ہے اور جہان کہین دو مقابل قوتین باہم مساوی واقع ہوتی ہین وہان دونون کا عمل باطل ہوجاتا ہے اور پھر غور کرنیکی بات یہ ہے کہ یہان عمل کرنیوالی طاقتین اگرچہ خود جسم نہین رکھتین مگر اجسام سے ظہور کرتی ہین اور اوصاف شکل وغیرہ صفات بھی گو بسیط اور غیر جسمانی ہین مگر وہ بھی اجسام سے ظاہر ہوتی ہین اسلئے عمل کرنیوالی قوتین اور صفات قوت مین برابر ہین اور اس لیئے ایک کو دوسری پر تسلط نہ ہونا چاہیئے - مگر کسی جسم کی ترکیب سے پہلے اسکی شکل اور دیگر صفات معدوم ہین اور عمل کرنیوالی قوتین موجود اسلئے اس وقت عمل کرنیوالی قوتون کو ان پر ایک درجہ فوقیت حاصل ہے اور اسی لئے ان قوتون کے اثر سے شکل اور دیگر صفات پیدا ہوجاتی ہین اور پیدا ہونے کے بعد اگرچہ یہ قوت مین ان کے برابر ہوجاتی ہین مگر پھر بھی صفات ہین اور موصوف کے بغیر قائم نہین رہ سکتین اور ادھر عمل کرنیوالی قوتون کا تسلط اجزاے مادی پر ہمیشہ باقی رہتا ہے اسلئے قوتین اجزا کو تبدیل کرتی ہین اور تبدیل کے ساتھ پہلی شکل اور دیگر صفات معدوم ہوجاتی ہین - اور پھر جو شکل وغیرہ صفات کبھی بعینہ پیدا نہین ہوتین تو اسکی وجہ یہ ہے کہ اگرچہ اجزا پر قوتون کا تسلط ہے مگر ایسا قوی تسلط نہین کہ اجزا کو متفرق کرنے کے بعد ہر ایک جزو جہان پہلے موجود تھی ٹھیک اسی جگہ پر

دوبارہ رکھی جائے اور جو اجزا اسکے اردگرد تھین انکو بالکل اسی تناسب سے جگہ دی جائے بلکہ ہمیشہ ایک ترکیب کے بعد دوسری ترکیب مین خواہ بعینہ وہی اجزا ہون بعینہ پہلی وضع سے مرکب نہین ہوسکتین اور اسی لیے پہلی شکل اور دیگر صفات بھی موجود نہین ہوتین -

اب اسکے بعد جو ہم روح کی نسبت غور کرتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ روح اگر قدیم سے موجود ہوتی تو بسیط ہونے کے سبب جسمانی قوتون کو اس پر کبھی تسلط نہ ہوتا اور وہ جسم سے پیوستہ نہ ہوسکتی - مگر جیسا کہ اوپر امام غزالی رح کی تحقیق سے ثابت کیا جا چکا ہے بات یہی ہے کہ روح جسم سے پہلے موجود نہین ہوتی اور اُسکے عدم ہی کا نقص ہے جس کے سبب سے عالم قوتون کو اس پر تسلط حاصل ہوتی ہے اور انکے عمل سے جسم کے مرکب ہونے پر روح پیدا ہو جاتی ہے اور پھر جسم سے مفارق ہونے کے بعد جیسا کہ مذہبی جذبہ کا بالاتفاق فیصلہ ہے اگر وہ باقی رہتی ہے اور شکل وغیرہ صفات کیطرح اپنے قیام کے لیئے جسم کی محتاج نہین تو پھر قانون استمرار کے مطابق وہ اس حالت کو ہمیشہ تک قائم رکھنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور بسیط ہونے کے سبب جسمانی قوتون سے مغلوب نہین ہوسکتی - اسلیئے جبتک تحلیل و ترکیب کا عمل ان جسمانی قوتون کی وساطت سے ہوتا رہیگا ممکن نہین کہ روح دوبارہ جسم مین لائی جائے - اور گو یہ عجیب معلوم ہوتا ہے کہ جس چیز کو پیدا کرنیکی طاقت ہو پیدا ہونے کے بعد وہی قابو مین نہ رہے مگر امر واقع ہے اور ہم دیکھتے ہین کہ آفتابی حرارت کا ایک حصہ مین پڑکر اسکی تری اور خشکی سے بخار پیدا کرتا ہے لیکن وہی بخار پیدا ہوکر ایسا قوی ہو جاتا ہے کہ قابو مین رہنا ایک طرف بارش کی شکل مین خود پیدا کرنے والی حرارت کو دبا لیتا ہے - اسی طرح روح بھی اگرچہ پیدا انہی قوتون کے عمل سے ہوتی ہے مگر پیدا ہونے کے بعد اپنی بساطت کے سبب ان قوتون کی گرفت مین نہین رہسکتی - مگر اس سے نتیجہ کیا نکلا؟ یہی کہ جس وقت یہ نور جسمانی وسائط سے آزاد ہوتا ہوا اپنے غیر جسمانی مرکز پر پہونچیگا اور تمام نظام موجودہ فنا ہوکر وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا کے مطابق زمین و آسمان خدائی نور سے براہ راست منور ہوگا اُس وقت غیر جسمانی قوت اپنی غیر محدود کشش سے غیر محدود اثر پیدا کریگی اور اُس وقت غیر جسمانی اور بسیط روحین مجبور ہونگی کہ دوبارہ اجسام سے پیوستہ ہوکر جو خواص اس دنیا سے اپنے ساتھ لے گئی ہین اُن کے

نتائج ظاہر کرین ۔

درجات کی ترقی سے اثرمین ترقی ہوتی جاتی ہے۔

اور دوسرے یہ امر بھی غور کے قابل ہو کہ موجودات مین جو انقلاب ترقی کی جانب ہوئے ہین انکا اثر بھی درجہ بدرجہ متفاوت ہوتا گیا ہے مثلاً اجزاے زمین یا معدنیات ترقی کی ابتدائی درجہ مین ہین اور ان کے ذرات مین اس حرکت کے سوا جو براہ راست آفتاب سے پیدا ہوتی ہے کوئی اندرونی حرکت نہین اسلئے اس ترقی مین حسب حالات اچھی اور بری یا مضر اور مفید شکلین پیدا ہوگئی ہین مگر فائدہ حاصل کرنے یا نقصان سے بچنے کی کوئی قابلیت ان مین موجود نہین ۔ درخت چونکہ ان سے ترقی یافتہ ہے اسلئے اپنے ذرات کو پھیلانے اور بیرونی ذرات کو جذب کرنے سے فائدہ حاصل کرنے کی قابلیت اسمین پیدا ہوگئی ہے لیکن نقصان سے بچنے کی قابلیت جیسی اجزائے زمین مین معدوم تھی ویسی ہی اسمین بھی مفقود ہے اور اس کے علاوہ یہ نقص بھی موجود ہے کہ درخت کا تمام وقت اپنی خوراک جذب کرنے مین صرف ہوتا ہے اور اگر چند لحظہ کیلئے بھی درخت کی تمام جڑون کو زمین سے نکال لیا جائے اور جو مدد زمین سے پہنچتی ہے وہ کچھ دیر کے لئے بند کردی جائے تو درخت فوراً اس نقصان کا اثر محسوس کرتا ہے ۔ درخت کے بعد حیوان پیدا ہوا تو جو ترقی درخت نے کی تھی اسکے ساتھ حیوان مین علےٰ قدر مراتب نقصان سے بچنے کی قابلیت بھی پیدا ہوگئی ہے اور دوسرا نقص بھی کسیقدر رفع ہوا ہے یعنی اسکا کچھ وقت خوراک حاصل کرنیکی کوشش سے بچ کر دوسرے کامون مین بھی صرف ہونے لگا ہے اور اگرچہ تنفس کے ذریعہ سے وہ بھی فضا کی اجزا کو بہم جذب کرتا رہتا ہے جس طرح درخت اپنے مساموں سے متواتر کام لیتا ہے مگر جو بڑا حصہ خوراک کا کھانے کی شکل مین اور نبات مین زمین کے اندر جسم مین داخل ہوتا ہے اسمین یہ تفاوت ہوگیا ہے کہ درخت اسکو بھی بہم جذب کرتا رہتا تھا مگر حیوان کی ایسی خوراک کیلئے خاص اوقات مقرر ہوگئے ہین اور وہ باقی وقت دیگر کاروبار مین صرف کرسکتا ہے اور ان اوقات مین جو کام اس سے جبری طور پر انسان لینے لگا ہے ان کامون سے بیشک اسکی نشوونما اور جسمانی طاقتون کو نقصان پہنچتا ہے اور اس لئے دیکھا جاتا ہے کہ پالتو جانور جنگلی جانورون جیسے قوی

اور پست نہین ہوتے لیکن حیوان طبعی طور پر بھی اکثر خوراک لینے کے فعل کو بند کرکے تلاش خوراک یا تناسل کے افعال مین مصروف ہوتا ہے اور ان کامون سے اسکو جسمانی نقصان نہین پہنچتا۔ حالانکہ درخت خوراک جذب کرنیکے سوا اور کوئی کام نہین کرسکتا ؛

اب انسان کو دیکھین تو اسمین اور حیوان مین یہ تفاوت نظر آتا ہے کہ حیوان اپنی کوششون سے صرف موجودہ ضرورتون کو پورا کرسکتا ہے اور موجودہ نقصان سے بچ سکتا ہے اور اگرچہ وہ درخت کی طرح اپنا تمام وقت کھانے مین صرف نہین کرتا لیکن پھر بھی اسے بہت سا وقت خوراک کی تلاش مین صرف کرنا پڑتا ہے اور اس تمام کوشش کے باوجود صرف موجودہ حالت کیلئے اپنا یا اپنے بچون کا پیٹ پال سکتا ہے مگر اسکے خلاف انسان جسمانی طور پر حیوان سے کمزور اور جسمانی آلات سے محروم ہونیکے باوجود نہ صرف موجودہ ضرورت اور موجودہ تکلیف کیلئے اہتمام کرتا ہے بلکہ ہزارون طرح کی تدبیرون سے اپنے لئے اپنے کنبہ کیلئے اور اس سے بڑھکر اپنے ملک اور قوم کیلئے موجودہ اور آیندہ بڑی حد تک پیش بندی کرسکتا ہے۔ اور جس قدر وقت صرف کرنے پر حیوان محض اپنی جان کو بقدر ضرورت فائدہ پہنچاتا ہے انسان اس عرصہ مین اپنے لئے اور غیرون کے لئے ضرورت سے بہت زیادہ عیش و آرام اور تکلف کے وسائل بہم پہنچاتا ہے۔

یہ وہ ترقی ہے جو انسان نے عقل و شعور کی مدد سے حاصل کی لیکن ایک نقص اب بھی موجود ہے وہ یہ کہ اگرچہ اسکا وقت کھانے مین اور موجودہ ضرورتون کو پورا کرنے مین اس قدر صرف نہین ہوتا جس قدر حیوان کو کرنا پڑتا ہے۔ مگر تاہم دنیا مین رہکر وہ دنیوی کاروبار اور خوراک اور دیگر اسباب معیشت کے اہتمام سے بیفکر نہین ہوسکتا اور خواہ کوئی شخص یا کوئی قوم کیسی ہی بام ترقی پر چڑھ جائے اپنی ضروریات کے لیئے ایسا انتظام نہین کرسکتی کہ ہمیشہ کیلئے یا کم از کم کچھ عرصہ کے لیئے فرصت اور بیکاری مین بسر کرسکے کیونکہ ایسا کرنے پر دوسرے لوگ جو زندگی کی دوڑ مین تیز قدم ہوتے ہین آگے بڑھ جاتے ہین اور انکی عقل و شعور اور تہذیب و تمدن کی ترقی سے کچھ تو پیچھے رہنے والون کا تہذیب و تمدن جو اپنے وقت پر مفید ہوتا ہے اس وقت غیر مفید ہوجاتا ہے اور کچھ وہ لوگ اپنے غلبہ سے ایسے لوگون کو

بجا و بیجا نقصان پہنچانے کے قابل ہو جاتے ہین اور یون اپنے سامان معیشت پر بھروسہ کرنا خواہ
وہ کیسا ہی عظیم الشان ہو ضرور تباہی و بربادی کا موجب ہوتا ہے اسلئے دیکھا جاتا ہے کہ جو لوگ
عقل و شعور سے بہرہ ور ہین وہ جس قدر ترقی کرتے ہین اسی قدر سامان معیشت کی فراہمی مین زیادہ
سرگرم ہوتے ہین اور اُدھر جو لوگ نادانی سے دنیوی کاروبار مین تساہل روا رکھتے ہین وہ خواہ اپنے
خیال مین روحانی اور مذہبی ترقی مین منہمک ہون مگر اس معرکۂ زیست مین ضرور شکست کہاتے ہین
اور نادانی کے ساتھ طرح طرح کے روحانی اور جسمانی امراض اور صعوبتون مین مبتلا رہکر ذلیل زندگی بسر
کرتے ہین یا معدوم ہو جاتے ہین۔

مذہبی ترقی کا اثر نیچے کے درجات سے فائق ہونا چاہئے

غرض ہمنے دیکھا کہ دنیوی ترقی کے ہر درجہ مین موجودات نے پہلے درجہ کی نسبت زیادہ فائدہ حاصل کیا ہے اور بیشتر نقصان سے رہائی پائی ہے اور عقل و شعور تک پہنچکر جلب منفعت اور دفع مضرت مین اور کسی درجہ کی مخلوق انکی برابری نہین کرسکتی۔ بلکہ ابھی تک کاروبار دنیا کے دوسرے اسباب معیشت کے اہتمام سے فراغت نہین ہوئی اب انسانی ترقی کا ایک درجہ اور یعنی مذہب اور معرفت بانی کا جذبہ باقی ہے پس اگر جذبہ مین ترقی اور تنزل کرنیکا وہی نتیجہ ہو جو اہل تناسخ مانتے ہین کہ ترقی کرنیوالون کو اسی دنیا مین خوشحال اور تنزل کرنیوالون کو بدحال پیدا کیا جائے تو لازم آتا ہے کہ درجہ مین ترقی ہو مگر اثر مین پہلے درجات کی نسبت کوئی تفاوت نہ ہو کیونکہ اس سے پہلے درجات یعنی عقل شعور وغیرہ کا یہی یہی اثر تھا کہ ان مین ترقی کرنے سے حسب مدارج خوشحالی اور تنزل کرنے سے بدحالی نصیب ہوتی ہے اور اُدھر افکار معیشت سے فراغت نہ عقل کی ترقی سے ہوسکتی ہے اور نہ مذہبی ترقی پر روح کو اسی جہان مین پہنچنے سے میسر آسکتی ہے۔ اور عقل چونکہ دنیا کی طرف لگائی جاتی ہے اسلئے اُس کا دنیوی افکار سے رہائی نہ پانا قرین قیاس ہے لیکن توجہ ہو خدا کی طرف اور ترقی ہو معرفت ربانی مین اور اس کا نتیجہ یہ ہو کہ پھر اسی دنیا مین اگر انہی افکار مین بسر کرین اور ایسے خیالات مین محو رہین جو خدا سے غافل کرنیکا موجب ہون ایسی اعلیٰ کوشش پر یہ انجام ہرگز زیبا نہین۔ اسلئے چاہئے کہ مذہبی ترقی اور تنزل کا اثر عقل و شعور

کی ترقی وتنزل سے زیادہ ہوتا حسب قاعدہ ایک درجہ سے دوسرا درجہ فائق اور برتر قرار پائے

عبادت کا مفید طریق

لیکن ایسا اثر کیا ہوگا؟ اسکو تلاش کرنے سے پہلے ایک شبہ کو حل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے اور وہ یہ کہ دنیوی تکالیف جو عقلی کوتاہی سے پیش آتی ہین مذہبی طریقون مین انکو بھی گناہ کی سزا کہا جاتا ہے جس سے شبہ ہوتا ہے کہ مذہب کے نزدیک یہ تکالیف بھی مذہبی تنزل کا اثر ہین اور اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ جیسا کہ اوپر ذکر ہوچکا ہے مذہب کا اصلی مدعا اگرچہ نادیدہ ہستی کی تلاش اور خدا کا وصال ہے لیکن اس غرض تک پہنچنے کیلئے وسائل کی ضرورت ہے اور وسائل مین اگرچہ ذکر شغل اور مراقبہ ومشاہدہ یعنی مختلف طریقہ ہائے عبادت بھی ایک ضروری عنصر ہین۔ مگر ایک تو انسان اس دنیا مین رہکر ہمہ تن اُدھر مصروف نہین ہوسکتا اور دوسرے عبادت مین ایسا مصروف رہنا کہ دیگر فرائض انسانی کو یکلخت ترک کردیا جائے اس غرض کیلئے بالعموم مفید بھی نہین۔ کیونکہ انسان کی طبیعت ایسی واقع ہوئی ہے کہ وہ ایک خیال کو ہمیشہ کے لئے اپنے دل مین قائم نہین رکھ سکتا اور اگر تمام وقت اوراد ونوافل مین بسر کرے تو ایسے وقت کا بہت سا حصہ بظاہر عبادت مین اور درحقیقت غفلت ملال یا نفسانی خواہشون کی کشمکش مین صرف ہوگا اور وہ چند لحظے ہونگے جو خالص یادالٰہی مین گذرین۔ بیشک بعض نفوس قدسیہ ایسے ہوسکتے ہین جو مستثنےٰ طور پر اپنا تمام یا اکثر وقت ایک خیال مین اور خدا کی یاد مین بسر کرین لیکن یہ محبت کا انتہائی درجہ ہے اور سب انسان اس درجہ تک پہنچنے سے قاصر ہین۔ اس لئے یہ طریق بھی باستثنائے بعض سب کیلئے مفید نہ ہوگا۔ اور اگر فرائض دنیوی کو بھی ادا کیا جائے مگر انکی بجاآوری مین یہ خیال رہے کہ کوئی فعل اپنی جائز حدود سے باہر نہ ہو اور جلب منفعت اور دفع مضرت مین وہی روش اختیار کی جائے جو قوانین قدرت اور منشا خداوندی کے مطابق ہو۔ اور یون بالواسطہ خدا کا شوق اور یادالٰہی کی صلاحیت پیدا کرتے ہوئے خاص اوقات مین کسی خاص طریق عبادت سے بیواسطہ خدا کی طرف توجہ ہو تو اس طریق سے جس قدر عرصہ دنیوی کاروبار مین صرف ہوگا اسمین یاد خدا اس طرز سے دل مین رہیگی کہ ملال نہ ہو اور جو تھوڑا سا وقت خالص عبادت مین صرف ہوگا اسمین کچھ تو پہلے

خیالات کی وجہ سے اور کچھ عبادت کے مختصر ہونیکے سبب خدا کی طرف دھیان لگانا آسان ہوگا اور اسوقت خدا کی طرف کامل توجہ رکھنے کے بعد پھر دنیوی کاروبار مین مصروف ہونے پر ان کے بجا اور بیجا ہونیکا خیال اور بھی پختگی سے جاگزین رہیگا اور یون عبادت سے کاروبار اور کاروبار سے عبادت کیطرف آمد و رفت رکھنے سے یاد الٰہی رفتہ رفتہ دلمین گھر کرتی جائیگی اور سالک ایسے بڑے فواید اور اس جلدی سے حاصل کریگا کہ نہ تمام وقت عبادت مین صرف کرنے سے میسر ہوسکین اور نہ ہمیشہ دنیوی کاروبار مین مصروف رہنے سے حاصل ہون - اور ہم لوگ جو اکثر شکایت کرتے ہین کہ عبادت مین لطف نہین آتا - اور دنیوی خیالات خدا کی طرف متوجہ نہین ہونے دیتے - یا یہ کہ گوشہ نشین اور زاہد فرقہ اکثر اخلاقی طور پر نہایت کمزور ثابت ہوتا ہے تو وجہ یہی ہے کہ ہم دنیادار دنیا کے کامون مین بجا اور بیجا یاد خدا کی خوشنودی و ناراضی کا خیال نہین رکھتے اور بالواسطہ یاد خدا کی صلاحیت پیدا نہین کرتے اور دن رات کا بیشتر حصہ کامل غفلت مین گذارنے کے سبب نماز کے وقت بھی اسی غفلت کا شکار رہتے ہین اور ادھر تارک الدنیا فرقہ صرف ہاتھ کو تسبیح پر اور زبان کو خدا کے نام پر جاری رکھتا ہے ورنہ ایک ہی کام کرتے رہنے سے جو اکتان اور ملال پیدا ہوتا ہے اس سے بیہودہ خیالات اور بھی ترقی کرتے ہین اور قلبی نور و جلا جو ہونا چاہئے پیدا نہین ہوتا - اور یہ ہمارا اپنا قصور ہے ورنہ مذہبی تعلیم مین یہ نکتے ظاہر کردیئے گئے ہین اور فرمایا ہے کہ کسی طرف منہ کرنا یا کسی سمت خاص سے آنا جانا یا قربانی و کفارہ وغیرہ درحقیقت نیکوکاری نہین ہے بلکہ نیکوکاری خدا کی اطاعت - کاروبار مین اتقا اور حسن سلوک پر منحصر ہے اور سب سے بڑا مدعا خدا کی یاد ہے لیکن خاص طریق عبادت یعنی نماز کا یہ فائدہ ہے کہ اس وقت کی توجہ سے کاروبار مین برائی سے بچنے کی عادت پختہ ہوتی ہے - اور نیز حکم دیا گیا ہے کہ نماز سے فارغ ہوکر دنیوی کاروبار مین مصروف رہو اور بواسطہ ذکر خدا کرنے کے بعد بالواسطہ یاد خدا کو ترقی دیتے رہو - ارشاد ہے

لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ	عبادت کے وقت مشرق یا مغرب کی طرف منہ کرنا کوئی نیکی نہین ہے نیکی یہ ہے کہ خدا پر قیامت پر الہامی کتابون پر اور نبیاؤن پر ایمان لاؤ

وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَ
الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَ
السَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ
وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ
وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ
الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ (بقرہ پارہ ۲ ع ۱۲)

اور باوجود مال کی محبت کے رشتہ داروں کو یتیموں
کو مسکینوں کو مسافروں کو اور مانگنے والوں کو دو
اور غلاموں کو آزاد کرنے میں خرچ کرو۔ اور نماز پڑھو
اور زکوٰۃ دو۔ جب عہد کرو تو عہد کو پورا کرو اور خوف
تکلیف اور لڑائی کے وقت صبر سے کام لو۔ جو ایسا
کرے وہی سچا مکمل کار ہے اور وہی متقی ہے۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا
وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ
اَبْوَابِهَا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
(بقرہ پارہ ۲ ع ۲۴)

(عرب جاہلوں کی طرح خاص اوقات میں) گھروں
کی پشت سے داخل ہونا نیکی نہیں بلکہ نیکی تقویٰ ہے
تم دروازوں کی راہ آؤ مگر پرہیزگاری اختیار کرو
تاتم فلاح پاؤ۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا
مِّنَ الَّيْلِ ۗ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۗ
ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝ (ہود پارہ ۱۲ ع ۹)

دن اور رات کے خاص وقتوں میں نماز پڑھو کیونکہ
نیکی بُرائی کو دور کرتی ہے اور یہ نصیحت ان کیلئے
ہے جو یاد رکھیں۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ
يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (حج پارہ ۱۷ ع ۵)

قربانی کا گوشت اور خون خدا تک نہیں پہنچتا بلکہ
خدا تک تمہاری پرہیزگاری پہنچتی ہے

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ
الصَّلٰوةَ ۗ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ۗ
وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۗ (عنکبوت پارہ ۲۱ ع ۵)

جو کتاب تم پر وحی کی گئی ہے اسے پڑھو اور نماز پڑھا کرو
کیونکہ نماز بیحیائی کے افعال اور بدکاریوں سے روکتی ہے
اور خدا کی یاد سب سے بڑی چیز ہے۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ
وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا
لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (جمعہ پارہ ۲۸ ع ۲)

جب نماز ختم ہو تو زمین پر پھیل جاؤ اور خدا کا فضل یعنے
معیشت کا سامان تلاش کرو اور خدا کو بہت یاد رکھو تا
تم فلاح پاؤ۔

دنیوی بے اعتدالی کو مذہب بھی عقل کیطرح بُرا کہتا ہے اسلئے کہ یہ جہان کے کاروبار مذہبی ترقی کے وسائل ہین۔

غرض مذہب کا مدعائے نظر اگرچہ دُنیا سے پرے اور خیال و قیاس سے باہر ہے مگر اس تک پہونچنے کے وسائل مین بہت تھوڑا حصہ دُنیا سے الگ ہے کا ہے اور زیادہ تر دُنیا اور دُنیا کے کاروبار ہین۔ اور اس لئے مذہبی تعلیم مین جہان خدا کی طرف بُلایا جاتا ہے وہان ساتھ ہی دُنیاوی کاروبار کے اصول بھی بتائے جاتے ہین اور یہی اصول دُنیوی زیست کی خوبی اور بدی پر بھی اثر کرتے ہین اسلئے مذہبی تعلیم کا یہ حصہ عقل کے دائرۂ اقتدار مین بھی داخل ہے۔ چنانچہ قواعد صحت کی پابندی حصول منفعت مین اور دفع مضرت مین میانہ روی اور بندگان خدا کے حقوق کی نگہداشت مذہب کے نزدیک باعث نجات ہین تو عقل کے نزدیک بھی یہی امور انسانی ترقی اور بہبود کیواسطے ضروری ہین۔ اور ناپاک معاشرت۔ شہوانی اور غضبی خواہشون کا غلبہ اور اتلاف جان و مال مذہب کے نزدیک باعث ہلاکت ہین تو عقل کے نزدیک بھی یہی باتین سوسائٹی کو مضر ہین۔ غرض ان امور کی نسبت فیصلہ کرنے مین عقل اور مذہب متحد ہین اور صرف یہ تفاوت ہے کہ عقل کی نظر اسی زندگی تک محدود ہے اور وہ اعتدال پسندی کو اسلئے اچھا کہتی ہے کہ افراط و تفریط سے گو فوری راحت و مسرت حاصل ہو مگر انجام مین خود اپنے تئین تکلیف برداشت کرنی پڑتی ہے اور مذہب یہ بھی دیکھتا ہے کہ افراط و تفریط سے اپنی تکلیف کے علاوہ دوسرون کو بھی نقصان پہنچتا ہے اور وہ بھی اسی خدا کی مخلوق ہین اس لیئے ایسا کرنا اسکی رضامندی کے خلاف ہوگا اور اس صورت سے دُنیوی کاروبار مین جس قدر اہتمام عقل کو ہے مذہب ان کو اس سے بھی زیادہ مُہتم بالشان سمجھتا ہے اور اسلئے دنیوی کاروبار کے لیئے جو مفید اصول ہو سکتے ہین انکی تعمیل اور عدم تعمیل کے اثرون کو جس طرح عقل کیطرف منسوب کر سکتے ہین اور کہہ سکتے ہین کہ یہ اثر عقل کی اطاعت یا عدم اطاعت سے مرتب ہوا ہے اسی طرح ان اعمال کو مذہب کیطرف بھی منسوب کیا جا سکتا ہے اور ان کے اثر کو مذہبی جزا اور سزا کہہ سکتے ہین چنانچہ حرامکاری حرام خواری۔ صداقت کی خلاف ورزی اور صداقت پسندون کی ایذا رسانی سے جو نقصانی ارتکاب کرنیوالون کو پہنچتے ہین ان کو عاقلانہ طرز کلام مین اصول معاشرت

کی خلاف ورزی کا نتیجہ اور مذہبی زنگ مین خدا کا غصہ اور گناہ کی سزا کہا جاتا ہے ۔

مذہب کی خاص اپنی ترقی دنیوی نیک اطواری سے باکل جدا

غرض جسنے دیکھا کہ دُنیا کے نیک اصول خدا تک پہنچانے کا ذریعہ ہین اور دُنیا مین خوشحال رہنے کا مدار اور اسلئے یہان تک مذہبی اور عقلی اغراض متحد ہین اور اسی لئے ان افعال کا اثر دونو کی طرف منسوب ہوتا ہے ۔ مگر دونو کا باہمی سفر یہین تک ختم ہوجاتا ہے اور عقل چونکہ دُنیا کو اسی زندگی کے تعلق سے دیکھتی ہے اسلئے ایسے اصول دریافت کرنے جس سے یہ زندگی عمدگی سے گذرے عقل کے لئے معراج ہے اور آئندہ کے لئے نہ اسکی کوئی ترقی باقی ہے اور نہ اُس کا کوئی اثر اور اگر ہے تو صرف یہ کہ جس طرح نشوونما کیطرف متوجہ ہونے سے نشوونما مین اور حرکت ارادی کی طرف متوجہ ہونے سے حرکت ارادی مین ترقی ہوتی ہے اسی طرح عقلی طور پر معاملات دُنیا مین غور کرنے سے عقل مین ترقی ہوتی ہے اور ادھر مذہب دُنیا کو اس نظر سے بھی دیکھتا ہے کہ وہ خدا کی مخلوق ہے اور اسکے ساتھ نیک یا بد سلوک کرنے سے خدا کی خوشنودی یا ناراضامندی حاصل ہوگی اور اس سے خدا کا قرب یا بعد حاصل ہوگا اسلئے مذہب کیواسطے دُنیا کو درست کرنے کے بعد آیندہ بے انتہا ترقی کا موقع ہے اور اسی لئے اُسکے آثار بھی آئندہ بے انتہا ہونگے چنانچہ نشوونما ۔ حرکت اور عقل کیطرح ایک اثر تو یہین نظر آتا ہے کہ مذہبی طور پر معاملات دنیا مین غور کرنے سے مذہب مین ترقی ہوتی ہے اور یہی وہ درجہ ہے جہان سے عقلی اور مذہبی ترقی کا اثر مختلف ہونا شروع ہوتا ہے چنانچہ جو لوگ دنیا کو عقلی طور پر دیکھتے ہین اور مختلف قوانین قدرت کو معلوم کرنیسے معاشرت کے عمدہ اور راحت بخش اصول دریافت کرتے رہتے ہین ان کے اِس فعل سے عقل کو بیحد ترقی ہوتی ہے لیکن ایسے لوگ مذہب کیطرف توجہ نہ کرین تو ممکن ہے کہ مذہبی ترقی سے بالکل محروم رہین ۔ اور ایسا ہی جو لوگ عقل سے بالکل محروم ہون اور غور و فکر کا مادہ نہ رکھین لیکن مذہبی تعلیم سے زہد و اتقا اور حسن و سلوک پر کاربند رہین انکی مذہبی ترقی کا یہ اثر ضرور ہوگا کہ یادِ خدا دل مین جگہ کرتی جائیگی اور وصال ربانی کی قابلیت پیدا کرلینگے مگر اس فعل سے عقلی ترقی ہرگز پیدا

نہ ہوگی اور وہ لوگ سائنٹسٹ اور فلاسفر نہ ہوسکینگے۔

مذہب کی خاص اپنی ترقی کا اثر بھی دیگر ترقیوں سے بالاتر ہوگا۔

یہان تک تو مذہبی اور عقلی ترقی کے وہ اثر تھے جن کے بارہ مین اختلاف نہین۔ اب مذہب کی اپنی ترقی کا وہ اثر رہا جو اس زندگی کے بعد پیدا ہونے کو ہے اور جسکی نسبت اہل تناسخ مانتے ہین کہ وہ دوبارہ اسی دنیا مین علی قدر مراتب پیدا کرنے سے ظاہر ہوگا لیکن جب ہم دیکھتے ہین کہ جس درجہ سے عقل اور مذہب کے اغراض مختلف ہوئے ہین اس درجہ سے جو اثر اسی زندگی مین پیدا ہونا شروع ہوا ہے وہ باہمہ مختلف ہے یعنی عقل کا اثر عقلی ترقی اور مذہب کا اثر مذہبی ترقی ہے تو جو اثر اس سے بھی ایک درجہ آگے بڑھنے اور خدا کی معرفت حاصل کرنے یا اسکی ذات سے بعید ہونے پر پیدا ہوگا اور جس کے لئے اس زندگی کے بعد دوبارہ پیدا ہونے کی ضرورت ہے وہ بھی چاہئے کہ ترقی کے تمام ابتدائی درجات سے ممتاز ہو۔ اور جو اثر بیجان مادہ کی ترقی سے ہوتا ہے کہ اسکے ناقص اجزا سے ناقص اور کامل تر اجزا سے کامل تر شکلین پیدا ہوتی ہین اور اچھے ہون یا بُرے سب حوادث کے اثر سے فنا ہو جاتے ہین۔ اور جو اثر نباتی اور حیوانی ترقی سے پیدا ہوتا ہے کہ اُن کے ناقص اور کامل افراد حسب حیثیت منفعت حاصل کرتے ہین لیکن جلب منفعت اور دفع مضرت مین اپنے سے بالاتر درجات کی نسبت کمتر رہتے ہین اور جو اثر عقلی ترقی سے پیدا ہوتا ہے کہ اس پر عمل کرنے یا نہ کرنے سے خوشحالی اور بدحالی نصیب ہوتی ہے لیکن خوشحالی مین افکار معیشت سے فراغت کبھی نہین ملتی اور بدحالی مین راحت و مسرت سے بالکل محرومی کبھی نہین ہوتی۔ ان سب سے اعلےٰ اثر مذہبی ترقی پر مرتب ہونا چاہئے اور وہ یہی ہوسکتا ہے کہ مادہ مین عقلی ترقی کی قابلیت پیدا ہونے پر پیدائش کی شکلین اس سے پیشتر کی شکلون سے اعلےٰ ہونے لگی تھین مذہبی ترقی کا اثر ہونے پر اس سے بھی اعلےٰ ہون اور حوادث کا اثر قبول نہ کرین۔ تا مادی ترقی سے امتیاز ہو۔ اور عقلی ترقی کی وقت دفع مضرت اور جلب منفعت کے وسائل مین ترقی ہوئی تھی مذہبی ترقی کے وقت ان وسائل کے اور بھی اعلےٰ الشکل ہونا نباتی اور حیوانی ترقی سے فوقیت ظاہر ہو۔ اور پھر عقلی ترقی و تنزل سے

برتر ہونے کے سبب مذہبی حالت کی ترقی و تنزل دونونا محدود ہون تا اسکا درجہ تمام ماتحت ترقیون سے بالا رہے اور چونکہ ایسا اثر اس دنیا مین اور اس آفتاب کے زیر اثر ہو نہین سکتا اسلئے یہ اسی وقت ہوگا جبکہ مادہ ترقی کرکے بالواسطہ نور سے مستغنی ہو جائیگا اور آفتاب وحدت کا نور بیواسطہ جلوہ گر ہوکر تمام تنزل اور ترقی کی شکلون کو انکی مکمل حالت مین ظہور بخشیگا۔ اور چونکہ مذہب غیر محدود اور مکمل نور کی تلاش کرتا ہے اسلئے غیر محدود نور ہی اسکا اثر ظاہر کریگا اور اس سے جو شکل بنیگی مکمل ہوگی اور جو اثر ظہور کریگا غیر محدود ہوگا۔ اگر کہا جائے کہ مذہب مین جو لوگ ترقی کرینگے وہ بیشک اعلےٰ زندگی پائینگے۔ مگر جو تنزل کرینگے اور خدا سے دور رہینگے وہ اعلیٰ زندگی کے مستحق نہ ہونگے اور دوبارہ اسی دنیا مین بھیجے جائینگے تو یہ احتمال بھی یہان کی شہادت سے غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ یہان جو انسان اپنی انسانی ترقی کو چھوڑتے ہین اور عقل و شعور مین تنزل کرتے ہین وہ اور ان کی نسل انسانی درجہ سے اتر کر گھوڑے اور بیل کی شکل اختیار نہین کرتی۔ بلکہ رہتے انسان کی شکل مین ہین اور ان تکلیفون مین مبتلا رہتے ہین جو عقل و شعور کو ترک کرنیکا نتیجہ ہین۔ اسی طرح آئندہ انقلاب مین جو لوگ مذہب مین تنزل کرینگے وہ بھی چاہئے کہ اپنے درجہ سے اتر کر دنیوی حالت کی طرف نہ آئین اور اسی درجہ مین رہکر ان سعادتون سے محروم رہین جو مذہبی ترقی پر مرتب ہین۔

غرض یہ کہ مذہب کا مدعا دنیا سے بالاتر قرار دینا اور پھر اسکی جزا و سزا کیلئے اسی دنیا اور اسکی محدود شکلون اور ترقیون کو معراج ٹھیرانا مذہب کو اسکے اپنے مدعا سے جدا کرنا اور اپنے درجہ سے نیچے گرا دینا ہے اور مختصر یہ کہ دنیا کی مختلف شکلین اور یہان بہتری یا بدتری کا ظہور دنیوی قوانین کے مختلف مظاہر اور انکی پابندی یا خلاف ورزی کے اثر سے ہوتا ہے اور ان اثرون کو مذہبی قرار دینا صرف اس وجہ سے درست ہے کہ یہان کے کاروبار اس ترقی کے لئے وسائل کا کام دیتے ہین ورنہ دراصل مذہبی ترقی یا تنزل جس طرح دنیا سے پرے ایک بالاتر ہستی کی نسبت ہے اسی طرح اسکا اثر بھی دنیا سے باہر اور اس بالاتر ہستی کے بیواسطہ جلوہ پر منحصر ہے۔ فنا کسی چیز کو نہین اور مادہ فنا

نہ ہو مگر منجمد برف کا تودہ بن کر پڑا رہے تو اسمین قدرت کے خلاف ہے۔ اور یہان کا ایک ذرہ بھی کبھی بیکار نہ ہوگا۔ اسلئے یہ سب کچھ بھی کام آئیگا اور اُدھر ارواح جو پیدا ہو چکی ہین وہ بھی کام دینگی اور نور جو مرکز کیطرف جا رہا ہے مرکز پر ٹھیر کر ان سب کو وہ نور بخشیگا جو ابدالآباد تک قائم رہے ؛

مرنیکے بعد قیامت کا انتظار باعث تکلیف نہین ہو سکتا

حشر و نشر کا حال جہان تک مقصود تھا لکھا جا چکا ہے۔ اب صرف ایک سرسری سے اعتراض کا ذکر اور مناسب معلوم ہوتا ہے کہا جاتا ہے کہ جزا و سزا کو ایک خاص وقت تک موقوف رکھنے سے ارواح کو بہت سا وقت انتظار مین بسر کرنا پڑیگا۔ اور وہ وقت بھی مختلف ہوگا کیونکہ جو روحین ابتداے آفرینش مین جسم سے الگ ہو چکی ہین وہ بہت بڑے عرصہ تک انتظار مین رہینگی اور جو آخر زمانے مین فوت ہونگی انکو نسبتہ کمتر وقت لگیگا۔ لیکن یہ اعتراض موجودات بسیطہ کو مرکبات پر قیاس کرنے سے پیدا ہوا ہے حالانکہ ان دونو کی حالت جداگانہ ہے۔ مرکبات پر بیشک زمانہ کا اثر ہوتا ہے اور کسی وقت کوئی راحت پیدا ہوتی ہے جس کا زمانہ گذرتا ہوا محسوس نہین ہوتا اور کبھی کوئی تکلیف پہنچتی ہے جس کا وقت بہت دراز معلوم ہوتا ہے اور کبھی کوئی وقت بیکاری اور انتظاری مین گذرتا ہے تو اجزاے جسمانی اور قواے دماغی خارجی اسباب سے متاثر ہو کر حرکت کرنا چاہتی ہین اور انتظار کے سبب انکو رکنا پڑتا ہے اسلئے کسل اور بے چینی محسوس ہوتی ہے مگر یہ سب اسی وقت تک ہے کہ جسمانی ترکیب قواعد ترکیب کے موافق کام کر سکتی ہو۔ ورنہ جب کسی سبب سے جسمانی ترکیب مین خلل واقع ہو اور اُسکا اثر بڑھتا ہوا دماغی قوتون تک پہنچے اور انکو معطل کر دے تو ایسی حالت مین دیکھا جاتا ہے کہ بہت بہت عرصہ بیکاری اور غفلت مین گذر جاتا ہے اور ہوش آنے پر وہ ایک آن کے برابر بھی معلوم نہین ہوتا حالانکہ یہ وہ وقت تھا جبکہ روح جسم سے متعلق تھی اور صرف قواے جسمانیہ کو بیکار کر دیا گیا تھا تو جس وقت روح کو جسم سے بالکل مفارقت ہو جائیگی اس وقت بسیط اور مجرد ہونے کے سبب اس پر حوادث کا اثر نہ ہوگا اور نہ انتظار و ملال کا گذر۔ روح یہان سے تاریک ہو کر گئی ہو یا روشن جس حالت مین ہوگی اُس پر کروڑ ہزار برس اور ایک آن برابر ہے ؛

اختتام

کفارہ اور نجات دہندہ کی ضرورت - خدا تک پہنچنے کیلئے پاکیزگی کی ضرورت ہے - پاکیزگی دل کی ہونی چاہیئے - توبہ سے دل صاف ہونے مین شک نہین - گناہ کی لذت کو ترک کرنا اور پارسائی کی تکلیف اٹھانا کفارہ ہے - دوسرے کی تکلیف سے دل صاف نہین ہو سکتا - خدا خود کھینچنا چاہے تو اسے کفارہ منکر تکلیف اٹھانیکی بھی ضرورت نہین - دنیا مین ہادی کی ضرورت ہے - مدد بیشک باہر سے اور اوپر سے آتی ہے مگر مقامی استعداد کے اختلاف سے اُسکے ظہور مختلف ہوتے ہین - اختلافات کو دیکھنے کا نتیجہ - نتیجہ کے بعد کا فرض -

کفارہ اور نجات کی ضرورت - رایو رنڈ اوٹرین گریوس ایک مضمون انسان کی مذہبی ضرورتون پر لکھتے ہین[1] چنانچہ اُن کے نزدیک جس طرح انسان کی اور فطری ضرورتین ہین اسی طرح مذہبی جذبہ کے متعلق بھی چند ضرورتین اُسکی فطرت مین داخل ہین - چنانچہ ایک جانب اسکو کمال تک پہنچنے کی ضرورت - کسی کے ساتھ دائمی وصال حاصل کرنیکی ضرورت اور بقائے دوام کی ضرورت ہے اور دوسری جانب گذشتہ جرائم اور اُن کے نتائج سے نجات پانے کی اور کسی نجات دہندہ کی ضرورت ہے - پہلی قسم کی ضرورتون کو جس طرح پروہ ثابت کرتے ہین اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ انسان مین خواہشین فطرۃً ودیعت ہین اور اُسکے دل سے خود بخود یہ آواز اُٹھتی ہے کہ مجھے کامل بننا چاہیئے اور ایسی عزیز کی رفاقت حاصل کرنی چاہیئے جس سے مفارقت نہ ہو اور فنا نہ ہونا چاہیئے - ان تینون ضرورتون کو مفصل لکھنے کے بعد دوسری قسم کی ضرورتون کا یون ذکر کرتے ہین کہ

"لوگ اکثر گذشتہ جرمون کی پروا نہین کرتے اور کہتے ہین کہ اپنی حالت کو درست کر لینے کے بعد گذشتہ گناہون کے لئے کفارہ کی ضرورت نہین رہتی اور توبہ کرنے کے بعد گناہ کی سزا کو ضروری سمجھنا خدا کو صفت انتقام سے متصف کرنا ہے" ہم اس وقت اس مہتم بالشان سوال کو کہ "آیا گناہگار کے لئے

[1] رسالہ ہندوستان ریویو - الہ آباد - مجریہ جنوری ۱۹۰۶ء

کفارہ ضروری ہونیکے بغیر اصلاح حال ممکن ہے" قطع نظر کرکے دیکھتے ہین کہ کیا واقع مین کفارہ کا مطالبہ خدا کو منتقم بناتا ہے۔ اب اگر دنیا مین ایک طرف خدا اور دوسری طرف گنہ گار صرف یہی دو تو موجود ہوتے تو بیشک اس خیال مین قوت ہوتی۔ لیکن واقع مین یہ کیفیت نہین ہم یقین رکھتے ہین کہ کفارہ کا مطالبہ اسلئے نہین کہ اسکے بغیر خدا کا غصہ فرو نہین ہوتا۔ یا اُسکا جلال قائم نہین رہتا۔ بلکہ وہ اسلئے ہے کہ خدا کی اخلاقی حکومت فضا جیسی وسیع اور زمانہ جیسی طویل ہے۔ مکافات یا انتقام وغیرہ الفاظ کو بحث مین لانے سے اکثر واقعیت کو سمجھنے مین غلطی ہوتی ہے بلکہ سزا کا لفظ بھی جبتک کہ وہ صرف ایک پہلو کو ظاہر کرے اور وہ پہلو بھی کچھ زیادہ مہتم بالشان نہ ہو یعنی گناہ کے بدلے کی تکلیف۔ اس حال مین اس لفظ سے بھی غلط فہمی واقع ہوتی ہے جبکہ ہم سزا دیتے ہین تو تکلیف یا رنج کو مصنوعی طور پر گناہ کے ساتھ وابستہ نہین کرتے بلکہ تکلیف اور رنج لازمی نتیجہ ان اخلاقی قوانین کو توڑنے کا ہے جن کو خدا نے عالم کے انتظام اور بہتری کیلئے قائم کیا ہے۔ اور درستی اور نظام کو قائم رکھنے کیلئے ضرورت ہے کہ گناہ کے لازمی بدانجامی ظاہر کیجائے اور انسان کے لیئے اس نکتہ کو سمجھنا اور خیال مین رکھنا ضروری ہے اور اسی سے کفارہ کی ضرورت ثابت ہوتی ہے پس بدی پر تکلیف کا مرتب ہونا خدا کے انتقام کا نشان نہین بلکہ اسکے رحم اور خوبی کو ظاہر کرتا ہے دُنیا کا کیا حال ہوا گر گناہ کو بے سزا اور بے مزاحمت چھوڑ جائے"

اسکے بعد وہ سوال کرتے ہین کہ آیا کسی گنہ گار کیلئے بیگناہ کا تکلیف اُٹھانا کفارہ ہوسکتا ہے؟ اور جواب مین لکھتے ہین کہ

"ایسا دُنیا مین ہر جگہ دیکھا جاتا ہے اور نیک اور محب وطن مرد اور عورتین دوسرون کے لئے تکلیف برداشت کرتے اور انکو تکلیف سے بچاتے نظر آتے ہین" (پھر فرماتے ہین کہ) "ممکن ہے کہ خدا خود انسان کے گناہ کا کفارہ بنے اور اپنی ربانی رحم کے ساتھ اُسکو اپنی طرف کھینچے۔ اس سے یقیناً اسکی حقیقی عظمت کم نہ ہوگی وہ رحم اور محبت کا خدا ہے اس لئے یہ فعل اُسکی صفات سے بالکل متناسب ہوگا" (پھر لکھتے ہین کہ) "اگر گذشتہ اعمال کیلئے کفارہ ممکن ہو تو بھی اس سے کامل نجات

حاصل نہین ہوسکتی۔ کیونکہ گذشتہ گناہون سے انسان ایسا کمزور ہوجاتا ہے کہ وہ اپنی خواہشون کو روکنے اور راستی کے راہ پر چلنے کے ناقابل ہوتا ہے اور سمجھتا ہے کہ جو کچھ مجھے بننا چاہئے مین نہین سکتا بلکہ اکثر بھول بھی جاتا ہے کہ اُسے کیا بننا چاہئے۔ اور اس طرح نہ صرف اپنے مقصد تک پہنچنے مین ناکام رہتا ہے بلکہ وہ رستہ بھی اُسکی آنکھون سے اوجھل ہوجاتا ہے اور اسلئے انسان کو گذشتہ گناہون سے نجات پانے کی ضرورت ہے تو گناہون کے اِن نتائج سے بھی نجات پانے کی ضرورت ہے اور اس سے نجات دہندہ کی ضرورت ثابت ہوتی ہے۔ اور اگرچہ اس ضرورت سے اکثر کو انکار ہے لیکن منطقی طور پر ہرگز نہین۔ کیونکہ جو لوگ خود اپنے تئین اپنا نجات دہندہ مانتے ہین اُنکے اصول کا نقص خود اُنکو کسی نہ کسی نجات دہندہ کا قائل بناتا ہے جو انہین نجات حاصل کرنے مین مدد دے۔ اور عجیب بات ہے کہ ربانی نجات دہندہ سے انکار کرنیوالون کا رہنما خواہ وہ گوتم بدھ ہو یا شنکر آچاریہ یا محمد صلعم کبھی نہ کبھی خدا کا اوتار یا عنایت خداوندی کا خاص الخاص ذریعہ مانا جاتا ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ انسان اپنے تئین بغیر تعلیم کفارہ یا روحانی مدد کے بچا نہین سکتا اور ضرور ہے کہ مدد باہر سے آئے اوپر سے آئے"

خدا تک پہنچنے کیلئے پاکیزگی کی ضرورت ہے۔

پادری صاحب نے یہ مضمون نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اور بیشک مذہب اگر کوئی چیز ہے تو اُسکی حقیقت ایک بالاتر ہستی کو ماننے کے سوا اور کچھ نہین اور اسکو ماننا انسان کو دلمین خود بخود یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اس ہستی کا وصال سب سے بڑی نعمت ہے اور سب سے بڑا کمال ہے اور اس خیال اس نعمت و کمال کو حاصل کرنیکی آرزو پیدا ہوتی ہے اور ساتھ ہی دلمین یہ عقیدہ بھی فطرتاً ودیعت ہے کہ اس ہستی کو ملنے یا اس کمال کو حاصل کرنیکا موقع اِس زندگی اور اسکے علایق سے نجات پانیکے بعد ہوگا اور اس طرح کمال تک پہنچنا اس ہستی کیساتھ وہی وصال حاصل کرنا اور ہمیشہ کے لئے باقی رہنا یہ آرزوئین مذہبی جذبہ سے پیدا ہوتی ہین اور اس لئے ان کو مذہبی ضرورتین کہنا بجا ہے مگر دنیا مین جس قدر مذہبی اختلافات موجود ہین وہ ان ضرورتون کو پورا کرنے کے وسائل مین پیدا ہوتے ہین۔ اور پادری صاحب کا منشا اسی اختلاف کو دور کرنے اور خاص وسائل معین فرمانے کا ہے۔ اور یہ مسلم ہے کہ گنہ گار اور ناپاک زندگی بسر کرنے والے

کمال اور وصال ربانی کو حاصل نہین کر سکتے اسلئے پاکیزگی کی ضرورت ہی اور پاکیزگی اُن کے خیال مین یونہی پیدا ہو سکتی ہے کہ ناپاکی کا عوض اور کفارہ ادا کیا جائے اور نیز ناپاکی کا رنگ دور کرنے کے لیئے کوئی خدائی طاقت رکھنے والا ہادی ہو اسلئے اُن کے نزدیک یہ چیزین مذہب کی دوسرے درجہ کی ضرورتین ہین اور چونکہ مذہب عیسوی مین اِن ضرورتون کا اہتمام کیا گیا ہے اس لیے اُنکا ضمنی دعویٰ ہے کہ یہ مذہب تمام مذاہب سے فائق ہے اور بیشک اگر کفارہ اور نجات دہندہ کی ایسی ہی ضرورت ہو جیسی وہ ظاہر کرتے ہین اور اگر واقعہ مین خدا کبھی اُن گناہگارون کیلئے خود کفارہ بن گیا ہو جو اُسکی باوشاہت مین داخل ہونیکا اعتراف کرتے ہین اور اِس غرض کے لئے اُس نے کبھی نجات دہندہ کی شکل مین ظہور کیا ہو تو پھر مذہب عیسوی کی فوقیت مین کلام نہین مگر حقیقت یہ ہے کہ ان سب باتون مین کلام ہے اور مسلّم صرف اس قدر ہے کہ انسان کو خدا سے ملنے کیلئے دل کو صاف کرنا ضرور ہے اور اسی صفائی کو حاصل کرنے کے وسائل وصال ربانی کے وسائل ہو سکتے ہین۔ مگر اس مقدمہ کو بھی عام طور پر تسلیم کر لینا اور بات ہی اور جس وجہ سے وہان تک پہنچنے کیلئے صفائی کی ضرورت ہی اسکو تلاش کرنا اور ہے چنانچہ وجہ دریافت ہونیکے بعد وسائل کو معین کرنا چاہیئے۔

پاکیزگی دلکی ہونی چاہیئے

اب اگر خدا کوئی جسم ہوتا اور کسی خاص مکان مین موجود ہوتا تو ایک تو وہان جانیکیلئے وسائل نقل و حرکت کی ضرورت ہوتی یا اگر وہ جسمانی ہونیکے ساتھ لطیف مزاج اور عالی دماغ بھی ہوتا تو کسی حد تک جسمانی پاکیزگی اور ظاہری نمود کی حاجت ہوتی۔ اور دوسرے ایسے کام کرنے کی ضرورت ہوتی جس سے اسکو راحت یا فائدہ پہنچے اور وہ خوش ہوکر ہمارے جانے پر خیر مقدم کہے۔ مگر دل مین صفائی ہونا یا نہ ہونا اور کسی سے کینہ ہونا یا محبت ان باتون کا وہان جانے و جانے پر کچھ اثر نہ ہوتا لیکن مشکل یہ ہوئی کہ مذہب نے خدا کو جسم سے پاک جسمانی اوصاف سے منزّہ اور تمام حاجتون سے بے نیاز بتایا اور اس تک جانے کی ضرورت اس لیئے بتائی کہ خود انسان کو اس سے ملنے پر کمال حاصل ہوتا ہی۔ اور اس وجہ سے نہ تو اُسکو جسمانی طور پر کہین آنے جانے کی ضرورت رہی اور نہ وسائل نقل و حرکت کی یا خدا کو راحت پہنچانیوالے افعال کی حاجت ہی۔ اب رہگیا دل و دماغ اور دیکھا گیا کہ انکو ہم کسیطرف لگا سکتے ہین اسلئے ماننا پڑا کہ وہ

اس طرف لگانا ہی وہ ذریعہ ہے جس سے غیر جسمانی ہستی تک رسائی ہوسکتی ہے۔ اور دلی توجہ کی یہ صفت ہے کہ جس طرف اسے لگایا جائے اس طرف ترقی ہوتی جاتی ہے اور اسکے خلاف سے غفلت ہونے لگتی ہے اور اُدھر خدا کامل صداقت اور راستی ہے اسلئے سمجھا گیا کہ دل مین صداقت کی محبت اور عقائد اور اعمال دونون مین صداقت کا لحاظ رکھنے سے ترقی کرتے ہوئے کامل صداقت تک رسائی ہوسکیگی اور اسکا خلاف کرنے سے اس طرف سے غفلت پیدا ہوگی۔ چنانچہ اس طرح عبادت۔ صداقت۔ عبادت وغیرہ اوصاف خدا تک پہنچنے کے وسائل اور کار ثواب قرار پائے۔ اور انکے خلاف افعال خدا سے دور کرنیوالے اور گناہ سمجھے گئے۔

توبہ سے دل صاف ہونے مین شک نہین۔

وسائل کے بارہ مین اس حد تک کسی مذہب کو انکار نہین مگر اب انسانی حالت کو دیکھا گیا اور بہت سے لوگون کو گناہ مین مبتلا پایا گیا اور سوال ہوا کہ یہ لوگ خدا کو کس طرح پا سکتے ہین۔ بالعموم یہ جواب ملا کہ ان افعال کو چھوڑکر صداقت اختیار کرنے سے۔ اور ایک طرف سے آواز آئی کہ یہ کافی نہین بلکہ کفارہ بھی ضرور ہے۔ اس کہنے والے نے کہا تو یہان تک ہے کہ عقلی طور پر کفارہ کے بغیر اصلاح حال ممکن ہی نہین۔ گویا حد ہوگئی۔ مگر پھر بھی دیکھنا تو چاہیئے شاید اصلاح حال کی کوئی صورت نکل سکے۔ یہ تو ہم دیکھ چکے ہین کہ گناہ وہ افعال ہین جن مین حق اور صداقت سے غفلت ہوتی ہے اب اگر کوئی شخص انہین مبتلا ہے اور وہ انکو چھوڑنا ہی نہین چاہتا اور خدا تک پہنچنے کی خواہش نہین رکھتا تو جب تک اسکی یہ حالت ہے کوئی مذہب اس کیلئے تدبیر کا نہین نکال سکتا۔ لیکن اگر اس کے دل مین وصال ربانی کی خواہش پیدا ہو اور اسوقت اپنے تئین ان افعال مین مبتلا دیکھے جو اس کی محبت کے خلاف ہین تو اس صورت مین اسے بیشک افسوس ہوگا۔ مگر یہ افسوس کیا ہے؟ ہم کسی چیز کو یاد رکھنا چاہتے ہین مگر بھول جاتے ہین۔ کچھ عرصہ کے بعد اس کا خیال آتا ہے اور بھول جانے پر افسوس ہوتا ہے تو جس قدر افسوس زیادہ ہوتا ہے اسی قدر اس وقت اس چیز کی یاد دل پر نقش ہوتی ہے۔ اسی طرح یہان محبت کی خواہش ہے۔ اور محبت کو کم کرنیوالے افعال پر افسوس ہے اسلئے جس قدر افسوس زیادہ ہوگا اسی قدر محبت کا جوش ترقی کریگا۔ اور اگر اس افسوس سے ان افعال کو

ترک کرنیکا اور آئندہ کیلئے معصیت کو بڑھانیوالے افعال پر کاربند ہونیکا عزم ہوگیا ہے اور اس عزم کے موافق عمل بھی ہونے لگا ہے یعنی سچی توبہ میسّر ہوئی ہے تو پھر جو محبت پیدا ہوگی اسمین ترقی نہ کرنیکے معنی؟ اور اصلاح حال ناممکن ہونیکی کیا وجہ؟

گناہ کی لذت کو ترک کرنا اور پارسائی کی تکلیف اٹھانا کفارہ ہے۔

رہا یہ کہ کفارہ کی بھی ضرورت ہے۔ سو بیشک اس قدر مسلم ہے کہ جو تکلیف پارسائی پر کاربند ہونے سے پیش آئے اسے برداشت کرنا اور جو لذت یا راحت گناہ سے حاصل ہوتی ہے اسے ترک کرنا ضرور پڑتا ہے اور اس کے بغیر وصال ربانی کا خیال وہم سے زیادہ نہین اور اسلئے کہہ سکتے ہین کہ اسوقت کی تکلیف کفارہ ہے اس راحت کے لیئے جو اس نے گنہ گاری کی حالت مین حاصل کی ہے۔ اور بیشک ایسے کفارہ کے بغیر اصلاح حال ممکن نہین لیکن اگر کفارہ سے یہ مطلب ہو کہ خدا کو بھلانیوالے افعال سے لذت ہم حاصل کرین اور کسی اور کے تکلیف اٹھانے سے اس لذت کا کفارہ ہوجائے اور اس شخص کی ایسی جفاکشی سے ہمارا دل خدا کی محبت سے معمور ہو تو اس دعوے کو عقلی طور پر سمجھانے کی کوشش فضول ہے۔

دوسرے کی تکلیف سے دل صاف نہین ہوسکتا

وہ کہتے ہین کہ دنیا مین نیک بدون کیلئے تکلیف اٹھاتے اور انکو تکلیف سے بچاتے نظر آتے ہین۔ بیشک ایسا ہوتا ہے مگر انہی افعال مین جن کو محض جسم سے تعلق ہے یعنی کہین آگ لگتی ہے اور گھر والون کی کسی نادانی کا نتیجہ ہوتی ہے۔ نیک دل اس مین کود پڑتے ہین۔ آگ کو بجھاتے ہین۔ جہانتک ممکن ہوتا ہے اسباب کو جلنے سے بچاتے ہین اور جو کچھ جل چکتا ہے باہمی امداد سے اسکی تلافی کرتے ہین۔ یا کوئی ملک اپنی جہالت یا سستی کے سبب کسی ظالم کی دست برد سے مغلوب ہوجاتا ہے اور محب وطن اشخاص اپنی جان جوکھون مین ڈالکر اسے ستمگر کے محفوظ رکھتے ہین جس طرح یہ مدد پہنچ سکتی ہے۔ اسی طرح اس صورت مین بھی مدد کا پہنچانا ممکن تھا جبکہ خدا جسم تھا اور لوگ اسکی طرف جانیکی بجائے خلاف سمت کو چل پڑتے تو نیک بندے بھی اپنے سیدھے رستہ سے ہٹ کر ان کے پیچھے دوڑتے انھین پکڑتے۔ ہاتھ پاؤن باندھکر کنہون پر ڈالتے۔ چھکڑون مین لادتے اور گھسیٹتے ہوئے منزل مقصود تک پہنچا دیتے مگر ایسا تو دل کا معاملہ ہے۔ وہ سیہ ہوچکا ہے اور محبوب کا نقش جو اس پر کندہ

ہونا چاہئے مٹا ہوا ہے اسوقت ضرورت ہی تو اس آئینہ کو صیقل کرنے کی اور اگر کفارہ ہو تو وہ رگڑ جو خود اسکو چھیلے۔ مگر اسکی بجائے چھیلا جاتا ہے کسی اور آئینہ کو جو پہلے ہی صاف ہو اور سزا دی جاتی ہی اُس بیگناہ کو جو جرم سے پاک ہی اسلئے کیونکر ممکن ہے کہ ایسے غیر متعلق فعل سے گنہ گاروں کے دل کی سختی دور ہو اور خدا کی محبت ترقی کرے

خدا خود کھینچنا چاہے تو اُسے کفارہ بنکر تکلیف اُٹھانیکی ہرگز ضرورت نہین

وہ کہتے ہین کہ ممکن ہی خدا خود کفارہ بنے اور اپنے رحم سے بندہ کو اوپر کھینچے۔ ہمین یہ جملہ بیشک صحیح ہے اور خدا کا رحم بندون کو کھینچنے کیلئے کافی ہی۔ مگر اول تو موجودات کا نظام بآواز بلند کہتا ہے کہ ہر مسبب کے لیئے سبب ہوتا ہی۔ اور اگر وہ چاہتا تو اپنی لامحدود قدرت سے سب افراد کو ایک سطح پر رکھتا مگر اُسکا قانون ہے کہ جس قدر صلاحیت ہو اسی قدر انعام ملتا ہے اور دوسرے اگر بعض بندون کے افعال اور اُن کے نتائج کے قانون کو توڑ کر اپنے لامحدود رحم سے کھینچنا چاہے تو اس قانون کی بھی ضرورت نہین کہ خود اُن کیلئے تکلیف اُٹھائے اور کفارہ بنے۔ اور اگر خدا کو کفارہ بنایا جاتا ہی تو گویا تسلیم کیا جاتا ہی کہ رحم کو استعمال کرنیکے لئے کسی ضابطہ کی ضرورت ہی اور نجات دینے کیلئے کوئی سبب ہونا چاہئے اور جب ایسی ضابطہ اور سبب کی ضرورت ہی تو ضابطہ وہی قرار دینا چاہئے جو دُنیا کے دیگر ضابطون سے مشابہ ہو اور سبب وہی ماننا چاہیے جو مسبب کے مناسب حال ہو یعنی یہ کہ اگر گناہون سے پشیمانی ہوگی تو محبت بڑھیگی اور محبت بڑھیگی تو وصال ہوگا۔ نہ یہ کہ سبب تلاش بھی کیا جائے اور پھر ایسے سبب کو مانا جائے جس کا کوئی تعلق ثابت نہ ہو یعنی ایک سزا پائے اور دوسرے کا دل صاف ہو۔

دنیا مین ہادی کی ضرورت ہے

اسی طرح ایک نجات دہندہ کی ضرورت جو پادری صاحب کو محسوس ہوتی ہی اس سے اگر یہ مطلب ہو کہ ایسے نجات دہندہ کی ضرورت ہی جس مین خدا خود ظہور کرے اور وہ خدائی طاقتون سے انسان کو اپنی طرف کھینچے تو اسکی ضرورت مسلّم نہین کیونکہ گو تمام دُنیا خدا کیطرف سے ہی اور یہان کے تمام واقعات اسی کی قدرت سے ہوتے ہین مگر اُسکا قانون یہ ہی کہ اُسنے تمام واقعات کو ایک دوسرے پر مرتب کیا ہی اور اس سلسلہ مین جب نوبت انسان کی پیدائش تک پہنچی ہی تو اسمین ہر قسم کی ترقیون کیلئے یہی دستور رکھا گیا ہے کہ ایک خواہش سب کے دل مین موجود ہوتی ہی اور چند افراد یہ قابلیت رکھتے ہین کہ اس خواہش کو ترقی دیکر کسی ایجاد تک پہنچین اور پھر انکی رہنمائی سے وہ لوگ جو ویسی ہی خواہش رکھتے ہون اُس قابلیت کو تعلیم و تعلم سے حاصل کرین۔ غرض یہ کہ دُنیا

مین خدا بیواسطہ اور خود ظہور کرکے کوئی کام نہین کرتا۔ بلکہ ابتدائی خواہش سب کے اندر اور ایجاد و دریافت کی قابلیت بعض مین ودیعت کرکے مختلف علوم و فنون کو ترقی دیتا ہے پس مذہب کے لئے اس عام قانون قدرت کے خلاف کسی خاص شکل مین خود ظہور کرنا اور اپنی خدائی طاقت سے لوگون کو کھینچنا بقول پادری صاحب منطقی طور پر تسلیم نہین ہوسکتا۔ اور اگر پادری صاحب کا یہ مدعا ہو کہ کسی انسانی رہنما کی ضرورت ہے تو یہ بیشک درست ہے اور فی الحقیقت انسان نفسانی خواہشون سے ایسا مغلوب ہوجاتا ہے کہ جو خواہش دل مین نیکی کی جانب جانیکے لئے ودیعت ہے اکثر اسے کھو دیتا ہے اور نیز خواہش موجود ہو جب بھی اکثر اپنے خبث باطن سے بدی کو نیکی سمجھ لیتا ہے اور جس نور کا فیضان خدا کی طرف سے ہو رہا ہے اسکو قبول کرنیکی صلاحیت ضائع کر دیتا ہے اور ہمیشہ ایسے ممتاز اشخاص چند ہوتے ہین جو اپنے دل کو آلائشون سے پاک رکھ سکتے ہین اور وہ نور جو ہر شخص کی فطرت مین ودیعت ہے ان لوگون مین ترقی پاکر دلکو ایسی جلا دیتا ہے کہ آئندہ اور نور ربانی کو اخذ کرنے کے قابل ہوجاتے ہین اور اپنی اپنی استعداد کے موافق جلوہ ہائے معرفت کے تجربون یا بالفاظ دیگر وحی الہام سے نیکی اور بدی مین تمیز کرنے اور وصال ربانی کے طریق دریافت کرنے مین کامیاب ہوتے ہین۔ اور انکی وساطت سے عوام کو اس منزل کی شناسائی اور راہ رودن کی صعوبتون اور کامیابیون کی تفصیل معلوم ہوتی ہے

مدد بیشک باہر سے اور اوپر سے آتی ہے مگر مقامی استعداد کے اختلاف سے اسکے ظہور مختلف ہوتے ہین۔

غرض ہمکو پادری صاحب سے اس بارہ مین اتفاق ہے کہ ایسے رہنماؤن کی ضرورت ہے اور یہ بھی ہم مانتے ہین کہ جلوہ ہائے معرفت ایک بالاتر ہستی کا تجربہ ہے اور اسلئے جیسا کہ اپنے مقام پر ذکر ہوچکا ہے اس فعل مین فاعلی حرکت خدا کی طرف سے ہے اور انسان کا فرض صرف انفعالی قابلیت کو پیدا کرنا ہے اور اسلئے پادری صاحب کا یہ قول بالکل بجا ہے کہ "ضرور ہے کہ مدد باہر سے آئے اوپر سے آئے" لیکن اس قدر ماننے سے کسی مذہب کو دوسرے پر ترجیح نہین ہوسکتی کیونکہ ایسی نفوس قدسیہ بہت سے گذرے ہین اور ہر مذہب کسی نہ کسی ایسے ہی رہنما کی پیروی کرتا ہے اور ان مین جو اختلاف ہے وہ اسلئے ہے کہ کچھ تو جلوہ ہائے معرفت کو قبول کرنیکی استعداد مین مختلف رہی ہین اور جیسا کہ عام طور پر ترقی کا قاعدہ ہے یہان بھی معرفت بتدریج ناقص سے کامل ہوتی گئی ہے اور مذہبی تعلیم مین مختلف اقسام کے نقص رہتے جانے سے مذہبون کی شکلین مختلف ہوگئی ہین اور کچھ بعد مین انکی تعلیم کو پورے

طور پر محفوظ نہ رکھنے سے یا اپنی نفسانی خواہشوں کو ملا دینے سے اصلی تعلیم پر کئی طرح کے پردے پڑتے گئے ہین پس اب ایک تعلیم کو دوسری پر ترجیح دینے کیلئے اسکے سوا کوئی سبیل نہین کہ عقل کو معیار گردانا جائے اور تعلیم کو فطرۃ اللہ سے مقابلہ کرکے کامل غور و تدبر سے غلط آمیزشون کو نکالا جائے - اور چونکہ مذہبی جذبہ خدا کی طرف بلاتا ہے اور نیز اس زندگی کے بعد آئندہ بقائے دوام کا یقین دلاتا ہے اسلئے مذہب مین غور کرنیکے لیئے یہی تدبیر مناسب ہے کہ خدا کی نسبت جس قدر مختلف خیالات مذاہب نے پیش کیے ہین یا معاد کے متعلق جس قدر عقاید پیدا کیئے گئے ہین انکو دیکھا جائے کہ عقل کے ترازو میں ان دونو عقیدون مین کونسا احتمال قرین قیاس ہے اور کس کی نسبت عقل سلیم اور قوت استدلال ناممکن یا غیر اغلب ہونیکا فیصلہ کرتی ہے -

اختلافون کو دیکھنے کا نتیجہ

چنانچہ اس تحریر مین اس موضوع کے متعلق جس قدر غور ہو سکا ہے اس سے نتیجہ یہ پیدا ہوا ہے کہ ایک علیم و قدیر ہستی قدیم سے موجود ہے اور اس نے اپنے علم و قدرت سے اس کائنات کو نیست سے ہست کیا ہے اور اسمین وجود اور اسکی ترقی کا وہ سلسلہ قایم کیا ہے جو اگر اسکی مشیت ہو تو ابدالاباد تک جاری رہیگا - اور جس چیز مین جس حد تک استعداد ہے وہ اسمین لامحدود ترقی کریگی - اور اس ترقی کی ایک صورت ہے جس پر چلنے سے اس ہستی کا قرب اور قرب کی نعمتین حاصل ہونگی اور دوسری صورت پر کاربند ہونے سے اس سے بُعد اور بُعد کی تکالیف پیش آئینگی اور یہ نتیجہ اُن قوانین قدرت کو مطالعہ کرنیسے پیدا ہوا ہے جو اس کائنات مین جاری ہین - اور جو اقوال مذہبی قدرت کیطرف منسوب کیئے جاتے ہین انمین سے انہی کو مستند مانا گیا ہے جو قدرت کے افعال سے مطابقت رکھتے ہون - اور اثنائے تحریر مین اکثر بزرگوارون کے موافق و مخالف اقوال سے بحث کی گئی ہے اور اب آخر مین پادری صاحب کی وجہ سے اُس کوشش کا تجربہ کیا گیا ہے جو ایک بڑے مذہب کیطرف سے بعض غیر ضروری عقاید کو ثابت کرنیکے لئے کیجاتی ہے - اور دیکھا گیا ہے کہ ایسی کوشش کیلئے خواہ کیسے ہی قابل انہون سے کام لیا جائے مدعا کو ثابت کرنا دشوار ہے - البتہ جو کچھ پادری صاحب کی تحریر سے ثابت ہو سکتا ہے اور جسکی نسبت اس تحریر مین پہلے بھی بہت کچھ غور ہو چکا ہے وہ یہ ہے کہ اس ہستی کا قرب حاصل کرنیکو لئے قلبی پاکیزگی کی ضرورت ہے اور قلبی پاکیزگی ظاہر ہے کہ صداقت سے ہو سکتی ہے اس لیئے قرب خداوندی کیلئے صداقت کی ضرورت ہے اور اعتقاد ہو یا عمل - قول ہو یا فعل ہر امر مین رہتی ہی وہ نور ہے

جو دل کو روشن کرتا ہی اور نارستی اور غلطی کی شکل مین ہو وہ زنگ ہے جو آئینہ دل کو مکدر اور جلوۂ ربانی کے ناقابل بناتا ہے۔

نتیجہ کے بعد کا فرض

پس اگر یہ نتیجہ۔ اگر گذشتہ تحریر کو بنظر انصاف دیکھا جائے تو نہایت واضح اور ناقابل اشتباہ ہی۔ مگر آہ! اس نتیجہ پر پہنچکر نظر عملی حالت کو تلاش کرتی ہی اور اپنی ہوا و ہوس اور اعمال ناشائستہ سے بد نتیجہ مرتب ہونیکا خوف ہوتا ہی۔ اور اگر یہی حالت رہی تو ہلاکت مین شبہ نہین۔ قدرت کے قوانین محکم ہین اور کوئی جانکر کنوئین مین گرے یا غلطی سے جان پر مصیبت آنی ضرور ہی بلکہ جانکر گرنے مین پہلے سی ہلاکت کا خوفناک دیو نظر آنے لگتا ہے۔ پس کاش یہ علم نہ ہوتا! تا جو مصیبت آنیکو ہے اسکے علاوہ اپنی حالت کا افسوس کم از کم اس زندگی مین سوہان روح نہ ہوتا مگر اپنے افعال اپنے ساتھ کچھ بھی سلوک کرین اسمین شبہ نہین کہ نجات راستی پر کاربند ہونے اور نارستی کو بہمہ وجوہ ترک کرنے پر منحصر ہے۔ اور ہوا و ہوس کا ایک طوفان اور مذہب خیالات کا ایک دریا ہے جسکو کاٹکر ساحل مقصود پر پہنچنا ہوگا۔ اور اب جبکہ فضائے عدم سی تنگنائے وجود مین قدم رکھا ہی تو جو واقعات پیش آئین انہین برداشت کرنے سی مفر نہین۔ رہتہ معلوم ہونے پر افسوس کرنا نفس کا دھوکا ہے۔ ورنہ عمل کی بنیاد علم ہے۔ اگر جاذبۂ ربانی مدد کرے تو کیا عجب ہے کہ نشانہائے راہ منزل تک پہنچانے مین مدد دین اور اسکی رحمت سی اس طوفان کو عبور کرنے مین سہولت ہو۔ خدا کا نام لیکر سفر زندگی کو نشانہائے ہدایت کے موافق طے کرنیکی کوشش ضروری ہے۔ اور یہان سے چلنا اور وہان تک پہنچنا اس کے فضل و کرم پر موقوف ہے

درین طوفان بے پایان۔ درین دریائے موج افزا
دل افگندیم۔ بسم اللہ مجریہا و مرساہا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ

تمت بالخیر

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔

2-1-54.
12112/58
3 NOV 1958